Presented by: Rana Jabir Abbas

# کائناتِ نجم

## جلد
## اوّل

شاعرِ اہلبیتؑ

علّامہ نجم آفندی

(حیات، شخصیت، فن، مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مجموعۂ کلام)

تحقیق و تدوین اور تنقید

ڈاکٹر سیّد تقی عابدی

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# کائناتِ نجم

## جلد اوّل

شاعرِ اہلبیتؑ

# علّامہ نجم آفندی

(حیات، شخصیت، فن، مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مجموعۂ کلام)

jabir.abbas@yahoo.com

تحقیق و تدوین اور تنقید

## ڈاکٹر سیّد تقی عابدی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ


| | | |
|---|---|---|
| کتاب | : | **کائناتِ نجم (جلد دوم)** |
| تحقیق و تدوین اور تنقید | : | **ڈاکٹر سیّد تقی عابدی** |
| سنہ اشاعت | : | 2006ء |
| تعداد | : | 1000 |
| کمپوزنگ | : | افراح کمپیوٹر سنٹر نئی دہلی۔25 |
| ایڈیشن | : | اوّل |
| ناشر | : | شاہد پبلی کیشنز، 2253 دریا گنج، نئی دہلی۔110002 |
| باہتمام | : | **ڈاکٹر شاہد حسین**، نئی دہلی |


**ملنے کے پتے**

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فہرست

## جلد اوّل

## باب اوّل

صفحہ نمبر


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | رو میں ہے رخشِ عمر | | 13 |
| .2 | انتساب | | 15 |
| .3 | مقدمہ "کس کس سے سوال کروں؟" | ڈاکٹر سیّد تقی عابدی | 17 |
| .4 | نجم آفندی کا زندگی نامہ | ڈاکٹر سیّد تقی عابدی | 21 |
| .5 | مکتوب بنام سیّد تقی عابدی | جناب سیّد باقر زیدی | 41 |
| .6 | خودنوشت سوانح حیات | علامہ نجم آفندی | 43 |
| .7 | جب آتش جوان تھا | علامہ نجم آفندی | 54 |
| .8 | ڈائری کے چند اوراق کا عکس | علامہ نجم آفندی | 59 |
| .9 | جناب سلطان جمیل نسیم کے نام خط کا عکس | علامہ نجم آفندی | 61 |
| .10 | نجم آفندی کے نام جوش ملیح آبادی کے خط کا عکس | | 63 |
| .11 | غزلیں بخطِ نجم آفندی | علامہ نجم آفندی | 64 |
| .12 | نجم آفندی تصویروں میں | | 68 |
| .13 | نجم آفندی مشاہیر شعر و ادب کی نظر میں | | 69 |
| .14 | تعدادِ کلام مطبوعہ اور غیر مطبوعہ | | 109 |
| .15 | تصانیف نجم کے عکس | | 111 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب دوم

## حیات، شخصیت، فنِ شاعری

صفحہ نمبر


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | نجم آفندی (نایاب تحریر) | سیّد العلماء مولانا علی نقی نقوی | 125 |
| .2 | نجم آفندی۔ایک مطالعہ | جناب ضیاء الحسن موسوی | 131 |
| .3 | نجم آفندی کا اسلوب شاعری | جناب راحت حسین ناصری | 142 |
| .4 | شاعرِ اہل بیتؑ اور ان کے پیغامات | ڈاکٹر سیّد علی مومن | 151 |
| .5 | علامہ نجم آفندی کی نثر نگاری | ڈاکٹر محمد احسن فاروقی | 183 |
| .6 | نجم آفندی کی ہندی شاعری | امیر امام حُر | 189 |
| .7 | شاعرِ اہل بیتؑ علامہ نجم آفندی | سیّد باقر حسن زیدی | 195 |
| .8 | نجم آفندی کا تابندہ کلام | ڈاکٹر شیخ انصار حسین | 203 |
| .9 | نجم آفندی کی عزائیہ شاعری | ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی | 209 |
| .10 | نجم آفندی اپنے خطوط کے آئینے میں | شمشاد حسین رضوی | 213 |
| .11 | نجم آفندی اور پاکستان | سیّد ہاشم رضا | 224 |
| .12 | نجم آفندی پاکستان میں | علامہ سیّد ضمیر اختر نقوی | 229 |
| .13 | شاعرِ اہل بیتؑ حضرت نجم آفندی | جناب کسریٰ منہاس | 241 |
| .14 | علامہ نجم آفندی کی شخصیت اور فن | ڈاکٹر ریاض فاطمہ تشہیر | 246 |
| .15 | نجم درخشندہ | جناب واصف عابدی، سہارنپوری | 263 |
| .16 | نجم آفندی کی شخصیت | جناب سیّد معز الدین قادری ملتانی | 266 |
| .17 | تعارف نجم آفندی | جناب قدر عریضی | 284 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب سوم


| | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1. | منتخب اشعار | (1130) عدد | 293 |
| 2. | تجمل آفندی کے مقطعوں کا گلدستہ | (430) عدد | 364 |


# باب چہارم


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | غزل کو میں نے متانت کی آبرو بخشی | ڈاکٹر سید تقی عابدی | 399 |
| 2. | آسمانِ شعر و ادب کے تجمل | جناب اختر انصاری اکبر آبادی | 417 |
| 3. | تجمل آفندی کی غزل گوئی | ڈاکٹر سید نواز حسن زیدی | 422 |
| 4. | تجمل کی غزلیں | محترمہ ثمین فاطمہ | 435 |
| 5. | منتخب اشعار غزلیات | (268) عدد | 439 |
| 6. | فہرست غزلیات | (195) عدد | 459 |
| 7. | مطبوعہ غزلیات | 1 الی 49 (49) غزلیات | 469 |
| 8. | غیر مطبوعہ غزلیات | 50 الی 195 (145) غزلیات | 498 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب پنجم

رباعیات (مطبوعہ وغیر مطبوعہ) (591)عدد


| | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| .1 | حمدیہ رباعیات | (2) عدد | 568 |
| .2 | نعتیہ رباعیات | (31) عدد | 569 |
| .3 | منقبتی رباعیات | (99) عدد | 574 |
| .4 | قرآنی رباعیات | (2) عدد | 587 |
| .5 | غدیری رباعیات | (9) عدد | 588 |
| .6 | ولائی رباعیات | (26) عدد | 590 |
| .7 | عزائی رباعیات | (7) عدد | 594 |
| .8 | رباعیات مباہلہ | (3) عدد | 596 |
| .9 | عشقیہ رباعیات | (10) عدد | 597 |
| .10 | فکری رباعیات | (89) عدد | 599 |
| .11 | قومی رباعیات | (93) عدد | 611 |
| .12 | اخلاقی رباعیات | (72) عدد | 623 |
| .13 | سماجی رباعیات | (28) عدد | 633 |
| .14 | رباعیات واعظ | (12) عدد | 637 |
| .15 | متفرق رباعیات | (26) عدد | 639 |
| .16 | رباعیات شاعر | (29) عدد | 643 |
| .17 | ذاتی رباعیات | (49) عدد | 647 |
| .18 | فارسی رباعیات | (4) عدد | 654 |


Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب ششم

## قطعات (مطبوعہ وغیر مطبوعہ) (498)عدد

صفحہ نمبر


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | حمدیہ قطعہ | (1)عدد | 658 |
| .2 | نعتیہ قطعات | (3) عدد | 659 |
| .3 | منقبتی قطعات | (103)عدد | 660 |
| .4 | اخلاقی قطعات | (25)عدد | 674 |
| .5 | قومی قطعات | (71)عدد | 678 |
| .6 | قطعات واعظ | (11)عدد | 688 |
| .7 | ذاتی قطعات | (33) عدد | 690 |
| .8 | قرآنی قطعات | (3) عدد | 695 |
| .9 | عزائی قطعات | (7)عدد | 696 |
| .10 | فکری قطعات | (26)عدد | 698 |
| .11 | قطعات شاعر | (8) عدد | 702 |
| .12 | ولائی قطعات | (12)عدد | 704 |
| .13 | سماجی قطعات | (146)عدد | 706 |
| .14 | غدیری قطعات | (7) عدد | 725 |
| .15 | تصوفی قطعات | (2) عدد | 726 |
| .16 | فارسی قطعات | (2) عدد | 727 |
| .17 | متفرق قطعات | (40)عدد | 728 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

# باب ہفتم


صفحہ نمبر

| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | نجم آفندی کی نعت نگاری | ڈاکٹر سید تقی عابدی | 737 |
| .2 | نعتوں کی فہرست | | 751 |
| .1 | انسان کے خاکی پیکر میں اب شافعِ محشر آتے ہیں | | 752 |
| .2 | اے وہ کہ تیرے نور کو عنواں بنا دیا | | 753 |
| .3 | دردِ دل کیا کہیں رستہ میں پڑا ملتا ہے | | 755 |
| .4 | محمدؐ پر خدا کی شانِ وحدت ناز کرتی ہے | | 757 |
| .5 | چمکا جو عرب دیس کی قسمت کا ستارا | | 759 |
| .6 | گروہِ انبیاؑ کے سیّد و سردار کیا کہنا | | 762 |
| .7 | جان ہے تیری امانت دل برائے مصطفیٰؐ | | 763 |
| .8 | کلمہ گو کیوں نہ ہوں شیدائے آلِ مصطفیٰؐ | | 764 |
| .9 | محمدؐ کائنات دو جہاں میں کار فرما ہے | | 765 |
| .10 | کیا نعت میں لے نغمے کی پہنچی سرکارِ عالم دو صلی علیٰ | | 767 |
| .11 | نمازِ دردِ دل پڑھتی ہے پیغمبرؐ کی مدحت سے | | 769 |
| .12 | حرا کا غار ہے فانوس کس شمعِ حقیقت کا | | 771 |
| .13 | محمدؐ کی حقیقت دونوں عالم کی رگِ جاں ہے | | 773 |
| .14 | تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوش نما ستارے | | 775 |
| .15 | اے نورِ چراغِ آفرینش اے روحِ نفاخِ آفرینش | | 778 |
| .16 | کیا کام کیا فکر نے مدحِ نبویؐ میں | | 779 |


# باب ہشتم


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | نجم آفندی کی منقبت | ڈاکٹر سید تقی عابدی | 783 |
| .2 | منتخب اشعار | | 801 |
| .3 | قصائد اور منقبتیں | (81) عدد | 809 |


jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# جلد دوم

## باب اوّل

صفحہ نمبر


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | تجمّ کے سلاموں کی آفاقی قدریں | ڈاکٹر سیّد تقی عابدی | 953 |
| .2 | منتخب اشعار سلام | (220) عدد | 973 |
| .3 | سلام (مطبوعہ و غیر مطبوعہ) | (107) عدد | 989 |


## باب دوم


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | فتح مبین کا اجمالی خاکہ | ڈاکٹر مقام حسین جعفری | 1089 |
| .2 | فتح مبین (مرثیہ) | ع: جب لے کیا حسین نے میدان کربلا (64) بند | 1101 |
| .3 | مقدمہ مرثیہ معراج فکر | پروفیسر سیّد احتشام حسین | 1125 |
| .4 | معراج فکر (مرثیہ) | ع: صورت گر جلالتِ اسلام ہے حسین (73) بند | 1133 |
| .5 | مرثیہ غیر مطبوعہ | ع: دنیا کی ہر روش کا ہے انجام انقلاب (72) بند | 1161 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب سوم


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | انقلابی نوحوں کا پروردگار | ڈاکٹر سید تقی عابدی | 1193 |
| .2 | تجم کے نوحوں کا تجزیہ | پروین شاکر | 1202 |
| .3 | تجم آفندی کے نوحے | پروفیسر محمد کمال الدین ہمدانی | 1211 |
| .4 | جدید نوحہ کا موجد | جناب افضال حسین نقوی | 1227 |
| .5 | منتخب اشعار | (133) عدد | 1239 |
| .6 | نوحے (مطبوعہ وغیر مطبوعہ) | (144) عدد | |


صفحہ نمبر

# باب چہارم


| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | تاثرات زیارات (زیارتی سفر) | تجم آفندی | 1427 |
| .1 | عرض داشت | (9) اشعار | 1433 |
| .2 | بصرہ سے نجف تک | (15) اشعار | 1434 |
| .3 | در نجف پر | (11) اشعار | 1435 |
| .4 | خلوص فکر | (19) اشعار | 1436 |
| .5 | حضوری میں | (11) اشعار | 1438 |
| .6 | بارگاہ کج کلاہ قمر بنی ہاشم میں | (11) اشعار | 1439 |
| .7 | بارگاہ نیرین | (6) اشعار | 1440 |
| .8 | جلوہ گاہ سامرہ | (5) اشعار | 1441 |
| .9 | سرداب میں ایک سجدۂ فکریہ | (9) اشعار | 1442 |
| .10 | متفرق قطعات (15) عدد | (30) اشعار | 1443 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب پنجم


| | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| .1 | نجم آفندی کا ہندی کلام | (18)عدد | 1449 |
| .1 | کربل نگری | (145) اشعار | 1451 |
| .2 | اسلام پوتھی | (158) اشعار | 1456 |
| .3 | جگت گرو | (9) اشعار | 1463 |
| .4 | کھیون ہارا | (12) اشعار | 1464 |
| .5 | دکھ کا ساگر | (11) اشعار | 1465 |
| .6 | پریم پنتھی | (11) اشعار | 1466 |
| .7 | دھرم پربت | (14) اشعار | 1467 |
| .8 | حسینی سیوا | (11) اشعار | 1468 |
| .9 | پریم کہانی | (11) اشعار | 1469 |
| .10 | ست کی سیوا | (16) اشعار | 1470 |
| .11 | ست جگ کا ستارہ | (26) اشعار | 1471 |
| .12 | درشن کا اجالا | (12) اشعار | 1473 |
| .13 | قیدی کا راگ | (6) اشعار | 1474 |
| .14 | کوچ کا ڈنکا باجت ہے | (7) اشعار | 1475 |
| .15 | آؤ سکھی جیل چلیں | (8) اشعار | 1476 |
| .16 | پنتھ ناراکے دن | (7) اشعار | 1477 |
| .17 | حسینی درشن | (12) اشعار | 1478 |
| .18 | پردیسی | (12) اشعار | 1479 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب ششم


صفحہ نمبر

1. سرمایہ داری کے خلاف پہلی آواز — ڈاکٹر سید تقی عابدی — 1481
2. منتخب اشعار — (45) عدد — 1493
3. متفرق نظمیں اورغزلیں (مطبوعہ وغیر مطبوعہ) (83) عدد — 1497


# باب ہفتم


1. نثری شہ پارے — نجم آفندی — 1583
   1. لغات المذہب (لغت) — 1585
   2. حسینؑ اور ہندوستان کا سمبندھ (تحقیقی تحریر) — 1637
   3. شہیدوں کی باتیں (اقوال اور مکالمے) — 1649
   4. ترقی کی برکتیں (اقتباسات) — 1685
   5. نفس اللہ (زندگی نامہ، علی ابن ابی طالبؑ) — 1697
   6. چورماموں (افسانہ) — 1717
   7. بندۂ خدا (مذہبی ناول) (اقتباس) — 1739

کتابیات — 1741


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# رَو میں ہے رخشِ عمر

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | **سیّد تقی حسن عابدی** |
| ادبی نام | : | تقی عابدی |
| تخلص | : | تقی |
| والد کا نام | : | سیّد سبطِ نبی عابدی منصف (مرحوم) |
| والدہ کا نام | : | سجیدہ بیگم (مرحومہ) |
| تاریخ پیدائش | : | یکم مارچ 1952ء |
| مقام پیدائش | : | دہلی (انڈیا) |
| تعلیم | : | ایم بی بی ایس (حیدرآباد، انڈیا) ایم ایس (برطانیہ)<br>ایف سی اے پی (یونائیٹڈ اسٹیٹ آف امریکہ)<br>ایف آر سی پی (کنیڈا) |
| پیشہ | : | طبابت |
| ذوق | : | شاعری اور ادبی تحقیق |
| شوق | : | مطالعہ اور تصنیف |
| قیام | : | ہندوستان، ایران، برطانیہ، نیویارک اور کنیڈا |
| شریک حیات | : | کیتی |
| اولاد | : | دو بیٹیاں (معصوما اور رویا) دو بیٹے (رضا اور مرتضیٰ) |
| تصانیف | : | شہید (1982ء) جوشِ مودّت۔ گلشن رویا۔ اقبال کے عرفانی زاویے، انشاء اللہ خاں انشاء۔ رموز شاعری۔ اظہار حق۔ مجتہد نظم مرزا دبیر۔ طالع مہر۔ سلکِ سلام دبیر۔ تجزیہ یادگار انیس۔ ابواب المصائب۔ ذکر دُر باران۔ عروسِ سخن۔ مصحفِ فارسی دبیر۔ مثنویاتِ دبیر۔ کائنات نجم۔ |
| زیر تالیف | : | تجزیہ شکوہ جواب شکوہ۔ رباعیات دبیر۔ فانی شناسی۔ مصحفِ تاریخ گوئی۔ روپ کنوار کماری۔ تعشق لکھنوی۔ |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سیّد تقی عابدی

# دردِ دل

## کس کس سے سوال کروں؟

### علامہ نجم آفندی نے کہا تھا:

میں خود ہوں مطمئن اے نجم ادب کی خدمت سے
جگہ نہ دے کہیں تاریخ روزگار مجھے

1 اردو کے مشاہیر شعرائے غزل نے نجم کی قدر دانی کیوں نہ کی؟
(195) عمدہ اور اعلیٰ ترین غزلوں کو کیوں نظر انداز کیا گیا؟
کیا 1955ء کا آل انڈیا مشاعرہ یاد نہیں جس میں نجم نے مشاعرہ لوٹ لیا تھا؟

2 اردو کے ترقی پسند تحریک کے نمائندوں نے کیوں نجم کو نظر انداز کیا؟ اردو ادب میں کسان، مزدور، مزدوری اور سرمایہ داروں کے خلاف نظموں میں پہلی آواز علامہ اقبالؔ اور جوشؔ سے قبل نجم کے سوا کس نے بلند کی؟ اگر بقول سلیمان ندوی، حسرت موہانی اسلامی اور سوشلسٹ رجحان رکھ کر بیسویں صدی کے ابوذر غفاری ہو سکتے ہیں اور تحریک کے بھی پسندیدہ شاعر رہ سکتے ہیں تو نجم کی مسلمانی کیوں برداشت نہ ہوئی؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

③ نعت کے پرستاروں نے صدہا نعتیہ آبدار اشعار اور سولہ سے زیادہ نعتوں کو کیوں طاقِ نسیاں کے سپرد کیا؟
کیا تجمؔ کے اس شعر میں کسی کو شک ہوسکتا ہے؟

اے تجمؔ میں ہوں شاعرِ دربارِ رسالتؐ
کیا شک ہے کسی کو مری تصویر کشی میں

④ کیوں افسانہ نویسوں نے عمدہ افسانہ ''چور ماموں'' نہیں پڑھا؟ کیوں ناول نگاروں نے تخلیقی شاہکار ناول ''بندۂ خدا'' کو فراموش کیا؟

شریکِ حال نہ ہوتی جو تجمؔ خودداری
ہمارے غم کا فسانہ غمِ جہاں ہوتا

⑤ اردو میں کتنے شاعر ہیں جنھوں نے تجمؔ کی طرح چھ سو سے زیادہ عمدہ رباعیاں لکھیں؟ کیوں اردو رباعیات لکھنؤ کے پی ایچ ڈی (Ph.d) کے مقالے میں تجمؔ کا نام تک نہیں؟ جبکہ پانچ اور دس رباعی کہنے والے افراد کا ذکر آب وتاب کے ساتھ ہے۔
کیا اس قسم کے مقالوں پر اعتماد کیا جا سکتا ہے؟

⑥ شاعرِ اہلِ بیتؑ کا خطاب دے کر محبانِ اہلِ بیتؑ کیوں تجمؔ سے غافل ہو گئے؟ مولویوں، خطیبوں نے منبر سے کیوں ان کا پیغام نہیں پہنچایا؟ سلاموں، نوحوں، مرثیوں کو لے کر دوسرے انتقادی کلام کو کیوں تلف کر دیا؟ کراچی میں اتنے بڑے شاعر کے جنازے میں کیوں صرف بیس (20) پچیس (25) افراد شریک ہوئے؟

⑦ کیوں تجمؔ کے کلام کو محبانِ اہلِ بیتؑ، گروہانِ نوحہ خوان، پرستارانِ تجمؔ، شاگردانِ رشید، عزیزو اقربا نے انتقال کے تیس (30) برسوں میں بھی شائع نہیں کیا؟ اگرچہ تجمؔ نے کہا تھا:

ہم تجمؔ چار روز کے مہمان ہیں مگر
رہ جائیں گے یہ شعر و ادب کے تبرکات

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

8 اردو ادیبوں اور تنقید نگاروں نے اس بیسویں صدی کے عظیم شاعر سے کیوں غفلت برتی؟ نجم کے (12799) اشعار، (195) غزلیں، (591) رباعیات، (498) قطعات، (16) نعتیں، (81) قصائد، (107) سلام، (144) نوحے، (83) متفرقات کے علاوہ (3) مرثیے، (18) ہندی کلام کے آثار اور کئی نثری کتابیں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ موجود ہیں:

آج اردوے معلّٰی کی اشاعت کے لئے
یہ غنیمت ہے کہ نجم نکتہ داں باقی رہا

میں نے حقیقت کو پیش کیا ہے:

نجم بہتر ہے تصنّع کی دلآویزی سے
تلخ لہجہ میں حقیقت کا بیاں ہوجانا

9 کانگریس، مسلم لیگ اور دوسرے قومی سیاسی عہدے داروں نے ایسے وطن دوست شاعر کو وطن کی محبت میں کیا دیا؟ جبکہ

ع: منزل انھیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

کائناتِ نجم ان تمام سوالوں کا جواب رکھتی ہے۔ صرف گردش اوراق شرط ہے۔ شاید یہ میری نجمی عقیدت اور اُردو محبت ہو۔ یہ ایک خوشگوار حادثہ تھا جس کے فیض سے میں کائناتِ نجم کو دریافت کرسکا:

یہ بھی اک حادثہ اُردو کی محبت کا ہے نجم
کنجِ عزلت سے جو باہر نکل آیا ہوں میں

خیر اندیش

سیّد تقی عابدی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# تعداد کل کلام مطبوعہ اور غیر مطبوعہ

## علاّمہ نجم آفندی

| نمبر شمار | صنفِ سخن | تعداد | تعداد اشعار |
|---|---|---|---|
| .1 | غزلیں | 195 | 1932 |
| .2 | رباعیات | 591 | 1182 |
| .3 | قطعات | 498 | 1001 |
| .4 | نعت | 16 | 304 |
| .5 | قصاید | 81 | 2519 |
| .6 | سلام | 107 | 1375 |
| .7 | مراثی | 3 (209 بند) | 627 |
| .8 | نوحے | 144 | 2237 |
| .9 | تاثیر زیارات | 10 | 128 |
| .10 | متفرقات | 83 | 1036 |
| .11 | ہندی کلام | 18 | 458 |
| | | | کل اشعار = (12799) |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# مطبوعاتِ نجم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# مرزا تجمل حسین نجم آفندی

ولادت 1893ء وفات 1975ء

ہاتھ رُکتے ہی نہیں ہیں ماتمِ شبیر سے
استفادہ کررہا ہوں موت کی تاخیر سے
نجم آفندی

شاعر ہوں جن کا نجم وہ ہیں وجہِ کائنات
ممکن ہے تا ابد مرا نام و نشاں رہے

حضرت بزم آفندی (والد بزرگوار نجم آفندی)

ایک دن عرش پہ محبوب کو بلوا ہی لیا
ہجر وہ غم ہے خدا سے بھی اٹھایا نہ گیا

جناب سہیل آفندی (فرزند علامہ نجم آفندی) مقیم حیدرآباد دکن

علامہ نجم آفندی کے بھائی کوکب آفندی اپنی بیگم اور دونوں بیٹیوں، چندن زیدی بیگم اور باقر زیدی کے ساتھ

علامہ نجم آفندی، جناب باقر زیدی (داماد) اور کوکب آفندی (برادر) کے ہمراہ

علامہ نجم آفندی لکھنؤ کے عالم خطیب اور شاعر کے ساتھ

دائیں سے بائیں' جناب عبدالحسین خاور نوری، جناب مرتضیٰ حسین للّن، نجم آفندی، سید محمد اطہر ظاہری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ نجم آفندی علمائے ادب اور شعرا کے ساتھ   مقام حیدرآباد دکن

علامہ نجم آفندی علمائے ادب اور شعراء کے ساتھ   علامہ کے داماد
شاہد حیدری سیدھے جانب قدر عریضی کے بعد۔ مقام حیدرآباد دکن

علامہ نجم آفندی بمبئی میں مشاعرہ پڑھتے ہوئے

علامہ نجم آفندی آل انڈیا مشاعرہ دہلی میں پڑھتے ہوئے۔ برابر میں راجندر سنگھ بیدی بیٹھے ہیں

علامہ نجم آفندی شعراء اور شاگردوں کے ساتھ۔ مقام حیدرآباد دکن   دسمبر 1967ء

علامہ نجم آفندی اراکین انجمن پنجتن شاہ گنج آگرہ کے ساتھ۔ مقام کراچی

علامہ نجم آفندی بارگاہ جعفریہ کراچی میں 18 ذی الحجہ "غدیر خم" کی محفل میں اپنا کلام سنا رہے ہیں۔ سخن فتح پوری اور زاہد فتح پوری بھی بیٹھے ہیں

علامہ نجم آفندی امام بارگاہ جعفریہ میں جشن عید غدیر پڑھ رہے ہیں

علامہ نجم آفندی کراچی میں غدیر خم پڑھتے ہوئے

علامہ نجم آفندی مشہور نوحہ خواں کاظم علی کے ساتھ

علامہ نجم آفندی ماتمی جلوس میں نوحہ خواں کیپٹن عباس عابدی اور صمصام علی گوہر کے ساتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب سلطان نسیم جمیل فرزند مرحوم صبا اکبر آبادی کے مکتوب کا جواب

سید العلماء مولانا علی نقی قبلہ کے نایاب مضمون کا ایک صفحہ

نمونہ غزل بخط شاعر نمونہ غزل بخط شاعر نمونہ غزل بخط شاعر نمونہ غزل بخط شاعر

نمونہ غزل بخط شاعر نمونہ غزل بخط شاعر نمونہ غزل بخط شاعر نمونہ غزل بخط شاعر

علامہ نجم آفندی اپنی یادداشتوں کو ڈائری میں محفوظ کرتے تھے (ڈائری سے دو صفحات)

علامہ اپنے قصاید اور نوحوں کی بیاضوں میں اپنے پوتے، پوتیوں، نواسے اور نواسیوں کی تاریخ ولادت کامل محفوظ کر دیتے تھے۔

علامہ کے مطبوعہ غیر مرثیہ کے چند بند (بخطِ نجم آفندی)

حضرت جوش ملیح آبادی کے ایک مختصر خط کا عکس حضرت نجم مرحوم کے نام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

# باب اول

## نجم آفندی کا زندگی نامہ


| | |
|---|---|
| نجم آفندی کا زندگی نامہ | ڈاکٹر سید تقی عابدی |
| مکتوب | سید باقر زیدی |
| خودنوشت سوانح حیات | نجم آفندی |
| جب آتش جواں تھا | نجم آفندی |
| ڈائری کے چند اوراق کے عکس | نجم آفندی |
| جناب سلطان جمیل نسیم کے نام خط کا عکس | |
| نجم آفندی کے نام جوش ملیح آبادی کے خط کا عکس | |
| غزل بخط نجم آفندی | |


jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سیّد تقی عابدی

# تجمّؔ آفندی کا زندگی نامہ

نام مرزا تجمل حسین

تخلص تجمّ۔ تجمی

شہرت تجمّ آفندی

گھریلو نام نادر مرزا

تاریخ ولادت: رمضان 1330 ہجری مطابق 1893ء

مقام ولادت: اکبر آباد (آگرہ) کٹرہ حاجی حسن جو پیپل منڈی کے پیچھے واقع ہے۔

والد مرزا عاشق حسین بزم آفندی۔ معروف شاعر اپنے سگے ماموں سید اسمٰعیل حسین منیر شکوہ آبادی متوفی 1880ء کے شاگرد تھے۔ ان کی پیدائش 1860ء میں کٹرہ حاجی حسن آگرہ میں ہوئی۔ شادی آغا حسین صاحب صاحب دیوان شاعر کی بیٹی سے ہوئی۔ دوسری شادی ایک انگریز خاتون سے ہوئی۔ آپ بزم تخلص کرتے تھے۔ معروف غزل گو اور مرثیہ گو شاعر تھے۔ بزم آفندی کا انتقال 23 مارچ 1953ء کو ہوا۔

دادا مرزا عباس بلیغ جو مرزا نجف علی بلیغ کے فرزند تھے جو مرزا فصیح مشہور مرثیہ گو شاعر کے حقیقی بھائی تھے۔ اسی لیے تو تجمّ آفندی نے مرزا فصیح کی میراث پر فخر کرتے ہوئے فرمایا:

تجمّ میں ہوں خاک پائے مسند آرائے فصیح
مدح کی دولت ملی ہے ورثۂ اجداد سے

پردادا: مرزا ہادی علی فیض آبادی۔ مرزا ہادی علی کے تین فرزند تھے۔ (1) مرزا جعفر علی فصیح

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(2)مرزا نجف علی بلیغ (3)مرزا فتیح۔ ڈاکٹر صفدر حسین مرحوم لکھتے ہیں۔ ''نجم آفندی کے پردادا ہادی علی فیض آبادی حضرت عقیل ابن ابی طالب علیہ السلام کی نسل سے تھے لیکن جب ان کے بزرگ بلاد ایران میں رہنے لگے تو وہاں ''مرزا'' مشہور ہو گئے تھے۔ ہندوستان میں آمد کے بعد ان کے بزرگ شاہجہاں آباد (دہلی) میں سکونت پذیر ہوئے تھے۔

معز الدین قادری اسرار و افکار میں لکھتے ہیں۔ نجم آفندی کے پردادا مرزا ہادی علی فیض آباد کے محلّہ ''مغل پورہ'' میں رہتے تھے چنانچہ نجم آفندی نے اس طرف اشارہ کیا ہے۔

مرے بزرگوں کا اصلی وطن ہے فیض آباد
مجھے بھی شوق تھا دیکھوں میں یہ در و دیوار

اجداد: نجم آفندی کے اجداد ترک نسل سے تعلق رکھتے تھے جو ہجرت کر کے ہندوستان میں آباد ہوئے۔

بھائی بہن: دو بھائی (1) مرزا اعجاز حسین مرحوم اکیس برس کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ یہ عمر میں نجم سے بڑے تھے۔

(2)مرزا سلیمان کوکب آفندی، چھوٹے بھائی جن کی صاحبزادی مشہور مرثیہ نگار شاعر باقر زیدی کی شریک حیات ہیں۔ ایک بہن شہزادی نفیس بانو اختر جہاں کج کلاہ پروین پیدائش 1901 جو بزم آفندی کی دوسری انگریز بیوی کے بطن سے تھیں۔ پروین کج کلاہ عمدہ شاعرہ تھیں۔

شریک حیات: 1958ء میں گلے کی کینسر سے انتقال کرگئیں۔ کانپور کے ایک معزز گھرانے کی صاحبزادی تھیں۔

اولاد: (1) پانچ لڑکے۔ جن میں چار لڑکے عباس، کامران، تاجدار اور تسلیم بچپن میں مر گئے اور اکلوتے بیٹے ہمایوں مرزا المتخلص سہیل آفندی حیات ہیں اور حیدرآباد دکن میں مقیم ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(2) سات لڑکیاں۔ ایک بیٹی کا کمسنی میں انتقال ہوگیا۔ دوسری لڑکی نا کتخدا تھی۔ دو بیٹیاں شادی کے بعد پاکستان چلی گئیں اور دو بیٹیاں ہندوستان میں مقیم رہیں۔

تعلیم وتربیت: 1- نجم آفندی کی اردو اور فارسی تعلیم گھر پر ہوئی۔

-2 قرآن مجید اپنے چچا مرزا ہادی علی سے پڑھا

-3 مفید عام اسکول آگرہ سے انگریزی میں مڈل پاس کیا۔ اس اسکول میں اردو فارسی مولوی سلامت اللہ سے اور انگریزی اسکول کے ہیڈ ماسٹر راج کمار سے پڑھی۔

-4 اسرار و افکار کے دیباچہ میں معز الدین قادری لکھتے ہیں۔ "نجم آفندی کو اردو فارسی اور انگریزی کے علاوہ ہندی زبان میں بھی درک ہے۔ ان کی ہندی زبان میں بھی تصنیفات ملتی ہیں۔"

-5 ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی دبستان دبیر میں لکھتے ہیں۔ نجم آفندی اردو، فارسی اور عربی اچھی جانتے ہیں اور انگریزی میں بھی اچھا درک رکھتے ہیں۔

-6 ڈاکٹر سید نواز حسن زیدی نے نجم آفندی فکروفن میں لکھا۔ "اردو فارسی کی حد تک تو یہ بات درست ہے لیکن محض قرآن مجید ناظرہ پڑھنے کو عربی تعلیم کا حصول سمجھ کرنا لک رام اور ڈاکٹر ذاکر حسین کو مغالطہ ہوا ہے۔ خود نجم آفندی نے اپنے خط میں عربی نہ پڑھ سکنے کے بارے میں لکھا ہے۔

-7 اردو فارسی اور انگریزی کتابوں کے مطالعہ کا شوق تھا۔ انھیں گھر پر عام طور سے انگریزی ناول کو بھی مطالعہ کرتے ہوئے دیکھا گیا۔

-8 نجم آفندی شمشاد حسین کے نام خط میں لکھتے ہیں "میری تعلیم اس زمانے کے مڈل تک ہوئی مگر کم از کم انگریزی کی دو ہزار کتابیں ہر قسم کی میری نظر سے گزری ہیں۔

شکل وصورت: شکل وصورت تصویر سے ظاہر ہے جو اس کتاب میں شامل ہے۔ نجم آفندی کا قد تقریباً پانچ فٹ تھا۔ بدن چھریرہ، رنگت سرخ و سپید تھی۔ چہرہ گول خوبصورت ناک اور باریک ہونٹ کے ساتھ بڑے کان اور سر بھی نسبتاً بڑا تھا۔ آخری عمر میں بال بہت کم رہ گئے تھے۔ خشخشی داڑھی جو مونچھوں سے متصل تھی۔ آواز رعب دار اور چہرے پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمیشہ مسکراہٹ رہتی تھی۔

وضع اور لباس: نجم آفندی نستعلیق شخصیت تھے۔ وہ شرقی روایات کے پاسدار اور اسلامی تہذیب کے نمونہ تھے۔ جوش ملیح آبادی نے ساقی جوش نمبر میں لکھا۔ "حضرت نجم آفندی جو اس قدر دین دار و پابند وضع بزرگ ہیں کہ قہقہہ مارنے کو بھی خلافِ شرع سمجھتے ہیں۔"

نجم آفندی کے لباس میں سادگی تھی۔ وہ عام طور پر سفید شیروانی، سفید پائجامہ، مخمل کی کالی ٹوپی پہنتے تھے۔ کبھی کبھار کالی شیروانی پر شال اوڑھ لیتے تھے۔ پاؤں میں معمولی سلیپر یا جوتا ہوتا۔ ہاتھ میں ہمیشہ چھڑی رکھتے تھے۔ عینک صرف حسبِ ضرورت لگاتے۔

غذا و خوراک: نجم آفندی کم خوراک تھے۔ دیسی گھی اور گڑ سے شدید رغبت تھی۔ ان کی گھی اور گڑ کی چاہت کی کئی داستانیں لوگوں نے بیان کی ہیں۔

سیرت و کردار: ہم نجم آفندی کی سیرت اور عالی کردار کے ساتھ عجز و انکساری کا مختصر خاکہ معز الدین قادری اور ذاکر حسین فاروقی کی تحریروں سے پیش کرتے ہیں۔ اسرار و افکار کے دیباچہ میں معز الدین قادری نے لکھا ہے۔ "خاندانی روایات مذہبی تعلیم و تربیت اسلام کی عظیم شخصیتوں کے نقوش قدم کو اپنا راستہ بنانے کی سعی و تمنا نے ان کو کافی متوازن، معتدل مزاج اور بنی نوع انسان کا ہمدرد بنادیا ہے۔ ان کی آنکھوں میں بصیرت کی چمک ہے اور سنجیدگی کے نہ جانے کتنے راز ہیں۔ انھیں بنی نوع انسان سے محبت ہے۔ شخصی اور مذہبی عقائد پر خودسختی کے ساتھ کاربند ہیں لیکن سیرت و کردار میں کہیں بھی "ملاپن" یا پندار زہد" کے نتیجے میں پیدا ہونے والا سوانگ موجود نہیں۔ بُردبار، حلیم، خوش خلق اور مصیبتوں میں مسکرانے والی شخصیت ان کے سارے کلام سے جھلکتی ہے اور انھیں یہ کہنے کا حق ہے

میری تلاش راہ پر ہنستے ہیں آج قافلے
شمع بنائی جائے گی کل میری گرد راہ کی

بقول جوش ملیح آبادی۔ جہاں تک طبائع کا تعلق ہے، باپ بیٹے میں زمین و آسمان کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرق تھا۔ وہ ایک رنگین مزاج شاعر تھے اور ان کو رنگینی کبھی چھو کر نہیں گئی تھی۔ وہ سراپا رند تھے اور یہ سرتا بہ قدم متقی اور خشک قسم کے متقی تھے۔

دبستانِ دبیر میں ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی بیان کرتے ہیں: ''مروّت وضع داری، ایفائے وعدہ، حُسنِ معاشرت اور بڑے چھوٹوں کے ساتھ یکساں برتاؤ آپ کے کردار کی وہ خوبیاں ہیں جو ہر شخص کے دل میں جگہ پیدا کر لیتی ہیں۔ نجم صاحب نے اپنی زندگی کے جو اصول بنائے تھے وہ تا حیات ان پر کاربند رہے اور اخلاقی و روحانی اعتبار سے انھوں نے ایک کامیاب زندگی گزاری اور ان کی کامیاب زندگی ''قابلِ رشک موت'' کی ضامن بن گئی۔ بقول خود:

کچھ شعر جو منقبت میں کہہ لاتا ہے
اس خواب سے اپنے دل کو بہلاتا ہے
موزوں ترے کردار پہ بھی ہے یہ خطاب
تو شاعرِ اہل بیت کہلاتا ہے

شغل و ملازمت:

-1 ریلوے محکمہ میں کلرک کی حیثیت سے ملازمت کا آغاز کیا۔ اس وقت نجم کی عمر بیس سال تھی۔

-2 پھر دہلی میں ملازمت کی۔

-3 کاکا اسٹیشن اور غازی پور اسٹیشن پر کچھ عرصہ ملازم ہوئے۔

-4 تحریکِ ترکِ موالات سے متاثر ہو کر ریلوے کی ملازمت ترک کر دی اور تلاشِ معاش میں ردولی پہنچے اور کچھ عرصہ کاشتکاری کی۔

-5 جونیئر پرنس معظم جاہ شجیع کے دربار سے منسلک ہوئے۔ ان کے سپرد پرنس کے کلام کی اصلاح تھی۔ تنخواہ بھی اس کام کی پاتے تھے۔ نجم کی ماہانہ تنخواہ دو سو روپے ماہوار تھی۔

-6 دربار سے علاحدہ ہو کر مالی پریشانیوں میں بسر کی اور اپنی خودداری کو نبھانے اور پیٹ کی آگ بجھانے کے لیے چھتہ بازار حیدرآباد میں جوتوں کی دکان تک کھولی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تف بر تو اے چرخ پیر کہ شاعرِ اہل بیت کو اتنی بڑی قوم تنگ دستی میں سہارا نہ دے سکی جبکہ تمام قوم اور تاجر ان کے کلام سے روحانی اور اقتصادی فائدہ اٹھا رہے تھے۔ اسی لیے تو اپنے خطوط میں اس طرح گلہ کیا ''آج ہندوستان میں تبت سے راس کماری تک میرے نوحے پڑھے جا رہے ہیں لیکن مالی فائدہ دوسرے اٹھا رہے ہیں'' 'کاروان ماتم' لاہور والوں نے میری اجازت و اطلاع کے بغیر شائع کر لی ہے۔ لکھا تو جواب تک نہیں دیتے۔ یہ قدردانی ہو رہی ہے۔ ہم تکلیف اٹھا رہے ہیں اور یہ نفع کما رہے ہیں۔''

شاعری کا آغاز: ۱۲ سال کی عمر میں شاعری کا آغاز کیا۔ ابتداً غزل گوئی سے کی۔ شاہ نیاز وارثی کی غزل پر مصرعے لگائے

زہے عزّو جلالی بو ترابی فخرِ انسانی
علی مرتضیٰ مشکل کشائی شیرِ یزدانی

پہلا مشاعرہ: جس مشاعرے سے نجم کی شاعری کا تعارف ہوا وہ خود ان کے گھر کے سامنے منعقد کیا گیا تھا جس میں اکابر شعرا نے شرکت کی تھی۔ نجم کی غزل کا مطلع تھا:

چاندنی میں تم ذرا گھر سے نکل کر دیکھتے
قبرِ عاشق اور ایک میلی سی چادر دیکھتے

شاگردی: شاعری کے آغاز میں اپنے والد بزم آفندی کی شاگردی کی لیکن بہت جلد ہی اصلاح سے بے نیاز ہو گئے۔

صحبت اساتذہ: نجم آفندی کو گھریلو ماحول کے علاوہ اپنے دہلی کے قیام کے دوران نواب سائل دہلوی، بے خود دہلوی، پنڈت امرناتھ ساحر، منشی امیر اللہ تسلیم، شوکت علی میرٹھی، عبدالرؤف عشرت، ناصر علی خاں مچھلی شہری اور وقار کانپوری جیسے شعرا شامل تھے۔ انھیں اساتذہ نے نجم کی شعری صلاحیتوں سے متاثر ہو کر کہیں اس نوجوان شاعر کو صدر مشاعرہ بنایا تو کہیں راجہ پنڈراول نے ان کی شاہکار نظم کو (1800) سو روپیوں میں خرید کر یہ رقم یتیم خانہ کی خدمت کے لیے وقف کر دی۔ کبھی محفل مقاصدہ میں صفی لکھنوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا کہ "نجم صاحب ہم نے بائیس(22) سال اس محفل میں چراغ جلایا ہے اب آپ کی باری ہے۔"

خطاب: ناصر الملت نے نجم آفندی کو "شاعر اہلبیت" کا خطاب دیا جو نجم آفندی کے مسلسل سلام اور قصیدہ نگاری کا اثر تھا۔

یہاں یہ بات بھی خارج از محل نہیں کہ نجم آفندی کے دادا کے بھائی مرزا فصیح کو خلافت عثمانیہ کی جانب سے آفندی خطاب کعبتہ اللہ اور حاجیوں کی خدمت کرنے پر دیا گیا تھا جو نسلاً بعد نسل استعمال ہوسکتا تھا۔

ہم عصر شعرا: حالی، اکبر الہ آبادی، اقبال، سائل دہلوی، منشی امیر اللہ تسلیم، نسیم، حسرت موہانی، صفی لکھنوی، مرزا اوج، دولھا صاحب عروج، مرزا ثاقب، آرزو لکھنوی وغیرہ بزرگ عمر ہم عصر شعرا تھے جب کہ ان کے ہم عمر شعرا میں فانی، جوش، صدق جائسی، یگانہ، سیماب، مہذب لکھنوی، نسیم امروہوی، رئیس امروہوی، سید آل رضا وغیرہ شامل تھے۔

تلامذہ: نجم آفندی کے شاگردوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ خود انھوں نے جو فہرست جلیس ترمذی کو روانہ کی تھی اس میں (69) نام تھے۔ وہ بعد میں بڑھ کر (72) ہوگئی، اور کچھ اس طرح ہے جسے ڈاکٹر سید نواز حسن زیدی نے نجم آفندی فکر وفن میں نقل کیا ہے۔

رعنا اکبر آبادی، جعفر مہدی، رزم رودلوی، صفدر حسین کاظمی، عبدالسعید رشک، عابد مرحوم، وزارت علی، علی انجم اکبر آبادی، مرزا عبدالکریم مضطر، کوکب اکبر آبادی، جلیس ترمذی، انتظام الحسینین، خاور نوری، سعید شہیدی، مرزا عادل، ساجد رضوی، شاہد حیدری، حازم رضوی، تائم جعفری، عباس عابدی، خورشید جنیدی، باقر منظور، طاہر عابدی، خواجہ ضمیر، کاوش حیدری، منجو قمر، راحت عزمی، تصور کرت پوری، عباس زاہد، شہید یار جنگ، ہشیار جنگ، ڈاکٹر اختر احمد، تبسم نظامی، طالب رزاقی، حرماں خیرآبادی، عاصم جمیل، ساحر نجمی، سعید السائم، زیبا رودلوی، پرنس معظم جاہ شجیع، ہاشم جاں بہادر، اختر زیدی، حسن مدنی، اثر غوری، کاظم رشک، شاغل حیدرآبادی، ضیغم حیدر، محب جاورہ، صادق نقوی، سوز رضا ترمیم، تقی عسکری، اقبال عابدی، سید جعفر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسنین، زاہد رضوی، ظہیر جعفری، آغا ناجر، باذل عباس ضیغم، ساتر، ثاقب، سعادت نظر، عبدالحی خاں، شارق، باتو سید پوری، نظیر سیہوری، عقیل نجمی، سہیل آفندی، روپ کماری، بیدار نجفی اور وفا ملک پوری وغیرہ۔

ڈاکٹر نواز حسن زیدی لکھتے ہیں کہ تلامذہ کی اصلاح کے وقت تجم آفندی کے ہاں وہی جذبہ کارفرما ہے جسے عشقِ اہل بیت کے نام سے موسوم کیا جاسکتا ہے۔ تلامذہ کے کلام کی اصلاح کے لیے باقاعدہ اصول وضع کر رکھے تھے۔ شاگردوں کے خطوط کے جواب میں لکھتے ہیں۔ ''مجھے امید نہیں کہ جلد تمھارا کلام دیکھ کر بھیج سکوں گا۔ از روئے انصاف سلسلہ وار دیکھتا ہوں'' آج کل چار طرف سے پاکستان اور ہندوستان سے اصلاح کا کلام آرہا ہے۔ سر اٹھانے کی مہلت نہیں۔ دماغ بھی کام دیتا ہے تو ہاتھ کانپتا ہے کس کس کو منع کروں اور کیسے ممکن ہے مدحِ اہل بیت کا مسئلہ ہے۔

مدت مشقِ سخن: تقریباً ستر (70) سال

مسافرت برائے شاعری: دہلی، کانپور، لکھنؤ، حیدرآباد، کراچی، کلکتہ، بنارس، لاہور ہی نہیں بلکہ دور دراز کے چھوٹے مقامات پر بھی تبلیغ پیام اہل بیت میں مشغول رہے۔ چنانچہ فیض آباد، بریلی، بارہ بنکی، سیتاپور، بھرت پور، اجین، مدراس اور بلرام وغیرہ کے لوگ بھی موصوف کے کلام کے دلدادہ رہے۔

زیارت عتبات عالیہ: 1950ء اگست میں زیارتوں کے لئے عراق گئے اور مختلف مقامات مقدسہ پر حاضری دی اور اپنے تاثرات کو منظوم لکھ کر ''تاثرات زیارت'' کے عنوان سے شائع کیا۔

تصنیفات: راقم کو کائنات تجم آفندی مرتب کرتے ہوئے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تجم آفندی کی تصانیف تقریباً عنقا ہیں۔ تجم آفندی کی چالیس (40) سے زیادہ تصانیف شائع ہوئیں۔ سب سے پہلی تصنیف ان کے کلام کا مجموعہ 1917ء میں اور آخری تصنیف ''لہو قطرہ قطرہ'' ان کے انتقال کے چار سال بعد 1979ء میں شائع ہوا۔ علامہ ضمیر اختر نقوی نے لکھا ہے کہ تجم آفندی نے حیات میں چند تصانیف مرتب کی تھیں مثلاً ''گلدستہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نعت" "مذہبی رباعیات" "قومی اورمذہبی نظموں کا مجموعہ" "خودنوشت سوانح حیات" جو نامکمل رہ گئی تھی جو کبھی شائع نہ ہوئیں۔نیز تجمّ کے مضامین کا کوئی مجموعہ بھی ترتیب نہیں دیا گیا۔

تجمّ مرحوم کی تصانیف کی فہرست جو ضمیر اختر نقوی نے مرتب کی ہے یہاں پیش کی جارہی ہے۔باضافہ چند تصانیف جو بعد میں شائع کی گئی ہیں۔

| نمبر شمار | نام کتاب | سن طباعت | مطبع | تفصیلات |
|---|---|---|---|---|
| .1 | پھولوں کا ہار | 1917ء | آفندی بک ڈپو، آگرہ | پہلا مجموعہ کلام۔ادبی، اخلاقی قومی نظموں کا مجموعہ وہ نظمیں جو شیعہ کانفرنس میں پڑھی گئی تھیں۔ |
| .2 | قصائد تجمّ | 1943ء | آفندی بک ڈپو، آگرہ | رباعیات (32) قصائد اور نظمیں (25) |
| .3 | تہذیب موّدت | 1943ء | تاج پریس یوسف آباد، حیدرآباد | رباعیات (140) |
| .4 | اشاراتِ غم حصہ اول | 1938ء | احباب پبلشرز، لکھنؤ | نوحوں کی بیاض (32) نوحے |
| .5 | اشاراتِ غم حصہ دوم | 1938ء | احباب پبلشرز، لکھنؤ | نوحوں کی بیاض (33) نوحے |
| .6 | اشاراتِ غم حصہ سوم | 1938ء | احباب پبلشرز، لکھنؤ | نوحوں کی بیاض (21) نوحے |
| .7 | کربل کی آہ | ——— | کتب خانہ اثنا عشری، لکھنؤ | جدید نوحہ جات (9) نوحے |
| .8 | آیاتِ ماتم | 1361ھ | نظامی پریس، لکھنؤ | نوحوں کی بیاض |
| .9 | تصوراتِ غم | 1943ء | مکتبہ ناصری گولہ گنج، لکھنؤ | نوحوں کی بیاض |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

| نمبر شمار | نام کتاب | سن طباعت | مطبع | تفصیلات |
|---|---|---|---|---|
| 10. | کربل نگری | 1361ھ | مکتبہ ناصری گولہ گنج، لکھنو | سیزدہ صد سالہ یادگارِ حسینی پر لکھی گئی نظم (اردو۔ہندی) |
| 11. | اسلام پوتھی | 1380ھ | امامیہ مشن لکھنو | طویل مثنوی، آغاز اسلام سے ہجرت حبشہ تک (اردو۔ہندی) |
| 12. | فتح مبین | 1943ء | نظامی پریس لکھنو | ایک مرثیہ۔5 سلام، 9 رباعیات |
| 13. | بیاضِ نجم | 1950ء | مکتبہ سلطانی، بمبئی | نوحہ جات، (حصہ اول، 53 نوحے، حصہ دوم 81 نوحے) |
| 14. | شاعرِ اہل بیت جیل میں | 1939ء | مکتبہ ناصری، گولہ گنج، لکھنو | قومی نظموں اور قطعات کا مجموعہ |
| 15. | حسینی سنسار | 1364ھ | مکتبہ ناصری گولہ گنج، لکھنو | نوحہ جات |
| 16. | کاروانِ ماتم | —— | کتب خانہ اثناعشری لاہور | (54) نوحے اور سلام |
| 17. | پریم بھکتی | —— | مکتبہ ناصری، گولہ گنج، لکھنو | ہندی نظموں کا مجموعہ، اردو رسم الخط میں |
| 18. | دارالسلام | —— | مکتبہ ناصری، گولہ گنج، لکھنو | جدید رنگ کے سلام |
| 19. | تاثرات زیارت | 1950ء | الکٹرک پریس، حیدرآباد | زیارت سے متعلق منظوم خراج عقیدت |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

| نمبر شمار | نام کتاب | سن طباعت | مطبع | تفصیلات |
|---|---|---|---|---|
| 20. | نصاب دینیات | 1364ھ | مطبع حیدری، حیدرآباد | بچوں کے لئے مختصر دینی احکامات (نثر) |
| 21. | شہیدوں کی باتیں | 1952ء | رضا کار بک ڈپو، لاہور | کربلا والوں کے اقوال اور کارنامے (نثر) |
| 22. | حسینؑ اور ہندوستان | | مکتبہ ناصری گولہ گنج، لکھنؤ | ہندوستان کا امام حسینؑ سے روحانی تعلق (نثر) |
| 23. | لغات المذہب | 1961ء | رضا کار بک ڈپو، لاہور | ایک ہزار مذہبی الفاظ پر مشتمل لغت (نثر) |
| 24. | چور اماموں | 1349ھ | زاویہ ادب، حیدرآباد | بچوں کے لئے مختصر اخلاقی افسانہ (نثر) |
| 25. | چاند کی بیٹی | — | — | —(نثر) |
| 26. | پھول مالا | — | — | —(نثر) |
| 27. | معراجِ فکر | 1959ء | رضا کار بک ڈپو، لاہور | مرثیہ |
| 28. | اسرار و افکار | 1971ء | ادارۂ قدر ادب، حیدرآباد | چار سو رباعیات وقطعات |
| 29. | قصائد نجم | 1372ھ | تاج پریس، حیدرآباد | سولہ (16) قصائد کا مجموعہ |
| 30. | جانِ کربلا | 1993ء | مکتبہ ناصری، گولہ گنج، لکھنؤ | (نوحے+سلام) |
| 31. | معرکۂ غم | | مکتبہ ناصری، گولہ گنج، لکھنؤ | (نوحے+سلام) |
| 32. | دکھ کا ساگر | | مکتبہ ناصری گولہ گنج، لکھنؤ | (نوحے+سلام) |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

| تفصیلات | مطبع | سن طباعت | نام کتاب | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|
| نوحے اور سلام | عزادار بک ڈپو | ——— | کاروانِ عزا | .33 |
| ———(نثر) | ——— | ——— | ترقی کی برکتیں | .34 |
| قصائد | مطبوعہ شمسی پریس، آگرہ | ——— | قصاید قدسی | .35 |
| نظموں کا مجموعہ | دکن اُردو اکادمی | 1364ھ | ستارے | .36 |
| ایک مذہبی ناول (نثر) | کاظمی پرنٹنگ پریس حیدر آباد | 1969ء | بندۂ خدا | .37 |
| ———(نثر) | دائرہ الکٹرک پریس، حیدر آباد | ——— | نفس اللہ | .38 |
| ———(نثری کتاب) | ——— | ——— | ترقی پسندوں کے نام | .39 |
| (145) رباعیات | امامیہ کتب خانہ لاہور | ——— | رباعیات نجم آفندی | .40 |
| قصائد | ——— | ——— | پنجتنی قصائد (غیر مطبوعہ) | .41 |
| (30) رباعیات | اعجاز پرنٹنگ پریس حیدر آباد | 1976ء | رباعیات | .42 |
| پچاس منتخب غزلوں کا مجموعہ | پرنٹنگ محل، ناظم آباد کراچی | فروری 1979ء | لہو قطرہ قطرہ | .43 |

وطن پرستی اور انگریز نفرت: سچ تو یہ ہے کہ برصغیر نے علامہ نجم آفندی کے ساتھ انصاف نہیں کیا اور آزادی کے بعد ع: منزل انھیں ملی جو شریک سفر نہ تھے۔

وطن دوستی انگریز نفرت اور قومی محبت نجم آفندی کے ریشہ ریشہ میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ ذیل میں چند واقعات اور حکایات ہمارے دعویٰ کے ثبوت ہیں۔

1. ابتدائی عمر میں جب اسکول میں کسی ہندو لڑکے سے جھگڑا ہونے کے بعد ان کے ہیڈ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ماسٹر راج کمار کے جملہ ”تم دونوں مل کر تیسرے کو کیوں نہیں مارتے؟“ نے فوراً انگریزوں کے خلاف متحد ہونے کی ترغیب دی۔ چنانچہ اپنی خودنوشت میں اس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ ”میرے دل نے آواز دی کہ تیسرے سے مراد انگریز ہے جس کی غلامی کی صعوبتیں ہم برداشت کر رہے ہیں لیکن اس کو مار بھگانے کی جسارت نہیں کرتے۔“

2. نجم آفندی کی کھدر پوشی سے تنگ آ کر ان کے انگریز افسر نے ان کا تبادلہ سزا کے طور پر آسنسول کر دیا۔ چنانچہ بعد میں نجم نے تحریکِ ترکِ موالات سے متاثر ہو کر سرکاری ملازمت سے ہمیشہ کے لئے استعفےٰ دے دیا۔

3. انگریزوں کے استعمار سے بیزار ہو کر زمانہ طالب علمی میں ایک چھوٹی سی انجمن بنائی جس کا خفیہ ایجنڈا انگریزوں سے ان ہی کے ہتھیاروں سے مقابلہ اور قومی ملی یکجہتی تھا۔ اس انجمن کے ممبر ایک خاص قسم کی انگوٹھی پہنتے تھے۔ کچھ عرصہ بعد یہ انجمن رشتوں کے بھائی کی سازش سے ختم ہوگئی۔

4. سرکاری ملازمت سے علاحدگی کے بعد قومی اور مذہبی رجحان نے تقویت پائی چنانچہ ایک طویل پچیس (25) بند کی نظم ”ذریتیم“ لکھی جو ”پھولوں کا ہار“ مجموعۂ کلام میں شامل ہے اور اس نظم کے ساتھ یہ نوٹ بھی لکھا ہے کہ یہ وہی نظم ہے جس نے شیعہ کانفرنس کے آٹھویں اجلاس منعقدہ الہ آباد میں حشر برپا کر دیا تھا اور جس پر راجہ سید ابوجعفر صاحب نے ساڑھے چار ہزار روپے نچھاور کر دیے تھے۔

5. نجم آفندی نے اپنی تصنیف ”ترقی کی برکتیں“ میں ہندو مسلم اتحاد پر زور دیتے ہوئے لکھا۔ اس وقت ہندو مسلم اتحاد کی بہترین صورت یہ ہے کہ دونوں قوموں کے نوجوان اٹھ کھڑے ہوں اور اپنے طاقت ور بازوؤں کا صحیح مصرف کریں اور اپنے مضبوط ہاتھوں سے فساد روک کر ملک کی سب سے بڑی خدمت کریں۔

6. نجم آفندی جلیس ترمذی کے خط میں لکھتے ہیں: ہندو قوم کے افراد نے گاندھی جی کو ختم کر کے دنیا کو یہ بتا دیا ہے کہ ہندوستانی ذہنیت کہاں تک پست ہو سکتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

7. تجم آفندی کانگریسی تھے اور اسی لئے کانگریسی مشاعرے بھی کروائے۔ ایک مشاعرے میں تو ردیف "کھدر" رکھی گئی۔ انگریز دشمنی اور وطن دوستی نے تجم کو کانگریسی بنادیا۔ اپنی خودنوشت میں لکھتے ہیں۔ "ہم نے ایسے بھی مشاعرے کئے ہیں جن کا مقصد حکومت کے خلاف پروپیگنڈہ کرنا تھا۔ ایسے مشاعروں کو کانگریسی مشاعروں کا نام دیا جاتا تھا۔ میرے ایک دوست برہم سروپ خارمیرٹھی میری طرح پکے کانگریسی تھے۔

8. ترقی کی برکتیں میں لکھتے ہیں: "ہندوستان کی بدقسمتی سے ہندومسلم اختلاف پیدا ہوا۔ تضاد بڑھنے لگا اور آج وہ نوبت آئی کہ مسلم لیگ کو پاکستان کی تجویز پیش کرنی پڑی۔

صدمات: 1. سرکاری نوکری سے استعفٰی کے بعد مالی بحران سے دوچار رہے۔ ماہنامہ "مشورہ" جاری کیا لیکن مالی حالت بدتر ہوگئی۔

2. پرنس معظم جاہ کے شاہانہ مزاج کو برداشت نہ کرسکے اور نوکری ترک کردی۔ کچھ دنوں کی فارغ البالی پھر مالی بحران میں تبدیل ہوگئی۔

3. 1953ء میں والد کا انتقال ہوگیا۔

4. 1958ء میں اہلیہ کا طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔

5. برادرِ خرد کوکب آفندی اور دو بیٹیوں کا پاکستان میں ہمیشہ کے لئے آباد ہونا۔

علالت اور مرض الموت: تجم آفندی کو پرنس معظم جاہ شجیع کی درباردار ی نے نیندکی گولیوں کا محتاج کردیا تھا، چنانچہ آخری عمر تک ان زہریلی دواؤں کا اثر باقی رہا۔ اعصاب میں تناؤ، کم خوابی، لاغری اور ضعف کے علاوہ آخری عمر کے حصے میں معدہ، جگر، قلب کی بیماریاں اور رعشہ وثقل سماعت سے دوچار رہے۔ آخری عمر جو پاکستان میں گزری عموماً بہت کم باہر نکلتے تھے اور زیادہ تر بستر پر لیٹے رہتے تھے۔

پاکستان میں: 1. تجم آفندی پہلی بار اپریل 1971ء میں بمبئی سے بحری جہاز میں سوار ہوکر کراچی کی بندرگاہ پر اترے۔ کراچی میں چند مہینے قیام کرکے وہ لاہور گئے پھر کراچی آتے جاتے رہے۔ تجم صاحب محافلِ شعروسخن، مشاعروں مسالموں، مقاصدوں اور مجلسوں میں شرکت فرماتے رہے۔ پاکستان میں تقریباً ہر بڑے اور معروف ادیب، شاعر اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خطیب سے ملاقاتیں رہیں۔ ان کا کلام روزناموں، رسالوں، جریدوں میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتا رہا۔ پاکستان کے مختلف شہروں میں قیام کے دوران بعض اوقات اپنی یاد داشتیں ایک ڈائری میں بھی مرتب کیں جو ان کی ملاقاتوں اور محفلوں کی عمدہ یادگاریں ہیں۔

وفات : تاریخ 17/ذی الحجہ 1395 ہجری مطابق 21/دسمبر 1975ء

وقت : ½9 بجے صبح

مقام : کراچی

دن : اتوار

غسل میت : وصیت کے مطابق مکان پر ہوا

نمازِ میت : بارگاہ رضویہ سوسائٹی میں پڑھائی گئی

دفن : سخی حسن دربار کے قبرستان واقع نارتھ ناظم آباد ہوا۔ شفیق اکبر آبادی نے تلقین پڑھائی۔ سوئم کی مجلس رضویہ سوسائٹی کے امام باڑے میں ہوئی۔ سید ضمیر نقوی صاحب نے مجلس پڑھی۔ جنازہ میں صرف پچیس تیس افراد نے شرکت کی۔

<u>قطعات، اشعار اور مصرعہ تاریخ وفات</u>

1. جناب نسیم امروہوی:

لکھ دو نسیم باکمال قبر پہ سال انتقال
<u>بقعۂ پاک محوِ خواب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم</u>

1975ء

2. جناب رئیس امروہوی:

فراق نجم آفندی مرحوم
<u>"غروب انجم نجم" اے قلم لکھ</u>

1395ھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

3. جناب فیض بھرت پوری:

رحلت شاعرِ فنا فی اللہ
نجم آفندی اکبر آبادی

1975ء

4. جناب ساحر لکھنوی

سال رحلت کے لئے قبر پہ لکھ دو ساحر
نجم ہے دامنِ مدفن میں ستارے کی طرح

1395ھ

5. جناب کسریٰ منہاس:

دُریک دانہ نکتہ داں شاعر

1395ھ

شاعرِ نکتہ داں گرامی تبار

1975ء

6. جناب نیساں اکبرآبادی

تذکرۂ اہلِ بیت جس کا تھا شغلِ سخن
خلد میں وہ آگیا شاعرِ شیریں نوا

1975ء

7. جناب خلش پیر اصحابی:

الف سے الم کے خلش اب تو یوں
ہے لکھا نجم غم دائم رہا

1395ھ = 1394 + 1

8. جناب باقر امانت خوانی:

اس طرح باقر نے کھینچا منظرِ سالِ وفات
اب فلک سے شاعری کے نجم ٹوٹا جلوہ ریز

1975ء

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

9. پروفیسر فیضی:

بتائید الٰہی یہ شرف فیضی انہی کا تھا
عزادارِ شہید کربلا تھے تجمّ آفندی

1975ء

10. جناب شائق زیدی:

رہے وہ اے شائق بہ تجمّل ۔۔۔ شاعرِ اہلِ بیت جہاں میں
پڑھتے ہوئے آیاتِ ماتم ۔۔۔ تجمّ گئے ہیں باغِ جناں میں

1395 ہجری

11. جناب فضل الدین فدا

تعزیت نامہ پاسدارِ اہلِ حق

1395 ہجری

وفاتِ حسرت آیات جلیل القدر

1975ء

مرجع کرم خسروِ اقلیم دانش

1975ء

برگزیدہ رحمٰن نازشِ ملّت تجمّ آفندی اعلی اللہ مقامہ

1975ء

وحید زماں بلند آستاں نور اللہ مرقدہ

1395 ہجری

یہ صدمہ کس قدر غم آفریں ہے ۔۔۔ نظر بے چین دل اندوہ گیں ہے
فدا لکھ تجمّ کی تاریخ رحلت ۔۔۔ بلا شک ساکنِ خلدِ بریں ہے

1395 ہجری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# مکتوب سیّد باقر حسن زیدی

۳رفروری ۲۰۰۵ء

برادرم تقی عابدی                                    السلام علیکم

شکاگو کے قیام کے دوران آپ سے وعدہ کیا تھا کہ علامہ نجم آفندی مرحوم کی موت کے حالات آپ کے لیے قلم بند کروں گا تا کہ غلط فہمیوں کا تدارک ہو اور صحیح صورت حال واضح ہو سکے سو یہ تحریر حاضر ہے۔

نجم صاحب کا انتقال ان کے داماد مرحوم سید شمیم عباس کاظمی کے مکان پر ہوا جو اس وقت حیات تھے۔ ان کی بیگم یعنی نجم صاحب کی صاحبزادی بھی موجود تھیں۔ ان کا انتقال گذشتہ سال کراچی میں ایک ایکسیڈنٹ کے نتیجے میں ہوا۔

شمیم بھائی شعر و ادب کی دنیا کے آدمی نہیں تھے۔ وہ سماجی اور معاشی اعتبار سے بھی کمزور تھے اور اسی لیے شاید وہ سب کچھ نہ ہوسکا جو ہونا چاہیے تھا۔ کسی اچھے قبرستان کے بجائے سخی حسن کے قبرستان میں دفن کیا جانا اور چہلم کی مردانی مجلس کا نہ ہوسکنا بھی شاید معاشی حالات کے سبب سے ہو۔

میں ان دنوں بسلسلہ ملازمت حیدرآباد میں رہتا تھا اور ہر Week-END پر کراچی آیا کرتا تھا۔ ان کا انتقال چونکہ اتوار کو ہوا تھا اس لیے میں موجود تھا اور ایک شب قبل بھی مزاج پرسی کے لیے دردولت پر حاضری دے چکا تھا۔ صبح انتقال کی خبر سن کر ان کے گھر پہنچا تو یہ مسئلہ زیر بحث تھا کہ غسل وکفن کہاں ہو۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ میت رضویہ کالونی کی امام بارگاہ لے جائی جائے جبکہ بعض چاہتے تھے کہ مرحوم کی وصیت کے احترام میں غسل وکفن گھر پر ہی ہو لیکن غسل دینے والا کوئی نہ تھا۔ میں نے اپنے چچا کو کولیمار سے بلوایا تا کہ وہ مجھے ہدایات دیتے رہیں اور اس طرح یہ سعادت مجھ ایسے گناہگار کو نصیب ہوئی۔ اخبارات کو خبر بھجوانے کی حامی کچھ قریبی اعزا نے بھری لیکن ریڈیو کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذمہ داری کسی نے نہ لی۔ میں نے ایک خبر تیار کر کے اپنے ایک Cousin کو دی۔ وہ ریڈیو پاکستان پہنچے تو انھوں نے یہ کہہ کر انھیں واپس کر دیا کہ مرحوم کا تعلق چونکہ ہندستان سے ہے اس لیے وہ معذرت خواہ ہیں۔ چنانچہ جناب رئیس امروہوی سے رابطہ کیا تو انھوں اس خبر پر یہ نوٹ لکھا کہ نجم آفندی صاحب کی لاکھوں عقیدت مند کراچی میں اور پورے پاکستان میں رہتے ہیں اس لیے ان کے انتقال کی خبر ریڈیو سے نشر ہونی چاہیے۔ یہ تحریر دیکھ کر اس خبر کو نشر کیا گیا۔ فلمی گانوں کا پروگرام ''آپ کی فرمائش ON-AIR تھا جسے روک کر اناؤنسر نے کہا کہ ہم بڑے افسوس کے ساتھ یہ خبر نشر کر رہے ہیں کہ ہندستان کے مشہور شاعر نجم آفندی کا آج صبح کراچی میں انتقال ہوگیا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اس خبر کو خبرنامے میں بھی شامل کیا جاتا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ ظاہر ہے فلمی گانوں کے دوران نشر کی گئی خبر کسی ثقہ آدمی کے کان تک کہاں پہنچ پاتی۔ ان کے جنازے میں میرے اور والد مرحوم حضرت فیض بھرتپوری کے علاوہ کل بیس پچیس افراد کا مجمع تھا۔ دفن کے بعد علامہ عباس حیدر عابدی کے گھر جا کر ان سے سویم کی مجلس کا وعدہ لیا جو انھوں نے بڑے شوق سے کر لیا۔ مجلس میں تشریف لائے۔ اخبارات میں موت کے یا سویم کے حوالے سے کوئی خبر چھپی ہی نہیں اس لیے مجمع کیا ہوتا۔ یوں بھی سہ پہر کا وقت منگل کا دن۔ لوگ دفتروں میں تھے۔ علامہ نے تھوڑی دیر انتظار کیا۔ جب صورت حال وہی رہی تو قوم کو برا بھلا کہا۔ علامہ ضمیر اختر نقوی سے اس مجلس کو پڑھنے کا وعدہ لیا اور گھر لوٹ گئے۔ مجلس ضمیر اختر صاحب نے پڑھی اور خوب پڑھی۔ انھوں نے یہ خیال نہیں کیا کہ چند آدمی ہیں تو چند جملوں میں زیارت پڑھوادیں۔

نجم صاحب کے اکلوتے فرزند علامہ سہیل آفندی ان دنوں دبئی میں رہتے تھے۔ دفن میں شرکت شاید نہ کر سکے مگر نہ سویم پر آئے نہ چہلم پر۔ چہلم کی مردانی مجلس نہیں ہوئی۔ شمیم بھائی کے گھر پر چہلم کی زنانی مجلس ہوئی۔

باقر زیدی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم آفندی

# خودنوشت سوانحِ حیات

آج سہ شنبہ 29/ جمادی الاول 1392ھ مطابق 11/ جولائی 72ء ہے اور میں ایک مرتبہ پھر اپنے سوانح حیات کی تحریر کا آغاز کر رہا ہوں۔ انجام خدا کے اختیار میں ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ میری عمر 82 برس کی ہو چکی ہے اور ہوش سنبھالنے کے بعد سے کئی مرتبہ یہ اقدام کر چکا ہوں لیکن اس موضوع کا تکملہ نہ ہوسکا بلکہ کچھ لکھ سکا وہ بھی تلف ہو گیا۔

واقعات قابلِ تحریر اتنے ہیں کہ اگر میرا حافظہ کام دیتا تو ایسی کسی کاپی کے ہزارہا اوراق بھی ناکافی ہوتے۔ بہت سے واقعات ایسے ہیں جن سے متعلق افراد کے نام یاد نہیں رہے، بہت سے افراد کے نام حافظہ میں ہیں مگر اُن سے متعلق واقعات یاد نہیں رہے۔

مذہبی اعتبار سے شیعہ اثنا عشری ہوں اور قومیت کے لحاظ سے ترک ہوں جو ہندوستان میں مغل اور مرزا کہلائے۔ میرے جد اعلیٰ مرزا نجف علی بیگ تھے جو مرزا جعفر علی فصیح کے چھوٹے بھائی تھے۔ ان دونوں سے چھوٹے بھائی ایک اور تھے جن کا نام میرے ذہن میں نہیں رہا۔ غالباً صبیح تخلص تھا۔ یہ مرزا فصیح کے ساتھ مکہ معظمہ چلے گئے تھے۔ اُنھیں کے اخلاف میں ایک بزرگ ہندوستان آئے تھے جب میری ڈھائی یا تین سال کی عمر تھی اور کچھ دن ہم لوگوں کے ساتھ قیام کیا تھا۔ ایک دن میں نے اُن کی گھڑی کی زنجیر میں (جب وہ گھڑی پلنگ پر رکھ کر ہاتھ منہ دھو رہے تھے) گانٹھ لگادی۔ موصوف نے دیکھ کر فرمایا۔ کیوں مرزا صاحب آپ نے ہماری گھڑی کی زنجیر میں گرہ لگادی۔" میں نے فوراً جواب میں کہا۔ "گرہ کہتے ہو گانٹھ کہو۔" وہ بزرگوار بہت محظوظ ہوئے اور کہنے لگے" لیجیے اصلاح کا سلسلہ شروع ہو گیا۔"

مرزا فصیح کے متعلق کچھ ایسے واقعات بھی ہیں جن پر دورِ حاضر میں یقین نہیں کیا جاسکتا۔ میں انھیں ضبطِ تحریر میں نہیں لاؤں گا صرف وہی حالات درج ہوں گے جو بعض مصنفین کی کتابوں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے ملے ہیں۔ مولانا سیّد مظہر حسین سہارنپوری نے اپنی کتاب ''تہذیب المتین فی تاریخ امیر المومنین'' کی جلد اول میں تحریر فرمایا ہے:

''قبر مبارک حضرت ابو طالبؑ و جناب خدیجۃ الکبریٰ کی مکہ میں اب تک بے گنبد تھی۔ ہمارے اس زمانے سے کچھ پیشتر یعنی اوسط تیرہویں صدی ہجری میں جناب مغفرت مآب مرزا جعفر علی فصیح لکھنوی نے (مولف نے لکھنوی اس اعتبار سے لکھا ہے کہ میرے اسلاف نے ایک عرصے تک لکھنؤ میں بھی قیام کیا) کہ آخر ایام حیات میں ہجرت کر کے مکہ معظمہ چلے گئے تھے۔ بہ کمال جانفشانی مومنین خاصین کو ترغیب و تحریص کر کے ان دونوں قبروں کے گنبد تعمیر کرائے گویا تمام شیعوں پر بذل احسان کیا۔ اب مومنین نزدیک و دور سے ان حضرات کی زیارت سے مستفیذ ہوتے ہیں۔ حق تعالیٰ بعوض اس کارِ خیر کے مرزا صاحب مرحوم کو جنت الخلد میں گھر عطا فرمائے۔ واقعی بہت بڑا کام کیا ہے۔''

صاحبِ ''آب حیات'' محمد حسین آزاد دہلوی نے اپنی اسی کتاب میں لکھا ہے کہ:

''اُس دور میں چار مرثیہ گو نامی تھے خلیق، ضمیر، دلگیر اور فصیح۔ مرزا فصیح حج و زیارت کو گئے اور وہیں قیام پذیر ہو گئے۔''

اب میں اپنی سوانح حیات کے مطالعہ کرنے والوں کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ممکن ہے بہت سے حضرات اس سے واقفیت نہ رکھتے ہوں کہ خلیق میر انیس کے پدر بزرگوار تھے اور میاں ضمیر مرزا دبیر کے اُستاد تھے۔ دلگیر ایک ہندو شاعر جھنولال نامی تھے۔ طرب تخلص تھا جو مسلمان ہو گئے اور دلگیر تخلص اختیار کر کے مرثیہ کہنے لگے۔

مرزا فصیح کی یہ خصوصیت اہل نظر سے پوشیدہ نہیں ہے کہ ان کا کلام ہر دور میں پڑھا گیا اور اس زمانے میں بھی محرم کی ساتویں تاریخ ''سلامی کربلا میں جب بنا ابن حسن دولھا'' کہیں نہ کہیں سننے میں آ جاتا ہے۔ ''سلام لکھتا ہوں میں حرم میں، قلم سے زم زم ٹپک رہا ہے۔'' مرزا صاحب کا مشہور ترین سلام ہے ''جب مشک بھر کر نہر سے عباسؑ غازی گھر چلے۔'' یہ مرثیہ بھی میں نے مجلس میں پڑھتے سنا ہے اور یہی کچھ چیزیں ہیں جن کو درج کر کے اس کتاب کو طوالت دینا نہیں چاہتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے ایک قدیم تذکرہ میں دیکھا تھا کہ مرزا فصیح غزل بھی کہتے تھے۔ مرزا صاحب کے دو شعر بھی اس تذکرے میں تھے جو میں نے نوٹ کر لئے تھے مگر وہ کاغذ بھی دوسرے کاغذات کے ساتھ تلف ہو گیا۔

مرزا فصیح نے کعبتہ اللہ اور حاجیوں کی اتنی خدمت کی تھی کہ ترکی حکومت نے اُن کو آفندی کا خطاب دیا جو نسلاً بعد نسلٍ استعمال ہو سکتا تھا۔

میں نہیں کہہ سکتا کس زمانے میں میرے اسلاف نے آگرہ آکر مستقل قیام اور اسے اپنا وطن بنا لیا۔ میرے دادا مرزا عباس بیگ کی شادی مرزا آغا حسین آغا کے خاندان میں ہوئی۔ آغا اُس دور کے ایسے شاعر تھے جن کے یہ دو شعر آج تک مشہور ہیں

کیوں دل جلوں کے لب پہ ہمیشہ فغاں نہ ہو
ممکن نہیں کہ آگ لگے اور دھواں نہ ہو

---

دیکھیں تو کس طرح انھیں ہوتا نہیں اثر
لو آج نامہ لکھتے ہیں خونِ جگر سے ہم

پنڈت امرناتھ مدن ساحرؔ تخلص اُس دور کے بزرگ شعرا میں تھے اور غالبؔ کے شاگرد منشی ہرگوپال تفتہؔ کے شاگرد تھے۔ وہ جب کسی مشاعرے میں میری غزل سنتے تھے تو فرماتے تھے میں نے ایسا پڑھنا پہلے بھی کبھی سنا ہے۔ ساحرؔ صاحب میرے والد کے احباب میں تھے۔ میں کبھی کبھی ان کی خدمت میں ان کے دولت کدہ پر حاضری دیتا تھا۔ ایک دن کچھ شعرا وہاں جمع تھے اور اپنے خاندانی شاعر ہونے کا تذکرہ کر رہے تھے۔ میں بھی وہاں موجود تھا۔ میں نے کہا مجھے شاعری داد ھیال اور ننھیال دونوں سے ورثے میں ملی ہے۔ پنڈت جی نے یہ سن کر فرمایا ''تمھاری دادھیال کے متعلق تو مجھے علم ہے۔ تمھاری ننھیال میں کون شاعر تھا۔'' میں نے عرض کیا ''مرزا آغا حسین آغا میرے نانا تھے۔'' کہنے لگے ''ارے یہ بات ہے جب ہی تو میں کہتا تھا کہ ایسے پڑھنا میں نے پہلے بھی سنا ہے۔ تم بالکل اپنے نانا کی طرح پڑھتے ہو۔ میں جب آگرہ سینٹ جانسن کالج میں پڑھتا تھا، اس زمانے میں تمھارے نانا کو کئی مرتبہ سننے کا اتفاق ہوا۔''

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میری عمر سال بھر یا سوا سال کی ہوگی کہ ایک عجیب واقعہ ہوا جسے معرض تحریر میں لا رہا ہوں۔
میرے بڑے بھائی مرزا اعجاز حسین مرحوم (جو اکیس برس کی عمر میں انتقال کر گئے) مجھے دو منزلہ کے بڑے کمرے میں ساتھ لے کر آئے تھے جس کے تین دروازے جو ہوا اور روشنی کے لیے صحن کی طرف رکھے گئے تھے، ان کے نچلے حصوں میں کچھ بانس لگا دیے گئے تھے تاکہ بچوں کے گرنے پڑنے کا اندیشہ نہ رہے۔ ایک دروازے کے بانس پر میں نے اور میرے مرحوم بھائی نے ہاتھ سہارے کے لئے رکھ دیے۔ اس بانس کو دیمک کھا گئی تھی۔ بالکل گل گیا تھا۔ ہمارے ہاتھوں کا زور نہ سہار سکا، بانس ٹوٹ گیا اور میں صحن کے فرش پر جا کر گرا جو پورا پتھر کا تھا۔ گھر میں ہر فرد کا یہی خیال ہوا کہ ختم ہو گیا لیکن میں آج تک بقید حیات ہوں اور یہ سوانح حیات لکھ رہا ہوں۔ سر میں ذرا سی چوٹ لگ گئی تھی۔ خون نکل آیا تھا دو چار روز میں یہ زخم اچھا ہو گیا۔

اپنے لڑکپن کے زمانہ کا ایک واقعہ لکھتا ہوں جس سے میرے مزاج کی افتاد کا کچھ اندازہ ہوگا۔ ایک دن کٹرہ کے پھاٹک سے نکل کر سڑک پر پہنچا تھا کہ داہنے ہاتھ کے ایک مکان میں رہنے والے بزرگوار نے اپنے ملازم سے جو ایک لڑکا ہی تھا کہا "جا ذرا یوسف کو بلا کر لے آ" اس نے جواب میں کہا ایئف کو۔ ان بزرگوار نے کہا یوسف کو۔ پھر لڑکے نے وہی کہا ایئف کو۔ یہ سوال و جواب کئی مرتبہ ہوئے اور اب بڑے میاں نے ایک لکڑی جو اُن کے ہاتھ میں تھی، ہر مرتبہ لڑکے کے جواب پر اسے مارنی شروع کر دی۔ لڑکے نے رونا شروع کر دیا۔ میں کچھ دیر تک یہ سین دیکھتا رہا اور پھر میں نے وہ لکڑی ان کے ہاتھ سے چھین لی اور کہا "حضرت وہ یوسف نہیں کہہ سکتا جو کہتا ہے کہنے دیجئے، آپ کو اپنے کام سے مطلب ہے۔" بڑے میاں مجھ پر بہت برہم ہوئے۔ "تم دوسروں کے معاملات میں دخل دینے والے کون، جاؤ اپنا کام کرو۔" غرض اس طرح وہ مار پیٹ ختم ہو گئی اور میں اپنے گھر چلا آیا۔

ذیل کی چند سطروں میں ایک ایسا واقعہ درج کر رہا ہوں جس سے میرے دل میں اپنے ایک ٹیچر کی عزت بہت بڑھ گئی۔

"مفید عام اسکول میرے مکان سے بالکل قریب تھا جہاں میں پڑھ رہا تھا۔

مولوی سلامت اللہ صاحب جو یہاں اردو اور فارسی پڑھاتے تھے، ریٹائر ہو گئے اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کی جگہ ایک ہندو ماسٹر صاحب مقرر کیے گئے جو غالباً کائستھ تھے۔ اس جماعت میں صرف اردو کا درس ہوتا تھا۔ پہلے ہی دن ماسٹر صاحب نے ایک لفظ کے غلط معنی بتائے۔ میں نے کہا "ماسٹر صاحب! اس لفظ کے معنی یہ نہیں ہیں اور فصیح معنی بتا کر کہا یہ ہیں۔" ماسٹر صاحب بہت بگڑے اور فرمانے لگے "خاموش رہو تم مجھ سے زیادہ جانتے ہو۔" میں نے عرض کیا "یہ بات نہیں ہے اتفاق ہے۔ آپ لغت منگا کر دیکھ لیجئے۔" میرے اصرار پر لغت منگا کر دیکھی۔ اور میرا کہنا سچ ثابت ہوا۔ دوسرے یا تیسرے روز پھر ایسا ہی واقعہ ہوا۔ اب ماسٹر صاحب نے کہا "دیکھو بھئی تم کلاس کو پڑھایا کرو ہم بیٹھے سنتے رہیں گے۔"

مذہبی اعتبار سے پہلا مسئلہ جس کی تحریک و تائید میں نے کی اور مجھے کامیابی حاصل ہوئی وہ حسب ذیل ہے۔

آگرہ میں قاضی نور اللہ شوستری شہید ثالث علیہ الرحمہ کا مزار ہے جن کو جہانگیر کے ایام حکومت میں شہید کر دیا گیا تھا۔ اس واقعہ کے متعلق دو چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھی گئی ہیں دونوں کے ٹائٹل پر میرا یہ شعر مولفین نے درج کیا ہے:

جاں نثاروں نے ترے کر دیئے جنگل آباد
خاک اڑتی تھی شہیدانِ وفا سے پہلے

خدا ہی جانتا ہے کہ کس نے اس مقام کی چہار دیواری بنائی اور کب سے یہاں مُردے دفن ہونے شروع ہوئے۔ ان کتابوں میں کچھ ایسے حالات ضرور ہوں گے مگر میرا حافظہ بالکل کام نہیں دیتا اور وہ کتابیں دوسری کتابوں اور کاغذات کے ساتھ ضائع ہو گئیں۔ محلّہ گلاب خانے کے ایک بزرگ حاجی فدا علی مرحوم آٹھویں دن کچھ افراد کو ہمراہ لے جا کر مزار شہید ثالث پر ایک مجلس عزا کیا کرتے تھے اور وہاں کی صفائی وغیرہ کا بھی اس سلسلے میں اہتمام ہو جاتا تھا۔ ان کے انتقال کے بعد یہ طریقہ ختم ہو گیا۔ ایک دن ہمارے محلے کے ایک فرد نے گلاب خانے جا کر ہر محلّہ سے حاجی فدا علی کی طرح وہاں کی دیکھ بھال کرنے کی اجازت حاصل کی جو فوراً ہی مل گئی۔ ان کے انتقال کے بعد ان کے صاحبزادے نے جن کے کچھ اثرات بھی افرادِ قوم اور سرکاری ملازمین پر تھے، اس زمین

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر اپنے اور اپنے بھائی کے نام سے بحصۂ مساوی کھیوٹ وغیرہ میں لکھوا کر قبضہ جمالیا۔ پوری تفصیل واقعے کی مجھے یاد نہیں رہی۔ بہر حال میں نے کچھ افرادِ قوم کو جمع کر کے واقعات بتائے اور سب نے مل کر اُن کے قبضۂ ناجائز سے اس مقام کو نکال لیا۔

میرے بڑے پھوپھا سید محمد حسن قمر داعی پور ضلع فرخ آباد کے رہنے والے تھے اور حضرت منیر شکوہ آبادی کے شاگرد تھے اور اپنے استاد کے رنگ میں شعر کہتے تھے۔ داد دینے میں بڑے محتاط واقع ہوئے تھے۔ جب تک کسی کا شعر ان کے دل پر کوئی خاص اثر پیدا نہ کرے تعریف میں زبان نہ ہلاتے تھے۔ ایک روز میں ایک مشاعرہ پڑھ کر آ رہا تھا کہ موصوف کا سامنا ہو گیا۔ مجھ سے پوچھا۔ کیا تم کسی مشاعرے میں گئے تھے۔ میں نے اثبات میں جواب دیا تو فرمایا ''کس کا شعر یاد ہے جو سب سے زیادہ کامیاب رہا ہو۔''

میں نے رئیس مرحوم کے ایک شاگرد کا مطلع سنایا جس پر بہت داد ملی تھی۔

ان کا ناوک ہوا دل لے کے جو چمپت کیا ہے
یہ سدا کا ہے اُچکا، نئی عادت کیا ہے

مجھ سے پوچھا ''تمھارا مطلع کیا تھا'' میں نے اپنی غزل کا مطلع پڑھا:

لذتِ درد سے بے درد کو نسبت کیا ہے
اہلِ دل جو نہ ہو کیا جانے محبت کیا ہے

''یہ مطلع ہے۔'' ان کی اس داد پر مجھے خود بڑا تعجب ہوا اور اس دن سے میں نے شعر و سخن میں بہت زیادہ دلچسپی لینی شروع کر دی۔ حضرت رئیس کے شاگرد کا یہ شعر جو میں نے اس واقعے کے سلسلے میں درج کیا ہے کسی مزاحیہ غزل کا مطلع معلوم ہوتا ہے مگر یہ حقیقت نہیں ہے۔

اب جو واقعہ درج کر رہا ہوں وہ پنڈراول ضلع علی گڑھ سے متعلق ہے۔ اس ریاست میں تین روز تک چھ مجلسیں سالانہ ہوا کرتی تھیں۔ اب تو ہر بڑے شہر میں سالانہ مجالس ہوتی ہیں۔ میں نے یہاں کی مجلسوں میں کئی سال شرکت کی ہے اور تمام بڑے بڑے ذاکروں کو سنا ہے۔ حدیث خوانوں میں مولوی سبط حسن جیسے زبردست مقرر کو، سوزخوانوں میں منجھو صاحب اور ایک مرتبہ ان کے استاد مہدی حسین صاحب کو بھی، مرثیہ خوانوں میں دولھا صاحب کو مرزا اوج کو، طاہر صاحب کو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہلی مرتبہ میں اپنے والد مرحوم کے ساتھ ان مجلسوں میں گیا تھا۔ ایک دن شام کی مجلس کے بعد وہ مجھے راجہ صاحب کی خدمت میں لے گئے۔ اُس زمانے میں انیسیے اور دبیریے کا بڑا سوال تھا اور راجہ صاحب بڑے پکّے دبیریے تھے۔ جو کوئی نوجوان شاعر ان سے ملتا تھا اس کو مرزا اوجؔ کی شاگردی کا مشورہ دیتے تھے اور جو شاگرد ہو جاتا تھا اس کو ایک گنّی انعام دیا کرتے تھے۔ مجھ سے پوچھا۔ تم بھی کچھ کہتے ہو؟ میں نے کہا۔ جی ہاں۔ فرمایا: سناؤ۔'' میں نے شاہ نیاز احمد وارثی کی غزل پر مصرعے اردو میں لگائے تھے جس کا مطلع ہے:

زہے عزّ و جلالے بو ترابے فخرِ انسانے
علیِؑ مرتضیٰ مشکل کشائے شیرِ یزدانے

یہیں تضمین سنائی، بہت خوش ہوئے اور مجھ سے بھی کہا کہ ''تم مرزا اوجؔ کے شاگرد ہو جاؤ۔'' میں نے جواباً عرض کیا ''میں کیسے شاگرد ہو سکتا ہوں۔'' فرمایا ''کیوں کیا بات ہے؟'' میں نے کہا ''میرے گھر خود استادی ہے۔''

والد مجھے ڈانٹنے لگے۔ راجہ صاحب نے کہا ''آپ کچھ نہ کہیے۔ صاحبزادے بالکل ٹھیک کہتے ہیں۔ مرزا فصیحؔ کے پوتے ہیں۔ لاؤ ہمارا صندوقچہ۔'' ملازم صندوقچہ لے کر آیا تو مجھے دو گنّیاں عنایت ہوئیں۔

سن تو مجھے یاد نہیں رہا۔ بہر حال ایک سال انھیں مجلسوں میں جب میں پنڈراول گیا ہوں تو میں اور دولھا صاحب عمارت کے ایک ہی حصے میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ ایک دن ہم دونوں ساتھ بیٹھے ہوئے حقہ پی رہے تھے اور باتیں کر رہے تھے کہ آگرہ کا ایک لڑکا ابوجعفر جس کا نام تھا، دوڑا ہوا آیا اور بے ساختہ کہنے لگا۔

''دولہا صاحب! لوگ کہتے ہیں کہ آپ اپنے باپ کا کلام پڑھتے ہیں۔''

دولہا صاحب نے فوراً جواب دیا:

''ان سے کہہ دیجئے وہ کہتا ہے کہ میں اپنے ہی باپ کا کلام پڑھتا ہوں، آپ کے باپ کا تو نہیں پڑھتا۔'' یہ جملہ کہہ کر دولہا صاحب نے مسکراتے ہوئے میری طرف داد طلب نظروں سے دیکھا۔ میں نے کہا ''اس سے بہتر جواب نہیں ہو سکتا۔''

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سن تو مجھے یاد نہیں رہا، واقعہ یاد ہے۔ پنڈراول کی مجالس کا دوسرا یا تیسرا دن تھا۔ کچھ تکان محسوس ہو رہی تھی۔ اول شام سے پلنگ پر لیٹ کر سو گیا۔ کوئی گھنٹہ بھر بعد ہی ایک غیر معمولی آواز سے آنکھ کھل گئی۔ پلنگ سے متصل دو تخت بچھے ہوئے تھے، ان پر بیٹھے ہوئے نسیم امروہوی ایک صاحب کو مرثیہ سنا رہے تھے اور وہ میں فرما رہے تھے ''سبحان اللہ ہزار سبحان اللہ اور دس ہزار سبحان اللہ لاکھ سبحان اللہ، دس لاکھ سبحان اللہ ——— '' مجھ سے ہنسی ضبط کرنا مشکل ہو گیا۔ اور میں بستر سے اٹھ کر اس عمارت کے دوسرے گوشے میں چلا گیا۔ یہ تعریف کرنے والے صاحب بھی شاعر تھے اور میں ان کا نام بھول گیا۔

دوسرا واقعہ سنئے:

ہر زمانے میں کچھ غیر شاعر، شاعر اور کچھ غیر مولوی، مولوی بن جاتے ہیں۔ اسی طرح کے ایک مولوی صاحب نے جہاں میں بیٹھا تھا، کچھ لوگوں کو جمع کر کے الٹی سیدھی تقریر شروع کر دی اور ان پر اپنے علم و فضل کا رعب جمانے لگے۔ تھوڑی دیر تک تو میں سنتا رہا۔ آخر تنگ آ کر ان سے عرض کیا۔ ''یہ سب تو بعد کی باتیں ہیں، پہلے آپ خدا کے وجود کا ثبوت تو دیجئے۔'' جواب میں فرماتے ہیں۔

''اگر خدا چاہے تو یہ دیوال (دیوار) بھی گویا ہو جائے۔''

میں نے کہا ''بس معلوم ہو گئی آپ کی قابلیت۔ آپ سے خدا کے وجود کا ثبوت مانگا جا رہا ہے اور آپ خدا چاہے تو یہ دیوال (دیوار) بھی گویا ہو جائے، اس کا جواب دیتے ہیں اور دیوار کا لفظ بھی صحیح نہیں ہے، دیوال کہہ رہے ہیں۔''

سب حضرات جو وہاں جمع تھے یہ سن کر ہنسنے لگے اور وہ حضرت اُس وقت سے مجھ سے دور دور رہنے لگے۔

شاعری کی ابتدا ہی سے مجھے بڑے پیمانے پر مشاعرے کرانے کا شوق تھا۔ اور میں نے سب سے پہلے اپنے وطن آگرہ میں اپنے مکان کے سامنے کی زمین پر جو کافی وسیع تھی، چار طرف بڑے بڑے بانس گاڑ کر اور ان پر چاندنیاں لپیٹ کر مشاعرے کے لئے بہت عمدہ جگہ بنائی۔ شہر کے تمام شاعروں کو مدعو کیا، جس میں سیماب اکبرآبادی کا نام مجھے یاد ہے۔ مصرع طرح بھی یاد نہیں رہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک شعر اپنی غزل کا یاد رہ گیا جو مطلع تھا۔

چاندنی میں تم ذرا گھر سے نکل کر دیکھتے
قبر عاشق اور ایک میلی سی چادر دیکھتے

جب تک میں آگرہ میں رہا پھر ایسا مشاعرہ نہیں ہوا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب آگرہ میں تعزیہ داری بہت زور شور سے ہوتی تھی۔ شیعہ سُنّی اور ہندو سب تعزیہ داری کا فریضہ ادا کرنے میں حصّہ لیتے تھے۔ اہل سنّت کے اہتمام سے ایک پھولوں کا تعزیہ اتنا اونچا بنا کر گشت کرایا جاتا تھا کہ پردہ دار عورتیں اپنے مکانوں کے بالا خانوں سے زیارت کر لیتی تھیں اور ایک پھولوں کا چھوٹا تعزیہ جس کا گشت ۷ اور ۹ محرم کو ہوتا تھا، اس میں صادق نامی ایک نوجوان (اہل سنت) اور اس کے ساتھی انیسؔ کے سلام اور جلیلؔ استاد نظام حیدر آباد کے سلام راستے بھر پڑھتے تھے اور بہت بڑا مجمع ساتھ رہتا تھا۔ صادق نے میرے شاگرد رعنا اکبر آبادی سے کہا کہ تجمّل صاحب سے کہہ دو، وہ ہمیں پڑھنے کے لیے سلام کہہ کر دیں۔ میں نے ان کی خواہش کے مطابق سلام کہہ کر دیا جس کا مطلع تھا:

وفا پر کربلا میں ہوگئے صدقے وفا والے
خدا کے سب تھے بندے پر بہتر تھے خدا والے

یہ سلام پڑھا جا رہا تھا اور بہت کامیاب ثابت ہو رہا تھا۔ جب صادق اس شعر پر پہنچا:

فرشتے حشر میں سمجھے گروہِ انبیاء آیا
کچھ ایسی شان سے آئے محمدؐ مصطفےٰ والے

تو سامعین میں سے ایک شخص نے اپنا دوشالہ کندھے سے اتار کر صادق کو دے دیا اور لطف کی بات یہ ہے کہ اسی سلام کو میں نے مختلف سوز خوانوں سے مجالس میں دوسرے شعرا کے تخلص سے سنا۔

دوسرے سال اسی زمانے کا ذکر ہے جن دو بھائیوں سے قاضی صاحب کے مزار کے سلسلے میں جھگڑا ہوا تھا، اپنے مکان کے دروازے پر ایک صاحب کھڑے تھے۔ میں اپنے گھر جا رہا تھا جو ان کے مکان سے بالکل قریب تھا۔ مجھے دیکھ کر کہنے لگے، ابھی سُن کر آ رہا ہوں:

سنا کر تجمّل قصہ کربلا والے شہیدوں کا
مسلمانوں کو سمجھا دو مسلماں ایسے ہوتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب تک میں آگرہ میں رہا، ہر سال ایک نیا سلام کہہ کر دیتا تھا جو پڑھا جاتا تھا اور بہت پسند کیا جاتا تھا۔

اُس زمانے میں انیسیئے اور دبیریئے کا بڑا ہنگامہ رہتا تھا۔ ہمارے ہمسایہ وہی جن سے قاضی صاحب کے مزار کا جھگڑا چلا تھا، انیسیئے تھے اور ان کے ہاں مجلسوں میں ایک صاحب انیسؔ اور ان کے خاندان کے افراد کے مصنفہ مرثیے پڑھتے تھے اور میرے ایک عزیز قریب بزرگ مرزا دبیرؔ اور ان کے خاندان کے مرثیہ گوحضرات یا اس خاندان کے متبعین کا کلام پڑھتے تھے۔ یہ مجلسیں بڑے زوروشور کی ہوتی تھیں۔

ایک روز وہ میرے عزیز بزرگ عموماً جن صاحب کا کلام پڑھا کرتے تھے، ان کا مصنفہ مرثیہ نقل کرتے کرتے حمام میں چلے گئے اور جس رُخ پر دو بند لکھے تھے، اس کو اسی طرح چھوڑ کر گئے تھے۔ میں اُدھر سے گزرا تو وہ بند میں نے پڑھے اور پنسل سے کچھ تغیر وتبدل کر کے باہر چلا گیا۔ جب وہ حمام سے آئے اور انھوں نے تغیر وتبدل دیکھا تو پوچھا یہ کس نے کیا ہے تو گھر والوں نے میرا نام بتایا۔ فوراً انھوں نے ایک لڑکے کو بھیج کر مجھے بلایا اور مجھ سے کہا یہ مرثیہ لے جاؤ اور اسی طرح ترمیم و تنسیخ کر کے مجھے دے دینا۔ میں نے تعمیل ارشاد کی۔ جب تک آگرہ میں رہا یہ سلسلہ جاری رہا۔ میں اس واقعے سے متعلق کسی کا نام لکھنا پسند نہیں کرتا، اس سے کچھ لوگوں کو تکلیف پہنچنے کا احتمال ہے۔

اب جو قصہ میں لکھ رہا ہوں، ممکن ہے میرے ہم عصر قارئین سے کسی کو اس کا علم ہو جس کو سیاست سے دلچسپی رہی ہو۔

جس زمانے میں گاندھی جی آنجہانی غالباً افریقہ میں تھے اپنے وطن ہندوستان نہیں آئے تھے، دہلی میں ایک نوجوان طالب علم جن کا نام غالباً حیدر رضا زیدی تھا، یکا یک انگریزی مصنوعات کے خلاف سودیشی چیزوں کے استعمال کی موافقت میں تقریریں کرنے لگے۔ سن وغیرہ تو مجھے یاد نہیں۔ یہ وہ زمانہ تھا جب آگرہ میں پھول ڈول کے میلے ہوتے ہیں۔ آج کسی بازار میں میلہ ہے، کل کسی بازار میں ہے۔ تقریباً پندرہ بیس روز یہ میلے جاری رہتے ہیں۔ آگرہ آکر بھی اُس زمانے میں انھوں نے دو ایک تقریریں کی تھیں۔ ان کے ایک عزیز کسی بڑے عہدے پر ممتاز تھے۔ کمشنر نے ان کو بلا کر کہا "یہ طالب علم بہت تیز ہے۔ اگر یہ تیار ہو جائے تو حکومت اپنے صرف سے اسے لندن تعلیم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے لیے بھیج سکتی ہے۔" غرض ان کے عزیز اور دیگر اعزا نے اسے سمجھا بجھا کر لندن بھجوادیا۔

اُسی زمانے میں ایک روز ایک ہلکا سا زلزلہ آیا۔ میں نے جو زمین ہلتے ہوئے دیکھی اور اس کے متعلق والدہ سے کچھ دیر گفتگو کر کے ایک مضمون لکھ کر آگرہ اخبار کے دفتر پہنچا دیا جو اس پرچہ میں شائع ہوا اور بہت پسند کیا گیا۔ چاروں طرف سے اس کی تعریفوں کی آوازیں آئیں۔ یہ میرا پہلا نثر کا مضمون تھا۔

دوسرا مضمون "حسینؑ اور ہندوستان" کے عنوان سے لکھنا شروع کیا جس میں یہ ثابت کرنا مقصود تھا کہ امام حسین علیہ السلام سے ہر قوم و مذہب کے افراد کو عقیدت ہے۔ خواہ وہ ہندو ہوں، عیسائی ہوں، سکھ ہوں، راجپوت ہوں۔ اتفاقاً ایک کتاب میرے ہاتھ لگ گئی جس کے مصنف کوئی اہل سنت تھے۔ نہ مجھے کتاب کا نام یاد ہے، نہ اس کے لکھنے والے کا۔ اس کتاب میں یہ واقعہ درج تھا کہ امام حسینؑ کے ساتھ شریک ہوکر سات برہمنوں نے یزیدی فوج سے جنگ کی تھی، یا مختار کے ساتھ شامل ہوکر حضرت کے قاتلوں سے انتقام لیا تھا اور ان کی اولاد میں جو لوگ ہیں وہ حسینی بامن کہلاتے ہیں۔

اس واقعے کا تذکرہ ایک ڈاکٹر صاحب سے میں نے کیا جو ہندو تھے۔ ان کا نام بھی یاد نہیں رہا۔ انھوں نے کہا ہم بھی حسینی بامن ہیں۔ بہرحال اس مضمون میں حسینی بامنوں کا ذکر میں نے اس کتاب کے حوالے سے کردیا اور اسے ایک مختصر سی کتاب کی صورت میں شائع کرا کے آگرہ میں تقسیم کیا۔

واقعات اس زمانے کے بہت ہیں مگر مجھے یاد نہیں رہے۔ میں نے بہت کچھ نوٹ کر کے رکھے تھے۔ وہ تمام کاغذات بھی ضائع ہوگئے۔ بہر حال اب میں اپنے مرحوم بڑے بھائی مرزا اعجاز حسین کا ذکر کرتا ہوں۔ یہ وکٹوریہ ہائی اسکول آگرہ کے انٹرنس پاس طالب علم تھے۔ اُس زمانے میں میٹرک نہیں کہلاتا تھا، انٹرنس کہتے تھے۔

وکٹوریہ ہائی اسکول سے نکلنے کے بعد ان کو گوالیار اسٹیٹ میں سب انسپکٹر پولیس کی پوسٹ مل گئی اور وہاں کام کرنے لگے۔ ایک روز کچھ کانسٹبلوں کو ساتھ لیئے تھانے کی طرف جارہے تھے کہ ایک شخص سامنے سے آتا نظر آیا۔ اسے ......................

نوٹ: حضرت نجم آفندی مرحوم نے انتقال سے قبل اپنی سوانح حیات کا آغاز کیا تھا، لیکن موت نے مہلت نہ دی اور مسودہ نامکمل رہ گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انجم آفندی

# جب آتش جواں تھا

میری جوانی کی شاعرانہ سرگرمیاں بہت کچھ ہیں، مگر میں اس وقت صرف تین مشاعروں کی روداد بیان کرسکوں گا۔ پہلے مشاعرے میں میری کارگزاری کو شاعرانہ جسارت کا نام دیا جاسکتا ہے۔ دوسرے مشاعرے میں جو اقدام میں نے کیا ہے، وہ شاعرانہ حمیت سے موسوم ہونا چاہیے۔ مشاعرے کے ہنگامہ کو شاعرانہ شرارت کہا جائے تو بالکل حق بجانب ہوگا۔

ابتدائے شباب اور مشغلہ شعروسخن کے آغاز میں چھوٹے چھوٹے مشاعرے اپنے ہم عمر شعرا کے ساتھ کتنے ہی پڑھ چکا تھا لیکن پہلا بڑا مشاعرہ میں نے جس میں شرکت کی ہے اس کی یاد کے ساتھ ہی مجھے ایک فخر کی سی کیفیت محسوس ہوتی ہے۔ یہ مشاعرہ میں نے مرحوم منشی امیر اللہ تسلیم کے ساتھ پڑھا ہے جو یادگار مومن وتسیم کہلاتے ہیں۔ ان کی عمر اُس وقت سو برس کے قریب پہنچ چکی تھی اور وہ اپنے دو شاگردوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے تشریف لائے تھے۔

اس ضعیفی میں جب بصارت تقریباً ختم ہوچکی تھی (بغیر دو آدمیوں کے سہارا لئے ہوئے چلنا پھرنا ممکن نہ تھا) اردو کی خدمت کے اس جذبے اور مشاعرے کی سرپرستی کے اس کارنامے نے مجھے بے حد متاثر کیا اور میں اپنی جگہ سے اٹھ کر آداب عرض کرکے ان کے پاس جا بیٹھا۔ اس مشاعرے میں میرے والد مرحوم مرزا بزم آفندی، منشی حیات بخش رسؔا، جناب جادورام پوری، جناب طپش مارہروی، جناب ضمیم بلند شہری وغیرہ اس دور کے اساتذہ کرام بھی تشریف رکھتے تھے۔ جب سب شعراء پڑھ چکے تو حضرت تسلیم کی غزل ان کے ایک شاگرد نے پڑھ کر سنائی۔ اس غزل کے بعد مشاعرہ برخاست نہیں ہوا بلکہ بعض شعراء اور سامعین چاہتے تھے کہ خود حضرت تسلیم کی زبان سے کچھ کلام سنیں لیکن ان سے عرض کرنے میں ہر شخص کو تامل تھا۔ کسی کی ہمت نہیں پڑتی تھی۔ میں نے بغیر کسی مشورے اور اشارے کے اس خدمت کو اپنے ذمے لیا اور موصوف سے بلا تکلف عرض کردیا کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے کبھی آپ کا کلام آپ کی زبان سے نہیں سنا ہے اور میرے ساتھ پورا مجمع آپ سے اس بزرگانہ شفقت کی توقع کر رہا ہے۔ اس بزرگوار نے حیران ہو کر پوچھا۔

"صاحبزادے آپ کون ہیں، اور آپ کا نام کیا ہے؟" میں نے عرض کیا۔ "میں منشی منیر شکوہ آبادی کا پوتا[1] نجم آفندی ہوں۔" منیر شکوہ آبادی کے فضل و کمال، شاعرانہ قوتوں اور صلاحیتوں کا حضرت تسلیم سے زیادہ کون معترف ہو سکتا تھا جنھوں نے منیر کا زمانہ دیکھا تھا اور برسوں ان کے ساتھ نشست و برخواست کا اتفاق ہوا تھا۔ منیر میرے والد مرحوم کے استاد بھی تھے اور دور کے رشتے سے ماموں بھی ہوتے تھے۔ (یہ اپنے دور کے وہ زبردست ہمہ داں اور ہمہ گیر شاعر تھے جن کے سامنے بڑے بڑوں کی گردنیں جھک جاتی تھیں)

منیر کا نام میرے لیے کتنی ہی مرتبہ کھل جا سم سم والے طلسم کا کام دے چکا تھا جس کا ذکر میرے سوانح حیات میں آگے آئے گا اگر لکھی گئی۔ بہر حال منیر کے نام نے وہی کام کیا اور جس وقت تسلیم مرحوم نے اپنی منحنی، کانپتی ہوئی دردانگیز آواز میں یہ مطلع پڑھا ہے:

نہ ہوا کم کسی تدبیر سے چکر میرا
جب تھکے پائے جنوں پھرنے لگا سر میرا

تو سننے والوں میں سے بعض رقیق القلب آدمیوں کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ اس کے بعد ایک اور شعر پڑھا جو مطلع کی طرح آج تک میرے دل پر نقش ہے۔

حجاب، باغ میں نرگس کی چشم سے نہ کرو  یہ دیکھنے کی ہیں آنکھیں نظر نہیں آتا

مشاعرہ ختم ہوا۔ اس کی یاد باقی ہے۔ اب نہ ایسے بزرگ نظر آئیں گے اور نہ ایسی شفقتیں اور نہ کسی کی آنکھ میں آنسو دکھائی دیں گے۔

دوسرا مشاعرہ بھارت کے دارالسلطنت دہلی کا ہے (جو کبھی اردو ادب کا مرکز کہی جاتی تھی) اس مشاعرے میں قریب قریب تمام شعرائے دہلی شریک تھے جن میں نمایاں شخص اُس دور کے مسلم الثبوت استاد نواب سراج الدین احمد خاں سائل دہلوی کی تھی جو حضرت داغ مرحوم کے شاگرد بھی تھے اور داماد بھی۔ حضرت سائل دہلوی میرے والد کے ہم عصر اور بے تکلف دوستوں میں تھے۔ مجھ

[1] حقیقی پوتا نہیں، بلکہ رشتے کا۔ (ش۔م۔د)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر بہت شفقت فرماتے تھے اور موصوف کو میں چچا کہتا تھا۔ اتفاق کی بات تھی کہ اس مشاعرے میں بابائے صحافت حضرت جالبؔ دہلوی بھی شریک تھے جن کی بدولت آج ہندوستان میں بہت سے اردو زبان کے صحیفہ نگار نظر آتے ہیں۔ اُنھیں صدرِ محفل میں جگہ دی گئی تھی۔ بیرون جات کے شعراء میں میرے والد مرحوم حضرت بزمؔ آفندی، جناب کشتہؔ اکبر آبادی، میرے رشتے کے ایک بڑے بھائی شوخؔ مرحوم، میرے پھوپھی زاد بھائی حضرت تیرؔ اکبر آبادی بھی موجود تھے۔ یہ سب ارضِ تاج آگرہ کے رہنے والے تھے۔ میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ آگرہ تاریخی اعتبار سے ادب اردو کا گہوارہ ہے۔ اردو یہاں پلی بڑھی اور دہلی میں پھلی پھولی۔ سراج الدین علی خاں آرزو۔ شیخ شرف الدین مضمون، خواجہ بقاء اللہ خاں بقاؔ، میرتقی ؔ و مرزا غالبؔ جیسے معمار اردو آگرہ کی ہی سرزمین سے اٹھے تھے۔ آگرہ اردو شاعری کا ایک ایسا اسکول ہے جس کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا۔

میں دہلی میں بہت مشاعرے پڑھ چکا تھا اور غلط انکسار کو ناپسند کرتے ہوئے بلا تکلف یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرا کلام بہت پسند کیا جاتا تھا۔ مشاعرہ میں میری غزل خوب چمکتی تھی اور سامعین میری غزل سرائی کے منتظر رہتے تھے۔ یہ طرحی مشاعرہ تھا اور بڑی کامیابی کے ساتھ چل رہا تھا کہ شمع دہلی کے ایک شاعر مفتونؔ کے سامنے آئی۔ انھوں نے آخر میں ایک شعر پڑھا جس کا دوسرا مصرع یہ تھا۔

”زبان اردو ہے دہلی و لکھنؤ کے لیے“

کشتہ صاحب اور بھائی تیرؔ چونکے۔ بھائی شوخ نے جو میرے برابر ہی بیٹھے تھے، میری طرف دیکھ کر پوچھا۔ ”تم نے سنا؟“

میں نے کہا ”جی ہاں سُنا اور سناؤں گا بھی۔“ جب شمع میرے سامنے آئی۔ میں نے دو غزلہ کہا تھا۔ ایک غزل صرف ’تو‘ کے قافیہ میں اور ایک مختلف قوافی میں غزل پڑھی اور ہمیشہ سے زیادہ داد لی۔ سامعین میں سے بعض آدمیوں نے کہا کہ مشاعرہ لوٹ لیا۔ آخر میں یہ دو شعر پڑھے جو مفتونؔ کا شعر سن کر کہے گئے تھے۔

یہ اُس سے کہہ دو ہے دعویٰ زبان کا جس کو
ہمارے آگے زبان کھولے گفتگو کے لیے

زبان میر کی ہے میرؔ آگرہ کے تھے مقامِ فخر ہے دہلی نہ لکھنؤ کے لیے

یکا یک ایک ایسا سناٹا طاری ہوگیا جسے انگلش میں (Pin Drop Silence) کہتے ہیں۔ محفل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے حیرت و سکوت کو حضرت جالبؔ کی اس آواز نے توڑا۔ ''یہ کیا ہے؟ حضرت سائلؔ دہلوی نے فرمایا: ''واقعہ ہے۔''

جالبؔ صاحب نے بہت بگڑ کر جواب دیا:

''یہ آپ ان لڑکوں کی تعریفیں کر کے ان کے حوصلے بڑھاتے ہیں'' جواب الجواب میں سائلؔ صاحب نے فرمایا۔

''شعر تعریف کے قابل ہوں تو تعریف کی ہی جاتی ہے۔ خواہ کسی کے ہوں اور اس مسئلے میں ابتدا مفتونؔ نے کی ہے۔ اُنھیں یہ نہیں چاہیے تھا۔ ساری ذمہ داری مفتونؔ پر ہے۔''

غرض بڑا ہنگامہ ہوا۔ اس پورے مجمع میں حضرت سائلؔ دہلوی نے حق بات کہی۔ میرے والد مرحوم نے جو ایک صلح کل آدمی تھے، بہت معذرت کی۔ بڑی طول طویل گفتگو کے بعد آدھے گھنٹہ میں بمشکل ہنگامہ فرو ہوا اور مشاعرہ پھر شروع کیا گیا۔ صرف اساتذہ پڑھنے کے لیے باقی تھے۔ انھوں نے پڑھا لیکن مشاعرے میں وہ گرما گرمی اب کہاں تھی۔ اس اتفاقی حادثے نے اسے بالکل سرو کر دیا۔ بہت جلد اور بڑی بے لطفی کے ساتھ مشاعرہ ختم ہو گیا۔ اس جرم کی پاداش میں مجھے ڈیڑھ برس تک دہلی کے مشاعروں کی دعوت نہیں ملی۔

میرے والد کے ایک اور دوست غالبؔ کے ایک عزیز شاگرد منشی ہرگوپال تفتہؔ کے شاگرد پنڈت امرناتھ ساحرؔ، دہلی کے رؤسا میں تھے۔ وہ جب تحصیلداری سے وظیفہ پر سبکدوش ہو کر پنجاب سے دہلی آئے تو موصوف نے اپنے مشاعرے کی دعوت دی اور پھر دہلی کے مشاعروں میں میری شرکت کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ پنڈت جی بڑی خوبیوں کے انسان تھے۔ مجھے بہت عزیز رکھتے تھے۔ میں انھیں بھی چچا کہتا تھا۔ تیسرے مشاعرے کا تعلق انھیں بزرگوار سے ہے۔

پنڈت جی کانگریسی جدوجہد کے خلاف تھے اور کانگریسی جلسوں کے قریب جانا بھی پسند نہیں کرتے تھے۔ میرے ایک دوست سوتی برہم سروپ خارؔ میرٹھی میری طرح پکے کانگریسی اور برٹش حکومت کے مخالف تھے۔ ہم دونوں اور دوسرے ہم مشرب شعراء غزلوں کے اشعار میں حکومت پر کھلی چوٹیں ہی نہیں کرتے تھے بلکہ ہم نے ایسے مشاعرے بھی کیے ہیں، جن کا مقصد برٹش حکومت کے خلاف پروپیگنڈہ تھا۔ ایسے مشاعروں کو کانگریسی مشاعرے کا نام دیا جاتا تھا۔ چنانچہ ایک مشاعرہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

کے مصرع طرح کی ردیف ''کھدر'' رکھی گئی تھی ۔ مجھے اپنے اس زمانے کے کلام کا خیال آتا ہے تو اس کے ضائع ہو جانے کا بڑا رنج ہوتا ہے جو اس انقلاب ہی کی نذر ہو گیا۔

ایک دن سوتی برہم سروپ میرے پاس غازی آباد آئے اور کہنے لگے۔

''بھئی ہم بڑے پیمانہ پر کانگریسی مشاعرہ کر رہے ہیں ۔ اس کے لیے کوئی صدر تجویز کرو۔''

مجھے کچھ ایسی شرارت اُس وقت سوجھی کہ میں نے پنڈت امرناتھ ساحر کا نام تجویز کر دیا اور خار صاحب مجھ سے ان کے نام کا سفارشی خط لے کر گئے اور ان کو صدارت کے لیے راضی کر لیا۔ پنڈت جی مشاعرے کی نوعیت سے بے خبر اور خار پنڈت جی کی ذہنیت سے ناواقف، غرضیکہ مشاعرے کا دن آ گیا۔ میں عین مشاعرے کے وقت پہنچا اور خار کو الگ لے جا کر چپکے سے کہا کہ:

''دورانِ مشاعرہ پنڈت جی کے سامنے نہ جانا۔'' وہ اس پر حیران ہوئے تو میں نے انھیں یہ راز بتایا۔ وہ بہت محظوظ ہوئے اور ہم دونوں پنڈت جی سے دور سامعین کی آڑ میں ایک طرف بیٹھ رہے۔ مشاعرہ شروع ہوا اور پنڈت جی کی اضطرابی کیفیت، چہرے کا اتار چڑھاؤ، بار بار ان کا فرمانا کہ ''یہ کیا ہے؟ یہ کیسی غزل ہے؟ ختم کیجئے ختم کیجئے۔ یہ کیسا مشاعرہ ہے؟ آخر جم کہاں ہیں۔ خار صاحب کہاں ہیں؟ یہ کیا ہو رہا ہے۔'' غرضیکہ موصوف نے اتنے پہلو بدلے اور اس قدر جز بز غضب ناک اور بے بس دکھائی دینے لگے کہ مجھے خود ان پر ترس آ گیا اور ساتھ ہی اس قدر خوفزدہ بھی ہوا کہ مشاعرے سے اٹھ کر ریلوے اسٹیشن اور وہاں سے غازی آباد اپنے مستقر پر پہنچ گیا۔ کئی روز بعد خار سے مشاعرہ کی پوری کیفیت معلوم ہوئی جس کے سنانے کے لیے نہ وقت ہے اور نہ گنجائش۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ پھر ایک طویل عرصے کے لیے دہلی کے مشاعرے مجھ سے چھوٹ گئے اور جب ایک زمانے کے بعد پنڈت جی سے اتفاقیہ ملاقات ہوئی تو میں نے بہت جھک کر معصومیت کے ساتھ آداب عرض کیا اور مشاعرے کا مسئلہ چھڑتے ہی سارا الزام سوتی برہم سروپ خار پر رکھ دیا اور اپنے آپ کو بالکل بے گناہ ثابت کر کے پھر ان کا نہایت ہی سعید و رشید بھتیجا بن گیا۔''

۵ر نومبر ۱۹۶۱ء حیدر آباد (اے پی)

نوٹ: یہ بھی حسن اتفاق ہے کہ جب میں اس صفحہ کی پروف ریڈینگ کر رہا ہوں تو آج تاریخ ۵ر نومبر 2005ء ہے۔ (راقم الحروف۔ تقی عابدی)

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# پیغامات اور تاثرات

## نجم آفندی مشاہیر شعر و ادب کی نظر میں

## (منثور اور منظوم)

---

1- جناب سہیل آفندی (اکلوتے بیٹے)

2- پروفیسر احتشام حسین

3- جناب سید آلِ احمد رضا ایڈوکیٹ

4- جناب سہیل بنارسی

5- جناب فیض محمد گوہر

6- ڈاکٹر عسکری بن احمد

7- جناب احسن عمرانی مدیر معارف اسلام

8- جناب زائر فتح پوری

9- پروفیسر وزیر الحسن عابدی

10- جناب احسان دانش

11- جناب سید قیصر زیدی

12- جناب قیصر بارہوی

13- جناب سیّد ہاشم رضا صاحب

14- ڈاکٹر اسد اریب

15- ڈاکٹر مسعود رضا خاکی

16- جناب مظفر حیدری

17- جناب سید جلیس ترمذی

18- جناب شمشاد حسین رضوی

19- مولانا طالب جوہری

20- جناب جوش ملیح آبادی

21- جناب مالک رام

22- جناب سیّد فاتح واسطی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

23- جناب محمد صدیق (مدیر ہفت روزہ رضا کار)

24- جناب شائق انبالوی (مدیر ہفت روزہ اسد)

25- مدیر (مجلّہ پیام عمل لاہور)

26- مدیر (مجلّہ المبلغ سرگودھا)

27- علامہ عباس حیدر عابدی

28- جناب افضال حسین نقوی

29- جناب سید معز الدین قادری

30- مولانا آغا مہدی لکھنوی

31- جناب سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی

32- ڈاکٹر سبط حسن

33- جناب سخن فتح پوری

34- جناب صبا اکبرآبادی

35- جناب سیّد فیاض علی

36- ڈاکٹر احسن فاروقی

37- جناب امیر امام حُر

38- جناب اختر انصاری اکبرآبادی

39- جناب شیخ انصار حسین

40- جناب سید عاشور کاظمی

41- جناب نسیم امروہوی (قطعہ تاریخ وفات)

42- جناب رئیس امروہوی

43- جناب شاہد نقوی

44- جناب فیض بھرت پوری

45- جناب نفیس فتح پوری

46- جناب زاہد فتح پوری

47- محترمہ رابعہ نہاں

48- جناب ساحر لکھنوی

49- جناب کسریٰ منہاس

50- جناب نیساں اکبرآبادی

51- ڈاکٹر ہلال نقوی

52- جناب قسیم امروہوی

53- پروفیسر فیضی

54- جناب خلش پیر اصحابی (قطعہ تاریخ وفات)

55- جناب کرار حیدر راہی

56- علامہ سید ابن حسن نجفی

57- علامہ مرزا یوسف حسن لکھنوی

58- الحاج محمد بشیر انصاری

59- مولانا پروفیسر خواجہ محمد لطیف انصاری

60- علامہ حکیم محمد گیلانی

61- جناب سید ریاض الرحمٰن

62- جناب منظر

63- جناب گوہر جعفری

64- جناب فقیر سید فقیر حسین شیرازی

65- جناب تسلیم ترمذی کربلائی

66- محترمہ بیگم سیدہ بلقیس اعجاز

67- جناب آر آر سکینہ صاحب الہام

68- ڈاکٹر اسد انصاری

69- جناب بشیر احمد ارمان

70- جناب اکمل آلہ وری

71- جناب ادیب حیدر آبادی

72- جناب باقر امانت خوانی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

73- جناب سید شاہ نصیر الدین بیکل

74- جناب ابوالحسن عابدی حسن

75- جناب خورشید جنیدی

76- جناب عرب شاہ خالد کشمیری

77- جناب سید ارشاد احمد دراک

78- جناب شاہد حیدری

79- جناب طاہر عابدی

80- جناب طالب اسدی

81- جناب میرزا عادل نجمی

82- جناب علی فطرت

83- جناب فرید شرقی

84- جناب قدر عریضی

85- جناب قائم جعفری

86- جناب محمد عبدالکریم ماہر

87- جناب میر محمد علی وفا

88- جناب وقار جعفری

89- جناب آغا ہاجر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# سب کہتے ہیں شاعر ہے دربارِ حسینؑ کا

## پیغامات اور تاثرات

**1۔ جناب سہیل آفندی (اکلوتے بیٹے):**

دردِ دل اپنا کوئی افسانۂ باطل نہ تھا
ہم نے چپ سادھی نگاہِ اہلِ عالم دیکھ کر

یہ شعر غیر مطبوعہ ہونے کے علاوہ صرف مجھے معلوم ہے۔ پندرہ سال پہلے مجھے لکھوایا تھا کہ میری لوحِ تربت پر لکھوا دینا۔ ان کے آخری دنوں کی کیفیت اس میں سموئی ہوئی ہے۔ خلوص کاروں کا یہی انجام ہوتا ہے۔ ابّا نے قوم کے لئے جو کچھ کیا ہے اُسے مختصر طور پر بیان کرنے کے لئے بھی ایک مقالہ نہیں بلکہ ایک کتاب چاہیے۔ پچھتر سال خدمت کی ہے۔

**2۔ پروفیسر احتشام حسین:** جناب تجمّل آفندی دورِ جدید کے اُن شعراء میں سے ہیں جنھیں بجا طور پر استادی کا مرتبہ حاصل ہے۔ ان کی عمر ریاضِ سخن میں بسر ہوئی۔ انھوں نے بچپن ہی سے اکبر آباد کی علمی اور ادبی مجلسوں میں شریک ہوکر زبان و بیان کے لطیف مسائل پر غور کیا اور انھیں برتا ہے۔ اپنے والدِ مرحوم کے استادانہ رنگ سے کسبِ فیض کرنے کے علاوہ انھوں نے اساتذہ کا کثرت سے مطالعہ کیا ہے۔ اس لئے ان کے کلام میں ابتدا ہی سے ایسی پختگی اور ہمواری پیدا ہوگئی ہے جو بڑے ریاض کا نتیجہ کہی جا سکتی ہے۔ ان کی مذہبی نظموں میں یہ بات ہر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر لفظ سے نمایاں ہوتی ہے لیکن وہیں اس بات کا پتہ بھی دیتی ہے کہ اس والہانہ عقیدت کی بنیاد گہرے شعور اور استدلالی تیقن پر ہے۔ عقیدت کا عرفان گہرائی، شدت اور قوت پیدا کرتا ہے۔ یہی وہ منزل ہے جو نجم آفندی کے ساتھ مخصوص ہے۔ ان کا عقیدہ علم وعرفان کا آفریدہ ہے۔ ان کا یقین ادراک وشعور کا پیدا کردہ ہے۔ اس لئے ان کی شاعری میں ان کی روح کی آواز سنائی دیتی ہے جسے ان کی جدت طراز طبیعت ایک ایسے زاویہ سے پیش کر دیتی ہے جس پر دوسروں کی نگاہ نہیں گئی تھی۔

3۔ **جناب سید آل احمد رضا ایڈووکیٹ:** دنیا سے چلے جانے والوں کی فہرست میں بہت بڑا اور مدتوں یاد کئے جانے والے نام کا جو اضافہ ہوا ہے وہ عزائے شاہ شہیداں علیہ السلام کے سلسلے میں بہت یاد آئے گا۔

4۔ **جناب سہیل بناری:** نجم ہماری نگاہوں سے اوجھل ضرور ہو گئے لیکن دل ان کی موجودگی محسوس کرتا ہے۔ نجم سپہر شاعری کا درخشاں نجم مزید روشنی کا محتاج نہیں۔ ان کے کلام کی حرارت ان کی زندگی کی ضمانت ہے۔ نجم اپنی ہی روشنی میں اپنے ممدوحین سے جا ملے جہاں روشنی ہی روشنی ہے زندگی ہی زندگی ہے۔

5۔ **جناب فیض محمد گوہر:** ''نجم آفندی کی موت سے روح کو وہ صدمہ اور قلب کو وہ دھچکا ہے کہ احساس وادراک تسلیم کرتے ہوئے ڈرتے ہیں۔ یہ ایک فرد واحد کا انتقال نہیں بلکہ ایک گراں قدر ادبی نسل ایک فکری دور ایک عہد ساز کائنات اور قومی ادارہ کی موت ہے۔

6۔ **ڈاکٹر عسکری بن احمد:** نجم آسانی کا علیؑ کی جستجو میں اترنا سنتے آئے ہیں۔ آسانی شاعری کے درخشندہ ستارے اسم بامسمّیٰ نجم آفندی بھی اتر گئے۔ کہاں۔ لحد میں جس کی جستجو تھی اسی کے پاس پہنچ گئے۔

ہمیں توفیق دے خیبر شکن خیبر کشائی کی
کہ اب ہر اک قدم پر زندگی میدانِ خیبر ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

7۔ جناب احسن عمرانی (مدیر معارف اسلام): جہاں عزائیہ ادب کے آسمان پر انیسؔ و دبیرؔ آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے وہاں بغیر کسی مبالغے کے یہ کہا جا سکتا ہے کہ نجمؔ آفندی نجم بن کر دمکتے رہے اور دمکتے رہیں گے۔

8۔ جناب زائر فتح پوری: نجمؔ اتالیق تھا، عالم تھا اور شاعر تھا۔ اس کے اخلاقی درسیات تحقیقی عوامل اور فکری معجزات میں فیشن نہیں، الجھاؤ نہیں، روایت پرستی نہیں، اظہار و ابلاغ کا فقدان نہیں، اس کا ذہن پختہ ہے۔ حقائق اس کے گرد ستاروں کی طرح بکھرے ہوئے ہیں۔ اس کا نظریہ واضح عقائد، پائندہ اور فکر ونظر بلند ہیں۔

9۔ پروفیسر وزیر الحسن عابدی: نجمؔ آفندی مرحوم و مغفور کی رحلت سے وہ شہنشاہ سخن دنیا سے اُٹھ گیا جس نے عصر حاضر میں دینی اردو شاعری کی ہر صنف کو تاج پہنا کر عالمی مسند پر بٹھا دیا۔

10۔ جناب احسان دانش: میں ان کے اخلاق اور کمال شاعری کا معترف ہوں۔ انھوں نے عزائی ادب میں جرأت و ہمت، جوش و استقلال کا جو بے پایاں اضافہ کیا، اس کی مثال اس سے قبل نہیں ملتی۔

11۔ جناب سید قیصر زیدی:

زندگی نے مار ڈالا نجمؔ کو
نجمؔ کی شیوا بیانی اب کہاں

نجمؔ آفندی شاعرِ اہل بیت، محبِ اہل بیتؑ، مصلح و ناصحِ قوم ایک انقلاب پسند شاعر اور قوم پرست کی حیثیت سے دنیائے ادب میں اور خصوصاً نوجوان نسل اور پُرخلوص لوگوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ نجمؔ صاحب اقلیم سخن کے تاجداروں میں آسمانِ شہرت پر نجم اکبر کی مانند دمک رہے ہیں۔ نجمؔ صاحب تاریخ اسلام کے عظیم مفکر جنھوں نے فکر و خیال کی نئی راہیں کھول دیں اور علم وعقل کی قندیلیں روشن کیں۔ انھیں دینی بصیرت بھی حاصل تھی اور عرفانِ شریعت بھی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کلام میں حکمت ہے معرفت ہے سچائی ہے،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گہرائی ہے۔انھیں خیالات کا اظہار تجم صاحب کی زبانی۔

رفعت ترے کلام کی عرش آشنا ہے تجم
کھیلی ہے فکر دامن برق و سحاب میں

تجم صاحب مرحوم ایک فطری شاعر تھے جو اپنے ماحول سے متاثر تھے۔تجم صاحب ایک ایسے شاعر تھے جو مجازی مشاہدات کو حقیقی معنی مہیا کرنے میں ملکہ رکھتے تھے۔صرف یہی نہیں بلکہ ان میں قدرت کی طرف سے ایسی قوت ودیعت کی گئی تھی جس سے وہ اپنے مشاہدات اور محسوسات کو ایسے قالب میں ڈھالتے تھے کہ ہماری آنکھوں میں اس کا سماں سا بندھ جاتا ہے۔ہمارے احساسات مائل فکر ہوجاتے ہیں ۔قلوب ان کی طرف کھنچنے لگتے ہیں۔اپنے الفاظ کی بندش اور بیان کی روانی سے ہمارے سامنے ایسی تصویر کھینچ دیتے ہیں کہ سامع کو ان کے اشعار اس کی اپنی زبوں حالی کا نوحہ معلوم ہوتے ہیں۔

تجم صاحب مرحوم کی شاعری تخیل کو استحکام دیتی اور فکر کو استوار کرتی ہے۔ان کے کلام کی بنیاد اور اساس اقدار حیات کی ترجمان پر ہے۔

تربیت کی ذہن انساں کی غم شبیرؑ نے
صاحب دل بن گئے جو غم کے خوگر ہوگئے

ملٹن نے شعر کی تین خصوصیات کو لازمی قرار دیا ہے۔اول سادگی، دوم اصلیت اور سوم تحریک تجم صاحب کا کلام ان تینوں اقدار پر سچا اور تادر نظر آتا ہے۔ان کے یہاں سادگی اس درجہ ہے کہ وہ اپنی تاثیر کے اعتبار سے تیر ونشتر کا حکم رکھتا ہے اور دلوں میں کرب کو جلا دیتا ہے اور ایسی تڑپ پیدا کرتا ہے کہ پڑھنے والا مزید تشنگی محسوس کرنے لگتا ہے۔اصلیت سے تو انکار محال اور تحریک ان کے کلام کی روح ہے۔

جلتی ہوئی وہ ریت وہ سجدے وہ تشنگی
وہ نینوا کی خاک پہ رخسار آپ کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شکر خدا زبان پہ یادِ خدا میں دل
تیغوں کی چھاؤں پیکرِ خونبار آپ کا

ان کے کلام میں افسردگی وتسلیم ورضا کی علامات بھی نمایاں ہیں۔ ان کی نظر میں انسانی اقدار کی پستی اور ملت کی کمزوریاں قابل تحقیر نہیں بلکہ وہ ان سے متاثر ہوکر ان کے غم میں برابر کے شریک ہوجاتے ہیں اور ان سے نجات کولازمی سمجھتے ہیں۔ وہ ملت کے سچے ہمدرد اور ناچیز کی رائے میں ملت کے حقیقی مزاج شناس تھے۔ ان کے کلام کو پڑھ کر کبھی جذبہ ملی کو فروغ ملتا ہے کبھی طبیعت فکر کی طرف رجوع ہوتی ہے کبھی پند ونصح کے دفتر اور ممدوح علیہ السلام کی فغاں پر آمادہ ہوتا ہے۔

کلام تجمّ تقلید پسندی سے آزاد ذاتی مشاہدات ضروریات اور خیالات کا مظہر ہے۔ ان کی شاعری دور حاضر کے شعراء کرام اور نوجوانوں کے لیے ایک ضمیمہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان حالات میں جبکہ دنیا ادب برائے ادب سے محظوظ ہونے کی کوشش کرتی ہے تجمّ صاحب کا کلام اسلوب میں سادگی کے باوجود پُر کشش اور پُر اثر ہے۔

یوروپ کا محقق کہتا ہے کہ "مشاغل دُنیوی کے انہاک سے بیزاری اور دین کی طرف رجوع کرنے کا واحد ذریعہ شعروسخن ہیں۔" ماضی کے تجربات حالی، شبلی، اقبال اور جوش کی موجودہ کاوشیں صداقت کے لیے کافی ہیں کہ قوموں کو بیدار اور آمادہ عمل کرنے میں اشعار شمشیر بے نیام کا کام کرتے ہیں۔

گو کہ دور حاضر میں تجمّ صاحب کا کلام سوسائٹی کی اقدار اور بدلی ہوئی روشوں کو جھنجھوڑنے کے لیے ناکافی ہے مگر پھر بھی یہ سعی رائیگاں نہ جائے گی۔ ان کے کلام کی اشاعت وتشہیر میں بزم تجمّ کے ذریعہ سے باقر صاحب نجف صاحب حسیب صاحب اور ضمیر اختر نقوی کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ تجمّ صاحب کے کلام کی اشاعت ملت کی زبوں حالی میں مرہم کا کام کرسکتی ہے۔

تجمّ صاحب نے بے شمار رباعیات، قصائد اور نوحے کہے۔ یہ سب کے سب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کی شخصیت اور جذبات کی واضح عکاسی کرتے ہیں۔ سادگی، گھلاوٹ، روزمرہ کے الفاظ کا استعمال، قافیوں کی نشست مصرعوں کی برجستگی بیان کی حقانیت ان کو ان کے ہم عصروں میں ممتاز کرتی ہے۔

نجم صاحب کے کلام کا کچھ حصہ ہندی میں بھی ہے جو ہندستان کے قیام کے دوران ان کے مشن اور مقصد کی وضاحت کی منہ بولتی تصویر ہے۔ انھوں نے نہایت آسان اور سادہ ہندی میں تبلیغ مشن حسینؑ میں اپنے ہندی کلام کو بھی حصہ دار بنایا۔ وہ دوسرے مذاہب تک اپنے پیغام کو پہنچانا لازمی سمجھتے تھے۔

نجم صاحب کا کلام تبلیغ کے ساتھ ساتھ درس ہے دعوتِ عمل ہے۔ ان کے قلب کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی نہایت پُر درد اور موثر صدا ہے۔ آپ کے کلام کے مجموعے خوابیدہ عبرت افراد اور مردہ دلوں کو بیدار کرکے از سر نو تازگی اور مقصدیت بخشنے والے نوحوں اور سلاموں رباعیات وقصائد پر مشتمل ہے۔ ان کا کلام عرصہ دراز تک مخلص اور دردمند لوگوں میں تازگی کو برقرار رکھے گا۔

سب کہتے ہیں شاعر ہے دربار حسینؑ کا
نجم اپنی حقیقت سے غافل نظر آتا ہے

12۔ **جناب قیصر بارھوی:** اگر گذشتہ پچاس برس میں کسی عظیم سخنور کی جستجو کی جائے تو میں پوری ذمہ داری سے یہ بات کہنے کو تیار ہوں کہ شاعر اہل بیت حضرت نجم آفندی پوری آب وتاب کے ساتھ کشورِ سخن پر حکمراں نظر آتے ہیں۔

13۔ **جناب سید ہاشم رضا صاحب:** جناب نجم آفندی مرحوم کی موت سے اردو ادب کا ایک اور درخشاں ستارہ ڈوب گیا لیکن اس نے جو روشنی پھیلائی ہے وہ تا ابد قائم رہے گی۔

مدّاح اہل بیت ہے حق کی نوا یہ نجم
زندہ ہے اور زندہ رہے گا سدا یہ نجم

14۔ **ڈاکٹر اسد اریب:** اردو شاعری نے جونئی کروٹیں لی تھیں، اگر عزائی ادب بھی ان کروٹوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے رُخ نہ ہوتا تو شاید انقلاب فکر اُسے کچل ڈالتا نجم آفندی نے اپنے نوحوں کے ذریعہ شاعری اور زندگی کے نئے رشتوں کی خبر دی۔

15۔**ڈاکٹر مسعود رضا خاکی:** علامہ نجم آفندی دنیائے ادب کی وہ عظیم ہستی ہیں جن کے سامنے ہر صاحب فکر ونظر ہمیشہ مودب رہے گا۔ مجھے ان کی زیارت کا شرف حاصل ہے اور وہ لحات جو میں نے ان کی خدمت میں بسر کیے ہیں میری پوری زندگی کا ماحصل ہیں۔

16۔ **جناب مضطر حیدری:** نجم آفندی کی موت قوم کے لئے زبردست المیہ ہے۔ ان کے کلام میں درد ہے، سوز ہے اور ایک ایسا پیغام ہے جس میں بلا کا درد ہے۔

17۔ **جناب سید جلیس ترمذی:** ہائے وہ آفتاب شعروسخن ڈوب گیا۔ افسوس نجم شعروادب، کوکب علم وفن، تسہیل زبان وبیان، برجیس بحوروعروض اور مہتاب صحافت موت کے دبیز پردوں میں روپوش ہوگیا۔ اب کسے شاعر اہل بیت کہیں گے۔ اب کون نقیب آل محمدؑ کہلائے گا۔ بھاشا کے رسیلے شبدوں میں کربل کی روپ کہانی کون سنائے گا۔

دنیا کی مایا کوئی نہیں، کچھ نوٹے ہیں کچھ دو ہے ہیں
نجمی یہی مایا لائے تھے نجمی یہی مایا چھوڑ گئے

18۔ **جناب شمشاد حسین رضوی:** نصف صدی تک کربلائی ادب کے لئے جو مشعل نجم آفندی نے روشن رکھی اس کی روشنی میں آنے والے نوجوان دانشوروں کو اپنی راہ متعین کرنے میں سہولت ہوگی۔

19۔**مولانا طالب جوہری:** میری ذاتی رائے کے مطابق حضرت نجم آفندی نصف صدی تک اردو رثائی ادب پر حکومت کرتے رہے اور نسل نو کا کوئی ایسا مرثیہ نگار نہیں جو بالواسطہ یا بلاواسطہ ان سے متاثر نہ ہوا ہو۔

20۔ **جناب جوش ملیح آبادی:** میں ان کے اشعار کا لوہا مانتا تھا اور میرے نزدیک مرثیہ اور منقبت میں انھیں وہ مقام حاصل تھا جس کی نظیر نہیں مل سکتی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

21۔ **جناب مالک رام :** میدان خالی ہو رہا ہے اور کوئی ان کی جگہ لینے والا نظر نہیں آتا۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

22۔ **جناب سید فاتح واسطی:** وہ عظیم انسان جس نے تقریباً پون صدی تک مدّاحی معصومین کی اس عالم غربت میں اس کی موت یقیناً سانحہ ہے۔ اس صدی میں ان کے پائے کا شاعر پیدا نہیں ہوا۔ مرحوم و مغفور واقعی مجتہد الشعراء تھے۔

23۔ **جناب محمد صدیق (مدیر ہفت روزہ رضا کار لاہور)** شاعرِ اہل بیتؑ حضرت نجم آفندی اعلیٰ اللہ مقامہ نے شاعری کو تو چار چاند لگائے ہی ہیں، مرحوم نے نثر میں بھی اپنی طبع رسا کے جوہر دکھائے ہیں۔"

24۔ **جناب شائق انبالوی (مدیر ہفت روزہ اسد لاہور):** علامہ نجم آفندی کا شمار اساتذہ فن میں ہوتا تھا وہ زندگی بھر مدحِ اہل بیتؑ اور نشرِ حسینیت کرتے رہے۔ ان کے نوحے اور سلام اس قدر مقبول ہوئے کہ زبان زد خاص و عام ہیں وہ شعر و سخن میں منفرد حیثیت کے مالک تھے۔

25۔ **مدیر (مجلّہ پیام عمل لاہور):** نجم آفندی 21 دسمبر 1975ء بروز شنبہ اس دنیا سے چل بسے۔ وہ نصف صدی سے قومی شاعری کی بساط پر چھائے ہوئے تھے۔ وہ پاکستان میں مہمان تھے، پردیسی تھے اور اپنے وطن سے دور تھے۔ ان کے پاس قومی شاعری کے علاوہ کوئی اور دولت نہ تھی۔

26۔ **مدیر (مجلّہ المبلغ سرگودھا):** مرحوم کی شخصیت تعارف کی محتاج تو نہیں ہے۔ ملّت جعفریہ کا ہر شخص ان کے نام اور افکار سے واقف ہے۔ شاید ہی کوئی گھرانا ایسا ہوگا جہاں ان کے تصنیف کردہ نوحے نہ پڑھے جاتے ہوں۔ ان کا کلام شہرت دوام رکھتا ہے۔ اور قوم میں ان کو شاعرِ اہل بیتؑ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

27۔ **علامہ عباس حیدر عابدی:** یہ بات کہتے ہوئے بے اختیار نجم آفندی کا نام زبان پر آتا ہے جنہوں نے اپنی 50 برس کی شاعری میں پیغام آل محمدؐ اور ملت جعفریہ کی وہ ناقابل فراموش خدمت انجام دی اور ذہنوں کے لیے فکر کا وہ سرمایہ فراہم کیا کہ جس نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسینی آواز کے چہرہ کی تازگی کو باقی رکھا۔

ان کی شاعری نے کربلا سے قوم کو عملی جدوجہد کا سبق حاصل کرنے کی دعوت دی اور ساتھ ہی غم کے کیف سے اپنی شاعری کو دور نہیں ہونے دیا۔ مثلاً ان کا ایک نوحہ۔

اے خدا کے بندوں میں منتخب خدا والو
تختِ انما والو تاج ہل اتی والو
شانِ مصطفےٰ والو وضع مرتضیٰ والو
کیا وفا پہ جانیں دیں تم نے اے وفا والو
ہائے کربلا والو ہائے کربلا والو

کا اک اک شعر جہاں ایک طرف کربلا کی کیفیتِ غم میں ڈوبا ہوا ہے، وہاں پڑھنے اور سننے والوں کے لئے جذباتی اور عملی مہمیز کا کام بھی انجام دیتا ہے۔

نجم آفاقِ شیعیت کا ایک ایسا ستارہ تھا کہ جو نصف صدی تک اپنی ضیاء پاشیوں سے دنیائے شیعیت کو منور کرتے رہنے کے بعد اس بے سروسامانی میں ڈوب گیا کہ ملّت جعفریہ کو اپنے اس سرمایۂ گراں بہا کے نقصان کی خبر تک نہ ہوئی۔

قوم کو چاہیے کہ نجم کے کلام پر تحقیقی کام کیا جائے۔ ان کی آواز کو زندہ رکھنے کی کوشش کی جائے۔ اگرچہ نجم کو ہمیشہ زندہ رکھنے کے لئے ان کا ایک ہی شعر کافی ہے کہ

دنیا یہ نہ ہوگی مگر اسلام رہے گا
شبیرؑ بہرحال تیرا نام رہے گا

28۔ **افضال حسین نقوی:** صرف یہ کہہ دینا کہ نجم نے صنف نوحہ سے حسینیتؑ کی تبلیغ کا کام لیا۔ دراصل ایک پورے دفتر کو ایک بے ہنگم فقرے میں بند کر دینے کے برابر ہے۔ نوحہ جو اصولی طور پر بین و بکا ہے، جس میں درد و غم کا رچاؤ، اس کی روح ہے، کیا کوئی صاحب فن ایسا بھی حشر آسا اور قیامت بردوش ہو سکتا ہے جو نوحہ جیسی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نازک، کومل اور چھوٹی موٹی زمین پر اتنی بلند و بالا تبلیغ کی عمارت کھڑی کر سکے اور اس فرض سے عہد برآ ہو سکے، تو میں عرض کروں گا وہ صرف اور صرف نجم آفندی ہے جس نے نوحہ کو نہ صرف اس جدت سے آشنا کیا بلکہ اس ندرت کو منتہائے کمال تک پہنچا دیا۔ یہ سچ ہے بغیر گداز دل اور چشم نم کے کوئی تخلیق کمال فن کی منزل تک نہیں پہنچ سکتی۔ میرا ایمان ہے کہ جب تک حسینؑ کا غم باقی ہے، نجم کے یہ نوحے کبھی نہیں مٹ سکتے۔ نجم اور نجم کے نوحوں کو بقائے دوام حاصل ہے۔

29۔**جناب سید معز الدین قادری:** " نجم صاحب پر جیسا کام ہونا چاہیے تھا اب تک کسی نے اس طرف توجہ نہیں کی۔ ان کی حیات اور ادبی کارناموں پر تفصیل سے گفتگو کے بغیر اردو ادب کی تاریخ میں خلا رہے گا۔

30۔**مولانا آغا مہدی لکھنوی:** " والنجم اذا ھوی برصغیر کے سرخیل شعراء عظام میں حضرت نجم آفندی کا نام ان کی ادبی خدمات قوم کا بچہ بچہ جانتا ہے۔ بڑے یار باش، وضع دار، مجسمہ خلق، دیرینہ روابط کو بھولتے نہ تھے۔ دو بار غریب خانہ پر تشریف لائے۔ کراچی کی کوتاہ کوش شخصیتوں نے مشورہ دیا کہ وہ بغیر ان کی اجازت یا کم از کم اطلاع کے کسی قومی پلیٹ فارم پر قدم نہ رکھیں، منبر پر نہ جائیں۔ یہ قول و قرار خود دار ذات پر بہت شاق ہوا اور مجھے درد دل بتاتے ہوئے کراچی چھوڑ دی۔ لاہور چلے گئے۔

ان کی محنت ہائے عرق فشاں کا صلہ یہی ہے کہ کلیات حالات زندگی کے ساتھ جلد طبع ہوں۔

نجم آفندی کو میں، شہر اور قوم کا سب سے بڑا شاعر ہی نہیں سمجھتا تھا بلکہ وہ مشرقی تہذیب کا آخری نمونہ، یادِ اسلاف کا مرکز، قدیم روایات کے گنجینہ تھے۔ اہلِ قلم ان کی وفات حسرت آیات پر جو کچھ لکھ چکے، وہ ان کی شخصیت کے لحاظ سے تھوڑا اور عظمت فن کو دیکھتے ہوئے قلیل ہے۔

وہ صرف آزار خیال شاعر نہ تھے بلکہ ان میں دینی جذبات، مذہبی جوش بدرجہ اتم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھا اور یہ خصوصیات، میرا خیال ہے کہ توارث سے اُن میں نظر آئے اس لیے کہ وہ ذاتی طور پر شعر و سخن میں اس قلم رو کے نمایاں انسان نہ تھے بلکہ اسلاف میں اُن کے، کئی ہستیاں دنیائے ادب میں نہ صرف قابل ذکر ہیں بلکہ ان کے ادبی اور علمی اور مذہبی خدمات سورج کی روشنی سے زیادہ چمکتے ہیں۔

ننھیالی سلسلہ منیر شکوہ آبادی تک پہنچتا ہے۔ یہ نوید علم افزا تو اخبارات میں نشر ہوئی، مگر مجھ سے خاندانی رواسم قدیمانہ کو دیکھتے ہوئے مرنے والے نے اپنی آخر ملاقاتوں میں یہ بھی بتایا تھا کہ ان کا ددھیالی سلسلہ مرزا فصیح مرحوم شاعر تک پہنچتا ہے۔

نجم آفندی کی یہ خصوصیت تھی جو ممدوح نے مجھ سے بہ فخر بیان کی۔ حجتہ الاسلام مولانا سید سبط حسن صاحب قبلہ (جونپور) نے کسی شخص کو اپنی غزل نہیں سنائی۔ نجم آفندی وہ تھے کہ قبلہ وکعبہ نے اپنی غزل کے اشعار سنائے۔ آیہ قرآن سے اپنے تاثرات کو شروع کیا تھا اور آیہ قرآن پر ختم کرتا ہوں۔ منهم من قضىٰ نحبه و منهم من ينتظر۔

**31۔ جناب سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی:** جناب نجم مرحوم اردو ادب کے نامور شاعر تھے۔ شعرو ادب کی میراث ان کے اجداد سے حصے میں آئی تھی۔ ان کے بزرگ مذہبی اقدار کے حامل اور دینی جذبات کے ترجمان تھے۔ مرزا جعفر علی فصیح، صرف مرثیہ گو شاعر نہ تھے بلکہ بڑے دین دار بزرگ بھی تھے۔ انھوں نے مکّے ہجرت کی اور حضرت ابو طالب رضوان اللہ علیہ کے مزار کی تعمیر اور اس کے وقف، مدینہ منورہ کی خدمت اور وہاں کی سکونت بھی اختیار کی۔ چونکہ حکومتِ ترکیہ اس وقت حرمین کی مالک بنی بیٹھی تھی اور بزعم صاحب کو حرمین کی جدی وراثت سے کرایہ وغیرہ ملتا تھا۔ لہٰذا ان کی مراسلات میں ترکوں کی رسم کے مطابق آفندی لکھا جاتا تھا۔ یہی ''آفندی'' نجم صاحب نے اپنے تخلص کے ساتھ علامت و امتیاز کے لیے باقی رکھا۔ اس کے پس منظر میں ان تعلقات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرمین کا اشارہ تھا جو انھیں بزرگوں سے ملے تھے۔

نجم صاحب مرحوم کا گھر آگرے میں تھا۔ کٹرہ حاجی حسن علی اور گلاب خانہ کی محل سرا میں انھوں نے ہوش سنبھالا۔ یہ گھر اور محلّہ، دینی اور مذہبی لحاظ سے آگرے کا مرکز تھا۔ ان کے خالو جناب تقدس مآب مولانا سید ذاکر حسین صاحب قبلہ بارہوی علم وعمل میں سلمانِ زمانہ اور ابو ذر عہد تھے۔ نجم صاحب نے ان کے فیوض سے اپنے شعور کو آراستہ کیا اور عملی دعوت کو اپنا شعار بنایا۔ طبع خداداد سے بہت کم سنی میں شاعری شروع کی اور شروع ہی سے حقیقت پسندی اور اصلاح ملک وملت کو اپنا مسلک بنایا۔ شیعہ کانفرنس کے اسٹیج پر قومی زندگی کے منصوبے بنتے تھے۔ نجم ان اجتماعات میں اپنی قومی نظموں سے جوانوں کا لہو گرماتے تھے۔ قوم کو آگے بڑھنے، کچھ کرنے اور باعزت زندہ رہنے کی تلقین کرتے تھے۔ شیعہ ایجی ٹیشن میں ان کی شاعری نے قوم کو حوصلہ دیا۔ لوگوں کی ہمت بڑھائی۔ وہ خود جیل گئے اور جب رہائی پائی تو ان کے نوحوں میں ایک نیا جذبہ ابھرا۔

نجم کے نوحے بیسویں صدی کے ربع اول سے مشہور چلے آ رہے تھے۔ حیدر آباد دکن سے کشمیر تک جوانوں کے حلقوں میں ان کے ولولہ انگیز شعر گونج رہے تھے۔ ۱۹۳۹ء کے بعد تو شاید ہی کوئی نوحہ خوانی ہوتی ہو جہاں ان کے نوحے نہ پڑھے جاتے ہوں۔ وہ نوحہ گوئی کے منفرد رہنما قرار پائے۔ ان کے سادہ، جوش آفریں، خطیبانہ اشعار نے ایک دنیا کو اپنا گرویدہ بنالیا۔ لوگ ان کے اسلوب میں نوحے لکھنے لگے۔ مگر ان کی بڑائی تک کوئی نہ پہنچ سکا۔ ان کا حلقہ ارادت بڑھتا گیا۔ انھوں نے ہندی میں نوحے لکھ کر تبلیغی دائرے کو مزید وسعت دی۔ انھوں نے بین اور بکا میں، جذبہ وعقیدت میں صدا بلند کی، ماتم اور سینہ زنی کے عالم میں نجم کے نوحے موضوعاتی ہونے لگے۔ ''دھرم پربت'' ''تعمیر حسینؑ'' ''قومی نشان'' ''اسوۂ حسینؑ'' ''پریم پنتھی'' ''حسینؑ سیوا''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"قوم کا بناؤ" جیسے قیامت خیز منظر اور ہمت آفریں نوحوں نے خطابت و پیام کو نیا لہجہ اور عزائی ادب کو سرمایہ دیا۔

نجم نے رباعی، قطعہ، سلام، مرثیہ، نظم ونثر، قصیدہ ومثنوی ہر صنف ادب میں اپنے کمالات کا مظاہرہ کیا۔ نئی نسل کو نئے لہجے میں مخاطب کیا، مگر جوانوں نے اب تک ان کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

ان کے فن، ان کی محنت کے ساتھ انصاف یہ تھا کہ ان کا کلیات چھپتا اور ان کی زندگی پر کتاب لکھی جاتی تاکہ قوم کا ایک نقیب تاریخ کی زندگی پاتا اور عقیدت کے آبِ حیات سے جاودان ہو جاتا۔

32۔ **ڈاکٹر سبط حسن:** تحصیل فتح پور ضلع بارہ بنکی میں محرم اور چہلم کا جلوس ہندوؤں کے محلے "بیچ گھڑ" سے گزرتا تھا تو ماتمی دستے ہندی نوحے پڑھتے تھے۔ یہ تاسیس پاکستان سے قبل کی بات ہے۔ جو نوحہ سب سے زیادہ مقبول ہوا تھا، جو ہندوؤں کی زبانوں پر بھی ایام عزا میں سنا جاتا تھا، وہ یہ تھا۔

"اندھیارا پاپ کے بادل کا سنسار پہ جب چھا جاتا ہے"

یہ نوحہ نجم آفندی کا تھا جس کو حفیظ صاحب مخصوص انداز میں پڑھتے تھے اور میں نے خود دیکھا کہ اس نوحہ کے شعروں پر جو سامعین میں گریہ و بکا کا شور گلی کوچوں میں ہوتا تھا، اس میں ہندو مسلمان سب شامل ہوتے تھے۔ ہندوؤں کی زبانوں پر نجم آفندی کے نوحوں کے بول تھے اور اسی زمانے سے یہ محسوس ہوا کہ ان کے کلام میں کس قدر درد و سوز وگداز ہے کہ اپنے تو اپنے، بیگانے بھی متاثر ہوئے۔

33۔ **جناب سخن فتح پوری:** نجم میں بعض ایسی خصوصیات تھیں جو ان کے ہم عصروں میں نہ تھیں۔ مثلاً ہندی زبان میں جو نوحے انھوں نے کہے، وہ عدیم النظیر ہیں۔ ان کے شعر میں وہ تمام باتیں موجود ہیں جو آواز رنج و الم میں ڈوب کر زبان پر آئے یا جس کا تعلق دکھے ہوئے دل سے ہو اور جب وہ شعر پڑھا جائے تو تمام فضا کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غم آلود کردے۔ اسی طرح اردو زبان میں جو بھی کہا وہ لا جواب کہا۔ ایک ایک مصرع میں فصاحت و بلاغت کا سمندر موجزن ہے۔ مثلاً مصرعہ

علیؑ کا نام، سن زہراؑ کا اور صورت پیمبرؐ کی

نجم آفندی آسمانِ ادب کا ایک ایسا درخشندہ ستارہ تھا جو تہذیب و تمدن کا شاہکار ہو، جس میں طبیعت کی للکار، فطرت کی پکار، خلق و مروت کا آئینہ دار، ولائے آل میں سرشار، جسم نحیف و زار مگر برائے شرکت بزم ولا بے قرار، قید مسافت سے بیزار، جہاں بلائے چلنے پر آمادہ و تیار۔ ایک غیور، باشعور، نازک مزاج ایسا شاعر جس کے کلام میں نازک و لطیف استعارے، حقیقت کے اشارے، جلوۂ حق کے نظارے ہیں۔

پہلو میں حساس دل، جس میں درد، درد میں سوز و گداز کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ زبان میں انتہائی صفائی، بیان میں حد درجہ کی دلکشی، زورِ کلام میں فصاحت و بلاغت، خیالات میں سادگی و سلاست۔ جذبات میں شیفتگی و بلندی، طبیعت میں دردمندی، صحت محاورہ کا خاص خیال اور ادائیگی میں برجستگی، ادبیت کے لحاظ سے یہ وہ گوہر صفات ہیں جو مرحوم میں بدرجۂ اتم موجود تھے۔ انھیں صفات نے مرحوم کو شرف انفرادیت سے مشرف کیا۔ سچ ہے:

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

یہ حقیقت ہے کہ نجم آسمان شاعری کا وہ ستارہ تھا جس کے ڈوبنے سے بزم ملت میں اندھیرا ہو گیا۔"

**34۔ جناب صبا اکبرآبادی:** "نجم آفندی کا شمار شیعہ طبقہ کے ان مشاہیر شعرا میں تھا جن کے کلام نے بڑا تبلیغی کام انجام دیا ہے۔ انھوں نے اپنی تمام شاعرانہ صلاحیتیں، مناقب و مصائب اہل بیتؑ کے بیان کے لیے وقف کر دی تھیں، ورنہ وہ دورِ جدید کے بہت سے ایسے نام آوردہ شعرا سے جو صنف اول کے غزل گو شمار ہوتے ہیں، بہت بڑے شاعر تھے۔ اتنے بڑے کہ ان کے پایہ کمال تک پہنچنے کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بڑے مراحل طے کرنے کی ضرورت ہے لیکن ان کے جذبہ ولا کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ بجائے ایک غزل گو شاعر کے وہ دنیا کے سامنے شاعر اہل بیت کی طرح آئے، حالانکہ اس طرح ان کا حلقہ تعارف محدود ہو کر رہ گیا لیکن ولائے اہل بیت میں انھیں اپنے اس عمل کو اس روشنی میں دیکھنے کا احساس بھی نہیں ہوا۔

نجم آفندی نے اردو شعر و ادب کی ساٹھ سال تک اتنی خدمت کی ہے کہ شاید ہی کسی دوسرے شاعر کو ان کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ لیکن افسوس ہے کہ ان کا بیشتر کلام ان کے استغنا اور عدم توجہی کی وجہ سے یا تو ضائع ہو گیا یا دوسرے شعراء کے نام سے منسوب ہوا۔

نجم آفندی کی موت اردو ادب کے ایک درخشندہ ستارے کا غروب ہے۔ خدا انھیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور مقام بلند پر سرفراز فرمائے۔"

35۔ **سید فیاض علی:** ان کے اشعار تو ہندوستان پاکستان کی افق شاعری پر دھنک رنگوں کی طرح بکھرے ہوئے تھے۔ ان کے نوحے مجالس میں آہ و فغاں کا وہ طوفان اٹھایا کرتے ہیں کہ زمین سے آسمان تک ایک کہرام بپا ہو جاتا ہے۔

حضرت نجم آفندی بھی وطن عزیز پاکستان میں ستارہ شام بن کے آئے تھے۔ ایک ایسا ستارہ بن کر جو مہیب رات کی تاریکیوں میں انسانیت کے بھٹکے ہوئے قافلے کو کاروانِ حسینؑ کے نقش قدم دکھانے کے لیے جگمگا رہا ہو۔

میں حیران ہوں کہ دانستہ یا نادانستہ ہم اس روشن ستارے کی مدھم، ملائم اور ٹھنڈی روشنی سے اپنے وجود کو بچاتے رہے۔ نجم آفندی تو وہ شاعرِ اہل بیت تھے جنھوں نے عمر بھر ہندوستان کے مسلمانوں اور ہندوؤں کو امن و آشتی کا درس دیا۔ وہ آخر عمر میں پاکستان کے مسلمانوں کی ہدایت کے لیے یہاں تشریف لے آئے۔ لیکن مجھے یہ کہنے میں کوئی مصلحت مانع نہیں کہ ہم حضرت نجم آفندی کو ان کے شایان شان مسندِ عزت پر بٹھانے سے گریز کرتے رہے۔ وہ اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دور کے چند نامور شاعروں میں سے تھے لیکن ہم انھیں جان بوجھ کر نظر انداز کرتے رہے۔

36۔ **ڈاکٹر محمد احسن فاروقی:** نجم مرحوم نے زیادہ وقت اور توجہ نظم کو دی اور اس میں مخصوص اضافے کیے۔ نوحہ اور ماتم کو جو عوامی درجہ کی چیزیں تھیں، انھوں نے ادبی حیثیت دے دی۔ مگر نثر میں جو کچھ بھی وہ چھوڑ گئے ہیں وہ آگے آنے والوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ تمثیلی یا اشاراتی افسانوں، مختصر تاریخی حکایتوں اور مذہبی اصلاحوں کے سلسلے میں جس کام کی انھوں نے ابتدا کی ہے، اس کی حدیں بہت دور جاتی ہیں۔ ان کی شاعری بہت کافی مقبول ہے اور قومی شاعری خود رو اصناف کو مستقل ادبی مقام دیتی ہے، مگر ان کی نثر مستقبل میں آنے والے رجحانات کا پیش خیمہ اور ضروری اور مفید رجحانات کی ابتدا کرتی ہے۔

37۔ **جناب امیر امام حُر:** "جناب نجم آفندی کی مرثیہ سرائی سید آل رضا اور جوش دونوں حضرات سے مختلف انداز رکھتی ہے۔ جوش کی مرثیہ سرائی ان کی انقلابی شاعری اور ان کی آزاد فکری کی ایک تحدید ہے۔ سید آل رضا کی مرثیہ سرائی اور نجم آفندی کی مرثیہ سرائی میں یہ بات مشترک نظر آتی ہے کہ دونوں کے یہاں بے انتہا خلوص عقیدت کا گہرا احساس ہوتا ہے، لیکن جہاں سید آل رضا کے مراثی میں لکھنؤ کی مٹھاس کے ساتھ ساتھ نئے خیالات و افکار کی تازگی ہے، وہاں نجم آفندی کی مرثیہ سرائی ہندی زبان کے ادب کے اثرات اور ہندوستان کی دنیا کی انفرادیت زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ ہندی زبان کی سادگی اور بے ساختگی نجم آفندی کی شاعری کی خصوصیت کو اور بھی زیادہ اجاگر کر دیتی ہے۔ نجم آفندی کے مرثیہ کا جو مقصد تھا وہ تبلیغ تھا اور اردو سے زیادہ یہ مقصد ہندی کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نجم آفندی نے اپنے ان فیصلوں میں بڑی بصیرت سے کام لیا اور ہمیں ان کی اس بصیرت اور اس کے ساتھ ساتھ ان کی شاعری کی خوبیوں کا قائل ہونا پڑے گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

**38۔ جناب اختر انصاری اکبرآبادی:** نجم آفندی کے دل کا گداز شگفتہ بیانی کا مظہر تھا اور منفرد انداز بیان سونے پہ سہاگہ۔ درد اور یہ کرب نجم آفندی کی تمام شاعری میں پھیلا ہوا ہے۔ یہ دردمندی اور یہ احساس نجم کی شاعری کی ایک ایسی لازوال سچائی ہے جس کے سبب وہ ہمیشہ یاد آتے رہیں گے۔

**39۔ جناب شیخ انصار حسین:** حضرت نجم آفندی نے اپنی تابندہ تصنیف وتالیف کے جواہر پاروں سے اردو ادب کے سرمائے میں ایک قابل قدر اضافہ کیا ہے۔ چنانچہ عربی، فارسی اور اردو کے شعرا میں نجم آفندی وہ واحد شاعر ہیں جنھیں شاعرِ اہلِ بیتؑ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ نجم کی شاعری کی بنیاد مذہبی، اعتقادی وتاریخی ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ نجم کا مقصدِ شاعری اس عالم میں انسان کے مقام کی وضاحت ہے۔ ان کی شاعری کا مقصد انسان کے اصل نصب العین کی نشان دہی ہے۔ اس میثاق کا اعادہ ہے جو انسان نے یوم الست کو کیا تھا۔ انسانی عظمت کی اس انتہا کو ظاہر کرنا ہے جس کے آگے کچھ نہیں، جس سے بلند کوئی نہیں اور جس کے سامنے کوئی عظمت نہیں۔

**40۔ جناب سید عاشور کاظمی** : فرہادِعصر ڈاکٹر تقی عابدی اب شاعر اہلِ بیتؑ حضرت نجم آفندی کی جملہ شعری تخلیقات کو ''کائناتِ نجم آفندی'' کے نام سے شائع کر رہے ہیں۔ رثائی ادب میں تنقید کی راہیں متعین کرنے کے علاوہ ڈاکٹر تقی عابدی اہم کتابیں بھی شائع کر رہے ہیں۔ وہ جس کتاب کی اشاعت کا بیڑا اٹھاتے ہیں اس پر وسیع تر تحقیقی کام بھی کرتے ہیں جس سے کتاب کی معنویت دوبالا ہوجاتی ہے۔

نجم آفندی شاعرِ اہلِ بیتؑ ہی نہیں، شاعرِ انقلاب بھی ہیں۔ جدید مرثیے کے افق پر جوش اور جمیل مظہری کے ساتھ نجم آفندی کا نام بھی ایک روشن ستارے کی طرح جگمگا رہا ہے۔ جس وقت جوش ملیح آبادی اور جمیل مظہری ملت کو جدید مرثیے کی طرف لے جا رہے تھے، اس وقت نجم آفندی اپنے سلام اور نوحوں کے ذریعے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی خدمات سر انجام دے رہے تھے۔ ان کے نوحوں میں درد کی تپش کے ساتھ انقلاب کی گونج تھی۔ انھوں نے کربلا میں خانوادۂ رسالتؐ پر کئے گئے ہر ظلم کو تاریخ کربلا کے ایک باب کی حیثیت سے نظم کیا ہے۔ مثلاً سید سجادؑ کو بیڑیاں پہنانے کے درد انگیز منظر کی تصویر کشی نجم کے الفاظ میں یوں کی گئی ہے

سجادؑ اسیر جور ہوئے صد حیف کسی نے یہ نہ کہا
یہ پاؤں ستونِ کعبہ ہیں زنجیر کسے پہناتا ہے

نجم آفندی مرثیہ گوئی کی طرف آئے تو اپنے نوحوں کا آہنگ، ماتم کی دھمکیں اور انقلاب انگیز جذبے لے کر آئے۔ پہلا مرثیہ ''فتح مبین'' ۱۹۴۳ء میں کہا جس کا پہلا مصرع ہی نجم کی انقلابی فکر کا مظہر ہے۔ نجم نے شہادت کو فتح قرار دیتے ہوئے کہا ہے:

جب لے لیا حسینؑ نے میدانِ کربلا
بدلا لہو سے رنگِ گلستانِ کربلا

''معراج فکر'' نجم آفندی کا شاہکار مرثیہ ہے۔ یہ ان دنوں لکھا گیا ہے جب روس اور امریکہ چاند کی طرف راکٹ بھیجنے کی کوشش کر رہے تھے اور دنیا خلائی دور میں داخل ہو رہی تھی۔ نجم آفندی کی ترقی پسند فکر نے وقت کے تقاضوں کو سمجھا اور کہا:

اہلِ زمیں کی آج ستاروں پہ ہے نظر ممکن ہے کامیاب رہے چاند کا سفر
ہیں اپنی اپنی فکر میں ہر قوم کے بشر مردان حق پرست کا جانا ہوا اگر
عباسِؑ نامور کا علم لے کے جائیں گے
ہم چاند پر حسینؑ کا غم لے کے جائیں گے

خلا کی تسخیر ہو گئی۔ ایسا لگتا ہے اب وہ وقت دور نہیں جب نجم آفندی کی پیش گوئی پوری ہو گی اور خلاء میں جہاں جہاں انسان پہنچے گا، عباسؑ کا علم وہاں وہاں لہرائے گا۔ نجم آفندی کی شاعری پر ابھی ٹھوس تنقیدی کام نہیں ہوا ہے۔ ڈاکٹر تقی عابدی جس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انداز سے کام کرتے ہیں، مجھے یقین ہے کہ کائناتِ نجم آفندی کی اشاعت کے بعد نجم آفندی لوگوں کی سمجھ میں آئیں گے اور ان کی صحیح حیثیت متعین ہوگی۔

## 41۔ جناب نسیم امروہوی:

حُسنِ بیاں کی اک کتاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم — لطفِ زباں میں کامیاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
بہرِ قصیدہ و سلام از رہِ بندش و نظام — فکرِ جدید کا شباب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
نوحۂ غم کی راہ میں سبطِ نبی کی چاہ میں — موجدِ طرزِ لاجواب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
قائدِ بزمِ عزمِ نو، صاعقۂ عمل کی رو — کعبۂ نظم کا سحاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
جذبۂ ماتمِ حسینؑ واقفِ رمزِ شور و شین — فطرتِ درد کا خطاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
نجمِ زمینِ شاعری ماہِ مبینِ شاعری — اوجِ سخن کا آفتاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
ذہن رسا فلک کا اوج طبعِ رواں لبن کی موج — بحرِ سخن کی آب و تاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
رنگِ سخن سے اس کے فق چہرۂ مطلعِ شفق — خالقِ لالہ و گلاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
دینِ سخن میں وہ زعیم، خطِ صراطِ مستقیم — سالکِ جادۂ صواب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
مدح لکھی ہے بار بار شعر کہے ہیں بے شمار — خلدِ بریں میں بے حساب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
چند ہی مدح گو ہیں اب، بعد انیسؔ منتخب — منتخبوں میں انتخاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم
اس کا نہیں کوئی سہیم، جوشؔ و رضا ہوں یا نسیمؔ — سب کو پیامِ انقلاب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم

لکھ دو نسیمؔ باکمال قبر پہ سالِ انتقال
بقعۂ پاک محوِ خواب شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم

1975ء

## 42۔ جناب رئیس امروہوی:

فراقِ نجم آفندی کی تفسیر
سرشکِ درد سے اے چشمِ نم لکھ
وہ دانشور وہ شاعر وہ سخن سنج
اُسے نکتہ ورِ اہلِ حرم لکھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ نوحہ خوانِ شبیرؑ اب کہاں ہے
رئیس افسانہ ارباب غم لکھ

فراق نجم آفندی مرحوم
"غروب انجم نجم" اے قلم لکھ

1395ہجری

### 43-جناب شاہدنقوی:

کیا ہوا گر اہلِ دنیا نے نہ اس کی قدر کی
کیا ہوا گر اس کی میت تشنۂ ماتم رہی
وہ عطائے مصطفےٰؐ سے پائے گا اجرِ عظیم
اُس کا کیا بگڑا اگر دنیا میں قیمت کم رہی

حُبِ اہلِ بیتؑ میں مرنا شہادت ہے اگر
عاشقِ آلِ نبیؐ مرنے سے ڈر سکتا نہیں
مر نہیں سکتا اگر کوئی شہیدِ راہِ حق
لاکھ موت آجائے لیکن نجم مرسکتا نہیں

### 44۔جناب فیض بھرت پوری:

شاعرِ اہلِ بیتؑ نجم افسوس
موت تیری ہے دل کی بربادی
تیرے مرنے سے ہوگئی سنسان
نوحۂ دل گداز کی وادی
اپنی دُنیا تو ہوگئی برباد
بڑھ گئی گو جناں کی آبادی
تو نہیں جب تو اب ملے گی کہاں
نظمِ رنگین اور روش سادی
تو جہانِ ثنائے مولاؑ میں
راہِ نو کا ہے بانی و ہادی
نوحہ و منقبت کی دُنیا میں
کر گیا انقلاب بنیادی
طبع دُنیا سے دور گوشے میں
شہؑ کا تھا مدح خواں بہ آزادی
تیری تاریخ مرگ لکھتا ہے
فیض جو مرثیے کا ہے عادی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



1975ء

## 45۔ جناب نفیس فتح پوری:

کوئی شاعر ہو کہ موجد فلسفی ہو یا ادیب — اس جہانِ آب وگل میں کس کو حاصل ہے دوام
ہے فنا سب کا مقدر مہر ہو یا ماہتاب — نجم کے بھی دور کا آخر تھا اک دن اختتام
اپنے دورِ شاعری میں منفرد انداز سے — نجم اپنے آپ کو منوا گیا ماہِ تمام
نجم کی روشن خیالی سے ہوئے رخشندہ تر — مرثیے نوحے قصیدے منقبت سوز و سلام
شاعری کی آنکھ کا تارا تھا نجم ذی حشم — نغز گو شیریں سخن، طبّاع، مداحِ امام
پوربی بولی میں نوحے اور وہ ان کی مٹھاس — کیوں نہ کرلیتی دیارِ ہند میں ہر اک کو رام
اب کہاں وہ نجم آفندی کہ جس کی ذات نے — جگمگائے محفلِ شعرو سخن کے صبح و شام
اُس کے ہم عصروں نے ناقدری جو کی تو کیا ہوا — جب تک اردو ہے رہے گا نجم کا تابندہ نام
آخری لمحے گزارے آکے ارضِ پاک پر — اور اب باغِ ارم ہے نجم کی جائے قیام

دیکھنا ہو جس کسی کو رتبۂ نجم اے نفیس
پڑھ کے دیکھے اُس کا ہندی فارسی اردو کلام

## 46۔ جناب زاہد فتح پوری:

نجم دنیائے فن کو پیارا ہے — آسمانِ ادب کا تارا ہے
رفعتِ حُسنِ شاعری کے لیے — نجم بھرپور استعارا ہے
وہ روانی کلام میں گویا — تند دریا کا تیز دھارا ہے
نجم نے اپنا خونِ دل دے کر — چہرۂ فکر و فن نکھارا ہے
مرثیہ ہو کہ منقبت کہ سلام — اُس نے ہر صنف کو سنوارا ہے
اک نیا طرز دے کے نوحے کو — اُس نے ذوقِ سخن ابھارا ہے
ہم کو اک موڑ پر ملا تھا کبھی — جب سے اپنے لئے سہارا ہے
کر گیا آہ محفلیں سونی — قلبِ حسّاس پارا پارا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم جب خلد میں ہوا داخل        بولے شبیرؑ یہ ہمارا ہے
ندرتِ فکرِ نجم اے زاہد
اُس کے شعروں سے آشکارا ہے

**47۔محترمہ رابعہ نہاں:**

دارِ فنا سے نجم بہ سوئے جناں گیا        آلِ رسولؐ پاک کا وہ قدر داں گیا
شاعر تھا اہلِ بیتؑ کا اور عاشقِ رسولؐ        جھڑتے تھے پھول منہ سے وہ غنچہ دہاں گیا
جاری زباں پہ نعتِ نبیؐ مدحِ آل تھی        خدمت میں جب حسینؑ کی وہ مدح خواں گیا
اب قربِ پنجتنؑ بھی ہے اور سیرِ خلد بھی        فردوس میں بہ فضلِ خدا بے گماں گیا
کیا مرتبے ملے کہ لیا اُس کو ہاتھوں ہاتھ        جنت میں جس مقام پہ شیریں بیاں گیا
افکار اُس کے آپ ہی اپنی مثال ہیں        دُنیائے شاعری کا وہ روحِ رواں گیا
نوحہ کیا کبھی نہ زبانِ حسینؑ سے        ہاں خود غمِ حسینؑ میں نوحہ کناں گیا
جذبات پہ لگائے وہ نشتر کہ الاماں        مجلس سے جو گیا وہی سینہ تپاں گیا
راہیں نکالیں اُس نے نئی راہِ فکر میں        یعنی وہ ہم کو بخش کے فکرِ جواں گیا
دُنیائے مادّی میں وہ اوجھل ضرور ہے        زندہ رہے گا تا بہ ابد وہ جہاں گیا
سیرت میں اس کی سیرتِ آلِ رسولؐ ہے
سینے میں اپنے لے کے یہ وصفِ نہاں گیا

**48۔جناب ساحر لکھنوی:**

شمع کے پھول کے مانند، شرارے کی طرح        نجمِ فن ڈوب گیا صبح کے تارے کی طرح
مطلعِ فکر سے اوجھل ہوا اے شلہِ نظم        وہ جو چمکا تری قسمت کے تارے کی طرح
شاعر ایسا کہ ہر اک صنفِ سخن نے پایا        فیض اک ذات سے اس کی اک ادارے کی طرح
جس کا ہر شعر تھا اک جلوۂ صد رعنائی        نگہہِ ذوق میں جنّت کے نظارے کی طرح
جس کی آواز سکوں بخشِ دلِ شعر و سخن        غم کے بڑھتے ہوئے طوفاں میں کنارے کی طرح
جس کے افکارِ مودت سے مزین اوراق        منزلِ مدح میں قرآن کے پارے کی طرح

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُس کی پروازِ تخیل تھی کہ معراجِ ہنر ۔۔۔ رفعتِ عرش پہ رف رف کے طرارے کی طرح
اپنی آغوش میں پروان چڑھایا اُس نے ۔۔۔ اک نئے لہجے کو اک راج دُلارے کی طرح
قلب پر اُس کے مضامین کا ہوتا تھا نزول ۔۔۔ مصحفِ قدس کے اک تازہ شمارے کی طرح
اُفقِ شعر پہ اُبھرا تھا مثالِ خورشید ۔۔۔ رہنما بن کے ہدایت کے منارے کی طرح
اقتدار اُس کا مکمل تھا بہرِ طرزِ سخن ۔۔۔ فن کی اقلیم میں شاہوں کے اجارے کی طرح
فکر کے وقت نگاہوں میں سمندر کا سکوں ۔۔۔ زورِ تخیل میں طوفان کے دھارے کی طرح
موت سے اُس کی زیاں قوم و ادب نے جھیلا ۔۔۔ ایک ہی لمحے میں صدیوں کے خسارے کی طرح
زوجِ زہراؑ کی زیارت کے لیے اے ساحرؔ ۔۔۔ نجم اب قبر میں اُترا ہے ستارے کی طرح

سالِ رحلت کے لیے قبر پہ لکھ دو ساحرؔ
نجمؔ ہے دامنِ مدفن میں ستارے کی طرح

1395 ہجری

### 49۔ جناب کسریٰ منہاس:

چل بسے آہ نجمؔ آفندی ۔۔۔ شاعرِ نکتہ سنج و سحر نگار
شاعرِ اہلِ بیتؑ لاریب ۔۔۔ مدحتِ پنجتن تھا اِن کا شعار
کبر و نخوت سے دور رہتے تھے ۔۔۔ بات کے سچے نیک تھا کردار
سالِ ہجری و عیسوی دونوں ۔۔۔ شعرِ کسریٰ سے ہوگئے اظہار

دُرِ یکدانہ نکتہ داں شاعر

1395 ہجری

شاعرِ نکتہ داں گرامی تبار

1975ء

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

### 50-جناب نیساںؔ اکبرآبادی

نجمِ درخشاں چلا آج سوئے پنجتن
بزمِ ملائک میں یہ ہونے لگا غلغلہ
تذکرہ اہلِ بیت جس کا تھا شغلِ سخن
خلد میں وہ آگیا شاعرِ شیریں نوا

1975ء

### 51۔ڈاکٹر ہلالؔ نقوی:

سُن سکے کوئی تو سُن لے داستانِ اشکبار
سینۂ تاریخ کے ناسور کی رِستی پکار
کہہ رہی ہے انقلابِ دہر کے قدموں کی چاپ
زندگی ہر موڑ پر زخم و نمک کا ہے ملاپ
اک تڑپ ہے جو مسلسل ہر رگِ دل میں رواں
زندگی ایک کرب ہے جس کی چبھن ہے خونفشاں
یہ خلش جو ڈھل گئی ہے فطرتِ انسان میں
زندگی محبوس ہے ماحول کے زندان میں
اُلجھنوں میں اس قدر مصروف ہے نوعِ بشر
شورشِ غم میں نہیں انسان کو اپنی خبر
غم مٹانے کے لیے پی ہے جو غفلت کی شراب
آدمی سے آدمی نے کرلیا ہے اجتناب
ہوگئے ہیں بے خبر اتنے نہیں پروا ذرا
کوئی دنیا سے گیا؟ کیسے مرا؟ کیونکر مرا؟

اس قدر بے حس ہیں کیوں؟ آخر یہ انساں سب کے سب
وقت اس آزار کا ہم کو بتاتا ہے سبب

جب سیاسی کجروی ماحول کا بنتی ہے روگ
جب معاشی ابتری سے تلملا جاتے ہیں لوگ
مفلسی کے نشتروں سے جب ٹپکتا ہے لہو
زندگی روتی ہے اپنے حالِ غم پر کو بہ کو
جب رگوں کو بھوک کا سرطان دیتا ہے چبھن
آدمی مُردوں کے تن سے چھین لیتا ہے کفن
اس قدر سفاک ہوجاتا ہے انساں کا ضمیر
خاک ہوجاتا ہے ذہنوں میں محبت کا خمیر
دل میں ہر رخ سے جنم لیتے ہیں پھر مکر و ریا
یہ عمل رہتا ہے جاری سلسلہ در سلسلہ
اک کڑی اس سلسلے کی ہے دلوں کی بے حسی
جس سے بن جاتا ہے غفلت کا نمونہ آدمی
یاد کا مفہوم ذہنوں سے بھلا دیتے ہیں لوگ
عظمتِ اسلاف کو دل سے مٹا دیتے ہیں لوگ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یوں اُبھر کر سامنے آتی ہے ہستی قوم کی
رنگ لاتی ہے نیا مُردہ پرستی قوم کی

آج بھی اس کی ہمارے سامنے ہے اک مثال — ایک شاعر جو طریقِ فکر و فن میں باکمال
وہ بزرگِ عالمِ طرزِ جدید شاعری — مرگیا! لیکن خبر تک اہل دنیا نے نہ لی
یہ حقیقت اک حقیقت ہے جو میں کہتا ہوں ٹھیک — آدمی گنتی کے تھے اُس کے جنازے میں شریک
اس کی ہستی کے اجالے تیرگی میں سوگئے — بے خبر دنیا رہی! اخبار گونگے ہوگئے
ہاں مگر یہ عزم لے کر آئے ہیں اہلِ ادب — کچھ نہیں پرواہ ہم کو چپ رہیں دنیا کے لب

لاکھ اپنی بے حسی دکھلائے یہ مجرم سماج
ہم مگر دیتے رہیں گے اس کی عظمت کو خراج

نجم! اے شعر و سخن کے آسماں کے آفتاب — تو نے بخشا ہے زلیخائے تفکر کو شباب
اک نئے انداز سے کارِ ادب تو نے کیا — تو نے نوحوں کو عقیدت کا نیا لہجہ دیا
بالیقیں کہنا پڑے گا یہ کہ ہیں تیرے سلام — کربلا والوں کے مقصد کی اشاعت کے پیام
تیری جدت آفرینی کے اضافے ہیں مزید — مرثیہ تیرا ہے اک فکرِ دبستانِ جدید
تیرے باغِ فکر میں کھلتے ہیں فطرت کے کنول — کروٹیں لیتا ہے تیرے شعر میں جوشِ عمل
تو نے جذبے کو وفاؤں کا قرینہ دے دیا — تو نے اشکوں کو شراروں کا خزینہ دے دیا
طرزِ نو تیرا دماغ و ذہن پر چھانے لگا — فکر میں جس کے اثر سے انقلاب آنے لگا
جس کی سچائی کو آسکتا نہیں ہرگز زوال — کیوں نہ لکھے وہ حقیقت شعر میں فکرِ بلال

جب بھی چھڑ جائے گا ذکرِ جدتِ ”شعر و پیام“
آئے گا لب پہ ہمیشہ نجم آفندی کا نام

### 52۔ جناب نسیم امروہوی:

نجم آفندی جمالِ شاعری — نجم حُسنِ لازوالِ شاعری
نجم کی فطرت کمالِ شاعری — نجم کے نوحے مآلِ شاعری

نجم تھا آنکھوں کا تارا نظم کا
ہائے ڈوبا وہ ستارا نظم کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

نوحہ گوئی کو دیا فکری پیام　　سر بہ سر احساس ہے جس کا کلام
ہر قصیدہ جس کا اک ماہِ تمام　　کہہ گیا صلوات کے قابل سلام
منقبت میں بھی وہ تھا فکری صعود
دل یہ کہتا تھا پڑھے جاؤ درود
ایسی نظموں کو دیا اُس نے رواج　　ہندی و اردو کا جن میں امتزاج
کس میں یہ اندازِ تبلیغی ہے آج　　وقت کا پہچانتا تھا وہ مزاج
اُس کی یہ تخلیق تھی اک شاہکار
اس شریعت کا تھا وہ پروردگار
نجم تھا فنکارِ نو کی اک کتاب　　نجم کا ہر شعر خود اپنا جواب
نجم تھا طرزِ بیاں کا انقلاب　　نجم کی پیری سخن کا تھی شباب
نجم زینت تھا عزا کے فرش کی
فرش پہ کرتا تھا باتیں عرش کی
یوں اُبھاری شمع بیداری کی لو　　قوم کے ذہنوں نے پائی جس سے ضو
وہ لکھے فکری مضامیں نو بہ نو　　جن سے دوڑی ارتقا کی ایک رو
نجم تھا تابندہ میرِ شاعری
السلام اے نجم اوجِ شاعری

## 53۔ پروفیسر فیضی

بتائید الٰہی یہ شرف فیضی انہی کا تھا
عزادارِ شہیدِ کربلا تھے نجم آفندی

1975ء

## 54۔ جناب خلش پراصحابی

چلے نجم شیریں بیاں دہر سے　　رہا کچھ نہ اب زندگی کا مزا
احبا کو ہے فکرِ سالِ وفات　　سنو تو سناتے اب یار کیا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

الف سے الم کے خلش اب تو یوں
ہے لکھا، غمِ تجمّ دائم رہا

1 + 1394 = 1395ہجری

تیرے افکار کے سورج ہیں درخشاں اے تجمّ
ہے نئی راہِ سخن طور بداماں اے تجمّ
ڈھل گئے شعر کے سانچے میں جو جذبات ترے
ہوگئی بزمِ سخن بزم فروزاں اے تجمّ

**55۔ جناب کرّار حیدر راہی:**

فلکِ شاعری کا سیّارہ بوستانِ ادب کا شہ پارہ
شاعرِ سر زمینِ کرب و بلا مبتلائے غمِ لیّام ہوا
نئے نوحوں کا موجدِ اوّل شاعرِ بے نیازِ صنفِ غزل
ہاتھ میں ہے حسینیت کا علم دل میں سلطانِ کربلا کا غم
آنکھ میں اشک لب پہ نوحا ہے بس یہی زادِ راہِ عقبیٰ ہے
تجمّ کی زندگی کا ہر لمحہ از برائے غمِ حسینؑ رہا
لوگ کہتے ہیں مرگیا ہے تجمّ میں سمجھتا ہوں گھر گیا ہے تجمّ
مسکراتا ہے باغِ جنّت میں
سیّدِ کربلا کی خدمت میں

**56۔ علّامہ سید ابن حسن نجفی:** خدا کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ جذبہ غم کے روح پرور ترجمان اور ''تہذیب مودّت'' کے شیوا بیان شاعر حضرت تجمّ آفندی تقریباً آدھی صدی تک ہمارے دل و دماغ پر چھائے رہے۔

مرحوم کا شمار ان گنے چنے تخلیق کاروں میں ہوتا ہے جن کے سنبھلے ہوئے مزاج نے نئی راہیں بنائیں۔ جدید عنوان دیئے۔ تازہ فکر عطا کی اور ہمارے ذہنوں کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بالکل اچھوتے اسالیب سے روشناس کروایا۔ فی الواقع نجم بہت بڑے انسان عظیم مفکر اور ہماری صدی کے ممتاز اور منفرد سخن طراز تھے۔ انھوں نے نصف صدی میں جس صنف ادب کا بیش بہا ذخیرہ مہیا کیا ہے اس میں اتنی تاب و تواں ہے کہ صدیوں تک انسانی شعور کی ہدایت کرتا رہے گا۔

نیز نجم کا نام ہر ستارے سے زیادہ چمکتا رہے گا اور اسی نیک ذخیرہ کی بدولت آخرت میں بھی انھیں بہت نمایاں مقام حاصل ہوگا۔

57۔ **علامہ مرزا یوسف حسین لکھنوی** (پرنسپل مدرسۃ الواعظین لاہور): شاعرِ حسینیت حضرت نجم آفندی اکبر آبادی اعلی اللہ مقامہٗ وہ پہلے شاعر ہیں جنھوں نے حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے عدیم المثال کارناموں کی نئے انداز میں تصویر کشی کی۔ فلسفہ حسینیت کو وسعت دی اور اس ذکر کی نئی راہیں نکالیں اور ہر اہم مقصد کو ایسے سادہ الفاظ اور روزمرّہ میں ادا کیا جس سے ہر خاص و عام لطف اندوز ہوتا رہا اور ہر کہی ہوئی بات دل میں اترتی رہی۔

ان کا کلام شعر بھی تھا اور تبلیغ بھی۔ وہ اس فن کے مسلّم الثبوت بادشاہ تھے۔ وہ کلام کے نہیں کلام ان کے تابع تھا۔ ان کے کلام میں آمد ہی آمد ہے۔ کہیں آورد کا نام نہیں۔ ان کی ہر نظم نظم بھی ہے اور نثر بھی۔ ایسی سخن آفرینی جو حقیقت کے مطابق ہو ان کی فطرت میں داخل تھی۔ ان کے ایسے بلند پایہ شاعر فلک نے کم دیکھے ہوں گے۔ یو۔ پی اور پنجاب ہر جگہ ان کے شاگرد موجود ہیں۔ جناب رزم (ردولوی) جناب مظفر حیدری اور جناب جلیس ترمذی صاحب کے بلند پایہ کلام ان کے استاد کی عظمت پر گواہ ہیں۔

انھوں نے لغت کی ایک کتاب بھی تالیف کی تھی جسے دیکھنے کا بے حد شوق ہے۔

جیسا ان کا کلام، ویسا ان کا عمل۔ نہایت سادہ مزاج، وسیع الاخلاق، متواضع اور منکسر، نحیف و زار مگر دل شیروں جیسا جوان تھا۔

سب سے پہلے 1939ء میں لکھنؤ کے محاذ میں شرف ملاقات حاصل ہوا اور کئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہفتہ ساتھ رہا اور آخر میں 1973ء میں لاہور شب پانز دہم شعبان کو لب دریا نیاز حاصل ہوا۔ ساری عمر حیدرآباد میں گزاری۔ اب پاکستان میں قیام کا ارادہ تھا مگر موت نے مہلت نہ دی اور ہمیشہ کے لیے قیام ہوگیا۔ یہاں کی مٹی انھیں حیدرآباد (اے۔ پی) سے کھینچ لائی تھی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔"

58۔ **الحاج محمد بشیر انصاری**: "میں ایسے شاعر رفیع الفکر، دقیق النظر، بلیغ الکلام، مداح اہل بیت عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قدر و منزلت کے لیے کیا لکھ سکتا ہوں جن کے لیے آل محمدؐ علیہم السلام نے بالتحقیق فرمایا ہو کہ ہمارے مادحین کے لیے روح القدس مقرر ہے کہ وہ ان کی تائید و تسدید کرے اور ان کی ہر بیت کے عوض جنت میں ایک بیت مہیا ہو جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ جناب نجم آفندی علیہ الرحمہ کو جوار اہل بیت علیہم التحیۃ و الثنا میں منبر مدحت و منقبت عطا فرمائے۔

59۔ **مولانا پروفیسر خواجہ محمد لطیف انصاری**: شاعرِ اہل بیت حضرت نجم آفندی اعلی اللہ مقامہ کی وفات حسرت آیات کی خبر میں آپ کے گرامی نامہ سے پیشتر ہفت روزہ "اسد" اور "شہید" میں پڑھ چکا ہوں۔

حقیقتاً نجم کی شاعری اور مدح ثنائی اہل بیت اور ان کے نوحوں میں سوز و گداز اپنی مثال آپ تھا۔

یہ ہماری بدنصیبی کا زمانہ ہے کہ اس قوم کے درخشندہ ستارے یکے بعد دیگرے غروب ہو رہے ہیں۔

نجم کی وفات حسرت آیات کی گمنامی قوم کی بدنصیبی ہے مگر جن ذواتِ قدسیہ کے لیے وہ مدح ثنائی فرماتے رہے، ان کے نزدیک اس کا اجر محفوظ ہے۔

60۔ **علامہ حکیم محمد گیلانی**: مرحوم ساری عمر خدمتِ ملت اور مداحی معصومینؑ میں مصروف رہا اور جب دنیا سے رخصت ہوا تو آنسو بہانا تو درکنار کسی نے ٹھنڈی آہ بھی نہ بھری۔ اللہ عزو جل مرحوم کو جوارِ اہل بیت میں جگہ دے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

61۔ **جناب سید ریاض الرحمٰن**: ''قبلہ نجم آفندی کی موت ایک فرد کی موت نہیں ایک باشعور قوم و شعراء کے طبقہ کی موت ہے مگر افسوس تو اس قدر ہے کہ قومی شاعر ہوتے ہوئے گمنامی کی موت ہماری بے حسی کے لیے زبردست چیلنج ہے۔

62۔ **جناب منظر**: مرحوم رہنما تھے۔ اللہ تعالیٰ انھیں جنت نصیب کرے ایسے آدمیوں کا پیدا ہونا مشکل ہے۔

63۔ **حضرت گوہر جعفری**: بلا شبہ علامہ نج آفندی کے بعد شعبہ ادبیات کا ایک باب ایک ادارہ ایک مہتم بالشان انجمن اور سوسائٹی کا خاتمہ ہوگیا۔

64۔ **جناب سید فقیر حسین شیرازی**: قبلہ نجم صاحب کی وفاتِ حسرت آیات قوم کے لیے ایک ناقابل تلافی صدمہ ہے۔

ع : جب احمدِ مرسل نہ رہے کون رہے گا

65۔ **جناب تسلیم ترمذی کربلائی**: علامہ نجم آفندی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون: اب کس کس کو رویا جائے؟ ان کی موت پر آنسو بہائے جائیں۔ یا ان کی غریب الوطنی اور قوم کی بے حسی کا رونا رویا جائے۔ مرحوم ساری زندگی مدحِ اہلِ بیت علیہم السلام کرتے رہے۔ خدا رسول اور ائمہ معصومین کے نزدیک ان کے مدارج بہت بلند ہیں۔ انشاء اللہ۔

مجھے وہ وقت نہیں بھولتا جب 1972ء میں جلیس صاحب کے ساتھ شمیم کاظمی کے ہاں میرا جانا ہوا۔ وہاں نجم آفندی مرحوم نے جس پدرانہ شفقت کا اظہار فرمایا اور جو پُرخلوص دعائیں دیں، ان کا اثر اب تک محسوس ہو رہا ہے۔ خدا انھیں جنت و کوثر عطا فرمائے۔

66۔ **بیگم سیّدہ بلقیس اعجاز**: اتنے بڑے قومی شاعر کی اس المناک موت سے دل کو بہت رنج پہنچا۔ ان کے اعزہ نے کسی کو خبر تک نہ دی۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس عظیم شاعر کی موت کی خبر کو صیغۂ راز میں کیوں رکھا گیا۔

مجھے نجم آفندی کا یہ شعر بہت یاد آتا ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دریا سے تجھے پار اُترنا ہے بہرحال
طوفان کے کاندھے پہ قدم رکھ کے اتر جا

مرنے والے تو مرجاتے ہیں لیکن اپنی ایسی یادیں پیچھے چھوڑ جاتے ہیں کہ لاکھ بھلائیں نہیں بھولتے۔

آنکھ سے دور سہی دل سے کہاں جائے گا
مرنے والے تو ہمیں یاد بہت آئے گا

حضرت علامہ نجم آفندی اعلی اللہ مقامہ کی یاد میں جناب قدر عریضی سرپرست ادارہ ''قدر ادب'' نے یکم فروری ۱۹۷۶ء کو ایک طرحی محفل دوبیتی ومسالمہ منعقد کی تھی۔ جن شعرا نے رباعیات اور قطعات میں نجم آفندی کی شخصیت اور فن کی قدردانی کی وہ یہاں پیش کی جارہی ہیں۔

**67۔ جناب آر آر سکینہ الہام:**

دنیا میں رہے تابعِ فرمانِ حسینؑ
عقبیٰ کا سکوں ملا بہ فیضانِ حسینؑ
رضواں سے پتہ ہم نے جو پوچھا تو کہا
''جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ''

**68۔ جناب ڈاکٹر اسد انصاری:**

تھا اُن پہ اسد سایۂ دامانِ حسینؑ
دنیا میں وہ کہلائے ثنا خوانِ حسینؑ
جو کل تھا وہی آج بھی باقی ہے ربط
''جنت میں بھی ہیں نجم زخاصانِ حسینؑ''

**69۔ جناب بشیر احمد ارمان قریشی:**

تھا نجم کا دل اصل میں ایوانِ حسینؑ
جب تک جئے دل میں رہا ارمانِ حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب آلِ محمدؐ کی محبت کے طفیل
"جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ"

### 70۔ جناب اکمل آلہ وری:

ہر شان حسینؑ کی ہے شایانِ حسینؑ
فیضانِ نبیؐ، علیؑ ہے فیضانِ حسینؑ
مداح کو اپنے پاس بلوا ہی لیا
"جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ"

### 71۔ جناب ادیب حیدر آبادی:

وہ شاعرِ مدح تھے ثنا خوانِ حسینؑ
حاصل ہے وہاں بھی انہیں فیضانِ حسینؑ
ہے اُن پہ کرم اسی وسیلہ کا ادیب
"جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ"

### 72۔ جناب باقر رضوی امانت خانی:

رکھتے تھے مرحوم ہر صنفِ سخن پر دستگاہ
بالیقیں اُن کی زمین شاعری تھی حشر خیز
ایک ہی دُھن اُن کو تھی شاعر تھے اہلبیتؑ کے
صلح کل مسلک تھا وہ رکھتے نہ تھے خوئے ستیز
اُن کے خامہ نے لکھا جب قصۂ یومِ غدیر
فکر کے اشہب نے کی میدانِ خم میں جست وخیز
جشن اور مجلس پہ ان کی فکر کا یوں تھا اثر
اشک افشاں ان کے نوحے اور قصائد عطر بیز
جوہرِ مدحِ امیرالمومنینؑ رکھتے تھے وہ
شعر لکھتے وقت اُن کا کلک تھا الماس ریز
عمر بھر کرتے رہے آلِ محمدؐ کی ثنا
کی ہمیشہ مدحِ غیرِ آلِ احمدؐ سے گریز

اس طرح باقر نے کھینچا منظرِ سالِ وفات
اب فلک سے شاعری کے نجم ٹوٹا جلوہ ریز
۱۹۷۵ء

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

### 73۔ جناب سید شاہ نصیر الدین بسمل:

سب کو یہ سناتے رہے فرمانِ حسین
ان کے لیے ایمان تھا ایقانِ حسین
ہر سانس پہ تھے حسین کے یہ بسمل
"جنت میں ہیں مجتمع زیرِ دامانِ حسین"

### 74۔ جناب ابوالحسن عابدی حسن:

حاصل تھی یہ دولت بھی بہ فیضانِ حسین
دیکھ آئے تھے وہ رونق ایوانِ حسین
جب فکرِ مقام کی تو ہاتف نے کہا
"جنت میں ہیں مجتمع زیرِ دامانِ حسین"

### 75۔ جناب خورشید جنیدی

احساس تھا وابستہ دامانِ حسین
کی مدح تمام عمر شایانِ حسین
محفل میں نہیں بذاتِ خود مجتمع مگر
بے جسم ہے طلعتِ ثنا خوانِ حسین

۱۹۷۵ء

### 76۔ جناب عرب شاہ خالد کیثری:

قسمت کے دھنی ہیں سب غلامانِ حسین
ملتا ہے بہر حال انہیں فیضانِ حسین
جو "شاعر اہلبیت" کہلاتے رہے
وہ مجتمع ہیں اب شمعِ شبستانِ حسین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

77۔ جناب سید ارشاد احمد دراکؔ قنوجی:

حاصل رہا دنیا میں بھی فیضانِ حسین
عقبیٰ میں بھی پایا ہے گلستانِ حسین
اللہ نے دی نجم کو عظمت دراک
جنت میں ہیں وابستۂ دامانِ حسین

78۔ جناب شاہدؔ حیدری

وہ شاعرِ خوش فکر ثنا خوانِ حسین
قدرت سے ملا تھا جن کو عرفانِ حسین
وہ روحی فداک کہہ کے دم توڑ دیے
"جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسین"

79۔ جناب طاہرؔ عابدی

تھے شاعرِ اہلبیتؑ قربانِ حسین
اُن پر تھا سدا نزولِ فیضانِ حسین
رضواں کی صدا آئی یہ مجھ کو طاہرؔ
"جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسین"

80۔ جناب طالبؔ اسدی:

حاصل جنہیں ہوجاتا ہے عرفانِ حسین
کہلاتے ہیں وہ لوگ غلامانِ حسین
مر کر بھی وہ محروم رہیں ناممکن
"جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسین"

81۔ جناب میرزا عادلؔ نجمی:

وہ بلبل خوش گوائے بستانِ حسین
ہر سانس میں تھا نغمۂ فیضانِ حسین

jabir.abbas@yahoo.com

### 77۔ جناب سید ارشاد احمد دراکؔ قنوجی:

حاصل رہا دنیا میں بھی فیضانِ حسینؑ
عقبیٰ میں بھی پایا ہے گلستانِ حسینؑ
اللہ نے دی تجمّم کو عظمت دراک
جنت میں ہیں وابستۂ دامانِ حسینؑ

### 78۔ جناب شاہدؔ حیدری

وہ شاعرِ خوش فکر ثنا خوانِ حسینؑ
قدرت سے ملا تھا جن کو عرفانِ حسینؑ
وہ روحی فداک کہہ کے دم توڑ دیے
"جنت میں ہیں تجمّم زیر دامانِ حسینؑ"

### 79۔ جناب طاہرؔ عابدی

تھے شاعرِ اہلبیتؑ قربانِ حسینؑ
اُن پر تھا سدا نزولِ فیضانِ حسینؑ
رضواں کی صدا آئی یہ مجھ کو طاہرؔ
"جنت میں ہیں تجمّم زیر دامانِ حسینؑ"

### 80۔ جناب طالبؔ اسدی:

حاصل جنہیں ہوجاتا ہے عرفانِ حسینؑ
کہلاتے ہیں وہ لوگ غلامانِ حسینؑ
مر کر بھی وہ محروم رہیں ناممکن
"جنت میں ہیں تجمّم زیر دامانِ حسینؑ"

### 81۔ جناب میرزا عادلؔ نجمی:

وہ بلبل خوش نوائے بستانِ حسینؑ
ہر سانس میں تھا نغمۂ فیضانِ حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

رکھتے ہو اگر ہوشِ نظر تو دیکھو
''جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ''

86۔ جناب محمد عبدالکریم ماہرؔ:

چھوٹا نہ کبھی ہاتھ سے دامانِ حسینؑ
تا عمر رہے تابعِ فرمانِ حسینؑ
بخشش کے لیے ان کی یہی کافی ہے
تھے نجم افندی جو ثنا خوانِ حسینؑ

87۔ جناب میر محمد علی وفاؔ:

کرتے تھے بیاں وسعتِ امکانِ حسینؑ
روشن تھی نظر بہ فیضِ عرفانِ حسینؑ
مرتے ہی گئے خدمتِ شبیرؑ میں وہ
''جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ''

88۔ جناب وقارؔ جعفری:

کہلاتے ہیں جیتے جی محبانِ حسینؑ
مرتے ہیں تو پالیتے ہیں دامانِ حسینؑ
شبیرؑ کے قدموں میں ہیں اب نجم وقارؔ
احسانِ حسینؑ ہے یہ احسانِ حسینؑ

89۔ جناب آغا ہاجرؔ

حاصل نہ ہو کیونکر انہیں عرفانِ حسینؑ
جو لوگ دل وجاں سے ہیں قربانِ حسینؑ
کہتے ہیں فلک کے یہ ستارے ہاجرؔ
''جنت میں ہیں نجم زیرِ دامانِ حسینؑ''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب دوم

## مضامین

## حیات

## شخصیت

## اور

## فنِّ شاعری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# حیات، شخصیت، فنِ شاعری

صفحہ نمبر


| | | |
|---|---|---|
| .1 تجمل آفندی (نایاب تحریر) | سید العلماء مولانا سید علی نقی نقوی | 125 |
| .2 تجمل آفندی۔ ایک مطالعہ | جناب ضیاء الحسن موسوی | 131 |
| .3 تجمل آفندی کا اسلوب شاعری | راحت حسین ناصری | 142 |
| .4 شاعر اہل بیتؑ اور ان کے پیغامات | ڈاکٹر سید علی مومن | 151 |
| .5 علامہ تجمل آفندی کی نثر نگاری | ڈاکٹر محمد احسن فاروقی | 183 |
| .6 تجمل آفندی کی ہندی شاعری | امیر امام حُر | 189 |
| .7 شاعر اہلبیتؑ علامہ تجمل آفندی | سید باقر حسن زیدی | 195 |
| .8 تجمل آفندی کا تابندہ کلام | ڈاکٹر شیخ انصار حسین | 203 |
| .9 تجمل آفندی کی عزائیہ شاعری | ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی | 209 |
| .10 تجمل آفندی اپنے خطوط کے آئینے میں | شمشاد حسین رضوی | 213 |
| .11 تجمل آفندی اور پاکستان | سید ہاشم رضا | 224 |
| .12 تجمل آفندی پاکستان میں | علامہ سید ضمیر اختر نقوی | 229 |
| .13 شاعرِ اہلِ بیتؑ حضرت تجمل آفندی | جناب کسریٰ منہاس | 241 |
| .14 علاّمہ تجمل آفندی کی شخصیت اور فن | ڈاکٹر ریاض فاطمہ تشہیر | 246 |
| .15 تجمل درخشندہ | جناب واصف عابدی، سہارنپوری | 263 |
| .16 جناب تجمل آفندی کی شخصیت | جناب سید معز الدین قادری ملتانی | 266 |
| .17 تعارف تجمل آفندی | جناب قدر عریضی | 284 |


Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیّد العلماء مولانا علی نقی نقوی کے نایاب مضمون کا ایک صفحہ

سیّد العلماء مولانا سیّد علی نقی نقوی

# نایاب تحریر

......اس سلسلہ میں اب وہ مضمون درج کر رہا ہوں جو چند سال پہلے ان کی زندگی میں میں نے ان کے ایک لائق پاکستانی شاگرد مظفر صاحب کی فرمائش سے لکھا تھا جو ان کے حالات میں ایک کتاب لکھ رہے تھے یا لکھنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ وہ مضمون حسب ذیل تھا۔

شاعرِ اہلِ بیتؑ جناب نجم آفندی سے میں اس وقت سے واقف ہوں جب وہ جوان تھے اور میں بچہ تھا یا اوائل زمانہ بلوغ کا دور تھا جسے عموماً بچہ ہی کہا جاتا ہے اور آپ سے اس وقت میں نجم آفندی نہیں بلکہ مرزا تجمل حسین اور شاعر نہیں بلکہ ایک پر جوش مضمون نگار کی حیثیت سے واقف ہوا تھا۔

وقت وہ تھا جب پہلی جنگ عظیم میں ٹرکی کے جرمنی کے ساتھ ہونے کی وجہ سے انگریزوں نے اس کے خلاف معرکہ آرائی کی اور عراق جو اس وقت ٹرکی کے زیر حکومت تھا، برطانوی فوجوں کے حملہ کا مرکز بنا اور علمائے عراق نے جن کے سرگروہ پہلے سرکار مرزا محمد تقی شیرازی تھے اور پھر اسی دوران میں ان کی وفات ہوجانے کی وجہ سے شیخ الشریعہ فتح اللہ اصفہانی معروف بآقائے شریعت ہوئے تھے، انگریزوں کے خلاف حکم جہاد دے دیا اور اس سلسلہ میں انگریزوں کی طرف سے نجف اشرف پر گولہ باری ہوئی جس کے ذیل میں معلوم ہوا کہ روضہ امیر المومنینؑ کو بھی کچھ نقصان پہنچا۔ اس کے پہلے آزادی ہند کی تحریک گاندھی جی کی زیر سرکردگی چل رہی گئی۔ ٹرکی پر حملہ کی وجہ سے مسلمان اکثریت علی برادران کی قیادت میں ان کے ساتھ متحد ہوگئی اور خلافت کمیٹی قائم کی تھی۔ شیعہ اب تک خاموش تھے مگر گولہ باری نجف کی خبر سے شیعوں میں بھی تلاطم ہوگیا اور لکھنؤ میں انجمن خدام عتباتِ عالیات قائم ہوئی جس کے سکریٹری جناب حکیم میران صاحب مرحوم کے چھوٹے صاحبزادے، جناب حکیم صاحب عالم صاحب کے چھوٹے بھائی محمد نواب صاحب تھے جو اس سلسلہ میں جیل بھی گئے۔ ان کے علاوہ ایک ہمارے خاندانی بزرگ جناب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکیم سید علی صاحب آشفتہ بھی جو ہمارے والد ماجد اعلی اللہ مقامہ کے عزیز شاگرد تھے، جیل گئے۔

لکھنؤ میں اس سلسلہ میں جو احتجاجی جلسے ہوئے، ان میں ہمارے والد ماجد صاحب ممتاز العلماء مولانا سید ابوالحسن النقوی طاب ثراہ پیش پیش تھے اور ہمارے چچا جناب علامہ مہدی اعلی اللہ مقامہ تو کانگریس سے بہت قریب ہوگئے تھے اور انگریزوں کے مقاطعہ اور ترکِ موالات کی تحریک کے بہت گرمجوش موید ہوتے ہوئے بالکل کھدر پوش ہوگئے تھے۔ باہر کے علماء میں جناب مولانا یوسف حسین صاحب قبلہ امروہوی اور جناب مولانا سید سبط نبی صاحب قبلہ نوگانوی اور بمبئی کے ایرانی عالم ثقتہ الاسلام شیخ عبدالرحیم بلبلہ ایران کے کوہ قاف والے علاقہ کے رہنے والے تھے جس پر روس کا قبضہ ہوگیا اور وہ تحریک مشروطیت ایران سے جلا وطن ہوکر ہندوستان میں پناہ گزیں ہوگئے تھے، اس تحریک میں پیش پیش تھے۔ آقائے بلبلہ نے بڑے جلسہ کی صدارت بھی کی تھی۔ دیگر اکابر علمائے لکھنؤ چونکہ انگریزوں کی مخالفت کو بڑی خطرناک شے سمجھتے تھے اور اس تحریک میں براہ راست انگریزوں سے ٹکر کی صورت تھی اس لیے وہ تحریک کی اگر مخالفت نہیں بھی کررہے تھے تو ہمت شکن بے تعلقی سے کام لے رہے تھے۔ اس وقت شیعی اخباروں کے صفحات پر بڑے پُرجوش اور پُراثر مضامین مرزا تجمل حسین صاحب کے شائع ہورہے تھے جن میں اس تحریک سے بے تعلقی اختیار کرنے والوں پر غم وغصہ کا اظہار بڑے تلخ انداز میں ہوتا تھا۔

اس ذیل میں ایک بڑا اہم واقعہ یہ ہوا کہ اکابر علمائے لکھنؤ میں سے ایک بزرگوار اس زمانہ میں زیارت کے لیے گئے، یہ کہہ کر کہ میں جاکر تحقیق کروں گا اور گنبدِ امیر المومنین کو اپنی آنکھوں سے دیکھوں گا کہ گولہ باری کی خبر صحیح ہے یا نہیں۔ فطری طور پر تمام افرادِ قوم نے یہ زمانہ بڑی بے چینی سے کاٹا۔ جب ممدوح لکھنؤ واپس آئے تو فوراً ہی ممتاز افرادِ شیعہ کا ایک وفد جس میں جناب حکیم امیر حسین صاحب مرحوم وغیرہ تھے۔ ممدوح سے ملا۔ ممدوح نے تفصیل کے ساتھ مظالم عراق کا تذکرہ فرمایا اور بتایا کہ گنبد امیر المومنین پر گولوں کے نشان موجود ہیں جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے۔ ان حضرات نے وہاں سے آکر ایک چوصفحہ

"مظالم عراق عرب حسب بیان سرکار................ دام ظلہ العالی" کے عنوان سے اپنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دستخطوں کے ساتھ شائع کر دیا مگر اس کے شائع ہونے کے بعد شاید حکومت برطانیہ کی طرف سے کچھ چشم نمائی ہوئی یا جو بھی وجہ ہو، بہر حال موصوف کی طرف سے انکار ہو گیا کہ میں نے یہ چیزیں بیان نہیں کی تھیں۔

واعظین میں سے بھی ایک صاحب اس زمانہ میں عتباتِ عالیات سے مشرف ہو کر آئے تھے، انھوں نے بڑے زور و شور سے منبروں پر انگریز بہادر کی صفائی پیش کرنا شروع کر دی۔ اس سے افرادِ قوم میں بڑا غم و غصہ پیدا ہو گیا۔ چنانچہ اس سلسلہ میں جناب مرزا تجمل حسین صاحب کے متعدد مضامین شائع ہوئے۔ پھر آپ نے ان مضامین کو ترکِ موالات وغیرہ کے متعلق متعدد علماء کے فتاوے کے ساتھ ایک کتاب کی صورت میں جمع کر کے یہ مجموعہ ہمارے والد ماجد ممتاز العلماء طاب ثراہ کو ملاحظہ کے لیے دیا تھا جو بعد میں کسی وجہ سے موصوف واپس نہ لے سکے۔ یہ جناب مرحوم کے کاغذات میں رہا جسے میں نے بچپن کے وقت سے دیکھا تھا۔ چند سال اُس طرف جناب نجم سے حیدر آباد میں ملاقات ہوئی تو میں نے اس قلمی مسودہ کا تذکرہ کیا اور پھر موصوف کی فرمائش پر دوسری دفعہ اسے اپنے ساتھ لیتا گیا اور ممدوح نے اس کو مجھ سے لے لیا۔

انجمن خدام عتبات عالیات کے دور کے ان مضامین کے بعد درمیانی دور میں جبکہ میری لکھنؤ میں طالب علمی کا دور تھا، میں جناب تجمل حسین صاحب اور جناب نجم صاحب، کسی سے بھی پھر واقف نہیں رہا، یہاں تک کہ میں تکمیل کے لیے عراق چلا گیا اور وہاں کے اشغال علمی میں منہمک رہا۔ اس دوران میں سرفراز اخبار میرے پاس بالالتزام جاتا تھا، اس لیے جناب نجم صاحب کی نظمیں جو اس میں ضرور شائع ہوتی ہوں گی، میری نظر سے یقیناً گزرتی تھیں مگر مجھے کوئی خاص توجہ نہیں ہوئی۔ یہی وہ دور ہے جس میں لوگ تجمل حسین کو جیسے بالکل بھول گئے اور اب قوم میں جناب نجم بحیثیت قصیدہ گو اور اس سے زیادہ بحیثیت ایک خاص طرز نوحہ و ماتم کے موجد کے امتیازی شہرت کے مالک ہو گئے۔ میں عراق سے تکمیل کے بعد ۱۳۵۰ھ/۱۹۴۲ء میں واپس آیا مگر اس کے بعد بھی عرصہ تک مجھے جناب نجم کے مشاہدہ کا موقع نہیں ملا یہاں تک کہ لوہامنڈی، آگرہ میں میری شادی ہو گئی اور اس سلسلہ میں وہاں میری آمد و رفت ہو گئی اور کبھی کبھی کئی کئی مہینے قیام رہا۔ اس وقت جہاں تک مجھے یاد ہے، سب سے پہلے میں نے جناب نجم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحب سے ملاقات اس وقت کی جب مجھے معلوم ہوا کہ آپ معدہ کے شکایات کی وجہ تشویشناک حد تک بیمار اور صاحب فراش ہیں۔ اپنے تاثرات تو اس وقت کے یاد نہیں مگر قیاس یہ کہتا ہے کہ آپ کا کلام جو اخباروں میں نظر سے گزرا تھا اس کا اثر ہی ہوسکتا ہے کہ مجھے غائبانہ ایک تعلق خاطر ممدوح کے ساتھ پیدا ہوا جس کی وجہ سے یہ یاد نہیں کہ کس کے ساتھ، مگر بہرصورت میں آپ کی عیادت کو گیا، ورنہ حکم شریعت تو یہ ہے کہ ہر مسلمان کی عیادت کرنا چاہیے مگر عمل درآمد اس پر کہاں ہے؟ جب تک کسی سے شناسائی ہی نہیں، بلکہ عرف عام میں جسے ''ملاقات'' کہتے ہیں نہ ہو، اس وقت تک ہم لوگ کسی کی عیادت کو کہاں جاتے ہیں اور میں تو اس سلسلہ میں بہت زیادہ بے توفیق ہوں جس کی کمی میں اپنے میں محسوس کرتا ہوں۔ میں بہت سے اچھے خاصے ملنے والوں کی عیادت کو اکثر نہیں پہنچتا جبکہ ارادہ بھی کرتا ہوں مگر بغیر سابق کی ملاقات کے، میں جناب نجم صاحب کی عیادت کو چلا گیا۔ یہ موصوف کا غائبانہ دل پر اثر ہی ہوسکتا ہے۔

مجھے اس وقت کی موصوف کی صورت بھی اس وقت تک یاد ہے۔ وہ بہت ضعیف، زار و نزار نظر آئے اور تقریباً نشست و برخاست سے بھی معذور تھے۔ یقیناً رسمی طور پر نہیں بلکہ دل سے میں نے ان کے بازو پر دعا پڑھی اور جب آیا تب بھی دل سے یہی دعا تھی کہ یہ اچھے ہوجائیں اور تادیر سلامت رہیں۔ اس کے بعد موصوف اچھے ہوگئے اور پھر مجھے شاید بہت دن تک ممدوح سے ملاقات کا موقع نہیں ہوا۔

ادھر تصانیف وغیرہ کی صورت سے میرے ناچیز جذبات جو موصوف کی نظر سے گزرتے تھے، ان سے ان کو مجھ سے تعلق کچھ بڑھتا گیا ہوگا اور ادھر ان کے نتائج فکر جو اخباروں میں آتے تھے، ان سے میں نے محسوس کیا کہ ان کا وجود اور انداز شاعری اس وقت قوم کی ایک بہت اہم ضرورت کو پورا کررہا ہے، یہاں تک کہ شیعہ سنی کے درمیان مدح وقدح کے جھگڑے نے شدت اختیار کی اور شیعوں کا وہ مشہور ایجی ٹیشن ہوا جس میں اٹھارہ ہزار شیعہ جیل چلے گئے تھے۔ بوجوہ میں نے اس ایجی ٹیشن میں حصہ نہیں لیا تھا مگر جب سنا کہ جناب آفندی جیل گئے تو میں لکھنؤ کی جیل میں، جو چارباغ کے آگے ہے، قیدیوں سے ملاقات کے لیے گیا تھا اور اس وقت کی صورت بھی شاعرِ اہلِ بیت کی حافظہ کے خزانہ میں امتیازی طور پر محفوظ ہے جب وہ لوہے کے کٹہرے میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے اور میں باہر سے ان سے صاحب سلامت کر رہا تھا اور شاید مختصر گفتگو بھی۔

اب اس کے بعد وہ دور آتا ہے جب میں نے تحریک یادگار حسینیؑ ۱۳۶۱ھ کے سلسلہ میں کام شروع کیا۔ اس وقت جناب تجم کا ریاست محمود آباد سے تعلق تھا۔ میں تحریک کے سلسلہ میں تعاون حاصل کرنے کے لیے تقریباً ہر کارآمد آدمی سے مل رہا تھا۔ چنانچہ محمود آباد ہاؤس میں جناب تجم کے پاس گیا اور یادگار کے منصوبہ کو موصوف سے بیان کیا اور آپ نے گرمجوشی سے اس میں تعاون کا وعدہ کیا۔ اس ملاقات کے ذیل میں آپ نے اپنی نوحہ گوئی کی ایک خصوصیت کا تذکرہ فرمایا تھا جس پر مجھے اس وقت تک توجہ نہ تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ بہت سے جناب تجم کے نوحوں کے پڑھنے والے اس خصوصیت کی طرف متوجہ نہیں ہیں۔ میں بھی دیگر اشخاص کی طرح موصوف کے نوحہ کی خصوصیت، نوعیت مضامین کے لحاظ سے سمجھتا تھا مگر یہ اسلوب بیان کی وہ خصوصیت ہے جس کی طرف اس ملاقات کے بعد توجہ ہوئی اور پھر برابر توجہ رہی۔

وہ خصوصیت یہ ہے کہ عموماً نوحہ گو حضرات کسی کی زبانی نوحہ کرتے ہیں، مثلاً بانو نے کہا یا سکینہ کہتی تھیں یا جناب زینبؑ فرماتی تھیں۔ یہ نوحہ حقیقت میں نقل قول یا روایت نوحہ کہا جا سکتا ہے۔ خود نوحہ نہیں ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ علماء کو اس کے جواز کے لیے "زبان حال" کا دامن تھامنا پڑتا ہے کیونکہ وہ اقوال جو ان حضرات کی زبانی نظم ہوتے ہیں، عموماً کسی کتاب میں ان حضرات کے قول کی حیثیت سے وارد نہیں ہوئے ہیں۔ جناب تجم کے یہاں ایسا نہیں ہے بلکہ وہ نوحہ میں جن تاثرات کو درج کرتے ہیں وہ خود ان کے تاثرات ہوتے ہیں، یوں کہنا چاہیے کہ وہ خود نوحہ کرتے یا واقعہ کربلا پر درد انگیز انداز سے تبصرہ کرتے ہیں اور اس طرز کی ابتدا غالباً آپ ہی نے کی ہے۔

جیسا کہ آپ نے وعدہ فرمایا تھا، یادگار حسینیؑ کی تحریک میں آپ نے بڑے انہماک کے ساتھ تعاون فرمایا۔ چونکہ اس سلسلہ کے اجتماعات بین الاقوامی ہوا کرتے تھے، اس لیے آپ کا طرز ادا واقعات کربلا کے متعلق ان اجلاسوں کے لیے بڑی مخصوص کارآمد حیثیت رکھتا تھا۔ خصوصیت کے ساتھ آپ کی ہندی بھاشا کی نظم "کربل بیتی" بڑی موثر ثابت ہوتی تھی۔ بھرت پور وغیرہ کے یادگار حسینیؑ کے جلسوں میں اس نظم کے غیر معمولی اثرات دیکھنے میں آئے۔ یہ نظم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۳۶۱ھ میں شائع ہونے کے بعد پھر امامیہ مشن کے لٹریچر کا ایک جز بن گئی۔

جب ایک طبقہ کی طرف سے قوم میں میرے خلاف شدید محاذ قائم کیا گیا تو جناب نجم کے عملی استقلال، پختہ نگاہی اور ثابت قدمی کا وہ جوہر سامنے آیا جس کا اس کے پہلے تجربہ نہ ہوا تھا۔ میرے خیال میں تو اس شدید مخالفت میں جو مجھ سے تمام لوگوں کو دور کرنے کے لیے کی گئی، وہ لوگ پہلے سے زیادہ مجھ سے قریب ہوگئے، ان کی سب سے آگے کی صف میں جناب نجم تھے۔ بالخصوص جب سے نظام الدین صاحب کے یہاں ماہ جمادی الاول میں میرے حیدرآباد جانے کا سلسلہ قائم ہوا اور پھر حضور نظام کے آخر زندگی تک سال میں دو ایک اور کبھی تین دفعہ ان کے یہاں جانا ہوتا تھا، اس وقت سے ممدوح کی محبت میں مجھ سے بہت اضافہ ہوگیا اور مجھے بھی زیادہ قریب سے ممدوح کے اوصاف بلند کو دیکھنے کا موقع ملا، جس کا مجمل تاثر یہ رہا کہ وہ چھوٹے قد میں بہت بڑے دل اور پست قامت میں بلند ہمت اور کمزور جسم میں طاقتور ارادہ کے مالک ہیں اور دل و دماغ دونوں بڑے حساس رکھتے ہیں اور ان دونوں کے تناسب سے وہ زبان بھی رکھتے ہیں جو دونوں کے احساسات کو پیش کرنے کا حق ادا کردے۔ یہ ہے ان کے اوصاف پر مختصر تبصرہ۔ اس کے علاوہ ان کے کام کی افادیت کے متعلق میری رائے یہ ہے کہ ان کے نوحوں نے تبلیغ حسینیت کی وہ ضرورت پوری کی جو اس دور میں بغیر ان کے نوحوں کے پوری نہیں ہو رہی تھی۔

یہ سب وہ اپنے تجربات اور احساسات ہیں جن کے لکھنے کا میں اپنے لیے حق محسوس کرتا ہوں۔ رہ گئے ان کے کمالات شاعری، ان پر لکھنے کا حق کسی اردو کے ادیب اور شاعر کو ہے اور میں ظاہر ہے کہ اردو زبان کے ادیب اور شاعر کی حیثیت نہیں رکھتا، لہٰذا اس کو ان لوگوں کے لیے چھوڑتا ہوں جن کا یہ حق ہے۔

علی نقی النقوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسرا دیوان ''ایاغِ بزم'' کے نام سے شائع ہوا۔ باقی پانچ غیر مطبوعہ ہیں۔ حیدرآباد میں بزمؔ اکبرآبادی نواب تراب یار جنگ سعیدؔ مرحوم سے وابستہ رہے اور نواب تراب یار جنگ سعیدؔ مرحوم باوجود یہ کہ پیارے صاحب رشیدؔ کے شاگرد تھے، مگروہ ہر مدرسۂ شاعری کے اربابِ کمال کی قدردانی کرتے تھے اور ان کے فرزند نواب عباس یار جنگ رشیدؔ، جو میرے عزیز دوست ہیں، انھوں نے اپنے والد کے بعد سب سے زیادہ استفادہ حضرت بزمؔ ہی سے کیا ہے۔

حضرت بزمؔ کا رنگِ تغزل ملاحظہ ہو

ایک شب عرش پہ محبوب کو بُلوا ہی لیا — ہجر وہ غم ہے خدا سے بھی اُٹھایا نہ گیا
ایک عالم گوش برآواز تھا یومِ اَلست — جو تڑپ اُٹھا وہ ذرّہ قلبِ مضطر بن گیا
قفس میں دور ہوئی نیند آشیانے کی — کُھلی جو آنکھ فضا اور تھی زمانے کی
اسیرِ قیدِ کُہن چھوٹ کر کہاں جائیں — زمین پاؤں پکڑتی ہے قید خانے کی

مرثیے کا ایک بند ملاحظہ ہو

پیدا ہوا ہے جوہرِ جرأت، علیؑ کے ساتھ — رفعت ہوئی ہے تاہلِ رفعت، علیؑ کے ساتھ
جھولے میں جھولتی تھی شجاعت، علیؑ کے ساتھ — بچپن میں کھیلتی تھی قیامت، علیؑ کے ساتھ
گویا علیؑ کے ساتھ پلی اور بڑی ہوئی
جب پاؤں یہ چلے تو قیامت کھڑی ہوئی

حضرت عونؑ و محمدؑ کے گھوڑوں کی تعریف میں یہ تشبیہہ حضرت بزمؔ ہی کا حصہ ہے۔

دونوں فلک نورد ہیں گردوں صریر ہیں
گھوڑے ہیں یا کہ فکرِ انیسؔ و دبیرؔ ہیں

انہی بزمؔ کی شاعری کا حاصل مرزا تجمل حسین تجمؔ آفندی تھے جن کو سرکار ناصر الملتہ اعلی اللہ مقامہ نے ''شاعرِ اہلبیتؑ'' کا خطاب دیا اور یہ خطاب ان کے نام کا جزو بن گیا۔ تجمؔ آفندی عہد حاضر کی مدّاحیٔ اہلبیتؑ رسولؐ میں ''سنگِ میل'' کا درجہ رکھتے ہیں۔ انھوں نے مدح و رثاء کو ایسا نیا رنگ اور نیا آہنگ دیا ہے جس کی چھاپ ان کے ہر مصرعے پر نظر آتی ہے۔

تجمؔ آفندی نے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی، پھر مفید عام اسکول آگرہ سے مڈل کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امتحان پاس کیا اور اردو فارسی عربی اور انگریزی کی اچھی خاصی استعداد مطالعے سے حاصل کی۔ وہ وضع قطع، اخلاق و کردار، مروت و وضعداری اور حسنِ معاشرت کے لحاظ سے قابلِ نمونہ تھے اور جو خیالات ان کے کلام میں ملتے ہیں، وہ ان کی اپنی زندگی میں بھی جھلکتے تھے۔ دوسری جنگ عظیم سے قبل چند سال میں نے ان کو بہت قریب سے دیکھا۔ وہ میرے چھوٹے ماموں سرکار سعید الملتہ مرحوم سے بہت مانوس تھے تا اینکہ محاذ حسینیؑ میں قید و بند کی صعوبتوں کے بھی ساتھی رہے۔ اس رفاقت میں حضرت مہذب لکھنوی، مولانا سید سبط الحسن صاحب فاضل ہنسوی اور سید افضال حیدر کاظمی سہانہ بھی شامل تھے۔ اس زمانہ میں وہ جیل سے نظمیں لکھ لکھ کے بھیجتے تھے اور میں، جو خواجہ اسد مرحوم کے ساتھ روزنامۂ اسد میں کام کرتا تھا، ان کو شائع کرتا تھا۔ ان نظموں کا مجموعہ مصطفےٰ علی ہاشمی صاحب نے مکتبۂ ناصری لکھنؤ سے ''شاعرِ اہلبیتؑ جیل میں'' کے نام سے شائع کیا تھا۔ مجھے خوب یاد ہے کہ اتوار کے دن لوگ قیدیوں سے ملنے جایا کرتے تھے۔ ایک آدھ دفعہ شہر سے میلوں دور پہنچنے والوں کی تعداد میں کمی ہوگئی تو انھوں نے ایسی ہی ایک اتوار کو مجھ سے کاغذ پنسل طلب فرمایا اور سلاخوں کے پیچھے سے ارتجالاً چند شعر لکھ کے مجھے دے دیے۔ جب وہ شائع ہوئے تو نہ صرف قیدیوں سے ملنے والوں، بلکہ قید و بند کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے والوں میں بے حد اضافہ ہوگیا۔ ان اشعار میں سے دو شعر مجھے اب بھی یاد ہیں

کبھی اے اہلِ الفت دل کی دنیا دیکھنے آؤ　　تماشا بن نہیں سکتے تماشا دیکھنے آؤ
گزاری ہے ابھی تک عمر زندانِ خیالی میں　　حقیقت میں قفس ہوتا ہے کیسا دیکھنے آؤ

لکھنؤ کی ملاقات کے بعد حضرت نجم سے حیدر آباد دکن میں بہت ربط ضبط رہا جہاں وہ شاہزادہ معظم جاہ بہادر شجیع کے اُستاد تھے۔ کئی سال تک یہ سلسلہ رہا مگر درباری زندگی ان کے لیے ایک جبر کی سی حیثیت رکھتی تھی، چنانچہ آزادی ہند و پاکستان کے بعد وہ بھی اس جبر سے آزاد ہوگئے مگر وہیں مقیم رہے۔ کچھ عرصے قبل وہ پاکستان آئے مگر انتہائی ضعیفی اور گراں گوشی کی وجہ سے خانہ نشین رہے۔ میں نے ان کو آخری مرتبہ محرم ۱۳۹۵ھ میں ریڈیو پاکستان کی محفل مسالمہ میں سُنا۔ اپنا سلام ریکارڈ کرانے کے بعد وہ محفل سے رخصت ہوگئے اور سال ختم ہونے سے کچھ قبل دنیائے ادب و شاعری سے بھی رخصت ہوگئے۔ ان کی موت کی مختصر سی خبر اخبار میں نظر سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گزری تو مجھے ان کا یہ شعر یاد آیا

خدا چاہے تو وقت آتا ہے سننے کا سمجھنے کا
میں کہتا ہوں مگر سنتی نہیں دنیا بھی میری

نجم آفندی نے دس بارہ سال کی عمر ہی میں شعر گوئی شروع کر دی تھی۔ کچھ عرصے تک اپنے والد سے اصلاح لی مگر ان کی جدّتِ طبع نے بہت جلد ان کو اصلاحِ سخن سے بے نیاز کر دیا اور وہ قوم کی اصلاح اور نئے نئے جادہ ہائے سخن تراشنے میں مصروف ہو گئے۔

دہلی میں ان کو ریلوے کی ملازمت مل گئی تو وہ آگرہ سے دہلی آ گئے جہاں نواب سراج الدین احمد خاں سائلؔ، جناب بیخودؔ دہلوی اور امرناتھ ساحرؔ جیسے اساتذہ کی صحبت نصیب ہوئی اور ان کا جوہر ذاتی درخشاں ستارے کی طرح چمکنے لگا۔ ایک مرتبہ جناب سائلؔ دہلوی نے ان کو ایسے مشاعرہ کا صدر بنایا جس میں اکثر عمائدینِ شہر نے شرکت کی۔ رفتہ رفتہ ان کی شہرت اور مقبولیت عام ہوتی گئی۔ کچھ دنوں کے بعد ان کا تبادلہ غازی پور ہو گیا جہاں انھوں نے انجمن شبابِ سخن قائم کی جس کے زیر اہتمام ہر مہینے ایک اچھا مشاعرہ ہوتا تھا۔

اسی زمانے میں ان کو آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ ان اجلاسوں میں حضرت صفیؔ لکھنوی کا طوطی بولتا تھا۔ جب نجم آفندی اس اسٹیج پر آئے تو معلوم ہوا کہ قومی اصلاح و ترقی کی دنیا میں ہلچل مچ گئی تا آنکہ الہ آباد کے اجلاس میں جس کے صدر، مرحوم راجا! ابوجعفر صاحب تھے، نجم آفندی کی نظم کے عوض ایک بزرگوار نے کانفرنس کو ساڑھے چار ہزار روپے دیے اور اصل نظم، جو نجم کے قلم کی لکھی ہوئی تھی، وہ خرید لی۔

میرے والد مرحوم سید نجم الحسن صاحب نجم موسوی سے نجم آفندی کی دوستی اسی کانفرنس کے اسٹیج پر ہوئی اور یہ دونوں نجم شعر و سخن اور خدمتِ قومی کے رشتے سے بھائی بن گئے اور ان میں برابر خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہا۔ کیا عجب ہے کہ یہی ربط نجم آفندی کو حیدر آباد کھینچ لے گیا ہو اس لیے کہ والد مرحوم پائیگاہ سروقار الامراء میں ملازم تھے اور شاہی خاندان کے متعدد افراد کے اتالیق و نگراں بھی رہے تھے اور حضور نظام کے قریبی وابستگان میں شامل تھے، وہ برابر حضرتِ بزم اور سید علی رضا صاحب سے تقاضا کرتے کہ نجم صاحب کو حیدر آباد بلایئے!

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب برصغیر میں تحریکِ ترکِ موالات پھیلی تو تجمّ آفندی نے سرکاری ملازمت ترک کردی اور رُدولی لکھنو اور آگرہ میں کچھ وقت گزار کے حیدر آباد آگئے جہاں نواب شہید یار جنگ کنٹرولر جونیئر پرنس نے ان کو شاہزادہ معظم جاہ بہادر سے متعارف کرایا اور معظم جاہ ان کے گرویدہ ہوگئے اور جب تجمّ آفندی شہزادہ معظم جاہ کی اُستادی سے دستکش ہوگئے تو انھوں نے چھتہ بازار میں ایک دکان کھول لی جس میں مشق سخن کے ساتھ جوتے اور چپل فروخت کرتے تھے اور شام کو حکیم محمد عباس صاحب سرسوی کے گھر واقع دارالشفاء کی محفلوں میں حصہ لیتے تھے جہاں نواب شہید یار جنگ، سید علی رضا صاحب، سید علی بن کاظم صاحب، زیبا رُدولوی، سید علی محمد اجلالؔ صاحب، مولانا غلام عباس ناصرؔ، یگانہؔ چنگیزی، مہذبؔ لکھنوی غرض مختلف مہمان اور مقامی اہل کمال ادیب اور شاعر جمع ہوتے اور ہر قسم کی پُر تکلف اور بے تکلف نشستیں ہوا کرتیں جن میں فلسفہ ومذہب کے نکات بھی زیر بحث آتے، شعر وادب کی بلندیاں بھی نظر آتیں اور یار باشی، لطائف اور دعوتوں کے سلسلے بھی جاری رہتے۔ سات آٹھ سال تک میں بھی اس بزم کا ایک رُکن رہا جس میں سن وسال اور علم واستعداد کی کوئی قید نہ تھی اور فقط "مذاقِ سلیم" یا "ہمرنگی جماعت" شرط شمولیت تھی۔ اسی محفل کا ہفت روزہ اجتماع شب جمعہ کو شہر حیدر آباد کے مضافات میں واقع مذہبی مقامات، مثلاً کوہ مولا علیؑ، کوہ امام ضامنؑ، کوہ قائم وغیرہ پر ہوتا جہاں نماز و اور ادو وظائف کے بعد قصیدہ خوانی ہوتی۔ اس کے بعد پُر تکلف دعوتِ طعام اور پھر علمی مذہبی گفتگو کے بعد جب باقاعدہ محفل برخاست ہوجاتی تو آقائے میرزا علی شریعتی اور مولانا عباس حسین (جو اعجاز منزل کی نسبت سے مشہور اور بڑے صاحب مطالعہ عالم تھے) اور علامہ رشید ترابی جیسے بزرگ بھی ہمارے "بازی بازی باریش بابا ہم بازی" میں شامل ہوجاتے اور "مزاح المومنین" کے منازل طے کرتے۔ تجمّ آفندی مرحوم جن کی ظرافت کبھی فقرہ بازی سے آگے نہ بڑھی، نواب شہید یار جنگ کی طرح آگ پر تیل چھڑکتے اور اپنی بزرگی کے دائرہ میں محصور رہتے۔ یہ ساری تفریح بھی ادب وذہانت کی تفریح ہوتی جس میں فی البدیہہ اشعار کہے جاتے، مصرعوں پر مصرعے لگائے جاتے یا زیادہ سے زیادہ مائل بہ خواب علماء سے فتوے پوچھے جاتے کہ ہاتھی کا وضو کیسے ٹوٹتا ہے؟ اور آئس لینڈ میں غسل کی کیا صورت ہوگی؟ اور برف پر تیمم" کیسے ہوگا؟ کچھ دیر کے بعد پاسبان عقل واپس آجاتا اور اس خیال سے سب، کچھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیر کے لیے محوِ خواب ہو جاتے کہ فریضۂ سحری تو بہر حال ادا کرنا ہی ہے!

نجم آفندی کے شاگردوں میں وفا ملک پوری، رزم ردولوی، جلیس ترمذی، خاور نوری، بانو سید پوری، مضطر حیدرآبادی، ساجد رضوی، زیبا ردولوی، رعنا اکبرآبادی، مضطر حیدری اور راحت عزمی جیسے معروف و مقبول شعراء بھی شامل ہیں۔

نجم آفندی کی پچیس تصانیف طبع ہو چکی ہیں جن میں ''معراجِ فکر'' اور ''فتح مبین'' جیسے دو عظیم مرثیے بھی ہیں۔ ان کے علاوہ قصائدِ نجم۔ آیاتِ غم۔ بیاضِ نجم۔ اشاراتِ غم۔ پنجتنی قصائد۔ تصوراتِ غم۔ کربل نگری۔ تاثرات زیارت۔ پریم جھلتی۔ کاروانِ ماتم۔ حسینؑ اور ہندوستان اور شاعرِ اہلبیت جیل میں، یہ بھی شامل ہیں۔ نجم آفندی نے اپنی اکثر کتابیں اپنے قلم سے کچھ لکھ کے مجھے عنایت فرمائی تھیں، جو حیدرآباد دکن میں رہ گئیں۔ کچھ یادگار تصویریں بھی تھیں جن سے وہ یادیں وابستہ ہیں جو اب نجم صاحب کے انتقال کے بعد اور زیادہ ذہن کو ماضی کی طرف لے جاتی ہیں اور کچھ دیر کے لیے دنیا و مافیہا کو فراموش کرا دیتی ہیں اور پھر نجم صاحب کا یہ شعر یاد آتا ہے

ہم نے دیکھے ہیں یہ منظر زندگی کی دوڑ میں
جو زیادہ سے زیادہ تھے وہ کم سے کم رہے

جب ان کے ایک شعر کا تذکرہ ہوا ہے، تو چند اشعار اور بھی سہی

ابھی ناز کر رہے تھے جو زمانے کی روش پر
وہ پلٹ کے دیکھتے ہیں تو بدل گیا زمانہ

بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل
ایک ذرہ نہیں محفوظ ادا کاری سے

بہت کیا چاہتا ہوں آدمی سے
ذرا سی آدمیت چاہتا ہوں

عمر بھر پرورشِ فکر و نظر ہوتی ہے
زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے

عیش کیا سخت سزا دیتا ہے
مقصدِ زیست بھلا دیتا ہے

اس وہم میں ہیں طاقتِ امروز کے مالک
چڑھتے ہوئے دریا کو اُترنا نہیں آتا

کتنی مہنگی ملے دریغ نہ کر
پھر بھی عزت کی موت سستی ہے

وہ مردہ دل جئیں گے خاک جن کا یہ عقیدہ ہو
جہاں تک سانس آتی ہے وہاں تک زندگانی ہے

وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں
جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم آفندی کی غزلیات اگر بہم پہنچ جائیں تو ان میں سے ایسے صدہا اشعار منتخب ہو سکتے ہیں جن کی کجکلاہی پکار پکار کے کہے گی کہ ہم نجم آفندی کے اشعار ہیں۔

نجم آفندی روایت سے بغاوت کا نام ہیں مگر وہ بغاوت نہیں جو روایت کو تباہ کر دے یا اس کا تسلسل ختم کر دے۔ ان کی بغاوت اس منجمد ذہنیت سے ہے جو روایت کو اپنے عہد اور اس کے ذہن وفکر کے مطابق آگے بڑھانے کے بجائے روایت پر اَڑ جاتی ہے۔

انھوں نے سب سے پہلے رُباعیات، سلاموں اور نظم نما نوحوں سے اپنا کام شروع کیا اور اسلامی تعلیمات اور شہادت عظمیٰ کے ایسے پہلو پیش کیے جو مسلمانوں کو متحرک کر سکیں اور ان کو وحدت، مساوات، عدل اور ایثار وقربانی کی عملی راہ اختیار کرنے کی طرف مائل کر سکیں۔ وہ پکارتے ہیں۔

مایوسِ شفا کو آسرا دیتے ہیں — آیات کو تعویذ بنا دیتے ہیں
ہشیار تو لیتے نہیں قرآں سے سبق — بیہوش کو قرآں کی ہوا دیتے ہیں

وہ حیران ہیں کہ

جس قوم نے سر کی مہمِ کرب وبلا — اس قوم میں ملتے نہیں آثار حیات؟
وہ ٹھوکریں کھاتی پھرے تاریکی میں — جس قوم کے ورثے میں ہو عاشور کا دن؟
اسلام پیام امن ہے یاد رہے — سنی ہو کہ شیعہ ہو مسلمان بھی ہو؟

پھر وہ اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ

شبیرؑ ترے ماننے والے ہیں بہت — لیکن ترے پہچاننے والے کم ہیں!

اور اس کی ذمہ داری سب سے زیادہ جن پر ہے، ان کو وہ للکارتے ہیں

آ درسِ عمل کے دار کر سامنے آ! — دل والوں کے دل شکار کر سامنے آ!
واعظ تری تبلیغ سر آنکھوں پہ مگر — چہرے سے نقاب اتار کر سامنے آ!

اور پھر انھوں نے خود اپنا فرض ادا کرنا شروع کیا اور کہا کہ

شاعر ہوں مجھے دماغِ تفصیل کہاں — سو بات کی اک بات کہہ دیتا ہوں!

اور یہ بات انھوں نے اس انداز سے کہنا شروع کی:

حق کو باطل سے جدا کرنے کو اٹھے تھے حسینؑ — اقتضا وقت کا تھا بیچ میں تلوار آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

کیا حسینؑ کارواں میں تھا شعورِ زندگی　　بڑھ گیا جوشِ عمل جب مرنیوالے کم رہے
وہ عصرِ تنگ سے پہلے حسینؑ کی نظریں　　ہر اقتدار کا سر جھک گیا جدھر دیکھا
جہاں نواز جو پیغام کربلا نہ رہے　　کہاں دلوں میں زبانوں پہ بھی خدا نہ رہے
کچھ ایسے وقت میں زنجیر پہنی عابدؑ نے　　کہ اس گھرانے سے صدیوں یہ سلسلہ نہ گیا
کہاں اشکِ غم اور کہاں قصرِ جنت　　ہمیں مجھ قیمت گرائے ہوئے ہیں

حضرت مسلم کو سلام کرتے ہوئے کہا:

نکلا وطن سے بارِ سفارت لیے ہوئے　　فرمانِ بارگاہِ امامت لیے ہوئے
آقا کے اعتماد کی دولت لیے ہوئے　　شبیرؑ کا پیامِ محبت لیے ہوئے
لاکھوں سلام تجھ پہ محبت کے ایلچی

علم حضرت عباسؑ کے لیے کہتے ہیں:

مرثیہ ہمت فزا ہے اس علم کے حال کا　　رہ گیا ہے یہ نشاں اسلام کے اجلال کا
یہ علم ہے اے مسلماں مصطفٰےؐ کی آل کا　　خون میں ڈوبا ہوا دریا سے آتا ہے علم

حضرت علی اکبرؑ کی شہادت پر کہتے ہیں:۔

کیا تین دن کی پیاس میں تیور دکھا گئے　　دنیا کے نوجوانوں کی ہمت بڑھا گئے
پھولوں میں پل رہے تھے سنانوں میں آ گئے　　اکبرؑ جواں تھے جی سے گزرنے کے دن نہ تھے
اے دشتِ کربلا ابھی مرنے کے دن نہ تھے

حضرت علی اصغرؑ کی شہادت پر کہتے ہیں:

یہ تشنگی یہ پیکاں یہ سن یہ بے زبانی　　لائے گی رنگ اک دن اسلام کی کہانی
خونِ گلو سے اپنے رنگین بنا رہا ہے
ننھا سا اک سپاہی گودی میں آ رہا ہے

شہداء کربلا کی بارگاہ میں نذرانۂ عقیدت یوں پیش کرتے ہیں:

تیرہ سو برس سے تپ چکے ہیں ان جیوٹ مرنے والوں کے
تڑپے نہیں خود خنجر کے تلے دنیا کو تڑپتا چھوڑ گئے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور خوب کہے گئے۔ میں نے بھی اس صنف میں قلم اٹھایا ہے۔ اور ایک مرثیہ پیش کر رہا ہوں......"

"فتح مبین" میں مصائب کے نقطۂ عروج پر پہنچ کے تجمؔ کہتے ہیں:۔

جب لے لیا حسینؑ نے میدانِ کربلا بدلا لہو سے رنگ گلستانِ کربلا
تھا وقتِ عصر اور ہی عنوانِ کربلا سوتا تھا فرشِ خاک پہ مہمانِ کربلا
بے سر تھا فرشِ خاک پہ لاشا پڑا ہُوا
بالیں پہ فتح حق کا تھا جھنڈا گڑا ہُوا

وہ شاندار موت وہ بنیادِ انقلاب بیعت کا وہ سوال وہ دنداں شکن جواب
مجبوریٔ حیات سے کونین کو حجاب نیزہ پہ سرِ حسینؑ کا مغرب میں آفتاب
صدقے ضیائے مہر و قمر آن بان پر
تارے درود پڑھتے ہوئے آسمان پر

نظمِ جہاں بدلنے کا عنوان مرحبا اسلام کی نجات کا سامان مرحبا
انساں صداقتوں کا نگہبان مرحبا بندہ خدا کی راہ میں بے جان مرحبا
اپنا اصول چھوڑ گیا غور کے لیے
اس کا پیام ایک ہے ہر دور کے لیے

"معراج فکر" تجمؔ نے اس وقت کہا جب انسان، زمین سے چاند کی طرف بڑھ رہا تھا:۔

اہل زمیں کی آج ستاروں پہ ہے نظر ممکن ہے کامیاب رہے چاند کا سفر
ہیں اپنی اپنی فکر میں ہر قوم کے بشر مردان حق پرست کا جانا ہوا اگر
عباسؑ نامور کا علم لے کے جائیں گے
ہم چاند میں حسینؑ کا غم لے کے جائیں گے

نوحوں اور سلاموں میں تجمؔ آفندی کے تجربات اپنا لیے گئے مگر مرثیہ نگاروں نے میکی مصائب کے عنصر اور رزم وبزم کے روایتی مضامین نہ ہونے کی وجہ سے مراثی تجمؔ کو "مسدس" کہنے پر اصرار کیا۔۔۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں، تجمؔ نے اس پر ردوقدح بھی نہیں کی۔ ان کا مقصد،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب راحت حسین ناصری

# نجم آفندی کا اسلوبِ شاعری

ٹیس پھر دل میں اٹھی پھر مجھے غم نے گھیرا
پھر کراہا دلِ بے تاب خدا خیر کرے

موت قدرت کا وہ اٹل فیصلہ جس میں کوئی تغیر محال اور اس سے نجات ناممکن ہے۔ اس دارِ فانی میں آنا ہی دلیل واپسی ہے۔ ہر آغوش مادر میں آنے والے کے لیے آغوش لحد لازمی اور حتمی ہے۔ اس سے نہ کوئی رسول بچا نہ خاصانِ خدا۔ یہاں تک کہ خاتم النبیین نے بھی دارِ فانی کو چھوڑا۔

یوں تو اس عالم گزرگاہ میں لوگ آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں، لیکن بعض ہستیاں ایسی پیدا ہوتی ہیں جو اپنی غیر معمولی ذہنی و دماغی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر قوم و ملت میں ایسا بلند مقام حاصل کر لیتی ہیں کہ ان کی حیات، قوم کے لیے عظیم سرمایہ بن جاتی ہے۔ وہ قوم وملت کے دماغوں کو جھنجھوڑ کر، بیدار کر کے روحِ عمل پھونک دیتی ہے۔ ان کی حیات کا ہر لمحہ قوم کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہوتا ہے اور ان کا اس دارِ فانی سے جانا ایک عظیم نقصان ہوتا ہے اور ایسا خلا پیدا ہوتا ہے جو پُر نہیں ہوتا، نہ اس کی تلافی ہوتی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ملّتِ جعفریہ میں ایسی ہستیاں پیدا ہوئیں جنھوں نے ملت کو بیدار کر کے ان میں روحِ عمل پھونکنے میں اپنی عمریں صرف کر دیں۔ ان ہی عظیم ہستیوں میں ایک ذات جناب نجم آفندی اکبرآبادی مرحوم و مغفور کی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مرحوم نے ذکرِ حسینؑ کے لیے قوم کو ایک نیا انداز فکر دیا۔ انھوں نے اب سے ۶۰ سال پیشتر جب کہ مجالس عزا اور ذکرِ سید الشہداؑ صرف مصائب کی حدود میں گھرا ہوا تھا اور شعراء نوحہ و ماتم میں صرف مصائب نظم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتے تھے اور اس قدیم دائرے سے نکلنا ایک گناہ تصور کرتے تھے، اس وقت یہی ذات تھی جس نے نیا انداز پیش کیا اور نوحہ میں بجائے مصائب کے کردارِ شہدا اور فلسفۂ شہادت کو نظم کیا، جس طرح جناب سلطان الذاکرین مولانا سبطِ حسن صاحب قبلہ مرحوم نے ذاکری کو ایک نیا رُخ دیا۔ جناب نجم نے نظم میں جدت پیدا کر کے اور ایک نرالا طرز دے کر قوم کے دماغوں میں روشنی پیدا کی۔ اس میں کوئی کلام نہیں کہ موجودہ طرزِ مرثیہ گوئی جناب نجم اور صرف جناب نجم کی بدولت ہے۔ اور اس وقت کے جملہ مرثیہ گو اور نوحہ و ماتم کہنے والے انہی کے نقشِ قدم پر چل رہے ہیں اور انہیں کے بتائے ہوئے راستے پر گامزن ہیں، وہ جوش ہوں یا آلِ رضا سب، ان ہی کے رہینِ منت ہیں۔

میری سب سے پہلی ملاقات جناب نجم مرحوم سے 1920ء میں ہوئی۔ فیض آباد میں جناب علی اظہر صاحب بیرسٹر مرحوم کے یہاں سالانہ محفلِ مقاصدہ 13/رجب کو ہوتی تھی۔ پہلی مرتبہ میں نے ان کو وہیں سنا۔ مرحوم نے سب سے پہلے قصیدہ ہی میں نیا رُخ پیدا کیا، اور پُرانے طریقے کو چھوڑ کر نئی راہ اختیار کی۔ اس وقت تک قصائد میں تشبیب، عشقیہ مضامین اور بہاریہ وغیرہ پر ہوتی تھی۔ جناب نجم نے اس سے الگ ہو کر ایک نیا رُخ اختیار کیا اور بجائے عشقیہ مضامین کے فلسفیانہ مضامین نظم کیے۔ چنانچہ اپنا پہلا قصیدہ 1920ء میں اس محفل میں پڑھا۔ اس وقت ان کا سن غالباً 26 یا 27 سال کا تھا۔

اس محفل میں جناب صفی لکھنوی مرحوم، جناب عزیز لکھنوی مرحوم اور دیگر اساتذہ موجود تھے۔ مقاصدہ کا آغاز ہوا اور مقامی شعرا کے بعد جناب نجم مرحوم کی باری آئی۔ کسی کے تصور میں بھی نہ تھا۔ ایک 26 یا 27 سال کا نوجوان پوری محفل پر چھا جائے گا اور کامیابی اسی کو نصیب ہوگی۔ مرحوم کی آواز میں کوئی سُر نہ تھا بلکہ ایک حد تک بڑی بے سُری تھی۔ ظاہر ہے کہ ان محافل میں آواز اور پڑھنے کا لہجہ ہی زیادہ اثر پذیر ہوتا تھا۔ ان سب باتوں کے باوجود جس وقت انھوں نے قصیدہ شروع کیا تو لوگوں کے دماغ ان کی طرف متوجہ ہوگئے۔ اس پہلے قصیدے کا مطلع یہ تھا۔

نمودِ عالم ہُو تھی فضائے تیرہ و تار
نہاں تھے کتمِ عدم میں چراغ و شمع و شرار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مطلع نے ہی اساتذہ کی توجہ اپنی طرف مبذول کرالی۔ چند اشعار کے بعد جب یہ شعر پڑھا

سنور رہی تھی یہاں جب کہ عنصری دنیا
میں اپنی نور کی دنیا سے دیکھتا تھا بہار

تو جناب صفی نے بہت جوش کے ساتھ تعریف فرمائی۔ اس کے بعد گریز اور اُس کے بعد اشعار پر اساتذہ کا یہ عالم تھا کہ جھوم جھوم کر تعریف کرر ہے تھے، اور پوری محفل تعریف کی آوازوں سے گونج رہی تھی۔ فرماتے ہیں

ایک اور جلوہ صبر آزمانے دل مانگا
ابھی تو لٹ ہی چکا تھا کسی کا صبرو قرار
علیؑ کنارِ نبیؐ میں نبیؐ ہیں کعبہ میں
چمن میں گل ہے تو دامانِ گلستاں میں بہار
ملک بھی حاضر خدمت نبیؐ بھی ہیں موجود
علیؑ کے نور سے کعبہ ہے مجمعِ انوار
ملی تھیں یہ صفتیں نام جب اسد پایا
خدا کا شیر نواسہ اسد کا شیر شکار
بنائے مقصدِ اعلیٰ جہان کا مقصود
شریک قسمتِ زہرا رسولؐ کا دیدار
پڑھا دیے جسے دو حرف عقلِ کُل ٹھہرا
بڑھا دیا جسے سدرہ کا کردیا مختار
گھٹا دیا جسے اُبھرا نہ پھر قیامت تک
بتوں نے خانۂ کعبہ میں پھر نہ پایا بار

یہ ان کا پہلا قصیدہ تھا۔ اس کے بعد انھوں نے یہی انداز اپنے کُل قصیدوں میں اختیار کیا۔

اس کے بعد نوحہ وماتم کی طرف توجہ فرمائی۔ اس میں ایک ایسا تغیر کیا کہ وہ نوحہ و ماتم صرف بکا کے لیے مصائب وبین پر مبنی ہوتے تھے، اس میں کردار حسینؑ اور شہدائے کربلا کے کردار کا وہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رنگ بھرا جس نے اس فن کو اپنے عروج پر پہنچا دیا۔ پھر لطف یہ کہ کسی جگہ سے مقصدِ عزا یعنی گریہ میں کوئی کمی نہیں، بلکہ زیادتی ہوگئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے ہی عرصے میں شعرا نے یہ رنگ اختیار کیا اور یہی رنگ آج تک باقی ہے۔ ان کے ماتم ونوحوں کی مقبولیت اس سے ظاہر ہے کہ ان کے شائع ہونے کے فوراً ہی بعد ہندوستان میں کوئی گھر ایسا نہیں تھا جہاں یہی اور صرف یہی نوحے نہ پڑھے جاتے ہوں۔ جہاں تک مجھے یاد ہے انھوں نے ۱۹۳۰ء۔۱۹۳۲ء سے اس طرف توجہ دی۔

ذیل میں چند اقتباسات پیش کیے جاتے ہیں، جس سے اندازہ ہوگا کہ یہ حسینی شاعر شاعری کی کس منزل پہ تھا۔ قوم کو اس نے کردارِ حسینی سے کس طرح روشناس کرایا۔ پھر جذبات کا یہ عالم کہ کوئی شعر ایسا نہیں کہ جس پر دل بے چین نہ ہو جائے اور گہر ہائے اشک نذرانہ عقیدت میں آنکھوں سے نہ ٹپکیں۔ شاعرِ حسینی اگر شبِ عاشور کا ذکر کرتا ہے تو بچوں کے نالہ وزاری اور مخدراتِ عصمت کی بے قراری نہیں بیان کرتا۔ وہ یوں گہر افشانی کرتا ہے۔

چاند کملایا ہوا نکلا شبِ عاشور کو
کس قدر غم کا اندھیرا تھا شبِ عاشور کو
تھے تبسم ریز انصارِ حسین ابن علی
زندگی دلچسپ تھی گویا شبِ عاشور کو
اللہ اللہ چاہتے ہیں تجھ کو انصارِ حسین
زندگی نے موت سے پوچھا شبِ عاشور کو
سر فروشانِ وفا کی تھیں نگاہیں دیدنی!
اُٹھ گیا تھا کون سا پردا شبِ عاشور کو
ایسے بے پروا کہ جیسے سر ہی شانوں پہ نہیں
جنگ پر جب فیصلہ ٹھہرا شبِ عاشور کو
شمع لے کر روئے اکبر دیکھنے بیٹھی تھی ماں
صبحِ محشر تک ٹھہرنا تھا شبِ عاشور کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مطلع کے بعد کے بعد چاروں اشعار میں انصار حسینؑ کے عظیم کردار کی جو حقیقی تصویر کشی کی ہے اور جس قدر جذباتی انداز میں پیش کیا ہے۔اس کی مثال نہیں۔پھر یہ کہ کسی جگہ مبالغہ نہیں بلکہ بالکل حقیقت۔

تاریخیں شاہد ہیں کہ شبِ عاشور انصار سید الشہداء کو مسرت و اطمینان کس درجہ پر تھا،ایک دوسرے کو شہادت کی مبارک دے رہا تھا۔گویا مرنے کی عید تھی خاص کر یہ شعر:

سرفروشانِ وفا کی تھیں نگاہیں دیدنی
اُٹھ گیا تھا کون سا پردا شبِ عاشور کو

دریا کو کوزہ میں بند کردیا ہے۔یہ واقعہ ہے کہ اصحاب سید الشہداء کی نگاہوں سے وہ پردہ وحجاب اٹھادیے گئے تھے اور انھوں نے مراتب ودرجات کو دیکھ لیا تھا۔اس واقعہ کو کس قدر دلکش انداز میں پیش فرمایا ہے۔آخری شعر کی تو نہ بلندی کی کوئی انتہا ہے نہ جذبات کی،عجیب وغریب انداز اختیار کیا ہے۔بے اختیار آنکھوں سے اشکِ غم جاری ہوجاتے ہیں۔اس ایک شعر کی گر شرح کی جائے تو صفحات کافی نہیں ہوسکتے۔

شمع لے کر روئے اکبرؑ دیکھنے بیٹھی تھی ماں
صبحِ محشر تک ٹھہرنا تھا شبِ عاشور کو

ماں کو یہ معلوم ہے کہ صبح یومِ شہادت ہے۔سب کو راہِ خدا میں شہید ہونا ہے۔ایک تو حسرت بھرا ماں کا دل۔اٹھارہ برس کا کڑیل جوان۔شبیہہ پیغمبرؐ۔ماں کے دل کو سیری کہاں ہوسکتی ہے۔دوسرے مصرعے میں جس بہترین انداز سے اس کو پیش کیا ہے،وہ اپنی جگہ بے مثال ہے۔مصرع کی بلندی کی نہ کوئی انتہا ہے اور نہ اس کے عمق کی کوئی تھاہ۔جتنی دفعہ یہ مصرع پڑھا جائے،لطف میں کمی نہیں واقع ہوتی ہے۔حقیقت یہ ہے کہ ایسے فرزند کے رُخ کی زیارت کے لیے صبح محشر تک کا طول بھی کافی نہیں ہے۔یہ تو شبِ عاشور کا منظر تھا۔اب صبح عاشور ہوتی ہے۔باکمال شاعر اس منظر کو اس طرح نظم کرتا ہے:

سجدے سے سر کسی کا اٹھا روشنی ہوئی
عشرہ کی صبح آئی قیامت بنی ہوئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقتِ نمازِ عصر کا آنکھوں کو انتظار
کانوں میں وہ اذاں علیؑ اکبر کی دی ہوئی
وہ گرد و پیش مجمع ارواحِ انبیاءؑ
دُنیا ادب سے حدِ نظر پر رُکی ہوئی
پانی کی بندشوں پہ حقارت کی ایک نظر
عزت کی موت سے وہ نگاہیں لڑی ہوئی
ایک ذاتِ سرفروش اور اک ذاتِ کردگار
مرکز سے کائناتِ دوعالم ہٹی ہوئی
سجدہ کہ جس پہ سجدۂ کون و مکاں نثار
حسرت سے کربلا کی زمیں دیکھتی ہوئی

ہر ہر شعر شاعر کے کمال کا پتہ دے رہا ہے۔ کردار اور عزم کا کتنا حقیقی مرقع کھینچا ہے اور عظمت حسینؑ کو جس انداز سے پیش کیا ہے، اس کی مثال نہیں مل سکتی۔ ایک دوسری نظم ''پیغام حسینؑ'' اس انداز سے نظم فرماتے ہیں:

تا ابد زندہ ہے تو اور تا ابد اسلام ہے
اے شہید کربلا اسلام تیرا نام ہے
مرحبا اے سرفروشانِ حسینؑ مرحبا
یوں تلاشِ موت جیسے موت سے کچھ کام ہے
ہے غل و زنجیر میں جکڑا ہوا پیغامبر
خون میں ڈوبا ہوا شبیرؑ کا پیغام ہے
کرچکے تسخیر کوفہ سوگوارانِ حسینؑ
اب اسیرانِ بلا کا قصد سوئے شام ہے

دوسرے شعر میں انصار سید الشہداءؑ کا جو نفسیاتی نقشہ کھینچا ہے، نہ صرف حقیقت ہی پر منحصر ہے بلکہ جذبات کوٹ کوٹ کر بھر دیے ہیں۔ بیان کا انداز ایسا دلکش ہے کہ جس کی حد نہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہدائے کربلا نے جس ذوق و شوق کے ساتھ جانیں قربان کی ہیں اور اپنے کو موت کی آغوش میں دیا ہے، حقیقتاً موت ان کو نہیں، بلکہ وہ موت کو تلاش کر رہے تھے۔ ایک دوسری نظم میں کردار سید الشہدا ءاس طرح نظم فرمایا ہے:

شہید ظلم کلیجے بلا دیے تو نے
حسینؑ درد کے دریا بہا دیے تو نے
جراحتوں میں نمک بھر دیا تشکر کا
اذیتوں میں تبسم گھلا دیے تو نے
زمین کرب و بلا پر شہید کرب و بلا
ہزار کعبۂ معنی بنا دیے تو نے
دلوں کو حوصلۂ غم کی تازگی دے کر
نشاط کفر کے تیور بجھا دیے تو نے
زہے کمال سیاست کہ زیر تیغ آ کر
نگاہ خلق سے پردے اٹھا دیے تو نے
ہر ایک ذرۂ بے حس میں اک تڑپ بھر دی
دماغ وضع کیے دل بنا دیے تو نے

جناب سید الشہدا ءنے جس عظیم سیاست سے حق و باطل کو الگ فرمایا ہے اور ظلم و جور کے پردوں کو چاک کر کے دنیا کو حقانیت کا سبق دیا، آپ کے اس فلسفۂ شہادت کو مرحوم نے کس قدر دل کش انداز میں پیش کیا ہے۔ ہر شعر اپنی جگہ مطالب کا دفتر ہے۔ آپ کا یہ شعر:

جراحتوں میں نمک بھر دیا تشکر کا
اذیتوں میں تبسم گھلا دیے تو نے

کیا صبر حسینؑ کی اس سے بہتر طریقے سے وضاحت ہو سکتی ہے۔ سید الشہدا ءنے جس طرح خوش ہو کر زخم کھائے، اس کی سچی تصویر شاعر نے اس شعر میں دکھا دی۔

پھر یہ شعر ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زمین کرب و بلا پر شہید کرب و بلا
ہزار کعبۂ معنی بنا دیے تو نے

شعریت اور حقیقت دونوں کے لحاظ سے کتنا بہترین شعر ہے۔ پھر اس کے بعد اس شعر میں کہ:

زہے کمال سیاست کہ زیر تیغ آکر
نگاہِ خلق سے پردے اٹھا دیے تو نے

سیاست حسینؑ کی پوری تفسیر بیان کردی اور آخری شعر تو پوری نظم کا ماحصل ہے۔ فرماتے ہیں۔

ہر ایک ذرۂ بے حس میں اک تڑپ بھردی
دماغ وضع کیے دل بنا دیے تو نے

شعر ہے کہ پورا ایک دفتر ہے۔ قلم اس شعر کی پوری تعریف لکھنے سے معذور ہے۔ کردار حسینؑ کی شرح اس سے بہتر ناممکن ہے۔ جو انقلاب اس شہادت عظمیٰ نے پیدا کیا، اس کی حقیقی تصویر قوم کے سامنے پیش کردی ہے۔ اس شعر کے پڑھنے کے بعد معلوم ہوا کہ حقیقت میں حسین نے دل و دماغ وضع کر کے ملت کو دیے تھے۔

دل تو چاہتا ہے کہ ان کے اشعار لکھتا ہی چلا جاؤں، مگر وقت کی کمی اور مضمون کے طول ہوجانے کا خوف مانع ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس شاعر سرکار حسینؑ کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ غالبؔ نے تو کسی امیر کے لیے مبالغہ میں یہ شعر کہا تھا لیکن جناب نجم کی تعریف کے لیے یہ اس طرح پورا اترا کہ معلوم ہوتا ہے غالبؔ یہ شعر انہی کے لیے کہہ گئے تھے۔

ورق تمام ہوا اور مدح باقی ہے
سفینہ چاہیے اس بحرِ بیکراں کے لیے

صنفِ شاعری سے علاحدہ ہوکر بھی اگر مرحوم کو دیکھا جائے تو جامع صفات ذات ایسی کم ہوں گی۔ عاشقِ حسینؑ، مومنِ خالص، متقی، احباب نواز، مخلص، پاک طینت، غرض تمام صفات کا مجموعہ تھی یہ ذات۔

ہندوستان میں آخری ملاقات مرحوم سے غالباً 1925ء یا 1926 میں ہوئی تھی۔ اس کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

1971ء میں کراچی میں جناب علامہ رشید ترابی مرحوم کے گھر پر ہوئی۔ ضعف بصارت سے صورت سے تو پہچاننے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا، لیکن نام بتاتے ہی فوراً سمجھ لیا اور اٹھ کر نہایت محبت و خلوص سے بغل گیر ہوئے۔ افسوس کیا کہ میں اپنے مخلص کرم فرما کی آخری خدمت سے بھی محروم رہوں گا اور مجھے ان کے انتقال کی خبر بھی عرصہ بعد معلوم ہوگی۔

"بہر حال ایک ایسی ہستی ملت جعفریہ سے اٹھ گئی جس کا بدل ایک عرصہ تک نہیں ملے گا اور ایک ایسا نقصان قوم کو پہنچا جس کی تلافی کی فی الحال کوئی صورت نظر نہیں آتی۔"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سید علی مومن

# شاعرِ اہلِ بیتؑ اور ان کے پیغامات

دنیائے ادب کی یہ عظیم ہستی، بلند کردار انقلابی شاعر، جناب تجمل حسین نجم آفندی مرحوم ان ممتاز شعراء میں سے ایک فرد واحد ہیں جن پر علم وفن کو ناز ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ جن کا کلام غیر فانی سرمایہ ہے، جو بلا کی ابدیت رکھتا ہے اور ہر صاحب فکر ونظر کو پیامِ انسانیت اور دعوت عمل دیتا ہے۔

حضرت نجم آفندی کی شاعری کا سرچشمہ دامنِ اہل بیتؑ علیہم السلام ہے اور وہ بجا طور پر شاعرِ اہل بیتؑ کہلائے جانے کے سزاوار ہیں۔

شاعر ہوں اہلِ بیتؑ کا میں نجم دلفگار
پہنچاتے ہیں کشتۂ راہِ خدا مجھے

دوسری جگہ کہا:

نجم میں وہ شاعر دربار اہلِ بیتؑ ہوں
غم نے چھانٹا ہے مجھی کو فردِ کامل دیکھ کر

ہر بڑا شاعر اپنے پیش نظر ایک نصب العین رکھتا ہے، جو اس کے تخیلات و افکار پر چھایا ہوتا ہے اور ادراک اور شعور کا مرکز ہوتا ہے، جو اس کی شاعری کے دھارے کو ادھر اُدھر مڑنے سے بچائے رکھتا ہے۔ نجم مرحوم کا نصب العین مدح اہل بیتؑ ہے جس کو انھوں نے اپنی زندگی کے آخری لمحہ تک حقیقی معنوں میں اپنی غرضِ حیات سمجھا اور اشاعت امر اہل بیتؑ کو اپنا شغل قرار دیا۔

ان کی عقیدت، ان کے خلوص، ان کے جذبۂ مودّت کی یہ حد تھی کہ ارمان کرتے تھے:

اے نجم مدحِ آلِ نبی میں گزار دوں
اللہ عمرِ خضر جو مجھ کو عطا کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کا تعلق محبانِ اہل بیتؑ اور شعراء کے گھرانے سے تھا۔طبیعت اوائل عمر ہی سے شاعری کی طرف مائل تھی ۔قدرت نے ماحول کے ذریعہ مدحت مصطفیٰؐ وآلِ مصطفیٰؐ کی جانب رہنمائی کی جواُن کی نمایاں خصوصیت بن گئی۔وہ خوداس کا اعتراف کرتے نظر آتے ہیں۔

چار پشتوں سے مجھے حاصل ہے یہ عزّوشرف
نجمؔ فطرت ہے میری مدح و ثنائے مصطفیٰؐ

———————

میرے آبا کا شرف ہے،میری فطرت کا خمیر
نجمؔ صدیوں سے ہے فخرِ مدحِ آلِ مصطفیٰؐ

یہ حقیقت ہے کہ نجمؔ مرحوم کی اہل بیت اطہار سے عقیدت، ان مقدس ذوات سے وابستگی، جذباتی سے زیادہ عقلی وفطری ہے۔اُن کے کلام میں شاندار انفرادیت پائی جاتی ہے جو غیر فطری قسم کے جذبات پر قائم نہیں، بلکہ سنجیدہ فکر، تخیل کی رعنائی، علم وعرفان کی تخلیق ہے۔صرف ماڈی اور ادبی ذوق کی تسکین دینے والی نکتہ آفرینی اور لطف اندوزی ہی کو پیش نگاہ نہیں رکھا گیا بلکہ حضرت نجمؔ نے اپنے باطن کے نہ دبنے والے رجحانات کے دباؤ کے تحت ایسی نظمیں لکھی ہیں جن سے اخلاقی نظائر اور مذہبی تفکر کو بہت کچھ صالح توانائی ملتی ہے اور ان سے دینی عقیدت کی آنکھیں منوّر ہوتی ہیں، جیسا کہ فرماتے ہیں:

علیؑ کی مدح میں اسرار کھلتے ہیں دوعالم کے
نہیں یہ ذوق تو محدود ہے دنیا سخنور کی

———————

مدحت کے ترانے میں بڑا وزن ہے واعظ
اک حرف ہے بھاری تری تسبیح گہر سے

یوں تو نجمؔ صاحب اہل بیتؑ کے ایک ایک فرد پر پروانہ وار فدا ہیں لیکن امام حسینؑ سے اُن کے عشق ومحبت کا کچھ اور ہی رنگ ہے۔اپنے کلام میں امام عالی مقام سے بے پناہ عقیدت کا اظہار کیا ہے اور مدح حسینؑ میں اپنی تمام فکری صلاحیتوں کو بروئے کار لائے ہیں۔امام علیہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

السلام اُن کی شاعری کے اہم کردار ہیں۔ جس کو وہ اُسوۂ رسولؐ کی پیروی سمجھتے ہوئے، عجب بلند پروازی سے کہتے ہیں۔

مدحت ہے حسینؑ ابن علیؑ کی مرا جادہ
گزرے ہیں پیمبرؑ بہت اس راہ گزر سے

پھر کس انداز سے اپنی بے بساطی اور انکساری کا اظہار کیا ہے

تیری مدحت ہو تو نظمِ نجم کا کیا پوچھنا
نجم ہے اپنی جگہ پر بے حقیقت اے حسینؑ

دوسری جگہ اپنے سے خطاب کرتے ہوئے مداح اہل بیتؑ کے کردار کی اہمیت ظاہر کرتے ہیں:

کچھ شعر جو منقبت میں کہلاتا ہے — کس خواب سے اپنے دل کو بہلاتا ہے
موزوں ترے کردار پہ بھی ہے یہ خطاب — تو شاعرِ اہل بیتؑ کہلاتا ہے

مگر مدح اہل بیتؑ میں اپنی عاجزی اور کم مائیگی کے باوجود اسی مدحت کو اپنی عظمت کا نشان سمجھتے ہیں:

مجھے نجم کوئی کہا کرے میں بلند اوج فلک سے ہوں
مجھے مدح آل رسولؐ نے مہ و مہر سے بھی بڑھا دیا

نیز کس فخر سے کہتے ہیں:

نغمۂ منقبت میں نجم ہیچ ہے میرے سامنے
حسنِ بیانِ فرخی، زورِ کلامِ انوری

اور ان کی بے نیازی کی یہ کیفیت ہے:

جگہ بزمِ غزل میں دیں نہ دیں وارفتۂ دنیا
مجھے ہے نجم نسبت مدحتِ مولاؑ کی محفل سے

ان کی عقیدت کا یہ حال ہے کہ مدح پیمبرؐ اور آل پیمبرؐ کو نجات کا وسیلہ تصور کرتے ہیں۔
ایک سلام کے مقطع میں کہا ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تجمؔ ہو اگر نسبت اُسوۂ حسینؑ ہے
ایک شعر مدحت میں خلد کا قبالا ہے

حضرت تجمؔ آفندی کی نگاہ میں اُسوۂ حسینؑ نہ صرف باعثِ وجوبِ جنت ہے بلکہ معراجِ انسانیت، کمال اخلاق، روح اسلام اور جان ایمان ہے۔

سینے پہ کائنات کے نقشِ دوام ہے
انسانیت حسینؑ کے اسوہ کا نام ہے
سبطِ نبیؐ سے دینِ خدا کا قیام ہے
کلمہ حسینؑ کا ہے محمدؐ کا نام ہے

تجمؔ صاحب نے محسوس کیا کہ حسینؑ سے نہ صرف خدا اور رسولؐ ہی کا نام روشن ہے اور دین حق کی حفاظت ہے، بلکہ جہاں کہیں بھی خیر اور خوبی پائی جاتی ہے، وہ حسینؑ ہی کا طفیل ہے۔

ملت کی جو نبضوں میں تھوڑی سے حرارت ہے
اے اُسوۂ شبیریؑ یہ تیری بدولت ہے

نیز کہتے ہیں کہ امام حسینؑ نے اپنے مقدس کردار سے سعادت کی تمام راہیں روشن کر دیں، کائنات کی ڈوبتی ہوئی نبضوں کو ابھار دیا اور اپنے انوکھے عمل سے فکر کو نئی توانائی دی۔ آزادی رائے کو مضبوط اور با اثر لب ولہجہ دیا، حوصلۂ عمل کو جرأت دی، جامد ذہن کو انقلاب انگیز حرکت عطا کی۔

شبیرؑ نے فکروں کے انداز بدل ڈالے
کیا ذہن کی قدرت ہے کیا فکر میں قوت ہے
اپنے حق کی سعی کو مظلوم انساں چل پڑے
شمع روشن بن گئے نقشِ کفِ پائے حسینؑ
حق پرستی خود شناسی ہمت و عزم و عمل
مل کے ان اجزاء سے بنتی ہے تولائے حسینؑ
بن گئی انسان کا معبد زمین کربلا
تجمؔ جب عزم و عمل کی زندگی لائے حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قطعہ ۱:

حسینؑ ملتِ اسلام کی حیات کا راز
شہید ابنِ شہید اس کے غم کی عمر دراز
اسی کے صدقے میں سب معرفت مقام ہوئے
کوئی غریب نواز اِن میں ہو کہ بندہ نواز

قطعہ ۲:

ملا کیا کیا نہ ہم کو بانیٔ اسلام کے گھر سے
عمل کی عزم کی معراج وابستہ ہے اس در سے
حسینؑ ابن علیؑ نے فطرتِ انساں کو چمکایا
زمانہ بے خبر تھا ورنہ آزادی کے جوہر سے

امام حسینؑ سے مخاطب ہو کر ان کے عظیم کارنامے کی یوں وضاحت کرتے ہیں:

شام و کوفہ کے درندے اور وہ حیوانیت
تو نے جاں دے کر بچایا جوہرِ انسانیت
فطرتِ اسلام ہے ممنون تیری اے حسینؑ
تو نے بخشا دردِ ملت تو نے دی وجدانیت
اے کہ تیرے ذکر سے اُبھرا ہوا سوز و گداز
اے کہ تیری یاد سے چمکی ہوئی روحانیت
اے کہ تیرے شوق میں کھوئی ہوئی فکر و نظر
اے کہ تیرے درد میں ڈوبی ہوئی عرفانیت
جان تو نے ڈال دی دراصل اے نفسِ عظیم
سربسر ایک پیکرِ بے روح تھی روحانیت
تجھ کو محرابِ عبادت بن گئی شمشیر کند
اپنے خوں کی دھار سے کھینچا خطِ عرفانیت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک جگہ کیا خوب کہہ گئے ہیں:

جان دے کر ذہنِ انسانی کو روشن کردیا
اے شہید ابنِ شہید اور اے کریم ابنِ کریم

جب طاقت و اقتدار انسانی آزادی کا سر کچل کر اپنی غلامی کا اقرار لے رہا تھا، مساوات، سادگی اور حق پروری کی بنیادیں متزلزل ہو رہی تھیں، حسینؑ نے مظلومیت کی نئی شان دکھا کر جبر و استبداد کو کاری ضرب لگائی اور مٹتے ہوئے انسانیت کے نقوش کو ابھار دیا۔ دم توڑتی ہوئی انسانیت کو نئے سرے سے زندہ کر دیا۔ نجم صاحب اس حقیقت کا اظہار یوں کرتے ہیں:

کیسے شدید ظلم زمانے کے سہہ گئی ندی لہو کے دیدۂ عبرت سے بہہ گئی
رکھی تھی ظالموں نے مٹانے میں کیا کسر انسانیت حسینؑ کے صدقے میں رہ گئی

یہی نہیں کہ امام عالی مقام نے اپنے حُسنِ عمل سے انسانیت کو اجاگر کیا بلکہ نوع انسانی کی عقل و فکر پر اتنا گہرا اثر ڈالا کہ ان کی ضمیری صلاحیتیں ابھریں اور زندگی کی تاریک راہیں منور ہو گئیں۔ حضرت نجم اس حقیقت کا اظہار یوں کرتے ہیں:

امت کی ذہنیت ہی بدل دی حسینؑ نے
کیا ذکر ہے عمل کے ارادے سنور گئے

ان چند اشعار پر غور کرنے سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ نجم آفندی صاحب کو حضرت امام حسینؑ کی عظیم المرتبت شخصیت، ان کے پاکیزہ اصولِ زندگی اور مقدس کردار کا عرفان حاصل تھا۔ حالانکہ وہ خود اس سعادت پر اپنی عاجزی اور عدم معرفت کا اعتراف کرتے نظر آتے ہیں:

ہے نجم کی ہستی کیا اے کرب و بلا والے
کس نے تجھے سمجھا ہے کس نے تجھے جانا ہے

دوسری جگہ کتنی سادہ زبان میں کہہ گئے ہیں:

سمجھے کہاں جو سبطِ نبیؐ کا مقام ہے
کتنا ابھی شعورِ بشر تشنہ کام ہے

حقیقتاً حسینیت کا صحیح عرفان بشر کی رسائی سے بالاتر ہے۔ انسان جتنا جتنا باشعور ہوتا جائے گا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُتنی اتنی اس کی نگاہوں میں حسینؑ اور حسینؑ والوں کی قدر و منزلت بڑھتی جائے گی اور معرفت کے درجے بلند ہوتے جائیں گے۔ مگر تجم آفندی کے پُرخلوص جذبہ حسینیت اور حسینؑ کے حیرت انگیز کارنامے اور سبق آموز کردار کی روشنی میں فضائل ایمان اور محاسن اسلام کی منصفانہ ولولہ انگیز ترجمانی سے جو اپنے اشعار میں کرنے کی کوشش کی ہے، ہم یہ سمجھنے پر مجبور ہیں کہ شاعر اہل بیتؑ کے دل میں حسینیت کی صحیح تڑپ تھی اور ان کے تصورات میں امام حسینؑ اور ان کے اصحاب باوفا چھائے ہوئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے اپنا جولاں گاہ شاعری کے واسطے اُن ہی بلند ترین شخصیتوں کا انتخاب کیا اور اُن کے شاندار کارنامے کچھ ایسے انوکھے انداز میں بیان کیے ہیں کہ دل بے اختیار اُن کی طرف کھنچتے چلے جاتے ہیں اور اُن کی مضمون آفرین طبیعت نے نئے نئے عنوانات اور حقیقی جذباتِ انسانی کی عکاسی کر کے ایسی نظمیں پیش کی ہیں جن میں ان ذواتِ مقدسہ کی بلند اور اعلیٰ نیت کی کسی نہ کسی حد تک تصویر کشی ہو سکے تاکہ انسانیت کی اخلاقی قدروں پر نہایت گہرے اور دور رس اثرات مرتب ہوں:

تجم غرورِ ملک ہے جلوہ طرازِ کرب و بلا
ایک ایسا مجاہد عالم میں نازِ دو عالم ہوتا ہے

---

پڑھ کر نمازِ عصر کی شبیرؑ زیرِ تیغ | اک عصرِ نو کی خلق میں تعمیر کر گئے
سمجھے نہ حق شناس بھی منزل حسینؑ کی | اتنا ہی کہہ سکے یہ بڑا کام کر گئے

تجم صاحب اپنے عمیق والہانہ جذبات کے ساتھ امام حسین علیہ السلام کے مقدس کردار سے متاثر ہوتے ہوئے ان کی خدمت میں ایک انوکھے پن سے نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں:

اللہ اللہ یہ ترا ذوقِ عبادت اے حسینؑ | زیرِ خنجر تھی تجھے سجدے کی فرصت اے حسینؑ
تیرے نانا کا عمل درسِ شریعت اے حسینؑ | تیرے ہی گھر کا چلن راہِ طریقت اے حسینؑ
تیری مظلومی کی یہ شانِ جلالت اے حسینؑ | خون دیتی ہے ابھی تک خاکِ تربت اے حسینؑ
عرش بھی ممکن ہے تیرا فرش پا انداز ہو | اے سوارِ دوشِ سرکارِ رسالتؐ اے حسینؑ
تیری ہی رفتار ہے تخلیقِ معیارِ خلوص | جذب کی لو تیرے ضبطِ غم کی قوت اے حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے نانا کے عوض تو نے شہادت کی قبول　　السلام اے خاتمِ کارِ نبوت اے حسینؑ
قلبِ عارف میں تیرے حسنِ نظر کا انعکاس　　تیری آنکھوں کا تصدق ہے بصیرت اے حسینؑ
عالمِ حق آشنا کو نازِ تقریبِ نیاز　　صوفیِ دردِ آزما کو فخرِ نسبت اے حسینؑ
کتنے غم نا آشنا اس راز سے واقف نہیں　　تیرا غم ہے دیدہ و دل کی طہارت اے حسینؑ
تیرا طرزِ فکر، تیرہ سو برس کے بعد بھی　　وقت کی ظلمت میں ہے روشن حقیقت اے حسینؑ
تو ہر ایک عنوان سے ہے آپ ہی اپنی مثال　　حُسنِ سیرت ہے جوابِ حُسنِ صورت اے حسینؑ
تیری نظروں میں تجلی منزلِ قوسین کی　　تیرے قدموں میں نگارستانِ فطرت اے حسینؑ

ایک اور نظم میں اپنی عقیدت مندانہ تاثرات کا اظہار یوں کرتے ہیں:

اسلام تیرا حاصلِ محنت ہے اے حسینؑ　　دنیا میں دین تیری بدولت ہے اے حسینؑ
جینے کا اختیار تھا مرنا کیا پسند　　کیا جبر و اختیار پہ قدرت ہے اے حسینؑ
زخمی جبیں لہو سے مصلےٰ رنگا ہوا　　یہ روحِ معرفت یہ عبادت ہے اے حسینؑ
زخمی اسد کے قبضے میں جیسے شکار ہو　　قدموں میں کائنات کی دولت ہے اے حسینؑ
یہ تیرے ساتھ موت میں کیسی حیات تھی　　زندہ جو رہ گئے انھیں حسرت ہے اے حسینؑ
سمجھے گا کیا کوئی مری سینہ شگافیاں　　واللہ تیرے درد میں لذت ہے اے حسینؑ

تجمؔ آفندی دردِ حسینؑ میں محض لذت ہی نہیں محسوس کرتے، بلکہ اس درد کو جدوجہدِ حیات سمجھتے ہیں، جس سے احساسات متحرک ہوتے ہیں اور انسانی دل و دماغ کی صلاحیتیں بیدار ہوتی ہیں۔

کیا خوب کہا ہے:

شہیدِ ظلم کلیجے ہلا دیے تو نے　　حسینؑ درد کے دریا بہا دیے تو نے
ہر ایک ذرۂ بے حس میں اک تڑپ بھر دی　　دماغ وضع کیے دل بنا دیے تو نے
شہیدِ ظلم غریب الدیار کیا کہنا　　حسینؑ درد کے پروردگار کیا کہنا

تجمؔ صاحب حضرت امام حسین علیہ السلام کو پروردگارِ درد کہہ کر خاموش نہیں ہو جاتے بلکہ ان کو ایمان کا مینارۂ نور سمجھتے ہیں جس سے اسلام روشن و منور ہے۔ دین کی حیات ہے اور ان کی شہادت کی جلالتِ دینِ خدا کی بقا کو قرار دیتے ہیں:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زندہ ہے کربلا میں گردن کٹانے والا　　ایمان کی تجلّی اسلام کا اجالا
حق کے تصورات میں روحِ شباب پھونک دی　　نازش لافتیٰ ہے جو ایسا جوان حسینؑ ہے

●●●

جب حسینؑ آئے ہیں منزلِ شہادت میں　　کلمۂ شہادت کا بول بالا ہے
دین اس سے رہا زندہ دنیا کو خبر کیا ہے　　سو نجم تصدق ہیں وہ سر ہے وہ سجدہ ہے
ذکرِ صلوٰۃ کے دھنی اس کا بھی ہوش ہے تجھے　　ذکرِ صلوٰۃ ہے حسینؑ فکرِ اذاں حسینؑ ہے

●●●

بارہا اٹھے فتنے بارہا سنبھالا ہے　　کیا حسینؑ کے ہوتے ہوئے دیں مٹنے والا ہے

●●●

تری سرفروشی کی شان تھی جو حیات دینِ خدا بنی
نہ ملا کسی کو حیات میں تجھے موت نے جو مزا دیا
چمن آپ اپنا مٹا گئے کہ بہارِ دین خدا رہے
نہ جما جو رنگِ بہار تو لہو بھی اپنا ملا دیا

یہ حقیقت ہے کہ واقعۂ کربلا میں مرکزی اہمیت امام حسینؑ کے کردار کی عظمت اور ان کی شہادت کو حاصل ہے مگر اصحابِ حسینؑ نے بھی جو کارنامے انجام دیے ہیں وہ بھی حمایت حق میں عدیم المثال قربانیاں ہیں اور شہادت کے جلال و جمال میں رنگا رنگ اضافہ ہیں اور حسینؑ کے مقصدِ حیات کا ایک جزو بن جاتی ہیں۔

نجم آفندی کربلا والوں سے عقیدت کا ثبوت دیتے ہوئے ان کے عظیم کردار کی تصویر کشی میں اپنے تخیل کا تمام حسن کام میں لاتے ہیں۔

انصار کربلا میں حسینؑ نصاب کے　　سامان کر گئے ابدی انقلاب کے
کربلا والے

زندگی کا تاج سر انسانیت کا دل بنے　　آخری قربانی و ایثار کی منزل بنے
خالق کل نے جو کی بزمِ جہاں آراستہ　　کربلا والے مجاہد زینتِ محفل بنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

## اللہ والے

وہ جنگل میں یثرب کی گودی کے پالے
قیامت ہے تیغ جفا کے حوالے

وہ عونؑ و محمدؑ وہ اکبرؑ وہ قاسمؑ
نگاہیں اجل کی نگاہوں میں ڈالے

وہ مضبوط ہاتھوں میں گھوڑوں کی باگیں
وہ بھرپور شانوں پہ زلفیں سنبھالے

وہ جینے کے دن اور وہ مرنے کی جلدی
مسافر انوکھے ارادے نرالے

وہ بچوں کے تیور، وہ ماؤں کی ہمت
وہ گودوں کی دولت خدا کے حوالے

وہ پیاسوں کی امید تیروں کی زد پر
وہ عباسؑ مشکِ سکینہؑ سنبھالے

وہ مسلغ وفا کا محبت کا مقتل
جوانوں میں شامل وہ بوڑھے وہ بالے

وہ قرآں کی تبلیغ پیاسی رگوں سے
لبوں پر تلاوت زبانوں پہ چھالے

وہ تیغوں پہ سجدے وہ سجدوں پہ تیغیں
وہ خنجر گلوں پہ وہ سینوں پہ بھالے

وہ زخموں کی کثرت وہ بارش لہو کی
وہ فوجوں کے بادل میں دھنس جانے والے

عزیز اُن کے قلبوں کو حق کی حمایت
حقیر اُن کی نظروں میں شامی رسالے

وہ تیغوں سے ٹکڑے وہ نیزوں سے چھلنی
وہ بندوں کے مولاؑ وہ اللہ والے

کلیجوں میں تیرے لبوں پر تبسم
اذیت کو راحت کے سانچے میں ڈھالے

رضائے خدا پر جو سب کچھ لٹادیں
رضائے خدا جن کو اپنا بنالے

اسی دھن میں نالے کیے جاؤ نجمیؔ
یہ نوحے ہیں دنیا ہلا دینے والے

واقعی نجم آفندی کے نوحے مترنم اور جوش آفریں ہیں۔ ان میں درد و تاثر کوٹ کوٹ کر ایسا بھرا ہوا ہے کہ ہر وہ انسان جس کے سینے میں ایک درد آگیں دل ہے، متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ پڑھنے والے، سننے والے بیتاب ہو جاتے ہیں۔ اسی نوحہ کو دیکھیے، اشعار میں کتنی روانی، بے ساختگی اور سلاست ہے۔ بیان کی سادگی نے تاثر کو بہت بڑھا دیا ہے۔ شعر ہیں کہ تلوار کی دھار کی طرح سینے میں اتر جا رہے ہیں و۔ درد و الم میں ڈوبے ہوئے مگر نہایت پُر جوش، ولولہ انگیز اور سیرت و کردار کے حسین مرقع۔ مختصر اور سادہ الفاظ مگر روح فصاحت سے بھرپور۔ حقیقت اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صداقت سے لبریز، کلام کی خوبی اور ندرت خیالی سے قطع نظر، ایثار، شجاعت، صبر، مظلومیت، جوشِ عمل، فداکاری کی اس سے بہتر تصویر اور کیا ہو سکتی ہے۔ ایسا ہی نرالا طرز، سلیس زبان، مؤثر اسلوب بیان، سوز و گداز اور دردِ تجمّل کے تمام نوحوں میں پایا جاتا ہے، جو جذبات و خیالات کے لحاظ سے بلاشبہ شاعرانہ عظمت اور تخیلی رفعت کا ثبوت ہیں۔

ملاحظہ ہو ایک اور نوحہ:

## حیاتِ نو

شبیرؑ کو سر دے کر اسلام بچانا ہے
کونین ہیں قدموں پر ریتی پہ ٹھکانہ ہے

اکبرؑ پہ نظر ڈالو قاسمؑ کی طرف دیکھو
مرنے کے ارادے ہیں جینے کا زمانہ ہے

یہ خون بھرے چہرے یہ کفر شکن نظریں
حیدرؑ کا گھرانہ ہے شیروں کا گھرانہ ہے

شبیرؑ کے ہاتھوں کا بوسہ تو کوئی لے لے
ننھے سے مجاہد کو میدان میں لانا ہے

دیکھا ہی ابھی کیا ہے دنیا کی نگاہوں نے
رکھ کر ابھی ہاتھوں پر دل اپنا دکھانا ہے

کوثر کے یہ مالک ہیں پانی کی طلب کیسی
سوئی ہوئی ملّت کی غیرت کو جگانا ہے

امت کی محبت میں بچوں کو فدا کر کے
دنیائے محبت کا قانون بتانا ہے

یہ کس نے جھکایا ہے سر طاعتِ خالق میں
کیا سر ہے کہ سجدہ سے قاتل کو اٹھانا ہے

احمدؐ کا نواسا ہے معراج بھی پائے گا
نیزے کی بلندی سے قرآن سنانا ہے

لفظوں سے حکومت کی بنیاد ہلانی ہے
سجادؑ کو ظالم کے دربار میں جانا ہے

اسلام کو دیتی ہے ہر سال حیاتِ نو
کیا تو نے کہا ظالم یہ ذکر پرانا ہے

یہ خون سے لکھا ہے مٹنے کا نہیں ہرگز
اے صفحۂ گیتی کس بیکس کا فسانہ ہے

اب اپنے غلاموں سے شبیرؑ کا پرسا لے
اے صاحبِ عصر آ جا اک دن تجھے آنا ہے

ہے تجمّل کی ہستی کیا اے کرب و بلا والے
کس نے تجھے سمجھا ہے کس نے تجھے جانا ہے

اس نوحہ کا آخری شعر، مقطع، نہایت جامع، نہایت معنی خیز اور نہایت بلند ہے۔ مدحِ امام میں جو گہرائی اور جدتِ شاعر کی فکر نے دکھائی ہے، وہ ایک امتیازی شان رکھتی ہے۔ مدحت کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میدان میں انھوں نے یہ کہہ کر:

"کس نے تجھے سمجھا ہے کس نے تجھے جانا ہے"

ایسی خراجِ عقیدت پیش کردی کہ کسی کے لیے کچھ اور کہنے کی گنجائش ہی نہ رہی۔

ایسے نادر اور اعلیٰ مضموں کو نوحہ کے طرز پر ڈھالنا نجم آفندی ہی کا کام ہے۔ نوحہ کا انداز بیان درد انگیز، حسرت آمیز اور موثر ہوتا ہے نجم صاحب نے نوحہ کی ان تمام حقیقتوں کو جلا دیتے ہوئے اپنے نوحوں میں ایک خاص ندرت اور جدت پیدا کی۔ مضمون نوحہ کو حیرت انگیز وسعت بخشی، معنوی حیثیت سے نوحوں کو ایک نئی طرز کا خلعت پہنایا اور اعلیٰ تبلیغی و اصلاحی اقدار کا حامل بنایا اور کمال یہ ہے کہ زبان کی سادگی، بیان کی روانی اور سوزوگداز کی فراوانی کو بھی قائم رکھا جس کی بنا پر اُن کے نوحے بیحد مقبول ہیں اور فروغ حسینیت میں ایک اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسی باعث نجم مرحوم بجا طور پر اس نرالی طرز کے خالق کہلائے جانے کے مستحق ہیں۔

ان کے کلام میں ایک اجتہادی کیفیت دکھائی دیتی ہے اور بعض اشعار بلاشبہ الہامی شان لیے ہوئے ہیں۔ اگر چہ مفہوم اور باتیں وہی ہیں جن کی داغ بیل ان کے پیشتر شعراء نے ڈالی تھی مگر اسلوب بیان کی دلفریبی، زبانِ حال سے گویا ہے کہ وہ اپنے انداز اور طرز کے آپ ہی موجد اور مالک تھے جن میں ان کا ایک امتیازی منفرد رنگ نمایاں ہے۔ جیسا کہ وہ خود بھی فخر یہ کہتے ہیں۔

شعر و سخن میں نجم یہ ہیں بے نیازیاں
بیٹھا ہوں اجتہاد کی قوت لیے ہوئے

دوسری جگہ کہا:

تقلید میری ہوتی ہے اہلِ سخن میں نجم
چھایا ہوا دلوں پہ یہ رنگِ کلام ہے

یہ حقیقت ہے کہ نجم آفندی کی طبیعت کو نوحہ سے خاص لگاؤ معلوم ہوتا ہے۔ وہ خود سراپا درد ہیں اور اپنی درد بھری نواؤں سے تمام دنیا کو متاثر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گو مرحوم کی شاعری کا نمایاں شاہکار ان کے نوحے ہیں، لیکن دیگر اصنافِ سخن پر بھی قدرت رکھتے تھے اور اپنی طبع رسا کی جولانیاں دکھلائی ہیں۔ بلند و بالا مضامین کو اس خوبصورتی اور نزاکت سے نظم فرمایا ہے کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقل حیران ہو جاتی ہے اور وجد طاری ہو جاتا ہے۔ خصوصاً سلام اور قطعات کی وادی میں جو بوقلمونی اور رنگا رنگی جدت ان کے تخیل نے پیش کی ہے، اس کی داد دینی پڑتی ہے۔

سلاموں میں ادب، پیام، زبان، بیان اور زندگی کی توانائیاں خوب اُبھری ہوئی محسوس ہوتی ہیں اور دل نشین الفاظ میں اُبھرنے والے احساسات کی تصویریں پیش کر کے غضب کا شاعرانہ جلال پیدا کیا ہے اور اندازِ بیان کو غیر معمولی وقار بخشا ہے۔ خود بھی ایک سلام کے مقطع میں اس حقیقت کا اظہار کرتے ہیں ۔

بہت پیام ملیں گے مرے سلام میں نجم
نگاہِ غور سے نقاد نے اگر دیکھا

ان کی عظمتِ فن کا صحیح اندازہ تو ان کے مجموعۂ سلام ہی سے ہو سکتا ہے۔ یہاں ایک سلام بطور نمونہ پیش کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔

سلام

مقتل میں ہیں حسینؑ یہ قدرت لیے ہوئے — دو انگلیوں میں نبضِ مشیّت لیے ہوئے
دشمن ہیں تیغ و تیر کی طاقت لیے ہوئے — شبیرؑ ہیں مزاجِ نبوت لیے ہوئے
قرآن کی زبان بھی ہوتی نہ مستند — آتا اگر نہ حرفِ مودّت لیے ہوئے
ساری شریعتوں کا خلاصہ ہے ایک لفظ — کتنی نبوتیں ہیں امامت لیے ہوئے
فتحِ عظیم کرب وبلا ان کے نام تھی — اصغرؑ ازل سے تھے یہ امانت لیے ہوئے
کیا کم یہ امتحان ہے کہ انوارِ اہلِ بیتؑ — دنیا میں رہ گئے بشریت لیے ہوئے
نیند آئی ہے علیؑ کو عبادت بنی ہے نیند — کیا امتیاز ہے شبِ ہجرت لیے ہوئے
اکبرؑ کے ہمہمہ سے لرزتی ہے فوجِ شام — ہر لفظ ہے اذاں کی جلالت لیے ہوئے
بچ ہی گیا جہاں علی اصغرؑ کے وار سے — ہر بوند تھی لہو کی قیامت لیے ہوئے
انگڑائی لی ہے گھوڑے پہ حیدرؑ کے شیر نے — قامت ہے اختیارِ قیامت لیے ہوئے

شعر و سخن میں نجم یہ ہیں بے نیازیاں
بیٹھا ہوں اجتہاد کی قوت لیے ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان نظموں کے ایک طائرانہ مطالعہ ہی سے تجمّ آفندی کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف ہوتا ہے، اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان کے سخن ہائے دل پذیر میں سحر و اعجاز کی سی کیفیت ہے۔ جو بات کہتے ہیں پورے خلوص اور عقیدت مندی سے۔ ایک ایک لفظ حقیقت اور بصیرت کا پیام۔ ان کا کلام صرف دعوت آہ و نالہ اور تحریک اشک افشانی تک محدود نہیں۔ اخلاقی قدروں کا بھی غیر فانی سرمایہ ہے۔

تجمّ مرحوم اس راز سے خوب واقف تھے کہ جدید دور کا تقاضا ہے کہ اب واقعۂ کربلا کی حکایت پر زور نہ دیا جائے بلکہ مقصد شہادت اور تاثرات، حسینیت کی اشاعت اس خوش اسلوبی سے کی جائے کہ ذہنی فکر پر گہرا اثر پڑے اور ہر انسان کی رہنمائی ہو۔ چنانچہ شاعرِ اہلِ بیتؑ کے دل کے ہر کونے میں آفتابِ ہدایت کی کرنیں جھلملاتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں اور ان کا عکس ان کے کلام میں جابجا ملتا ہے۔ کیا خوب لکھا ہے

یہ بے جگر مسافر نیزوں میں بڑھنے والے | ہر کاروانِ حق کی ہمت بڑھا رہے ہیں
میدانِ کربلا کو اپنا لہو پلا کر | دنیا میں حریت کا مرکز بنا رہے ہیں
ذلت کی زندگی سے عزت کی موت اچھی | الفاظ ہیں کہ ساری دنیا پہ چھا رہے ہیں
تا حشر درس لیں گے دنیا میں آنے والے | ایسا پیام دے کر دنیا سے جا رہے ہیں

درحقیقت کربلا والوں کا کارنامہ حریت کا وہ علم ہے جس کے پھریرے کی چھاؤں میں دنیا کی متمدن قومیں شرافت وعزت، حریت و آزادی کی مطمئن سانسیں لے سکتی ہیں۔ بھٹکے ہوئے مسافروں کے لیے شمع راہ ہے جو منزلِ مقصود کا پتہ دیتی ہے اور رہتی دنیا تک جگمگاتی رہے گی۔ بے شک کربلا والوں نے صداقت شعار، شریف اور غیرت دار انسانوں کی حیثیت سے کربلا کے میدان میں خونین کفن پہن کر اسلام کی روحانیت کی شان باقی رکھتے ہوئے عام عالمِ انسانیت کے لیے ایک ایسا اخلاقی اور روحانی دستور العمل پیش کیا جس سے دنیا کی تمام قومیں عام اس سے کہ وہ کسی خطۂ زمین پر آباد ہوں، ہر زمانے میں یکساں طور پر سبق حاصل کر سکتی ہیں، اور جو انسانوں کو فکر و عمل کی آزادی کی دعوت دیتا ہے، اور جس میں انسانی آزادی، استقلال، ثبات، سرفروشی، دلیری، بے جگری، تدبر، جوش اور اخلاص کے عدیم المثال نمونے پیش کیے گئے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان حقائق سے متاثر ہوکر جناب تجم آفندی کہتے ہیں

ہر قوم کو ہے دعوتِ فہم و ادراک ہر دور میں ہے غور طلب فکرِ حسینؑ
اخلاق کا معیار سمجھنا ہے اگر آ مجلسِ غم میں اور سُن ذکرِ حسینؑ

ذکرِ حسینؑ باوجود ایک درد انگیز عمل کے صحیح انسانی قدروں کو اُجاگر کرنے کا بہترین ادارہ اور مؤثر ترین مرکز ہے۔ اور ایک انقلاب انگیز پیغام ہے جس میں انسانی حقوق کا تحفظ، روحانی طہارتوں کی بقا اور اجتماعی فلاح و بہبود مضمر ہیں۔ ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ان حقیقتوں کو پوری طرح آشکارا کیا جائے۔ تجم آفندی اس عظیم مقصد کو خوب سمجھتے ہیں

تیری ہی کہانی کہنی ہے تیرا ہی سبق دُہرانا ہے
اسلام کو زندہ تو نے کیا اسلام ہے زندہ تیرے لیے
اشک آنکھ میں ہیں کاندھے پہ علم اور پاؤں رہِ آزادی میں
اب ہوش حقیقت آیا ہے اب حشر ہے برپا تیرے لیے
اب کام کی تیری باتیں ہیں اب نام کی تیرے پوجا ہے
تو نے جو نہ چاہا اپنے لیے اللہ نے چاہا تیرے لیے

تیرہ سو سال بعد بھی اس ذکر میں وہی کیف، وہی سرور، وہی غم انگیزی اور وہی تازگی ہے۔ اسلام کی بقا ہی اسی ذکر سے ہے

اسلام کو دیتی ہے ہر سال حیاتِ نو
کیا تو نے کہا ظالم یہ ذکر پُرانا ہے

ذکرِ حسینؑ حقیقی اسلام کے اصول، صحت مند نظریات کو پیش کرتا ہے اور دستورِ حیات سے روشناس کراتا ہے۔

کیونکر قدرت کا مدعا سمجھے گا بے ذکرِ غمِ حسینؑ کیا سمجھے گا
اسلام کا مشکل ہے سمجھنا اے دوست سمجھے گا غلط اگر خدا سمجھے گا

ذکرِ حسینؑ احیائے ایمان کا واحد طریق کار ہے۔ یقینِ محکم اور حرارتِ ایمانی کا سرچشمہ ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے

غمِ حسینؑ کے ادنیٰ تصرفات ہیں یہ — ہر ایک قوم کو اس غم میں نوحہ گر دیکھا

تجمّ مرحوم اپنے لیے غمِ حسینؑ کو نعمت سمجھتے ہیں اور آنسو بہانا ان کے لیے عین حیات ہے

اشکِ غمِ حسینؑ میں ہے لطفِ زندگی — رونا اگر نہ آئے تو جینا حرام ہے

بے ماتمِ حسینؑ سحر ہے نہ شام ہے — جس دن یہ غم تمام ہے دنیا تمام ہے

نیز کہتے ہیں کہ یہ غم ہماری سیرت و کردار میں تعمیر کے انقلاب آفریں جذبات پیدا کر کے صالح انسان بناتا ہے

تجمّ اس میں تصور بھی بیجا ہے بُرائی کا
غم سبطِ پیمبرؐ کا جس دل کی امانت ہے

پھر ان کو احساس ہوتا ہے کہ اگر ہم کو نفس کی تربیت، ضمیر کی پاکیزگی، ظلم سے نفرت، حق کی حمایت، خدا کی محبت، صبر و استقلال، سچائی اور راست بازی کے لیے اپنی زندگی سنوارنے کے لیے کوئی مثال سامنے رکھنا ہے اور کسی سے سبق لینا ہے تو یہ آرزو اُسوۂ شبیری کی پیروی سے پوری ہوسکتی ہے اور اس کے لیے غمِ حسینؑ منانا، انسانیت کی ایک مستحکم اور پائیدار خدمت ہے جو ہم سب کا انسانی و اخلاقی فریضہ ہے۔ جیسا کہ تجمّ صاحب نے کہا ہے

سب سے عظیم حُسنِ عمل ہے غمِ حسینؑ — کتنی مخالفت ہو اٹل ہے غمِ حسینؑ

اس غم کے ساتھ فکر و نظر بھی جو ہو نصیب — ہر عقدۂ حیات کا حل ہے غمِ حسینؑ

اس حیات بخش غم کے فروغ اور اشاعت کے لیے تحریک عزاداری مجالسِ غم نہایت مبارک اور ہمہ گیر اقدام ہے جس کی طرف تجمّ مرحوم اپنے الفاظ میں متوجہ کرتے ہیں

یہ مجلسِ غم ظلم مٹانے کے لیے ہے — دنیا کو رہِ راست دکھانے کے لیے ہے

انسان کو انسان بنانے کے لیے ہے — محدود نہیں سارے زمانے کے لیے ہے

بیگانہ کوئی لاکھ ہو مجلس کی فضا سے
دل آپ دہل جاتے ہیں ماتم کی صدا سے

یہی وہ اہم مقاصد "تشکیل سیرت، تطہیر معاشرہ اور تنظیمِ قومی" حقیقی عارفاں غم کے اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انقلابی تحریک میں مضمر ہیں جس کے تحت مجسمۂ غم امام زین العابدینؑ، سید الساجدینؑ اور شریکتہ الحسینؑ، ثانی زہراؑ نے مجلس غم کی بنا ڈالی۔ اور دونوں نے مل کر عزاداری کی بنیادوں کو استوار کیا ہے اور ان دونوں بزرگانِ دین کی مساعی جمیلہ اور جدوجہد سے عزاداری کا اجرا ہوا ہے۔ غم زدہ پھوپھی اور صابر بھتیجے کی مشترکہ کوششوں سے عزاداری کا جو دستور قائم ہوا ہے، وہ صدیوں بعد ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں کے ساتھ آج ہم تک پہنچا ہے، جو ایک مقدس قومی امانت اور فریضہ دینی کا درجہ رکھتا ہے۔ اب اس تحریک کو با مقصد بنانا اور اس سے حسبِ دلخواہ مستفید ہونا خود ہماری ذہانت، حوصلہ اور عمل پر موقوف ہے۔ حضرت نجم آفندی نے اس سلسلے میں اپنی تمام فکری صلاحیتیں صرف کرتے ہوئے حقائق ومحاسنِ عزاداری پر کافی روشنی ڈالی ہے۔

مجلس کی بناء کے متعلق ایک قصیدہ درمدح حضرت امام علیؑ ابن الحسینؑ علیہما السلام میں کہا ہے

اے علی ابن الحسینؑ اے دردِ غم کے تاجدار — ہر نفس ہے تیرا عاشورہ کے دن کا کارزار
تو نے ڈالی انقلاب انگیز مجلس کی بنا — اے علیؑ اور اے حسین ابنِ علیؑ کے سوگوار
ایک ہی دن کے لیے تھی جنگ عاشورہ فقط — آج تک جاری ہے تیری انقلابی کارزار

حضرت زینب سلام اللہ علیہا کی خدمتِ اقدس میں نذرانۂ عقیدت پیش کرتے ہوئے نجم صاحب عرض کرتے ہیں

اپنے بھائی کی بہن روحِ بہارِ کربلا — پیکرِ ہمت شریکِ کارزارِ کربلا
تو نے مجلس کی بنا سے قوم کی تعمیر کی — قوم کی ماں اور بیٹی شاہِ خیبر گیر کی

شاعر نے اپنے ان اشعار میں حقیقت بینی اور بصیرت افروزی کا ثبوت دیا ہے اور اس انقلابی مشن 'مجلس' کا مقصد ہر اعتبار سے قوم کی تعمیر قرار دیا ہے، جس کو وہ امام مظلوم سے عظیم عہد تصور کرتے ہیں

خدا کرے وہ اطاعت کا مدعا سمجھیں — جو صرف اشکوں کے موتی نثار کرتے ہیں
یہ مجلسیں نہیں پیمان ہیں اطاعت کے — یہ ہم حسینؑ سے قول و قرار کرتے ہیں

مقصد شہادت عظمٰی اور افادیت عزاداری کی اتنی وضاحت کے بعد شاعر اہل بیتؑ مطمئن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں دل ملول ہیں اور حیرت کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ قوم جو عزاداری کو اپنی حیات کا نصب العین قرار دیے ہوئے ہے، وہ پسماندگی، غفلت اور ذلت کا شکار ہو۔ جو سال بھر متواتر ذکرِ حسینؑ و شہداء کربلا کرتی و سنتی رہے اور اس کا یہ عمل صدیوں سے جاری و ساری ہو، لیکن اس کے اعمال ان باہمت مجسمۂ عمل ذوات مقدسہ کے اسوۂ حسنہ سے متاثر نہ ہوں۔ اور یہ قوم حسینؑ سے والہانہ عقیدت و محبت کے باوجود حسینی مشن کے بلند نصب العین اور انقلاب آفریں مقصد کو عملی طور پر پورا کرنے سے آج تک قاصر رہے اور صرف مظاہراتِ غم والم میں کھو کر رہ جائے۔ قوم کی اس مایوس کن حالت نے نجم آفندی کی حساس طبیعت پر گہرا اثر ڈالا۔ وہ یاس و حسرت کے عالم میں نہایت جرأت آموز انداز میں افرادِ قوم کو عزم و عمل کی دعوت دیتے ہیں، اپنے کلامِ بلاغت نظام کے ذریعے ملت کو بیدار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

استفہامیہ لہجے میں مقصدِ شہادت کے صحیح مفہوم کو یوں سمجھایا ہے:

کیا ارضِ فرات جگمگا دینی تھی ذرات کو خوں سے جلا دینی تھی
قربانیِ شبیرؑ کو سمجھے کیا ہو کیا خاک میں تاثیرِ شفا دینی تھی

---

اک خواب و خیال کوثر آشامی ہے جذبات کا مد و جزر ہنگامی ہے
مجلس سے نکل کے رُخ کدھر ہے دیکھ غافل ابھی تشنگی میں کچھ خامی ہے

---

انسان ہوتا ہے غم اٹھانے سے بلند تمکینِ سلف کا بھید پانے سے بلند
جن کو ہے ولائے راکبِ دوشِ نبیؐ ہو جاتے ہیں وقت اور زمانے سے بلند

---

پھر بڑے تعجب سے کہتے ہیں ۔

ایسا تھا کہاں شمعِ سرِ طور کا دن جلوے سے قریب کا ہو یا دور کا دن
وہ ٹھوکریں کھاتی پھرے تاریکی میں جس قوم کے ورثے میں ہو عاشور کا دن

عاشور کا وارث قرار دے کر، ان سے سوال کرتے ہیں جن کے دلوں میں کربلا بسا ہوا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جن کے دماغوں میں کربلا سمایا ہوا ہے۔ کربلا جن کا مرکزِ عقیدت، کربلا جن کا شمعِ ہدایت

کچھ خبر ہے تجھ کو اے پروانہ بے بال و پر　　روشنی دیتی ہے کب سے شمعِ طورِ کربلا
ذہنیت میں آج تک باقی ہے کیوں یہ تیرگی　　جلوہ گر ہے جب دماغ و دل میں نورِ کربلا
ہوگیا بیدار اس دن کو اگر جذبہ تو کیا　　طے نہ ہوگی اس طرح سے راہ دورِ کربلا
بربنائے ہوش کب ہوگا ترا جوشِ عمل　　کربلا پھر چاہتا ہے کیا حضورِ کربلا
پست ہو دنیا میں ایسا اُس کا آئینِ حیات　　ہائے جس **ملت** کے سر میں ہو غرورِ کربلا

یہ امر قابل افسوس سہی مگر ہے واقعہ کہ زندگی کے ہر شعبے میں ہم پست نظر آ رہے ہیں۔ ہماری مذہبی، تعلیمی، اخلاقی، معاشرتی، اقتصادی حالت روز بروز گرتی جارہی ہے اور اس مسلسل پامالی سے ملی خصائص دبے جارہے ہیں۔ شاعر کی نظر میں اس کیفیت کے ہم خود ہی ذمہ دار ہیں۔ ہم نے اپنے آقاؤں اور رہنماؤں کی زندگی اور سیرت کو مشعلِ راہ سمجھنا چھوڑ دیا۔ اس تغافل کی بناء پر انتشار و پریشانی میں گرفتار ہوگئے۔ عزائے حسینؑ جیسی انقلابی تحریک کے ہوتے ہوئے ایسی امید نہیں ہوسکتی تھی۔ ہم کو تو ایک بلند سیرت، انتہائی ترقی یافتہ، باوقار، قابل فخر منظم قوم ہونا چاہیے۔ نجم مرحوم ہم کو سیرت اہلبیت اپنانے کی ہدایت کرتے ہیں۔ انھوں نے تاسی سید الشہدا ءحضرت امام حسینؑ کی پُر زور تبلیغ و ترغیب دی ہے۔

ہر ذرہ سے ایک سحاب پیدا کردے　　ہر قطرہ سے آفتاب پیدا کردے
آقا ہے تیرا حسینؑ سا مردِ عمل　　جب چاہے تو انقلاب پیدا کردے
کردار پہ اپنے رکھ نگاہِ تنقید　　خود اپنے لیے شاہدِ عینی ہوجا
تو مجلس و ماتم میں حسینیؑ ہے ضرور　　ہر رنگ میں اے دوست حسینیؑ ہوجا

کاش حسینیؑ کہلانے والے حسینیؑ کارناموں کو عملی حیثیت سے اپنانے کی سعی بلیغ کریں۔ اپنی زندگیوں کو حسینیت کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کریں، اور اس کی روشنی میں اپنی سیرت و کردار میں تبدیلی کریں۔ نجم آفندی ہر صاحب نظر کو دعوت عمل دیتے ہیں

شبیرؑ نے راہِ حق میں کیا کیا نہ دیا　　ہم نے ہی ثبوت کچھ ولا کا نہ دیا
کاندھا جو ضریح کو دیا بھی تو کیا　　جب بھائی نے بھائی کو سہارا نہ دیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے سینہ شگاف غم اٹھانے والے        اے درد بدل قدم اٹھانے والے
آلودہ خون حق شعاری تو نہیں        یہ ہاتھ جو ہیں علم اٹھانے والے

---

کیا یہ ہے زندگی کا نصب العین        یہ ہے تقلیدِ سید کونین
دل دکھاتے رہو غریبوں کا        اور کہتے رہو حسین حسین

تجمّ مرحوم حسین حسین کرنے پر معترض نہیں، وہ غم حسین منانا ایک احسن عمل تصور کرتے ہیں۔ کہتے ہیں روئیے اور خوب جی بھر کر روئیے مگر گریہ وزاری اور ماتم کے شوروغل اور جذباتی ہنگاموں میں اس مقصد کو نظر انداز نہ کیجیے جس کی خاطر کربلا والوں نے عظیم قربانیاں پیش کی ہیں

آنسوؤں کا جو تقاضا ہو تو بھر دے جل تھل        کربلا والوں کے ایثار کا مقصد نہ بدل
چند لفظوں میں ہے اسوۂ انصارِ حسین        وسعتِ فکر و نظر حوصلۂ عزم و عمل

---

اخلاق حسینی سے سروکار بھی ہو        دنیا کی نمائشوں سے بیزار بھی ہو
دولت سے ہے بے نیاز جو مردِ عمل        مزدور بھی ہو اور عزا دار بھی ہو

---

مولا کا استغاثہ ہے تیرے حافظے میں        مجلس کی حاضری سے منبر کی آگہی سے
یہ قول بھی سنا ہے سلطانِ کربلا کا        عزت کی موت بہتر ذلت کی زندگی سے

تجمّ صاب کی نظر میں امام کا یہ قول آپ کی تمام تعلیمات کا نچوڑ ہے۔ ایک عملی درس ہے، زندہ پیغام ہے۔ مگر مولا کا یہ فرمان ہماری فکروں اور نظروں سے اوجھل ہو گیا ہے۔ ہم تعلیمات حسینی فراموش کر چکے ہیں۔ ہم حسینی یادگار کو صرف رسمی اور روایتی انداز میں مناتے ہیں۔ وہ خلوص وعقیدت ہی نہ رہی۔ نام ونمود شخصی وجاہت اور ذاتیات کو اہمیت دی جانے لگی ہے۔ جیسا کہ معاشرہ کی کچھ خرابیوں کی طرف تجمّ صاحب بڑے لطیف اشارے کرتے ہوئے ماتم کے متعلق کہتے ہیں

نمودِ قوتِ نانِ شعیر دیکھتے ہیں        کمال شوق سے یہ دارو گیر دیکھتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غمِ حسینؑ بھی یارب کوئی تماشا ہے　　　غریب کرتے ہیں ماتم، امیر دیکھتے ہیں

نذر و نیاز کے سلسلے میں کہا ہے

تکمیل نذر و نیاز کر لیتے ہیں　　　اس راہ میں قرض بیشتر لیتے ہیں
بھوکوں کو نوالہ نہیں ملتا لیکن　　　سب پیٹ بھرے ہی پیٹ بھر لیتے ہیں

---

ہر جگہ ہے اہلِ دولت کے لیے سامان الگ　　　نذر کے موقع پر بھی بچھتا ہے دسترخوان الگ
یوں غریبوں سے یہ ہر منزل میں رہتے ہیں جدا　　　جیسے قبلہ ہے امیروں کا الگ قرآن الگ

مجالس کی افادیت کے بارے میں کہتے ہیں

مجلس کے جو ختم پر پلٹتے دیکھا　　　حضار کو ٹولیوں میں بٹتے دیکھا
تعریف کسی کی اور کسی پر تعریض　　　خالی باتوں میں وقت کٹتے دیکھا

جن مجلسوں سے کل تک علم و انوار کے موتی لے کر آتے تھے، آج رنجشیں اور تعصب کے پتھر لا رہے ہیں۔ جن منبروں سے کل تک محمدؐ و آلِ محمدؐ کا خالص پیغام سنایا جاتا تھا، آج قصے کہانیاں، ضعیف روایتیں بیان ہو رہی ہیں۔ جن زبانوں سے کل تک ایمان و عرفان کے گوہر جھڑتے تھے۔ آج سطحی اور غیر مفید باتیں سُن رہے ہیں۔ وہ مجلس جو تعمیرِ قومی اور ملی تنظیم کا مؤثر ترین ادارہ ہے، ہماری زندگی میں کوئی انقلاب پیدا نہیں کر رہی ہے، حالانکہ بقول نجم مرحوم:

مجلسوں سے قوم کی تنظیم ہونی چاہیے
کچھ تو حالِ زار کی ترمیم ہونی چاہیے
مقصدِ شبیرؑ کی تفہیم ہونی چاہیے
عام اب مظلوم کی تعلیم ہونی چاہیے

اس وقت جس رنگ میں عزاداری برپا کرتے ہیں، وہ اپنی افادی نوعیت کھوتی جا رہی ہے اور افسوس ناک حد تک قابلِ اصلاح ہے۔ نجم آفندی اس صورت حال سے بہت متاثر تھے۔ چنانچہ ایڈیٹر رضاکار کے نام ایک تحریر میں اپنے جذبات کا اظہار فرماتے ہیں:

"مکرمی۔ بعض منبر نشینوں کی بدولت کلیجہ خوں ہو گیا ہے۔ اور بغیر قصد و اہتمام یہ چار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مصرعے آنسوؤں کی طرح ٹپک پڑے ہیں۔" (نجم آفندی)

مفہومِ شہادت کو بھلادے ملت
مجلس کو بھی اک رسم بنادے ملت
تقریر کا آج کوئی معیار نہیں
منبر پہ جسے چاہے بٹھا دے ملت

یہ واقعہ ہے کہ آج منبر کا تقدس اور وقار جاتا رہا۔ ہر کس و ناکس زیبِ منبر دکھائی دیتا ہے۔ جنھوں نے کبھی کچھ پڑھا لکھا نہیں، وہ بھی چرب زبانی اور شعلہ بیانی کی وجہ سے علامہ کہے جانے لگے ہیں۔ جنھیں حسینیت سے دور کا بھی لگاؤ نہیں وہ حسینیت کے علمبردار بنے بیٹھے ہیں۔ فنِ خطابت اور گفتار کے غازی اور عمل و کردار میں محمدؐ و آلِ محمدؑ کے محض نام لیوا۔ عام طور پر ہمارے واعظ اور ذاکر بے عمل ہی نہیں ہیں بلکہ یہی لوگ مجلس کی رونقِ منبر کی زیب و زینت اور عزاداری کے روحِ رواں، یہی لوگ خطیبِ آلِ محمدؑ، یہی حضرات بلبلِ بوستانِ آلِ رسولؐ۔ یہی ہستیاں ہمارے پیشوا، ہمارے رہنما، ہمارے قائد اور لیڈر، یہ ہے مجالس پڑھنے والوں کی سیرت و کردار۔ اسی سے مجالس سننے والوں کی حالت کا بھی اندازہ ہو سکتا ہے۔

بدنصیبی کی حد تو یہ ہے کہ ہمارے بیشتر علمائے کرام، پیشوائے دین جو قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، حیاتِ دینی کے ذمہ دار ہیں، قوم کی تشکیلِ سیرت کے معمار، قرآن و سنت کے محافظ اور قوم و ملت کے نگہبان ہیں، پیشہ ور ذاکر بن کر رہ گئے ہیں۔ ان سے اتحادِ ملی اور وحدتِ ایمانی رخصت ہو گئی ہے۔ اکثر رؤساء اور امراء کے قصیدے خواں ہی نظر آتے ہیں۔ چہ جائے کہ ان کی گفتار، ارشاداتِ محمدؐ و آلِ محمدؑ کی تفسیر ہوتی ہے اور ان کی رفتار، دین کا شعار اور اسلامی اطوار۔ سچ بات تو یہ ہے کہ آجکل اجتہاد کے معنی عبا و قبا، مجتہد کے معنی قیمتی عمامہ، عالم سے مراد شعلہ بیاں مقرر، واعظ و مبلغ سے مراد سحر زباں ذاکر۔

خدا رحمت نازل کرے نجم آفندی مرحوم کی روح پر کہ انھوں نے اپنے کلام میں جرأت مندانہ حیثیت سے عزادارانِ واعظین اور ذاکرین کی اصلاح کو بھی مدنظر رکھا۔ واقعی ایسے نازک اور کڑے وقت میں حق و صداقت کی آواز نکالنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ شاعری کا مقصد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وحید تشکیل سیرت اور تعمیر و کردار جس کو نجم آفندی نے بحسن و خوبی انجام دیا ہے اور اس سلسلے میں ان کے حق کے بول یقیناً عبرت ہیں، اور اصلاح کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

عام عزاداران کے متعلق کہہ رہے ہیں۔ کاش ہم ان سے سبق حاصل کریں

اٹھا نہ قدم عمل کا بڑھنے کے لیے　　ہمت کی بلندیوں پر چڑھنے کے لیے
مولا کا ہر معرکۂ علم و عمل　　سنتے ہی رہے ہم درود پڑھنے کے لیے

---

دل میں ترے درد کی ہے لے کہ نہیں　　کردار میں ملتی ہے کوئی شے کہ نہیں
ہے حبِ علیؑ سفینۂ نوحؑ مگر　　تیری بھی سفینہ میں جگہ ہے کہ نہیں

---

آنسو تو بہت آنکھ کے پیمانے میں　　کیا رنگ ہے زندگی کے افسانے میں
دل بھی ترا پاک ہے، زباں بھی طاہر　　یہ دیکھ کے پاؤں رکھ عزا خانے میں

ذاکرین اور واعظین سے مخاطب ہو کر بہ ادب و احترام کہتے ہیں کہ خدا کرے ان حضرات پر ان کی آواز کا اثر ہو

قول اور عمل میں مطلقاً میل نہیں　　بتی کے منڈھے چڑھے یہ وہ بیل نہیں
لغزش ہے قدم میں کیا قدم رکھتے ہو　　منبر ہے رسولؐ کا کوئی کھیل نہیں

---

یہ عمامہ یہ عبا یہ اوجِ منبر پر نشست　　یہ سمجھنا ہے غلط جیسے کہ بے گھر پر نشست
پہلے اتنا دیکھ لیجیے پاؤں اس قابل بھی ہیں　　یہ نشستِ منبری ہے قوم کے سر پر نشست

---

حیرت ہے اگر تجھے یہ ادراک نہیں　　جامہ کی بساط کیا جو دل پاک نہیں
تو رونقِ منبر ہو کہ ہو خاک نشیں　　کردار ہے اصل چیز پوشاک نہیں

---

خدمت میں جو وارد ہو کوئی صاحبِ دولت　　تعظیم کو بڑھتا ہے عمامہ بھی عبا بھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تعظیم کا کیا ذکر ہے پہلو بھی نہ بدلیں — آجائے اگر صورتِ مفلس میں خدا بھی

---

سلام میں سبقت اور پھر غریبوں پر — نظر اٹھا کے نہیں دیکھتے کسی کی طرف
غرور علم کا عالم ارے معاذ اللہ — کہ جیسے دوش پہ رکھی ہے درسگاہِ نجف

---

کس دن کے لیے راہِ محبت پہ چلا — سانچے میں نہ تو صبر و قناعت کے ڈھلا
اپنی تنخواہ کی کمی پر شکوہ — افلاس پہ اہلِ بیتؑ کے صلِ علیٰ

---

ہاں سرِ خفی نصِ جلی کہہ کے الٹ — اے صاحب زورِ ازلی کہہ کے اُلٹ
کیا صرف کتابوں کے الٹتا ہے ورق — دنیا کا ورق بھی یا علیؑ کہہ کے اُلٹ

---

محفل میں نشہ مئے تولا کا چڑھا — خیبر کی خبر سن کے درود اور پڑھا
راہیں کیا کیا علیؑ کی سیرت سے ملیں — دل نعرۂ صلوٰۃ سے آگے نہ بڑھا

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ہماری مجالس میں عام طور سے ذاکری اور خطابت کا پہلو اور زیادہ روشن باب فضائل، شخصی تعریف، معجزات ہوتے ہیں مگر ان بلند مقاصد اور اعلیٰ نصب العین کے لیے ان شخصیتوں نے اپنے آپ کو فنا کر دیا ہے، ان کے اتباع کے لیے مجالس کی ذاکری، منبر کی خوش بیانی اور مبلغ کی قوتِ لسانی خاموش نظر آتی ہے۔

مثلاً امام حسینؑ کی تعریف اور قصیدہ خوانی ہورہی ہے اور ذکر مصائب میں واقعہ شہادت بھی بیان ہورہا ہے۔لیکن جن بلند مقاصد کے لیے امام نے جان دی، شہادت اختیار کی، جہاد کیا، اس کا ذکر نہیں۔نماز میں امام کی شہادت کا ربطِ مصائب تو ہے مگر پابندی صلوٰۃ اور اتباع خدا ورسولؐ کے بلند اسلامی مقاصد اور نصب العین پر امام کی یہ جدوجہد الفت امام کا دم بھرنے والوں کے لیے کوئی توجہ کا مرکز نہیں۔

فضائل علویہ بیان ہورہے ہیں۔معجزات اور حالات، حرب وضرب پر مجالس میں نعرۂ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حیدری کے فلک شگاف نعرے بلند ہیں لیکن سیرت علویہ اور امیر المومنین کی عملی زندگی جن سے ہم استفادہ کر کے ان کے سچے شیعہ بن جائیں، اس کا ذکر بھولے سے بھی ہماری مجالس میں نہیں ہوتا۔

جب سے وعظ اور ذاکری نے کاروباری نوعیت اختیار کی ہے، سامعین وداعیان مجالس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ان کی طبیعت ومرضی کے مطابق بیان کرنا ذاکرین اور مقررین کا معمول ہو گیا ہے۔ بعض نام نہاد واعظین اور ذاکرین نے عزاداری کا مفہوم فقط یہ سمجھ رکھا ہے کہ فضائل اور مناظرانہ بیان سے مجلس میں واہ واہ اور درود کے نعروں سے گونج پیدا کی جائے۔ تبلیغ دین کے حقیقی عوامل کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ عمل کی طرف رغبت دلانے کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی۔ اہل بیت اطہار کی پیروی کی طرف بلانا ضروری نہیں سمجھا جاتا جس کے باعث موجودہ طرز ذاکری سے مذہب وملت کو فائدہ بہت ہی کم اور اس کے بالمقابل نقصان بہت زیادہ پہنچ رہا ہے اور پھر مقررین حضرات کی باہمی رقابت اور رسّہ کشی سے ملت کو جو نقصان پہنچ رہا ہے وہ عظیم تر ہے۔ اس وقت قوم میں جو انتشار اور تشتت ہے، وہ علماء کرام، واعظین عظام کے عدم اتحاد کا رد عمل ہے۔ اگر ان حضرات میں اتحاد ووحدت ہو تو قوم کبھی منتشر اوراق نہیں بن سکتی۔ قوم بحیثیت مجموعی خصوصاً عوام علماء کرام، ذاکرین اور واعظین کا دل سے احترام کرتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حضرات علماء اپنے کو صرف مصائب وفضائل کی مجالس پڑھ کر ایک پیشہ ورانہ طبقہ کے معزز افراد ہی نہ سمجھیں۔ تعلیمات محمد وآل محمد کی ترقی اشاعت اور قوم کی تنظیم واصلاح کے سلسلے میں بھی ان پر کوئی فرض عائد ہوتا ہے اور جب تک وہ خود سیرت محمد وآل محمد پر عامل نہ ہوں گے، ان کے وعظ اور تقریری کا کوئی اثر ہی نہیں ہو سکتا ہے۔ یہی باعث ہے کہ مقررین اور ذاکرین حضرات کے بیانات وتبلیغ وہ اثر پیدا نہیں کر رہے ہیں جو کبھی ہوا کرتے تھے۔

یہ صورت حال ہم سب کو دعوت غور وفکر دیتی ہے اور تقاضا کرتی ہے کہ ہم اس کی اصلاح کی طرف متوجہ ہوں۔ نجم آفندی اس بات سے بہت متاثر ہوئے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ ہمارے دینی اجتماعات، سامعین میں کوئی انقلاب پیدا نہیں کرتے۔ اس وقت ذاکری کو جس نہج پر ڈھالا گیا ہے، اس سے ہماری عملی زندگی متاثر نہیں ہوتی اور نہ ہماری حیات اجتماعی سنورتی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دکھائی دیتی ہے۔ البتہ ہماری دماغی عیاشی کے جملہ سامان ضرور فراہم ہوجاتے ہیں اور یہ اسی کا نتیجہ ہے کہ عزاداری سید الشہداء جس سے ہماری قومی حیات وابستہ ہے، اب بے روح ہوتی جارہی ہے اور محض ایک رسم بن کر رہ گئی ہے۔

ان تصورات نے مرحوم کے دل میں ایک ایسی تڑپ پیدا کردی تھی کہ انھوں نے اپنے کلام کے ذریعہ ہماری اصلاح کا بیڑا اٹھایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر وقت قوم کی بہتری و سر بلندی کے لیے سوچتے رہتے تھے۔ چنانچہ شاعر اہل بیت نے اسی مقصد کے حصول کے لیے اپنی بیشتر نظموں میں قوم کی توجہ مبذول کرانے کی کوشش فرمائی۔ جا بجا عمل اور حقیقی عمل کی ہدایت کرتے ہیں۔ تعلیم اہل بیتؑ کی طرف راغب کرتے ہیں۔ یہ پیام ان کے کلام میں کہیں کہیں فریاد کی شکل میں پایا جاتا ہے اور اکثر التجا کے طور پر برادرانہ خطاب۔ ان کا یہ ایمان ہے کہ اگر تذکرہ اہل بیتؑ صحیح طریق پر کیا جائے تو ہماری دینی و دنیاوی زندگی کو سنوارنے کا ضامن ہوسکتا ہے۔ مصائب و فضائل آل محمدؐ وہ بلند تذکرے ہیں کہ جو نہ صرف قومی کردار میں انقلاب آفریں بہتر اثر پیدا کرسکتے ہیں، بلکہ ہر کوئی انسان، خواہ وہ کسی بھی عقیدہ و مسلک سے تعلق رکھتا ہو، ناممکن ہے کہ فضائل و مصائب آل محمدؐ خصوصاً واقعات کربلا سے اور اس کا دل نہ کھنچا چلا آئے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ محمدؐ و آل محمدؐ کا تذکرہ اس عنوان سے کیا جائے کہ ان کی یاد ہمارے قلوب کو گرما دے۔ ان کی سیرت اور زندگی ہمارے ذہنوں میں جاگزیں ہوجائے اور ہم میں حق و صداقت کے لیے جان دے دینے کا جذبہ بیدار ہوجائے۔ ہمارے دلوں کو ذوق عمل سے تڑپا دے اور ہماری فکروں میں ہمارے ارادوں میں اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہوکر ملت کو اوج ثریا پر پہنچا دینے کا شوق چٹکیاں لینے لگے۔

اس اعلیٰ مقصد کے پیش نظر حضرت نجم آفندی مجلس پڑھنے والوں، ذاکرین، مقررین اور مرثیہ خواں حضرات سے مخلصانہ خطاب کرتے ہوئے درخواست کرتے ہیں کہ وہ زمانہ کے بدلے ہوئے حالات کو پیش نظر رکھ کر اپنے بیان کا رنگ بدلیں اور سامعین کے لیے دماغی عیاشی کے سامان فراہم کرنے کے بجائے، ملت کی سربلندی کے سامان فراہم فرمائیں اور صحیح معنوں میں حسینیت کی تبلیغ کریں۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موسم غم آ گیا کر شکر احسانِ حسینؑ
اے سریر آرائے مجلس مرثیہ خوانِ حسینؑ

نالہ ہائے زیرِ لب کو قوتِ پرواز دے
نوعِ انسانی کے اک اک فرد کو آواز دے

بے خبر افراد کو رازِ عزا داری بتا
خندہ زن قوموں کو وجہِ گریہ و زاری بتا

پیش کر صدہا برس کے ناشکستہ جوش کو
دعوتِ فکر و نظر دے اہلِ عقل و ہوش کو

منکرِ تاثیر کا بڑھ کر کلیجہ تھام لے
چیخ اٹھے گا شہیدِ کربلا کا نام لے

اسوۂ محنت کشانِ کربلا تعلیم کر
اٹھ صفِ ماتم بچھا کر قوم کی تعلیم کر

نعرۂ یا لیتنی میں روحِ معنی ڈال دے
قول کو شانِ عمل دے رنگِ استقلال دے

دشت و در کو آنسوؤں کی سیل سے پانی بنا
درد کو طوفانِ دل کو نوحِ طوفانی بنا

جوشِ غم کے بادلوں سے بجلیاں تخلیق کر
موت کی گہرائیوں میں زیست کی تحقیق کر

شانِ سالاری بتا ذہنِ علم بردوش کو
دستگیری بھی سکھا کچھ دستِ ماتم کوش کو

سرفروشی جس کی ہے سرمایۂ نازِ حیات
اس کے لفظوں میں سنا افسانۂ رازِ حیات

بات ایسی کہہ جو دستورالعمل ہو کام دے
کربلا سے جو تجھے پہنچا ہے وہ پیغام دے

چہرۂ روشن دکھا کر فطرتِ اسلام کا
کلمہ پڑھوا دے حسین ابنِ علیؑ کے نام کا

مرثیہ خوانوں اور خطیبوں سے اس خطاب میں نجم صاحب نے انھیں ان کی ذمہ داریوں کا احساس دلایا ہے۔ واقعی اگر ذاکرین حضرات جن کی مٹھی میں ملت کی پوری توجہ ہوتی ہے اور جو عزا داری کی جان ہیں، صحیح معنوں میں اپنے فرائض کا احساس فرمائیں اور سیرت ائمہ علیہا السلام پر عمل پیرا ہوتے ہوئے تبلیغ دین انجام دیں، اپنی طرز ذاکری اور طرز خطابت میں بنیادی تبدیلی پیدا کریں اور اصلاح و بامقصد ذاکری کو فروغ دیں، ہمارے معاشی و اخلاقی مسائل کو موضوعِ سخن بنائیں، ہماری توجہ ٹھوس اور تعمیری امور کی طرف مبذول کریں، تاریخی حقائق، قرآنی معارف، محاسنِ اسلام کے ساتھ ساتھ ملی تنظیم اور ترقیاتی پروگرام کی بھی تبلیغ و اشاعت کریں تو موجودہ قومی جمود میں بیداری پیدا ہو اور ہم عملی عروج سے ہمکنار ہوں۔ ہم پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ذاکرین عظام کی اس مخلصانہ کوشش سے قوم میں انقلاب پیدا ہو سکتا ہے اور ہماری جماعت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دین ودنیا میں کامیابی وکامرانی حاصل کرسکتی ہے۔

حضرت نجم آفندی محض مرثیہ خوانوں اورمقررین کو اپنا اصلاحی پیغام دے کر مطمئن نہیں ہوجاتے بلکہ تمام عزادارانِ امامِ مظلوم تک اپنی آواز پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ عزادار وہ خوش نصیب قوم ہیں جن کے ساتھ حسینیؑ انقلاب کومنانے اور اس کی یاد زندہ رکھنے کی سعادت مخصوص ہے، جو یادگار حسینیؑ کومختلف انداز سے، مختلف طریقوں سے، کبھی مجالس، کبھی نوحہ و ماتم، کبھی شعائرِ عزا، علم، جلوس وغیرہ کے ذریعے تمام دنیا کے سامنے پیش کرنے کا فخر حاصل کرتے ہیں اور اقوامِ عالم کومجاہدِ کربلا کی شخصیت اور ان کے زندہ جاوید کارنامۂ شہادت سے روشناس کراتے ہیں۔ ان کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ بھی حسینیؑ کارناموں کوعملی حیثیت سے اپنانے کی کوشش کریں اور اپنی زندگی کوحسینیت کے سانچے میں ڈھالیں تاکہ وہ حسینیؑ کہلائے جانے کے مستحق قرار پائے جائیں اور اپنی مساعی سے حسینیت کا مفہوم دوسروں کوسمجھانے میں کامیاب ہوں اور حسینی مشن موثر طور پر دنیا والوں تک پہنچاتے رہیں اور انسانیت ان کے ذریعے حسینی تعلیمات سے فیضیاب ہوتی رہے۔ عزاداران کے نام نجم صاحب یوں پیغام پیش کرتے ہیں:

مظلوم کے ماتم سے دو عالم کو ہلا دو ۔۔۔ نوحہ میں پیامِ لبِ معصوم سنا دو
کہہ دو کہ اشاعت ہے ہمیں درد کی مطلوب ۔۔۔ مامور ہیں تبلیغ محبت پہ بتا دو
سمجھاؤ یہ فریاد کی لَے غور طلب ہے ۔۔۔ دل رکھتے ہو رونے کو ہنسی میں نہ اڑا دو
کچھ بھولے ہوئے سے نظر آتے ہیں مسلماں ۔۔۔ پھر اُسوۂ شبیرؑ ذرا یاد دلا دو
مدت ہوئی کرتے ہوئے اقرارِ غلامی ۔۔۔ اب شان بھی کچھ اس کے غلاموں کی دکھا دو
کیا سوچ میں ہو جادۂ تسلیم دکھا کر ۔۔۔ بھٹکے ہوئے انسان کو رستے پہ لگا دو
کیا جاگ رہے ہو شبِ عاشور اکیلے ۔۔۔ ہم کہتے ہیں سوئی ہوئی دنیا کو جگا دو
جب دوش پہ عباسؑ دلاور کا علم ہے ۔۔۔ کیا سر پہ اٹھائے ہو فلک حشر اٹھا دو
شبیرؑ کے سوکھے ہوئے ہونٹوں کا تصدق ۔۔۔ پیاسا ہے زمانہ کی ذرا پیاس بجھا دو
بات آئی ہے اشکوں کی تو ہر آنکھ سے ٹپکیں ۔۔۔ اس غم کو جگاؤ غمِ ہستی کو سلا دو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دل پہلے مگر اپنے ہی پہلو میں ٹٹولو ٹھنڈا ہو جہاں خونِ عمل آگ لگا دو
یہ دل کا تڑپنا ہے کہ بیمار کی کروٹ کونین بھی تڑپیں جو تڑپنے کی رضا دو
انصارِ حسینیؑ کی تاسّی کا ہے دعویٰ ملت کے پسینے پہ لہو اپنا گرا دو
یہ کوئی نہ کہہ دے کہ جھلک ان میں نہیں ہے کچھ اپنی روش سے خبرِ کرب و بلا دو
ہر سال تمھیں یاد دلاتا ہے محرم کھوئے ہوئے ہو جس میں وہ ماحول بھلا دو
ایمان کو ایمان کی صورت میں دکھاؤ اسلام کو اسلام کا مصداق بنا دو

کچھ غور کرو نجم کے مفہومِ سخن پر
دیوانہ سمجھتے ہو تو مرنے کی دعا دو

کوئی دیوانہ ہی ایسے مخلص انسان، ہمدردِ قوم اور نجمِ شعروسخن کو مرنے کی دعا دے، اور وہ بھی نہایت نافہم ہے جو ایسے نقیبِ آلِ محمدؐ اور محبِ اہلِ بیتؑ کو اس کی مادّی موت کے بعد مردہ سمجھے۔ محبِ اہلِ بیت کبھی نہیں مرتا۔ مر نہیں سکتا کوئی شہیدِ راہِ حق۔ لاکھ موت آ جائے لیکن نجم مر سکتا نہیں۔ من مات علی حب آل محمد مات شہیدا جیسا کہ نجم مرحوم خود کہتے ہیں:

شہادت کا شرف پایا تولا میں فنا ہو کر
اٹھے بھی ہم زندہ ہی اٹھے دنیا کی محفل سے
جاری ہے اب بھی سلسلۂ نصرتِ حسینؑ
وہ سب شہید ہیں جو محبت میں مر گئے

مداحِ اہلِ بیتؑ کے لیے تو موت کا گمان بھی نہیں ہوسکتا۔ وہ حیاتِ ابدی لے کر آتا ہے۔ نجم صاحب بھی ایسا یقین رکھتے تھے۔ چنانچہ مرحوم نے کس عقیدت سے اظہار کیا ہے:

شاعر ہوں جن کا نجم وہ ہیں وجہِ کائنات
ممکن ہے تا ابد مرا نام و نشاں رہے

یقیناً ہمارے دلوں میں ان کی یاد تازہ اور نگاہوں میں ان کی تصویر ہے جو کبھی محو نہ ہوگی اور ان کا تبلیغی کلام ہمارے دلوں کو زندگیِ جاوداں بخشتا رہے گا۔ ان کا کلام ان کی زندگی ہے اور وہ زندہ جاوید ہیں، جیسا کہ حکیمِ اسلام مولانا ابی طالب علیہ السلام کا حقیقت آگیں ارشاد ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الناس موتی و اھل العلم احیاء۔ کنج مزار میں آرام کرنے والا زندہ جاوید ہے اگر وہ واعظانہ زندگی چھوڑ کر مرے۔

دنیا کی مایا کوئی نہیں کچھ نوحے ہیں کچھ دوہے ہیں
تجمی یہی مایا لائے تھے تجمی یہی مایا چھوڑ گئے

اور تجمؔ مرحوم کی یہ مایا ہمارے لیے وہ سرمایۂ تبلیغ و ہدایت ہے، درس وعمل کا وہ منبع ہے، اصلاح وترقی کا وہ سرچشمہ ہے جو ہمیشہ ہمیشہ ہماری راہنمائی کرتا رہے گا اور کبھی دنیا و آخرت کے فائدوں سے بے نیاز نہ ہونے دے گا۔ خدا ہم کو ان کے حقیقت افروز پیغامات سے استفادہ کرنے کی صلاحیت عطا کرے۔ ہم ان کے کلام کا بہ نظر غور مطالعہ کریں۔ ان کے دیے ہوئے پیغامات، عملی رموز و نکات کو سمجھیں اور سیرت اہل بیتؑ کو اپنا شعار بنائیں، جو شاعر اہل بیتؑ کا مرکزی پیغام ہے اور یہی ان کے لیے ہمارا بہترین خراج عقیدت اور خراج تحسین ہوگا۔ مرحوم حتی الوسع سیرت اہل بیتؑ پر عمل پیرا تھے اور تا سی اہل بیتؑ اطہار کے پیغام کو ہم تک پہنچانے میں اپنی زندگی صرف کردی۔ ان کو کما حقہ احساس تھا کہ شیعہ خواہ وہ کسی مقام، طبقہ یا نسل سے تعلق رکھتے ہوں، محبان اہل بیتؑ کہلاتے ہیں۔ اس لیے ان کا طرز عمل اور طرز زندگی اہل بیتؑ کے طرز زیست سے جداگانہ کوئی شئے نہیں۔ ضرورت ہے کہ ٹھنڈے دل سے تعلیمات آل محمدؐ کا مطالعہ کیا جائے۔ ان کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے کی صلاحیتیں پیدا کی جائیں۔ ان کے طرز فکر کے نقوش اجاگر کیے جائیں۔ ان کے اعمال و اقوال کو رہبر بنایا جائے اور ان کے مقصد حیات کو اپنایا جائے۔ تجمؔ آفندی مرحوم نے اس مقصد کی وضاحت کے لیے اپنے کلام میں دل پذیر اختراعیں کیں۔ نئی نئی راہیں نکالیں۔ ان کی نظمیں کیا ہیں عقیدت اور بصیرت کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں اور وہ اپنی تمام عمر ہم میں روح عمل پھونکنے کی سعی بلیغ کرتے رہے۔ اللہ ان کو جوار اہل بیتؑ اطہار مرحمت فرمائے۔ مرتے وقت ان کی زبان پر یہی ایک صدا رہی۔ خدا اس آواز میں اثر پیدا کرے سُنیے اور غور سے سُنیے کیا کہہ رہے ہیں:

تاریخ ہے گواہ کہ ہر ایک دور میں ——— کیا متحد رہے ہیں غلامانِ اہل بیتؑ
کیوں آج ہوں نہ شاد عدو اہل بیتؑ کے ——— آپس میں لڑ رہے ہیں ثنا خوانِ اہل بیتؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قربان کر رہے ہیں وہ اغراض پر اصول
کل تک تھے جان و دل سے جو قربانِ اہلِ بیتؑ

ان کا اگر یہ طرزِ عمل ہو تو ہے بجا
حاصل نہیں ہُوا جنھیں عرفانِ اہلِ بیتؑ

غیرت نہ آئے گی جو کسی نے کیا سوال
ہوتے ہیں ایسے تابعِ فرمانِ اہلِ بیتؑ

دربارِ اہلِ بیتؑ میں جانا ہوا اگر
کس منہ سے ہوسکیں گے یہ مہمانِ اہلِ بیتؑ

خدمت ہو پُرخلوص محبت ہو پُر خلوص
وہ نذر چاہیے جو ہو شایانِ اہلِ بیتؑ

ایثار کی تپش میں گزاریں وہ زندگی
جن کو ہے فکر سایۂ دامانِ اہلِ بیتؑ

وَما عَلَیْنا اِلّا الْبَلاغ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر محمد احسن فاروقی

# علامہ نجم آفندی کی نثر نگاری

علامہ مرحوم کی نثر نگاری کے سلسلے میں تین اہم کارنامے ہیں:

- چور ماموں
- شہیدوں کی باتیں
- لغات المذاہب

یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ علامہ مرحوم کی تمام تصانیف بنیادی طور پر مذہبی ہیں اور مذہب ہی وہ بنیاد ہے جن پر تمام علوم اور فنون کی مستحکم بنیاد رکھی گئی ہے اور رکھی جاتی ہے۔ سیکولرزم، (لادینیت) کا ڈھونگ رچانے والے بھی بمشکل ہی مذہب سے الگ ہو پاتے ہیں۔ ایمان داری یہ ہے کہ مذہب سے لگاؤ کا اس صاف طریقے پر اعلان کردیا جائے جیسا کہ علامہ مرحوم کی تمام تر تصانیف میں ملتا ہے۔ مندرجہ بالا تصانیف صاف طور پر مذہبی ہیں اور ان کا مقصد نوعمروں کو مذہب کی بنیادوں سے واقف کرانا ہے۔

نجم صاحب مرحوم کی نظم میں تصانیف ہر سن اور سال کے لوگوں کے لیے ہیں، مگر ان نثری تصانیف کا رخ خاص طور سے بچوں کی طرف ہے اور ان تمام خصوصیات سے معمور ہیں جو بچوں کے ادب میں ہونا چاہیے۔ ان کی نفسیاتی سطح وہی ہے جو ایک عینی معلم کو اختیار کرنا چاہیے اور زبان وطرز ادا بھی اتنا آسان اور دلکش ہے جو اسی سطح کی کتابوں میں ہونا چاہیے۔

اسی طرح ''چور ماموں'' ایک تمثیلی افسانہ ہے جس میں پہلے کچھ بچوں کے سامنے لایا گیا جو ان میں سے ایک کی سالگرہ منانے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ بچوں کی آپس کی بات چیت ایک دلچسپ نفسیاتی فضا قائم کرتی ہے۔ خاص طور سے ایک توتلی لڑکی مہر النساء نمایاں ہوتی ہے۔ سارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معاملہ چھوٹے بڑے بچوں کا ہے اور ایسا گڑ بڑ جیسا بچوں کا ہونا چاہیے، مگر یہ جلسہ ایک صاحب کے آنے سے ایک خاص ترتیب میں آجاتا ہے، جو اپنے آپ کو ان بچوں کا ماموں بتاتا ہے۔ سالگرہ کے جلسے کے لیے مٹھائی منگاتے ہیں۔ جلسہ کے صدر بن کر بچوں کو اہم تاریخی اور جغرافیائی حقیقتوں سے آگاہ کرتے ہیں۔ مالک مکان پولیس آفیسر ہیں اور وہ ایک اہم تفتیش کے سلسلے میں چلے جاتے ہیں۔ واپسی پر انھیں ایک خط ملتا ہے جس سے انھیں معلوم ہوتا ہے کہ جس ملزم کی تلاش میں وہ شہر کی ناکہ بندی کررہے تھے، وہ ان کے گھر ہی میں تھا۔ افسانہ کی جان ملزم کا کردار ہے۔ اپنے خط میں وہ بتاتا ہے۔

> ''میں ایک تعلیم یافتہ انگلینڈ ریٹرن چور ہوں۔ اور جتنی دیر میرا یہاں قیام رہا، میں نے تہذیب اور اخلاق کے اصول کو لمحہ بھر کے لیے ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ میں نے اس قلیل وقت میں ان کو خوش رکھنے کی کس قدر کوشش کی اور ان کی معلومات میں کس قدر اضافہ ہوا۔''
>
> چوری کے متعلق آپ زیادہ فکر نہ کیجئے۔ سیٹھ صاحب بہت وزنی آدمی ہیں۔ تھوڑا سا بوجھ ہلکا ہوگیا ہوگا۔ اچھا ہی ہوا۔ خدا ہی جانتا ہے کتنا غیر معمولی سود اور بے تحاشا منافع کا پیسہ ہوگا۔''

اس تمثیلچہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نجم صاحب کو اصلاح کا کتنا شوق تھا اور کس سلیقے اور شگفتگی سے وہ اصلاحی امور کو تمثیل کے ذریعہ پیش کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ افسوس ہے کہ اور کاموں میں مصروفیت نے انھیں اس طرف زیادہ توجہ دینے کی مہلت نہ دی مگر پھر بھی وہ اپنے بنیادی اخلاقی مقصد کو جیسے بھی ممکن ہوا پیش کرتے رہے۔ ان کا خاص میدان نظم ہے مگر نثر میں جو اسلوب انھوں نے اختیار کیا ہے، وہ ان کی ادبی صلاحیتوں کا پورے طور پر آئینہ دار ہے۔

نثر میں ان کا شاہ کار اور اپنی نوعیت کی بہترین کتاب ''شہیدوں کی باتیں'' ہے۔ اس میں بڑی جدت یہ ہے کہ فرضی چٹکلوں کے بجائے انھوں نے واقعہ کربلا سے مستند تاریخی واقعات لیے ہیں اور ان کو ایسی زبان اور ایسے ڈرامائی انداز میں پیش کیا ہے کہ بچے کیا، بزرگ لوگ بھی ان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے ہدایت حاصل کریں۔ "مقدمہ" میں وہ فرماتے ہیں۔

"میں کوئی نئی چیز نہیں پیش کر رہا ہوں۔ نہ میرا مقصد کوئی دماغی کارنامہ ہے۔ یہ تمام اقوال تاریخ کی کتابوں میں موجود ہیں۔

میں شرافتِ نفس کے ان زرّین کارناموں کو تاریخی ضخیم کتابوں کی دبازت سے نکال کر چند مختصر صفحات میں قوم کے نونہالوں کے سامنے لایا ہوں کہ وہ انھیں دیکھیں اور غور کریں۔ ممکن ہے کہ کوئی اچھا نتیجہ نکلے۔"

یہاں ہر واقعہ کو نہایت مناسب سرخی دی گئی ہے۔ چند مثالیں حسب ذیل ہیں۔

## شہید انسانیت

"عصر عاشورہ کے وقت حسینؑ زخموں سے چور ہو کر زمین پر بیٹھے جھوم رہے تھے۔ ایک شخص قتل کے ارادے سے بڑھا۔

فرمایا: "تو میرا قاتل نہیں ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ تو مبتلائے عذاب ہو۔" حسینؑ کے اس ارشاد نے دل بدل دیا۔ "ابن رسول اللہ آپ کو اس حال میں بھی ہمارا غم ہے۔" یہ کہہ کر روتا ہوا اپنے ساتھیوں پر پلٹ پڑا اور حسینؑ کے لیے لڑ کر جان دے دی۔"

کیا دشمن پر ترس کھانے کی ایسی کوئی مثال ہے۔ شرافتِ انسانی کی اسی معراج کو دیکھو۔

## عظمتِ کردار

"محمد ابن بشر الحضرمی کو معرکہ کربلا میں یہ اطلاع ملی کہ تمھارا بیٹا سرحد رے پر گرفتار ہو گیا ہے۔

محمد ابن بشر نے کہا: "میں اس کی نصرت کو امامؑ کی نصرت پر ترجیح نہیں دے سکتا۔" امامؑ نے فرمایا: "میں نے اطاعت کا بار تم سے اٹھا لیا۔ جا کر اپنے بیٹے کو چھڑاؤ۔" عرض کیا: "یا ابن رسولؐ اللہ۔ اگر میں آپ کو چھوڑ دوں تو جانور درندہ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے پھاڑ ڈالیں۔"

"محمد ابن بشر کا یہ جواب جذبۂ اخلاص کی ایک چیخ ہے جو دل کو چیر کر نکلی ہے۔ عہدِ رفاقت کی یہ مضبوطی۔ محبت کی یہ کوہساری مطالعہ کرو اور اے حسینؑ کے نوعمر ماتم دارو کردار کی اس بلندی تک پہنچو۔"

## جانِ معرفت

"قاتل جب سینہ پر سوار ہوا ہے، اس وقت کے دو جملے حسینؑ مظلوم کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے تاریخ میں ملتے ہیں۔ ایک با آواز بلند۔ ایک زیرِ لب قاتل سے فرمایا "تو کون ہے جو ایسے بلند مقام پر چڑھ گیا۔"

اپنی عظمت کا احساس، اس کے اعلان و اظہار، استقرارِ حق کا محل دیکھو، اور سوچتے رہو۔

زیرِ لب کچھ فرمایا: قاتل نے کان لگا کر سنا

"تم اپنا عہد پورا کرو۔ میں اپنا عہد پورا کروں گا۔"

یہ قرآن کی ایک آیت ہے جس کی تلاوت کا نہ اس سے بہتر وقت ہوسکتا تھا نہ کسی اور کی زبان اس کی تلاوت کے لیے اس زبان سے زیادہ موزوں تھی۔"

ان تین مثالوں ہی سے ظاہر ہوجاتا ہے کہ نجم صاحب کس پایہ کے معلمِ اخلاق ہیں۔ چٹکلوں کے ذریعہ اخلاق سکھانے کا طریقہ فارسی اور اردو ادب میں عام ہے۔ یہاں جدّت یہ ہے کہ چٹکلے فرضی نہیں ہیں، بلکہ تاریخی اور مستند ہیں اور ایک عظیم ترین علم اخلاق سے وابستہ ہیں۔ اس لیے ان میں عظمت کا وہ پہلو نکلتا ہے جو رزمیہ نظموں کی جان ہوتا ہے۔ پھر زبان و بیان کا عالم دیکھیے۔ سادہ اور روزمرّہ کی زبان کا طرز کمال ہے۔ ہر حکایت کیل کی طرح دل میں گڑ جاتی ہے۔ کاش نجم مرحوم اسی طرح کی ضخیم کتاب مرتب فرماتے۔ بہرحال وہ آئندہ لکھنے والوں کے لیے ایک وسیع میدان کی نشاندہی کر گئے۔

تیسری کتاب کی بابت مرتضیٰ حسین فاضل صاحب فرماتے ہیں:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

''لغات المذہب میں ایسے الفاظ و اصلاحات وتلمیحات کا مختصر تعارف ہے جسے ہر سن و سال کے آدمی، بچے، جوان، بوڑھے، لڑکی، لڑکے، مرد وعورت ہر ایک کو ان سے واقف ہونا چاہیے۔ اس لغت کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

**لولا علی لهلك عمر**۔ جب کسی امر مشکل میں حضرت عمر حاضر ہو کر امیر المومنین سے مدد مانگتے تھے اور حضرت اسے حل کر دیتے تھے اس وقت آپ کی زبان پر یہ جملہ جاری ہوتا تھا جس کا ترجمہ ہے اگر علیؑ نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔

**واجب تمیزی**: دو امور واجبہ میں سے ایک کا بجالانا۔

**وادی عقبہ**: پہاڑ کی ایک گھاٹی جہاں اعلان غدیر خم کے بعد مدینہ جاتے ہوئے کچھ نقاب پوش افراد نے رسول اللہ ﷺ کے اونٹ کو بھڑ کانے اور حضرت کو شہید کرنے کی ناکام کوشش کی تھی۔

**واقعۂ قرطاس**: رسالت مآبؐ نے رحلت سے کچھ روز قبل بحالت مرض کچھ لکھوانے کے لیے دوات قلم طلب فرمائی تھی تاکہ ملت آپ کے بعد گمراہ نہ ہو لیکن صحابہ کرام میں اختلاف ہوا، اس پر بحث ہونے لگی کہ اس حکم کی تعمیل کی جائے یا نہ کی جائے۔ آپ نے برہم ہو کر سب کو اپنے پاس سے اٹھا دیا۔ یہ واقعۂ قرطاس کہلاتا ہے۔ اس حکم کی آخر تعمیل نہ ہوئی۔ پورا واقعہ تاریخ میں دیکھو۔

**یوم الست**: وہ دن جب خداوند عالم نے ارواح سے عہد و پیمان لیا تھا۔''

اس کتاب کے معاملہ میں بھی نجم مرحوم نے مذہبی ڈکشنری کی ابتدا کی اور آج جب کہ ہماری مذہبی اصطلاحیں غیر معروف ہوتی جارہی ہیں، ایسی ضخیم کتابوں کی ضرورت ہے جو مذہب سے وابستہ اصطلاحوں اور جغرافیائی اور تاریخی مقامات کے بابت معلومات بہم پہنچا سکیں۔ اس معاملہ میں بھی نجم مرحوم نے ایک ایسی ابتداء کی ہے جس کی حدیں بہت دور جانے والی ہیں۔

نجم مرحوم نے زیادہ وقت اور توجہ نظم کو دی اور اس میں مخصوص اضافے کیے۔ نوحہ اور ماتم کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو عوامی درجہ کی چیزیں تھیں، ان کو انھوں نے ادبی حیثیت دے دی مگر نثر میں جو کچھ بھی وہ چھوڑ گئے ہیں، وہ آگے آنے والوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ تمثیلی یا اشاراتی افسانوں، مختصر تاریخی حکایتوں اور مذہبی اصطلاحوں کے سلسلے میں جس کام کی انھوں نے ابتدا کی ہے اس کی حدیں بہت دور جاتی ہیں۔ ان کی شاعری بہت کافی مقبول ہے اور قومی شاعری خود رو اصناف کو مستقل ادبی مقام دیتی ہے مگر ان کی نثر مستقبل میں آنے والے رجحانات کا پیش خیمہ اور ضروری اور مفید رجحانات کی ابتدا کرتی ہے۔

O

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب امیر امام حُر

# نجم آفندی کی ہندی شاعری

جناب نجم آفندی سے مجھے پہلی بار شرف زیارت جب حاصل ہوا جب وہ لکھنؤ کے 1939ء والے شیعہ ایجی ٹیشن کے بعد جیل سے نکل کر آئے اور بجائے حیدر آباد دکن واپس جانے کے لکھنؤ ہی میں قیام کو ترجیح دی۔ میرے خالو صاحب، جناب سید حسن مہدی (برادر جناب سید محمد مہدی، راجہ صاحب پیر پور) سے جناب نجم آفندی کی ملاقات اور تعارف غالباً جیل میں ہوا تھا۔ چنانچہ انھوں نے موصوف سے گزارش فرمائی کہ ان کے بڑے بیٹے، سید حسین مہدی سلمہ کو اردو اور فارسی کی تعلیم اور ادبی تعلیم دے دیں۔ اس سلسلے میں جناب نجم آفندی کا قیام محمود آباد ہاؤس، قیصر باغ میں تقریباً دو سال رہا، جس کے بعد وہ پھر حیدرآباد دکن واپس چلے گئے۔

اس دو سال کی قلیل مدت میں میں نے جناب نجم آفندی کو کافی قریب سے دیکھا۔ البتہ اس زمانے میں میری عمر اتنی نہ تھی کہ موصوف کی ادبی شخصیت کی پوری معرفت حاصل کرتا۔ (میری ولادت جنوری 1928ء کی ہے اور میں اس دوران میں لڑکپن اور نوجوانی کے درمیان میں تھا) لیکن نجم آفندی کی ادبی وشعری شخصیت سے بغیر تھوڑا بہت متاثر ہوئے شاید ہی کوئی اس زمانے میں رہا ہو۔

جناب سید آل رضا صاحب دام مجدہ، جناب جوشؔ اور جناب نجمؔ، یہ تینوں حضرات اس زمانے میں مرثیہ سرائی شہدائے کربلا کو اپنے اپنے مخصوص ومنفرد انداز میں ایک نیا رنگ دے رہے تھے۔

انیسؔ و دبیرؔ، وعشقؔ و تعشقؔ و اوجؔ و نفیسؔ کے زمانے سے لے کر ان تینوں حضرات یعنی سید آل رضا، جوشؔ اور نجم آفندی کے عہد تک جو فکری وادبی تغیرات تمام دنیا میں اور برصغیر میں واقع ہو چکے تھے اس سے کوئی سماج اور مجمع بغیر متاثر ہوئے نہیں رہ سکتا تھا۔ ہمارے زمانے تک وہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سابق اودھ کا افق پھیل کر عالمی بن چکا تھا۔ انگریزی تعلیم، انگریزی اردو، عربی اور فارسی زبانوں کی کتابوں کی طبع ونشر و اشاعت، اخباروں اور پھر ریڈیو کی خبروں کے ذریعے سے دنیا بھر کی اطلاعات اور معلومات وغیرہ، ان سب کا لازمی نتیجہ ہمارے اذہان کے آفاق کی غیر متوقع توسیع تھی اور اب ہم سب ہی اس کے قبل والی ذہنیتوں کو قبول کرنے کے لیے آمادہ نہ تھے، لیکن ایک تخلیقی ذہن اور ادبی صلاحیت والی شخصیت میں اور ہم سب کے ذہن اور صلاحیت میں یہی فرق ہوتا ہے کہ چاہے احساس کم وبیش ہم سب کو ہو، لیکن قیادت وہی کرتے ہیں جن میں غیر معمولی تخلیقی استعداد ہوتی ہے۔

چنانچہ مرثیہ سرائی شہدائے کربلا میں جن حضرات نے ہمارے عہد میں اس تخلیقی کام اور ادبی قیادت کو پورا کیا، ان میں ان تینوں حضرات یعنی سید آل رضا، جوش اور نجم آفندی کو شاید اولیت حاصل ہے۔

جناب نجم کی مرثیہ سرائی، سید آل رضا اور جوش دونوں حضرات سے مختلف انداز رکھتی ہے۔ جوش کی مرثیہ سرائی ان کی انقلابی شاعری اور ان کی آزادفکری کی ایک تحدید ہے۔

سید آل رضا کی مرثیہ سرائی اور نجم آفندی کی مرثیہ سرائی اس بات میں مشترک نظر آتی ہے کہ دونوں کے یہاں بے انتہا خلوص وعقیدت کا گہرا احساس ہوتا ہے، لیکن جہاں سید آل رضا کے مراثی میں لکھنؤ کی زبان کی مٹھاس کے ساتھ ساتھ نئے خیالات و افکار کی تازگی ہے، وہاں نجم آفندی کی مرثیہ سرائی میں ہندی زبان کے ادب کے اثرات اور ہندوستان کی دنیا کی انفرادیت زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ ممکن ہے کہ یہ میرا ذاتی تاثر پورے طور پر معروضی نہ ہو لیکن مجھے ہمیشہ نجم آفندی کی ہندی زبان میں مرثیہ سرائی، ان کی اردو زبان کی مرثیہ سرائی سے زیادہ موثر محسوس ہوئی۔

کم ازکم امیر خسرو کے عہد سے لے کر اب تک جو ہندی ادب مسلمانوں کے دوران حکومت میں اور پھر انگریزی حکومت اور آزادی برصغیر کے عہد میں وجود میں آیا ہے، وہ خود بہت وسیع اور متنوع ہے۔ کبیر داس کے دوہوں سے لے کر حالی جی (جمیل الدین عالی) کے دوہوں تک جو ہندی ادب ہمارے سامنے ہے، وہ کسی طرح اردو ادب سے کم ادبی اہمیت نہیں رکھتا۔ آرزو لکھنوی کی خالص اردو یا ہندی ادب اور اردو ادب کے درمیان ایک نہایت دلچسپ تجربہ ہی نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے، بلکہ ایک بہت شگفتہ ادبی تخلیق ہے۔ آرزو لکھنوی کی "سریلی بانسری" جو خالص اردو میں نظموں کا گلدستہ ہے، اپنی شیرینیِ زبان اور لطافتِ احساس میں آپ اپنا جواب ہے۔ اس میں دو نظمیں قابلِ توجہ ہیں جو ایک ہی زمین میں تو ہیں لیکن ایک عاشقانہ غزل ہے اور دوسری رثائی نظم ہے۔ قافیہ برسا، ٹھہرا، وغیرہ اور ردیف پانی۔ اور اس مشکل زمین میں اور بر خود عائد کردہ خالص اردو کی قید کے باوجود، یہ دونوں بے تکلف انداز اور برجستگی و بیساختگی میں آمد کا ایک حیرت انگیز نمونہ ہیں۔

نجم آفندی نے ہندی زبان میں جو مرثیہ سرائی کی ہے وہ بھی اسی طرح آمد میں آپ اپنی مثال ہے اور ساتھ ہی ساتھ ان کی ہندی زبان کی مرثیہ سرائی میں ان کی خلوصِ عقیدت اور بھی زیادہ اس لیے واضح نظر آتی ہے، چونکہ ہندی زبان کی سادگی اور بیساختگی نجم آفندی کی شاعری کی اس خصوصیت کو اور بھی زیادہ اجاگر کر دیتی ہے۔ اس کا دوسرا سبب شاید یہ بھی ہو کہ نجم آفندی کی مرثیہ سرائی کا جو مقصد تھا وہ تبلیغ تھا اور اردو سے زیادہ یہ مقصد ہندی کے ذریعے حاصل ہوتا تھا۔ ان کو اس کا شدید احساس تھا کہ ایک زمانہ وہ آئے گا جب دنیا بھر حسین ابنِ علیؑ اور ان کے رفقاء کی شہادت کے پیغام اور مقصد کو سمجھ کر دکھ اور درد کی دنیا سے پوری طرح ہمدردی کا احساس کرنے لگے گی۔ لیکن ایک ہندوستانی کی حیثیت سے اور برصغیر کے ایک باشندے ہوتے ہوئے نجم آفندی کو شاید یہ محسوس ہوتا ہوگا کہ ان کا پہلا فریضہ یہ ہے کہ ہندوستان کی اکثریت کو اسلام کی اس دکھ بھری کہانی، یعنی واقعہ کربلا سے آگاہ کریں اور اس مقصد کے لیے ہندی زبان سے زیادہ کوئی اور زبان مناسب نہ تھی۔ شاید یہی سبب ہے کہ جیسا مجھے ذاتی طور پر محسوس ہوتا ہے، نجم آفندی کی ہندی زبان کی مرثیہ سرائی، ان کی اردو زبان کی مرثیہ سرائی سے بھی زیادہ مؤثر ہے۔

نجم آفندی کی اس فکر و نظر کا ثبوت ان کی ایک نثری تصنیف سے بھی ملتا ہے جو انھوں نے بعنوان "حسین اور ہندوستان" اس موضوع پر لکھی ہے کہ جناب سید الشہداء کا ایک ارادہ یہ بھی تھا کہ اگر انھیں تبلیغ اسلام کے لیے ہندوستان جا کر اخلاقِ حسنہ سے اسلام کی دعوت دینا ہو تو انھیں جانے کا موقع دیا جائے۔

نجم آفندی کی ہندی زبان کی مرثیہ سرائی کی جو مثالیں اس وقت تک میری نظر سے گزری ہیں ان میں من جملہ "اسلام پوتھی" "کربل نگری" کے، جو اس بات کا ثبوت ہیں کہ جو کچھ ماقبل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی سطروں میں کہا گیا ہے، غلط نہیں ہے۔ ''دکھ کا ساگر'' ''کھیون ہار'' ''حسینی سیوا'' ''پریم پنتھی'' اور ''دھرم پربت'' بھی ہیں۔ اول الذکر نسبتاً طویل ہیں لیکن آخر الذکر بہت درد بھری اور موثر ہیں۔ ان میں سے چند اشعار کا اقتباس بطور مثال اور بغرض شواہد، قارئین ملاحظہ فرمائیں کہ آیا جو کچھ اوپر کی سطروں میں عرض کیا گیا ہے، وہ درست ہے یا نہیں۔

کربل بن سے چلے مسافر باجت کوچ نقارا ایک اک سیس انی پر چمکے چمکے جیسے تارا
سب سے لانبی برچھی پر وہ سیس حسیناً سوامی کا بھرے پُرے سنسار میں جس کو بھوکا پیاسا مارا
پریم کی نیاّ ڈوب رہی تھی کیسی پار لگائی اپنے لہو میں ڈوب کنارے لایا کھیون ہارا
جان گئے پردیسی دیسی جھوٹی سانچی مہما کو ہار ہے کس کی جیت ہے کس کی مان گیو جگ سارا
ہنس ہنس دکھ کی کڑیاں جھیلیں جگ کو یہ اُپدیش دیا اپنے دم کا آس بھروسہ مالک نام سہارا
نگری نگری دھوم مچی ہے واہ حُسیناً بابا کی کربل بن میں دیا جلایو سارا جگت اجیارا

(کھیون ہار)

اندھیارا پاپ کے بادل کا سنسار پہ جب چھا جاتا ہے
اک چاند سروپی سورج روپی مظہر درس دکھاتا ہے
جب مایا جگ کو کھاتی ہے جب ایسی بپتا آتی ہے
جب مالک آنکھ بدلتے ہیں اک بندہ آڑے آتا ہے
اک جینا مرنا اُن کا ہے جو جیتے ہیں مرجاتے ہیں
اک جینا مرنا اُس کا ہے جو مر کے امر ہوجاتا ہے
جاگی ہوئی کب کی آنکھیں تھیں خنجر کے تلے بھی آہ نہ کی
سکھ نیند اُسی کو آتی ہے جو سوتی قوم جگاتا ہے
بھاشا کے رسیلے شبدوں میں دکھ روپ کہانی کربل کی
محنت یہ سوارت ہو تجی یوں کون کے سمجھاتا ہے

(دھرم پربت)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شبیر کے تن کی بستی میں شبیرؑ کا من کیا ہیرا تھا
اس دیپ کی لو بڑھتی ہی رہی آنکھوں میں اندھیرا چھائے گیا
سنتے ہیں کہ دھرتی کانپ گئی تلوار وہ کی تلواریئے نے
جو بھور سے لے کر سانجھ تلک لاشیں ہی اٹھا کر برسائے گیا
کیا تیروں کی بوچھاروں میں اُپدیش کی میٹھی باتیں تھیں
سب اپنے لہو کے پیاسوں پر وہ امرت جل برسائے گیا
سنسار کو ست کی شکتی سے گھر بار لٹا کر موہ لیا
سودا ہے ذرا اک جوکھم کا جو کھوئے گیا وہ پائے گیا
اب جا کے ہمالہ پربت سے لے ماتم کی ٹکراتی ہے
اس دیس کی جھجی دور بلا جس دیس پہ یہ غم چھائے گیا

(پریم پنتھی)

جی دے کے یہ سورگباش ہوئے کونے کے ادھرمی ناش ہوئے
شبیرؑ کا بول بالا رہا اسلام کی اونچی بات رہی
سانچے ہی رہے جو سانچے تھے یاں سانچ کو کوئی آنچ نہیں
دشمن ہی کو سب نے دوش دیا اور ان کے لیے صلوات رہی
ایشر کی دیا لہرائے گی آکاش کی بانی آئے گی
دکھ درد کی جلتی دھوپ بڑھی سنتوش کی بدلی چھات رہی
اب راجا پرجا چوکھٹ پر سب سیس نوائے بیٹھے ہیں
جب چھوڑ کے دنیا دین لیا دنیا بھی انھیں کے ہات رہی
جب آئے حسینی سیوا میں سب ہندو مسلم ایک ہوئے
مل جائیں گے جی دل بھی کبھی جب اُن کی نجر پر بات رہی

(حسینی سیوا)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنسار کا چاہا اُس نے بھلا کٹوادیا کنبے بھر کا گلا
شبیر کے من کے سانچے میں کرتار نے بھگتی ڈالی تھی
مارے گئے ست کی سیوا میں دھنباد ہے ایشر بھگتوں کو
مکھڑوں پہ لہو کی لالی سے بڑھ بڑھ کے خوشی کی لالی تھی
یہ جی سے گزرنے والے تھے یہ بات پہ مرنے والے تھے
کب موت سے ڈرنے والے تھے سو بار کی دیکھی بھالی تھی

(دکھ کا ساگر)

ان مثالوں سے یہ ثابت ہوجائے گا کہ ہندی زبان میں نجم آفندی نے بڑی غیر معمولی کامیابی کے ساتھ ان باتوں کو کہا ہے جو ہم شاید اردو ہی میں ادا کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں، اور ان کی اس کامیابی میں ان کے اس خلوص کا بڑا حصہ ہے جو ان کا تبلیغی مقصد تھا یعنی حسینی پیغام اور اسلامی اصول کو آفاقی و دائمی ثابت کر کے اُس کی طرف دعوت دینا۔ لیکن جس طرح ہر اچھی بات پہلے اپنے نزدیک ترین لوگوں سے کہی جاتی ہے اور اس کا ثبوت خود اسلام کی تاریخ کے اس اہم واقعے یعنی دعوت عشیرہ سے ملتا ہے، اسی طرح نجم آفندی نے یہ ضروری سمجھا کہ اپنے وطن یعنی ہندوستان کی اکثریت کو مخاطب کر کے حقیقی اسلام کے اصول کو ان کے لیے اجاگر کریں اور اس کے لیے دو باتیں ضروری تھیں، ایک تو واقعات و امور دین سے سب سے اہم واقعے کا انتخاب، جو ان کی نظر میں واقعۂ کربلا ثابت ہوا اور دوسرے زبان کا انتخاب، جو ظاہر ہے کہ اکثریت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہندی زبان ہی مناسب تھی۔

> ''اس میں کوئی شک نہیں کہ نجم آفندی نے اپنے ان فیصلوں میں بڑی بصیرت سے کام لیا اور ہمیں ان کی اس بصیرت اور اس کے ساتھ ساتھ ان کی شاعری کی خوبیوں کا قائل ہونا پڑے گا۔''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب سید باقر حسن زیدی

# شاعرِ اہل بیتؑ علاّمہ نجم آفندی

نجم آفندی کے نام سے میں بچپن سے مانوس ہوں۔ ہمارے گھر کے عزا خانے میں چھ محرم کو حضراتِ عونؑ و محمدؑ کا تابوت اٹھایا جاتا تھا۔ اس مجلس میں میرے والدِ محترم حضرت فیض بھرت پوری ایک مخصوص مرثیہ ہر سال پڑھا کرتے تھے اور مرثیہ کے بعد نجم صاحب کا مشہور نوحہ:

زینبؑ کے دُلارے ہیں زینبؑ کے دُلارے ہیں

انتہائی عقیدت و احترام سے پڑھا جاتا تھا اور آٹھ محرم کو جب علم نذر کیے جاتے تھے، یا بچے سقہ بنائے جاتے تھے، تب بھی ان کی مشہور نظم "قومی نشان" ہمیشہ پڑھی جاتی تھی۔ یوں تو ان کے نوحے زبان زد عام ہیں لیکن جو شہرت عام اور بقائے دوام اس نظم کو حاصل ہوا ہے، اس کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جاسکتا ہے کہ شاید ہی کوئی عزا خانہ ایسا ہو جس میں بالخصوص یہ نظم نہ پڑھی جاتی ہو اور اسی نظم کے مقطع سے میں نجم صاحب کے نام سے اس وقت متعارف ہوا تھا جس زمانے کی بیشتر باتیں اب یاد بھی نہیں، لیکن اُس نظم کے بیشتر اشعار آج بھی میرے حافظہ پر نقش ہیں۔ اس نظم کا پہلا اور آخری شعر یہ ہے:

نشانِ فوج پیمبرؐ سجایا جاتا ہے شبابِ شیرِ خدا یاد آیا جاتا ہے

وہ سامنے ہے علم کی شبیہ نجم اٹھو وفا پرستی کا منظر دکھایا جاتا ہے

تبلیغی جذبہ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے حضرت نجم نے ہندوستان کی اکثریت کی زبان ہندی میں بے شمار نوحے لکھے جس میں ان کی ایک معرکۃ الآرا نظم "کربل نگری" بے حد مقبول ہوئی اور ہندو شعرا نے اس نظم سے متاثر ہوکر نوحے، سلام اور مرثیے لکھے۔ نجم کی ایک معروف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شاگرد مس روپ کماری کا مرثیہ اس امر کا شاہد ہے۔

مرثیہ کے میدان میں بھی نجم نے اپنی انفرادیت کو قائم رکھا اور اگر چہ صرف دو تین مرثیے لکھے لیکن یہ مرثیے اس میدان میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ جدید مرثیہ کا مزاج ان کے اندازِ فکر کا آئینہ دار ہے۔

کہتے ہیں کہ سقراط کو جب اُس کی آزادیٔ فکر کی سزا میں زہر کا پیالہ پلایا گیا تو اس کے عزیز ترین شاگرد CRATO نے غم واندوہ کی حالت میں اپنے استاد سے پوچھا کہ آپ کے مرنے کے بعد ہم کیا کریں گے۔ جواب ملا۔ میرے جسم میں کیا رکھا ہے، جو کچھ ہے میری فکر ہے جو اس وقت تک زندہ رہے گی جب تک تم اس سے استفادہ کرتے رہو گے۔ نجم بھی اس وقت تک زندہ ہیں جب تک ہم ان کی انفرادی طرزِ فکر، جذبۂ اسلام اور پیغامِ عمل کو مشعلِ راہ بنا کر ان کی روح کلام سے استفادہ کرتے رہیں گے۔

جب بھی میں نجم کی جراتِ تنقید اور جذبۂ اصلاح سے متاثر ہوتا ہوں، میرے سامنے حضرت ابو ذر غفاریؓ کی جراتِ ایمان کی تصویر کھنچ جاتی ہے۔ نہ ابوذرؓ کے جنازے کی بے کسی ابوذرؓ کے مدارج کو کم کر سکی اور نہ نجم کے جنازے کی غربت نجم کی اہمیت کو گھٹا سکی۔ اپنی تمام پستیوں کے باوجود ابھی اس قوم میں اتنی بے حسی پیدا نہیں ہوئی ہے کہ اپنے محسنوں کو بھول جائے۔ یہ ضرور ہے کہ اس محسنِ قوم اور عظیم شاعر کی زندگی میں ہم اس کی خاطر خواہ قدر نہ کر پائے۔ کاش اللہ ہم کو توفیق دے کہ ہمارے بھٹکے ہوئے قدم نجم کی تعین کردہ منزل کی طرف چل نکلیں۔

عقیدت کے علاوہ نجم صاحب سے میرا ایک اور رشتہ بعد میں قائم ہو گیا اور ان کے حقیقی برادرِ خورد حضرت کوکب آفندی کی فرزندی میرے لیے باعثِ شرف ہوئی۔ اس طرح جو لگاؤ بچپن سے نجم صاحب سے شروع ہوا تھا اسے مزید تقویت پہنچی۔

شروع میں میں بھی عقیدتاً ان کے نوحے گنگنایا کرتا تھا۔ لیکن جوں جوں علم اور شعور بڑھتا گیا ان کے کلام کی انفرادیت دل ودماغ کو اپنی طرف متوجہ کرتی رہی۔ جس چیز نے مجھے سب سے زیادہ متاثر کیا، وہ ان کی غم جیسے نازک ترین احساس کو حیرت انگیز طریقے پر فکر وعمل کی بلندی کے لیے استعمال کرنے کی قدرت تھی۔ نوحہ ایک ایسی محدود صنفِ سخن تھی جس سے صرف گریہ وبکا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ماتم کے تقاضے بیشتر اشعار کے ذریعے پورے کیے جاتے تھے۔ مثال کے طور پر حضرت علی اصغر کے حال میں یہ اشعار اثرِ کلام اور ترتیلِ بیان کی بنا پر بہت مقبول تھے اور عام طور پر شعرا اسی قسم کے اشعار لکھتے تھے۔

قبرِ اصغرؑ پہ کہتی تھی مادر گھر چلو شام ہوتی ہے اصغرؑ

---

منہ چوم کے ماں نے کہا گھر آئیو اصغرؑ اکبر کی طرح رن میں نہ رہ جائیو اصغرؑ

---

اے مومنو جب خون میں ڈوبا ہوا آیا اصغرؑ کا جنازہ ایک ایک نے رو رو کے کلیجے سے لگایا اصغرؑ کا جنازہ

---

ننھا سا جھولا جل گیا اصغرؑ کا بھائی جان خیموں میں آگ فوجِ ستم نے لگائی ہے

---

اصغر کے لیے نالہ و فریاد کرے گی ماں قید میں بچے کو بہت یاد کرے گی

---

ایک عظیم مفکر اور مصلح قوم کی طرح نجم آفندی نے اس عام روش سے ہٹ کر اپنے لیے ایک مخصوص راہ معین کی اور نوحے کے میدان کو وسعت دے کر اسے تبلیغ و افکار کا لامحدود ذریعہ بنایا۔

حضرت علی اصغر کے لیے کہے ہوئے ان کے یہ چند شعر انداز فکر کی امتیازی حیثیت نمایاں کرنے کے لیے کافی ہیں۔

جب ضرورت اک علی کی پھر ہوئی میدان میں
چھ مہینہ کا علی مردانہ وار آ ہی گیا
کیا نصرتِ حسین میں اصغرؑ کی شان ہے ختمی مآب معرکۂ کربلا ہوا

---

قسم کھاتا ہوں تیرہ سو برس کے دورِ ماتم کی
تری چھ ماہ کی ہے عمر، عمرِ خضرؑ سے بہتر

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی اصغرؑ کی منزل کچھ نہ پوچھو     یہ تربت کربلا در کربلا ہے

---

تہذیب لاشِ اصغرِؑ ناداں پہ نوحہ گر     اخلاق کی نگاہ سے عالم گرا ہوا

---

جانِ رباب، جانِ پدر، جانِ کربلا
چھ ماہ کا وہ فاتحِ میدانِ کربلا

تجمل صاحب غمِ حسینؑ کو اپنی قوم کی بے مثال Strength تصور کرتے تھے۔ وہ کربلا کو اصلاحِ انسانیت کا عظیم محرک سمجھتے تھے اور ہر شہید کو ایک منارۂ ہدایت۔ انھوں نے ہمیشہ المیۂ کربلا کے تعمیری پہلو پیش کیے۔ یہی وجہ ہے کہ قنوطیت، حزن وملال، بیچارگی ومجبوری اور مایوسی وناامیدی کی کیفیت ان کے کلام میں مفقود ہے۔ ان اشعار کو دیکھیے۔ ان کی بلاغتِ فکر اور بیدار مغزی کی داد دیجیے۔

اسلام تیرا حاصلِ محنت ہے اے حسینؑ
دنیا میں دین تیری بدولت ہے اے حسینؑ
جینے کا اختیار تھا مرنا کیا پسند
کیا جبر و اختیار پہ قدرت ہے اے حسینؑ

---

رہِ عمل میں اٹھائے جو مرتضیٰؑ نے قدم     اُصول بن گئے اللہ کی رضا کے لیے

---

یہ نہ قرآں میں، نہ قرآن کی تفسیر میں ہے
روحِ احساس و عمل اُسوۂ شبیرؑ میں ہے

---

سبطِ نبیؐ سے دینِ خدا کا قیام ہے     کلمہ حسینؑ کا ہے محمدؐ کا نام ہے
دنیا میں یا حسینؑ کا نعرہ جو عام ہے     یہ دشمنِ حسینؑ سے اک انتقام ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سینہ پہ کائنات کے نقشِ دوام ہے — انسانیت حسینؑ کے اسوہ کا نام ہے
اپنی طرف سے چھیڑ نہ اپنی طرف سے جنگ — یہ مسلکِ حسین علیہ السلام ہے

---

حسینؑ رازِ حیات آشکار کرتے ہیں — ہر اختیار پہ موت اختیار کرتے ہیں
قدم ہٹیں گے نہ انصارِ حق کے میداں سے — حسینؑ پرورشِ کوہسار کرتے ہیں
ہجومِ غم کو مناتے ہیں یا علیؑ کہہ کر — ہزار وار پہ ہم ایک وار کرتے ہیں
یہ مجلسیں نہیں پیمان ہیں اطاعت کے — یہ ہم حسینؑ سے قول و قرار کرتے ہیں

---

شبیرؑ سیاست کا وہ قاعدِ اعظم ہے — قانون بنا ڈالا عاشور کو دن بھر میں

---

سرورؑ ہیں زیرِ تیغ یہ رفعت لیے ہوئے — کونین کا نظامِ حکومت لیے ہوئے

---

تربیت کی ذہنِ انساں کی غمِ شبیرؑ نے — صاحبِ دل بن گئے جو غم کے خوگر ہو گئے
کون لاتا جز حسینؑ آخر پیامِ حریت — یہ پیمبرؐ کے نواسے تھے پیمبرؐ ہو گئے
وہ بھی دن آئیں دلِ ملت سے آئے یہ صدا — نوجواں آزادِ تقلیدِ اکبرؑ ہو گئے

---

ہم گود کے بچوں کو کر دیتے ہیں شامل — جب تکملۂ قوتِ لشکر نہیں ہوتا
آسان ہے قربانی و ایثار پہ تقریر — میدانِ عمل کچھ سرِ منبر نہیں ہوتا
اے نجم جبیں ہوتی ہے چوکھٹ پہ نجف کی — میں مدح کے عالم میں فلک پر نہیں ہوتا

---

جب سے قتلِ سبطِ پیغمبرؐ پہ تکبیریں کہیں
گھٹ گیا اُس دن سے زورِ نعرۂ تکبیر بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزمِ خالص چاہیے حُر کے ارادے کی قسم
بڑھ گیا آگے تو پیچھے ہٹ گئی تقدیر بھی

---

نجم آفندی کو اپنی قوم کی پسماندگی و در ماندگی اور احساسِ کمتری کا شدید احساس تھا۔ وہ ایک انتہائی حسّاس دل رکھتے تھے جو قوم کی خستہ حالی دیکھ کر تڑپ اُٹھتا تھا۔ ان کے کلام کے مطالعہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قوم کے درد کو انھوں نے اپنی ذات میں جذب کر کے اُسے اپنا درد بنا لیا تھا۔ اور اپنی تمام تخلیقی قوتیں اس درد کے درماں کی تلاش میں صَرف کر دی تھیں۔ ان کے یہ چند اشعار دیکھیے اور میرے دعوے کی صداقت کی تائید کیجیے۔

وہ ٹھوکریں کھاتی پھرے تاریکی میں جس قوم کے ورثہ میں ہو عاشور کا دن

---

احساس ہو قوم میں تو دن پھیر نہ دے
ہجرت کی یہ رات اور یہ عاشور کی شب

---

جس قوم نے سر کی ہم کرب و بلا
اُس قوم میں ملتے نہیں آثارِ حیات

---

اللہ وہی قوم ہو سب سے پیچھے جس قوم میں ہو معرکۂ کرب و بلا

---

''تہذیب مودت'' ان کے قطعات کے مجموعے کا نام ہے۔ اس کا پیش لفظ چند جملوں پر مشتمل ہے۔ ان جملوں کی صداقت دیکھیے اور اس کرب کا اندازہ کیجیے جسے اس حساس شاعر نے اپنا مقسوم بنالیا تھا اور اپنے مقصد کو آگے رکھ کر نظم ونثر کی تمام صلاحیتوں کو بیداری فکر اور اصلاحِ قوم کے لیے وقف کر دیا تھا۔ جہاں کہیں معاشرہ کی خرابیاں نظر آئیں۔ انھوں نے ان کی نشاندہی ضرور کی۔ مثلاً:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مایوس شفا کو آسرا دیتے ہیں　　آیات کو تعویذ بنا دیتے ہیں
ہشیار تو لیتے نہیں قرآں سے سبق　　بے ہوش کو قرآں کی ہوا دیتے ہیں
نمودِ قوتِ نانِ شعیر دیکھتے ہیں　　کمال شوق سے سب دار و گیر دیکھتے ہیں
غمِ حسینؑ بھی یارب کوئی تماشہ ہے　　غریب کرتے ہیں ماتم امیر دیکھتے ہیں

———

اِفطار کے سامان سے مطبخ بھر جائے　　جو زیر گلو جائے وہ لقمہ تر جائے
ہوتی نہیں ایسے روزہ داروں کو خبر　　فاقے سے اگر کوئی پڑوسی مر جائے

———

عالم ہے تو قرآن پہ حامل بھی ہو　　خاکِ درِ اہلِ بیت منزل بھی ہو
اے دوست تری عبا قبا کے نیچے　　اللہ کرے درد بھرا دل بھی ہو

———

بھولے سے کسی کی خود بھی کرتے ہیں مدد؟
دن رات جو یا علیؑ مدد کہتے ہیں

———

مجلس ہماری قوم کی ایک لاثانی میراث ہے اور اصلاحِ قوم کے لیے اس سے زیادہ موثر پلیٹ فارم ممکن نہیں ہے۔ نجم کے کلام میں جگہ جگہ منبر نشینوں کو ان کی ذمہ داری کا احساس دلانے والے اشعار موجود ہیں۔

نجم نے اپنے اعلیٰ مقصد کے سامنے اس بات کی ذرا بھی پروا نہ کی کہ وہ روایتی مولوی کو ہدف بنا کر ایک انتہائی محترم اور با اثر طبقہ کو اپنے خلاف کر رہے ہیں۔ ان کے مقصد کی راہ میں کوئی با اثر ہستی اور کوئی عقیدہ، خواہ وہ کتنا ہی پختہ کیوں نہ ہو، زد میں آیا تو انھوں نے رعایت نہیں برتی۔ تنقید کی۔ بھرپور تنقید۔ پوری سچائی کے ساتھ اور غالباً یہی مقصد کی سچائی تھی کہ جو طبقہ ان کا سب سے زیادہ ہدف بنا، وہی ان کا سب سے بڑا قدرداں نکلا۔

منبرِ رسولؐ سے خطابت اور شاعری کے پھول برسانے والوں کے لیے ان کا پیغام یہ تھا:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موسمِ غم آ گیا کر شکر احسانِ حسینؑ
اے سریر آرائے مجلس مرثیہ خوانِ حسینؑ

بے خبر افراد کو رازِ عزا داری بتا
خندہ زن قوموں کو وجہ گریۂ وزاری بتا

منکرِ تاثیر کا بڑھ کر کلیجہ تھام لے
چیخ اُٹھے گا شہیدِ کربلا کا نام لے

اُسوۂ محنت کشانِ کربلا تعلیم کر
اُٹھ صفِ ماتم بچھا کر قوم کی تنظیم کر

نعرۂ یا لیتنی میں روحِ معنی ڈال دے
قول کو شانِ عمل دے رنگِ استقلال دے

شانِ سالاری بتا ذہنِ علم بردوش کو
دستگیری بھی سکھا کچھ دستِ ماتم کوش کو

بات ایسی کہہ جو دستورِ العمل ہو کام دے
کربلا سے جو تجھے پہنچا ہے وہ پیغام دے

چہرۂ روشن دکھا کر فطرتِ اسلام کا
کلمہ پڑھوا دے حسینؑ ابنِ علیؑ کے نام کا

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر شیخ انصار حسین

# نجم آفندی کا تابندہ کلام

حضرت نجم آفندی مرحوم کو میں اپنے اوائل عمر ہی سے جانتا تھا۔ اس کی وجہ میرے محترم خالو جان حضرت یاس یگانہ مرحوم سے ان کی برادرانہ دوستی تھی جو یگانہ مرحوم کے مرتے دم تک خلوص اور وضع داری کے ساتھ جاری رہی۔ اس کے علاوہ لکھنؤ میں ہر سال ایام عزا کے دوران نجم آفندی کے نوحے اور سلام اس قدر مقبول عام تھے کہ جگہ جگہ سننے میں آتے تھے۔ مجھے اب تک یاد ہے کہ بچوں کی ایک انجمن ''غنچۂ اطفال'' (لکھنؤ) میں، میں خود اور میرا چھوٹا بھائی وقار حسین جب نجم کا نوحہ پڑھتے تھے تو اہلِ علم ودانش کثیر تعداد میں جمع ہو کر داد دیتے تھے اور مثاب ہوتے تھے۔ اُس نوحے کے دو بول مجھے آج بھی یاد ہیں

خدا کی راہ میں کارِ نمایاں ایسے ہوتے ہیں
عطش پر صبر کر لیتے ہیں انساں ایسے ہوتے ہیں

سُنا کر نجم قصہ کربلا والے شہیدوں کا
مسلمانوں کو سمجھا دو مسلماں ایسے ہوتے ہیں

واقعی کربلا کے شہیدوں کی ہر بات بالا، بلکہ بہت بالا اور ہر کام بڑا، بے حد بڑا تھا اور یہ حقیقت ہے کہ کربلا کے واقعۂ جانکاہ کے ہر جز نے دنیا والوں کو متاثر کیا ہے اور کسی نہ کسی عنوان سے بنی نوع آدم کے ہر حلقۂ فکرونظر نے اپنی اپنی توفیق اور صلاحیتوں کے بموجب اس سے استفادہ حاصل کیا ہے۔ وارداتِ کربلا کو کس کس نے سمجھا، کہاں کہاں سمجھا اور کن کن مراحل پر سمجھا گیا، اگر اس کی فہرست مرتب کی جائے تو نہ معلوم کتنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جلدیں درکار ہوں گی۔ البتہ اگر مختصراً بیان کیا جائے تو یہ کہنا درست ہوگا کہ امامِ عالی مقام حضرت حسینؑ ابن علی علیہما السلام اور ان کے بہتر (72) حریت پسند ساتھیوں نے تمام شعبہ ہائے عمرانی کو متاثر کیا ہے اور انسانیت کے لیے اخلاقی قدروں کی آبیاری کر کے اسلام کو ایک زندگی نو عطا کی اور شعورِ انسانی کو ایسی جلا بخشی ہے کہ رہتی دنیا تک ایک یادگار رہے گی۔

اس ضمن میں حضرت تجمؔ آفندی نے اپنی تابندہ تصنیف وتالیف کے جواہر پاروں سے اردو ادب کے سرمائے میں ایک قابلِ قدر اضافہ کیا ہے۔ چنانچہ عربی فارسی اور اردو شعراء میں تجمؔ آفندی وہ واحد شاعر ہیں جنھیں ''شاعرِ اہلؑ بیت'' کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ دامنِ آلِ رسولؐ سے یہ ابدی وابستگی یقیناً لائقِ فخر واعزاز ہے۔ تجمؔ آفندی کا دوسرا اعزاز یہ ہے کہ وہ آگرے کے رہنے والے تھے۔ بقول ان کے والد برمؔ آفندی کے:

زباں میرؔ کی تھی میرؔ آگرے کے تھے
شرف ہے برمؔ نہ دلّی نہ لکھنؤ کے لیے

تجمؔ آفندی نے اگرچہ مختلف اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کی لیکن نوحے، ماتم، سلام، اور مرثیے کو اپنے لیے منتخب کیا۔ ایسی شاعری کو گریہ وزاری، آہ وبکا اور رونے پیٹنے کی شاعری خیال کرنا کسی صحت مند ذہنی رجحان کی علامت نہیں۔ اس سلسلے میں یہ دلیل دی جاتی ہے کہ رونا پیٹنا شیوۂ مردانگی نہیں اور پھر یہی نہیں، اپنے اس دعوے کے جواز میں بعض ساقط الاعتبار، غیر فطری اور رد کر دینے کے لائق جھوٹی روایت کو آڑ بنایا جاتا ہے۔

اس خصوص میں اگر چہ متعدد جدلیاتی استدلال Dialectical Arguments سے بھی کام لیا جاسکتا ہے، لیکن چونکہ میرے نزدیک یہ طرزِ استدلال غیر مطبوع اور اس کے برعکس اثباتی اندازِ فکر ونظر دل نشین ثابت ہوتا ہے، اس لیے میں بھی دوسرا راستہ اختیار کرنا پسند کرتا ہوں۔

عہدِ حاضر کے سائنسی اندازِ فکر ونظر کے مطابق ماہرینِ حیاتِ انسانی اور علم الابدان کا یہ قطعی فیصلہ ہے کہ رونا اور ہنسنا بزدلی نہیں، ایک فطری ردِ عمل ہے اور انسانی زندگی کے لیے بہت اہم بھی ہے۔ ماہرینِ علم الابدان کا یہ تجزیاتی اور تجرباتی فیصلہ ہے جس کی فنی تشریح عوام الناس کی توجہ کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مرکز نہیں بن سکتی۔ یہ تو ہے عہدِ حاضر کا اندازِ فکر ونظر۔ اب اگر ہم تاریخ عالم کا مطالعہ کریں تو یہ حقیقت بغیر کسی دقت کے ہم پر منکشف ہو جاتی ہے کہ بعض مواقع ایسے بھی آئے ہیں جب دنیا کے بڑے بڑے اولوالعزم اور عظیم المرتبت انسان کسی خاص واقعے پر رو دیے اور اس رونے سے ان میں ایک ناقابلِ شکست عزم وثبات پیدا ہوا۔

مسئلہ زیرِ نظر کے ان دو پہلوؤں کے بعد ایک تیسرے پہلو پر نظر ڈالیے۔ یہ پہلو اتنا بدیہی اور اتنا واضح ہے کہ اگر ہم میں قوتِ تمیز معطل یا سلب نہیں ہوئی ہے تو ہم ہر دور اور ہر خطۂ ارض پر اس حقیقت کا مشاہدہ کر سکتے ہیں کہ دکھ پہنچنے پر انسان رو دیتا ہے۔ اس روشن حقیقت پر کوئی غیر فطری خول نہیں چڑھایا جا سکتا۔

نجم کا عروجی نقطۂ فکر ابتداء ہی میں اس حقیقت سے آشنا ہو گیا تھا کہ اس کارگۂ شیشہ گری میں نزاکتِ احساس کے تاثر پذیرانہ پرتو کے اظہار کا سب سے عظیم اور بلند ترین ذریعہ حزن وملال کی تقدیس ہے۔ گریہ کائناتی حقائق کا سچا، ناقابلِ قبول ردِعمل اور ایک ایسا پرتو ہے جسے نادر الوجود سمجھنے میں انسان حق بجانب کہا جا سکتا ہے۔ لیکن مذکورہ بالا حزنیہ شاعری کے خلاف دلوں کا زہر زبان وقلم سے ٹپکتا ہی رہتا ہے۔

ابھی تک یہ مظلومیت کی کہانی　　کہی جا رہی ہے سُنی جا رہی ہے
سمجھ لے گی وہ غمِ کربلا کو　　جو دنیا ابھی اجنبی جا رہی ہے
یہ گریہ نہیں ہے یہ آنسو نہیں ہیں　　یہ دادِ وفا ہے جو دی جا رہی ہے
ابھی نجم کچھ اور نوحے سناؤ
ذرا قوم کی بے حسی جا رہی ہے

نجم اس حقیقت سے واقف تھے کہ عالمی معیار کے مطابق دنیا کا عظیم ادب، حزنیہ ادب ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ دنیا آج تک یونانی المیوں اور انیس کے المیے کا جواب نہ پیدا کر سکی۔ پھر چونکہ فنونِ لطیفہ کے ہر شعبہ کا عروجی نقطۂ منتہا، الم پسندی ہے، اس لیے نجم نے مختلف اصناف میں سے اس غم انگیز صنف کو اپنی جودتِ طبع کے لیے منتخب کیا۔

نجم آفندی نے ایک زوال آشنا معاشرے میں آنکھ کھولی اور اس کے ہر گوشے اور شعبے کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بڑی گہری نگاہ سے مطالعہ کیا۔ انھوں نے اس دور کے مسلمانوں پر نظر کی جو تقریباً ایک تہائی آبادی اور خطۂ ارض کے مالک ہونے کے باوجود پستیوں اور گمنامیوں کی تاریک اور دور دست وادیوں میں کھو چکے تھے۔ ہندوستان کے فاتح مسلمان بھی غلام تھے اور اسی غلامی نے ان میں متنوع قنوطی تحریکات کو جنم دیا۔ چنانچہ ذہنی مفرور شعرا اپنی مختلف شاعرانہ مصنوعات پر مختلف لیبل لگا کے انھیں بازار میں لے آئے۔ ان تمام اشتہاری فن کاروں میں صرف ایک قدر مشترک تھی اور وہ یہ کہ حیاتِ انسانی کے گہرے پیچیدہ مسائل پر فولادی پردے ڈال کر جھوٹے کیف و سرور اور غیر حقیقی مسرت و انبساط کا ڈھول پیٹا جائے اور حصولِ مسرت ہی کو عین مقصدِ حیات قرار دیا جائے۔

غرض ان شعرا نے مقصدِ حیات کی عکاسی اور آئینہ سامانی محض مادی بنیادوں پر کی، ولولہ انگیز جنسی محرکات کو منتہائے فکر قرار دے کر پوری طرح کچے ذہنوں کو متاثر کیا۔ اب آپ غور فرمائیے کہ حیاتِ انسانی کا یہ معیار تقدسِ الم کے مقابلے میں کتنا بے مایہ اور کم حقیقت ہے۔ نجم نے الم کو حاصلِ حیات قرار دیا۔ تاریخِ عالم میں ایسا حاصلِ حیات جس کی عدل و نظیر موجود نہیں۔ نجم کی شاعری کا محور حسینؑ کی ذات ہے،

وہ حسینؑ جس نے عالمِ انسانیت کو رہتی دنیا تک ایک ایسا حسین اور نیا اُفق دیا جو انسانی معراج کا نقطۂ منتہا ہے

چاند نے زہراؑ کا مستقبل درخشاں کردیا
قومیت کی روحِ آزادی کو جولاں کردیا
اے حسینؑ ابنِ علیؑ اے کار سازِ حریت
تو نے مرگ و زندگی دونوں کو آساں کردیا
درد کی قوت سے دنیا لرزہ براندام ہے
بجلیاں ماتم میں بھر دیں غم کو طوفاں کردیا
جھوٹ سے ٹکرا کے سچے بول شعلے بن گئے
ہر زبانِ گنگ کو شمشیرِ عریاں کردیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈھے گیا قصرِ امارت ہل گئی بنیادِ ظلم
کارگاہِ عیش کو خوابِ پریشاں کردیا
اضطرابِ معنوی دے کر بنایا دل کو دل
زندگی کو زندگی انساں کو انساں کردیا
نجمؔ ہم نے مدحِ اہلِ بیت کے ہر شعر میں
فاضلِ طینت کی فطرت کو نمایاں کردیا۔

حسینؑ نے دشتِ نینوا میں حریت فکر ونظر، آزادیٔ ضمیر، جرأتِ اظہارِ حقائق اور ہولناک قربانیوں کی ایسی مثالیں پیش کیں جن کی کبھی کہیں اور مثال نہیں اور جو خود اپنی مثال ہیں۔

حضرت ابراہیمؑ واسمٰعیلؑ علیہما السلام نے قربانی کا عزم کیا، لیکن حسینؑ نے عزم کے بعد بارگاہِ ربِ ذوالجلال میں بہتر قربانیاں پیش کیں۔ وہ آزادی کا طلوع تھا اور یہ نصف النہار۔ غرض نجمؔ نے حسینؑ کی ذاتِ بابرکات کو اپنی شاعری کا محور بنایا۔ انھوں نے اظہارِ فکر کے لیے اپنے نصب العین میں وحدتِ تامہ تلاش کی۔ ایک ایسا نصب العین جس کی بلندی اور ارتفاع تک کسی دوسرے نصب العین کی رسائی ممکن نہیں

بعدِ حسینؑ یوں کوئی جلوہ نما نہیں ہوا
حوصلۂ بشر کبھی کرب و بلا نہیں ہوا
ہائے وہ ارضِ کربلا ہائے وہ سجدۂ جبیں
پھر تہِ تیغ جانستاں ذکرِ خدا نہیں ہوا
ہائے حسینؑ کا لہو ہائے ہجومِ رنگ وبو
پھر کوئی خطۂ زمیں خاکِ شفا نہیں ہوا
نجمؔ کہیں ہمارے بعد اہلِ عزا نہ یہ کہیں
نجمؔ کی طرح پھر کوئی نوحہ سرا نہیں ہوا

اس میں کوئی شک نہیں کہ نجمؔ آفندی کی اس شاعری کی بنیاد مذہبی، اعتقادی اور تاریخی ہے، لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ نجمؔ کا مقصدِ شاعری اس عالم میں انسان کے مقام کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وضاحت ہے۔ ان کی شاعری کا مقصد انسان کے اصل نصب العین کی نشاندہی ہے۔ اس میثاق کا اعادہ ہے جو انسان نے یومِ الست کو کیا تھا۔ انسانی عظمت کی اس انتہا کو ظاہر کرنا ہے جس کے آگے کچھ نہیں، جس سے بلند کوئی نہیں اور جس کے سامنے کوئی عظمت نہیں۔

ہر چند کہ نجم آفندی اب ہم میں موجود نہیں لیکن ان کے عظیم کام اور کارنامے ہمیشہ زندہ وتابندہ رہیں گے۔ انھوں نے اپنی سچی لگن، ان تھک محنت اور علمی وادبی انہماک کے ذریعے صاحبانِ بصیرت کے لیے ایک ایسی مثال پیش کی ہے جو نہ صرف ان کے مداحوں اور ان کے شاگردوں کے لیے قابلِ تقلید ہے، بلکہ مجھے یقین ہے کہ آیندہ نسلوں کے لیے بھی ایک ایسی فروزاں مشعل رہے گی جس سے رہنمائی حاصل کرنے کے علاوہ حوصلہ اور ہمت کے سرچشمے جاری وساری رہیں گے۔

وہ بلاشبہ ان فخرِ روزگار لوگوں میں سے تھے جو اپنی عالی ظرفی کے سہارے اپنے لیے ایک پاکیزہ دنیا اور شفاف ماحول تیار کر لیتے ہیں۔

نجم کی زندگی بلاخیز ہنگاموں سے پاک تھی اور انھوں نے ہمیشہ ایک خاموش اور باوقار انسان کی حیثیت سے اپنا علمی، ادبی اور تہذیبی سفر جاری رکھا اور راستے کے بلند و پست کو خاموشی کے ساتھ ہموار کیا۔ انھوں نے اختلافات اور قدیم وجدید کی بحث میں پڑے بغیر اپنا رستہ خالص علمی وتحقیقی شعبوں سے اُستوار کیا اور زبان وتہذیبی روایات کی سرحدوں کو وسیع سے وسیع تر کرتے رہنے کی سعیِ پیہم کے سوا کسی اور بات پر اپنی توجہ مرکوز نہ کی۔

''اتنی محنت اور ایسے انہماک کے ساتھ انھوں نے ایک کارِ خیر کو کچھ اس سلیقے سے انجام دیا کہ ہر قسم کے اختلافات اور سارے تضاد، ان کی شخصیت کے سامنے بے معنی ہو کر رہ گئے، اور اس طرح اپنی زندگی ہی میں وہ ''شاعرِ اہلِ بیت'' کے منصب پر فائز ہو کر لائقِ احترام اور قابلِ فخر ہو گئے'':

خود پرستی رفتہ رفتہ حق پرستی بن گئی
نجم آخر شاعرِ آلِ پیمبرؐ ہو گئے

○

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی

# نجم آفندی کی عزائیہ شاعری

نجم آفندی نے اردو شاعری میں فکر کے نئے سانچے ڈھالے اور زبان میں انداز بیاں کے نئے اسلوب پیدا کیے۔ ان کے عزائیہ نوحوں میں فکر کی گہرائی اور ابلاغ کی وسعت ہے۔ ان کے سلام بھی اسی طرح پیغام حیات جدید ذہن کو فکر کی روشنی میں دیتے ہیں، اسی طرح ہر مذہب وملت کے لیے ان کا کلام یکساں طور پر جاذب قلوب ہے۔

اس وقت پیش نظر صرف ایک مرثیہ ہے جو ''معراج فکر'' کے نام سے شیخ محمد صدیق صاحب نے لاہور سے شائع کیا ہے۔ اس مرثیے کے بیاسی بند ہیں۔ یہ مرثیہ ستر برس کی عمر میں لکھا گیا تھا۔ یہ مرثیہ اس پختگی عمر کے دور کا ہے جہاں عقل وفکر اپنی پختگی کے اوج کمال پر پہنچ جاتی ہے۔ شاعر کا اس روانی کے ساتھ مرثیہ کی مشکل وادی میں قدم رکھنا ایک مشکل امتحان ہے اور وہ اس میں اس کامیابی سے گزرے ہیں، جہاں ان کے انداز بیاں میں بے حد وانتہا سلاست وروانی شروع سے آخر تک قائم رہتی ہے۔ شاعر کے ذہن میں وہ سب فطری تبدیلیاں ہیں جو ذکرِ حسینؑ کے سبب انسانی ذہن میں آ گئی ہیں۔

اس مرثیہ کا پہلا بند اس طرح شروع ہوتا ہے۔

صورت گرِ جلالتِ اسلام ہے حسینؑ
اک مرکزِ روابطِ اقوام ہے حسینؑ
فکر و نظر، مشیت و الہام ہے حسینؑ
محبوبِ اہل درد بس ایک نام ہے حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دریا مخالفت کے چڑھے، اور اُتر گئے
باقی رہا یہ نام، حوادث گزر گئے

اس مرثیہ میں انھوں نے امام حسینؑ کی زندگی کو ایک مثالی انسان کی زندگی کے طور پر پیش کیا ہے۔حسینؑ کی زندگی نے خود دار زندگی بسر کرنے اور عوامی شعور کو بیدار کرنے، اور عزت کی موت کو ذلت کی زندگی پر ترجیح دینے کا سلیقہ دیا اور زمانے کی تبدیلیوں کے باوجود جو انسانیت کے بنیادی اصول قائم کر دیے، وہ بلا تفریق مذہب وملت ہر انسان کے لیے سرمایۂ افتخار اور باعثِ شرف ہیں اور رہیں گے۔ زیرِ نظر بند میں اسی جذبۂ اظہار کو ملاحظہ فرمایئے۔

خود دار زندگی کا جو حامی ہے وہ حسینؑ     عزت کی موت کا جو پیامی ہے وہ حسینؑ
جو خالق شعورِ عوامی ہے وہ حسینؑ     ہر قوم کی نظر میں گرامی ہے وہ حسینؑ
واقف نہیں بشر جو پیمبرؐ کے نام سے
مانوس ہیں حسین علیہ السلام سے

ان کی زندگی ہر ہر قدم ایک طرف منشائے رسالتؐ کے مطابق، اسی لیے اور حکم الٰہی کے تحت اور منزل تفسیر پر قرآن کی تفسیر، گویا قرآن مجید کی آیات کا مصداق ذاتِ حسینؑ تھی۔ زہد کی تعریف قرآن میں پڑھیے۔ صابرین کا تذکرہ پڑھیے اور اس تعریف کے مصداق حسین علیہ السلام تھے اور بس وہی تھے۔جنھوں نے ثباتِ عزم بھی بخشا اور اظہارِ حق کا سلیقہ بھی:

مظلومیت کو عزم دیا، حوصلہ دیا
اظہار حق کا جس نے سلیقہ سکھا دیا

اس دنیا میں اعتدال کی زندگی بسر کرنا ایک انتہائی مشکل ہی نہیں تقریباً ناممکن ہی ہے۔ شاعر ہمارے سامنے ایسے انسان کی زندگی کو پیش کر رہا ہے جس نے منزل خیر وشر میں تمیز پیدا کر کے امروز کے آئینے میں تصویر فردا دکھادی۔ اکثریت کے دور میں، تلواروں کی جھنکار میں، لاکھوں انسانوں کے درمیان جس کا ہر قدم عمل رسولؐ کی مکمل تصویر تھا۔ اگر یزید نے حسینؑ سے بیعت لینے پر اصرار کیا تھا تو کیا ہوا۔ امام حسینؑ نے بھی مکہ مدینہ سے باہر کربلا کے تپتے میدان میں ہر غلط اصول کی تردید اپنی خون کی لکیروں سے کردی۔شاعر کا نکتہ سنج قلم اپنے اچھوتے انداز

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں پورے دور پر تبصرہ ہی نہیں بلکہ تنقید کر کے کردار حسینؑ کو ممتاز حیثیت سے پیش کرتا ہے۔ مرثیہ میں یہ انداز نیا ہے اور دلکش بھی ہے۔

تاریخ روزگار پہ تنقید جس نے کی　　ہر ایک غلط اصول کی تردید جس نے کی
قدرت کے نظم وضبط کی تائید جس نے کی　　اسلام کے پیام کی تجدید جس نے کی
پھر بڑھ چلا تھا زور جو باطل کا گھٹ گیا
پردہ سا ایک روئے حقیقت سے ہٹ گیا

شاعر کا اندازِ فکر بالکل فلسفیانہ ہے۔ زمانے کے تقاضے ذہن انسانی کو جس نئی سوچ کی طرف بڑھا رہے ہیں، ان تقاضوں کا جواب کردار حسینؑ میں دیکھیے اور اپنی مشکلات کا حل اسی سے حاصل کیجیے۔ غریب وامیر دونوں کے لیے زندگی کا ایک نیا سلیقہ بخشا اور یہ بتادیا کہ حق اگر چہ تعداد میں انتہائی مختصر ہی کیوں نہ ہو، اکثریت کے زعم باطل کو ختم کرسکتا ہے اور پھر یہ کہ زعم بھی وہ زعم جو فرمانِ رسولؐ کے خلاف ہو، تو اس کی اہمیت پر کاہ سے بھی کم ہے۔ دولت کب کسی کے اطمینان کا باعث بن سکتی ہے اور ناشکری کب انسانیت سے دور کردیتی ہے، وہ شاعر کے الفاظ میں سنیے کہ انھوں نے عزائیہ شاعری میں فلسفیانہ انداز فکر پیش کر کے ایک ٹھوس دلیل کو شاعری کے سانچے میں ڈھال کر نہایت نرم ونازک الفاظ میں پیش کردیا۔

جس نے کیے مقاصد صبر و رضا بلند　　جس نے کیے معانی حرف وفا بلند
جس نے کیے منازل درد آزما بلند　　ممنون سب اسی کے ہیں کیا پست کیا بلند
منعم کو شکرِ نعمت حق کا سبق دیا
جس نے غریب قوم کو جینے کا حق دیا

حسینؑ کی ذات والا صفات اس لیے واجب الاحترام ہے کہ جو بلا شرکت غیرے رسولؐ کی نمائندگی شہادت کا حق ادا کررہی ہے (بقول صاحب سرالشہادتین) اس کا مطلب یہ ہوا کہ رسولؐ کی نمائندگی ایک طرف اور مخالف رسولؐ کی نمائندگی دوسری طرف کار رسالت، اس کا اندازہ حسینؑ سے زیادہ کون کرسکتا ہے، جس قدر اہم ہے اس کا اندازہ حسینؑ سے زیادہ کون کرسکتا ہے اس لیے شاعر کا نکتہ سنج قلم اسی نکتہ کو یوں بیان کرکے عزم حسینؑ کو نمائندگی کارِ رسالتؐ کا مرتبہ دیتا ہے کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جوحق ہے اورعین حق کہ

زندہ کیے حسینؑ نے اسلام کے اصول　　اس نے عوض نبیؐ کے شہادت بھی کی قبول
مجتمع الصفات ہوئے اس طرح رسولؐ　　اور اک دم بخودھوں کہ حیران ہوں عقول
اک آیۂ جلی ہے یہ سِرِّ خفی نہیں
منصب تو ہے نبیؐ کا اگر وہ نبیؐ نہیں

شاعر نے تمام معروف شہدائے کربلا کا نام ہر ہر بند میں کر کے بعد میں جناب علی اصغرؑ کی شہادت جس کربہ انداز میں کی وہ ان کے زور قلم کا شاہکار ہے اور ان کی شہادت نے بتادیا کہ بنائے ظلم رکھنے والے واقعی نام کے مسلمان تھے۔ اور یہ بند ان کے مرثیہ کی جان ہے:

ایسی بنائے ظلم ہے اس کے گلے کا تیر　　جس سے نگاہِ غیر میں اسلام تھا حقیر
ہوتی ہی جا رہی تھیں غلط فہمیاں کثیر　　روکی ہمارے اشک عزا نے یہ دار و گیر
ماتم نے راز فاش کیے اہلِ شام کے
ہم نے بتا دیا وہ مسلماں تھے نام کے

شاعر، ذکر حسینؑ کو فکر کی عظمت قرار دیتا ہے اور اس غم کو فرض عین سمجھتا ہے اور غم حسینؑ کو اپنے سینے سے اس طرح لگائے رکھتا ہے کہ اہل دنیا اگر چاند پر مادی برتری کے لیے جائیں گے لیکن ہمارے نزدیک عظمت غم حسینؑ اور عظمت علمدار حسینؑ اتنی ہے کہ ہم فضائے عالم کی بلندی پر بھی اسے نہ بھولیں گے۔

عباسِؑ نامور کا علَم لے کے جائیں گے
ہم چاند میں حسینؑ کا غم لے کے جائیں گے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب شمشاد حسین رضوی

# انجم آفندی اپنے خطوط کے آئینے میں

کسی شاعر و مفکر کو سمجھنے کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ اس کے گردوپیش کے ماحول اور اس کے محرکات وکوائف کو سمجھا جائے تاکہ اس کی روشنی میں اس کے کلام وافکار کا صحیح تعین ہو سکے۔ انسان چونکہ الگ تھلگ رہ کر زندگی کو اس کی صحیح قدروں اور فطری مطالبات کے ساتھ پورا کرنے سے قاصر ہے، لہذا وہ اجتماعی انداز رہائش اختیار کرتا ہے اور سوسائٹی سے کسی نہ کسی صورت میں واسطہ ضرور رکھتا ہے، اس لیے اکثر وہ مقامات بھی آتے ہیں جہاں انسان کو اپنے اوپر خول چڑھانا پڑتے ہیں اور بعض اوقات تو کئی کئی خول چڑھانا پڑتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو کسی قسم کا خول چڑھانا پسند نہیں کرتے بلکہ وہ ٹوٹنا تو پسند کرتے ہیں مگر لچکنا پسند نہیں کرتے۔ ممکن ہے ایک طبقہ انہیں ناعاقبت اندیش یا مصلحت آمیزی سے عاری تصور کرتا ہو۔ یہاں یہ بحث بے سود ہے کہ ان کا طرز فکر صحیح ہے یا غلط۔ تاہم ایسے اشخاص ہر جگہ اور ہر دور میں ملتے ہیں۔

جہاں تک اپنی شخصیت پر خول چڑھانے کا تعلق ہے تو وہ اکثر چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر ہوتا ہے اور اگر شخصیت ذرا سلیقہ مند ہو تو وہ خول بہت مشکل سے اُترتا ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ کسی شاعر یا دانش ور کی گفتگو یا اس کے کلام سے اس کی شخصیت کے ہر پہلو اور اس کے نہاں خانے میں چھپی ہوئی حسرتوں کا بھی پورے طور سے جائزہ لیا جا سکے۔ کیونکہ گفتگو میں بھی کچھ آداب ملحوظ ہوتے ہیں اور کلام میں بھی کچھ تقاضے ہوتے ہیں جس کے باعث وہ شخصیت پورے طور سے نمایاں ہو کر سامنے نہیں آپاتی ہے۔ البتہ ایک موقع ایسا ہوتا ہے جہاں تمام پردے ہٹ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاتے ہیں۔ تمام تکلفات ختم ہوجاتے ہیں۔ سارے خول اُتر جاتے ہیں اور وہ ہے نجی خط وکتابت۔

جب کسی ارادت مند، بے تکلف دوست یا قریبی عزیز سے مراسلت ہوتی ہے تو اُس مراسلے کے ذریعے کھل کر گفتگو ہوتی ہے۔ کیونکہ مراسلہ نگار کا یہ قطعی خیال نہیں ہوتا کہ اس کی اس "نصف ملاقات" کو کبھی منظرِ عام پر بھی لایا جائے گا اور اس کی شخصیت اپنی حقیقت کے ساتھ اپنے خط میں اپنے مخاطب سے بیان کردیتا ہے۔ اگر مرزا غالبؔ، ابوالکلام آزادؔ۔ اور دیگر مشاہیر ادب کے خطوط کا سرمایہ ہمارے سامنے نہ آتا تو ہم یقیناً ان کی شخصیات، ان کے ماحول اور ان کے فکری محرکات کا صحیح جائزہ نہ لے سکتے۔

نجم آفندی نے تقریباً ساٹھ سال تک شعروادب کی باقاعدہ خدمت کی اور اس عرصے میں بڑے بڑے معرکے دیکھے۔ عوام سے لے کر خواص تک۔ غریب کی جھونپڑی سے لے کر تاجدار آصفیہ کے 'فلک نما' اور 'کنگ کوٹھی' تک مختلف محافل ومجالس میں شرکت کی۔ ہزاروں کو مشورۂ سخن دیا۔ لاکھوں دلوں میں اپنے لیے جگہ بنائی اور کروڑوں محبانِ اہلِ بیت کے لیے "کربلائی ادب" کی تخلیق کرکے اُسے طرزِ جدید اور آہنگِ نو بخشا۔ لہذا ایسی ہستی کا وہ گوشہ بھی تو قابلِ غور ہے جہاں وہ مجلسی زندگی سے دور ہوکر اپنی شخصیت کا عکس اپنے مراسلے پر مرکوز کردیتا ہے۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ میں نے اپنے بچپن میں جب پہلی بار ایک جلوسِ عزا میں کسی نوحہ خواں کو یہ مصرعہ پڑھتے سنا:

"جس مانگ کو دیکھا اجڑی تھی جس گود کو دیکھا خالی تھی"

تو شعری محاسن کو سمجھنے کا شعور نہ رکھنے کے باوجود، میرے دل ودماغ پر اس کا بہت اثر پڑا۔ پھر کسی دوسری جگہ سنا:

"حسنینؑ کا ماتم چاند میں ہے، حسنینؑ کا ماتم تاروں میں"

تو اس مصرعے نے بھی مجھے بہت متاثر کیا۔ اول الذکر مصرعے نے دل میں ایک کسک پیدا کرکے ذہن پر اُس لٹے ہوئے قافلے کی مظلومیت کا احساس نمایاں کیا، اور دوسرے مصرعے سے حسنین علیہما السلام کی عظمت کا احساس اور پیغامِ حسینیؑ کے فروغ کی تحریک بیدار ہوئی۔ مگر یہ پتہ اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقت میری کم عمری کے باعث نہ ہو سکا کہ آخر نوحہ وسلام میں اس جدید طرز فکر کا خالق کون ہے۔ یہ عقدہ اس وقت کھلا جب شعروادب سے دلچسپی کے ساتھ اسے سمجھنے کی کچھ صلاحیت پیدا ہوئی۔

نجم آفندی کے کلام میں جو جدت مجھے نظر آئی، اس کے باعث مجھے یہ خیال بھی پیدا ہوا کہ اس ہستی کے بارے میں اور اس کی زندگی کے دوسرے گوشوں کو قریب سے دیکھ کر اپنے خیالات وتاثرات دوسروں کے سامنے پیش کروں۔ اگر میری اس جسارت کو قارئین کرام معاف فرمائیں تو اتنا اور عرض کردوں کہ میں نے یہ محسوس کرلیا تھا اور آج بھی اپنے اس خیال پر قائم ہوں کہ لوگ اپنی مجالس ومحافل کو نجم آفندی کے کلام سے زینت دینے پر تو مصر تھے مگر عملی زندگی میں اس کلام کے خالق کو مجالس ومحافل کی حدود سے آگے کوئی خصوصی مقام دینے کے سلسلے میں بالکل خاموش تھے۔ چنانچہ میں نے اپنے محدود علم وفکر کے باوجود نجم آفندی کی زندگی کے چند گوشوں کو سمجھنے کی کوشش کی۔ اس سلسلے میں مرحوم سے تقریباً بارہ تیرہ سال تک مختلف موضوعات پر مراسلت ہوتی رہی اور جب وہ کراچی تشریف لائے تو شرف نیاز کے ساتھ بالمشافہ گفتگو اور تبادلۂ خیال کا بھی موقع ملا۔ مجھ سے مرحوم کی پُرخلوص محبت اور کرم گستری کے اظہار کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ انھوں نے ہمیشہ میری ہمت افزائی کی اور نہایت مفید مشورے دیے۔

میں ان کی شخصیت اور شاعری سے متعلق ایک کتاب ترتیب دینا چاہتا تھا۔ اس کے لیے میں نے حتی المقدور مواد بھی جمع کرلیا تھا مگر گوناگوں مصروفیات اور اپنی تساہلی کے باعث ان کی زندگی میں ان پر ایک مضمون بھی نہ لکھ سکا جس کا مجھے ہمیشہ قلق رہے گا۔

جن دنوں میں اپنے فرائض منصبی کے سلسلے میں ڈھاکہ (سابق مشرقی پاکستان) میں تھا اور نجم آفندی حیدرآباد دکن میں تھے، اور مجھے جب بھی ان کے متعلق کوئی بات دریافت کرنا ہوتی تو میں انھیں زحمت دیتا اور وہ بلا تامل مجھے تفصیلات سے آگاہ فرماتے۔ خط کا جواب دینا وہ اپنا اخلاقی فرض سمجھتے تھے۔ چنانچہ جو بھی تفصیلات ان کے متعلق میرے پاس جمع ہوئیں وہ مجھے براہ راست ان سے ہی حاصل ہوئیں۔ میرے پاس ان کے جتنے خطوط آئے اور جو انقلاب مشرقی پاکستان کے بعد میرے پاس رہ گئے، ان میں سے 12-13 خطوط اس مضمون میں شامل کیے گئے ہیں تاکہ قارئین ان کی زندگی کے ان گوشوں سے روشناس ہوسکیں جو عام لوگوں سے اب تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پوشیدہ رہے ہیں۔

میں نے نجم آفندی مرحوم میں جو چند خصوصیات محسوس کیں، وہ یہ تھیں کہ وہ ہر خط کا جواب نہایت پابندی سے دیتے تھے۔ خط کا جواب نہ دینا بد اخلاقی سمجھتے تھے۔ ساٹھ سال کی عمر میں ہاتھوں میں رعشہ پیدا ہوگیا تھا جس کے باعث خط لکھتے ہوئے ہاتھ کانپتا تھا، اس کے باوجود ان کی اردو اور انگریزی تحریر بہت ہی پاکیزہ اور روشن تھی۔ خط پر عام طور سے پتہ انگریزی زبان میں لکھتے تھے جو کہ بہت ہی صاف اور خوش نما ہوتا تھا۔ جب زیادہ علیل ہوتے یا خط لکھنے میں تکلیف ہوتی تو اپنے داماد شاہد حیدری صاحب یا کسی دوسرے شخص کو بٹھا کر خط ڈکٹیٹ کرادیتے اور خط کے اختتام پر اپنے ہاتھ سے دستخط ضرور کردیتے تا کہ مندرجات کی صحت کا مکتوب الیہ کو بھی اطمینان ہوجائے۔ خطوط عام طور پر مختصر ہوتے۔ زبان نہایت سادہ اور عام فہم۔ ثقیل الفاظ اور عربی تراکیب سے پرہیز کرتے تھے۔ ایک خاص بات یہ بھی دیکھی کہ ہر خط کے آخر میں یہ ضرور لکھتے۔ ''مومنین کرام کو میرا سلام پہنچا دیجئے۔'' یہ کوئی رسمی جملہ نہیں ہوتا بلکہ وہ حقیقتاً مومنین کی سلامتی کے خواہاں تھے جس کا اظہار وہ اپنے خطوط میں اس طرح کرتے تھے۔

نئی نسل کی مذہب سے لاعلمی اور بیگانگی۔ مادیت کے بڑھتے ہوئے رجحان اور خوارج کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کے باعث تعلیماتِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے فروغ کے لیے انھوں نے حیدرآباد دکن ''ادارۂ اعلانِ حق'' کی بنیاد رکھی تھی۔ اس ادارے کے ذریعے وہ ''امامیہ مشن'' کی طرز پر مذہبی لٹریچر شائع کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ اس سلسلے میں انھوں نے چند کتابچے شائع کروا کر لوگوں میں تقسیم بھی کروائے تھے۔ ایک عظیم پروگرام ان کے ذہن میں تھا مگر اپنی پیرانہ سالی، مالی پریشانیوں اور عوام کی عدم توجہی کے باعث ان کا یہ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوسکا۔

ان کی تصانیف تقریباً تیس تھیں جس میں سے بہت سی ان کے پاس خود بھی موجود نہیں تھیں، کیونکہ بہت سی انقلابِ آگرہ کی وجہ سے تلف ہوگئیں۔ (انقلابِ آگرہ نجم آفندی کی زبان میں لکھا ہے۔ اس سے مقصد یہ ہے کہ جب انھوں نے آگرہ کی سکونت ترک کرکے حیدرآباد میں رہائش اختیار کی تو ان کی جو کتابیں اور دیگر علمی سرمایہ آگرہ میں موجود تھا اس میں سے بہت سا ضائع ہوگیا۔) جو کتابیں ان کے پاس رہ گئیں، ان میں سے اکثر ان کے ارادت مندوں اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شاگردوں کی نذر ہوگئیں، جو اکثر ان سے مانگ کر لے جاتے تھے اور بہت کم واپس کرتے تھے۔ ان کا مرثیہ ''معراجِ فکر'' رضا کار بک ڈپو نے لاہور سے 1959ء میں شائع کیا تھا۔ میں نے انھیں ''معراجِ فکر'' کے متعلق جب ڈھاکے سے لکھا تو انھوں نے مجھے تحریر کیا کہ ''معراج فکر'' ان کے پاس نہیں ہے اور میں اُسے ان کو فراہم کروں۔ چنانچہ میں نے لاہور سے ''معراج فکر'' منگواکر انھیں حیدرآباد دکن بھیجی۔ اس کی کتابت وطباعت ملاحظہ فرمانے کے بعد بذریعہ رجسٹری پھر انھوں نے مجھے ڈھاکہ واپس کی اور اپنے دستخط فرما کر اس پر لکھا

''سید شمشاد حسین صاحب رضوی کے لیے بطور یادگار''

جو میرے پاس اب بھی ان کی بہترین یادگار ہے۔

اس سلسلے میں نجم آفندی کے ایک خط کا اقتباس بھی باعثِ دلچسپی ہوگا۔ ملاحظہ ہو۔

''حسینؑ اور ہندوستان کی پہلی اشاعت کو کم وبیش پچاس[1] سال ہو گئے۔ میری عمر اس وقت 75 پچھتر سال کی ہے۔ 1310ھ میں پیدا ہوا تھا۔ شاعری کی عمر بلا مبالغہ 64 سال کی ہے۔ میرے بہت سے مضامین، نظمیں، غزلیں آگرہ میں نذرِ انقلاب ہوگئیں۔''

لاہور میں جب ''الصباح'' ''کسان'' روزنامے نکل رہے تھے۔ ''زمیندار'' اور ''سیاست'' کا زور تھا۔ ''مخزن'' لاہور۔ ''زمانہ''، کانپور۔ ''نئی روشنی''، الہ آباد۔ ''عالم گیر'' اور ''شہکار''، لاہور کا زور تھا۔ ان سب میں میرا نظم ونثر کلام طبع ہو چکا ہے۔ یہ سب کلام، ان اخبارات کے کٹنگ غارت ہو گئے۔ ''شاعر اہلؑ بیت جیل میں'' یہ کتاب فہرست میں لکھنی بھول گیا تھا۔ مئی 1939ء جیل کا زمانہ ہے۔ کتاب کا سنِ طباعت یاد نہیں رہا۔

(ا) مجھے[2] اس کا علم نہیں کہ کب اور کن حالات میں (ہمارے آبا واجداد) ہندوستان آئے تھے۔ ہم لوگ تُرک ہیں۔ تلوار رکھ کر قلم ہاتھ میں لی اور ادب

---

[1] یہ خط راقم الحروف کو نجم آفندی نے 11 فروری 1965ء کو لکھا تھا۔ لہٰذا آج تک کے درمیانی عرصے کو ملحوظ رکھئے۔ (ش م ر)

[2] میرے چند سوالات کے جوابات بالترتیب اس خط میں دیے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اردو سے تعلق مرزا فصیح اعلیٰ اللہ مقامہ کے زمانے سے ہے۔

(۲) عمر بھر مدح اہلِ بیت کی۔ مشاعرے کم پڑھے اور غزل پر کم توجہ رہی۔ پھر بھی بہت سا کلام ضائع ہونے کے باوجود دو سو غزلیں اس وقت موجود ہیں۔ سیاسی اعتبار سے ہمیشہ سے کانگریسی ہوں۔ ملازمت ذریعہ معاش رہا۔ میری تعلیم اس زمانے کے مڈل تک ہوگی۔ مگر کم از کم انگریزی کی دو ہزار کتابیں ہر قسم کی نظر سے گزری ہیں۔ اردو میں ایک کتاب کا ترجمہ بھی کیا ہے جو غائب کر دیا گیا۔ اردو فارسی گھر ہی پر پڑھی۔ عربی نہ پڑھ سکا۔

(۳) غیر مطبوعہ کلام بہت ہے۔ غزل، نظم، قطعات، رباعیات، مرثیہ، سلام۔ قصائد وغیرہ

(۴) مرثیہ ختم ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ''معراجِ فکر'' کے انداز پر اگر شعرا مرثیہ کہیں اور اس سے بھی کچھ آگے بڑھ کر کوئی جدت طرازی کریں تو شاید پبلک دلچسپی لے سکے۔

میرے واقعات بہت ہیں۔ حکومتِ انگلشیہ کی مخالفت کے قصے۔ قومی معاملات کے قضیے، مشاعروں کے افسانے۔ مگر لکھنے والا کوئی نہیں ہے۔ میرا ہاتھ تحریر میں بے حد کانپتا ہے۔ آپ کا خط مجھے بہت[1] پسند ہے۔ میرا خط بھی اچھا تھا اور اب ملاحظہ فرما لیجیے کیا حیثیت رہ گئی ہے۔ شاگرد ہندوستان پاکستان میں پھیلے ہوئے ہیں جو حیدرآباد میں ہیں وہ سب عدیم الفرصت ہیں صرف مشورۂ سخن[2] کی حد تک انھیں فرصت ہے۔''

---

محترمی سلام مسنون

آپ میرے لیے کس قدر جستجو اور محنت کر رہے ہیں مجھے ندامت ہوتی ہے۔

---

[1] ازراہِ نوازش میری ہمت افزائی فرمائی۔ مرحوم کا خط ہاتھوں میں رعشہ اور ضعیفی کے باوجود بہت ہی پاکیزہ اور روشن تھا۔

[2] حلقۂ تلمیذ میں بہت سے مطلب پرست داخل ہو گئے تھے جس کا نجم آفندی مرحوم کو خود بھی احساس تھا (ش م ر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کانپتے ہاتھوں سے جو کچھ ممکن ہو سکا ہے، لکھ کر بھیج رہا ہوں۔ خداوندِ عالم آپ کی سعی کامیاب کرے۔

جوشؔ میرے اس زمانے کے دوست ہیں جب وہ اور میں دونوں گم نام تھے۔ جوشؔ کی کفریات کے باوجود مجھے اس شخص سے بہت محبت ہے۔ افسوس ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے بہت دور ہو گئے۔ اگر اب کبھی ملاقات ہوئی تو میری داڑھی دیکھ کر خدا جانے کیا کیا صلواتیں سنائے گا۔

پُرسانِ حال حضرات سے سلام کہہ دیجئے۔

نیاز کیش نجم آفندی ۲/۶۵ ۱۱

---

عزیز مکرم سلام مسنون

خدا سے دعا ہے کہ آپ مع وجوہ بخیریت ہوں۔ 12 رجنوری کو میں نے بذریعہ رجسٹری "معراجِ فکر" واپس کیا ہے اور کچھ کاغذات اس کے ساتھ بھیجے ہیں۔ اب تک آپ نے رسید سے مطلع نہیں فرمایا جس کی وجہ سے پریشانی ہے۔ عنقریب آپ کے خط کا جواب بھی روانہ کروں گا۔ طولِ عمر، مسلسل علالت اور مختلف حالات وواقعات ضروری کاموں میں بھی حارج ہوتے ہیں۔

جملہ مومنین کی خدمت میں سلام عرض کر دیجئے۔

نیاز کیش نجم آفندی ۱/۶۵ ۲۶

---

عزیز مکرم سلام مسنون

آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ لکھنؤ جانے والا ہوں۔ اگر آپ واپس آگئے ہوں تو مطلع فرمایئے آپ کی فرمائش کے سلسلے میں کچھ روانہ کرنا ہے۔ امید کہ مزاج گرامی بخیر ہوگا۔

نیاز کیش نجم آفندی ۱۱/۶۴ ۲۶

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مکرمی زاداللہ شرفکم سلام ونیاز

مشرقی پاکستان میں شدید بارش کی اطلاع سے پریشانی ہے۔ براہ کرم اپنی خیریت سے مطلع فرمایئے۔ سب کوعلیٰ قدرومراتب سلام دعا۔

جواب کے لیے چشم براہ ہوں۔

نیازکیش نجم آفندی ۷/۶۵ ۱۰

---

مکرمی زاداللہ شرفکم سلام مسنون

ڈھاکہ میں طوفانی بارش کی خبر اخبارات کے ذریعے معلوم ہوکر پریشانی ہے۔ براہ کرم فوری اپنی سب کی خیریت سے مطلع فرماکر شکریہ کا موقع عنایت کریں۔

میری صحت آج کل بہت خراب ہے۔ بمشکل یہ چند سطریں لکھ رہا ہوں۔ جواب آنے پر آپ کی فرمائش ارسالِ خدمت کروں گا جو قریب تیار ہے۔

سب کو علیٰ قدر مراتب دعا سلام

نیازکیش نجم آفندی ۸/۶۹ ۱۷

---

عزیز مکرم سلام مسنون

بمبئی سے واپس آکر آپ کا مرسلہ مرثیہ ''معراج فکر'' اور خط ملا۔ رسید سے آپ کے اطمینان کی غرض سے مطلع کررہا ہوں۔

بمبئی میں بہت عدیم الفرصتی رہی۔ صحت اچھی نہیں۔ تکان بے حد ہے۔ انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں تعمیل ارشاد کرکے مرثیہ واپس کروں گا اور کچھ ضروری مطلوبہ کاغذات بھی۔

نیازکیش نجم آفندی ۱۰/۶۵ ۵

مکرمی سلام مسنون

سیلاب کی خبر نے بہت پریشان کردیا۔ خدا کرے آپ سب حضرات بہ تصدق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل بیت علیہم السلام بہمہ وجوہ بخیریت ہوں۔ براہِ کرم اپنی اور جملہ مومنین کی خیریت سے اطلاع دے کر ممنون فرمایئے اور سب کی خدمت میں میرا سلام عرض کیجئے۔

بچوں کو دعا۔ بچوں کا آداب قبول ہو۔

نیاز کیش نجم آفندی

---

پتہ نجم آفندی ۵۔۵۔۱۶ فرحت نگر۔ حیدر آباد اے پی (انڈیا)

عزیز محترم سلام مسنون

آپ سے بڑی ندامت ہے۔ یہ پورا[1] مہینہ یادگار صادق آل محمد علیہ السلام کے سہ روزہ اجلاسوں کے انتظامات میں گزرا جو بڑی شان وشوکت اور کامیابی کے ساتھ یہاں منائے گئے۔ اس مصروفیت کے بعد اب بہت زیادہ تکان محسوس کر رہا تھا کہ نزلہ، شدید کھانسی اور بخار نے یورش کر دی۔ انشاء اللہ آپ کے ارشاد کی تکمیل حالت ذرا اصلاح پذیر ہوتے ہی کروں گا۔

تحریر میں ہاتھ بہت کانپتا ہے۔ اس وقت کوئی لکھنے والا بھی موجود نہیں۔ مختصر نویسی کو معاف کیجئے۔ آپ جو میرے مسئلہ میں دلچسپی لے رہے ہیں اس کا بے حد شکر گزار ہوں جملہ حضرات مومنین سے میرا سلام عرض کر دیجئے۔

خدا سے دعا ہے کہ آپ بہمہ وجود بخیریت رہیں۔

نیاز کیش نجم آفندی

نجم آفندی ۳۵۸۔۲۔۲۲ اندرون دبیر پورہ۔ حیدر آباد۔ اے پی (ہندوستان)

مکرمی زاداللہ شرفکم سلام مسنون

نوازش نامہ صادر ہوا۔ یاد آوری اور توجہات کا ممنون ہوں۔ آپ میرا کلام[1] جس

---

[1] اس خط پر تاریخ درج نہیں ہے مگر یہ خط مجھے 11 راگست 1964ء کو ڈھاکہ میں موصول ہوا لہٰذا اغلب یہ ہے کہ اگست 64ء کے پہلے ہفتے میں یہ خط لکھا گیا۔ (ش ح ر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طرح مناسب سمجھیں کتابی صورت میں شائع کرسکتے ہیں۔ میری طرف سے بالکل اجازت ہے۔ ضعیفی اور مسلسل علالت کے باعث تحریر میں ہاتھ کانپتا ہے۔ خط کسی نہ کسی سے لکھوانا پڑتا ہے اسی وجہ سے جواب میں کچھ تاخیر ہوگئی۔

نیاز کیش تجمّ آفندی ۸۱ ۴/۲۴

---

تجمّ آفندی اندرون دبیر پورہ۔ حیدر آباد (اے پی)

محترمی زاد اللہ شرفکم سلام مسنون

خدا سے دعا ہے کہ آپ بہمہ وجوہ بخیر ہوں۔ آپ کے سوالات کا جواب 25/ اگست کو ارسال خدمت کرچکا ہوں۔ رسید کا خط ابھی نہیں ملا۔ اس وجہ سے تردّد ہے۔ جملہ حضرات مومنین کی خدمت میں سلام و نیاز

نیاز کیش تجمّ آفندی

تجمّ آفندی ۵۳۸-۲۰-۲۲ اندرون دبیر پورہ حیدر آباد (اے پی)[۲]

---

مکرمی زاد اللہ شرفکم سلام مسنون

سالہا[۳] سال کے بعد آپ نے یاد فرمایا۔ بہرحال آپ کی خیریت معلوم ہوکر خوشی ہوئی۔ اس وقت مسلسل علالت اور ضعیفی کے باعث گزشتہ زمانے سے کہیں زیادہ انحطاط کا شکار ہوں اس کے باوجود آپ کے ارشاد کی تعمیل ضرور ہوگی۔ اطمینان رکھیے۔

مضطر حیدری بے چارہ ایک عرصۂ دراز سے اس فکر میں ہے۔ میرے تلامذہ میں اس کے سوا کسی نے ادھر توجہ نہیں کی۔ اُسے میری دعا لکھ دیجیے۔ میں بھی خط

---

۱۔ مجھے اپنی کوتاہ کوں مصروفیات کے باعث اس وقت موقعہ نہ مل سکا کہ ان کے کلام کی اشاعت کے سلسلے میں کچھ کرسکتا جس کا مجھے بیحد افسوس ہے۔ (ش ح ر)

۲۔ آندھرا پردیش (بھارت)

۳۔ میری کوتاہی کی جائز مگر پُرخلوص شکایت ہے۔ (ش ح ر)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لکھوں گا۔

میرے شاگرد یہاں اپنے ہم مشرب بہت ہیں مگر اپنی ضرورت پر تشریف لاتے ہیں۔خاور غریب بیکار ہوگیا۔بڑے کام کا آدمی تھا۔اب مجبور ہے۔

کیا اتفاق ہے دوچار دن ہوئے آپ کا خیال آیا تھا۔کل آپ کا خط آگیا۔کسی فارسی کے شاعر نے خوب کہا ہے۔

دل وربہ دل است دریں کینہ سپہر

آپ نے اپنا پتہ نہیں لکھا۔پُرانا پتہ بڑی تلاش کے بعد ملا۔اُسی پتے پر جواب لکھ رہا ہوں۔آپ کا دوسرا خط آنے پر سلسلہ جاری ہوگا۔

یہ بھی اتفاق ہے پرسوں سے سوانح حیات جمع کر رہا ہوں۔پھر خبط ہُوا ہے۔ واقعات بہت ہیں۔وقت زیادہ صرف ہوگا۔خدا کرے تکملہ ہوجائے۔

تحریر میں ہاتھ بہت کانپتا ہے۔پُرسانِ حال کو سلام۔آپ کے بچوں کو دعائیں۔

اب میرا پتہ یہ ہے۔

نجم آفندی۔کمان ایلچی بیگ۔منڈی میر عالم۔حیدر آباد۔(اے۔پی)

نجم آفندی

۹ $\frac{۷}{۶۹}$

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب سید ہاشم رضا

# نجم آفندی اور پاکستان

حضرت نجم آفندی کی موت کا ماتم ہمارے لیے تعلیم روحانی ہے۔ میں طالب علمی کے دَور میں اُن کے اشعار کا لطف اٹھایا کرتا تھا، لیکن ان کی ملاقات کا شرف مجھے پانچ سال ہوئے پاکستان میں حاصل ہوا، جب وہ آگرہ سے کراچی منتقل ہوکر آگئے۔ ایک دن انھوں نے کرم فرمایا اور میرے دفتر میں تشریف لائے، چونکہ وہ ہندوستان سے عارضی پرمٹ پر آئے تھے جس کی مدت ختم ہورہی تھی، لہٰذا انھیں نوٹس ملا تھا کہ وہ ہندوستان واپس جائیں۔

انھوں نے میری وساطت سے ایک درخواست وزارت داخلہ کو دی جس میں یہ لکھا تھا کہ میں ہندوستان واپس جانا نہیں چاہتا۔ اسی درخواست کے ساتھ ساتھ انھوں نے مجھے اپنی زندگی کے واقعات اپنے دست مبارک سے لکھ کر دیے۔ میں نے ان کی درخواست کو سکریٹری وزارت داخلہ کو بھیج دیا اور اس کے ساتھ ہی اپنا نوٹ یہ لکھا کہ "جناب نجم آفندی پاکستان میں پھلنے پھولنے کے لیے نہیں، بلکہ مرنے کے لیے آئے ہیں۔"

میں نے اپنے نوٹ میں ایک انگریزی اسٹیلے ایونس کا قول نقل کیا کہ:

"تمھارا وطن وہ جگہ نہیں ہے جہاں تم رہنا چاہتے ہو بلکہ وہ جگہ ہے جہاں تم مرنا چاہتے ہو۔"

اور میں نے لکھا کہ "لاکھوں ہندوستانی مہاجروں کی طرح جو اپنا وطن چھوڑ کر پاکستان آئے ہیں، جناب نجم آفندی کو بھی مرنے کی سہولت مہیا کی جائے۔"

۱۲/نومبر ۱۹۷۳ء کو مرحوم نے مجھے اپنی زندگی کے حالات لکھ کر دیے جن کا اقتباس یہ ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"میرا نام تجمل حسین، تخلص تجمؔ اور آفندی وہ خطاب ہے جو سلطنت ترکی کی طرف سے میرے پرداداجعفر علی فصیحؔ کو ان کی خدمات کی بنا پر دیا گیا تھا جو انھوں نے مکہ معظمہ میں انجام دی تھیں، ان کا بہت مذہبی کلام آج تک پڑھا جاتا ہے۔ یہ خطاب نسلاً بعدنسلٍ استعمال کے لیے دیا گیا تھا۔میرے نانا مرزا آغا حسین آغا بھی اپنے دور کے مشہور شعراء میں تھے جن کے دوشعر آج تک مشہور ہیں۔

۱۔ کیوں دل جلوں کے لب پہ ہمیشہ فغاں نہ ہو
ممکن نہیں کہ آگ لگے اور دھواں نہ ہو

۲۔ دیکھیں تو کس طرح انھیں ہوتا نہیں اثر
لو آج نامہ لکھتے ہیں خونِ جگر سے ہم

مرزا فصیحؔ مرحوم کا ایک شعر سن لیجیے۔

فصیحؔ اگلے برس ہم تھے پیمبرؐ کے مدینے میں
کبھی روضے میں زائر تھے کبھی بیت الحزن میں تھے

انھوں نے مکے ہی میں انتقال کیا،لکھنؤ کی ملتی ہوئی وزارت جو حسب وعدہ امجد علی شاہ دے رہے تھے، چھوڑ کر مکے چلے گئے اور وہاں ایک مکان بنوا کر زائرین حج کے قیام کے لیے وقف کردیا جو بعد میں شہر کی توسیع کے پلان میں شامل ہوگیا۔نواب عنایت جنگ نے وہ مکان دیکھا تھا۔

بہر حال ان بزرگوں کے حالات کہاں تک لکھوں گا بہت کثرت سے ہیں۔
میں رمضان ۱۳۱۰ھ میں آگرہ میں پیدا ہوا،مفید عام اسکول میں تعلیم پائی اور مفید عام اسکول ہی میں انگریزوں کے خلاف ایک انجمن بنائی جو قائم نہ رہ سکی ۔
اس وقت ۸۳ سال کی عمر ہے۔میں نے ہزاروں غزلیں،نظمیں اور سلام کہے ہیں ۔میرا آدھے سے زیادہ کلام ضائع ہوگیا۔
میں نے اپنی جوبلی کے متعلق ہندوستان اور پاکستان کی دوتحریکوں کی مخالفت کی،بمبئی کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرات ہزار ہا روپیہ کی تھیلی دے رہے تھے، پچاسی ہزار تک نوبت آگئی تھی مگر میں نے منظور نہیں کیا۔

میرے شاگردوں کی تعداد ۵۵ تک پہنچی (جن میں رعنا اکبر آبادی بھی شامل ہیں۔) اور تصنیفات ۲۶۔۲۷ تک شائع ہو چکی ہیں۔ معظم جاہ بھی میرے شاگرد ہیں اور غریب سے غریب آدمی بھی۔ سب کا کلام میں نے پوری توجہ سے دیکھا ہے۔

نثر اور نظم دونوں اصناف میں میرا کلام مطبوعہ موجود ہے۔ صرف غزلوں کا کوئی مجموعہ شائع نہیں ہوسکا، میں نے اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں کی۔ میری غزلیں بھی پرانے مذاق کی نہیں ہیں، جن مشاعروں میں بھی ہندوستان اور پاکستان میں پڑھی گئی ہیں، غیر معمولی کامیابی ہوئی۔

لاہور اور کراچی میں بھی میری تصنیفات ایک زمانے سے شائع ہو رہی ہیں۔ میں نے کبھی حکومت کی ملازمت نہیں کی، یہی تصنیف وتالیف ذریعہ حیات رہا۔

طول ہوجانے کے خیال سے اختصار کر رہا ہوں ورنہ لکھنے کے لیے بہت سے واقعات ہیں۔ مجھے پاکستان سے جو دلچسپی ہے، اس لحاظ سے میں اب یہیں رہنا چاہتا ہوں۔

فیض آباد میں جو تیرہ رجب کی مقاصدے کی محفلیں پڑھی ہیں، اس کی ایک محفل میں مولانا صفی لکھنوی نے فرمایا تھا کہ:

''نجم صاحب ہم نے ۲۲ برس اس محفل میں چراغ جلایا ہے اب آپ کی باری ہے۔''

یہ کہہ کے چلے گئے اور محفل نہیں پڑھی اور نہ آئندہ آئے۔

راجہ صاحب محمود آباد مرحوم سے میری بہت زیادہ راہ و رسم تھی۔ آغا پویا مرحوم سے میرے بہت اچھے راہ و رسم تھے۔ واقعات سیکڑوں ہیں کہاں تک لکھ سکتا ہوں۔ کتنے رسائل میں میرا کلام شائع ہوا ہے، کوئی انتہا نہیں ہے۔ اب میں پاکستان ہی میں بقایا زندگی گزارنا چاہتا ہوں۔''

---

جناب نجم آفندی اپنے دور کے بہترین شعرا میں شمار ہوں گے اور ان کے نوحوں، سلام اور مرثیوں کی وجہ سے مرحوم کو ہمارے عظیم مرثیہ گویوں کی صف اول میں جگہ ملے گی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"ان کے دور میں ان سے بہتر کسی نے نوحے اور سلام نہیں کہے۔"

زبان پر ان کو قدرت کاملہ تھی۔ وہ اپنے دور کے تقاضوں سے بہت اچھی طرح آگاہ تھے اور اسی لیے ان کے سلام اور مرثیے نوجوانوں میں بہت زیادہ مقبول رہے۔ ان کا طرز ایسا منفرد تھا کہ اگر ان کے سلام اور مرثیوں میں ان کا نام نہ لکھا جائے تو اہل بینش سمجھ جائیں گے کہ یہ انھیں کا کلام ہے۔

جس زمانے میں کہ امریکہ اور روس میں چاند پر جانے کے لیے خلائی دوڑ ہو رہی تھی اور ابھی امریکہ کے ہواباز چاند پر پہنچنے کی کوشش کر رہے تھے، اس زمانے میں جناب نجم آفندی کے دماغ کی قوت پرواز اس طرح صفحۂ قرطاس پر نمایاں ہوئی۔

اہل زمیں کی آج ستاروں پہ ہے نظر    ممکن ہے کامیاب رہے چاند کا سفر
ہیں اپنی اپنی فکر میں ہر قوم کے بشر    مردانِ حق پرست کا جانا ہوا اگر
عباسِ نامور کا علم لے کے جائیں گے
ہم چاند میں حسینؑ کا غم لے کے جائیں گے

میرا عقیدہ ہے کہ خدمت سید الشہداؑ میں حاضر ہونے سے پہلے عالم بالا میں میر انیسؔ اعلی اللہ مقامہٗ اور مرزا دبیرؔ اعلی اللہ مقامہ نے ان کا خیر مقدم کیا ہوگا اور کیا عجب ہے کہ میری طرح انھوں نے بھی مرحوم کے تین بندوں کے لیے یہ کہا ہو کہ ایسے بند نجم آفندی کے علاوہ کوئی نہیں کہہ سکتا۔

۱۔ جس نے امورِ خیر کو بخشی حیات نو    جس کی نوائے درد میں ہے زندگی کی رو
صدیوں سے جس کے نقش قدم دے رہے ہیں ضو    جو سو گیا بڑھا کے چراغِ وفا کی لو
بدلی عمل کی شکل ارادے بدل دیے
جس نے مطالبات کے جادے بدل دیے

۲۔ کچھ حسن کی نمود تھی کچھ عشق کا مزاج    آیا نظر جو صبر و شجاعت کا امتزاج
حق نے رکھا شہادتِ عظمیٰ کا سر پہ تاج    ملتا ہے آنسوؤں کا جسے آج تک خراج
مٹھی میں تھا لیے ہوئے موت اور حیات کو
کس دبدبے سے فتح کیا کائنات کو

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

۳۔ کیا ربط آج موت کو ہے زندگی کے ساتھ    کتنے ادا شناس ہیں سبطِ نبیؐ کے ساتھ
پھر یہ ہجومِ شوق نہ ہوگا کسی کے ساتھ    مرنے کو یوں نہ جائیں گے انساں خوشی کے ساتھ

سُن کر سفیرِ مرگ کے قدموں کی آہٹیں
ہونٹوں پہ جمع ہوگی نہ پھر مسکراہٹیں

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ سید ضمیر اختر نقوی

# نجم آفندی پاکستان میں

(یہ اقتباس علامہ سید ضمیر نقوی کے عمدہ مضمون 'علامہ نجم آفندی حیات اور شاعری'
جو مجلّہ انجم مطبوعہ ۱۹۶۶ء کراچی میں شائع ہوا سے اخذ کیا گیا)

نجم صاحب نے غیر منقسم ہندوستان کے تمام بڑے شہروں کا سفر کیا تھا۔کشمیر سے کولمبو تک ہندوستان کے ظاہر وباطن سے خوب واقف تھے۔یہ بھی حقیقت ہے کہ نجم صاحب ہندوستان کی تقسیم کے مخالف تھے۔معز الدین قادری نے تحریر کیا ہے۔

''کانگریسی حضرات کا اگر کوئی گروپ بن سکتا ہے تو اس فہرست میں نجم کا نام شامل کیا جائے گا۔گاندھی جی سے کئی بار مل چکے ہیں اور ان کے قدردان بھی ہیں۔''

وہ کون سے حالات تھے جس کے تحت نجم صاحب ہندوستان چھوڑ کر پاکستان آئے، اب تک معلوم نہیں ہو سکے۔کراچی وہ پہلی بار آئے تھے۔اپریل ۱۹۷۱ء میں علامہ نجم آفندی نے پاکستان کا سفر فرمایا۔بمبئی سے بحری جہاز سے سوار ہوئے تو کراچی کی بندرگاہ پر اترے۔

نجم آفندی کا نام میں نے بچپن میں سنا تھا۔ان کے نوحے سنتے سنتے مجھے زبانی یاد ہو گئے تھے۔بعض شاعروں کے کلام میں یہ اثر ہوتا ہے کہ وہ پڑھنے والے کو مجبور کر دیتا ہے کہ شاعر سے محبت ہو جائے۔میں نے نجم صاحب کو کبھی نہیں دیکھا تھا لیکن ان کے کلام سے اور ان کی شخصیت سے ایک طرح کا لگاؤ تھا۔مئی ۱۹۷۱ء میں پہلی مرتبہ میں نے انہیں دیکھا۔''عزاخانہ زہراؑ'' میں میلاد سرورِ کائناتؐ' کے موقع پر اچانک علامہ رشید ترابی مرحوم نے اعلان کیا کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

”برصغیر کے نامور شاعر حضرت تجم آفندی ہندوستان سے یہاں آئے ہوئے ہیں اور اس وقت وہ اپنا کلام پیش کریں گے۔“

تجم صاحب نے ایک نعت سنائی۔ رشید ترابی صاحب نے بعد میں تجم صاحب کا شکریہ یہ کہہ کر ادا کیا۔ ”بڑا کرم کیا۔“ کراچی میں چند مہینے قیام کر کے تجم صاحب لاہور چلے گئے۔ ان کی ایک مختصر سی ڈائری سے قیام کراچی کے سلسلے میں چند باتیں معلوم ہو سکیں ہیں۔ یہاں ڈائری کے چند اوراق ملاحظہ کیجیے۔

یکشنبہ ۲۷/جون ۱۹۷۱ء مطابق ۳/جمادی الاول

بزم آرزو کے مشاعرہ میں میری غزل سب سے زیادہ کامیاب رہی۔ جوش نے خلاف اصول و معمول غزل پڑھی، صدر مشاعرہ آل رضا نے غزل نہیں پڑھی۔

خلیق کے والد مرحوم کا نام، تخلص اور زندگی کا حال معلوم کرنا ہے۔

---

دوشنبہ ۲۸/جون ۱۹۷۱ء مطابق ۴/جمادی الاول

لے کچھ دنوں میں گفتگو کا راز بھی کھل جائے گا
رفتہ رفتہ ان کی وجہ خامشی سمجھے تھے ہم

(۲) مخمور اکبرآبادی مصنف ”روح نظیر“ اور اصالت خاں سے ملنا ہے۔

(۳) علامہ رشید ترابی کی عیادت کو گیا، وہ مل نہ سکے۔ کہلا بھیجا کہ مجھے بہت افسوس ہے کہ ملاقات نہ ہو سکی۔ رقم کل حیدرآباد پہنچ جائے گی۔ بیدار لے میرے ساتھ تھے شمیم کو خط لکھا۔

---

سہ شنبہ ۲۹/جون ۱۹۷۱ء مطابق ۵/جمادی الاول۔

سروجنی نائیڈو کا ذکر سوانح حیات میں آنا ہے۔

شمیم کا خط آیا۔ اپنے نئے مکان کے پتے سے اطلاع دی۔

---

لے بیدار نجفی، تجم آفندی کے شاگرد ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسین اعظمی آئے اور بہت دیر بیٹھے۔ کچھ کتابوں کی طباعت کے بارے میں گفتگو رہی۔
صاحب عالم کے دوست کی بنا کردہ مجلس کے لیے ان لوگوں کے ساتھ ہادی حسین صاحب کے یہاں گیا۔ وہ نہیں ملے لہٰذا مجلس کے لیے ذاکری کا مسئلہ مولانا جوہر صاحب سے طے کرا دیا۔

---

چہار شنبہ ۳۰/ جون ۱۹۷۱ء مطابق ۶/ جمادی الاول

حفیظ جالندھری اور سیزدہ صد سالہ یادگار۔

پرنس سے ملاقات دہلی اور حیدر آباد۔

حسین اعظمی اور بیدار آر ۸ بجے کے قریب آئے اور دس بجے شب بجے تک بیٹھے۔

---

آموں کے لیے ڈیڑھ روپیہ صاحب عالم کو دیئے۔

خلیق[1] کے والد کا نام اور تخلص ضاحک تھا۔ درباری تھے

---

پنجشنبہ یکم جولائی ۱۹۷۱ء مطابق ۷/ جمادی الاول

عشق کی منزل میں یہ حسن ساعت دیکھنا
قہقہہ ان کا فرشتوں کی ہنسی سمجھے تھے ہم

زیبا مرحوم کے صاحبزادے ملنے کے لیے آئے۔ ان کے دوست طاہر اور ریاض احمد ساتھ تھے۔

منوہر لال بہار اور بجرنگ سنگھ فقیر کا ذکر سوانح حیات میں آئے گا۔

جمعہ ۲/ جولائی ۱۹۷۱ء۔ مطابق ۸/ جمادی الاول۔

ناشناسِ حق کے دو لفظوں سے ظاہر ہو گیا
خوب سمجھے تھے جو ذہنی مفلسی سمجھے تھے ہم

---

[1] میر خلیق کے بارے میں نجم صاحب کو تفصیل بتانے والے نے سب کچھ غلط بتایا ہے۔ ان کا نام میر مستحسن ہے۔ والد کا نام میر حسن ہے۔ ضاحک خلیق کے دادا تھے۔ خلیق درباری نہیں تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخضر اکبرآبادی

شمیم امروہوی

ضمیم بلند شہری

پنڈراول کی مجلسیں

---

شنبہ ۳/ جولائی ۱۹۷۱ء مطابق ۹/ جمادی الاول۔

زیبا ردولوی کے ایصال ثواب کی مجلس میں گیا، جہاں کے لیے جوہر صاحب سے وعدہ لیا تھا۔ جوہر صاحب نے خوب مجلس پڑھی۔ صاحب عالم ہمراہ تھے۔ زیبا ردولوی کے ایصال ثواب کی مجلس میں مقررین نے میرا ذکر بھی کیا۔ رات کو رعنا کے مشاعرے میں میری غزل بہت کامیاب ہوئی۔ وہاں اصالت خاں سے ملاقات ہوئی۔

---

دوشنبہ ۵/ جولائی ۱۹۷۱ء مطابق ۱۱/ جمادی الاول

علامہ رشید ترابی آئے اور اپنے ساتھ "عزاخانہ ایرانیان" میں لے گئے۔ مجلس بہت اچھی ہوئی۔ واپسی میں ایک ہوٹل میں کھانا کھلایا۔ پھر میرے مکان پر پہنچا دیا۔

---

سہ شنبہ ۶/ جولائی ۱۹۷۱ء مطابق ۱۲/ جمادی الاول

علامہ رشید ترابی نے موٹر بھیج کر بلایا اور مجلس میں ایرانیان کی لے گئے۔ واپسی میں ہوٹل میں کھانا کھلایا اور گھر پہنچا دیا۔

یگانہ کی صاحبزادی آئیں اور تقریباً دن بھر قیام کیا۔

---

چار شنبہ ۷/ جولائی ۱۹۷۱ء مطابق ۱۳/ جمادی الاول

علامہ رشید ترابی اپنے ساتھ مجلس میں ایرانیان لے گئے۔ واپسی میں ہوٹل میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کھانا کھلایا اور گھر تک پہنچا گئے۔ مجلس خوب ہوئی۔ تینوں مجلسیں خوب پڑھیں۔ مجمع بہت تھا۔

---

پنجشنبہ ۸/جولائی ۱۹۷۱ء مطابق ۱۴/جمادی الاول

علامہ رشید ترابی نے بلایا اور اپنے ساتھ مجلس میں نور باغ لے گئے۔ غیر معمولی مجمع تھا۔ خوب مجلس ہوئی۔ مجلس کے بعد گھر پہنچا گئے۔

۲۹/ستمبر ہفتہ تاریخ مشاعرہ ۱۴/۳/۱۹۰، انور سوسائٹی

طرح: ع۔ وہ آدمی ہیں مگر دیکھنے کی تاب نہیں۔

---

اس کے آگے ڈائری کے صفحات نہیں لکھے گئے۔ چند صفحات سے یہ اندازہ تو ہوتا ہے کہ نجم صاحب کراچی آ کر شروع شروع میں کافی مصروف رہے۔ چند مہینوں کے بعد وہ کراچی سے لاہور چلے گئے۔ قیام لاہور کے دوران لاہور کے قومی اخبارات میں ''کلیات نجم آفندی'' کا اشتہار شائع ہوا۔ ہفتہ وار ''رضا کار'' اشاعت ۸/مئی ۷۳ء میں بھی اشتہار شائع ہوا۔

---

مہینوں یہ اشتہار چھپتا رہا۔ دھیرے دھیرے یہ اعلان غائب ہوگیا۔ اور لوگ بھول گئے کہ کلیات چھپنے کا پروگرام بھی تھا یا نہیں۔ ابھی حال میں لاہور سے مسعود رضا خاکی صاحب تشریف لائے تھے۔ انہوں نے اس کلیات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس لیے مزید اس موضوع پر میں لکھنا نہیں چاہتا۔

نجم صاحب اپریل میں کراچی آئے تھے۔ مئی کے مہینے میں وہ چند دنوں کے لیے لاہور گئے تھے۔ لاہور کا یہ پہلا دورہ تھا۔ لاہور میں بھی نجم صاحب محفلوں میں اور مسالموں میں شرکت کرتے رہے۔ اسی دوران ہفت روزہ ''اسد'' لاہور نے ۱۸ تا ۲۶ مئی ۱۹۷۱ء کی اشاعت میں یہ خبر شائع کی تھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# علّامہ نجم آفندی کے اعزاز میں عصرانہ

لاہور۔ ۵؍مئی۔ آج یہاں سید اختر حسین شائق انبالوی جنرل سیکریٹری آل پاکستان شیعہ کانفرنس نے برصغیر ہندوپاک کے ممتاز اور عظیم شیعہ شاعر علامہ نجم آفندی کے اعزاز میں ایک شاندار دعوتِ عصرانہ ترتیب دی۔ شائق انبالوی نے علامہ نجم آفندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ''حضرت نجم آفندی کی پوری زندگی مدح اہل بیتؑ اور نشر حسینیت میں گزری ہے۔ انہوں نے اپنی شاعری کا محور صرف محمدؐ و آل محمدؐ کی مدح ہی کو قرار دیا ہے۔'' اس کے بعد حضرت شاہد حیدری، وحید الحسن ہاشمی ایم، اے اور علامہ نجم آفندی نے اپنا اپنا کلام پیش کیا۔ اس دعوتِ عصرانہ میں خطیب آل محمد مولانا سید اظہر حسن زیدی صدر مرکزی ادارہ تحفظ حقوق شیعہ، سید ہادی علی شاہ بخاری نائب صدر آل پاکستان شیعہ کانفرنس، جناب مظفر علی شمسی جنرل سیکریٹری مرکزی ادارہ تحفظ حقوق شیعہ پاکستان، سید منظور حسین بخاری ایڈوکیٹ۔ ملک یوسف حسین رئیس ساندہ کلاں، مولانا ملک مہدی حسن علوی ناظم اعلیٰ شیعہ جمعیت العلماء پاکستان، سید غلام عباس شاہ رئیس بھٹھی بالا راجہ، چوہدری رشید احمد اشغب ایڈوکیٹ، خان غلام شبیر خاں سیکریٹری دارالعلوم محمدیہ، سرگودھا، مولانا سید ظہور الحسن شاہ جھنگ، جعفر علی میر ایڈیٹر شہید، مولانا عبد الغفور جعفری، ملک سجاد حسین رئیس ساندہ کلاں، سید شفقت علی شاہ، مولانا ملک ظفر عباس، مولوی نذر عباس اصغر، ڈاکٹر سید مقصود حسین کاظمی، سید ناصر عباس کاظمی، سید شمیم عباس کاظمی، سید غلام بخاری وقاری، سید اظہر علی بخاری، مولانا محمد ریاض اسد، سید محمد رضا کاظمی و سید اقبال حسین شاہ، رام گڑھ، ڈاکٹر سید محمد عالم زیدی، سید جعفر حسین آغا عبد العزیز قزلباش شریک تھے۔

---

''کاروں والے شہر کراچی کے ۲۰، ۲۵ آدمیوں نے نجم صاحب کے جنازے میں شرکت کی۔'' بے کاروں والے شہر لاہور کے کتنے لوگوں نے نجم صاحب کے لیے تعزیتی اجلاس کیے؟ کتنے رئیسوں نے نجم صاحب کے ایصالِ ثواب کی مجلس کروائی؟ کتنے اخباروں کے اور رسالوں کے مدیران ''نجم نمبر'' شائع کر چکے؟ کتنے علماء نے نجم صاحب کے لیے مجلسیں پڑھیں اور مضامین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لکھے؟

اس خبر میں کتنے کتنے بڑے بڑے نام ہیں۔ ان سب نے اب تک تجمّل صاحب کے لیے کیا کیا؟ صرف تجمّل صاحب کے ساتھ دعوت کھانے اور اخبار میں نام چھپوانے کی حد تک یہ حضرات کیوں محدود ہیں۔ وحیدالحسن ہاشمی صاحب کو کراچی والوں سے بڑا گلہ ہے۔ ارے جناب! اگر تجمّل صاحب لاہور میں انتقال کرتے تو وہاں بھی جنازے میں اتنے ہی آدمی شرکت کرتے جتنے کراچی کے لوگوں نے جنازے میں شرکت کی تھی۔ تجمّل صاحب پاکستان کے کسی شہر میں بھی مرتے، ہر جگہ کا منظر یہی ہوتا جو کراچی کا تھا۔ اس کی صرف ایک وجہ ہے۔ تجمّل صاحب ہندوستانی تھے.....خالص ہندوستانی! پاکستان کی حکومت نے ان کو نیشنلٹی نہیں دی۔ وہ ہندوستانی تھے۔ اس لیے اخبارات نے ان کی خبر وفات چھاپنے سے انکار کر دیا۔ لیکن وہ لوگ جنہوں نے تجمّل صاحب سے اس ضعیفی کے عالم میں بھی تین تین گھنٹے کی محفلوں کی صدارت کروائی اور زیادہ تر حضرات کسی بہت بڑے ٹرسٹ یا ادارے کے ذمہ داران ہیں۔ قوم کے نام نہاد لیڈروں نے تجمّل صاحب کی زندگی میں انہیں جو زحمتیں دی تھیں، اس کے صلے میں ان کے مرنے کے بعد ایصال ثواب کی مجلس منعقد کروا دیتے تو کیا تھا؟ (شرم! شرم) اس بے توجہی میں کراچی اور لاہور ہر جگہ کے قومی کارکن شامل ہیں۔

لاہور کے ہفت روزہ اخبارات اور ماہ ناموں نے تجمّل صاحب کا کلام چھاپا۔ بس! جب کہ ضرورت تھی کہ زیادہ سے زیادہ تجمّل صاحب پر تحقیقی کام ہوتا۔ ان سے پوچھ پوچھ کر ان کی مکمل سوانح حیات تیار کی جاتی۔ ان کی وفات کے بعد زندگی کے کتنے پہلو تشنہ ہیں۔ اس کا اندازہ لکھنے والوں کو بخوبی ہے۔

تجمّل صاحب کی شاعری پر کتابیں لکھی جا سکتی تھیں۔ لیکن کسی نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ تجمّل صاحب کے پانچ چھ شاگرد لاہور اور کراچی میں موجود ہیں۔ یہ تمام ذمہ داریاں ان کی تھیں۔ ظاہر ہے جب انہوں نے زندگی میں توجہ نہیں کی تو اب کیا امید رکھی جا سکتی ہے کہ وہ تجمّل صاحب پر کچھ لکھیں گے ـــــ اب تو وہ مر ہی گئے ـــــ اور انہیں لوگوں کے لیے شاید تجمّل صاحب نے یہ شعر کہا تھا:۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تجم اربابِ غرض نے دل کے ٹکڑے کر دیئے
زندگی نعمت سہی نعمت سے بھی دل بھر گیا

بہر حال لاہور میں بھی تجم صاحب کو خوشی نہیں ملی۔ وہ پھر کراچی آ گئے۔ لاہور سے آنے کے بعد انہوں نے کراچی کی بہت سی محفلوں میں شرکت کی اور تازہ کلام سنایا۔

رضویہ سوسائٹی کراچی کے امام بارگاہ میں محفل میلاد بسلسلۂ ولادت امام حسین علیہ السلام ۳رشعبان ۱۹۷۳ء کو منعقد ہوا تھا۔ اس محفل میں میری تقریر تھی۔ تجم صاحب نے محفل کے اختتام پر میری تقریر کی بہت تعریف کی اور مجھے اپنے گھر پر بلایا۔ میں کئی بار ان کی خدمت میں حاضر ہوا ''انجمن یادگارِ میر انیسؔ'' کے زیر اہتمام ۹رسمبر ۱۹۷۳ء کو ''یوم انیسؔ'' کے لیے میں نے ان سے وعدہ لیا اور نظم لکھنے کی فرمائش کی۔ انہوں نے بخار کے عالم میں میری فرمائش پوری کی اور صبح نو بجے جلسے میں پہنچ گئے۔ میر انیسؔ پر انہوں نے جو نظم لکھی وہ کتاب ''انیسؔ شاعر انسانیت'' میں شائع ہو چکی ہے۔ جن حضرات کی نظر سے نہیں گزری ان کے لیے یہاں درج کی جاتی ہے۔

انیسؔ غم کدۂ کربلا کے دردِ شعار — تیرا کلام ہے یا مرثیت کے لیل ونہار
یہ راز تو نے بتایا ہے اہلِ عالم کو — نہ ہو یہ درد جو دل میں تو زندگی بیکار
شعورِ فکر نے غیروں پہ بھی کیا یہ اثر — کہ گوشے گوشے میں انسان ہوگئے بیدار
سنی سنائی نہیں بات آنکھوں دیکھی ہے — کہ ہندوؤں کو بھی دیکھا گیا ہے سینہ فگار
خصوصیات بہت کچھ ترے کلام کی ہیں — ترے کلام سے پیدا ہوئے وہ نقش و نگار
ترے کلام سے اردو زباں کا وزن بڑھا — محاورات کا یک جا لگا دیا انبار

اس سے پہلے ''پیام عمل'' کے ''انیسؔ نمبر'' کے لیے کوثر حسین صاحب پانی پتی کی فرمائش پر تجم صاحب نے میر انیسؔ پر چار مصرع اور کہے تھے۔

جو اہلِ دل ہیں سمجھتے ہیں وہ مقام انیسؔ — یہ فن مرثیہ گوئی میں اہتمام انیسؔ
حسینیت کی جو خدمت انیسؔ نے کی ہے — رہے گا تا بہ قیامت بلند نام انیسؔ

یوم انیسؔ پر میں نے خصوصی فوٹوگرافر کا انتظام کیا تھا، تاکہ وہ مسلسل تجم صاحب کی تصاویر کھینچتا رہے۔ جلسے کے بعد بھی میں نے تجم صاحب کی مختلف انداز سے تصاویر کھنچوائیں۔ یہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصاویر رنگین تھیں جو میرے پاس موجود ہیں۔ باقر زیدی صاحب (کوکب آفندی کے داماد) نے بھی اپنے لیے چند تصاویر کھنچوائی تھیں، جو اس مجلہ میں شائع کی جا رہی ہیں۔ میری کوشش تھی کہ نجم صاحب کے ساتھ، سید آل رضا اور نسیم امروہوی کا ایک فوٹو گروپ ہو جائے۔ لیکن نسیم امروہوی تشریف نہیں لائے اور سید آل رضا جلدی چلے گئے۔ نجم صاحب جلسے کے آخر تک موجود رہے۔ بہرحال ایک یادگار فوٹو گروپ میں نجم صاحب کے ساتھ جو حضرات موجود ہیں۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

آغا سروش لکھنوی مرحوم، سید یوسف حسین (فرزند میر عارف لکھنوی) سید اصغر حسین (فرزند بابو صاحب فائق) نفیس فتحپوری شمر ہوشنگ آبادی، زاہد فتحپوری، شاہد نقوی، عزت لکھنوی، ڈاکٹر انصار حسین، سید کرار حیدر راہی، مظاہر عباس نقوی، تنویر اختر نقوی، جلیل حسن رضوی حیدر آبادی، اور کہیں پر میں بھی موجود ہوں۔ اس کے علاوہ الگ الگ تصاویر میں سید آل رضا، منور عباس، کوکب شادانی، سید ہاشم رضا، وغیرہ بھی نجم صاحب کے ساتھ ہیں۔

''یوم انیس کے بعد یہ تصاویر میں نے نجم صاحب کو دی تھیں۔ بہت خوش ہوئے۔ بڑی دیر تک باتیں کرتے رہے۔ اپنی تصانیف کی تفصیلات بتاتے رہے۔ ساتھ ہی یہ بھی کہتے جاتے تھے۔ ''اب کچھ یاد نہیں رہتا۔'' ہر بات بھول جاتا ہوں۔ آخر میں نیشنلٹی کی بات نکلی تو میں نے انہیں تفصیلات بتائیں کہ مجھے اس سلسلے میں بڑی مصیبتیں اٹھانی پڑی تھیں۔ پاسپورٹ کی فائل منگوا کر مجھے دکھائی جس میں سید ہاشم رضا کا سفارشی خط بھی تھا جس میں حکومت پاکستان سے اپیل کی گئی تھی کہ نجم صاحب کو پاکستان کی نیشنلٹی دے دی جائے۔ نجم آفندی کا انتقال ہوگیا۔ حکومت تو انہیں یہاں کی قومیت نہ دے سکی۔ قدرت نے ان کو یہاں کا قومی باشندہ بنادیا۔ کیا خیال ہے حکومت پاکستان کا۔ وہ خط جو نجم صاحب کو حکومت نے لکھا تھا کہ آپ جلد سے جلد پاکستان چھوڑ دیجیے۔

اب حکومت ذرا نجم صاحب کو پاکستان سے نکال کر دکھائے! وہ تو قیامت تک اسی سرزمین پر قابض رہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گرے!

وطن کے عشق میں ڈوبا ہوا آتش بجاں ہوں میں
وطن ہے میرے ہر اک گوشۂ دل میں جہاں ہوں میں
نجم آفندی

## وفات

دنیا شاید قابلِ رشک موت اسے سمجھے کہ جنازے میں لاکھوں کا مجمع ہو، اخبارات میں جلوسِ جنازہ کی تصاویر ہوں۔ ٹیلیویژن پر پروگرام پیش کیا جائے۔ شاندار مقبرہ تعمیر ہو وغیرہ وغیرہ۔

معصومؑ کی نظر میں شاعر کی قابلِ رشک موت یہ ہے کہ:۔

''ہمارا شاعر جب مر جاتا ہے تو جنت میں ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین اس سے ملاقات کرنے کے لیے آتے ہیں۔''

(ارشادِ امامِ مشتمؑ)

نجم آفندی ''شاعرِ اہلِ بیت'' تھے۔ اور وہ اس خطاب پر فخر کرتے تھے:۔

نجم اپنی زندگی ہے وقفِ مدحِ اہلبیتؑ
شاعرِ سرکارِ اہلِ بیتؑ کہلاتے ہیں ہم

نجم صاحب نے دولتِ دنیا کی کبھی پروا نہیں کی:۔

نجم شاعر ہے حسینؑ ابنِ علیؑ کے در کا
اور دنیا میں نہ منصب ہے نہ جاگیر کوئی

نجم صاحب کو یقین ہے کہ ہمارا کلام دربارِ رسالتؐ میں پہنچ چکا ہے:۔

اے نجم میں شاعر ہوں سرکارِ امامت کا
نظمیں مری پہنچیں گی دربارِ پیمبرؐ میں

نجم صاحب خدمتِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صلے میں ملنے والے انعام کا مصرف بھی بتا دیتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلہ میں خلد وہ دیں گے تو تجمؔ کہہ دیں گے
تمہارے نقش قدم پر نثار کرتے ہیں

محمدؐ وآل محمدؐ کے نقشِ قدم پر خلد نثار کرنے کے لیے تجم صاحب نے بمقام کراچی بروز اتوار بتاریخ ۱۷رذی الحجہ ۱۳۹۵ھ مطابق ۲۱ردسمبر ۱۹۷۵ء بوقت ۹/۳۰ بجے صبح سفر آخرت اختیار کیا۔

غسل میت تجم صاحب کے اپنے مکان ہی پر ہوا۔ شام ۴ بجے کے قریب تجم صاحب کی میت امام بارگاہ رضویہ سوسائٹی میں لائی گئی جہاں نماز جنازہ پڑھی گئی۔ ۶ بجے کے قریب سخی حسن دربار کے قبرستان، واقع نارتھ ناظم آباد میں دفن کردیا گیا۔

شعرائے کراچی میں صرف فیضؔ بھرت پوری اور قمرؔ ہوشنگ آبادی جنازے میں شریک تھے۔ اس کے علاوہ دور اور قریب کے چند رشتے دار شریک جنازہ تھے۔ شفقؔ اکبرآبادی نے تلقین پڑھائی۔ میں اتفاق سے جنازے میں شریک ہوا، اس کو میں اپنی خوش قسمتی سمجھتا ہوں کہ ان کا آخری دیدار میں نے کیا۔ تیسرے دن سوئم کی مجلس تھی، مجلس رضویہ سوسائٹی کے امام باڑے میں ہوئی۔ مجلس علامہ عباس حیدر عابدی کو پڑھنا تھی، لیکن دیر ہوجانے کے سبب یہ ذمہ داری جاتے جاتے موصوف میرے سپرد کرگئے۔ میں نے تجم صاحب کی خدمات ادب اور مذہب پر تقریر کی اور مصائب میں ''کربل نگری'' ہندی نظم پڑھنے کے بعد سورہ فاتحہ پڑھوادیا۔ چہلم کی مجلس نہیں ہوئی اور اس کی ذمہ داری تجم صاحب کے ورثہ پر ہے۔ اور جہاں تک میں نے محسوس کیا ہے ان کے ورثہ نہایت غیر ذمہ داری اور تجم صاحب کی عظمتوں کی طرف سے لاپروا اشخاص ہیں۔ جو ہوا سو ہوا۔ اب ان کے ورثہ کا یہ فرض ہے کہ تجم صاحب کی قبر پر کم ازکم ایک پتھر ہی لگوادیں تاکہ نشان قبر تو رہ جائے۔ اس لیے کہ تجم صاحب کی قبر بھی غلط جگہ بنی۔ ایک ایسا قبرستان جہاں نہ مجلس ہوسکتی ہے اور نہ ماتم، کسی ایسے قبرستان میں قبر بنائی جاتی جہاں مومنین جاتے رہتے ہیں اور قبروں پر فاتحہ پڑھتے ہیں، تلاوت کلام پاک کرتے ہیں اور مجالس منعقد ہوتی ہیں، جیسے ''جنت البقیع'' کا قبرستان۔ یہ بھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے دل کو سمجھانے کے لیے اور آنے والی نسلوں کو نشان قبر بتانے کے لیے، ورنہ نجم صاحب کو یقین تھا کہ مجھے کہیں بھی موت آئے، ہماری خاک کے ذرّے نجف یا کربلا پہنچ جائیں گے:۔

تجم اڑا کر ہماری خاک کے ذرّے ہمیں
یا نجف لے جائیں گے یا کربلا لے جائیں گے

تجم صاحب کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا:۔

شاعر ہوں جن کا تجم وہ ہیں وجہ کائنات
ممکن ہے تا ابد مرا نام و نشاں رہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب کسریٰ منہاس

# شاعرِ اہلبیتؑ حضرت تجمّ آفندی

نام مرزا تجمل حسین، تخلص تجمّ، والد کا نام مرزا عاشق حسین بزمؔ آفندی ۱۸۹۲ء ۱۳۱۰ھ میں اکبر آباد (آگرہ) میں پیدا ہوئے۔ ان کا خاندان ترکستان سے ترک وطن کر کے پہلے فیض آباد آیا۔ پھر لکھنؤ اور آخر اکبر آباد (آگرہ) میں آکر بس گیا۔ تجمّ کی علمی استعداد خاصی تھی۔ عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں پر یکساں قدرت رکھتے تھے۔ شاعری میں اپنے والد ماجد حضرت بزمؔ آفندی کے شاگرد تھے۔ ان کے اجداد میں حضرت منیرؔ شکوہ آبادی مشہور زمانہ استاد تھے۔ تجمّ کے نانا آغا حسین آغاؔ اعلیٰ پایہ کے شاعر تھے، جو مرزا عنایت علی ماہؔ اور مرزا حاتم علی مہرؔ کے ہم صحبت وہم مشق رہے تھے۔ آغاؔ کے یہ دو شعر آج بھی زبانوں پر ہیں:

دیکھیں کہ کس طرح انہیں ہوتا نہیں اثر
لو آج نامہ لکھتے ہیں خونِ جگر سے ہم

کیوں دل جلوں کے لب پہ ہمیشہ فغاں نہ ہو
ممکن نہیں کہ آگ لگے اور دھواں نہ ہو

تجمّ آفندی منیرؔ شکوہ آبادی کے سلسلے کے نامور شاعر تھے۔ ان کے خاندان میں چار پشتوں سے شاعری کے چرچے تھے۔ ان کے صاحبزادے مسعودالحسن سہیلؔ بھی خوب شعر کہتے ہیں۔ ان کے خاندان میں جہاں شعرانہ ذوق کی فراوانی رہی ہے، وہاں مذہبی رجحانات بھی زیادہ پائے جاتے رہے ہیں۔ چنانچہ تجمّ کے مراثی، قصائد، رباعیات اور نوحہ جات ملک کے کونے کونے میں مشہور ہیں۔ ان کی معاشی زندگی کا آغاز محکمہ ریلوے یارڈ سے ہوا۔ اس محکمہ میں تیرہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

برس تک خدمات انجام دیں۔ چونکہ یہ ملازمت ان کی شاعرانہ طبیعت کے سراسر خلاف تھی، آخر کسی وجہ سے ملازمت سے استعفےٰ دے دیا۔ غالباً وہ ۱۹۰۷ء سے ۱۹۱۹ء تک مذکورہ ملازمت سے وابستہ رہے۔ اس کے بعد مختلف ذرائع سے معاشی ضروریات پوری ہوتی رہیں۔ آگرہ چونکہ ان کا آبائی وطن تھا اس لیے وہاں کے اخبارات اور رسائل میں ان کا کلام شائع ہوتا رہا۔ مثلاً شاعر، تاج اور پیمانہ میں ان کی نظمیں اور غزلیں کثرت سے چھپیں۔ زمانہ کانپور میں اور دوسرے چوٹی کے ماہناموں میں ان کا کلام شائع ہوتا رہا۔ آگرہ سے جب حیدرآباد جانا ہوا تو وہاں کی علمی صحبتوں میں ان کے جوہر کمال کو خوب پھلنے پھولنے کے مواقع میسر آئے۔ پرنس معظم جاہ شجیع ان کے تلامذہ میں شامل ہوگئے۔ شجیع صاحب نے ان کا وظیفہ -/300 روپے ماہوار مقرر کردیا۔ اور نجم نے ان کو تقریباً بیس برس اصلاح دی۔ ایک دفعہ شجیع نے ان کو کہا کہ ''یہ ٹکڑا غزل میں آجائے'' نجم صاحب نے جواباً عرض کیا '' کہ یہ بحر اس ٹکڑے کی متحمل نہیں ہوسکتی۔'' جس پر شجیع صاحب نے فرمایا کہ ''آپ کا اب بڑھاپا ہے'' آپ اب کچھ نہیں کہہ سکتے، چنانچہ اس بات پر نجم صاحب نے ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور خانہ نشین ہوگئے۔ آخری عمر میں حیدرآباد سے لاہور تشریف لائے اور پھر لاہور سے کراچی اور وہیں ۲۱ دسمبر ۱۹۷۵ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔ جنازے میں دس سے بھی کم افراد شریک تھے۔ ان کی وفات کی تشہیر نہیں کی گئی، اور کراچی کے کسی روزنامے کو اس نامور استاد کی وفات کی خبر شائع کرنے کے لیے نہیں بھیجی گئی۔ جس کا انتہائی افسوس ہے۔

نجم ایک کہنہ مشق اور قادرالکلام شاعر تھے۔ ان کی تصانیف کی تعداد تیس کے قریب ہے۔ لکھنؤ، حیدرآباد، لاہور اور دوسرے مقام کے کتب فروشوں نے ان کی مختلف تصانیف شائع کی ہیں، قصائد، مراثی، سلام، رباعی، نوحہ اور غزل سبھی کچھ انہوں نے کہا ہے۔ اور ہر صنفِ سخن میں شعر و ادب کے تقاضے پورے کیے ہیں۔ الفاظ کی بندش، محاورات کی برجستگی اور ان کا صحیح استعمال، انداز بیان میں دل کشی ان کے کلام کی جان ہیں۔ سوز و گداز اور رمزیت ان کے کلام کی خصوصیات میں سے ہیں۔ ان کی غزل بھی بڑی پُرکشش ہے۔ دل میں چونکہ درد ہے اس لیے صحیح جذبات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ اخلاق اور موعظت کے مضامین سے ان کا کلام خالی نہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصوف اور اخلاق دونوں طرح کے مضامین سے انہوں نے اپنے کلام کو سنوارا ہے۔ اخلاقی مضامین کی ادائیگی میں رمزیت سے وہ کام لیتے ہیں تو شعر کے محاسن میں چار چاند لگ جاتے ہیں۔ ان کے شاگردوں کی تعداد باون ہے۔ اپنے شاگردوں میں خاور نوری کو بہتر خیال کرتے ہیں۔ ان کی غزلیات کا دیوان ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ اس میں تقریباً تین سو غزلیں ہیں۔ پڑھنے کا انداز نرالا تھا۔ پاٹ دار آواز تھی اور مجمع پر چھا جاتے تھے۔

'فتح مبین' اور 'معراج فکر' شائع ہو چکے ہیں۔ فتح مبین تو نظامی پریس لکھنؤ میں طبع ہوا تھا، اور معراج فکر رضا کار بک ڈپو لاہور سے دستیاب ہو سکتا ہے۔ یہ دونوں مرثیے تجمّ کی استادی کا شاہکار ہیں۔ "معراج فکر" میں تو ان کی شاعری نقطۂ عروج کو پہنچی ہوئی ہے۔ اصناف سخن میں 'نوحہ' پر انہوں نے خاصی محنت کی ہے۔ اور آج ہر ماتمی جلوس میں ان کے نوحے پڑھے جاتے ہیں۔ ان کے نوحوں میں تبلیغی رنگ رچا بسا ہوا ہے جو سننے والوں کے دلوں پر ایک جاودانی اثر پیدا کرتا ہے۔ ان کے ایک نوحے کا مطلع ہے

مظلوم کا حق ہے ظالم پر، ہیں دونوں جہاں غمخواروں میں
شبیرؑ کا ماتم چاند میں ہے، شبیرؑ کا ماتم تاروں میں

اور یہ شعر ہے

آج اُس سے عبادت باقی ہے آج اس سے نمازیں قائم ہیں
کل ایک مصلےٰ بچھا تھا جو تیروں کی بوچھاروں میں

نہر علقمہ سے خطاب، نوحے کی شکل میں کیا گیا ہے۔ اس نظم کے اشعار سن کر پتھر دل بھی پانی ہو جاتے ہیں۔ مطلع ہے

پیاسا رہا جانِ نبیؐ اے وائے نہر علقمہ
اُٹھتی رہیں موجیں تری اے وائے نہر علقمہ

یہ نوحہ سوز و گداز سے پُر ہے۔ اور جب تک دنیا قائم رہے گی تجمّ کی یہ فریاد باقی رہے گی۔

تجمّ کی دیکھا دیکھی، چند دوسرے شعراء نے بھی تبلیغی نوحے لکھے ہیں۔ فضل لکھنوی ان میں پیش پیش ہیں۔ ان کے ایک نوحے کے دو شعر ملاحظہ ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ماتم کی صدا ٹکرا کے رہی، ہر آنکھ میں آنسو آ کے رہا  
روکا تو ہزاروں ہاتھوں نے شبیرؑ کا پرچم چھا کے رہا

دربارِ حسینیؑ ختم ہوا سرکارِ حسینیؑ باقی ہے  
یہ صبر و رضا کی منزل ہے جو کھو کے رہا وہ پا کے رہا

ارشاداتِ غم کے تینوں حصے مکتبۂ ناصری، گولہ گنج لکھنؤ نے شائع کیے تھے۔ ان میں قصائد، مختلف عنوانات پر نظمیں اور دل ہلا دینے والے نوحے شامل ہیں۔ آیاتِ ماتم، کربل نگری، جانِ کربلا، حسینیؑ سنسار، معرکۂ غم بھی مکتبۂ ناصری نے شائع کیے ہیں۔ ان کے سلاموں کا ایک مجموعہ "دارلسلام" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ یہ جدید طرز کے سلام ہیں۔ رباعیات کا مجموعہ حیدرآباد دکن سے شائع ہو چکا ہے۔ انہوں نے 'الکراز' کے نام سے ایک ماہنامہ بھی جاری کیا تھا۔ جو زیادہ دیر چل نہ سکا۔ ان کے ایک سلام اور ایک غزل کا نمونہ پیش کرتے ہیں تا کہ ان کے اسلوب بیان کا اندازہ ہو سکے۔

## سلام

چاند نے زہراؑ کے مستقبل کو درخشاں کر دیا  
قومیت کی روحِ آزادی کو جولاں کر دیا

جلوۂ شبیرؑ نے جنت بداماں کر دیا  
قسمت اس جنگل کی جس کو کوئے جاناں کر دیا

سینۂ یثرب سے نکلا کاروانِ دردِ دل  
کربلا کو سجدہ گاہِ درد و درماں کر دیا

اے حسینؑ ابنِ علیؑ اے کار سازِ حریت  
تو نے مرگ و زندگی دونوں کو آساں کر دیا

سر پہ کج رکھ کر ہجومِ غم میں تاجِ بے کسی  
ظلم کے آئین کو سر در گریباں کر دیا

درد کی قوت سے دنیا لرزہ براندام ہے  
بجلیاں ماتم میں بھر دیں غم کو طوفاں کر دیا

جھوٹ سے ٹکرا کے سچے بول شمع بن گئے  
ہر زبانِ گنگ کو شمشیرِ عریاں کر دیا

ڈھے گیا قصرِ امامت، ہل گئی بنیادِ ظلم  
کارگاہِ عیش کو خوابِ پریشاں کر دیا

اضطرابِ معنوی دے کر بنایا دل کو دل  
زندگی کو زندگی، انساں کو انساں کر دیا

نجم ہم نے مدحِ اہلبیتؑ کے ہر شعر میں  
فاضلِ طینت کی فطرت کو نمایاں کر دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# غزل

مِلی ہے موت بھی قسمت سے شاہکار مجھے
کہ تیز کرنی پڑی خود چھری کی دھار مجھے

خبر تو دل سے ملی ہے ہزار بار مجھے
کبھی تو میں بھی سنوں، اس طرح پکار مجھے

مظاہرے تو ہیں دونوں طرف محبت کے
نہ اعتبار اُنہیں ہے نہ اعتبار مجھے

کمالِ فن مرے دستِ طلب سے دور نہ تھا
مگر قبول نہ تھی شرطِ انکسار مجھے

خدا کا شکر ہے دشمن سے خود عوض نہ لیا
ملی تھی خیر سے توفیق انتظار مجھے

میں خود ہوں مطمئن اے نجم ادب کی خدمت سے
جگہ نہ دے کہیں تاریخ روزگار مجھے

شاعر اہلبیت حضرت نجم آفندی اعلی اللہ مقامہٗ نے شاعری کو تو چار چاند لگائے ہی ہیں۔ مرحوم نے نثر میں بھی اپنی طبع رسا کے جوہر دکھائے ہیں .....'شہیدوں کی باتیں' اور 'لغات المذہب' آپ کے دو نثری شاہکار ہیں، جن کی اشاعت کا شرف رضا کاربک ڈپو لاہور کو حاصل ہے۔ مذکورہ بالا دونوں کتابچے حجم میں تو کم ہیں لیکن افادیت کے لحاظ سے ان کا پلڑا بہت بھاری ہے۔

O

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر ریاض فاطمہ تشہیر

# علامہ تجم آفندی کی شخصیت اور فن

## (ڈاکٹر ریاض فاطمہ کی عمدہ تصنیف سے اقتباس)

شخصیت میں اپنے زعمِ بلندی سے مٹ گیا لیکن
کبھی نشانۂ احساس کمتری نہ بنا

فن کو فرد کی شخصیت سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ کوئی فنکار یا شاعر اپنے تجربات زندگی ہی اپنی تخلیقات میں بیان کرتا ہے۔ اس لیے تجم کے کلام کو سمجھنے کے لیے ان کی شاعری کو پرکھنے اور ان کی صحیح قدر و قیمت کے تعین کے لیے ان کا ماحول، معتقدات، معاشرہ اور زندگی کے نشیب و فراز کا سرسری جائزہ ضروری ہے۔

تجم کا قد، اگرچہ پستہ تھا، لیکن اکہرا بدن اور مضبوط کاٹھی تھی۔ سرخ و سفید رنگت۔ گول چہرہ جس پر سیاہ فریم کا چشمہ ان کے حُسن میں اضافہ کرتا۔ شیشوں سے جھانکتی ہوئی چمکدار آنکھیں جن میں سنجیدگی کے پوشیدہ خزانے، چہرے سے رعب و جلال ٹپکتا تھا، لیکن ہونٹوں پر مسکراہٹ بھی رہتی تھی۔

لباس کے معاملے میں تجم بہت سادگی پسند تھے۔ خالص مشرقی اصول کے حامی۔ حُب الوطنی کا جذبہ اتنا شدید کہ بدیسی ماحول کو ہاتھ نہیں لگایا۔ ہمیشہ کھادی کا کرتا، پاجامہ، پہنتے رہے۔ گھر سے باہر جانا ہوتا تو سفید یا بادامی رنگ کی شیروانی پہنتے تھے۔ سیاہ مخملی ٹوپی اور سیاہ کینوس کا جوتا استعمال کرتے۔ محرم میں سیاہ شیروانی پہنتے۔ گرم کپڑوں کا استعمال بہت کم کیا، گھر سے جب بھی باہر نکلتے تو ہاتھ میں چھڑی ضرور ہوتی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ فجر کی نماز کے ساتھ ہی چائے پیتے، ناشتے میں روغنی روٹی اور چائے، دوپہر میں چپاتی کھاتے تھے۔ رات کا کھانا جب تک نجم کے دربار سے وابستہ رہے، وہیں ہوتا تھا۔ چار بجے چائے پی کر نماز پڑھتے اور دربار کے لیے تیار ہو جاتے۔ ان کی خوراک اگرچہ کم تھی، تاہم چائے بہت شوق سے پیتے تھے اور وقت پر پیتے تھے۔

نجم وقت کے بہت پابند تھے اور یہی پابندی کھانے پینے کے معاملے میں بھی ملحوظ رکھتے تھے۔ مشاعروں اور ادبی محفلوں میں شرکت کے وقت بھی لوگ انہیں دیکھ کر اپنی گھڑی درست کر لیتے۔ اگر کسی مشاعرے کا وقت دو بجے دن کا ہوتا تو راستہ کا اندازہ کر کے نجم گھر سے روانہ ہو جاتے تاکہ ٹھیک وقت پر مقام مقررہ تک پہنچ جائیں۔ یہ ان کے مزاج کی سادگی اور اصول پر سختی سے عمل پیرا ہونے کا ثبوت تھا، اگرچہ وہ یہ بات اچھی طرح جانتے تھے کہ مشاعرے عموماً وقت پر شروع نہیں ہوتے پھر بھی وہ اپنی روش پر قائم رہے۔ آدابِ محفل کا انہیں بہت خیال تھا اور شاگردوں کو تاکیداً پابند کرتے کہ محفل میں اس وقت تک ٹھیرنا چاہیے جب تک کہ محفل برخواست نہ ہو۔ جب وہ خود صدر محفل یا صدر مشاعرہ ہوتے تو اس وقت لازماً اختتام محفل تک ٹھیرتے، لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا کہ کسی اور شاعر کی صدارت میں مشاعرہ ہوتا، تو ایسے وقت بھی نجم اختتام تک بیٹھتے اور شاگردوں کو بھی تاکید تھی کہ دوسرے شعرا کلام سنائیں تو اس وقت ہمہ تن گوش رہیں تاکہ وہ جو کچھ سنا رہا ہے توجہ سے سن سکیں۔ مشاعرے کے دوران اگر کوئی اُٹھ کر چلا جاتا تو بہت خفا ہوتے تھے۔

مشاعروں میں جب ان کے شاگرد کلام سناتے تو وہ داد نہیں دیتے تھے، بلکہ اگر کوئی شعر پسند آ جائے تو بس نظر اٹھا کر دیکھ لیتے یا ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ آ جاتی۔ بہت زیادہ تعریف کے قابل کوئی شعر ہوتا تو صرف ہاتھ آہستہ سے مخصوص انداز میں اٹھا دیتے، یہی تعریف ہوتی۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ داد دینے کے معاملے میں وہ کافی بخیل تھے، وہ اپنے ہم عصر شعرا اور اساتذۂ سخن کے کلام پر دل کھول کر داد دیتے تھے اور اس داد کے حق دار شہید یار جنگ، میر محمد علی مسرور، علامہ ناصر زیدپوری، کامل شطاری، حکیم آشفتہ اور قدر عریضی جیسے اساتذۂ فن ہی تھے۔

شعر گوئی کے لیے عموماً تنہائی کو پسند کرتے۔ گھر میں ہوتے تو دیوان خانے میں فرش پر

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بیٹھتے، سامنے قلمدان ہوتا۔ اگر کبھی شاگرد موجود رہتے اور شعر نازل ہوتا تو ایسے وقت میں خاموش ہو جاتے اور شاگردوں کی باتوں میں صرف ہوں ہاں کہہ کر حصہ لیتے۔ نجمؔ کے شاگرد راحت عزمی کا کہنا ہے کہ ایسے وقت ہم سمجھ جاتے کہ حضرت کی طبیعت شعر گوئی پر مائل ہے، چنانچہ ہم کچھ بہانہ بنا کر وہاں سے اٹھ جاتے تا کہ حضرت یکسوئی سے اپنا کلام لکھیں۔ جب شعر کہہ رہے ہوتے تو اس وقت کوئی شاگرد اصلاح کی غرض سے آجاتا تو کہہ دیتے ”رکھ دو ہم دیکھ لیں گے۔“ اگر کبھی دیوان خانے کا دروازہ بند رہتا تو شاگرد سمجھ جاتے کہ نجمؔ اس وقت شعر کہہ رہے ہوں گے۔

جس طرح وقت کے پابند تھے اسی طرح خط کا جواب بھی پابندی سے دیتے تھے۔ خط کا جواب نہ دینا بد اخلاقی سمجھتے تھے۔ اگرچہ ضعیفی کے باعث ہاتھ میں رعشہ آگیا تھا لیکن تحریر اچھی تھی جب تک خود لکھ سکتے تھے، خطوط لکھتے رہے، جب ہاتھ میں قلم پکڑنا بار ہوگیا تو کسی شاگرد سے لکھوایا کرتے لیکن دستخط اپنے ہاتھ سے کرتے۔

نجمؔ کی آواز بلند اور گرجدار تھی۔ شعر تحت میں پڑھتے اور جب کلام سناتے تو ایک ایک لفظ کو اس طرح ادا کرتے گویا لفظ خود بول رہا ہو۔ محفل ہمہ تن گوش رہتی اور پھر داد سے پوری محفل گونج اٹھتی۔

نجمؔ کی اصلاح کا طریقہ بھی انوکھا تھا۔ وہ کبھی شاگرد کے شعر میں ترمیم نہ کرتے بلکہ ایک آدھ لفظ بدل کر ہی شعر کو آسمان پر پہنچا دیتے۔ ساتھ ہی یہ خوبی بھی تھی کہ ہر شاگرد کے کلام میں اس کے ذوق طبع کے مطابق ہی اصلاح دیتے تھے۔ اپنا رنگ کبھی شاگرد کے کلام میں ظاہر نہیں کیا، یہی وجہ تھی کہ ان کے تقریباً تمام شاگرد اپنے رنگ میں ایک دوسرے سے مختلف و منفرد ہیں۔

اپنے شاگردوں سے انہیں بے حد پیار تھا۔ وہ انہیں اپنی اولاد کی طرح چاہتے تھے اور کہا کرتے کہ میرے شاگرد میرے بچے ہیں۔ یہ صرف زبان ہی سے نہیں کہتے بلکہ عملاً بھی انہیں اولاد کی طرح چاہا اور جس طرح ماں باپ اپنی اولاد کی نافرمانی اور گستاخیوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں، یہی رویہ نجمؔ کا بھی رہا۔ ساتھ ہی اپنے شاگردوں کی دلجوئی کا خیال بھی رہتا تھا۔

کراچی جانے سے قبل جونپور میں ایک طرحی مشاعرہ پڑھنے گئے۔ اس مشاعرے میں ان کی ملاقات بانو سید پوری کے شوہر ڈاکٹر ابوالحسن سے ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنا تعارف کروایا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور اصرار کیا کہ باتو نے انہیں یاد کیا ہے اور ملنے کے لیے بے چین ہے۔ چنانچہ وہ اپنی شاگرد سے ملنے جونپور سے کانپور چلے گئے۔

تجمّ بہت خود دار تھے۔ اگر چہ وہ ایک پرنس کے استاد تھے لیکن پرنس کے ساتھ بھی ان کا رویہ ایسا رہا جیسا کہ ایک استاد کا اپنے شاگرد کے ساتھ ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے اثر ورسوخ کا کبھی ناجائز فائدہ نہیں اٹھایا، اگر چہ پرنس مُعظّم نے انہیں ایک مکان کی پیشکش کی تھی جسے تجمّ نے قبول نہیں کیا اور جب تک حیدرآباد میں رہے، کرایہ کے مکان ہی میں رہے۔

تجمّ کے اجداد ترک سپاہی تھے۔ بیباکی اور جرأت بھی ان کے مزاج کا خاصہ تھی۔ حق گوئی میں کبھی پس وپیش نہیں کیا جس کے باعث اکثر اوقات خود ان کی ذات کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ لیکن اس نقصان پر بھی انہیں کبھی پچھتاوا نہیں رہا۔ اپنی اس خودداری کے نتیجے میں بالآخر انہیں دربار مُعظّم سے کنارہ کش بھی ہونا پڑا۔ ڈاکٹر جعفر رضا کے لڑکوں کے اتالیق مقرر ہوئے تو پرانی حویلی سے لنگم پلی تک پیدل جانا گوارا کیا لیکن اپنے اصول اور آن سے کبھی انحراف نہیں کیا۔

اپنی والدہ کی حیات میں تجمّ کبھی اپنی دوسری ماں سے ملنے نہیں گئے، نہ ہی کبھی اپنی بہن بانو پروین سے ملے۔ جب بزمؔ وہاں رہتے تو تجمّ ان سے ملنے وہاں جاتے اور صرف والد سے مل کر آجاتے۔ تجمّ کی کسی لڑکی کی پیدائش پر ان کی بہن آئیں تو اس کے بعد وہ بھی ان سے ملنے کے لیے ان کے گھر جانے لگے اور جب ان کے شوہر علی رضا کا انتقال ہوگیا تو بہن کو بلا کر اپنے ساتھ ہی رکھ لیا۔

تجمّ بہت حساس اور نرم دل انسان تھے۔ دوسروں کی تکلیف پر اس طرح تڑپ جاتے جیسے کہ یہ ان کی اپنی تکلیف ہو۔ کشمیر میں لوگ سیر وتفریح کے لیے جاتے ہیں۔ پرنس مُعظّم کے ساتھ تجمّ کو بھی ۱۹۴۱ء میں کشمیر جانے کا اتفاق ہوا۔ کشمیر کی حسین وادیوں نے ان کے دل پر جو اثر کیا، وہ اپنی جگہ، لیکن اس سے بڑھ کر جو چیز ان کے دل نازک پر اثر انداز ہوئی وہ کشمیریوں کی حالت زار تھی۔ یہ زمانہ کشمیر میں جہالت وافلاس کے عروج کا زمانہ تھا۔ چنانچہ یہ اشعار ان کی انسان دوستی کے مظہر ہیں۔

کشمیر میں کیا شام وسحر کی ہم نے
اک آہ کی جس سمت نظر کی ہم نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کانٹوں میں کسی کی یوں نہ گذری ہوگی
جس درد سے پھولوں میں بسر کی ہم نے

اصلاح قوم اور حقیقت پسندی ہمیشہ نجم کا شعار رہا۔ عشق رسولؐ اور آل رسولؐ سے سرشار تھے۔ ان کے کلام سے جابجا ان کی اس محبت کا اندازہ ہوتا ہے۔ مدح اہلبیتؑ پر آتے تو ایک دریا کی سی روانی ان کے کلام میں آجاتی۔ تاہم اپنے نظریات میں کبھی غلو نہیں کیا۔ سانحہ کربلا صدیوں سے موضوع شاعری رہا ہے۔ بین اور بکا پر اکثر شعرا نے اپنا زور قلم دکھایا۔ نجم کی شخصیت کو یہ اولیت حاصل ہے کہ وہ پیغام حسینیؑ کو اپنے کلام کے ذریعہ لوگوں تک پہنچاتے رہے اور اسوۂ حسنہ کی پیروی کا درس دیا۔ نجم کے نزدیک مذہب ہی وہ سچا راستہ ہے جس پر چل کر قوم اپنی حالت سدھار سکتی ہے، ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتی ہے۔ لیکن آج انسان اس حقیقت سے بے خبر ہوتا جارہا ہے اس پر انہیں افسوس کے ساتھ حیرت بھی ہے، اس لیے قدم قدم پر اپنے پیغامات کے ذریعہ قوم کو بیدار کرتے رہے۔

کس طرح بدل گیا یہ معیارِ حیات
کیوں سرد ہوئی گرمیِ بازارِ حیات
جس قوم نے سر کی نجم کرب و بلا
اس قوم میں ملتے نہیں آثارِ حیات

انسان کی عظمت کے نگہبان بھی ہو
مسلم ہو سلامتی کا عنوان بھی ہو
اسلام پیامِ امن ہے یاد رہے
سُنّی ہو کہ شیعہ ہو مسلمان بھی ہو

نجم آفندی ایک پُرگو شاعر تھے۔ تقریباً ۶۵ سال تک اردو شعر وادب کی خدمت کی۔ ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی اور لاکھوں اشعار کی تعداد میں اپنا سرمایہ شعری، اپنی یادگار چھوڑا ہے جو ہندوپاک بلکہ سارے عالم میں بکھرا پڑا ہے۔ عمر کے آخری ایام تک بھی جوش، ولولہ اور اردو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے محبت کا جذبہ کم نہ ہوا۔

قادرالکلام شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ نجم شاعر گر بھی تھے۔ ان کے شاگردوں کی تعداد بھی تقریباً ڈیڑھ سو (۱۵۰) رہی ہوگی جس کا ذکر خود نجم نے کیا تھا اور آج ان میں بہت سے ایسے ہیں جو خود استادی کے درجہ پر فائز ہیں۔ نجم کی شعری تخلیقات میں رُباعیات، قطعات، سلام، مرثیہ، نوحہ، قصیدہ، غزل اور نظمیں شامل ہیں۔ ادبی اور مذہبی مضامین، ناول، غرض ہر شے موجود ہے۔ ان کے منتخب کلام سے پہلے ان اصناف شعری کا سرسری جائزہ بھی ضرور ہے جن پر نجم نے طبع آزمائی کی اور نئی راہیں تلاش کی ہیں۔

**رباعی:** رباعی کے معنی چار مصرعہ والی نظم ہیں۔ اس کا پہلا دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے جب کہ تیسرا مصرعہ مختلف القافیہ ہوتا ہے۔ اردو کی دوسری اصناف سخن کی طرح رباعی بھی فارسی کے زیر اثر اردو میں رائج ہوئی لیکن رباعی سے ملتی جلتی صنف ہندوستانی زبان میں بھی دو بیتی یا ترانہ کی شکل میں رائج تھی۔ دیگر اصناف سخن کی طرح رباعی کے لیے متفرق بحروں کا استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ بلکہ بحر ہزج ہی رباعی کے لیے مختص ہے۔ اس کے ۲۴ اوزان ہی رباعی کے لیے برتے جاتے رہے ہیں۔ مضامین عموماً داخلی ہوتے ہیں، اخلاقی اور حکیمانہ نکات، تمدنی اور مذہبی موضوعات اس میں نظم کیے جاتے ہیں۔ تخیل کی بلندی ضروری ہے۔ چار مصرعوں میں ارتقائی کیفیت اس انداز سے ہو کہ چوتھے مصرعہ میں خیال اپنے کمال کو پہنچے۔

نجم نے ہر موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ ان کی رباعیوں میں حمدیہ، نعتیہ، منقبتی، رثائی، اخلاقی، فلسفیانہ، حکیمانہ ہر قسم کے مضامین ملتے ہیں۔ نجم نے رباعیات میں اپنی زندگی اور اپنے عہد کو مقید کیا ہے۔

نجم کی غزل کے مطالعہ کے وقت جب ان کی رباعیات کا مطالعہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ نجم کی فکر غزل کے ساتھ فن رباعی میں بھی کس قدر گہرائی اور گیرائی رکھتی ہے۔ وہ ایک ایسے شاعر تھے جس نے فن سے بھی گہرا ربط رکھا، اور مواد کو بھی وسعت دی۔ یہ قادرالکلامی کے بغیر کسی شاعر سے ممکن نہیں۔

اخلاص کا زور آزما سکتے ہو
فولاد کے دل میں بھی سما سکتے ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتے رہو نیکی جو بدی کے بدلے
دشمن کو بھی تم دوست بنا سکتے ہو

بھارت ہے چمن، جانِ چمن ہیں ہم لوگ
کیا قابلِ شرطِ زیب وطن ہیں ہم لوگ
آپس میں بھی مول تول ہوتا ہے کہیں
اس دیس کے انمول رتن ہیں ہم لوگ

**نوحہ:** نوحہ کے معنی بین کرنا اور رونا ہیں۔ مرثیہ کے ساتھ ہی نوحہ کا بھی آغاز ہوا۔ نوحہ عربی لفظ ہے جس کے معنی ہیں بین کرنا اور رونا۔ عرب میں یہ طریقہ رائج تھا کہ بڑے آدمیوں کی موت پر عورتیں جمع ہو کر نوحہ کرتی تھیں۔ نوحہ کی قدامت کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ عربی میں متمم بن نویرہ اور خنسا کے مرثیوں کو اولیت حاصل ہے۔ ان مرثیوں کے آخری حصہ میں شدت جذبات میں جو گریہ و بکا کے اشعار ملتے ہیں، وہی نوحے کی ذیل میں آتے ہیں۔ یہ بتانا مشکل ہے کہ فارسی میں نوحہ کو جداگانہ صنف سخن کی حیثیت کب حاصل ہوئی، تاہم اتنا ضروری ہے کہ ''رثا'' کی ذیل میں جو نوحے لکھے گئے ہیں، ان میں درد والم کی چاشنی کے ساتھ ساتھ ادبیت بھی ملتی ہے۔ اردو نوحے کے اولین نمونے قطب شاہی دور میں ملتے ہیں۔ نوحہ میں عہد بہ عہد ترقی ہوتی رہی۔ ابتدائی دور میں زبان کی سادگی، بیہیہ اور مبکی طرز بیان ملتا ہے۔ لیکن انقلاب زمانہ کے اثر سے کوئی شے محفوظ نہیں، اس لیے نوحہ کی زبان میں ادبیت آ گئی۔

انیسویں صدی کی آخری دہائیوں اور بیسویں صدی کے ربع اول میں جو نوحے لکھے گئے وہ زیادہ تر روایات پر مبنی ہوتے۔ اپنے کلام میں اثر پیدا کرنے بعض شعرا روایات میں غلو کر جاتے۔ نجم نے نوحہ میں اصلاحی رجحان پیش کیا اور حسینیت اور کردار حسینؑ کی تصویر کشی پُر اثر اور کامیاب انداز میں پیش کی ہے۔

سر فروشانِ وفا کی تھیں نگاہیں دیدنی
اٹھ گیا تھا کون سا پردہ شب عاشور کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دو طفل دس ہزار جوانوں سے لڑ گئے
تیروں سے خنجروں سے سنانوں سے لڑ گئے

کیا کیا لڑے ہیں گیسوؤں والوں کو دیکھنا
بنتِ علیؑ کی گود کے پالوں کو دیکھنا

اب فرات پہ عباسؑ کی وفا دیکھو
کہ تشنگی بھی تھی پانی بھی تھا پیا نہ گیا

نجم نے اپنی شاعری کے ذریعہ امام حسینؑ کے پیغام عمل اور جدوجہد کو عام کیا، درد وغم کی فضا برقرار رکھی، یہ ان کی فنکارانہ عظمت کی دلیل ہے۔ نجم نے اردو کے ساتھ ہندی زبان میں بھی نوحے کہے ہیں۔ مجبوری ونا امیدی، حزن وملال، بے چارگی اور نا امیدی کے بیانات کے بجائے نجم کے کلام میں عزم واستقلال، طوفانوں اور چٹانوں سے ٹکرانے کا حوصلہ ملتا ہے۔

بڑھا تھا کفر کہ اسلام کا نشاں نہ رہے
تڑپ کے روک لیا دل پہ وار کیا کہنا
مارے گئے ست کی سیوا میں دھنیا در ہے ایشر بھگتوں کو
مکھڑوں پہ لہو کی سرخی سے بڑھ چڑھ کے خوشی کی لالی تھی
سنسار کو سچ کی شکتی سے گھر بار لٹا کر موہ لیا
سودا ہے ذرا اک جوکھم کا جو کھوئے گا سو پائے گا

**سلام:** سلام وہ منظوم نذرانۂ عقیدت ہے جس میں حضور رسول اکرمؐ، حضرت علیؑ ابن ابی طالب اور ائمہ طاہرین اور اہلبیت اطہار کے کارنامے بیان کئے جاتے ہیں۔ امام حسینؑ اور آپ کے اعزہ وانصار کی شجاعت اور شہادت کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ فارسی ادب کے جائزہ سے پتہ چلتا ہے کہ ایران میں سلام گوئی کا رواج بہت کم رہا لیکن ہندوستانی شعرا نے فارسی میں سلام لکھے، تاہم اردو نے سلام گوئی کو مستقل صنفِ سخن کا درجہ عطا کیا۔ دکن میں جو ابتدائی دور کے مرثیے ملتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں ان کی ہیئت غزل کی ہے اور سلام بھی غزل ہی کی ہیئت میں لکھا جاتا رہا لیکن موضوع کے اعتبار سے سلام اور مرثیہ میں بنیادی فرق یہ ہے کہ جس کلام کی ردیف میں سلام علیک، سلام مجرئی مرحبا یا صلواۃ جیسے الفاظ ہوں، وہ سلام ہے اور اس سے جدا صنف مرثیہ۔ اُس زمانے کا سلام حقیقی معنی میں سلام ہی ہوا کرتا۔ شاعر اپنی طرف سے معصومین علیہم السلام کی خدمت میں نذرانہ عقیدت و ہدیہ درود تہنیت پیش کرتا تھا۔

انیس و دبیر نے اپنے مخصوص لب ولہجہ میں سلام کو زیادہ تابدار بنادیا۔ منقبتی اور اخلاقی مضامین کو مدحیہ انداز میں پیش کر کے نئی روش کی بنیاد ڈالی، اس صنف کو ترقی کی ان منزلوں پر پہنچا دیا کہ اب اس میں مزید ترقی کی گنجائش باقی نہ رہی۔ نجم آفندی کی جدت پسندانہ طبعیت سلام کے میدان میں بھی اپنی فکر کے جوہر دکھاتی رہی اور سلام کو بیسوں صدی میں عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا۔ یقیناً نجم وہ پہلے شاعر ہیں جس نے واقعات کربلا کو پس منظر میں رکھتے ہوئے عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق سلام کے مضامین استعمال کئے ہیں۔ امام عالی مقام اور آپ کے انصار کی بے مثال قربانیاں، ان کے عزم و استقلال کو نجم نے جامعیت کے ساتھ پیش کیا ہے تا کہ مایوس و نا اُمید مصیبت زدہ مسلمانوں کے دل میں احساس بیداری پیدا ہو، اپنے حق کے لیے لڑنے کی امنگ اور حوصلہ پیدا ہو۔ بعد میں ان کے اس انداز کو دیگر شعراء نے بھی اپنایا ہے لیکن اولیت کا شرف نجم ہی کو حاصل ہے۔

ہے علی کی مِلک میں قرآن بھی شمشیر بھی
قائل قولِ "سلونی" بھی ہے خیبر گیر بھی

ملتی نہیں جہاں میں علی کی مثال بھی
ہم نے تو یہ سنا تھا خدا بے مثال ہے

قدم ہٹیں گے نہ انصارِ حق کے میداں سے
حسین پرورشِ کوہسار کرتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسینؑ راز حیات آشکار کرتے ہیں
ہر اختیار پہ موت اختیار کرتے ہیں

**مرثیہ:** اردو شاعری کی پانچ سوسالہ میراث ہے۔ اردو مرثیہ کا آغاز دکن میں ہوا، پھر مرثیہ دکن سے شمالی ہند پہنچا۔ بعض نقادانِ فن یہ سمجھتے ہیں کہ مرثیہ عربی زبان سے دنیا میں رواج پایا، بعض دیگر اصناف سخن کی طرح مرثیہ کو بھی فارسی شاعری کی دین سمجھتے ہیں لیکن مرثیہ اردو زبان کی دین ہے۔ آفاقی شاعری میں اردو زبان کی جانب سے ایک پائیدار، جان دار اور نئی صنف سخن کا حسین وجمیل اضافہ ایسے وقت میں ہوا، جب کہ اردو شاعری غزل کی رنگینوں سے سبک تر ہوتی جارہی تھی۔ میر انیس و مرزا دبیر کے فنکارانہ ہاتھوں نے اسے سنبھال دیا۔ مرثیے کو ماہرانہ انداز میں نکھارا اور اسے جلا بخشی۔ انیسؔ و دبیرؔ نے صنف مرثیہ کو اس انداز سے نکھارا تھا کہ اس میں مزید تبدیلی یا تغیر کی ضرورت باقی نہ رہی۔ انیسؔ نے جزئیات نگاری اور منظر کشی، اس انداز سے کی کہ اس فن میں ان کا کوئی ثانی نظر نہیں آتا، ساتھ ہی صاف ستھری زبان اور مخصوص طرز ادا، جو ان کا خاندانی ورثہ ہے، انیسؔ کا خاص جوہر ہے۔ اسی طرح دبیرؔ کو زبان وبیان پر بڑا عبور حاصل تھا۔ صنعتوں کا استعمال دبیر کے پاس انوکھے انداز میں ملتا ہے۔ دبیرؔ کے کلام کی لفظی خصوصیات میں صنائع، شکوہ الفاظ، تخلیقی مضامین، معنی آفرینی کی موجودگی سے اندازہ ہوتا ہے کہ مدحیہ فضاء کو بھی برتا ہے۔ انیسؔ ودبیرؔ کے مرثیوں کی گونج سارے ہندوستان میں تھی اور ان کے نقش قدم پر چلنے والوں میں دوطرز کے لکھنے والے پیدا ہوئے، ایک گروہ ان شعرا کا تھا جو بزرگوں کی مقرر کردہ روش کو اپنائے ہوئے تھے اور ایک گروہ ایسا بھی ملتا ہے جس نے روایت کی پابندی سے انحراف کیا اور رثائی شاعری میں تبلیغی انداز کو اپنایا۔ اس گروہ میں تجمل آفندی بھی شامل ہیں۔ تجمل نے رثائی ادب میں فکری اور تبلیغی رنگ کو اپنایا ہے، ساتھ ہی رثائیت کو بھی برقرار رکھا۔

نظم جہاں بدلنے کا عنوان مرحبا
اسلام کی نجات کا سامان مرحبا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انساں صداقتوں کا نگہبان مرحبا
بندہ خدا کی راہ میں بے جان مرحبا
اپنے اصول چھوڑ گیا غور کے لیے
اس کا پیام ایک ہے ہر دور کے لیے

---

کس درجہ دردناک تھا وہ وقت وہ مقام
خاموش فرطِ غم سے تھے اہل حرم تمام
غیرت سے بیکسوں کو نہ تھی طاقت کلام
بے رحم کر رہے تھے اسیری کا اہتمام
آواز تھی بلند سکینہؑ کے بین کی
مقتل میں ہو رہی تھی یہ مجلس حسینؑ کی

**قصیدہ:** بیشتر اصناف شاعری عربی اور فارسی سے اردو میں رواج پائی ہیں۔ قصیدہ بھی ان ہی میں سے ایک ہے۔ قصیدے کے لغوی معنی "گاڑھے مغز" کے ہیں۔ ان اشعار میں دقیق مضامین تمام تر زورطبعیت کے ساتھ لکھے جاتے ہیں۔ اس لیے ان کو قصیدہ کہتے ہیں۔ اصطلاحی معنی میں قصیدہ وہ نظم ہے جس کے پہلے دو مصرعہ ہم قافیہ ہوں اور مسلسل نظم کا مصرعہ ثانی بھی اسی قافیہ میں نظم کیا جائے۔ اس کے موضوعات میں تعریف وتوصیف، وعظ ونصیحت، مدح وذم یا مختلف کیفیات وحالات کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اشعار کی تعداد کم ازکم ہو۔ زیادہ کی کوئی حد مقرر نہیں۔ قصیدہ گو کے لیے اجزائے قصیدہ کی پابندی لازمی ہے۔ تشبیب، گریز، مدح یا ہجوم، دعا، خاتمہ۔

**اقسام قصیدہ:** مدحیہ، ہجویہ، بیانیہ، وعظیہ۔ نظم کی طرح قصیدے کے عنوانات بھی لکھے گئے ہیں۔ جدید شعرا نے زیادہ تر اس کی پابندی کی ہے، چنانچہ عزیز لکھنوی نے "شمع حرم" اور اسمعیل میرٹھی نے "جریدۂ عبرت" کے عنوان دیئے ہیں۔ تشبیب کے اعتبار سے قصیدوں کی درجہ بندی کی گئی تو بہار کے ذکر پہ "بہاریہ" واردات قلبی کا ذکر ہو تو "عشقیہ"۔ زمانے کے حالات کا تذکرہ کیا تو "حالیہ" اور شاعر نے اپنے کمالات اور بڑائی کا ذکر کیا تو "فخریہ" قصیدے کہے گئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تجمّل کے تمام تر قصیدے مدحیہ ہیں جو حضور سرورِ کائنات اور ائمہ اطہار کی شان میں کہے گئے ہیں۔ تجمّل نے اس بات کا خاص اہتمام کیا ہے کہ قصیدے کی جو روایات ہیں، ان کی پوری طرح پابندی کی جائے۔ بلندیٔ فکر، طرزِ ادا، زورِ بیان، مضمون آفرینی، صنائع بدائع کے مشتاقانہ برتاؤ سے تجمّل کی قادرالکلامی اور پختگی ظاہر ہوتی ہے۔ ان کے قصیدوں کی زمین شگفتہ ہے۔ وہ سنگلاخ زمینوں میں نہیں الجھتے، لیکن بحر کی حد تک تجمّل کے قصیدوں میں اجتہاد ملتا ہے۔

چہرۂ مہروش ہے ایک سنبلِ مشک فام دو
حُسنِ بتاں کے دور میں ہے سحر ایک شام دو
اور بڑھیں گی زینتیں گلشنِ روزگار کی
حُسنِ ازل کو فکر ہے تکملۂ بہار کی
حُسنِ ازل تھا فقط غیرتِ صد انجمن
آپ تماشائی تھا آپ ہی جلوہ فگن
نمودِ عالم ہو تھی فضائے تیرہ و تار
نہاں تھے کتمِ عدم میں چراغ و شمع و شرار

**غزل:** غزل اردو شاعری کی مقبول ترین صنفِ سخن ہے۔ نظم کی طرح غزل میں شاعر کو یہ آزادیٔ فکر نہیں کہ وہ اپنے خیالات کو مبسوط اور مسلسل نظم کرتا چلا جائے۔ اردو شاعری کی پسندیدہ صنفِ سخن غزل میں محمد قلی سے لے کر حالی کے دور تک ہر شاعر نے اس صنف کی اہمیت کو مانا ہے تاہم حالی کا خیال تھا کہ شعرا غزل گوئی میں مبالغہ آرائی، حسن و عشق کی داستان، ساقی اور بزم، نشاط کے تذکرے، ہجر و فراق کے قصے بیان کر کے اپنا جی بہلاتے ہیں۔ اگر شاعر چاہے تو اپنے زورِ کلام اور اشعار کے ذریعہ بے حس اور سوئی ہوئی قوم کو جگا سکتا ہے، چنانچہ سرسید، محمد حسین آزاد اور حالی نے موضوعاتی مشاعروں کو رواج دیا اور نظم کے عنوان دیئے جاتے جس پر شعراء اپنا زورِ سخن دکھاتے۔ ان حالات میں کچھ عرصے کے لیے غزل کی روشنی مدھم ضرور ہوئی، تاہم ''آبروئے شاعری'' غزل کا خطاب ہر دور میں برقرار رہا۔ فن کو فرد کی شخصیت سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ شاعر اور فنکار اپنے تجربات زندگی ہی اپنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فن پارے میں پیش کرتا ہے۔ چنانچہ تحریک آزادی کے ساتھ ساتھ غزل کے موضوعات بھی بدلے۔ اب حسن وعشق کے تذکرے، گل وبلبل کی داستان اور ساقی و میخانے کے تذکرے تو موضوع غزل بنتے رہے لیکن ان کے معنی و مطالب بدلتے گئے اور غزل حالات حاضرہ کا پرتو بنتی گئی۔

آپ گھبرائیں نہیں نظروں کو دھوکا ہوگیا
ایک ہی صورت کے ہوں گے میرا قاتل اور آپ
(ثاقب)

زور ہی کیا تھا جفائے باغباں دیکھا کیے
آشیاں اجڑا کیا ہم ناتواں دیکھا کیے
(صفی)

باغباں نے آگ دی جب آشیانے کو مرے
جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے
(یاس)

تری خدائی میں ہوتی ہے ہر سحر کی شام
الٰہی میری سحر کی بھی شام ہوجائے
(اصغر)

تجم جیسے حساس دل شاعر نے اس کوچہ میں قدم رکھا تو غزل کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ تبلیغی اور اصلاحی موضوعات میں ایسے گوشے نکالے کہ ان کی روش اختیار کرکے شاعروں کا ایک کارواں بن گیا۔

غرور بندگی و ہوش بندگی کب تک
جبیں سے سجدۂ مستانہ وار پیدا کر
کسی نے بے تکلف بڑھ کے قبضہ کرلیا اپنا
کوئی کہتا رہا یہ میری خاطر جام آتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاں نثاروں نے ترے کردیئے جنگل آباد
خاک اُڑتی تھی شہیدانِ وفا سے پہلے

بجلیوں کی شوخیوں کو ایک مصرف چاہیے
آپ کا عشرت کدہ ہے میرے ویرانے کے بعد

پاؤں سے ان کے نکلتے ہوئے دیکھی ہے زمیں
ہاتھ سے رکھ بھی نہ پائے تھے جو پیمانے کو

ان کا یہ مفکرانہ انداز غزل کے سانچے میں ڈھل کر ابدی صداقت بن جاتا ہے، ایک ایسی صداقت جس میں نئی دنیا تعمیر کرنے کا حوصلہ ملتا ہے۔غزل کی حد تک نجم جذبات کے شاعر نہیں بلکہ تخیل کو جذبہ کا پیکر دے کر اس میں تاثر پیدا کرتے ہیں جس سے ان کے اشعار میں ایک نئی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے، جو جذبات کو برانگیختہ نہیں کرتی بلکہ ان کی تہذیب کرتی ہے۔

نہ جانے کس کو پکارا تھا اس کی رحمت نے
تڑپ کے میں نے صدا دی گناہگار آیا

کچھ ایسے نقش مری خستگی نے چھوڑے ہیں
غرورِ حسن بھی تھرا گیا جدھر دیکھا

اک مشت خاک ہی سہی نسبت تو دیکھئے
کونین میں مقامِ بشر ہے خدا کے بعد

نجم نے زندگی کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ انہیں سامراجی شکست وریخت کا بخوبی اندازہ تھا۔قدم قدم پر انہیں انسانیت کی پامالی کے منظر بھی بے چین کردیتے تھے۔اس لیے ان کے کلام میں ادب واخلاق،قربانی اور انسان دوستی کا ذکر اکثر جگہ ملتا ہے۔ان کی ساری زندگی معاشی پریشانی، رشتہ داروں کی بے اعتنائی، احباب کی ستم ظریفی اور ظلم وستم سہتے گذاری۔''خود داریِ مزاج'' سے درباری زندگی میں بھی تلخ تجربے ہوئے، یہی سبب ہے کہ ان کے اشعار میں دردوغم کی کسک ہے لیکن فانی کی سی قنوطیت نہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی زمیں کو کبھی آسماں بنالوں گا
زمیں کو چھوڑ کے اب آسماں پہ جاؤں کیا
یہ گت بنا کے جاؤں میں کیا اس کے سامنے
تخلیق کائنات پہ جس کو غرور تھا
دردِ دل اپنا کوئی افسانہ باطل نہ تھا
ہم نے چپ سادھی نگاہِ اہلِ عالم دیکھ کر
خاک ہوکر ہم نشیں اکسیر ہونا ہے مجھے
کیا کہیں راحت ملے گی خاک ہوجانے کے بعد

اردو غزل کی تاریخ نے نجم کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ شاید اس کا سبب یہ رہا کہ رثائی شاعری ان کی ذات سے اس طرح وابستہ و پیوستہ ہوگئی کہ نجم کے معنی نوحہ و سلام، اور نوحہ و سلام کے معنی نجم آفندی سمجھا جاتا تھا۔ خود نجم نے بھی یہی چیز اپنے لیے باعث صد افتخار سمجھی اور غزل نظم اور قصیدے میں جو ان کے اجتہاد اور اکتسابات ہیں، ان کی طرف نہ تو کسی کو متوجہ کیا، نہ خود توجہ دی۔ اسی سبب ان کی غزلیات کا مجموعہ بھی شائع نہ ہوسکا۔

نجم فطرتاً غزل کے شاعر تھے لیکن ''شاعرِ اہلبیت'' کا خطاب پا کر اپنی زندگی مدحتِ اہلبیت کے لیے وقف کردی تو غزل کی طرف زیادہ توجہ نہ دی، اگر چہ ابتدا ہی سے انہیں مشاعرے منعقد کرنے کا شوق رہا ہے۔ یقیناً بے شمار غزلیں کہی ہوں گی لیکن نہ انہیں محفوظ رکھا نہ شائع کیا۔ ان کی اسی لاپروائی کی وجہ سے ان کا بہت سارا کلام یا تو ضائع ہوگیا یا کسی اور شاعر کے نام سے منسوب ہوگیا۔

**نظم**: اردو شاعری میں نظم ایک ایسی صنف سخن ہے جس میں موضوعاتی شاعری کی جاتی ہے۔ کسی خاص موضوع پر شاعر اپنے خیالات اور تجربات مسلسل و مربوط نظم کرتا ہے۔ مضامین اخلاقی بھی ہوسکتے ہیں، سماجی اور تاریخی بھی۔ موضوع کی قید نہیں، نہ ہیئتی اعتبار سے کوئی تخصیص ہے کہ نظم صرف دو بیتی ہو یا مربع مخمس یا مسدس۔ ردیف و قافیہ کی پابندی ضروری ہے۔ ابتداء سے نظم کے لیے مختلف ہیئتیں استعمال کی جاتی رہیں۔ پہلی مرتبہ سرسید اور حالی نے نظم کے عنوان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقرر کر کے مشاعروں کا آغاز کیا۔ ۱۸۵۷ء میں غدر کے ہنگاموں کے بعد کرنل ہالرائڈ کے زیر قیادت ''انجمن پنجاب'' کی بنیاد ڈالی۔ سرسید، حالؔی اور محمد حسین آزادؔ وغیرہ نے موضوعاتی مشاعروں کا آغاز کیا۔ اس طرح اصلاحی نظم نگاری کا آغاز ہوا۔ جب حالؔی نے اپنا مسدس ''مدوجزرِ اسلام'' لکھا تو اس کی کافی شہرت ہوئی۔ اس کے ساتھ ہی موضوعاتی نظموں کا رواج چل پڑا جو اصلاح معاشرہ میں کافی مددگار ثابت ہوا۔

نجمؔ آفندی کی نظم نگاری کا آغاز بھی شیعہ کانفرنس کے پلیٹ فارم سے لکھنؤ میں ہوا جہاں ان کی نظم ''دریتیم'' کو کافی مقبولیت ملی۔ کانفرنس کے آٹھویں اجلاس میں جو ۱۹۱۵ء میں ۱۵ تا ۱۷ اکتوبر منعقد ہوا، نجمؔ کی اس نظم کو بار بار سنا گیا اور آخر میں اس کا نیلام ہوا۔ ہر بولی دہندہ نے اپنی بولی کی رقم جمع کروائی۔ اس طرح ۵۶۵۰ روپے شیعہ یتیم خانہ کو دیے گئے۔

شاعر کی حیثیت سے اکبرآباد سے مشہور شاعر نجمؔ کی شہرت سارے ہندوستان میں پھیل گئی۔ یہ نظم ''پھولوں کا ہار'' میں شامل ہے۔ یہ مجموعہ کلام ۱۹۱۷ء میں آگرہ سے شائع ہوا جس میں ۱۶ رباعیاں، ۲۲ نظمیں، ۲۰ قصیدے اور ایک شخصی مرثیہ شامل ہے۔ اس مجموعہ کلام میں ایک نظم ''کسان'' کے عنوان سے ملتی ہے۔

یہ نظم اس اعتبار سے بہت اہم ہے کہ ''ترقی پسند تحریک'' سے بہت پہلے بلکہ انقلاب روس سے بھی کچھ پہلے نجمؔ نے اردو شاعری کو محنت کش طبقہ کی طرف متوجہ کیا اور وہ ''کسان'' اور ''مزدور'' جو بعد کے دور میں نعرہ بن گئے، نجمؔ کے لیے بہت پہلے قابل توجہ تھے۔ ان کی شخصیت کا اعتراف کرتے ہوئے کسان کا پیکر نہیں تراشا بلکہ اس کی صفات پیش کی ہیں۔ اگرچہ اقبالؔ کے کلام میں دہقان کا تذکرہ ہے تو جوشؔ نے ''کسان'' میں محنت کش طبقہ کی زندگی کا نقشہ کھینچا ہے۔ تاہم اولیت نجمؔ آفندی کو حاصل ہے۔ جس نے سب سے پہلے کسان کو بحیثیت ''موضوع شعری'' روشناس کروایا، اسے تاریخ ادب نے یکسر فراموش کر دیا۔ اقبالؔ کی وہ نظمیں جو ۱۹۲۱ء کے بعد لکھی گئیں، ان میں لفظ دہقان استعمال کیا ہے، جب کہ جوشؔ نے ۱۹۲۸ء میں ''کسان'' پر مستقل نظم لکھی۔ یہ تاریخ کی ستم ظریفی نہیں تو اور کیا ہے کہ وہ تاج اولیت جو نجمؔ کے سر پر ہونا چاہیے تھا، دوسروں کے حصہ میں آیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے حیاتِ نوعِ انسانی تری ہستی کا راز
کچھ خبر بھی ہے تجھے او بھولے بھالے بے زباں
ہے ترا مرہونِ منت بادشاہ ہو یا گدا
ہے ترا ممنونِ احساں پیر ہو یا نوجواں
تیرا طرزِ زندگانی ہے تصنع سے بری
تیری باتوں میں نہیں مطلق بناوٹ کا نشاں
تجھ کو الفت ہے مویشی سے بھی بچوں کی طرح
دہر میں قائم ہے تیری ذات سے امن و اماں

اک اور مجموعہ کلام ''ستارے'' میں نجم نے ''کسان کی فریاد'' اور ''مزدور کی آواز'' بچوں کے لیے لکھی ہے۔ نجم اس حقیقت سے باخبر تھے کہ آج کے بچے ہی کل قوم کے معمار ہوں گے۔ اس لیے بچپن سے ان کی ذہنی تربیت کرنا چاہیے۔ ''ستارے'' میں شامل نظمیں بچوں کے لیے لکھی گئی تاریخی، سائنسی، اور معلوماتی نظمیں ہیں۔ یہ بات یقیناً قابل غور ہے کہ نجم جیسے شاعر نے کس طرح بچوں کی سطح پر آکر ان ہی کے معیار کے مطابق دلچسپ آسان اور جلد سمجھ میں آنے والے انداز میں ہر بات کہی ہے۔ نجم کو اپنے وطن ہندوستان سے بے پناہ محبت تھی جس کا اندازہ ہر جگہ ان کے اشعار سے کیا جاسکتا ہے۔ ''ہندوستان'' ''ہندوستان کا معصوم بچہ'' ''ہندوستان کی لڑکی'' ان سب میں نجم کی وطن سے محبت کا احساس ملتا ہے۔

میں اک اک ہند کے ذرے کو اپنی جان کہتا ہوں
میں ہر صوبہ سے ہندوستان ہندوستان کہتا ہوں
میں جو کچھ بھی ہوں جس حالت میں ہوں ہندوستانی ہوں

نجم آفندی پُرگو شاعر تھے۔ ان کی تصانیف جو زیورِ طبع سے آراستہ ہوئیں، ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔ غیر مطبوعہ کلام جو وہ اپنے ساتھ کراچی لے گئے وہاں اس ذخیرہ بے بہا کا انجام کیا ہوا خدا جانے۔ کراچی جانے سے قبل ۴۰۰ غزلیات مرتب کی تھیں کہ شائع کروائیں، لیکن وہ گوشہ گمنامی میں چھپ گئیں۔ ان کا غیر مطبوعہ کلام دستیاب ہو جاتا تو تاریخ ادب میں ان کی صحیح قدر و منزلت کا تعین آسان ہوتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واصفؔ عابدی سہارنپوری

# نجمِ درخشندہ

بلبلِ بُستانِ ایماں، گلشنِ مدحت کے پھول　　عصرِ حاضر کے "فرزدقؔ" شاعرِ آلِ رسولؐ
ترجمانِ آگہی اے علم و حکمت کے نقیب　　تیری فطرت نے تراشے عقل و دانش کے اصول
منزلِ بیدار سے واقف ترا حُسنِ خیال　　راحتِ کونین کا مرکز ترا قلبِ ملول
زیب دیتا ہے کہ تجھ کو نقشِ تابندہ کہیں
آسمانِ فکر کا نجمِ "درخشندہ" کہیں

۲۱ دسمبر ۷۵ء کا دن دنیائے شیعیت کے لیے ایک درد و کرب کا پیغام لایا تھا۔ اس روز علامہ نجم آفندی نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ آپ کی وفات پر ہند و پاک کے علمی و ادبی حلقوں میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ شیعہ قوم کا معمار، آلِ رسولؐ کا فدائی، حسینیتؑ کا نقیب دنیا سے اٹھ گیا۔ نبّاضِ عصر کی شمعِ حیات ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گئی۔

نجم آفندی کی وفات تاریخ ادب کا عظیم المیہ ہے۔ موت نے شیعہ قوم سے اس کی متاعِ حیات کو چھین لیا۔ مگر محرابِ عقیدت پر اس کا لکھا ہوا نام نہ مٹا سکی۔ لاکھوں دلوں پر اس کی یادوں کے نقوش چمک رہے ہیں۔ اس کے ادبی کردار نے روشنی کا وہ دریچہ کھول دیا جس سے فکر و شعور کی شعاعیں ابھرتی رہیں گی۔

حضرت نجم آفندی نے اردو ادب کی بقا اور ارتقا کے لیے جو ادبی دستاویز مرتب کی، اس میں سرِ فہرست ان کے انقلاب آفریں نوحے اور وجد آفریں سلام نظر آتے ہیں۔ وہ تمام عمر شعر و سخن کے ذریعہ رسولؐ و اہلبیتؑ رسولؐ کی مدح و ثناء کرتے رہے۔ ان کی سمتِ سفر واقعاتِ کربلا اور تعلیماتِ حسینیؑ کی نشر و اشاعت سے متعلق رہی۔ حبیبؔ کے عزم کا آئینہ دار یہ بوڑھا مجاہد زندگی کے آخری نفس تک نصرتِ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام مظلوم کا فریضہ انجام دیتا رہا۔ اور جب اس کا کام پورا ہوگیا تو اس کا سفرِ حیات بھی ختم ہوگیا۔

نجم آفندی نے ہر صنفِ سخن پر طبع آزمائی کی، نظم و غزل، رباعی، قطعات، نعت، نوحے اور سلام پر ان کی فنکارانہ گرفت کا ثبوت ملتا ہے۔ یوں سمجھئے کہ ان تمام اصنافِ سخن کے گرد ان کی شاعرانہ عظمتوں کے پہاڑ کھڑے ہیں۔ اور ان کی عظیم صلاحیتوں کا ہر آسمان اَن گنت ادبی ستاروں کو اپنے دامن میں لیے ہوئے ہے۔ ہر لمحہ ان کی فکرِ رسا گلستانِ ادب میں نئے نئے گل کھلاتی رہی، اور ہر آن ان کا طائرِ خیال شعور و ادراک کی بلندیوں سے گزرتا رہا۔ ان کی تخلیقی قوت فطرت کے رموز و اسرار سے دنیا کو روشناس کراتی رہی۔ ان کے تفکر کی گھٹائیں زمین ادب پر جھوم جھوم کر برستی رہیں۔ صحیفۂ حکمت کا ان کے دلِ نازک پر نزول ہوتا رہا۔ اور ان کی حیات بارشِ الہام میں غسل کرتی رہی۔

مجھے حضرت نجم آفندی کا غائبانہ تعارف اس وقت سے ہے، جب میری عمر بچپن کی سرحدوں سے نکل کر شباب کی وادی میں داخل ہوئی اور مجھے نجم آفندی کے نوحے سننے کا اور سمجھنے کا موقع ملا۔ سہارنپور میں چھٹی ساتویں محرم کا جلوس علم برداری بڑی شان و شوکت سے نکلتا ہے۔ ۱۹۴۷ء سے قبل انجمن معین العزاء سہارنپور ایام عزا و جلوس عزا میں نوحہ خوانی کرتی تھی، جن میں حضرت نجم آفندی کے نوحے کثرت سے پڑھے جاتے تھے۔ میرے دل میں اسی وقت سے حضرت نجم آفندی کی عقیدت و محبت کے جذبات پرورش پانے لگے تھے۔ یہ اسی ''ایمان بالغیب'' کا تقاضا ہے کہ میرے قلبی تاثرات نوکِ قلم پر آگئے ہیں۔ اس غائبانہ تعارف کو محکم بنانے میں اس قلمی ملاقات کا بڑا دخل ہے جو قصبہ لکھنوتی، ضلع سہارنپور کے ''جلوس عماری'' کے سلسلے میں برادرم نوازش رضا حسین سکریٹری ''انجمن امامیہ'' قصبہ مذکور کے توسل سے فرمائشی نوحوں کے بارے میں مستقل دو تین سال تک جاری رہی۔ مرحوم کے خطوط میں ایمانی رشتوں اور بزرگانہ شفقتوں کا رنگ جھلکتا تھا۔ میں اور نوازش رضا، مرحوم کی مجاہدانہ زندگی اور مخلصانہ برتاؤ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے، اور محبت و عقیدت کے جذبات اور شدت کے ساتھ دلوں میں کروٹیں لینے لگے۔ اب جب کہ وہ اس دارِ فانی سے عالم جاودانی کی طرف کوچ فرما چکے ہیں، تو محبت و عقیدت کا یہ فطری تقاضا ہے کہ ان کی شاعری اور ادبی و مذہبی کارناموں سے متعلق کچھ نہ کچھ لکھا جائے اور اس کام کو آگے بڑھایا جائے جس کو وہ قوم کے سپرد کر گئے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام مظلومؑ کا فریضہ انجام دیتا رہا۔ اور جب اس کا کام پورا ہو گیا، تو اس کا سفرِ حیات بھی ختم ہو گیا۔

نجم آفندی نے ہر صنفِ سخن پر طبع آزمائی کی، نظم و غزل، رباعی، قطعات، نعت، نوحے اور سلام پر ان کی فنکارانہ گرفت کا ثبوت ملتا ہے۔ یوں سمجھئے کہ ان تمام اصنافِ سخن کے گرد ان کی شاعرانہ عظمتوں کے پہاڑ کھڑے ہیں۔ اور ان کی عظیم صلاحیتوں کا ہر آسمان اَن گنت ادبی ستاروں کو اپنے دامن میں لیے ہوئے ہے۔ ہر لحہ ان کی فکرِ رسا گلستانِ ادب میں نئے نئے گل کھلاتی رہی، اور ہر آن ان کا طائرِ خیال شعور و ادراک کی بلندیوں سے گزرتا رہا۔ ان کی تخلیقی قوت فطرت کے رموز و اسرار سے دنیا کو روشناس کراتی رہی۔ ان کے تفکر کی گھٹائیں زمین ادب پر جھوم جھوم کر برستی رہیں۔ صحیفۂ حکمت کا ان کے دل نازک پر نزول ہوتا رہا۔ اور ان کی حیات بارشِ الہام میں غسل کرتی رہی۔

مجھے حضرت نجم آفندی کا غائبانہ تعارف اس وقت سے ہے، جب میری عمر بچپن کی سرحدوں سے نکل کر شباب کی وادی میں داخل ہوئی اور مجھے نجم آفندی کے نوحے سننے کا اور سمجھنے کا موقع ملا۔ سہارنپور میں چھٹی ساتویں محرم کا جلوس علم برداری بڑی شان و شوکت سے نکلتا ہے۔ ۱۹۴۷ء سے قبل انجمن معین العزاء، سہارنپور، ایام عزا و جلوس عزا میں نوحہ خوانی کرتی تھی، جن میں حضرت نجم آفندی کے نوحے کثرت سے پڑھے جاتے تھے۔ میرے دل میں اسی وقت سے حضرت نجم آفندی کی عقیدت و محبت کے جذبات پرورش پانے لگے تھے۔ یہ اسی ''ایمان بالغیب'' کا تقاضا ہے کہ میرے قلبی تاثرات نوک قلم پر آگئے ہیں۔ اس غائبانہ تعارف کو محکم بنانے میں اس قلمی ملاقات کا بڑا دخل ہے جو قصبہ لکھنوتی، ضلع سہارنپور کے ''جلوس عماری'' کے سلسلے میں برادرم نوازش رضا حسین سکریٹری ''انجمن امامیہ'' قصبہ مذکور کے توسل سے فرمائشی نوحوں کے بارے میں مستقل دو تین سال تک جاری رہی۔ مرحوم کے خطوط میں ایمانی رشتوں اور بزرگانہ شفقتوں کا رنگ جھلکتا تھا۔ میں اور نوازش رضا، مرحوم کی مجاہدانہ زندگی اور مخلصانہ برتاؤ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے، اور محبت و عقیدت کے جذبات اور شدت کے ساتھ دلوں میں کروٹیں لینے لگے۔ اب جب کہ وہ اس دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف کوچ فرما چکے ہیں، تو محبت و عقیدت کا یہ فطری تقاضا ہے کہ ان کی شاعری اور ادبی و مذہبی کارناموں سے متعلق کچھ نہ کچھ لکھا جائے اور اس کام کو آگے بڑھایا جائے جس کو وہ قوم کے سپرد کر گئے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت تجم آفندی کا سب سے بڑا کارنامہ اقوام عالم کو "درسگاہ کربلا" سے متعارف کرانا ہے۔ ان کے نوحے اور سلام، حریت فکر، اور جوشِ عمل کے پیغامبر ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ان کے دوش پر ابوالفضل العباسؑ کا علم ہے اور قوم کو راہِ عزم وثبات کی طرف دعوت دے رہے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں دلوں کو فتح کرنے والی اسلام کی وہ روحانی تلوار ہے جس کو عزائے حسینؑ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس تلوار کی تعریف خود ان کی زبان سے سنیئے۔ فرماتے ہیں:

بھر دیا جوشِ عمل اسلام کی تلوار میں
یا حسینؑ ابن علیؑ کا شور ہے جھنکار میں

چونکہ عزائے حسینؑ بقائے اسلام کی ضامن ہے، اس لیے ان کے دعوتی رخ کا دوسرا پہلو ملاحظہ فرمائیے۔ ارشاد ہوتا ہے

چہرۂ روشن دکھا کر فطرتِ اسلام کا
کلمہ پڑھوا دو شہیدِؑ کربلا کے نام کا

فطرتِ اسلام کا روشن چہرہ اور شہیدِؑ کربلا کے نام کا کلمہ، یہ دونوں جزو، تاریخ دعوت وعزیمت کو اپنے پہلو میں لیے ہوئے ہیں۔ تجم آفندی اب اِس تاریخ کے اُس آخری باب کو سامنے لاتے ہیں جس سے صبرِ حسینؑ کی معراج کا پتہ چلتا ہے:

خیمے سے لانے کو ہیں تحفہ آخر حسینؑ
نذر کے سامان میں کوئی کمی رہ گئی
رن کو وہ اصغرؑ چلے گود میں شبیرؑ کے
لے کے بلائیں ربابؑ در پہ کھڑی رہ گئی

یہ وہ بلند منزل ہے جہاں سے شاعرِ اہلبیتؑ نے امام مظلومؑ کی عظمت کا تعارف کراتے ہوئے کربلا کے ننھے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے اور ماں کی ممتا کی منظر کشی کی ہے۔

شاعرِ اہلبیتؑ اپنی منزل پہ پہنچ گیا۔ کاش ہم بھی اس کے نقش قدم پر چل کر اپنی زندگی کو کامیاب بناسکیں۔

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سید معز الدین قادری الملتانی

# نجم آفندی کی شخصیت اور ان کی شعری خصوصیات

تاریخ اردو ادب کا یہ المیہ ہے کہ بہت سارے شعراء کے حالات نہیں ملتے۔ زندگی میں اس طرف توجہ نہیں کی جاتی لیکن جب ادب کا کوئی طالب علم ان کے حیات وکلام پر تحقیقی مطالعہ کرنا چاہتا ہے تو بہت ساری باتیں قیاسات کے سہارے متعین ہوتی ہیں اور تحقیق کا ایک لامتناہی سلسلہ چل پڑتا ہے، جس میں شاعر کی شخصیت سے کم، لیکن محقق کے علم وفضل، ذوقِ تحقیق واجتہاد سے زیادہ بحث کی جاتی ہے۔ علمی اسٹیج پر یہ تماشے اتنے عام ہو چکے ہیں کہ کسی ثبوت یا گواہ کی حاجت نہیں۔ اردو کے بہت سارے محقق اس صورت حال سے دوچار ہیں۔ مجھے یہ مناسب معلوم ہوا کہ شاعر کی زندگی کا ایک مختصر خاکہ ضبط تحریر میں آجائے۔ اس لیے کہ کسی بھی شاعر کے تخلیقی کارنامے تک رسائی اس کی شخصیت اور اس کے عہد کے پس منظر کے مطالعہ کے بغیر تحصیل حاصل کے سوا کچھ اور نہیں ہے۔

علامہ نجم مدظلہٗ بیسویں صدی کے آغاز میں سن شعور کو پہنچ چکے تھے۔ ان کی زندگی کی کہانی زندگی کے سوز و ساز یعنی حدت، حرارت اور حیات سے عبارت ہے۔ بے چینی، کش مکش اور انقلاب سے انہیں قدم قدم پر سامنا کرنا پڑا۔ شعور زیست، مختلف تجربات سے گذر کر پختہ ہوا ہے۔ صرف نظریات کی ہمہ ہمی نہیں اور چند بے نام سی تمناؤں کی بازیافت معشوق کے پیکر میں جلوہ گر نہیں ہے، بلکہ ان کے ہاں غور وفکر کی ریاضت ہے۔ دانش وبصیرت کی دولت ہے۔ حیات وکائنات کی وسعتوں، کو عقل ودل کے فاصلوں کو ان کے فکروفن نے اپنی جولانگاہ بنایا ہے۔ وہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زندگی کے خارزاروں سے الجھتے بھی ہیں، نشیب و فراز، مدوجزر ہر سطح پر ان کے ساتھ ہیں، لیکن ان کی منزلیں اتنی روشن وتابناک ہیں کہ مصائب وآلام زادِ راہ بن جاتے ہیں۔ وہ زندگی سے مایوس نہیں ہوتے، انسانوں سے ناامید نہیں ہوتے، اور کسی راہِ فرار یا گریزپا آدرش کو عنوانِ حیات نہیں بناتے، قدم قدم پر دانش مندانہ آگہی، حیات کے سرچشموں سے حیات کا راستہ جوڑتی ہے۔ یقین دائی کو روایت کے طور پر نہیں، بلکہ ایک فعال اور حساس انسان کے صداقت پر مبنی تجربہ کی اساس پر پیش کرتے ہیں۔ یہ اپنے ماحول کے زبردست نقاد ہیں لیکن اس نقدونظر کے پیچھے نفرت وتعصب کے بجائے خلوص کے رواں دواں چشمے ہیں۔ آیئے دیکھیں یہ رنگ ونور یہ چمک دمک علامہ نجم کی زندگی میں کیسے پیدا ہوئی۔ اس کے محرکات کیا ہیں۔

امیر خسروؔ اور میرزا غالبؔ کی طرح نجم صاحب کے اجداد بھی تُرک نسل سے تعلق رکھتے تھے۔ قطعی طور پر یہ بتانا مشکل ہے کہ ان کے بزرگوں میں کون اور کب منگولیا سے ترک وطن کرکے ہندوستان آئے۔ اور یہاں کس مقام پر سب سے پہلے بودوباش اختیار کی، فتنۂ تاتار نے جب ایشیاے کوچک اور ممالک اسلامیہ کو تہس نہس کرکے رکھ دیا تھا۔ تو بہت سارے ذی علم اور صاحب کمال خاندان ہندوستان آئے، اس لیے کہ کوہ ہمالیہ اس زمانہ میں واقعی ایک زبردست دیوار کی طرح ہندوستان کی حفاظت کر رہا تھا۔ ہوسکتا ہے کہ نجم صاحب کے اجداد بھی اسی زمانے میں یہاں آئے ہوں۔ علامہ نجم کے پردادا میرزا محمد ہادی فیض آباد کے محلّہ مغل پورہ میں رہتے تھے۔ میرزا محمد ہادی کے تین لڑکے تھے۔ ا۔ میرزا جعفر علی فصیحؔ ۲۔ میرزا نجف علی بلیغؔ اور تیسرے صحیحؔ۔ میرزا جعفر علی فصیحؔ کا زمانہ واجد علی شاہ کے والد امجد علی شاہ کا زمانہ تھا۔ میرزا فصیحؔ سے ان کے قریبی تعلقات بھی تھے۔ اب یہ خاندان فیض آباد سے لکھنؤ منتقل ہو چکا تھا۔ امجد علی شاہ نے میرزا فصیحؔ سے وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ تخت نشین ہوگئے تو انہیں منصب وزارت پر مامور کریں گے۔ نصیر الدین حیدر کے بعد ان کے حقیقی چچا ۱۸۴۲ء تک حکومت کرتے رہے۔ ان کے بیٹے امجد علی شاہ ۱۸۴۲ء میں ان کے انتقال کے بعد سریر آراے تخت سلطنت ہوئے۔ میرزا فصیحؔ نے اسی سال حج وزیارت کا عزم کرکے زادِ سفر ٹھیک کرلیا تھا اور بمبئی کے لیے روانہ ہو چکے تھے۔ جب امجد علی شاہ کو اس کی اطلاع ملی تو انہوں نے حسب وعدہ میرزا جعفر علی فصیحؔ کو منصب وزارت پر مامور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنے کے لیے طلب کیا۔ آدمی دوڑائے گئے لیکن اس مردِ خدا نے جواب میں کہلوایا کہ میں ایک ایسے بادشاہ کے پاس جارہا ہوں جس کے آگے آپ بھی سر جھکاتے ہیں۔ میری واپسی کسی صورت میں بھی ممکن نہیں ہے۔ البتہ میں آپ کے لیے دعا کروں گا۔ امجد علی شاہ نے ایک خطیر رقم بھجوائی، جس سے میرزا فصیح نے حرم کے قریب قرارہ محلّہ میں ایک دومنزلہ مکان بنوایا اور اس کو زائرین حج کے قیام کے لیے وقف کیا۔ نواب عنایت جنگ نے اس مکان کو دیکھا ہے۔ ابن سعود کے زمانہ میں اس مکان کو شہر کی توسیع کے پلان میں شریک کرلیا گیا۔ میرزا فصیح حرم مقدس پہنچے اور وہیں کے ہورہے۔ اس امر کی شہادت آب حیات کی مندرجہ ذیل عبارت سے بھی ملتی ہے، جس کو رام بابو سکسینہ[1] نے بھی اپنی تاریخ ادب اردو میں بخیبہ دہرادیا ہے

''عہد مذکور میں چار مرثیہ گو نامی تھی۔ میر ضمیر، میر خلیق، میاں دلگیر، میاں فصیح۔ میاں دلگیر کی زبان میں لکنت تھی اس لیے مرثیہ خوانی نہیں کرتے تھے۔ تصنیف میں بھی انہوں نے مرثیت کے دائرے سے قدم نہیں بڑھایا۔ میرزا فصیح حج وزیارت کو گئے اور وہیں سکونت پذیر ہوگئے۔ میر ضمیر اور میر خلیق کے لیے میدان خالی رہا کہ جولانیاں دکھائیں۔''[2]

میرزا فصیح کو بروایت علامہ نجم، ناسخ سے غزل میں تلمذ تھا لیکن محمد حسین آزاد اور رام بابو سکسینہ نے ان کو ناسخ اور دلگیر دونوں کا شاگرد بتایا ہے۔ میرزا فصیح کا کلام اس دور میں بھی بڑے ہی شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ ساتویں محرم کو یہ سلام سننے میں آتا ہے جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے:

سلامی کربلا میں جب بنا ابنِ حسن دلہا

اور یہ سلام بھی جس کا مطلع ہے:

کفن پہنے شہِ مظلوم کے انصار رن میں تھے
سلامی چاند سے وہ چہرے تابندہ کفن میں تھے

میرزا فصیح کی ہجرت کے بعد سے ہی میر ضمیرؔ استاد دبیر اور میر خلیقؔ والد میر انیس لکھنو

---

[1] رام بابو سکسینہ تاریخ ادبیات اردو صفحہ ۳۱۹ عشرت پبلشنگ لاہور۔

[2] آب حیات مصنفہ محمد حسین آزاد صفحہ ۳۸۲ گیارھواں ایڈیشن مطبوعہ مبارک علی لاہور۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے ادبی افق پر جگمگانے لگے۔ رام بابو سکسینہ میرزا فصیح کی ہجرت کا ذکر کر کے لکھتے ہیں۔

''اب صرف ضمیر اور خلیق کے واسطے میدان مرثیہ گوئی رہ گیا تھا''

اس جملہ سے میرزا فصیح کے مقام کا بھی تعین ہو جاتا ہے کہ وہ میر ضمیر اور میر خلیق کے پایہ کے مرثیہ گو سمجھے جاتے تھے۔ میرزا فصیح کا ایک شعر جو انہوں نے مدینہ کی حاضری کے موقع پر کہا تھا، ہم یہاں درج کرتے ہیں۔

فصیح اگلے برس ہم تھے پیمبرؐ کے مدینے میں
کبھی روضے میں زائر تھے کبھی بیت الحزن میں تھے

کعبہ میں لکھا گیا ایک سلام کا مطلع بھی ملاحظہ فرمائیے:۔

سلام لکھتا ہوں میں حرم میں قلم سے زمزم ٹپک رہا ہے
سر اپنا کعبہ کے سنگ در پر سیاہ پردہ پٹک رہا ہے

میرزا فصیح کے کوئی اولاد نہیں ہوئی لیکن ان کے چھوٹے بھائی میرزا نجف علی بلیغ صاحبِ اولاد تھے۔ میرزا عباس تیغ ان کے لڑکے کا نام تھا۔ ان کے لڑکے میرزا عاشق حسین بزم ہیں، جو علامہ نجم آفندی کے والد ہیں۔ میرزا عاشق حسین بزم کی شادی آگرہ کے جس گھرانے میں ہوئی، وہاں بھی شعر و شاعری کا بڑا عمدہ مذاق پایا جاتا تھا۔ نجم صاحب کے نانا آغا حسین آغا آگرہ کے رہنے والے تھے۔ ان کے بزرگوں میں آغا حاجی حسن تھے جن کے نام سے آگرہ میں کٹرہ حاجی حسن مشہور ہے۔ یہیں ان کا گھر تھا۔ یہ مقام پیپل منڈی آگرہ کے پیچھے واقع ہے۔ آغا حسین آغا کے دو شعر ملاحظہ فرمائیے جو خاصے مشہور بھی ہیں۔

۱۔ کیوں دل جلوں کے لب پہ ہمیشہ فغاں نہ ہو
ممکن نہیں کہ آگ لگے اور دھواں نہ ہو

۲۔ دیکھیں تو کس طرح انہیں ہوتا نہیں اثر
لو آج نامہ لکھتے ہیں خونِ جگر سے ہم

علامہ نجم کا نام میرزا تجمل حسین ہے، رمضان ۱۳۱۰ھ مطابق اپریل ۱۸۹۳ء میں آگرہ میں پیدا ہوئے۔ مفید عام اسکول آگرہ میں تعلیم پائی۔ یہیں سے مڈل کا امتحان کامیاب کیا۔ اس مدرسہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے اہم اساتذہ میں مولانا سلامت اللہ تھے جو اردو فارسی کے جید اساتذہ میں شمار کیے جاتے تھے۔ راج کمار ہیڈ ماسٹر تھے اور انگریزی پڑھاتے تھے۔ تجمل صاحب کی مغرب بیزارگی اور انگریزی سامراج کے خلاف نفرت کا تخم انہوں نے ہی بویا تھا۔ تجمل صاحب اپنی تعلیمی زندگی کا ایک واقعہ سناتے ہیں کہ امبیکا پرشاد نامی ایک ہندو لڑکے سے کسی بات پر لڑائی ہوگئی۔ بات اتنی بڑھی کہ ان دونوں کو ہیڈ ماسٹر کے روبرو پیش کردیا گیا۔ راج کنور جی نے اس طریقہ سے تفہیم کی "تم دونوں آپس میں لڑنے کے بجائے دونوں مل کر تیسرے کو کیوں نہیں مارتے۔ تجمل صاحب نے اس نصیحت کو اپنی گرہ میں باندھ لیا۔ بچپن کا ایک چھوٹا سا واقعہ تجمل صاحب کی زندگی میں بڑے ہی دور رس اثرات کی نشاندہی کرتا ہے۔ جوں جوں شعور ترقی کرتا گیا اور ملک کے حالات مشاہدے میں آتے گئے، اس کی روشنی میں انہیں انگریزوں سے، ان کی تہذیب سے ایک بیر سا ہوگیا۔ ہندو مسلم اتحاد، بدیشی مال کا بائیکاٹ، وطن دوستی اور اس سے آگے بڑھ کر سیاسی اور سماجی سطح پر انسانی مساوات، اخوت، سچائی، ایثار اور صلح جوئی کے میلانات ان کی فکر کے مذہبی دھارے کے ساتھ مل کر بین الاقوامی سطح پر انسان دوستی اور بقاء باہم جیسے معیارات ان کی زندگی کا نصب العین بن گئے۔

تجمل صاحب نے زمانۂ طالب علمی میں اپنے ہم عمر دوستوں کی ایک انجمن بنائی جس کے رہنما اصولوں میں مغرب بیزاری، اور انگریزی تہذیب و معاشرت سے عملاً گریز شامل تھے۔ اس انجمن کے ممبر ایک خاص قسم کی انگوٹھی پہنتے تھے تاکہ ایک دوسرے کو آسانی کے ساتھ شناخت کرسکیں۔ انگریزی ناولوں میں اس قسم کی بہت ساری انجمنوں کا حال ملتا ہے جن کے تجمل صاحب بڑے ہی دلدادہ تھے۔ یہ خیال اسی مطالعہ سے ان کے دل میں پیدا ہوا تھا اور وہ چاہتے تھے کہ ان کے ہی ہتھیاروں سے ان کا مقابلہ کیا جائے۔ اس انجمن کے پندرہ بیس رکن بن چکے تھے۔ اس انجمن کے ایک رکن تھے میرزا بادشاہ علی جو تجمل صاحب کے قریبی رشتے کے بھائی ہوتے تھے۔ ان کا تقرر اسی زمانے میں محکمہ پولیس میں ہوگیا۔ ان صاحب نے اپنی کارگزاری کے مظاہرہ کے لیے سب سے پہلے اپنے محکمہ کو اس حکومت بیزار انجمن کے بارے میں اطلاع دینی چاہی۔ تجمل صاحب نے انہیں سمجھایا، رشتہ کا حوالہ دیا لیکن سب طریقے بیکار ہی ثابت ہوئے۔ ایک دن جب کہ اس انجمن کا اجلاس ہورہا تھا اور سب ارکان حاضر تھے، کسی نے اس بات کی خبر سب تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہنچادی۔ پھر کیا تھا سارے ارکان نے اس انجمن سے اپنی بے تعلقی کا اظہار کیا اور اُٹھ کر چل دیئے۔ وہاں صرف ایک رکن باقی رہ گیا تھا جو ہمارے ان ہی علامہ کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔

نوجوانی کا یہ واقعہ شباب کی انقلاب پسندی کا آئینہ دار تو ہے ہی، لیکن اس کا انجام بڑا چونکا دینے والا تھا۔ سماجی تعلقات اور دوستی ہمیشہ اصولوں کی جنگ میں مزاحم ہوتے رہے ہیں۔

نجم صاحب محکمہ ریلوے میں بحیثیت کلرک ۱۹۱۳ء میں بمقام دہلی ملازم ہوئے۔ ۱۹۲۵ء تک یہ سلسلہ چلتا رہا۔ مسٹر نیومن ان کے افسر اعلیٰ تھے۔ ایک دن ان کی کھدر پوشی پر معترض ہوئے۔ نجم صاحب ان کے اعتراض پر بھڑک اٹھے۔ تلخ کلامی بھی ہوئی۔ سزا کے طور پر ان کا تبادلہ آسنسول کردیا گیا۔ نتیجہ میں علامہ نجم اس نوکری سے مستعفی ہوگئے اور عمر بھر کسی سرکاری نوکری کا ارادہ نہیں کیا۔ ۱۹۲۵ء کے اواخر میں حیدرآباد آئے۔ ان کی آمد بھی ایک قومی کام کے سلسلہ میں ہوئی تھی۔ آگرہ کے ایک ایسے قبرستان کے قریب کی زمین سرکار کی طرف سے فروخت کی جارہی تھی جس میں شیعہ اور سنی دونوں اپنے مرنے والوں کی تدفین کیا کرتے تھے۔ اس زمین کو حاصل کرکے قومی کام کے لیے محفوظ کرنا ضروری سمجھا گیا۔ چنانچہ فراہمی رقم کے لیے حیدرآباد کا سفر پیش آیا تھا۔ ان کے ساتھ حیدر مہدی پیرم اور سید کلب عباس سکریٹری شیعہ کانفرنس بھی آئے تھے۔ اس سے پہلے ان کے والدہ میرزا عاشق حسین بزم کئی بار حیدرآباد آچکے تھے اور یہاں ان کے دوستوں میں کئی رئیس موجود تھے۔ نواب شہید یار جنگ اور حکیم محمد عباس ان کو حیدرآباد کے جونیر پرنس نواب معظم جاہ بہادر شجیع کے دربار میں لے گئے۔ نجم صاحب نے یہاں جو غزل سنائی تھی۔ اس کے تین شعر یہ ہیں۔

کعبہ و دیر سے پیام آئے
تیری جانب جو چند گام آئے

سن رہے ہیں تمہارا افسانہ
کہیں شاید ہمارا نام آئے

نجم صاحب کو راستہ دینا
مذہب عشق کے امام آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فانؔی بدایونی اس زمانہ میں پرنس کے پاس موجود تھے۔ تجمؔ صاحب کو بھی دربار کی حاضری دینی پڑی اور اصرار کے ساتھ ان کو روکا گیا۔ یہ تعلق اصل میں ان کے مستقلاً قیام حیدرآباد کا باعث بنا۔

تجمؔ صاحب نے قرآن اور اردو فارسی کی تعلیم تو اپنے رشتے کے چچا میرزا محمد ہادی سے حاصل کی، البتہ فن شاعری میں اپنے والد میرزا عاشق حسین بزمؔ کے آگے زانوے تلمذ تہ کیا۔ میرزا عاشق حسین بزمؔ منیرؔ شکوہ آبادی کے شاگرد تھے۔ ۱۲ برس کی عمر سے شعر کہتے ہیں۔ دکن میں قیام کو اتنی مدت گزر چکی ہے کہ اب یہ حیدرآباد ہی کے ہو کر رہ گئے ہیں۔ نصیر الدین ہاشمی نے ان کا تذکرہ "دکن میں اردو" میں ضروری سمجھا۔ لکھتے ہیں:۔

> "میرزا تجمل حسین آفندی تجمؔ تخلص آگرہ میں تولد ہوئے اور حیدرآباد آکر بس گئے۔ آپ کے خاندان میں چار پشتوں سے شاعری چلی آرہی ہے۔ تجمؔ بارہ سال کی عمر سے شعر گوئی کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے والد محترم بزمؔ آفندی سے فن شاعری میں استفادہ کیا۔ اب کہنہ مشق قادرالکلام شاعر ہیں۔ قدیم مکتب خیال سے آپ کا تعلق ہے مگر اس کے باوجود موجودہ شعر و ادب کے تقاضوں کا بڑا خیال رکھتے ہیں۔ الفاظ کی بندش، محاورہ کی برجستگی، انداز بیان کی ندرت، مضمون آفرینی، رمزیت اور سوز و گداز آپ کے کلام کی نمایاں خصوصیات ہیں نظم و نثر کی کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔"

"آفندی" سلطنت ترکی کی طرف سے دیا ہوا خطاب ہے جو تجمؔ صاحب کے پردادا کے والد میرزا جعفر علی فصیحؔ کو ان کی ان خدمات کی بنا پر دیا گیا تھا جو انہوں نے مکہ معظمہ میں انجام دی تھیں۔ علامہ شبلی نعمانی کو جب حکومت ترکی نے تمغہ مجیدی عطا کیا تھا، تو ان کے نام کے آگے بھی "آفندی" محکمہ ترکی کے سرکاری فرمان میں موجود ہے۔[1] تجمؔ صاحب کے بیان کے مطابق چونکہ یہ خطاب نسلاً بعد نسلاً استعمال کے لیے عطا کیا گیا تھا، اس لیے ان کے خاندان کے لوگ اپنے نام کے ساتھ آفندی لکھتے ہیں۔ تجمؔ صاحب نے مدحت اہل بیت میں اپنے خون جگر کو جلایا ہے،

---

[1] تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمایئے سفرنامہ مصر و روم و شام از شبلی نعمانی صفحہ ۱۴۱ مطبوعہ قومی پریس دہلی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس لیے ان کو شاعرِ اہلؑ بیت کے معزز اسم نسبتی سے بھی مفتخر کیا گیا ہے۔

خاندانی روایات، مذہبی تعلیم وتربیت، اسلام کی عظیم شخصیتوں کے نقوش قدم کو اپنا راستہ بنانے کی سعی وتمنا نے ان کو کافی متوازن، معتدل مزاج اور بنی نوع انسان کا ہمدرد بنا دیا ہے۔ نجم صاحب کو اردو، فارسی اور انگریزی کے علاوہ ہندی زبان میں بھی درک ہے۔ ان کی ہندی زبان میں بھی تصنیفات ملتی ہیں۔

اس وقت عمر کے ۸۰ سال پورے کر چکے ہیں۔ سماعت میں تھوڑا فرق آ گیا ہے۔ پستہ قد، گول چہرہ، سرخ وسفید رنگ، چھریرا بدن لیکن مضبوط کاٹھی۔ آج کل نحیف ونزار ہو گئے ہیں اس کے باوجود چلتے پھرتے ہیں۔ آواز میں رعب اور چہرے پر مسکراہٹ۔ شعر تحت اللفظ سناتے ہیں۔ اور خوب سناتے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں بصیرت کی چمک ہے اور سنجیدگی کے نہ جانے کتنے راز پوشیدہ ہیں۔

کشمیر سے کولمبو تک ہندوستان کے ظاہر وباطن سے خوب واقف ہیں۔ ہندوستان کا نگریسی حضرات کا اگر کوئی گروپ بن سکتا ہے تو اس فہرست میں نجم صاحب کا نام شامل کیا جائے گا۔ گاندھی جی سے کئی بار مل چکے ہیں اور ان کے قدرداں بھی ہیں۔ دہلی، لکھنو اور حیدر آباد کی ثقہ روایات کا نمونہ ہیں۔ اپنے دماغ سے سوچتے ہیں، اپنے دل سے محسوس کرتے ہیں اور انہیں یہ کہنے کا حق حاصل ہے

میری تلاش راہ پہ ہنستے ہیں آج قافلے
شمع بنائی جائے گی کل مری گرد راہ کی

ہندو مسلم اتحاد کو ہندوستان کی تشکیل جدید میں ضروری خیال کرتے ہیں۔ اسی طرح مسلمانوں کے دونوں فرقے سنی اور شیعہ کے مابین کسی بھی قسم کے افتراق کو پسند نہیں کرتے۔ باہمی یگانگت، وسیع المشربی، فراخ دلی اور صفائی قلب کو سماجی آدرش سمجھتے ہیں۔ انہیں سارے بنی نوع انسان سے محبت ہے۔ شخصی اور مذہبی عقاید پر خود سختی کے ساتھ کاربند ہیں، لیکن سیرت وکردار میں کہیں بھی "ملاپن" یا "پندارزہد" کے نتیجے میں پیدا ہونے والا سوانگ موجود نہیں ہے۔ بردبار، حلیم، خوش خلق اور مصیبتوں میں مسکرانے والی شخصیت ان کے سارے کلام سے جھلکتی ہے۔ غزل،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصیدہ، نعت، سلام، منقبت، رباعی، قطعات، غرض سارے اصناف سخن میں فکر شعر کرتے ہیں۔

کانپور کے ایک خاندان میں شادی کی۔ جملہ ۵ لڑکے ۷ لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ ایک لڑکی اور ۴ لڑکے جاتے رہے۔ ان کے فرزند سہیل افندی جو شاعر بھی ہیں۔

نجم صاحب شعر کی تخلیق کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

جس عالمِ بالا سے خبر آتی ہے　　عارف کے دل میں نور بن جاتی ہے
گر ترکِ ادب نہ ہو تو یہ بھی کہہ دوں　　شاعر کی زباں پہ شعر کہلاتی ہے

خالص فنی نقطہ نظر سے بھی کسی دانشور کی بصیرت، کسی عارف کی یافت اور کسی شاعر کے پس پردہ محرکات کا جائزہ لیا جائے تو یہ عجیب وغریب قوت مختلف صورتوں میں جلوہ گر نظر آئے گی۔ معلوم ہوا کہ شاعری اکتسابی شے نہیں ہے بلکہ وہبی ہے۔

پروفیسر سید احتشام حسین نے اپنے مضمون اصول تنقید میں ڈاکٹر رچرڈسن کا ایک قول نقل کیا ہے۔

"نقاد کو ذہن کی صحت سے اسی قدر تعلق ہے جتنا ڈاکٹر کو جسم کی صحت سے ہوتا ہے"[1]

نجم صاحب فرماتے ہیں:۔

لازم ہے کہ ہو ذوق طلب صحت مند　　آئینِ حیات روز و شب صحت مند
حکمت کا تقاضا ہے یہ شاعر کے لیے　　کردار صحیح ہو ادب صحت مند

نجم صاحب کے ہاں اس صحت مندی کا ایک متعین مفہوم موجود ہے جو ان کے مذہبی معتقدات، سماجی شعور، اور گہرے مشاہدات کے نتیجے میں پیدا ہوا ہے۔ شاعر کی خیالی آوارگی، غیر ذمہ داری اور بے کرداری کو وہ ادبی صحت مندی کے منافی قرار دیتے ہیں۔ ایک اور جگہ کہتے ہیں:

تو قوم کی اصلاح پہ آمادہ ہے　　یا شہرتِ تحریر کا دلدادہ ہے
نظموں کا یہ انبار مضامین کی پوٹ　　بکواس ہے جب دل کا ورق سادہ ہے

"دل کا سادہ ورق" اپنی بلاغت کے اعتبار سے بے پناہ معنوی وسعت کا احاطہ کیے

[1] شعور تنقید صفحہ ۱۰۶، سنگ میل پبلیکیشنز، لاہور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

ہوئے ہے۔خلوص کا فقدان فکری کارنامے کو واقعی ''بکواس'' بنا دیتا ہے۔یہ خلوص وہی ہے جسے غالبؔ نے ''دل گداختہ'' سے تعبیر کیا ہے اور حالیؔ نے سادگی اور اصلیت سے۔

شاعری کے اسلوب واظہار پر بھی نجم صاحب کے خیالات نہایت ہی واضح ہیں۔فرماتے ہیں:

سب فلسفۂ حیات کہہ دیتا ہوں　　اک حرف میں کائنات کہہ دیتا ہوں
شاعر ہوں مجھے دماغ تفصیل کہاں　　سو بات کی ایک بات کہہ دیتا ہوں

شاعرانہ اظہار کی یہی وہ صلاحیت ہے جو شاعری کو نثر سے ممتاز کرتی ہے۔اس ایجاز واختصار کی تہوں میں فنی شعور کے ساتھ ساتھ فکری خلوص بھی موجود ہے،لیکن اس کے باوجود انانیت ان کے ہاں چھلک نہیں پاتی۔فرماتے ہیں:

آسان ہے اللہ سے منکر ہونا　　یا معرفتِ نبیؐ سے قاصر ہونا
اس شان سے اپنی شاعری کا اقرار　　جیسے کہ بڑا فخر ہے شاعر ہونا

لیکن اس کے باوجود انہیں اپنے منصب ومقام کا پورا عرفان ہے فرماتے ہیں:۔

شاعر ہوں مذاقِ رنگ و بو کہتا ہے　　خود دار ہوں طرزِ گفتگو کہتا ہے
اس وقت میں دیتا ہوں نظر کو زحمت　　جب حُسنِ نگاہ روبرو کہتا ہے

شاعر کی نگاہ میں اخذ واکتساب اور ترک واجتناب کی بڑی اہمیت ہے۔شاعر کے سامنے موضوعات کی ایک لامتناہی وسیع وعریض دنیا رہتی ہے۔وہ ہر ذرہ کو موضوع بنا سکتا ہے اور ہر لحہ کو محفوظ کرسکتا ہے۔اس کے احساسات اور جذبات کے دھارے بھی متنوع ہوسکتے ہیں،لیکن اہمیت ان شعراء کی ہے جو اپنے موضوعات کے انتخاب میں محتاط ہوں اور کچھ اصول رکھتے ہوں، جن کی روشنی میں وہ جانچ پڑتال بھی کرسکیں۔یہی وہ مقام ہے جہاں تخیل وجذبات کی سرحدیں ملتی ہیں۔تخلیق کی فضا بنتی ہے،ماحول کا مطالعہ حیات وکائنات کو اس طرح اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے کہ شاعر کے سامنے فطرت کے رموز بے نقاب ہوجاتے ہیں۔نجم صاحب نے ان وادیوں میں برسوں جادہ پیمائی کی ہے۔حاصل سفر ان کے یہ اشعار ہیں:

ڈوبا ہوا غم میں ہوں ابھرنے کے لیے　　آئینِ حیات وضع کرنے کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مر مر کے میں جی رہا ہوں کتنے دن سے — ایک تاہلِ رشک موت مرنے کے لیے

دنیا پہ ستم نفس پہ بیداد کرے — بھولے سے نہ اصل اپنی کبھی یاد کرے
جیسے تری تخلیق ہیں یہ رات یہ دن — جس طرح سے چاہے انہیں برباد کرے

ان کی مذہبیت، گوشہ گیری یا راہبی کی اسیر نہیں۔ ایک حساس اور فعال انسان کے صحت مند ذہن کی آئینہ دار ہے، جس کی گرفت سماج پر، حیات اور اس کے متعلقات پر، بلکہ ساری کائنات پر بے حد مضبوط ہے۔ مایوسی یا نامرادی کے بجائے ایک صحت مند رجائیت ان کے ہاں ملتی ہے۔ مناظرِ قدرت میں صبح کا جلوہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ تجمّ صاحب نے اس سے کیا عمدہ فائدہ اٹھایا ہے:

نعمت ایک ایک یاد آسکتی ہے — دل میں امید مسکرا سکتی ہے
احسان شناس ہے تو سو غم تیرے — اک صبح کی تازگی بھلا سکتی ہے

امنِ عالم کے خلاف کتنے چنگیز و ہلاکو گذر چکے ہیں۔ ہٹلر اور دوسرے فاشسٹ آمرین کو زمانہ بھلا نہیں سکتا۔ ان کے معنوی جانشین آج بھی دوسرے ناموں کے ساتھ موجود ہیں، لیکن تجمّ صاحب کا ایقان دیکھیے فطرتِ انسانی کا کتنا عمیق مطالعہ ہے۔ سادہ و پُرکار انداز میں ساری دنیا کے انسانوں کے لیے ان کا پیغام اور ان کا آدرش رہتی دنیا تک زندہ رہے گا۔

زخمِ دل ناتواں سیو سینے دو — جی بھر کے مئے سکوں پیو پینے دو
کوشش بے جا ہے امنِ عالم کے خلاف — مفہومِ حیات ہے جیو جینے دو

ان کے بعض تجزیے شعری صداقت کے ساتھ ساتھ واقعات کی ایک عمدہ تصویر پیش کرتے ہیں کہ بات دل پر نقش ہو جائے۔ چار مصرعوں میں تاریخ کے اس المیہ کو محفوظ کر لیا ہے

ہر سمت نظر میں جوئے خوں آتی ہے — سر گزشتۂ جستجوئے خوں آتی ہے
تہذیب و زباں تجارت و قوم و وطن — ان لفظوں سے آج بوئے خوں آتی ہے

شاعر کو اس کے اسباب و علل سے زیادہ غرض نہیں ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے، یہ آپ کا کام ہے کہ آپ سوچیں۔ ایک لمحۂ فکر یہ ہے، ایک سچی تصویر ہے۔ اس کا ذمہ دار وہ انسان ہی کو سمجھتے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں۔ اس اخلاقی بگاڑ کے نتائج کو مناظر قدرت کے ساتھ مربوط کر کے انسان کو سوچنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔

یہ صبح کی تازگی یہ آرام کی رات　　گرمی سورج کی چاندنی کی برسات
سب کے دامن پہ ہیں لہو کی چھینٹیں　　انساں نے بگاڑ دی ہے تصویرِ حیات

ان کے رباعیات وقطعات کے موضوعات اتنے متنوع اور دلکش ہیں کہ ہر رباعی اور قطعہ، اورکوئی نہ کوئی اہم موضوع پاکیزہ زبان اور دلکش اسلوب میں پیش کیا گیا ہے۔ ہر رباعی یا قطعہ کو ایک عنوان بھی دیا گیا ہے۔ ان رباعیات وقطعات میں فکروفن کے شاندار تجربے بھی ملتے ہیں اور استادانہ شانِ فن کے جلوے بھی۔ ان کو ہم مختصر نظم بھی کہہ سکتے ہیں جو اپنے عنوان سے اس قدر چست ہے کہ معنوی ربط کے لیے کسی خارجی تفہیم کی قطعاً ضرورت نہیں۔ شعری محاسن بھی جابجا موتیوں کی طرح سجے سجائے اپنی بہار دکھلا رہے ہیں۔ صنعتیں بھی استعمال کی گئی ہیں۔ ان کے ہاں طنز بھی ملتا ہے لیکن بے حد سنجیدگی کے ساتھ۔ اس کی سطح قطعاً جذباتی نہیں ہے۔ ریاضت فکر اور اپنے مقصد سے خلوص کی گرمی، ان سنجیدہ اور تیکھے انداز کو پیدا کرتی ہے، تلخ مشاہدے کی ہے لیکن بے حد مہذب، ثقہ اور سنجیدہ۔ فرماتے ہیں:

کس کام کے ہیں یہ بندہ پرور جلسے　　یہ قوم کے چندے سے تونگر جلسے
بھوکے مرتے ہیں کتنے مفلس مجبور　　ماتم ہے گھروں میں اور باہر جلسے

یا یہ اشعار ملاحظہ فرمائیے:

وہ دینِ الٰہی کا سفینہ منبر　　تطہیر حیات کا قرینہ منبر
اس عہد میں دیکھتا ہوں اللہ اللہ　　دنیا کی ترقی کا ہے زینہ منبر

ان کے پاس مزاح کی لطیف چاشنی بھی ملتی ہے، لیکن لب آسا مسکراہٹ سے زیادہ نہیں، لیکن اس میں طنز ضرور شامل رہتا ہے۔

آج کہلاتی ہے بے راہ روی اسٹائیل
اب زمانے کو ہے مرغوب یہی اسٹائیل
بات اکھاڑے سے یہ بزم شعراء تک پہنچی۔ شعر بھی ہونے لگے اب تو فری اسٹائیل۔ تجم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحب با مقصد شاعر ہیں، اپنے ماحول کے عکاس اور نقاد ہیں۔ ان کے آدرش اور اصول بے حد واضح ہیں۔ ان میں کوئی پیچیدگی نہیں۔ اپنے معاصرین میں اس حیثیت سے منفرد بھی ہیں کہ خاموشی کے ساتھ اپنے مقصد کی شمع روشن کیے اجالوں کے تصور سے مردہ انسانیت کو نئی زندگی بخشنا چاہتے ہیں۔ ان کے پیغام کو مجمل انداز میں ملاحظہ فرمائیے:

وہاں اے دوست کس دل سے دوا ہے جشنِ آزادی　　جہاں انسان ملک وقوم کی تفریق فرمائے
ہمارا قصد بھی ہے یومِ آزادی منانے کا　　اگر ہر ملک میں انسانیت کا راج ہو جائے

ملت بیضا سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ میرے خیال میں اس سے بہتر حل اس بگڑی ہوئی قوم کے لیے شائد ہی ہو سکے۔ ساری امت کا اس پر اجماع ہے۔ رنگ ونسل، قوم ووطن اور زبان کی اساس پر اتحاد کے نتائج آج سب کے سامنے ہیں، لیکن اتحاد واخوت کی جو اساس اس قطعہ میں پیش کی گئی ہے، اس میں کسی بحث کی گنجائش نہیں ہے:

تاریکیاں ہیں ملتِ بیضا کی تاک میں　　کچھ قوم کی حیات کا سامان کیجئے
سرکارِ دو جہاںؐ کی محبت کے نام پر　　آپس کے اختلاف کو قربان کیجئے

بنی نوع انسان کے لیے مذہب کا پیغام بھی ملاحظہ فرمائیے جو بلا امتیاز نسل ورنگ ومذہب وقوم قابل قبول ہی نہیں ہے، بلکہ اگر اس صداقت کو عام کر دیا جائے تو شاید مستقبل کے کئی ایک خوفناک مسائل خود بخود حل ہو جائیں۔ فرماتے ہیں:

بنی آدم ہیں سب لیکن یہ کیسی آدمیت ہے　　فسادوں کے لیے دوروں کی دنیا میں بھی فرصت ہے
لڑائی اختلافِ مذہب وملت پہ کیا معنی　　جسے کہتے ہیں مذہب وہ محبت ہی محبت ہے

ان کی رباعیات وقطعات، فلسفہ اخلاقیات، عمرانیات، سیاسیات ومذہب کے مختلف گوشوں پر پھیلی ہوئی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود حدود ادب سے خارج نہیں۔ ان کی سب سے پہلی اہمیت ادبی ہی ہے۔ نجم صاحب کی شاعرانہ شخصیت افکارِ عالیہ کے لباس میں اور بھی جاذب نظر بن گئی ہے۔ اسرار وافکار اردو ادب کے ادب عالیہ میں ایک اضافہ ہے جو فن کی لطافتوں اور زبان کی نزاکتوں سے معمور ہے۔ اور یہ گر تو واقعی تشکیک وتضاد کے اس دور میں سوچنے اور سمجھنے کی کئی راہیں آسان کر دیتا ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رشتہ بہت ہے نازک تکمیلِ دوستی کا　　　میں گُر بتا رہا ہوں آسان زندگی کا
رہنا بہت ہی کم ہے اس منزلِ عمل میں　　　ہو دوست ایک ہی کا دشمن نہ ہو کسی کا

تجمّ صاحب نے بہت ساری رباعیات اور قطعات کسانوں، مزدوروں اور مفلس انسانوں کے مسائل پر بھی کہی ہیں۔ ایک زمانہ تھا کہ مزدور دوستی اور مادہ پرستی وخدا بیزارگی کو لازم وملزوم سمجھا جاتا تھا۔ مزدوروں کے اجارہ دار، کسانوں کے غمگسار صرف وہی سمجھے جاتے تھے جو ایک خاص نظامِ فکر کے شیدائی ہوں۔ مذہبی اور روحانی اقدار پر یقین رکھنے والوں کو رجعت پسند اور سرمایہ داروں کے ایجنٹ قرار دیا جاتا تھا۔ تجمّ صاحب کے سامنے ایسی کتنی تحریکیں پیدا ہوئیں اور پھر نہ جانے کہاں غائب ہوگئیں، لیکن تجمّ صاحب اپنی تمام صداقتوں کے ساتھ اپنے مسلک پر آج بھی قائم ہیں۔ تجمّ صاحب مذہب پر روحانیت کا گہرا ایقان رکھتے ہیں، لیکن شروع سے ان کی ہمدردیاں مظلوم انسانوں، بے کس مزدوروں اور مفلس کسانوں کے ساتھ رہی ہیں۔ یہ کوئی تضاد نہیں ہے بلکہ قصور سارا ان اصولوں کا ہے اور اس نقطۂ نظر کا ہے کہ سماجی نا انصافیاں مذہب کی پیدا کردہ ہیں۔ اس مفروضہ کا حقیقت سے دور کا تعلق بھی نہیں ہے۔ ثبوت میں تجمّ صاحب کے یہ شعر پیش کیے جاسکتے ہیں:

انسان کی جنسِ خام کہلاتے ہیں　　　نا قابلِ احترام کہلاتے ہیں
سیدھے سچے جری جفاکش مزدور　　　کیا ظلم ہے یہ عوام کہلاتے ہیں

---

افلاس پہ مامور نظر آتا ہے　　　مرکز سے بہت دور نظر آتا ہے
دستور بدل گیا حکومت بدلی　　　مزدور بدستور نظر آتا ہے

---

جب لطفِ حیات میں کمی پاتا ہے　　　جب شدتِ آرام سے تھک جاتا ہے
منعم تجھے اس وقت بھی بھولے سے کبھی　　　مزدور کی محنت کا خیال آتا ہے

---

آزاد کو اک قید ہے فغفوری بھی　　　ہے بارِ گراں قبائے دستوری بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو اپنے لیے جگہ معین کر لے　　دنیا میں غلامی بھی ہے مزدوری بھی

---

دنیا ہمدرد آج مزدور کی ہے　　حالت یہی چار سمت جمہور کی ہے
تیرہ سو برس سے کہتے آئے ہیں یہ ہم　　اب سمجھے ہو تو تم بات ذرا دور کی ہے

کشمیر پر آثر لکھنوی کی ایک اچھی رباعی مشہور ہے:

کشمیر کے مرغزار اللہ اللہ　　شاداب وہ کوہ سار اللہ اللہ
جنگل کے خموش ہمہمے کی ہیبت　　دھڑکا دل جوئبار اللہ اللہ

نجم صاحب بھی کشمیر جاتے ہیں۔کشمیر جنت نظیر اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ ان کے سامنے وا ہے۔خوشنما منظر، خوبصورت جھیلیں اور خوشگوار موسم، تخلیق شعر کے تمام اسباب مہیا ہیں، لیکن شاعر کی نظر اہل کشمیر سے صرف نظر نہ کر سکی۔فرماتے ہیں:

سونا چاندی پگھل رہا ہے تو کیا　　محلوں میں چراغ جل رہا ہے تو کیا
اہلِ کشمیر سیر و سیراب نہیں　　شاہی چشمہ اُبل رہا ہے تو کیا

یہ رباعی ۱۹۴۱ء کی ہے جب کہ کشمیر میں افلاس اور جہالت اپنے عروج پر تھے۔شاعر کے احساسات کشمیر کے دلکش روز و شب میں الجھ کر نہیں رہ گئے بلکہ شاعر کا سماجی شعور اہل کشمیر کے حال زار کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ان کی سیر کشمیر، ان کے معیار نظر اور انسان دوستی کا واضح ثبوت ہے۔فرماتے ہیں:۔

کشمیر میں کیا شام و سحر کی ہم نے　　اک آہ کی جس سمت نظر کی ہم نے
کانٹوں میں کسی کی یوں نہ گذری ہوگی　　جس درد سے پھولوں میں بسر کی ہم نے

اس قسم کی بیسوں مثالیں نجم صاحب کے حیات وکلام سے پیش کی جا سکتی ہیں۔

نجم صاحب انسانیت اور آدمیت کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔

ان کا تصور انسانیت ملاحظہ فرمایئے:۔

بے جا طلب سے زعم سخا سے بلند ہے　　فکرِ حیات و خوفِ قضا سے بلند ہے
مسجود ہے ملک کا تو اے بندۂ خدا　　تیرا مقام شاہ و گدا سے بلند ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بندۂ خدا جو مسجود ملائک ہے، اس کو دنیا کے بنائے ہوئے اعتبارات شاہ و گدا سے ممیز کر کے پستی و بلندی کے مفروضہ امتیازات کی بنیاد ہلا دی ہے۔ انسان کا بندۂ خدا ہونا ہی اس کی سب سے بڑی فضیلت ہے۔ اگر انسان کو اس کا احساس نہیں ہے تو پھر اس کا حال جو ہوتا ہے اسے خود نجم صاحب کی زبان میں ملاحظہ فرمایئے:۔

کیا راہِ غرض میں لوٹتا جاتا ہے　　کیا کمتر و نا چیز بنا جاتا ہے
اللہ کے آگے نہیں جھکتا جو سر　　بندے کے حضور میں جھکا جاتا ہے

نجم صاحب توصیفِ پیمبرؐ کو ادب کی معراج سمجھتے ہیں۔ مقام رسالت کا عرفان ان کے ایک شعر میں ملاحظہ فرمایئے۔

صورت گر ازل نے ترے اعتبار پر　　اک مشتِ خاک تھی جسے انساں بنا دیا

اسرار و افکار میں ان کی بہت ساری رباعیات، جو خاتم رسالتؐ، خیر البشرؐ فخر انبیاء، سرکار دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کہی گئی ہیں، شامل ہیں۔ اسلام سے ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور اہلبیت اطہار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے ان کی وابستگی محض روایتی نہیں ہے، بلکہ شعوری ہے۔ وہ اس کسوٹی پر حیات و کائنات کو پرکھتے ہیں۔ ان کے فکر و خیال اور ادب و فن میں سارے جلوے اسی نور کے ہیں۔ ان کی وضعداری ہو کہ ان کی خودداری، اسی سرچشمے سے فیض یاب ہے۔ زمانے کے گرم و سرد نے اس کی اہمیت اور ضرورت کو ان کی نگاہوں میں اور بھی بڑھا دیا ہے۔ فرماتے ہیں:

انسان کی عظمت کے نگہبان بھی ہو　　مسلم ہو سلامتی کا عنوان بھی ہو
اسلام پیامِ امن ہے یاد رہے　　سنی ہو کہ شیعہ ہو مسلمان بھی ہو

———

بھارت ہے چمن جانِ چمن ہیں ہم لوگ　　کیا قابلِ شرط و ریب وطن ہیں ہم لوگ
آپس میں بھی مول تول ہوتا ہے کہیں　　اس دیس کے انمول رتن ہیں ہم لوگ

ان کا مشاہدہ کس قدر سچا ہے۔ وہ قوم کے زوال کا افسانہ سنا کر ہمتوں کو پست بنانا نہیں چاہتے، بلکہ قدم قدم پر اس کی بیداری کے سامان فراہم کرتے ہیں۔ صحیح تشخیص کے بغیر علاج کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصور محال ہے۔

کس طرح بدل گیا یہ معیارِ حیات — کیوں سرد ہوئی گرمیِ بازارِ حیات
جس قوم نے سر کی مہم کرب و بلا — اس قوم میں ملتے نہیں ہیں آثارِ حیات

بھارت کی اکثریت کے سامنے نجم صاحب کی یہ آواز بڑے ہی خلوص کے ساتھ پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ اردو ادب کے لیے نجم صاحب کی ذات مستغنا میں سے ہے۔ ان کی کوششیں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ایک وقت آئے گا کہ ان کی صحیح قدر و قیمت کا اندازہ سب کو ہو جائے گا۔ ویسے وہ اپنی تاثیر شعر کے بارے میں مطمئن ہیں اور یہ استغنائی کیفیت ہم کو نجم صاحب سے بہت قریب کر دیتی ہے۔

جب زیرِ زمیں سُلا کے آئے گا مجھے — دو چار قدم میں بھول جائے گا مجھے
اس دن ترا حافظ ہے خدا ہی اے دوست — جب میرے کسی شعر میں پائے گا مجھے

نجم صاحب نے اردو زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اس نقطۂ نظر سے ان کے کلام کے تفصیلی جائزے کا یہ موقع نہیں ہے۔ تاہم ان کی چند ایسی رباعیات کو پیش کرنا ضروری سمجھتا ہوں جس سے اردو کے دامن میں وسعت و تجربے کی مثالیں سامنے آجاتی ہیں۔ ان رباعیات کو اردو اور ہندی دونوں رسم الخط میں لکھا جا سکتا ہے اور دونوں زبانیں دعویٰ کریں گی کہ یہ میری زبان ہے۔

جب تک میری زباں میں رس ہے سن لے — جب تک سینے پہ تیرا بس ہے سن لے
سنسار کو سکھ ملا ہے میرے دکھ سے — میرے دکھ میں پریم رس ہے سن لے

———

سنسار کی ریت ناپی جوکھی سمرن — مالا کا وہ پھیر وہ انوکھی سمرن
ہم جانیں سکھی ہمارا سائیں جانے — من کی سمرن ہے سب سے چوکھی سمرن

———

ست کی بنسی بجائے جاؤ ساتھی — سوتی دنیا جگائے جاؤ ساتھی
کتنا بھی ہو بوجھ ہار تھکنے کے نہیں — سیوا کی ڈگر پہ گائے جاؤ ساتھی

———

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مایا مائی ہے اور لونا ہے تو  سنسار کی ہاٹ میں کھلونا ہے تو
سمجھا ہی نہیں آپ کو مورکھ لوبھی  باہر بھیتر تمام سونا ہے تو

تجمؔ صاحب کی ذاتِ گراں مایہ بھی ایک کھلی کتاب کی طرح سامنے ہے۔ یہ آب ورنگ، یہ روپ ونکھار صرف مطالعہ کی چیز نہیں ہے بلکہ اس کے کچھ اور مطالبات بھی ہیں۔ وہ کیا ہیں یہ میں نہیں بتلاؤں گا۔ اگر آپ حساس ہیں، باشعور اور حق پرست ہیں تو آپ خود بخود ان آدرشوں کو اپنائیں گے جنہیں تجمؔ صاحب نے سلیقہ کے ساتھ اسرار وفا کار کی شکل میں آپ کے سامنے پیش کیا ہے۔

حیدرآباد  اپریل ۱۹۷۱ء  سید معز الدین قادری الملتانی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قدرِ عریضی

# تعارف نجم آفندی

شاعرِ اہلبیتؑ علامہ نجم آفندی کا تعارف کروانا اور ان کی ہمہ گیر و پہلودار شخصیت کا مکمل جائزہ لینا، جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ کرم کرنے والا کسی پر اس کی نمود سے کرم کرتا ہے تو کسی پر زمانہ طفولیت سے، کسی پر عالم شباب میں کرم کرتا ہے، تو کسی پر پیرانہ سالی میں۔ شعروادب کے میدان میں علامہ نجم نوعمری ہی سے خالق کائنات کے کرم کا مرکز بن گئے۔ میر انیس کی طرح حضرت نجم کو بھی شاعری ورثے میں ملی۔ جس طرح میر انیس نے کہا تھا

عمر گزری ہے اسی دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیرؑ کی مداحی میں

اس دشت کی سیاحی میں ان کے آباواجداد کی طویل عمریں بیت چکی ہیں۔ مرزا عاشق حسین بزم آفندی، حضرت نجم کے والد ماجد فن شعر میں اپنے دور کے مسلم الثبوت استاد تھے۔ مرزا عباس بلیغ حضرت نجم کے جد اور مرزا نجف علی بلیغ جدِ اعلیٰ تھے۔ علامہ نجم کے نانا مرزا آغا حسین آغا، صاحبِ دیوان اور قادرالکلام شاعر تھے جن کا شمار چوٹی کے اساتذہ میں ہوتا تھا۔ موصوف کے یہ دوشعر آج بھی زبان زدِ خاص وعام ہیں۔

کیوں دل جلوں کے لب پہ ہمیشہ فغاں نہ ہو
ممکن نہیں کہ آگ لگے اور دھواں نہ ہو

دیکھیں کہ کس طرح نہیں ہوتا انہیں اثر
لو آج نامہ لکھتے ہیں خونِ جگر سے ہم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیس اور انس کی طرح تیغ اور تیغ بھی اپنے دور کے مایہ ناز مرثیہ نگار اور استادفن گذرے ہیں۔ حضرت تجم اور ان کے آبا واجداد کا وطن اکبر آباد (آگرہ) ہے۔ سرزمین آگرہ کو یہ شرف حاصل ہے کہ اردو شاعری کے وہ اساتذہ جن کا شمار انگلیوں پر کیا جا سکتا ہے، اسی خاک سے اٹھے۔ میر تقی میر کا مولد آگرہ ہے۔ نظیر اکبر آبادی آگرے ہی کی امانت ہیں۔ مرزا غالب بھی آگرے ہی میں پیدا ہوئے اور آٹھ سال کی عمر میں دلی آگئے۔ سیماب اکبر آبادی کا وطن بھی آگرہ ہے۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ کئی مشاہیر زمانہ اور اکثر سیاسی قائدین بھی اسی خاک سے اٹھے۔ ابوالفضل اور فیضی کا وطن بھی آگرہ ہے۔ پنڈت موتی لعل نہرو آگرہ ہی میں پیدا ہوئے۔ آگرہ ہی میں دریائے جمنا کے کنارے ''آگر بند'' وہ تاریخی مقام ہے جہاں شری کرشن جی نے محبت کی بنسری بجائی تھی اور گیتا کی تدوین کی۔ عجائبات عالم کا حسین ترین عجوبہ ''تاج محل'' جو سارے عالم میں حسن کا شہکار مانا جاتا ہے، آگرے ہی میں ہے۔ ''آگر بند و تاج محل'' کی طرح آگرے کے شعراء، ادباء اور اہل علم وفن دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ اسی پس منظر میں ادبی دیانتداری کا تقاضا یہ ہے کہ حضرت تجم کے مجموعہ رباعیات ''اسرار و افکار'' کو دنیائے اردو ادب کا تاج محل کہا جائے۔ حضرت تجم کی شاعری کی عمر ہمارے بیشتر شعراء کی عمروں سے زائد ہے۔ انہوں نے کم وبیش چھ دہوں سے شعروادب اور زبان کی خدمت کے لیے خود کو وقف کر دیا ہے۔ نہ صرف حیدرآباد، بلکہ ہندو پاکستان میں حضرت تجم کے مرتبہ کا پختہ مشق وقادر الکلام شاعر کوئی نظر نہیں آتا۔ حضرت تجم کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے، جن میں کے اکثر خود بھی استاد ہیں۔ حضرت تجم کو ارباب علم وفن کی جانب سے شاعر اہلبیت کا خطاب دیا گیا ہے۔ یہ وہ گرانقدر خطاب ہے جو عرب کے مشہور شاعر فرزدق کو حاصل تھا۔ بعض ناواقف حضرات، حضرت تجم کو صرف نوحہ نگار، سلام نگار یا مرثیہ نگار کی حیثیت سے جانتے ہیں۔ چنانچہ مرحوم مخدوم محی الدین نے الیسٹریٹڈ ویکلی (Illustrated Weekly) میں چھپے شعراء کے ایک تعارفی مضمون میں علامہ تجم کا تعارف ایک مرثیہ نگار کی حیثیت سے کروایا ہے جو حقیقت سے بعید اور انصاف کے مغائر ہے۔ حضرت تجم نے جملہ اصناف سخن کو اپنے کلام سے مالا مال کیا ہے۔ غزل، نعت، منقبت، سلام، مثنوی، قصیدہ رباعی وقطعات کے مسلم الثبوت اساتذہ میں وہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنا ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے، میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ کوئی صنف سخن ایسی نہیں جس میں حضرت تجمؔ کا کلام موجود نہ ہو۔ یہاں تک کہ آپ کے وسیع میدان شعر وفکر میں ترقی پسند شاعری بھی اپنا ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔ نظم کی طرح آپ نے نثر کو بھی نوازا ہے۔ جس میں ناول، اخلاقی ومذہبی مضامین، تاریخ وتمدن سب ہی شامل ہیں۔ چنانچہ آپ کی ۲۷ کتابیں نظم ونثر کی منظر عام پر آچکی ہیں، اور عوام وخواص میں کافی مقبول بھی ہیں۔

حضرت تجمؔ نے اپنے زمانہ طالب علمی کے واقعات بیان کرتے ہوئے ایک صحبت میں بتایا کہ جب وہ مفید عام اسکول آگرہ کی چھٹی جماعت میں پڑھتے تھے، ان کی لڑائی ایک ہم جماعت ہندو ساتھی سے ہوئی۔ نوبت مار پیٹ تک پہنچ گئی۔ یہ قضیہ صدر مدرس تک پہنچا۔ دونوں اس بات پر اڑے رہے کہ پہلے تم نے مارا۔ اس بات کو سن کر صدر مدرس نے فیصلہ کن لہجہ میں کہا کہ ''تم دونوں مل کر تیسرے کو کیوں نہیں مارتے'' سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے حضرت تجمؔ نے کہا کہ میں نہیں کہہ سکتا کہ میرے حریف نے اس جملہ کا کیا مفہوم سمجھا۔ مگر میرے دل پر وہ فقرہ نقش کالحجر ہوگیا اور فوراً میرے دل نے آواز دی کہ تیسرے سے مراد انگریز ہے جس کی غلامی کی صعوبتیں ہم برداشت کر رہے ہیں اور اس کو مار بھگانے کی جسارت نہیں کرتے۔ اس واقعہ سے تجمؔ صاحب کی طفولیت کی فراست، نکتہ دانی اور کمال شعور کا پتہ چلتا ہے۔ جب عقل کی پختگی کا زمانہ آیا تو تجمؔ صاحب نے ایک سوسائٹی قائم کی جس سے انگریز سامراج کے خلاف پروپیگنڈہ مقصود تھا۔ سوسائٹی کے اراکین کی شناخت کے لیے خاص نمونے کے نقروی چھلے بنائے گئے تھے۔ اور مخصوص اشارے بھی مقرر تھے تاکہ اراکین آپس میں بہ آسانی ایک دوسرے کی شناخت کرسکیں۔ اس سوسائٹی کا واحد مقصد انگریز سامراج کے خلاف ہندوستانیوں کو متحد کرنا تھا۔ اس سوسائٹی کے ایک سرگرم رکن حضرت تجمؔ کے خالہ زاد بھائی بھی تھے جو کچھ عرصہ بعد پولیس کے انسپکٹر بن گئے اور انہوں نے سوسائٹی سے نہ صرف قطع تعلق کرلیا بلکہ یہ بھی کہا کہ بلحاظ فرائض ملازمت وہ اس سوسائٹی کی اطلاع حکومت کو دے دیں گے۔ یہ سن کر تمام ممبر مستعفی ہوگئے اور تجمؔ صاحب تنہا اس کے رکن رہ گئے۔ ان واقعات سے حضرت تجمؔ کی جرأت وبے باکی اور احساس حب الوطنی کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اظہار ہوتا ہے۔

حضرت نجم کی پختہ مشقی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہیں یادگارِ مومنؔ و نسیمؔ، منشی امیر اللہ تسلیمؔ کے ساتھ ایک مشاعرے میں کلام سنانے کا اتفاق ہوا۔ حضرت نجم نے اس مشاعرے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ اللہ اللہ جب اس زمانے کا خیال آتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے میں سو برس سے جی رہا ہوں۔ اس واقعہ کے تسلسل کو یوں شروع کیا کہ مشاعرے میں سامعین اور شعراء کی تعداد کافی تھی اور سب حضرت تسلیم کا انتظار کر رہے تھے۔ تھوڑی ہی دیر بعد موصوف، جن کی عمر تخمیناً ایک سو سال کی ہوگی اور شاگردوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے تشریف لائے اور مسندِ صدارت پر متمکن ہوگئے۔ اس مشاعرے میں اس دور کے اساتذہ کو مدعو کیا گیا تھا۔ کئی شعرا نے کلام سنایا۔ آخر میں حضرت تسلیم کی صدارتی غزل ان کے شاگرد نے سنائی کیونکہ بوجہ کبیر سنی حضرت تسلیم کے اعضاء و زبان میں رعشہ تھا، اور وہ خود اپنا کلام نہیں سنا سکتے تھے۔ مشاعرے کے اختتام پر شعراء اور سامعین بیٹھے رہے اور سب کی یہ خواہش تھی کہ حضرت تسلیم اپنی زبان سے کم از کم دو شعر سنائیں، لیکن کسی میں جرأت نہ تھی کہ حضرت تسلیم سے ایسی خواہش کر سکیں۔ نجم صاحب نے فرمایا کہ حاضرینِ مشاعرہ، شعراء اور سامعین کی دلی خواہش کا جب مجھے اندازہ ہوا تو میں نے ان سے کہا کہ آپ حضرات کو حضرت تسلیم کی زبان سے دو شعر میں سنوا دیتا ہوں۔ اس پر اکثروں نے مسکرا دیا اور بعض ہنس پڑے اور بعض اساتذہ نے فرمایا، میاں تم بچے ہو۔ بڑے بڑوں کا یہ حوصلہ نہیں۔ چپکے بیٹھے رہو۔ میں کہاں چپ ہونے والا تھا۔ میں نے آگے بڑھ کر حضرت تسلیم سے ادباً عرض کیا۔ قبلہ اکثر شعراء و سامعین آپ کی زبان مبارک سے صرف دو شعر سننا چاہتے ہیں اور میری بھی گذارش ہے۔ حضرت تسلیم میری اس درخواست اور دیدہ دلیری پر بہت حیران ہوئے۔ فرمایا میاں صاحبزادے تم کون ہو جو سب کی نیابت کر رہے ہو۔ میں نے جواباً عرض کیا میں نجم آفندی ہوں۔ ارشاد ہوا۔ کون نجم آفندی؟ میں نہیں سمجھا۔ میں نے عرض کیا۔ میں منیرؔ شکوہ آبادی کا پوتا ہوں۔ یہ کہنا ہی تھا کہ حضرت تسلیم تڑپ اٹھے اور فرمایا۔ ضرور سناؤں گا ضرور سناؤں گا۔ منیرؔ جیسے باکمال کے پوتے کی زبان خالی نہیں کی جا سکتی۔ یہ کہہ کر حضرت تسلیم نے کانپتی ہوئی آواز میں دو شعر پڑھے جنہیں حافظہ کمزور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو جانے پر بھی میں آج تک نہیں بھول سکا۔

نہ ہوا کم کسی تدبیر سے چکر میرا
جب تھکے پاے جنوں پھر نے لگا سر میرا
حجاب باغ میں نرگس کی چشم سے نہ کرو
یہ دیکھنے کی ہیں آنکھیں نظر نہیں آتا

یہاں یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ حضرت منشی منیر مرحوم حضرت تجمل کے والد کے استاد بھی تھے اور حضرت تجمل کی دادی کے رشتے کے بھائی بھی تھے۔ واقعہ صدر سے تجمل صاحب کی بے باکی اور برجستگی کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔ تجمل صاحب کی جوانی کا ایک اور واقعہ خود ان کی زبانی سنئے: ”کانپور میں میرے خالہ زاد بھائی کے مکان کے قریب حضرت ابومظفر وقار کانپوری مقیم تھے۔ میرے خالہ زاد بھائی نے مجھے ان سے ملا دیا اور کہا کہ یہ میرا چھوٹا بھائی ہے اور شعر بھی کہتا ہے۔ حضرت کی خواہش پر میں نے غزل کا یہ مطلع پڑھا:

یہ سنتا ہوں لحد میں پیٹتا ہے استخواں کوئی
الٰہی خیر! کیا زیرِ زمیں ہے آسماں کوئی

مطلع سن کر فرمایا۔ خوب! اور پوری غزل سن کر فرمایا۔ میاں صاحبزادے یہ آپ کی غزل ہے؟ میں نے جواب دیا۔ جی ہاں! پوچھا۔ آپ کس کے شاگرد ہیں۔ میں نے کہا اپنے والد حضرت بزم آفندی کا۔ پوچھا وہ کس کے شاگرد ہیں۔ میں نے کہا منشی سید اسمٰعیل حسین منیر شکوہ آبادی کے...... بس تڑپ اٹھے اور بے ساختہ فرمایا کہ تم اس عمر میں اس سے بھی بہتر شعر کہہ سکتے ہو۔ ہمارا تمہارا سلسلہ تلمذ ایک ہی ہے۔ ہم عروج کے شاگرد ہیں اور عروج منیر کے۔ استاد بھائی حضرت ناسخ کے شاگرد تھے۔ اس واقعہ سے تجمل صاحب کی شاعرانہ عظمت کا رُخِ تاباں صاف دکھائی دیتا ہے۔ حضرت تجمل نے ایک اور واقعہ بائیس چوبیس سالہ عمر کا یوں بیان کیا کہ حضرت شوکت میرٹھی اپنے دور کے بہت بڑے اساتذہ میں شمار کیے جاتے تھے۔ موصوف بہت معمر اور نازک مزاج بھی تھے۔ حضرت شوکت کے دو صاحبزادے ندرت اور جدت تھے۔ میں ایک مرتبہ حضرت شوکت سے ملنے کی غرض سے ان کے مکان پر گیا۔ اور ان کے صاحبزادے ندرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحب سے کہا کہ میں اکبرآباد، آگرہ سے آیا ہوں اور حضرت شوکت سے ملنا چاہتا ہوں۔ ندرت صاحب نے بگڑ کر کہا کہ وہ کسی سے نہیں ملتے۔ میں نے کہا کہ میں حضرت شوکت سے مل کر ہی لوٹوں گا۔ آپ ازراہ کرم حضرت سے یہ فرما دیجئے کہ منیر شکوہ آبادی کا پوتہ آپ سے ملنے حاضر ہوا ہے۔ چنانچہ تھوڑی دیر بعد حضرت شوکت اپنے دونوں صاجزادوں کا سہارا لیے تشریف لے آئے۔ مجھ سے کلام سنا اور خود بھی کلام سنایا۔ اس واقعہ سے حضرت منیر شکوہ آبادی کی عظمت وشخصیت کا اندازہ ہوتا ہے اور اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ اس دور کے باکمال حضرات ایک دوسرے کی کس قدر، قدرومنزلت کیا کرتے تھے۔

ایک اور واقعہ بھی کافی اہمیت رکھتا ہے جس سے تجمّ صاحب کی حق گوئی اور وضعداری کے جوہر نمایاں ہوتے ہیں۔ راجہ غضنفر علی خاں والیِ اسٹیٹ پنڈراول، مرزا دبیر کے فرزند مرزا اوج کے نہایت معتقد تھے۔ جو بھی شاعر راجہ صاحب سے ملتا، اس کو وہ مرزا اوج کے شاگرد ہو جانے کی ہدایت کرتے اور جب شاعر مرزا اوج کا شاگرد ہو جاتا تو ایک اشرفی دی جاتی تھی۔ تجمّ صاحب بھی، جب ان کی عمر پندرہ سال کی تھی، اپنے والد کے ہمراہ راجہ صاحب سے ملے۔ راجہ صاحب نے تجمّ صاحب کا کلام سنا اور کہا۔ تم بھی مرزا اوج کے شاگرد ہو جاؤ۔ تجمّ صاحب نے بے ساختہ فرمایا صاحب! میرے گھر کی استادی ہے۔ میں کیوں کسی کا شاگرد بنوں۔ میرے جواب سے راجہ صاحب بے حد متاثر ہوئے اور مجھے بجائے ایک کے دو اشرفیاں عنایت فرمائیں۔ اس واقعہ سے حضرت تجمّ کی خودداری کی عکاسی ہوتی ہے..... ایک آل انڈیا مشاعرے کا حال بیان کرتے ہوئے تجمّ صاحب نے فرمایا کہ وہ غازی آباد (یوپی) کے کل ہند مشاعرے کے بانی تھے جو چوبیں گھنٹے تک مسلسل جاری رہا۔ اس عظیم الشان مشاعرے میں ہندوستان کے مختلف مقامات کے تقریباً ۳۰ شعراء نے شرکت کی۔ اس مشاعرے کے تعلق سے تجمّ صاحب کے تاثرات ہیں کہ اس قدر کامیاب مشاعرہ آج تک ان کے دیکھنے میں نہیں آیا۔ مشاعرے کی طرح یہ تھی۔ الٰہی ترجمانِ دل نگاہِ واپسیں ہوتی۔ بڑی ہی معرکتہ الآرا اور کامیاب غزلیں سننے میں آئیں۔ بقول حضرت تجمّ حسب ذیل تین شعر مشاعرے کی داد کا مرکز بنے رہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت حافظ پیلی بھیتی کا یہ شعر

محبت کی نمائش کیا، نمائش کی محبت کیا
ریاکاروں میں ہوتی ہوگی رندوں میں نہیں ہوتی

ایک ڈپٹی کلکٹر صاحب کا یہ شعر، جن کا تخلص مجذوب تھا۔

وہاں ہوتے جہاں دودِ جگر کا آسماں ہوتا
وہاں بستے جہاں خاکستر دل کی زمیں ہوتی

یاس یگانہ چنگیزی کا یہ شعر

یہ آبِ آتشیں ہے اور یہ دریا خونِ ناحق کا
مگر نفسِ شقی کی پیاس میں تسکیں نہیں ہوتی

واقعات صدر سے نجم کی ادبی صلاحیتوں اور شعری محفلوں کے انعقاد اور حسن اہتمام کا اندازہ بخوبی ہوسکتا ہے۔

اب میں شاعرِ اہلبیتؑ کے بارے میں اپنی ذاتی معلومات کو مختصراً پیش کرتا ہوں۔ جناب کاظم علی باغ مرحوم کے پاس قطبی کوڑہ میں ہر ماہ طرحی مشاعرہ ہوا کرتا تھا، جس میں راقم پابندی سے شریک ہوا کرتا تھا۔ نجم صاحب بھی کبھی کبھی شریک مشاعرہ ہوا کرتے تھے۔ موصوف کی غزلیں پہلے پہل میں نے وہیں سنیں اور مسالموں میں نجم صاحب سے سلام بھی سننے کا اتفاق ہوا۔ ۱۹، ۲۰ سال پیشتر حکیم آشفتہ صاحب مرحوم نے نجم صاحب کے والد حضرت بزم کے نام سے مجلس بزم قائم کی، جس میں ہر ہفتہ طرحی مشاعرہ منعقد ہوا کرتا تھا۔ ان مشاعروں میں بپابندی راقم حضرات نجم آفندی، کامل شطاری، ناصر زیدپوری، محمد حسین آزاد، سیف حموی، واثق بدایونی، تاج قریشی، خاور نوری، عزم، سعادت نذیر، خورشید جنیدی، تاثر جعفری، شاہد حیدری، طاہر عابدی کے علاوہ اور بھی شعراء شریک ہوا کرتے تھے۔ کبھی کبھی حضرات حیرت بدایونی، حمید الدین رضا، سعید شہیدی بھی آجاتے تھے۔ اس ہفتہ وار بزم کی بدولت ایک دوسرے کو بہت قریب سے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ اس زمانے سے نجم صاحب میں اور مجھ میں یگانگت بڑھتی گئی اور اب ادارۂ قدر ادب کی محافل دوبیتی کے سلسلہ میں ہم ایک جان دو قالب ہوگئے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مندرجہ واقعات وحقائق کی روشنی میں ہم بلا شبہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ علامہ نجم آفندی کو تمام اصناف سخن حمد، منقبت، سلام، غزل، نظم، قطعہ، رباعی، قصیدہ، مرثیہ، نوحہ میں ماہرانہ دستگاہ حاصل ہے۔

فن عروض میں جس کو میزان شعر کہا جاتا ہے، علامہ نجم کو قدرتِ کاملہ حاصل ہے۔
اسرار وافکار کے تعلق سے میری پُرخلوص دعا ہے کہ رب کریم اپنے کرم سے علامہ نجم آفندی کی رباعیات وقطعات سے قوم کو حقیقی فائدہ حاصل کرنے کی توفیق عطا کرے۔ ہم کو عزم وعمل کی صلاحیتوں سے مالا مال کرتے ہوئے اتحاد واتفاق کی روح قوم کے جسم میں بھردے۔

حضرت نجم کو قریب سے دیکھنے کے بعد مجھے اس کا عین الیقین ہے بلکہ حق الیقین ہوا کہ حضرت نجم کو مبدء فیاض سے وہ شعور واحساس عطا ہوا ہے جو صرف بڑے فنکاروں کا حصہ ہے اور بڑے فنکاروں کا تعارف طوالت اور مضمون نگار کی صلاحیت کا طالب ہے۔

حضرت نجم کے اجداد نے ماشاء اللہ طویل عمریں پائی ہیں۔ چنانچہ حضرت بزمؔ نے کافی طویل عمر میں رحلت فرمائی۔

میں بارگاہ رب العزت میں دست بدعا ہوں کہ وہ حضرت نجم کو ان کے والد ماجد کی طرح تادیر علم وادب کی خدمت کے لیے زندہ وسلامت رکھے۔ آمین

باغ فریدوں جاہ، حسینی علم روڈ
حیدرآباد ۲۔

**قدر عریضی**
۱۵/مارچ ۱۹۷۱ء

O

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب سوم

## منتخب اشعار

jabir.abbas@yahoo.com

| | |
|---|---|
| کل اشعار | (1130) عدد |
| نجم آفندی کے مقطعوں کا گلدستہ | (430) عدد |

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منتخب اشعار

بہت میکش جہاں دو گھونٹ میں آپے سے باہر تھے
کے معلوم ہے ہم نے وہاں آنکھوں سے پی کب تک

---

آج اردوئے معلیٰ کی اشاعت کے لیے
یہ غنیمت ہے کہ انجم نکتہ داں باقی رہا

---

یہ بھی اک حادثہ اردو کی محبت کا ہے انجم
کنجِ عزلت سے جو باہر نکل آیا ہوں میں

---

زبان شاعرِ کامل پہ ہو اگر انجم
میری نظر میں تعلّی کوئی گناہ نہیں

---

غالب کی طرح معترفِ میرؔ ہوں میں انجم
فیضِ سخن سے جس کے غزل معتبر ہوئی

---

ہر بندۂ اللہ کو اپنا سا نہ سمجھو
ایسے بھی ہیں بیٹھے ہیں جو کونین سنبھالے

---

میں فکرِ خیر میں ہوں وہ شر کر چکا بہت
دشمن بچے گا اب نہ میرے انتقام سے

---

مصیبت پر مری خوش ہونے والے بھی ہیں دنیا میں
بُرا کیا ہے مرا غم دشمنوں کے کام آتا ہے

---

جو کہنا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی
کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا پوچھتے ہو دیدۂ پُرنم کی منزلت　　بنتے ہیں نجم دیدۂ پُر نم سے آدمی

---

دنیا سے لگا تھا دل تو بہت　　اٹھنا ہی پڑا محفل ہی تو ہے

---

انھیں بھی نجم دیکھا ناصیہ سا میرؔ کے در پہ　　جو اپنے زعم میں آ گے ہیں کچھ غالبؔ کی منزل سے

---

میں اپنے زعمِ بلندی میں مٹ گیا لیکن　　کبھی نشانہ احساسِ کمتری نہ بنا
ہر ایک در پہ نہ جا نجم داد کی خاطر　　کمالِ شعر و سخن کو گدا گری نہ بنا

---

میں خود ہوں مطمئن اے نجم ادب کی خدمت سے　　جگہ نہ دے کہیں تاریخ روزگار مجھے

---

یہ کسی نے بھی نہ دیکھا آگ پروانہ میں تھی　　یہ زمانہ دیکھتا ہے آگ میں پروانہ ہے
پرسش احوال پر جز شکر کچھ کہتے نہیں　　بوریے پر بھی مزاج اہل دل شاہانہ ہے

---

باطن میں مرا دوست ہے ظاہر میں ہے دشمن　　کہہ دے جو مرے عیب مرے سامنے آ کے

---

ہزاروں قہقہوں میں گم نہ ہو جائے صدا میری　　اکیلا کیا کروں انسانیت پر نوحہ گر ہو کر
نظر آئے ہمیشہ عیب اوروں کے ہنر اپنے　　نگاہوں نے دغا دی عارفِ عیب و ہنر ہو کر
ہنر مندوں کا آپس میں حسد اے نجم کیا معنی　　ہنر سے دشمنی رکھتے ہیں یہ اہلِ ہنر ہو کر

---

رندوں میں اور بڑھ گیا رحمت کا اعتبار　　واعظ ترے بیانِ عذاب خدا کے بعد
اک مشت خاک ہی سہی نسبت تو دیکھئے　　کونین میں مقامِ بشر ہے خدا کے بعد
کوشش تو نجم دولتِ دنیا نے کی بہت　　بھولے سے بھی نعم نہ کہا میں نے لا کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خود ساختہ ملّا کے پیرایۂ حکمت نے    پروردۂ صحت کو بیمار بنا ڈالا
مذہب کے مسائل میں ڈالے ہیں وہ الجھاوے    آسان شریعت کو دشوار بنا ڈالا

---

شریکِ حال تھی عہدِ خزاں میں خودداری    زباں پہ بھی نہ فسانۂ بہار آیا

---

تمھارے ذوقِ تکلم کا یہ تقاضا ہے    تمھاری بزم میں ہر شخص بے زباں ہوتا
بُرا کہا مجھے دشمن نے خیریت گزری    زبانِ دوست کا اک حرف بھی گراں ہوتا

---

ملا جو عیب کہیں ہم نے چشم پوشی کی    ہنر جہاں نظر آیا بصد نظر دیکھا
مجھے انیسؔ کی عظمت پہ رحم آیا نجمؔ    وہ رنگ چہرہ یومِ انیسؔ پہ دیکھا

---

کوئی تدبیر کیجیے میں نہیں تقدیر کا قائل    مری حالت پہ لفظوں میں ترس کھانے سے کیا ہوگا

---

عشق ایثار کا وہ نقطۂ آخر ہے جہاں    زندگی میں ہے فراقِ تن و جاں ہوجانا

---

رحم کے قابل ہے اس کا عالمِ بے چارگی    کہہ دیا جس نے بہت کچھ اور سوچا کچھ نہ تھا
فطرتِ انساں پہ جب تک عشق تھا پرتو فگن    جوہرِ انسانیت کو نجمؔ خطرہ کچھ نہ تھا

---

غرورِ ظلم لرز جائے جس سے ٹکرا کے    سکون و صبر کا وہ کوہسار پیدا کر

---

کس کو ہے خبر مرحلے طے کتنے کیے ہیں    اک قطرۂ ناچیز نے تعمیر گہر تک

---

کوئی حسینؑ کا ایثار نجمؔ کیا سمجھے    کسے ہے وسعتِ مفہومِ کربلا معلوم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فلسفہ منطق سیاست موعظہ حکمت حدیث — علم و فن کی ہر بلندی پر نظر آئی غزل
حمد و نعت و منقبت نوحہ قصیدہ مرثیہ — کتنے عالم اپنے دامن میں اٹھا لائی غزل
میرؔ و غالبؔ کی غزل ہے تجمؔ و ثاقبؔ کی غزل — تجھ سے ارضِ تاج نے کی بزم آرائی غزل

---

رحمت نے گنہ گاروں کو خود حشر میں ڈھونڈا — واعظ نے مجھے مار ہی ڈالا تھا ڈرا کے

---

شمع و چنگ غنچہ و گل نغمۂ نشاط — اے بزمِ عیش کھیل یہ سب رات بھر کا ہے
میرے سوا کسی کو نہیں میری معرفت — چرچا جگہ جگہ مرے عیب و ہنر کا ہے

---

نبض ہستی پر ہے صدیوں سے ہماری انگلیاں — جب مرض میں ہوگی تبدیلی دوا بدلیں گے ہم
یہ خیالِ خام ہے کس کم نظر کج فہم کا — مسندِ شاہی سے اپنا بوریا بدلیں گے ہم

---

بدلا ہے تجمؔ کیا معیار شعر فہمی — جب سطحِ شاعری سے نغمے نے سر ابھارا

---

مسخ ہوتے ہیں ارادے بارہا — کوئی شاید کار فرما اور ہے

---

سفر تھا کون سا ایسا جو بے جھجک نہ ہوا — رہے گا پوری طرح کامیاب شک نہ ہوا
بہت بڑا مجھے کرنا ہے اک سفر اے دوست — اسی کے واسطے سامان آج تک نہ ہوا

---

آج کچھ اور ہیں تیور مرے دردِ دل کے — عرض کرنا ہے تو کر آج کچھ ارشاد نہ کر
عزمِ محکم ہو تو گر گر کے سنبھلتا ہے بشر — راہِ تدبیر میں اندیشۂ افتاد نہ کر
ایک دن ایک گھڑی ایک نفس کی مہلت — غمِ دنیا سے جو مل جائے تو برباد نہ کر

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

درِ زنداں سے بھی دنیا کو سبق دیتے ہیں
فکر آزاد ہے جس کی وہ گرفتار ہیں ہم

دوش پر ہم نے اٹھا رکھا ہے کونین کا بار
کون کہتا ہے زمانے کے لیے بار ہیں ہم

نہ محبت کے نہ دولت کے طلب گار ہیں ہم
کم سے کم عزتِ انساں کے تو حقدار ہیں ہم

ہر فضا میں ہمیں رہنا ہے نمایاں ہوکر
آج سردار نہیں ہیں تو سرِ دار ہیں ہم

ہم نے دنیا سے بگاڑی ہے بہت حق کے لیے
حرفِ حق ہے جو بغاوت تو گناہ گار ہیں ہم

---

ہستی کوئی ایسی بھی ہے انساں کے سوا اور
مذہب کا خدا اور ہے مطلب کا خدا اور

منبر سے بہت فصل ہے میدانِ عمل کا
تقریر کے مرد اور ہیں مردانِ وغا اور

یہ دور جو اے انجم ہے اردو کا مخالف
اس دور میں اردو کی ہوئی نشو و نما اور

---

ستم شعاروں کے ہاتھوں ہزاروں ظلم سہے
خیال میں بھی نہ احساس انتقام آیا

فرشتے رہ گئے خاموش فرطِ حیرت سے
وہ راہِ عشق میں انسان کا مقام آیا

---

مارا ہے کس کے داؤں سے دنیا سے کیا کہوں
میں دوست سے قریب تھا دشمن سے دور تھا

---

زادۂ ایراں ہے تو پروردۂ ہندوستاں
یہ دو عالم مانتے ہیں تیری یکتائی غزل

انجم میرے ہم وطن ہیں غالب و میر و نظیر
کیوں نہ کرتی میرے در پر ناصیہ سائی غزل

---

انجم صاحب کو راستہ دینا
مذہبِ عشق کے امام آئے

---

میرے لئے آرام کہاں
مسجد کا امام ہوں نہ منبر کا خطیب

---

بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل
اک ذرہ نہیں محفوظ اداکاری سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں — جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے

---

عیش کیا سخت سزا دیتا ہے — مقصدِ زیست بھلا دیتا ہے
عمر بھر پرورش فکر و نظر ہوتی ہے — زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے

---

نہ کس طرح تری رحمت کا آسرا کرتے — اگر گناہ نہ کرتے تو اور کیا کرتے
زہے جلال کے شاہوں کو دستِ قدرت نے — کیا لحاظ نہ ہم صورتِ گدا کرتے
جو دوستوں پہ بھی چھپ چھپ کے وار کرتے ہیں — بھلا وہ کیا کسی دشمن کا سامنا کرتے
بھلے رہے وہ زمانے کے ہم نوا ہوکر — خدا کی راہ میں کس کس سے دل بُرا کرتے

---

فکرِ عصیاں میں گرفتار ہوں پر فخر بھی ہے — میرے اللہ نہ ہو دیکھنے والا کوئی
فطرتِ عشق جو دے ساتھ تو آسکتا ہے — ساری دنیا کے مقابل تنِ تنہا کوئی
سایۂ حق میں بھی مل جاتی ہے ناحق کو پناہ — کبھی چھپ جاتا ہے سچوں میں بھی جھوٹا کوئی

---

دشمنی میرا کیا بگاڑے گی — دوست بن کر مجھے تباہ کریں

---

اپنے اپنے بنالئے ہیں خدا — ہر پرستش میں خود پرستی ہے

---

میں عشق کے تصدق انسان بن گیا ہوں — زیرِ قدم فرشتے آنکھیں بچھا رہے ہیں

---

طاقتیں مسلّم ہیں علم و عقل کی لیکن — عشق کو تعلق کیا ان پناہ گاہوں سے
جبر کا شکنجہ تھی میری ناتواں گردن — موت نے چھڑایا ہے زندگی کی بانہوں سے
فرش پر ہے تخت اس کا عرش پر دماغ اپنا — کیا غریب رہتے ہیں دب کے بادشاہوں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غزل کو میں نے متانت کی آبرو بخشی — غزل کے چہرے پہ ہے میرے التفات کا نور
کیے ہیں شمعِ غزل سے وہ داغ دل روشن — بنا ہے جن کی تجلّی میں مُلک کا دستور

---

چاندنی میں تم ذرا گھر سے نکل کر دیکھتے — قبرِ عاشق اور اک میلی سی چادر دیکھتے

---

جہانِ عشق میں جس کو کبھی زوال نہ ہو — کمالِ غم سے وہ نصب انبہار پیدا کر

---

ہر جادۂ منزل میں ہے سجدے کی ادا اور — معبد کی فضا اور ہے مقتل کی فضا اور
منبر سے بہت فصل ہے میدانِ عمل کا — تقریر کے مرد اور ہیں مردانِ وغا اور

---

عشق ایثار کا وہ نقطۂ آخر ہے جہاں — زندگی میں ہے فراقِ تن وجاں ہوجانا

---

میں اپنے زعمِ بلندی میں مٹ گیا لیکن — کبھی نشانۂ احساسِ کمتری نہ بنا

---

حق ناشناس مجھ سے ملائے نہیں نظر — جس دن سے سامنا مری فکر و نظر کا ہے

---

آج کچھ اور ہیں تیور مرے دردِ دل کے — عرض کرنا ہے تو کر آج کچھ ارشاد نہ کر

---

علی کنارِ نبیؐ میں نبیؐ ہیں کعبہ میں — چمن میں گل ہے تو دامانِ گلستاں میں بہار
سنور رہی تھی یہاں جب کہ عنصری دنیا — میں اپنی نور کی دنیا سے دیکھتا تھا بہار
پڑھا دیا جسے دو حرف عقلِ کل ٹھہرا — بڑھا دیا جسے سدرہ کا کردیا مختار
گھٹا دیا جسے ابھرا نہ پھر قیامت تک — بتوں نے خانۂ کعبہ میں پھر نہ پایا بار

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سرفروشانِ وفا کی تھیں نگاہیں دیدنی — اٹھ گیا تھا کون سا پردا شبِ عاشور کو
ایسے بے پروا کہ جیسے سر ہی شانوں پہ نہیں — جنگ پر جب فیصلہ ٹھہرا شبِ عاشور کو
شمع لے کر روئے اکبرؑ دیکھنے بیٹھی تھی ماں — صبحِ محشر تک ٹھہرنا تھا شبِ عاشور کو

---

سر اُس طرف حسینؑ کا نیزے پہ جلوہ گر — مغرب میں آفتاب اِدھر ڈوبتا ہوا

---

اُس دن سے آج تک یہ حکومت کا زور ہے — ہر سمت یا حسینؑ کا دنیا میں شور ہے

---

حدِ ادب پہ صبحِ قیامت رُکی ہوئی — قدموں پہ عرش و فرش کی گردن جھکی ہوئی

---

کیا جانے کیسے ارض و سما تھے رُکے ہوئے — اللہ ایک دن میں یہ سب معرکے ہوئے

---

یہ ضعف اور یہ لاشہ جوان بیٹے کا — یہ تیرے دوش پہ کوہِ وقار کیا کہنا

---

تیرہ سو برس سے چرچے ہیں ان جیوٹ مرنے والوں کے — تڑپے ہیں خنجر کے تلے دنیا کو تڑپتا چھوڑ گئے

---

سب کچھ لٹا کے دین کی ہستی بچائی ہے — اے قوم تو حسینؑ کی گاڑھی کمائی ہے

---

موت کو بھی دو قدم ہٹنا پڑا — زندگی میدان میں جب ڈٹ گئی

---

عزم محکم ہو تو گر گر کے سنبھلتا ہے بشر — راہ تدبیر میں اندیشۂ افتاد نہ کر

---

انھیں پھیلے ہوئے ہاتھوں کو سرگرم عمل کر دو — اندھیرے میں خطِ تقدیر پڑھوانے سے کیا ہوگا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

بشر وہ کیا ہے اگر چاند تک پہنچ نہ سکے　　زمیں پہ جس کے لئے چاندنی اتر آئی

---

سب نے اپنے اپنے مقصد کے بنا رکھے ہیں چاند　　اپنی اپنی حد میں سب نے چاند تک پرواز کی

---

دیکھ اے واعظ مرا عرشِ سخن　　میں ترے منبر پہ جا کر کیا کروں

---

واعظ کو مبارک درِ توبہ کا سہارا　　یارب مجھے دنیا سے گناہ گار اٹھا لے

---

دے رہے تھے بے عمل درسِ عمل　　ہم بھی سب سُن کر سمجھ کر رہ گئے

---

ایک دن ایک گھڑی ایک نفس کی مہلت　　غمِ دنیا سے جو مل جائے تو برباد نہ کر

---

خبر کیا خانہ بربادوں کی تم کو　　خدائی ہے خداوندی ہے گھر میں
شبِ غم رنگ لائی جاتے جاتے　　لگا دی آگ دامانِ سحر میں
اجل آنے سے پہلے کچھ نہ سمجھے　　بہت کچھ تھا حیاتِ مختصر میں

---

کب تک رہیں گے آخر شام و سحر کے شکوے　　تو جیسے چاہتا ہے شام و سحر بنا لے
ہر عیب سے ہے مشکل دامن بچا لے چلنا　　جس عیب کی ہوس ہو اس کو ہنر بنا لے
پھر دو جہاں بھی تیرے کون و مکاں بھی تیرے　　اپنی نظر کو بالکل اپنی نظر بنا لے

بُرے بھلے میں کوئی خاک امتیاز کرے　　وہ پیرہن ہوں جو یوسف کو کھو کے ناز کرے
نہ اقتدارِ دو روزہ پہ کوئی ناز کرے　　کسے خبر ہے وہ کل کس کو سرفراز کرے
جو سوچتا ہوں وہ دنیا سے کہہ نہیں سکتا　　خدا کسی کو نہ یوں مبتلائے راز کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سکونِ دل سے تمنا ہے ایک سجدہ کی    خدا نصیب اگر فرصتِ نماز کرے

---

مانگی ہے ان سے موت نہ مانگی تھی زندگی    دامن کبھی یہ دامنِ سائل نہیں رہا
میں نے لیا ہے قوتِ بازو سے اپنا حق    شرمندہ نوازشِ باطل نہیں رہا

---

تیز گامی پر نہ جا اے رہنمائے کارواں    ایسے کتنے کارواں آگے بڑھے اور تھم رہے
نقشِ آب و گل کی ایسی خودسری اچھی نہیں    سرکشِ نافہم گردن میں ذرا سا خم رہے

---

میں یہ کہتا ہوں کہ محفل میرے ساتھ اٹھ جائے گی    یہ نہ کہیے تجھ کو محفل سے اٹھا سکتا ہوں میں
مجھ کو واعظ رشکِ مسجد کی امامت پر ہو کیا؟    جب نمازِ عشق مقتل میں پڑھا سکتا ہوں میں
غم کی تاریک راتیں اور تسلی کا پیام    شمع کی زحمت نہ کیجیے دل جلا سکتا ہوں میں

---

نظر والو حقیر و ناتواں ہم ہیں مگر ایسے    کہ آج اتنی بڑی دنیا کی نظروں میں کھٹکتے ہیں
فرشتے گرد بھی ان منزلوں کی پا نہیں سکتے    جہاں ہم خاکسارانِ ازل دامن جھٹکتے ہیں
سراپا جرم ہو کر بھی میں بندہ ہوں وہ خالق ہے    کہیں اس طرح کے مضبوط رشتے ٹوٹ سکتے ہیں
کریں کیا بندگانِ وقت حق کہتے جھجکتے ہیں    گلے میں لفظ اظہارِ حقیقت کے اٹکتے ہیں

---

میں فکرِ خیر میں ہوں وہ شر کر چکا بہت    دشمن بچے گا اب نہ مرے انتقام سے

---

جن کی ہشیاری کے دنیا میں نشانے تھے بہت    وہ بھی مارے گئے خود اپنی ہی ہشیاری سے
بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل    ایک ذرہ نہیں محفوظ اداکاری سے

---

تابوت و شامیانہ و قبر و چراغ و گل    اللہ آج بھی سر و ساماں سے کام ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر بندۂ اللہ کو اپنا سا نہ سمجھو
ایسے بھی ہیں بیٹھے ہیں جو کونین سنبھالے

---

یہ کسی نے بھی نہ دیکھا آگ پروانے میں تھی
یہ زمانہ دیکھتا تھا آگ میں پروانہ ہے

ساری دنیا اک فریب جلوۂ جانانہ ہے
یہ حرم ہے دور سے نزدیک سے بت خانہ ہے

کچھ ہوا دے دیں اگر بیرون در کی کوششیں
گھر جلانے کے لیے حاضر چراغ خانہ ہے

---

اندازۂ محفل تو مجھے دور سے بھی تھا
کچھ اور بھرم کھول دیا پاس بٹھا کے

باطن میں مرا دوست ہے ظاہر میں ہے دشمن
کہہ دے جو مرے عیب مرے سامنے آ کے

---

شمع و پتنگ غنچہ و گل نغمۂ نشاط
اے بزمِ عیش کھیل یہ سب رات بھر کا ہے

---

یہ خیال خام ہے کس کم نظر کج فہم کا
مسند شاہی سے اپنا بوریا بدلیں گے ہم

---

میں حریم ناز میں در آ گیا
پردۂ کونین سرکاتا ہوا

تجھ کیا روکے گی یہ دنیا مجھے
میں نکل جاؤں گا ٹھکراتا ہوا

---

مری نظروں میں کتنے حادثے آئے تبسم کے
بچھائی اور سمیٹی چاند نے جب چاندنی اپنی

زہے قسمت اسی کے ہاتھ سے مارے گئے آخر
چھپا رکھی تھی جس نے دوستی میں دشمنی اپنی

---

نہ جسے نظر نے دیکھا نہ جسے خرد نے جانا
یہ جلال و جبر دیکھو اسے مان لے زمانہ

مجھے اس روش سے دنیا کی بڑا سکوں ملا ہے
مرے غم کو غم نہ سمجھا مرے دل کو دل نہ جانا

میں گزر تو کر رہا ہوں ابھی درگزر سے لیکن
مرا ہاتھ ہوگا کاری جو پڑے گا ہاتھ اٹھانا

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

زباں دانِ محبت ہی نہیں تم  تمھیں کیا قدر ہو اُردو زباں کی

---

ہر اک کی لغزشیں دیکھیں ہر اک کو ٹوک دیا  مری نگاہ تھی اور مجھ کو دیکھتی نہ رہی
صلہ کچھ اس کے سوا نجم کو نہیں منظور  اگر ذریعۂ عزت یہ شاعری نہ رہی

---

ہر اک زبان پہ چرچا ہے سرفروشوں کا  اجل کے سائے میں کیا زندگی نکھر آئی
کچھ ایسے خاک نشیں اہلِ دل بھی گزرے ہیں  اجل بھی آئی سرہانے تو پوچھ کر آئی
یہ دور وہ ہے کہیں سے جواب تک نہ ملا  ہر ایک در پہ محبت سلام کر آئی

---

زندہ دلوں نے بارہا بحرِ فنا سے دی نجات  یہ نہ سنبھالتے اگر ڈوب گئی تھی کائنات

---

یقیں ہے کہ ستارے جگہ سے ہٹ جاتے  قدم جو ہم بھی اٹھاتے تو راستا ملتا
حیات و علم و نشاط و صلا و دانش و مرگ  بشر کو اور لباسِ بشر میں کیا ملتا

---

ایسے ایسے بھی ہیں مردِ اعتبار  کھو دیا ظاہر کو باطن کے لئے
نجم دنیا میں بہت سے کام ہیں  آدمی درکار ہے جن کے لئے

---

میں شبِ غم کے طلاطم میں اکیلا ہوں مگر  آس ہے اک جانی پہچانی ہوئی آواز کی

---

رحمت کا اعتبار بھی جاتا ہے ہاتھ سے  اب کرچکے گناہ تو پروا نہ کیجیے
مفہوم زندگی ہے محبت کا ایک دن  دو دن کی زندگی پہ بھروسہ نہ کیجیے

---

آسانیوں کے دور کا حاصل نہ پوچھیے  سب کچھ ہے صرف حوصلہ دل نہیں رہا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے لہو سے میرا چمن لالہ زار ہے
کیا اس سے بڑھ کے اور دلیلِ بہار ہے

ہم اعتبارِ وقت کی حد سے گزر چکے
اب وہ ہیں ان کا وقت ہے اور اعتبار ہے

میں فرشِ میکدہ پہ بھی ہوں مثلِ بوئے گل
واعظ غریب مسند و منبر پہ بار ہے

کچھ کرلیا اسی نے جو یہ سوچ کر اٹھا
میری ہے جیت سارے زمانے کی ہار ہے

---

تم خود ہی دیکھ لوگے غمِ زندگی میں ہم
ڈوبے ہوئے سے ہیں کہ ڈبوئے ہوئے سے ہیں

---

حقیقتوں کی کسی وقت بھی کمی نہ رہی
قصورِ فکر و نظر ہے جو تشنگی نہ رہی

پڑا رہا ہے عداوت پہ عمر بھر پردا
مگر نگاہِ محبت کبھی چھپی نہ رہی

کہاں وہ عہدِ گذشتہ کی دوستی اے دوست
وہ دشمنی کی شرافت وہ دوستی نہ رہی

---

دانۂ گندم سے ہیں محروم آج
پھانکتے تھے کل جو موتی کوٹ کر

---

دنیا بنا کے لے گا کیا دورِ زندگی میں
میں دل بنا رہا ہوں تو دل میں گھر بنا لے

کچھ آسماں سے بھی ہے اونچا میرا تخیل
تو زیرِ آسماں کچھ دیوار و در بنا لے

---

ججم بہتر ہے تصنع کی دل آویزی سے
تلخ لہجہ میں حقیقت کا بیاں ہوجانا

---

کوئی حسین کا ایثار ججم کیا سمجھے
کسے ہے وسعتِ مفہومِ کربلا معلوم

---

ججم فطرت سے مری ولولۂ شعر و ادب
میرے ایک ایک نفس میں ہے غزل خواں کوئی

---

بدلا ہے ججم کیسا معیارِ شعر فہمی
جب سطحِ شاعری سے نغمہ نے سر ابھارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ناز تسبیح و مصلا اور ہے　　زیرِ خنجر ہو جو سجدا اور ہے

---

سہارا نجم جس کو ہم نہ دیں وہ زور و طاقت کیا　　وہ مجلس کیا ہے جس مجلس میں رہ جائے کمی اپنی

---

ہماری فکر کا اندازہ دیکھ کر اے نجم　　فلک سے کیا یہ غزل کی زمیں اتر آئی

---

محتاج شرح جو ہو وہ نجم شاعری کیا　　ہر شعر پر یہ قدغن دنیائے راز ہوجا

---

اے نجم کتنے اہلِ سخن نے　　میرے سخن کے چربے اتارے

---

مرے منہ سے جھڑتے رہے پھول نجم　　زباں شاخِ گل سی لچکتی رہی

---

نجم کتنے ہوں گے عرفیؔ کی طرح　　نشتر و لا و نعم سمجھے ہوئے

---

کیا ڈھونڈتی ہے نجم نگاہِ سخن شناس　　ہم اپنے کیف شعر میں کھوئے ہوئے سے ہیں

---

نجم خدا سے آج تک راست معاملات نہیں　　بندۂ در اسی کا ہوں جس نے مجھے جگا دیا

---

نجم ہر شعر میں ترنم ہے　　آج شاعر ہے نے نواز ان کا

---

یوں تو سو بہانے ہیں نجم کچھ نہ کرنے کے　　قصد ہے تو کر ڈالو آج کل اور اب تب کیا

---

کسی کو نجم خوشی ہو تمھارے غم سے اگر　　دعا کرو کہ خدا عمرِ غم دراز کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ دو آنسو بھی اپنے نجم پی سکتے نہیں　　پینے والا ڈگڈگا کر زہر بھی پی جائے ہے

---

کبھی نجم طوفاں اٹھانا بھی ہے　　کہاں تک یہ آنسو پیے جایئے

---

نجم مغرب کی فضا بھی کانپ جاتی ہے کبھی　　گوشۂ مشرق سے وہ پیغام پہنچاتا ہوں میں

---

نجم تقدیر کی گردش سے میں دبنے کا نہیں　　پست ہمت نہ کرے وقت کی افتاد مجھے

---

تخلیقِ کائنات کا عنوان دیکھنا　　اے نجم ابتدائے محبت کہاں سے ہے
نجم کے سخن میں اب درد ہے قیامت کا　　پہلے لعل اُگاتا تھا خون اب اگلتا ہے

---

یہ تو نجم آپ کی ہی ہے وہ دوام شعر گوئی　　مرے دل پہ چوٹ لگتی ہے صلائے نکتہ داں سے

---

نجم افراطِ محبت نے مجھ گم کردیا　　میں نے آنکھیں بند کرلیں شدّت غم دیکھ کر

---

اے نجم میں پتلا ہوں رنگ اور تلوّن کا　　کس رنگ میں لکھے گی دنیا مرا افسانہ

---

نجم یہ خندہ جبینی ہر بلائے عشق پر　　کس تبسّم کا خزانہ میرے آب و گل میں ہے

---

محبت ہے کیوں نجم ہندوستاں سے　　چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

---

بزمِ سخن میں آگئے نجم خودی کو چھوڑ کر　　بن گئے کب سے آدمی رختِ جنوں اتار کے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم ہم موحد ہیں ہم پہ کیا اثر ہوتا　　بے شمار بدلے ہیں رنگ روپ دنیا نے

---

حقائق ہی رہیں گے نجم میری سعی کا حاصل　　خیال و خواب میں فکرِ سخن الجھا نہیں سکتی

---

سوتے سوتے جاگ اٹھی کیفیتِ شعر و سخن　　جس کسی محفل میں پہنچے نجم ہم ہی ہم رہے

---

ہم نے منزلت دی ہے نجم نظمِ اردو کو　　ہر زمین پر ہم نے آسماں اتارا ہے
میں پھیلاتا ہوں نور اے نجم اپنے کنجِ عزلت سے　　زمینِ شعر میرے دم قدم سے آسمانی ہے

---

وہ کون ہے اے نجم جو میخانہ میں آکر　　ساغر میرے آگے سے حریفانہ اٹھالے

---

شکستہ پا ہو جب اے نجم یہ ذوقِ سفر کیا　　دلیلِ کارواں ہونا تھا گردِ کارواں کیوں ہو

---

یہ نازِ حُسن مری عاشقی کے دم سے تھے　　تمھارے دل میں ہوں بولو زباں پہ آوں کیا

---

نام تو ساتھ نہ جائے گا خدا حافظ ہے　　ایک رہ جائے گی دنیا میں امانت میری

---

شوق کی آگ رُکے گی نہ دبے گی اے دوست　　اُڑ کے پہنچے گی یہ پروانوں سے پروانوں میں
مدفنوں پر جو شہیدانِ محبت کے ہے　　مسجدوں میں ہے وہ رونق نہ صنم خانوں میں

---

پہلو میں برائے نام ہے دل اب درد کا دل میں نام نہیں　　مومن ہیں مگر ایمان نہیں مسلم ہیں مگر اسلام نہیں

---

کہیں خود بھی بدلتا ہے زمانہ　　زبردستی اگر بدلا نہ جائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں　　جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے

---

اب اتنی تو ہمت کیے جایئے　　اجل آئے تک ہی جئے جایئے

---

مرا نور دل دیکھ لے گا زمانہ　　گرجتے برستے شرر دے رہا ہوں

---

دل کی وسعت اور ہے محفل کی وسعت اور ہے　　ظلم ہوتا ہے کسی پر یاد آجاتا ہوں میں
کوئی خوش خوش جب نظر آتا ہے قید و بند میں　　دیکھ کر خود اپنی آزادی کو شرماتا ہوں میں
میری پستی پر نظر کر اپنی ہستی دیکھ کر　　اے خدائے آب وگل انساں کہلاتا ہوں میں

---

سخت جانی سے ہے میری اسی دنیا کو گلہ　　اسی دنیا نے کیا موم سے فولاد مجھے
عرض کرتے ہوئے گزرا ہے زمانہ بے سود　　دی ہے احساس نے اب ہمتِ ارشاد مجھے
اپنی ہمت کے مطابق ہے ہر انسان کی فکر　　کوئی ناشاد سمجھتا ہے کوئی شاد مجھے

---

اعلان غربت کا اب اُردو زباں سے ہے　　پوچھے تو کوئی یہ لب و لہجہ کہاں سے ہے
طفلی میں بے خرد تھا جوانی میں بے حواس　　میں کیا کہوں گناہ کی منزل کہاں سے ہے
ایک وجہِ تسکیں ہے طاعت و اطاعت کیا　　حق ادا نہیں ہوتا حوصلہ نکلتا ہے

---

سختیاں کرتی گئیں نزدیک مقصد سے مجھے　　مشکلوں میں دن بہ دن آسانیاں دیکھا کیا

---

میں جہانِ غم میں رہ کر ہوں الگ غمِ جہاں سے　　نہ شریک کارواں ہوں نہ جدا ہوں کارواں سے
انھیں آج سانس لینا بھی ہوا قفس میں مشکل　　جو ہوا میں پھر رہے تھے کبھی سیر آشیاں سے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بجھ چلا تھا دل مرا زادِ سفر کم دیکھ کر — کیا تسلی ہوگئی سرمایۂ غم دیکھ کر

---

اک شعلۂ فانی پر مٹ جائے گا پروانہ — انجام سے غافل ہے آغاز کا دیوانہ
ترتیبِ عناصر میں فرق آ ہی گیا اک دن — آخر یہ قفس رہتا کب تک مرا کاشانہ

---

اور بھی کوئی مذہب ہے سوا محبت کے — میرا ہے یہی مذہب پوچھتے ہو مذہب کیا

---

مجھ سے اٹھ سکتا نہیں احسانِ اربابِ کرم — پھول بھی پھینکے جو کوئی آگ ہو جاتا ہوں میں

---

نشیمن میرا رہنے دو چمن میں آنچ اگر آئی — نشیمن ہی پہ آئے گی چمن پر آ نہیں سکتی
خوشی ہو یا ہو غم اک ٹھیس ہے دل کی لطافت پر — سمجھ میں ہر کس و ناکس کے یہ بات آ نہیں سکتی
ہمیشہ دل دکھائے گا خدا کی راہ میں واعظ — یہ رندوں کو برا کہنے کی عادت جا نہیں سکتی

---

جسے وہ یاد فرمائیں کہیں رکتا ہے روکے سے — زمانہ دیکھتا رہتا ہے بندھن ٹوٹ جاتے ہیں
ہماری سمت جب اٹھتی ہے تنقیدی نظر کوئی — ہم اپنا عیب ان کا تذکرہ کر کے چھپاتے ہیں

---

ہم تو ہندوستان والے ہیں — کاش ہندوستاں ہمارا ہو

---

جو کہنا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی — کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

---

بے نیازی اس قدر کس کام کی — بھولے بھٹکے حال پوچھا کیجیے

---

سحر آتی ہے جب نزدیک تارے جھلملاتے ہیں — یہ ظالم آخری لمحوں پہ اپنے مسکراتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خودی ہے بیخودی ہے بندگی ہے کفر ہے کیا　　دوا بھی چھوڑ دی میں نے دعا بھی چھوڑ دی میں نے
کوئی آساں نہ تھا اظہارِ درد و مدعا کرنا　　بڑی مشکل سے کی الفاظ کی صورت گری میں نے

---

قلق ہے اشکِ ندامت میں ڈوب جانے کا　　ملا نہ خون میں اپنے مزا نہانے کا
نیاز عشق کجا اور نمازِ خوف کجا　　ادائے فرض میں ہے فرض سر جھکانے کا
بہت بلند ہے ہستی مری مگر اے نجم　　میں ایک ذرّہ ہوں ناسخ کے آستانے کا

---

خاک کے پتلوں پر ہنستی ہے زمیں　　آسماں تک سر اٹھا کر رہ گئے

---

کیا ستم ہے آدمی راضی ہو اس تقدیر پر　　دولت دنیا زیادہ آدمیت کم رہے
ہم نے دیکھے ہیں یہ منظر زندگی کی دوڑ میں　　جو زیادہ سے زیادہ تھے وہ کم سے کم رہے

---

آج تک تو جیتا ہوں اپنے ہی سہارے پر　　چاہتے ہیں یہ کہہ دوں آپ کا سہارا ہے

---

کسی دن آسماں کو ہم بنا لیں گے زمیں اپنی　　زمیں ان کو مبارک جو زمیں کو آسماں سمجھے

---

غم ہے بہت اے دوست خوشی کم ہے جہاں میں　　جو کچھ بھی تری ہمت مردانہ اٹھا لے

---

آمد و شد ہر نفس کی دے رہی ہے یہ پیام　　حق کو آنا چاہیے باطل کو جانا چاہیے

---

عمر بھر پرورش فکر و نظر ہوتی ہے　　زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے

---

درِ زنداں سے بھی دنیا کو سبق دیتے ہیں　　فکر آزاد ہے جس کی وہ گرفتار ہیں ہم

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر فضا میں ہمیں رہنا ہے نمایاں ہو کر — آج سردار نہیں ہیں تو سرِ دار ہیں ہم
ہم نے دنیا سے بگاڑی ہے بہت حق کے لیے — حرفِ حق ہے جو بغاوت تو گنہگار ہیں ہم

---

یہ گت بنا کے جاؤں میں کیا اُس کے سامنے — تخلیق کائنات پہ جس کو غرور تھا
خدا کو میں نے یہ فیضانِ عشق مان لیا — خرد زدوں کو دلائل میں سر کھپانا تھا

---

ہزاروں قہقہوں میں گم نہ ہو جائے صدا میری — اکیلا کیا کروں انسانیت پہ نوحہ گر ہو کر
دیا کرتا ہے انساں اپنے دل کو بھی فریب ایسا — خبر سب کچھ ہے اور بیٹھے ہوئے ہو بے خبر ہو کر
نظر آئے ہمیشہ عیب اوروں کے ہنر اپنے — نگاہوں نے دغا دی عارفِ عیب و ہنر ہو کر
ہنرمندوں کا آپس میں حسد اے تجم کیا معنی — ہنر سے دشمنی رکھتے ہیں یہ اہلِ ہنر ہو کر

---

اک مشتِ خاک ہی سہی نسبت تو دیکھیے — کونین میں مقامِ بشر ہے خدا کے بعد

---

تمہارے ذوق تکلّم کا یہ تقاضا ہے — تمہاری بزم میں ہر شخص بے زباں ہوتا
بُرا کہا مجھے دشمن نے خیریت گزری — زبانِ دوست کا اک حرف بھی گراں ہوتا

---

رحم کے قابل ہے اس کا عالمِ بے چارگی — کہہ دیا جس نے بہت کچھ اور سوچا کچھ نہ تھا

---

اس بھری دنیا میں اک انساں نظر آتا نہیں — زعم کتنا بڑھ گیا انسان کہلانے کے بعد

---

گلہ ہو شکر ہو تقریر ہو کہ شعر تجم — یہ طول ٹھیک نہیں اختصار پیدا کر

---

کس کو خبر مرحلے طے کتنے کیے ہیں — اک قطرۂ ناچیز نے تعمیر گہر تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیوں اضافہ کر کے اٹھو نجمؔ بزمِ شعر سے
وقت کا مصرف کہیں تحصیلِ حاصل میں نہ ہو

---

خدا محفوظ رکھے خود پرستی خود نمائی سے
ان آئینوں میں جو منہ دیکھ لے ہو جائے دیوانہ

---

زمیں جب پاؤں سے نکلی تو ہم باز آ گئے سر سے
کہ ایسے وقتِ بد میں دوش پر بارِ گراں کیوں ہو

---

بہت ممنون ہوں احباب کی چشمِ عنایت کا
مری کمزوریاں دیکھیں نظر اپنی طرف کم کی
لہو کے گھونٹ پی کر بھی کہیں سیری نہیں ہوتی
بجھاتی ہے کسی کی تشنگی اک بوند شبنم کی
اٹھا کر دہر سے رسمِ محبت اہلِ دنیا نے
اضافہ علم و حکمت میں کیا انسانیت کم کی
عجب کیا شرک کا الزام آئے میرے سجدے پر
محبت دل میں ہے اے نجمؔ اک انسانِ اعظم کی

---

کہتی ہے جسے فکر و نظر نہج البلاغہ
رندوں کی زباں میں ہے وہ میخانہ علیؑ کا
کعبہ میں ولادت ہوئی مسجد میں شہادت
اللہ کا گھر بن گیا کاشانہ علیؑ کا

---

دیکھ کے انا کا ست ہے نبضِ سخن
مصحفِ معبود پر کوئی نہیں طعنہ زن
عافیتِ ہل اتیٰ تیری غذائے لطیف
آیۂ تطہیر کی شان ترا پیرہن

---

خالی ہیں جام نشہ نہ گھٹ جائے میکشو
طاقِ ولا سے لاؤ صراحی اتار کے
بڑھ جائے گی کچھ اور بھی کعبہ کی آب و تاب
آئیں گے جب قبائے امامت سنوار کے
اک دن یہ ہوں گے دوشِ پیمبرؐ پہ جلوہ گر
کیوں لائے کوئی عرش سے کرسی اتار کے

---

رستی ہے لہو بن کر تہذیب کی مے ساقی
دنیا کا تمدن ہے ٹوٹا ہوا پیمانہ
شبیرؑ کے ماتم میں صاحب کی محبت میں
روتا ہوا عاقل ہوں ہنستا ہوا دیوانہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدح میں ہے جن کی توحید و رسالت ہم زباں     شاعری موقوف ان کی مدح پر ہو جائے گی

میں ہوں خلاقِ معانی تری مدحت کے طفیل     دُرِ مضموں سے بھری رہتی ہے دل کی جھولی

میں جسے چاہوں بناؤں اُسے سلطانِ سخن     میری تحویل میں ہے ملکِ سخن کی شاہی

پینے کو یہاں ملتی ہے اُس ہاتھ سے واعظ     کونین کی طاعت سے گراں جس کی ہے ضربت

کبھی تو مدح اہلِ بیت میں بھی صرف کر واعظ     جو طعن و طنز سے مل جائے تجھ کو وقت فرصت کا
تشدد لاکھ ہو ہم پر تدارک کچھ نہیں ہوتا     نمونہ دیکھ لیجیے آج اسلامی حکومت کا

جب ضرورت اک علی کی پھر ہوئی میدان میں     چھ مہینے کا علی مردانہ وار آ ہی گیا

مدحت نہ کی علی کی گر آخری نفس تک     یہ مرگِ شاعری ہے اور خبطِ شاعرانہ
ہر شجرۂ تصوف اس تک پہنچ رہا ہے     لیکن کہی کسی نے یہ بات منصفانہ
مجرم ہوں میں غلو کا قصر اُن کو ہو مبارک     ہے دینِ شیخ صاحب اب درسِ ناصحانہ
جب حق کا مسئلہ ہو ڈرتا نہیں کسی سے     ورنہ میری روش ہے اکثر مصالحانہ

صحابہ میں یہ تیری منزلت از روئے حکمت تھی     بقولِ بو علی محسوس میں معقول تھا گویا

خورشید پلٹ آیا دروازۂ مغرب سے     قانون بدلتا ہے ان کے لئے فطرت کا

نہ تھی تیری حکومت میں ہوا سرمایہ داری کی     چراغِ عافیت روشن تھا ہر مزدور کے گھر میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ مطلع نفیس ہے کہ زمزمہ ہے روح کا　　یہ طرزِ نو کی مدح بھی جہاں میں یادگار ہے
دلوں میں بت لئے کرتے ہیں کعبہ کی نگہبانی　　تمسخر کر رہے ہیں آذری پندارِ قدرت سے

علیؑ کعبہ میں ہیں دربار ہے مشکل کشائی کا　　مسلمانو چلو موقع ہے قسمت آزمائی کا

علیؑ کی منقبت سے فکر بیگانہ رہی جس کی　　خدا جانے وہ حمد و نعت کا مفہوم کیا سمجھا
تعجب ہے جو اس کے مرتبہ کو دوست کم سمجھے　　شبِ ہجرت جسے دشمن محمدؐ مصطفٰی سمجھا

علیؑ کہنا زباں سے کس قدر آسان ہے لیکن　　دلِ انساں تصور کر نہیں سکتا جلالت کا

جمع تھے قاآنی و عرفی ظہیر و انوری　　حافظ و سعدی نظامی فرخی کل رات کو

لگائے پھرتے ہیں قرآن کو جو سینوں سے　　وہ کاش صرف مودّت کے نکتہ داں ہوتے
ادب نواز نہ ہوتا جو بابِ علمِ نبیؐ　　یہ زور و شور زبان و بیاں کہاں ہوتے
خدا سے ربط نہ ہوتا بغیر عترت کے　　اگر ہزار بھی قرآن درمیاں ہوتے

صف شکن مشکل کشا اہلِ قلم معمارِ قوم　　اللہ اللہ بازوئے زور آزمائے بوتراب
عام منبر سے جدا ہے میثمی منبر کی شان　　دار پر ہوتی ہے تفسیر ولائے بوتراب

اب نزع کی ہے ساعت اور لب پہ یا علیؑ ہے　　جو کچھ میں کہہ رہا ہوں یہ حرفِ آخری ہے
مولا کو جانتے ہیں پہچانتے نہیں ہیں　　آنکھوں کا دوش کیا ہے ذہنوں کی مفلسی ہے
اب خاک مل گئی خاکِ درِ نجف میں　　وہ بندگی تھی اور یہ مفہومِ بندگی ہے
توحید کی ہے محفل بدنام فرقہ بندی　　قرآں کی سورتوں میں اخلاص کی کمی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میخانہ نجف سے جنت میں پہنچتے ہیں
کیا جرم ہے محبت جس کی سزا ملی ہے

---

بشر کو معرفت حاصل نہ ہوگی ذاتِ حیدرؑ کی
سمجھ لے آدمی کس طرح منزل آدمی گر کی

علیؑ کو چھوڑ کر قرآن سے ہے ربط بے معنی
اٹھا لے وہ ضرورت ہو جسے بے روح پیکر کی

نمازیں وقت پر واجب ولا ہر وقت واجب ہے
عبادت ہے حقیقت میں ولا آلِ پیمبرؐ کی

نہ ہوتی منعم و مزدور کی دنیا میں آویزش
جو ارضِ خم پہ دنیا بات سن لیتی پیمبرؐ کی

اسی باعث تو پھر کوئی ہوا پیدا نہ کعبہ میں
کہ بیٹی ہی نہیں تھی دوسری کوئی پیمبرؐ کی

---

تری مرضی پہ ہوا رحمتِ باری کا نزول
اذن لے کر ترے کاشانہ میں قرآں اترا

ہے ترے دودھ کی تاثیر یہ قومی تعمیر
اللہ اللہ ترے خونیں کفن و سبز قبا

آئے جبریل امیں عرش سے نسبت لے کر
یہ وہ رشتہ ہے جہاں بیچ میں تھی وحیٔ خدا

دست و پا چوم کے عصمت نے لگائی مہندی
چادر آیہ تطہیر نے آنچل ڈالا

ہاشمی تیغوں کے سائے میں دلھن گھر سے چلی
لافتا کا جو علیؑ باندھ کے آئے سہرا

باپ کے گھر سے ملا بخششِ امت کا جہیز
دونوں عالم نے کیا حدِ ادب پر مجرا

جادۂ صلح کے رہبر حسنِ سبز قبا
تو نے تخلیق کیا ولولۂ کرب و بلا

---

ہر افق پر ہے تری حُسن عمل کی روشنی
تو ہی دنیا کے اندھیرے کا اُجالا اے حسینؑ

جرأت مظلوم ہو یا ہمتِ مزدور ہو
تو نے کھینچا تھا یہ مستقبل کا خاکا اے حسینؑ

---

ہمدم جہاں میں نور میں شامل نسب میں ایک
کس طرح کوئی تجھ کو نبیؐ سے جدا کہے

تعمیر قوم بت شکنی بخشش و عطا
کونین کیوں نہ پھر تجھے دستِ خدا کہے

ہر سانس میں ہو بوئے ولائے ابوتراب
ابھرے جو نبض ڈوب کے یا مرتضیٰ کہے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تجھ سے ہے نامِ حریت تجھ سے نظامِ حریت
تو ہے امامِ حریت حُر ترا ایک لشکری

---

معصوم کی آغوش میں معصوم کو لا کر دیا
دولت خدا کے گھر کی تھی دامن نبیؐ کا بھر دیا
نورِ رسالت سے ہوا نورِ امامت متحد
اس اتحادِ حُسن نے قوموں کو یکجا کر دیا
زاہد سپاہی فلسفی حاکم ولی شاعر ادیب
کن مختلف اوصاف کا حق نے تجھے پیکر دیا
اب تک ہیں تیرے نام کے آفاق میں نعرے بلند
قدرت نے جوش اسلام کا سب یا علیؑ میں بھر دیا

---

یداللہ و لسان اللہ و عین اللہ کو دیکھو
حروفِ اولیں سے صاف ہوتا ہے علیؑ پیدا

---

مدح گر سرمایہ داروں کا نہ شاہوں کا غلام
نجم بے زر ہی سہی شاعر ہے تیرا اے حسینؑ

---

ہے ایک کیفیت میں رواں اپنا کارواں
کیوں نجم منقبت کو نہ بانگِ درا کہے

---

ننگ ہے اس کا در غیر پہ سجدہ کرنا
نجم اک آپ کی سرکار کا شاعر ہے حضور

---

نغمہ منقبت میں نجم ہیچ ہے میرے سامنے
حُسنِ بیان فرخی زورِ کلامِ انوریؔ

---

بکیف مدح ہوں غالبؔ کا ہمنوا اے نجم
کہ باعلیؑ ولی مست و با خدا ہشیار

---

جوشِ ولا میں نجم میں چھوڑ گیا خود اپنا ساتھ
حد مجھے روکتی رہی قوتِ اختیار کی

---

رہا محروم دو دن بھی جو شغلِ مدح گوئی سے
اُسے اے نجم میں اپنے گناہوں کی سزا سمجھا

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمازِ مدحت پڑھتا ہوں مودّت کے مصلّے پر　　دکھا دو نجم دنیا کو یہ رتبہ ہے سخنور کا

---

جگہ فرزدقؔ و دعبلؔ کی نجم کو ملتی　　قریب طائر سدرہ کچھ آشیاں ہوتے

---

وہ زباں دانِ محبت ہے خدا کے فضل سے　　نجم کا ورثہ ہے اندازِ ثنائے بوتراب

---

حق یہ ہے کہ سرکارِ نوبت کے سوا نجم　　معیارِ فضیلت کوئی سمجھا نہ علی کا

---

فضلِ خالق سے مرے افکار میں اشعار میں　　فلسفہ ہے نجم غالبؔ کا زبانِ میرؔ ہے

---

مصائب سینکڑوں ہیں غم ہزاروں مشکلیں لاکھوں　　تمھارا نجم ہے تنہا امامِ جعفرؑ صادق

---

کچھ دن سے تیری یاد کی محفل اُداس ہے　　اب چل بسے گا نجم غزل خواں ترے بغیر

---

ہو جو بیگانہ روی سے یہ زمانہ ہے خلاف　　سب ترے علم میں ہے نجم کی آشفتہ سری

---

میں نجم اپنا فریضہ جانتا ہوں یہ ثنا گوئی　　مرا مقصد نہیں اظہار اپنی قابلیت کا

---

پندرہ مارہ رجب کی نجم دعوت جب ملی　　اور کچھ دن زندگی کا اعتبار آ ہی گیا

---

ہم نجم چار روز کے مہماں ہیں مگر　　رہ جائیں گے یہ شعر و ادب کے تبرکات

---

رہے اے نجم کیوں خالی صدارت بزمِ مدحت کی　　ہمارے بعد کوئی اور قسمت کا دھنی آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پڑھتا ہوں میں نمازِ ولا جس پہ رات دن — منزل ہے آسماں سے بلند اُس حصیر کی

---

تشکیل ہوئی تنظیم ہوئی ترتیب ہوئی تکمیل ہوئی — کیوں ختم نہ ہو پیغامبری سرکارِ دو عالم صلِ علیٰ

---

مے حُبِ نبیؐ کو واسطہ ہے میری فطرت سے — وہ کوئی اور ہوں گے جن کو مل جاتی ہے قسمت سے
نگاہِ اہل ظاہر میں وہ اُمّی تھا مگر ایسا — کتابِ زیست میں اصلاح دی ہے دستِ قدرت سے

---

وہ اک نورِ مجسم تھا مگر اے ابنِ آدم سُن — تری سیرت بنانے کو اٹھایا بارِ صورت کا

---

کیا کام کیا فکر نے مدحِ نبویؐ میں — اور آگ لگا دی ہے مری تشنہ لبی میں
آزاد ہوں میں وسعتِ عشقِ نبویؐ میں — الجھے ہوئے ہیں تنگ نظر بولہبی میں
اک فیصلہ کن شان سے بھیجا ہے خدا نے — قرآن بھی تلوار بھی ہے دستِ قوی میں
تکوینی ہے علم اس کا جو کہلاتا ہے اُمّی — یہ بات نہ آئے گی کبھی ذہنِ غبی میں
اے نجم میں ہوں شاعرِ دربارِ رسالتؐ — کیا شک ہے کسی کو مری تصویر کشی میں

---

خدا بھی ایک قرآں بھی قبلہ پیمبرؐ بھی — قیامت ہے کہ پھر ملت کا شیرازہ پریشاں ہے
بھلا سکتے نہیں دل اُس کی تحریک اخوت کو — چراغِ انسان کے احساس کا بے شک فراواں ہے
ابھی انسان سمجھا ہی نہیں تجویزِ امن اُس کی — ابھی دنیا کے ہر اک موڑ پر طاقت رجز خواں ہے
دیا تھا اُس نے وہ درسِ مساواتِ رواداری — کہ ہر اک قوم میں اب روحِ آزادی کی جولاں ہے

---

اُسے انسان کے اخلاق کی تکمیل کرنی تھی — علیؑ آفاق میں پہلا ثمر تھا اس کی محنت کا

---

آنکھیں تو بچھا ہی رکھیں ہیں خاکسترِ دل کا فرش کرو — ہے عرش بھی جن کے زیرِ قدم وہ فرشِ زمیں پر آتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب مدحِ پیمبرؐ کرتا ہوں وہ زورِ سخن بڑھ جاتا ہے — اے نجمؔ سلامی دینے کو الفاظ کے لشکر آتے ہیں

---

قطرہ نے لیں جو تیری محبت میں کروٹیں — بطنِ صدف میں گوہرِ غلطاں بنا دیا
یہ نطق کا شرف یہ طہارت زبان کی — اک اک حدیثِ دوست کو قرآں بنا دیا
سلطانِ کج کلاہ مقابل نہ ہو سکے — جس کو رئیسِ دولتِ عرفاں بنا دیا
صورت گیرِ ازل نے ترے اعتبار پر — اک مشتِ خاک تھی جسے انساں بنا دیا

---

نجمؔ مداحِ پیمبرؐ کی بلندی کو نہ پوچھ — خاک پر بیٹھے تو سر عرش سے جا ملتا ہے
میں سمجھا آدمی کا احسنِ تقویم ہو جانا — یہی صورت ہے جس پر حق کی صنعت ناز کرتی ہے

---

فضائے عرش میں اے نجمؔ رہتا ہے دماغ اپنا — فرازِ عرش سے اترے ہیں یہ اشعار کیا کہنا

---

چار پشتوں سے مجھے حاصل ہے یہ عز و شرف — نجمؔ فطرت ہے مری مدح و ثنائے مصطفیٰؐ

---

اگر انساں کو عرفانِ غمِ شبیرؑ ہو جائے — شعورِ حریت دنیا میں عالم گیر ہو جائے
اگر منشائے فطرت خود نہ ہو کیونکر یہ ممکن ہے — کسی کا موت کا غم اور عالم گیر ہو جائے

---

اللہ رے صداقت سادات کے لہو کی — کیسا بھرا پڑا ہے اجڑا ہوا گھرانہ

---

بندے جنھیں کلام ہے عترت کے باب میں — اصلاح دے رہے ہیں خدا کی کتاب میں
اقرارِ باللسان کر اے بندۂ خدا — رکھتا ہے الفتِ شہِ مرداں حجاب میں
دل ہو نہ ہو زباں تو نصیری ضرور تھی — جب منہ کھلا کنندۂ خیبر کے باب میں
تحقیق کا جنون ہے فکرِ عمل نہیں — کیا ڈھونڈتے ہو کرب و بلا کی کتاب میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

بت لاکھ بھی توڑے کوئی حیدرؑ نہیں ہوتا    وہ دوشِ پیمبرؐ تو میسر نہیں ہوتا
یہ شان ہوئی ختم حسینؑ ابن علیؑ پر    اب عشق کا سجدہ تہہ خنجر نہیں ہوتا
ہم گود کے بچوں کو بھی کر دیتے ہیں شامل    جب تکملۂ قوّتِ لشکر نہیں ہوتا
آسان ہے قربانی و ایثار پہ تقریر    میدان عمل کچھ سرِ منبر نہیں ہوتا

---

پاوں عابدؑ کا نئی راہ کی تعمیر میں ہے    پاوں وہ پاوں جو الجھا ہوا زنجیر میں ہے
یہ نہ قرآں میں نہ قرآن کی تفسیر میں ہے    روحِ احساس و عمل اسوۂ شبیرؑ میں ہے
اللہ اللہ یہ اجمالِ جمالِ قدرت    وسعتِ کون و مکاں چادرِ تطہیر میں ہے
جس کی وحدت میں ہو قرآن کا سارا مفہوم    ایسا نقطہ بھی کوئی کثرتِ تحریر میں ہے
ایک ہی شانِ عمل ہے وہ حسنؑ ہو کہ حسینؑ    صلح میں بھی ہے وہی کاٹ جو شمشیر میں ہے

---

اک ہی گھر چاہیے قرآن و عترت کے لئے    تنگ دل حق سے دعا کر دل کی وسعت کے لئے
یہ ترا ذوقِ عبادت اے حسینؑ ابن علیؑ    زیرِ خنجر بھی جگہ کر لی عبادت کے لئے
جرأت عباسؑ تک پہنچے گی کیا عقلِ بشر    اک نیا موقف بنایا ہے شہادت کے لئے
دل پہ ظاہر ہو گئے کیا کیا علیؑ کے مرتبے    لفظ اب ملتے نہیں اسرارِ قدرت کے لئے

---

جب سے قتلِ سبطِ پیغمبرؐ پہ تکبیریں کہیں    گھٹ گیا اُس دن سے زورِ نعرۂ تکبیر بھی
عزمِ خالص چاہیے حُر کے ارادے کی قسم    بڑھ گیا آگے تو پیچھے ہٹ گئی تقدیر بھی

---

قربان ایسی موت کے جو خود ہو زندگی    پیمانۂ حیات ہے پیمانِ کربلا

---

یہ گریہ نہیں ہے یہ آنسو نہیں ہیں    یہ دادِ وفا ہے جو دی جا رہی ہے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پڑھ کر نمازِ عصر کی شبیرؑ زیرِ تیغ
اک عصرِ نو کی خلق میں تعمیر کر گئے

---

بالا ہی رہی شانِ علیؑ ذہنِ بشر سے
دنیا نے بہت کام لیا فکر و نظر سے
مدحت کے ترانے میں بڑا وزن ہے واعظ
اک حرف ہے بھاری تری تسبیح گُہر سے
ہوتا نہ اشارہ جو حسینؑ ابنِ علیؑ کا
ہرگز نہ بدلتی شبِ عاشور سحر سے
روتے ہیں جو اس دور کے کشتوں کو مسلماں
وہ آنکھ ملائیں تو میرے دیدۂ تر سے
کھلتی نہیں تائید میں کیوں ان کی زبانیں
دل جن کے تڑپ جاتے ہیں ماتم کے اثر سے

---

لا اسئلکم کہہ کے مودت جو طلب کی
قرآں نے رکھا تاج سرِ اہلِ ولا پر
جب میں نے دعا کی تو زیارت کی دعا کی
اللہ کی رحمت ہے مرے دستِ دعا پر

---

شبیرؑ کی روداد ہو فطرت کی زباں ہو
باز آئیں جو انساں تو فضا مرثیہ خواں ہو
میدان میں باطل کے لئے حجتِ آخر
قدرت کا یہ منشا تھا کہ اصغرؑ کی زباں ہو
ہوتی ہے لطافت وہ عجب مدحِ علیؑ کی
مفہوم پہ جب خلعتِ الفاظ گراں ہو

---

ہجومِ غم کو ہٹاتے ہیں یا علیؑ کہہ کر
ہزار وار پہ ہم ایک وار کرتے ہیں
یہ مجلسیں نہیں پیماں ہیں اطاعت کے
یہ ہم حسینؑ سے قول و قرار کرتے ہیں
علیؑ کے ذکر پہ ہو یا خدا کی قدرت پر
ہم ایک سجدہ بے اختیار کرتے ہیں

---

اہلِ بیتِ مصطفٰےؐ سے سیکھ شانِ خواجگی
حق کے بندے بھی رہے اور بندہ پرور ہو گئے
تربیت کی ذہنِ انساں کی غمِ شبیرؑ نے
صاحبِ دل بن گئے جو غم کے خوگر ہو گئے

---

نگاہوں میں ہے میری بائے بسم اللہ کا نقطہ
مجھے اب کیا تکلف ہو غرورِ نکتہ دانی میں

jabirabbas@yahoo.com

قرآں کی بات کون سمجھتا بجز علیؑ     ہر لفظ ہے خزانۂ حکمت لیے ہوئے

---

کس طرح جگہ ملتی اغیار کو اس گھر میں     دھبہ نہیں آسکتا تطہیر کی چادر میں
شبیرؑ بچالیں گے اسلام کو مٹنے سے     ان کا ہے بڑا حصہ احساسِ پیمبرؐ میں
مولا کے غلاموں میں جبرئیل بھی ہیں میں بھی     بس فرق ہے اتنا سا میں در پہ ہوں وہ گھر میں
قرآن ہے بے معنی عترت سے جدا ہوکر     جس گھر میں یہ آیا تھا معنی ہیں اسی گھر میں
شبیرؑ سیاست کا وہ قائدِ اعظم ہے     قانون بنا ڈالا عاشور کو دن بھر میں

---

بلغ پہ نظر پہنچا اے ناظرِ بے پردا     قرآں اسی منزل سے کامل نظر آتا ہے
کیا جون سے رونق ہے انصارِ حسینیؑ میں     رخسارِ شہادت پر اک تل نظر آتا ہے
شاید یہ فرشتوں نے سوچا ہو شبِ ہجرت     انسان خلافت کے قابل نظر آتا ہے

---

حق پرستی خود شناسی ہمت و عزم و عمل     عمل کے ان اجزا سے بنتی ہے تولائے حسینؑ
روئے زیبائے پیمبرؐ رونقِ کون و مکاں     رونقِ دوشِ پیمبرؐ روئے زیبائے حسینؑ

---

ضرورت ہے مصلّے کی فضا میں قوتِ دل کی     مسلماں یا علیؑ کہہ نعرۂ تکبیر سے پہلے
کلام اللہ کی تفسیر ہے ہر فردِ عترت کا     نظر کر ان کی سیرت پر ذرا تفسیر سے پہلے
سفر میں کربلا کے گردشِ تقدیر کیا کرتی     میں آگے بڑھ چکا تھا گردشِ تقدیر سے پہلے

---

نہیں یہ شان کسی درد کے فسانے کی     غمِ حسینؑ میں قدرت ہے دل بنانے کی
حسینؑ فکرِ شہادت میں خود ہی تھے ورنہ     کسے مجال تھی تیغِ ستم اٹھانے کی

---

پھر یہودی قصرِ گمنامی سے اُبھرے ہیں مگر     دینِ اسلام خدا محرومِ خیبر گیر ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم علیؑ والوں نے پرواہی زمانے کی نہ کی
مہرباں ہوکر رہا نامہرباں ہوکر رہا

---

دو اشک نہ ٹپکے جب آنکھوں کا بھرم کیا ہے
اٹھا جو نہ ماتم اس ہاتھ میں دم کیا ہے
صدیوں کے برابر تھی عاشور کی اک ساعت
اُس دن کے مقابل میں تاریخ امم کیا ہے
بخشے تو گئے ہوں گے کچھ ہم سے خراباتی
تاریخ مودت کی اے لوح و قلم کیا ہے
خاموش جو بیٹھے ہیں عترت کے مصائب کو
ان سے یہ کوئی پوچھے تائید ستم کیا ہے

---

نا فہم نصیری کی ادا بھاگئی دل کو
میں سوچ رہا ہوں کہ یہ دولت کدھر آئی
اب ہم میں نہیں جذبۂ انصارِ حسینؑ
اپنی تھی جو منزل ہوئی جاتی ہے پرائی

---

ہم اہل بیتؑ کے ہیں ایسے ماننے والے
کہ جن میں میثم تمار سا دلاور ہے
مباہلہ کی فضا بھی ہے دیدنی اے دوست
اس ایک لفظ میں اس کی ثنا کا دفتر ہے
قلم کے بدلے اٹھالیں گے وقت پر تلوار
مجھے یقیں ہے یہی عزمِ ہر سخنور ہے

---

تیرہ سو برس میں ہوئے کیا کیا نہ تغیر
کہدے کوئی شبیرؑ کے ماتم میں کمی ہے
اقوال حسینیؑ ہیں عمل غیر حسینیؑ
یہ دین کے الفاظ میں دنیا طلبی ہے
یہ حریتِ فکر یہ بیداریٔ اقوام
اک کوشش تقلید حسینؑ ابن علیؑ ہے

---

دیکھ کر مولا علیؑ کی شخصیت کو بے مثال
مسئلہ حل ہوگیا توحید کے اقرار کا

---

شرف پایا اسی نے دفن کرنے کا پیمبرؐ کے
جو واقف تھا مقامِ امتزاجِ روح و پیکر سے
ہمیں اللہ کے بندوں سے بس اتنا ہی کہنا ہے
نبیؐ لائے تھے اپنا جانشیں اللہ کے گھر سے

---

کٹتے رہے ہیں ہاتھ بدلتے رہے ہیں دور
دم بھر رکے نہ جام ولا کے شراب کے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب لائیں گے نہ بحث میں ہم کربلا کی جنگ
کب تک چلیں گے دور سوال و جواب کے

---

سویا علی کا لال دو عالم کو جیت کر
مٹھی میں کائنات تھی خنجر گلے پہ تھا

---

دشواریوں میں بھی ہے یہ فرض زندگی کا
مقصد بلند رکھنا آوازِ یا علی کا
اے کربلا کے خالق عزم و عمل نے تیرے
کتنا بڑھا دیا ہے معیار آدمی کا
قرآں حدیث دونوں ہیں ایک ہی زباں کے
کیا راز کوئی سمجھے اب ربطِ معنوی کا

---

ہاتھ رکتے ہی نہیں ہیں ماتم شبیرؑ سے
استفادہ کر رہا ہوں موت کی تاخیر سے
جب زباں پر یا علی آتا ہے فرطِ شوق میں
اک سہارا چاہتا ہوں نعرۂ تکبیر سے
اک نہ اک جا خلق میں مجلس کہیں ہوگی ضرور
کوئی پل خالی نہیں ہے ماتم شبیرؑ سے
میں نے باب العلم کی چوکھٹ کا بوسہ لے لیا
لوگ اُدھر الجھے رہے قرآن کی تفسیر سے
اک یہ ادنیٰ سی کرامت ہے غم شبیرؑ کی
آدمی انسان بنتا ہے غم شبیرؑ سے
اپنے خوں سے نقشِ الا اللہ لکھتے کیوں حسینؑ
کام چل سکتا اگر کچھ کاغذ کی تحریر سے

---

باز آجاتی اگر امت غم شبیر سے
نامسلماں کرتے ماتم اور مسلماں دیکھتے
میں زباں پر بھول کر لایا نہ رازِ معرفت
یہ نصیری میرا صبر و ضبطِ پنہاں دیکھتے
اللہ اللہ کہنے والے قربِ حق کی شان میں
یا علی کہتے تو یہ مشکل بھی آساں دیکھتے

---

عاشور کے دن ظہر کو دنیا ہوئی واقف
مومن کی نماز اور مجاہد کی دعا سے
شبیرؑ کا غم زندگیٔ فکر و نظر ہے
ملتا ہے یہاں درسِ عمل اشکِ عزا سے
مجرم ہیں یہ روکے ہوئے ہیں اجرِ رسالتؐ
وحشت جنھیں ہوجاتی ہے ماتم کی صدا سے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نجم آفندی

# کے

# مقطعوں

# کا

# گلدستہ

(430) اشعار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# مقطعوں کا گلدستہ

تیری مدحت کے جادے پر یہ فکرِ نجم کی حد ہے　　حق آگاہی تیری منزل یداللّٰہی تیرے تیور

---

تقلید میری ہوتی ہے اہلِ سخن میں نجم　　چھایا ہوا دلوں پہ یہ رنگِ کلام ہے

---

نجم ہم نے مدحِ اہلِ بیتؑ کے ہر شعر میں　　فاضلِ طینت کی فطرت کو نمایاں کر دیا

---

ان کی نعلینِ مبارک میرے سر آنکھوں پہ نجم　　تاجداروں سے ہیں برتر کفش برادرِ حسینؑ

---

حاجی ہو کوئی حافظِ قرآں ہو کوئی نجم　　کچھ بھی نہیں علیؑ سے محبت اگر نہیں

---

نجم تیرہ سو برس سے آج تک قبرِ حسینؑ　　معبدِ اہلِ وفا ہے سجدہ گاہِ عشق ہے

---

اک طرف ارضِ نجف اک سمت ارضِ کربلا　　نجم ابھریں لے رہا ہے کیا مقدر دیکھیے

---

شعورِ مدح بزرگوں کا فیض ہے اے نجم　　زہے نصیب یہ اعزاز خاندانی ہے

---

ڈوبا ہوا اے نجم جو ہو عشقِ علیؑ میں　　دنیا میں اسے کیا خبرِ سود و زیاں ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلہ میں خلد وہ دیں گے تو نجم کہہ دیں گے    تمھارے نقشِ قدم پر نثار کرتے ہیں

---

خود پرستی رفتہ رفتہ حق پرستی بن گئی    نجم آخر شاعرِ آلِ پیمبرؐ ہو گئے

---

مقدس بانکپن اے نجم میرے تاجِ مدحت کا    کلاہِ خسروی میں ہے نہ دیہیم کیانی میں

---

اے نجم میں شاعر ہوں سرکارِ امامت کا    نظمیں مری پہنچیں گی دربارِ پیمبرؐ میں

---

سب کہتے ہیں شاعر ہے دربارِ حسینؑ کا    نجم اپنی حقیقت سے غافل نظر آتا ہے

---

اے نجم بیٹھتے ہو اب کیا سنبھل سنبھل کر    آثار کہہ رہے ہیں اٹھنے کا ہے زمانہ

---

رفعت ترے کلام کی عرش آشنا ہے نجم    کھیلی ہے فکر دامنِ برق و سحاب میں

---

اے نجم جبیں ہوتی ہے چوکھٹ پہ نجف کی    میں مدح کے عالم میں فلک پر نہیں ہوتا

---

نجم میں ہوں شاعرِ بزمِ حسینؑ ابنِ علیؑ    میرا نغمہ ہے فقط سازِ حقیقت کے لئے

---

نجم شاعر ہے حسینؑ ابنِ علیؑ کے در کا    اور دنیا میں نہ منصب ہے نہ جاگیر کوئی

---

کب دیکھیے طلب ہو دیارِ حسینؑ سے    بیٹھے ہیں نجم نذرِ دل و جاں لئے ہوئے

---

جناب نجم یہ عزلت گزینیاں کب تک    یہ بے نیاز روش چھوڑیئے خدا کے لئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بہرِ نجات نجم کہوں کیوں حسینؑ سے      شاعر ہوں اہلِ بیتؑ کا صورت سوال ہے

* * *

اب جلد آستانے پہ اپنے بلایئے      کب تک جئے یہ نجم گناہگار آپ کا

* * *

نجم ہو اگر نسبت اُسوۂ حسینؑ سے      ایک شعر مدحت میں خلد کا قبالا ہے

* * *

اجل جب چاہے منہ پر مُہر کر دے      علیؑ کا نام دل پر لکھ گیا ہے

* * *

عطا کی میرزائی نجم کو پھر مدح کی نعمت      کیا ممتاز قدرت نے زبانِ میرؔ سے پہلے

* * *

نجم شاعر ہے علیؑ کا سب سے کمتر ہی سہی      نکتہ داں ہو کر سدھارا نکتہ داں ہو کر رہا

* * *

بن گئی انسان کا معبد زمینِ کربلا      نجم جب عزم و عمل کی زندگی لائے حسینؑ

* * *

مدحت کی جوانی ہے پیری ہی سہی میری      احباب نہ یہ سمجھیں اب نجم میں دم کیا ہے

* * *

اُردو میں ہے اے نجم مری نغمہ سرائی      نغمہ عجمی اور نہ لہجہ عربی ہے

* * *

اے نجم سوال آئے اگر لطف و کرم کا      مولاؑ کی زباں پر کبھی لا ہو نہیں سکتا

* * *

اے نجم منقبت ہو اس وقت بھی زباں پر      جب نزع کی ہو ساعت عالم روا روی کا

* * *

کربلا کی راہ میں حائل ہیں کتنی مشکلیں      نجم پہنچے لڑتے بھڑتے گردشِ تقدیر سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com      http://fb.com/ranajabirabbas

اسرارِ حقیقت مرے افکار ہیں اے نجم	تفسیر مرے شعر کی پوچھو عرفا سے

---

حسینؑ سے جو عقیدت ہے اہلِ ہند کو نجم	فضائے دہر میں اس کا کہیں جواب نہیں

---

میں ہوں کلیم طور ثنائے علیؑ کا نجم	انداز ہیں کلام میں نقشِ دوام کے

---

نجم کیا معلوم کس کا شعر انھیں آئے پسند	مدحِ اہلِ بیتؑ پر نازش خیالِ خام ہے

---

سب سے کم رتبہ ہی لیکن یہ رتبہ کم نہیں	نجم بھی تیرے ثنا خوانوں میں شامل ہے حسینؑ

---

ممدوح ہی واقف مری نیت سے ہیں اے نجم	دنیا میں ہے شہرت مری آشفتہ سری کی

---

آئیں جب امامِ عصرؑ ان سے یہ کہے کوئی	نجم زار انتظار دیکھتا چلا گیا

---

نجم اسلام حقیقی کبھی مٹنے کا نہیں	حسنِ تبرّا سے ہے نشانِ اسلام

---

اب اس فضا میں رہنے کو دل چاہتا نہیں	اب نجم ترکِ ہند کا سامان کیجے

---

میں ہوں وہ نجم درخشاں سپہر مدحت کا	بغل میں خاکِ دلِ بے قرار لایا ہوں

---

جو نجم کو کہنا تھا لمحوں میں وہ کہہ گزرا	اب آگے مقدر ہے سمجھو نہ اگر برسوں

---

شافعِ مطلق ہے تو اور یہ دوائے دردِ دل	نجم جلد آنکھوں سے یارب شیعہ کالج دیکھ لے

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سکونِ دل کا عالم بے دلی سے کم نہیں　　　تجمؔ بیٹھے کیا ہو کچھ طوفاں اٹھانا چاہیے

---

اس سے بہتر تجمؔ دنیا میں کوئی تحفہ نہیں　　　دوست بھیجیں دوستوں کو ارمغانِ اتحاد

---

تجمی کوئی سبق نہ لیا کربلا سے کیا　　　کیوں بے حسی کا قوم پہ الزام آ گیا

---

ہمراہ ہوں اے تجمؔ یہ نوحے یہ قصیدے　　　جب ملکِ عدم کے لئے حکمِ سفر آئے

---

تجمؔ اِسی کے فیض سے شاعرِ اہلِ بیتؑ ہوں　　　دین کے آفتاب کی یہ بھی ہے ذرّہ پروری

---

اے تجمؔ کچھ نہ پوچھو اُس وقت کی جلالت　　　تنہا تھے دشمنوں میں جس وقت شاہِؑ والا

---

سوئے دیارِ کربلا جب کوئی قافلہ گیا　　　تجمؔ وہ بدنصیب ہیں رہ گئے دل کو مار کے

---

ردِتِ عزا پہن کر اے تجمؔ گھر سے نکلو　　　ہندوستاں میں آئی سرکار کی سواری

---

سُنا ہو اور دیکھا ہو کبھی اہلِ تولا نے　　　ہمیشہ تجمؔ اس انداز کا نوحہ سناتے ہیں

---

تجمؔ ہمیں نزع میں صرف عزا دیکھ کر　　　موت بھی کچھ دیر کو در پہ ٹھہر جائے گی

---

وہ سامنے ہے علَم کی شبیہہ تجمؔ اٹھو　　　وفا پرستی کا منظر دکھایا جاتا ہے

---

جہاں کو درس دے رہے ہو اُسوۂ حسینؑ کا　　　بیاض تجمؔ دلفگار نوحہ خواں لئے ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے تجمل یہی اپنی بخشش کے سہارے ہیں — زینبؑ کے دلارے ہیں زینبؑ کے دلارے ہیں

---

یہ تجمل تیرا شاعر دردِ نہاں کے صدقے — دل کو زباں بنا دے سوکھی زباں کے صدقے

---

تجمل اُڑ اُڑ کر ہماری خاک کے ذرّے ہمیں — یا نجف لے جائیں گے یا کربلا لے جائیں گے

---

کیا جان دے کے تجمل گیا جانِ مرتضیٰ — جب موت میں حیات تھی خنجر گلے پہ تھا

---

تیرا غم تیری محبت تجمل کا اسلام ہے — اے شہیدِ کربلا تجھ پر سلام اسلام کا

---

اپنے کو جو چاہے تجمی اُس کو کون نہ چاہے — بھارت ماتا لوگ منا کر من ہر لیں ہمارا

---

دوش پر فوجِ حسینیؑ کا علم لے کر چلو — تجمل آؤ بزمِ ماتم میں قلم لے کر چلو

---

تجمل ایک نظر کا خواہاں ہے مرضی جو نہیں یہ بھی نہ سہی — دربار میں شامل ہو کہ نہ ہو شاعر ہے یہ تیرا تیرے لئے

---

ہے تجمل کی ہستی کیا اے کرب و بلا والے — کس نے تجھے سمجھا ہے کس نے تجھے جانا ہے

---

یہ دل میں دردِ محبت یہ تجمل جوشِ سخن — یہ تیرا خامۂ ماتم نگار کیا کہنا

---

یہ دل پہ تیرے صف بہ صف تارے بھی ہیں چاند بھی — تجمل کی خاطر فقط گردشِ ایام ہے

---

یہ تجمل نوحہ گر کا نوحہ قبول کر لے — اے مجلسِ عزا میں تشریف لانے والے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم آئے تو اہلِ دل نے کہا　　دردِ یکسر غم تمام آئے

---

عازم زیارت ہے نجم ایک مدّت سے　　کس کو اب صدا تو نے ارضِ کربلا دی ہے

---

شاعر ہوں اہلِ بیت کا میں نجم دلفگار　　پہچانتے ہیں کشتۂ راہِ خدا مجھے

---

نجم غرورِ ملّت ہے جلوہ طرازِ کرب و بلا　　ایسا مجاہد عالم میں نازِ دو عالم ہوتا ہے

---

فیضِ مدّاحی نے لفظوں کو عطا کی زندگی　　اک حقیقت اک تڑپ ہے نجم کے اشعار میں

---

نجم غنیمت ہے یہ سینہ زنی قوم کی　　یاد تو اسلاف کی تیغ زنی رہ گئی

---

کب حضوری میں بلاتے ہیں حسینؑ ابنِ علیؑ　　دیکھتا ہوں نجم کب تک گردشِ ایّام ہے

---

مزا ملا ہے وہ دل کو تیری ولا کے نثار　　حیاتِ نجم کے لمحے بڑھا دیے تو نے

---

جنّت کی سند بن جائے گی اے نجم ثنائے آلِ نبیؐ　　نظمیں یہ ہماری پہنچیں گی جب ان کی سخی سرکاروں میں

---

سرکارِ اہلِ بیتؑ کا شاعر بنا دیا　　اب اور نجم طالعِ بیدار کیا کریں

---

مرکزِ غمِ حسینؑ کا ہندوستاں ہے نجم　　آباد پُربہار یہ ہندوستاں رہے

---

کربلا جانے کا کچھ ساماں نظر آتا نہیں　　نجم دل پر ایک یہ داغِ تمنا بھی سہی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے نجمی کوئی کہا کرے میں بلندِ اوجِ فلک سے ہوں　　مجھے مدحِ آلِ رسولؐ نے مہ و مہر سے بھی بڑھا دیا

---

کچھ غور کرو نجمی کے مفہومِ سخن پر　　دیوانہ سمجھتے ہو تو مرنے کی دعا دو

---

سنسار کی مایا کوئی نہیں کچھ دوہے ہیں کچھ نوحے ہیں　　نجمی یہی مایا لائے تھے نجمی یہی مایا چھوڑ گئے

---

اِسی دھن میں نالے کئے جاؤ نجمی　　یہ نوحے ہیں دل کو ہلا دینے والے

---

سُنا کر نجمی قصہ کربلا والے شہیدوں کا　　مسلمانوں کو سمجھا دو مسلماں ایسے ہوتے ہیں

---

فاطمہؑ کا مہ پارا ہے جگت گرو نجمی　　آج سب کو پیارا ہے جس پہ کل یہ بپتا تھی

---

نجمی حسینیت کی طرف جھک رہے ہیں دل　　مصروف غور و فکر میں ساری خدائی ہے

---

رُت ہند کی بدلے گی محرم کی بدولت　　نجمی یہ بہار آئے گی ماتم کی بدولت

---

اس دیس کی آنکھیں بھی نجمی پیاسی تھیں حسینی درشن کی　　بھارت میں اجالا پہنچا ہے کربل میں درس دکھلایا تھا

---

رہے خالی جو فکرِ منقبت سے ذکرِ مولاؑ سے　　وہ لمحے زندگی کے نجمی ہم نے رائیگاں سمجھے

---

شۂِ دیں کا تصرف ہے یہ نوحہ مرثیہ ورنہ　　میں جس عالم میں ہوں اے نجمی دنیا کو خبر کیا ہے

---

حالت ہی نجمی کب تھی نوحہ گری کے قابل　　ہم چپ ہی ہو چکے تھے دل نے مگر نہ مانا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیارِ ہند کے محبوب ہیں حسینؑ اے نجم　　محال ہے کہ یہاں غمِ حسینؑ کا نہ رہے

---

نجم آتے ہیں وہ آہ و لب دست بہ سینہ　　دیکھے تو کوئی شاعرِ سرکار کا عالم

---

نجمی وہ بڑے دل والے تھے دل ہام سے دھک دھک کرتے ہیں　　یاد ان کی سما کر سینوں میں ماتم کی دھک بن جاتی ہے

---

زیارت کا شرف حاصل ہو جب اے نوحہ خواں تجھ کو　　فضائے کربلا میں نجم کا نوحہ سُنا دینا

---

اب غلاموں میں وہ گنے نہ گنے　　نجم آقا یہی ہمارا ہے

---

پاؤں عابدؑ کے کہاں زنجیر کی ایذا کہاں　　کربلائے شام تک نالے کیے زنجیر نے

---

نجم نوحوں کو صداقت کا مرقع کردیا　　کربلا کے غم نے غم کی دائی تصویر نے

---

جہاں میں نجم یہ کرب و بلا کا افسانہ　　کہا گیا مگر اس شان سے کہا نہ گیا

---

حضور نجم کو اب کربلا میں بلوالیں　　اجل غریب کی نزدیک آئی جاتی ہے

---

زمینِ سخن آسماں بن گئی ہے　　وہ گردوں سے اے نجم تارے اُتارے

---

پیکرِ شاعری میں نجم نور حیات آگیا　　رحلتِ اہلِ بیتؑ سے جذبۂ دل سنور گئے

---

منزلِ شبیرؑ تک نجم نہ پہنچیں گے ہم　　آہ و بکا تک اگر جوشِ ولا رہ گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

کیا کہتے ہوں گے نجم شہیدانِ کربلا     راہِ عمل میں قوم کی رفتار دیکھ کر

---

دنیا میں وقت نجم کا اچھا گزر گیا     مولاؑ کے غم میں غم تو خوشی میں خوشی رہی

---

مرجائے نجم مدح سرائی میں آپ کی     حسرت ہے کام آئے مری جان آپ کے

---

قدرت ہے اگر نجم تو نوحہ کی زباں میں     ہر قوم کو شبیرؑ کا پیغام سنا دے

---

کہاں اشکِ غم اور کہاں قصرِ جنّت     ہمیں نجم قیمت گھٹائے ہوئے ہیں

---

ہوئے کامل سخنور مدحتِ آلِ پیمبرؐ سے     ہمیں اے نجم سب کچھ آگیا اب اور کیا آئے

---

جناب نجم مقصد اور بھی کچھ ہے شہادت کا     سُنا ہے قوم اور مقصد سے محرم ہوتی جاتی ہے

---

ابھی نجم کچھ اور نوحے سُناؤ     ذرا قوم کی بے حسی جارہی ہے

---

نجم ہم کو عیشِ فردوسِ تولا ہے بہت     ہم تمنائی نہیں فردوس کی جاگیر کے

---

نجم کتنے کام مداحانِ اہلِ بیتؑ کے     بے بنائے رنگ لائے بے سنوارے بن گئے

---

نجم اربابِ غرض نے دل کے ٹکڑے کردیے     زندگی نعمت سہی نعمت سے بھی دل بھر گیا

---

اے نجم میری فکر کی اللہ رے ہمتیں     چاہوں تو بامِ عرش سے تارے اُتار دے

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجمؔ اپنی زندگی ہے وقفِ مدح اہل بیت　　شاعرِ سرکارِ اہل بیت کہلاتے ہیں ہم

---

انساں حسینیت کو سمجھے گا نجمؔ اک دن　　جوہر نہ یہ ملیں گے دنیا کی خاک چھانے

---

اے نجمؔ یہی شاید عنوانِ سفارش ہو　　امید تو ہے اتنی آقا کی تولا سے

---

کس سے پوچھوں کہ سمجھتے ہیں وہ شاعر اپنا　　نجمؔ کا نام بھی فہرست میں لکھا دیکھا

---

قیامت ہیں نجمؔ کے پُر درد نوحے　　عزا دار کا دل ہلا دینے والے

---

نجمؔ دنیا آلِ پیغمبرؐ کی دشمن ہی رہی　　دل پہ کیا کیا داغ اُمت کے نگہباں لے گئے

---

میں نجمؔ اپنا فرض سمجھتا ہوں منقبت　　ناداں ہے دل جزا کا جو امیدوار ہو

---

شاعر ہیں اہل بیت رسالتؐ پناہ کے　　اُٹھا یہ شور نجمؔ جو مجلس میں آ گئے

---

جس در کے فقیروں میں بشر بھی ہیں ملک بھی　　ہاتھ اپنے وہیں نجمؔ بھی پھیلائے ہوئے ہیں

---

نجمؔ کہیں ہمارے بعد اہلِ عزا یہ نہ کہیں　　نجمؔ کی طرح پھر کوئی نوحہ سرا نہیں ہوا

---

تھے نجمؔ خوش نصیب کہ ذکرِ حسینؑ پر　　روحی فداک کہہ کے جہاں سے گزر گئے

---

جناب نجمؔ یہ عزلت گزینیاں کب تک　　یہ بے نیاز روش چھوڑیے خدا کے لئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب جلد آستانے پہ اپنے بلایئے
کب تک جئے یہ تجمؔ گناہگار آپ کا

---

تجمؔ ہو اگر نسبت اُسوۂ حسینؑ سے
ایک شعر مدحت میں خلد کا قبالا ہے

---

عطا کی میرزائی تجمؔ کو پھر مدح کی نعمت
کیا ممتاز قدرت نے زبانِ میرؔ سے پہلے

---

ہر ذرۂ وطن کو اے تجمؔ دل بنادو
ہندوستاں میں آقا تشریف لا رہے ہیں

---

بھاشا کے رسیلے شبدوں میں ڈکھ روپ کہانی کربل کی
محنت پہ سوارت ہو تجمیؔ یوں کون کسے سمجھاتا ہے

---

تجمؔ گردوں سر بسجدہ ہے ستارے بے زباں
کس سے پوچھیں تم نے کیا دیکھا شبِ عاشور کو

---

اب جا کے ہمالہ پربت سے لے ماتم کی ٹکراتی ہے
اس دیش کی تجمیؔ دور بلا جس دیس پہ یہ غم چھائے گیا

---

تجمؔ وہ جانِ وفا ہے ہے وہ ایمانِ وفا
یہ علَم آتا ہے کس کے خون میں تر دیکھنا

---

میں تجمؔ ایک ذرہ ہوں تیری رہ گزر کا
شاعر ہوں تیرے در کا اے عرش آشیانی

---

خدا ایسا کرے مقبول ہو یہ تجمؔ کا نوحہ
پسند آجائے تجھ کو یہ محبت کی زباں اکبرؑ

---

جب آئے حسینؑ سیوا میں سب ہندو مسلم ایک ہوئے
ل جائیں گے تجمؔ دل ہی کبھی جب ان کی نجر پر بات رہی

---

آرام سے سوائے شبِ عاشور کے جاگے
لوری تجھے دیتا ہے ترا تجمؔ سخنور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجلس میں ہوش کس کو اے نجم جانِ وطن کا　　اُترا ہوا وہ چہرہ، ڈھلکا ہوا وہ منکا

---

روکو قلم کو نجم سخنور ہے سر بسجدہ جانِ پیمبرؐ

---

کیا جان دے کے نجم گیا جانِ مرتضیٰ　　جب موت میں حیات تھی خنجر گلے پہ تھا

---

غم حسین میں روئیں گے نجم جی بھر کے　　کہیں یہ درد دلوں میں چھپائے جاتے ہیں

---

کچھ نہ پوچھو نجم اس دم بے بسی کو نین کی　　ذبح جب رن میں نبیؐ کی گود کا پالا ہوا

---

نجمی یہ حسینی چوکھٹ ہے یاں آ کے مرادیں ملتی ہیں　　اس دوار سے بھکشا لے کے چلے

---

تیرا غم تیری محبت نجم کا اسلام ہے　　اے شہیدِ کربلا تجھ پر سلام اسلام کا

---

اس شام کے خیال سے دل کانپتا ہے نجم　　عاشور کی وہ شام وہ رَن بولتا ہوا

---

اپنے کو جو چاہے نجمی اس کو کون نہ چاہے　　بھارت ماتا سوگ منا کر من ہر لین ہمارا

---

تقریر کے قربان مقرّر کے تصدق　　اے نجم ستمگر کا بھرم کھل گیا سارا

---

کو مشتِ خاک سے بھی ہے کم کائناتِ نجم　　نقش قدم پہ تیرے تصدق حیاتِ نجم

---

دنیا کو خوں رُلائے گی یہ داستاں بہت　　نوحے کہیں گے نجم سے شیریں زباں بہت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاؤں تھک جائیں تو ہمت کے قدم لے کر چلو
تجمم آؤ بزمِ ماتم میں قلم لے کر چلو

---

جب آنکھ سے آنسو ڈھل کر بھی تن کا گرد دھوتے ہیں
جب گھر گھر ماتم ہوتا ہے جب رونے والے روتے ہیں

---

تجمم ایک نظر کا خواہاں ہے مرضی جو نہیں یہ بھی نہ سہی
دربار میں شامل ہو کہ نہ ہو شاعر ہے یہ تیرا تیرے لیے

---

ہے تجمم کی ہستی کیا اے کرب و بلا والے
کس نے تجھے سمجھا ہے کس نے تجھے جانا ہے

---

یہ دل میں دردِ محبت یہ تجمم جوشِ سخن
یہ تیرا خامۂ ماتم نگار کیا کہنا

---

در پہ تیرے صف بہ صف تارے بھی ہیں چاند بھی
تجمم کی خاطر فقط گردشِ ایام ہے

---

یہ تجمم نوحہ گر کا نوحہ قبول کر لے
اے مجلسِ عزا میں تشریف لانے والے

---

تجمم آئے تو اہلِ دل نے کہا
دردِ پیکرِ غم تمام آئے

---

آتا ہے اس کو یاد جب وہ کاروانِ تشنہ لب
ہے تجمم کا نوحہ یہی اے وائے نہرِ علقمہ

---

عازمِ زیارت ہے تجمم ایک مدت سے
کس کو اب صدا تو نے ارضِ کربلا دی ہے

---

شاعر ہوں اہلِ بیت کا میں تجمم دلفگار
پہچانتے ہیں کشتۂ راہِ خدا مجھے

---

تجمم غرورِ ملت ہے جلوہ طرازِ کرب وبلا
ایسا مجاہد عالم میں نازِ دو عالم ہوتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فیضِ مدّاحی نے لفظوں کو عطا کی زندگی　　اک حقیقت اک تڑپ ہے تجمّم کے اشعار میں

---

تجمّم غنیمت ہے یہ سینہ زنی قوم کی　　یاد تو اسلاف کی تیغ زنی رہ گئی

---

کب حضوری میں بلاتے ہیں حسینؑ ابنِ علیؑ　　دیکھتا ہوں تجمّم کب تک گردشِ ایام ہے

---

کربلا پہنچے ہزاروں قافلے　　تجمّم ہم آنسو بہاکر رہ گئے

---

مزا ملا ہے وہ دل کو تری ولا کے نثار　　حیاتِ تجمّم کے لمحے بڑھا دیے تو نے

---

جنت کی سند بن جائے گی اے تجمّم ثنائے آلِ نبیؐ　　نظمیں یہ ہماری پہنچیں گی جب اُن کی سخی سرکاروں میں

---

سرکارِ اہلِ بیت کا شاعر بنا دیا　　اب اور تجمّم طالعِ بیدار کیا کریں

---

ان کے تصدّق سے تجمّم قوم ہے سب اہلِ دل　　درد ملا اس قدر دامنِ دل بھر گئے

---

کربلا جانے کا کچھ ساماں نظر آتا نہیں　　تجمّم دل پر ایک یہ داغِ تمنا بھی سہی

---

مجھے تجمّم کوئی کہا کرے میں بلند اوجِ فلک سے ہوں　　مجھے مدحِ آلِ رسولؐ نے مہ و مہر سے بھی بڑھا دیا

---

کچھ غور کرو تجمّم کے مفہومِ سخن پر　　دیوانہ سمجھتے ہو تو مرنے کی دعا دو

---

اب اس فضا میں رہنے کو دل چاہتا نہیں　　اے تجمّم ترکِ ہند کا سامان کیجیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے نجم الٹ جائے گا یہ پردۂ غیبت　　نکلے گا اِدھر تیغ بکف مرکزِ حجت

---

نجم کو بھی یاد رکھنا دار وگیر حشر میں　　اے زمینِ کربلا کے چاند تارو الوداع

---

سنسار کی مایا کوئی نہیں کچھ دو ہے ہیں کچھ نوحے ہیں　　نجمی یہی مایا لائے تھے نجمی یہی مایا چھوڑ گئے

---

اسی دُھن میں نالے کیے جاؤ نجمی　　یہ نوحے ہیں دل کو ہلا دینے والے

---

حشر میں انجام کیا ہوتا ہے نجمی دیکھیے　　پوچھتے ہیں وہ بھی شاعر جن کے کہلاتے رہے

---

سنا کر نجم قصہ کربلا والے شہیدوں کا　　مسلمانوں کو سمجھا دو مسلماں ایسے ہوتے ہیں

---

فاطمہ کا مہ پارہ ہے جگت گرو نجمی　　آج سب کو پیارا ہے جس پہ کل یہ بپتا تھی

---

نجم کے دل سے نہ آئیں لب پہ نالے یہ اگر　　کیا عجب ہے منہ کو آجائے کلیجہ اے حسینؑ

---

نجمی حسینیت کی طرف جھک رہے ہیں دل　　مصروفِ غور و فکر میں ساری خدائی ہے

---

اس دیس کی آنکھیں بھی نجمی پیاسی تھیں حسینؑ درشن کی　　بھارت میں اُجالا پہنچا ہے کربل میں دِیا جلایا تھا

---

اے نجم دیکھو یہ حق نمائی　　اللہ اس کے غم کی رسائی

---

اشکِ عزا کی تہہ میں ہے طوفاں چھپا ہوا　　دنیا میں نجم چشمِ حقیقت نگر نہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہے خالی جو فکرِ منقبت سے ذکرِ مولا سے  
وہ لمحے زندگی کے نجم ہم نے رائیگاں سمجھے

---

شۂ دیں کا تصرف ہے یہ نوحہ مرثیہ ورنہ  
میں جس عالم میں ہوں اے نجم دنیا کو خبر کیا ہے

---

بجھ گیا تھا نجم جب قبرِ پیمبرؐ کا چراغ  
کیا یونہی تاروں سے روشن چرخِ نیلی فام تھا

---

حالت ہی نجم کب تھی نوحہ گری کے قابل  
ہم چپ ہی ہو چکے تھے دل نے مگر نہ مانا

---

دیارِ ہند کے محبوب ہیں حسینؑ اے نجم  
محال ہے کہ یہاں غمِ حسینؑ کا نہ رہے

---

نجم آتے ہیں وہ آہ بہ لب دست بہ سینہ  
دیکھے تو کوئی شاعرِ سرکارؑ کا عالم

---

نجمی وہ بڑے دل والے تھے دل غم سے دھک دھک کرتے ہیں  
یاد ان کی سما کر سینوں میں ماتم کی دھمک بن جاتی ہے

---

ہماری روح بھی نجمی عزادارِ حسینؑ تھی  
کھٹکتے دل میں اس نشتر کو تیرہ سو برس گزرے

---

زیارت کا شرف حاصل ہو جب اے نوحہ خواں تجھ کو  
فضائے کربلا میں نجم کا نوحہ سنا دینا

---

اب غلاموں میں وہ گنے نہ گئے  
نجم آقا یہی ہمارا ہے

---

نجم نوحوں کو صداقت کا مرقع کر دیا  
کربلا کے غم نے غم کی واقعی تصویر نے

---

جہاں میں نجم یہ کربِ وبلا کا افسانہ  
کہا گیا مگر اس شان سے کہا نہ گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

حضور نجم کو اب کربلا میں بلوالیں
اجل غریب کی نزدیک آئی جاتی ہے

---

کوئی اے نجم کہہ دیتا یہ ملت کے خداؤں سے
بچالیتے ہیں یوں کشتیِ اُمت ناخدا ہوکر

---

زمینِ سخن آسماں بن گئی ہے
وہ گردوں سے اے نجم تارے اُتارے

---

پیکرِ شاعری میں نجم نورِ حیات آگیا
مدحتِ اہل بیت سے جذبۂ دل سنور گئے

---

منزلِ شبیرؑ تک نجم نہ پہنچیں گے ہم
آہ و بکا تک اگر جوشِ ولا رہ گیا

---

کیا کہتے ہوں گے نجم شہیدانِ کربلا
راہِ عمل میں قوم کی رفتار دیکھ کر

---

دنیا میں وقت نجم کا اچھا گزر گیا
مولاؑ کے غم میں غم تو خوشی میں خوشی رہی

---

مرجائے نجم مدح سرائی میں آپ کی
حسرت ہے کام آئے مری جان آپ کے

---

قدرت ہے اگر نجم تو نوحے کی زباں میں
ہر قوم کو شبیرؑ کا پیغام سنادے

---

کہاں اشکِ غم اور کہاں قصرِ جنت
ہمیں نجم قیمت گھٹائے ہوئے ہیں

---

رُت ہند کی بدلے گی محرم کی بدولت
نجمی یہ بہار آئے گی ماتم کی بدولت

---

ہوئے کامل سخنور مدحتِ آلِ پیمبرؐ سے
ہمیں اے نجم سب کچھ آگیا اب اور کیا آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجمی کوئی سبق نہ لیا کربلا سے کیا      کیوں بے حسی کا قوم پہ الزام آ گیا

---

ہمراہ ہوں اے نجم یہ نوحے یہ قصیدے      جب ملکِ عدم کے لیے حکمِ سفر آئے

---

نجم اسی کے فیض سے شاعرِ اہلِ بیت ہوں      دین کے آفتاب کی یہ بھی ہے ذرہ پروری

---

ہنگامہ ہے اب قتل کا اے نجم دلِ افگار      مولا والے خاموش ہیں رن بول رہا ہے

---

اے نجم کچھ نہ پوچھو اس وقت کی جلالت      تنہا تھے دشمنوں میں جس وقت شاہ والا

---

سوئے دیارِ کربلا جب کوئی قافلہ گیا      نجم وہ بدنصیب ہیں رہ گئے دل کو مار کے

---

رختِ عزا پہن کر اے نجم گھر سے نکلو      ہندوستاں میں آئی سرکار کی سواری

---

شاید یہی دربار میں مقبول ہو نجمی      نوحہ تو نہیں قابلِ سرکار ہمارا

---

اے نجم جبیں ہوتی ہے چوکھٹ پہ نجف کی      میں مدح کے عالم میں فلک پر نہیں ہوتا

---

شعر و سخن میں نجم یہ ہیں بے نیازیاں      بیٹھا ہوں اجتہاد کی قوت لیے ہوئے

---

ابھی نجم کچھ اور نوحے سناؤ      ذرا قوم کی بے حسی جا رہی ہے

---

نجم کہیں ہمارے بعد اہلِ عزا نہ یہ کہیں      نجم کی طرح پھر کوئی نوحہ سرا نہیں ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خود پرستی رفتہ رفتہ حق پرستی بن گئی　　نجمؔ آخر شاعرِ آلِ پیمبرؐ ہو گئے

---

یادِ علیؑ ہے دل میں دنیا سے جا رہا ہوں　　اے نجمؔ در حقیقت یہ موت زندگی ہے

---

بُلا لیں شاید آقا کربلا میں موت سے پہلے　　ابھی اے نجمؔ کچھ امید ہے امیدواری ہے

---

اب جلد آستانے پہ اپنے بلائیے　　کب تک جیئے یہ نجمؔ گنہگار آپ کا

---

اے نجمؔ کاش مجھ سے اتنا ہی کوئی کہہ دے　　کس دل سے یہ جسارت کس منہ سے عذر خواہی

---

نجمؔ اپنی زندگی ہے وقف مدحِ اہلِ بیتؑ　　شاعرِ سرکارِ اہلِ بیتؑ کہلاتے ہیں ہم

---

نجمؔ شاعر ہے حسینؑ ابنِ علیؑ کے در کا　　اور دنیا میں نہ منصب ہے نہ جاگیر کوئی

---

صلہ میں خلد وہ دیں گے تو نجمؔ کہہ دیں گے　　تمہارے نقشِ قدم پر نثار کرتے ہیں

---

شاعر ہوں جن کا نجمؔ وہ ہیں وجہِ کائنات　　ممکن ہے تا ابد مرا نام و نشاں رہے

---

نجمؔ میں وہ شاعرِ دربارِ اہلِ بیتؑ ہوں　　غم نے چھانٹا ہے مجھی کو فردِ کامل دیکھ کر

---

اے نجمؔ مدحِ آلِ نبیؐ میں گذار دوں　　اللہ عمرِ خضر جو مجھ کو عطا کرے

---

چار پشتوں سے مجھے حاصل ہے یہ عزّ و شرف　　نجمؔ فطرت ہے مری مدح و ثنائے مصطفیٰؐ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے آبا کا شرف ہے میری فطرت کا خمیر — نجم صدیوں سے ہے فخرِ مدحِ آلِ مصطفیٰؐ

---

تیری مدحت ہو تو نظمِ نجم کا کیا پوچھنا — نجم ہے اپنی جگہ پر بے حقیقت اے حسینؑ

---

بن گئی انسان کی معبد زمینِ کربلا — نجم جب عزم و عمل کی زندگی لائے حسینؑ

---

بہت پیام ملیں گے مرے سلام میں نجم — نگاہِ غور سے نقاد نے اگر دیکھا

---

نجم اس میں تصور بھی بے جا ہے برائی کا — غمِ سبطِ پیمبرؐ کا جس دل کی امانت ہے

---

نجم اس کی نذر ہے یہ زلزلہ انگیز نظم — جس کی حسرت ناک خاموشی تھی طوفاں درکنار

---

نجم میں ہوں خاک پائے مسند آرائے نجف — مدح کی دولت ملی ہے ورثۂ اجداد سے

---

سب سے کم رتبہ سہی لیکن یہ رتبہ کم نہیں — نجم بھی تیرے ثنا خوانوں میں شامل ہے حسینؑ

---

میں ہوں کلیمِ طورِ ثنائے علیؑ کا نجم — انداز ہیں کلام میں نقشِ دوام کے

---

عقیدت ہے مجھے اے نجم پورے خانوادے سے — خدا کا شکر ہے میں ہوں ثنا خوانِ ابو طالبؑ

---

جب مدحِ پیمبرؐ کرتا ہوں وہ زورِ سخن بڑھ جاتا ہے — اے نجم سلامی دینے کو الفاظ کے لشکر آتے ہیں

---

تمام روشنیاں ہیں انھیں کے نور سے نجم — فروغ ملت بیضا ہیں جعفرؑ صادق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جگہ فرزدقؔ و دعبلؔ کی نجمؔ کو ملتی　　قریب طائر سدرہ کچھ آشیاں ہوتے

---

نمازِ مدح پڑھتا ہوں مودّت کے مصلے پر　　دکھادو نجمؔ دنیا کو یہ رتبہ ہے سخنور کا

---

ہے حضرتِ ناسخؔ سے تلمذ کا تسلسل　　نسبت ہے مجھے نجمؔ بڑے اہلِ ہنر سے

---

ہم نے منزلت دی ہے نجمؔ نظمِ اردو کو　　ہر زمین پر ہم نے آسماں اُتارا ہے

---

سنسار کے بھولے بسروں کو ایڈیشن نیا مل جاتا ہے　　ہر سال جو نجمیؔ پیاسوں کا ہم سوگ منایا کرتے ہیں

---

اے نجمؔ یہی اپنی بخشش کے سہارے ہیں　　زینبؑ کے دُلارے ہیں زینبؑ کے دُلارے ہیں

---

جو نیم جاں تھے بھوک سے جو پیاس سے نڈھال　　اے نجمؔ آج ان کی سیاست ہے لازوال

---

رخصت طلب ہے نجمؔ کی اب عارضی حیات　　ستر برس کی عمر میں کچھ کم نہیں یہ بات

---

بزمِ سخن میں آگئے نجمؔ خودی کو چھوڑ کر　　بن گئے کب سے آدمی ذلتِ جنوں اتار کے

---

نجمؔ ہم موحد ہیں ہم پہ کیا اثر ہوتا　　بے شمار بدلے ہیں رنگ روپ دنیا نے

---

مرے قابو میں نہ تھی نجمؔ مرگِ ناگہاں　　تھیں مقدر زیست کی بدنظمیاں دیکھا کیا

---

نجمؔ اک عمر میں احباب پہ یہ راز کھلا　　جتنا بدنام تھا میں اتنا گنہ گار نہ تھا

jabir.abbas@yahoo.com

نجم آپ کی ہی ہے وہ دوام شعر کوئی
مرے دل پہ چوٹ لگتی ہے صلائے نکتہ داں سے

نجم افراط محبت نے مجھے گم کر دیا
میں نے آنکھیں بند کر لیں شدّتِ غم دیکھ کر

اے نجم میں پتلا ہوں رنگ اور تلوّن کا
کس رنگ میں لکھے گی دنیا مرا افسانہ

نجم یہ خندہ جبینی ہر بلائے عشق پر
کس تبسّم کا خزانہ مرے آب و گل میں ہے

نجم سوچتا ہوں میں کچھ مجھے سکون دے گی
چاندنی کی بارش میں یہ ڈھلی ہوئی شب کیا

یوں تو سو بہانے ہیں نجم کچھ نہ کرنے کے
قصد ہے تو کر ڈالو آج کل اور اب تب کیا

سوچے گی نجم فطرتِ انساں ہمارے بعد
کب تک چراغ سوز محبت بجھا رہا

غزل ہو نجم میری اور زباں اس نغمہ پرور کی
مرا ہر لفظ ہونٹوں پر اب پیمانہ ہو جائے

کبھی نجم طوفاں اٹھانا بھی ہے
کہاں تک یہ آنسو پیے جایئے

بڑھ چلے تھے دل کی منزل سے مگر
نجم کچھ آہٹ سی پا کر رہ گئے

سوتے سوتے جاگ اٹھی کیفیتِ شعر و سخن
جس کسی محفل میں پہنچے نجم ہم ہی ہم رہے

میں پھیلاتا ہوں نور اے نجم اپنے کنجِ عزلت سے
زمینِ شعر مرے دم قدم سے آسمانی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ کون ہے اے نجم جو میخانہ میں آ کر  ساغر مرے آگے سے حریفانہ اٹھا لے

---

کریں گے نجم کیا اُردو کے دشمن قدرِ اُردو کی  جو پشتینی سپاہی ہو وہ لشکر کی زباں سمجھے

---

شکستہ پا ہو جب اے نجم یہ ذوقِ سفر کیسا  دلیلِ کارواں ہونا تھا گردِ کارواں کیوں ہو

---

جہنم میں جاؤں تو اے نجم رضواں  اٹھا کر جہنم کو جنت میں ڈالے

---

بہت بلند ہے ہستی مری مگر اے نجم  میں ایک ذرّہ ہوں ناسخ کے آستانہ کا

---

کسی دن نجم کہنا ہے خدائے بندہ پرور سے  تری زلفِ کرم سے لی ہے تابِ سرکشی میں نے

---

ہوا ہے میری بے ربطی سے اے نجم  بہت کچھ رابطہ عیب و ہنر میں

---

چھپاؤں نجم ان سے کس طرح آثار چہرے کے  جو میرے ضبطِ غم کو دیکھ کر گھبرائے جاتے ہیں

---

نجم اس کے خلاف جانا ہے  جس طرف زندگی کا دھارا ہو

---

حقائق ہی رہیں گے نجم میری سعی کا حاصل  خیال و خواب میں فکرِ سخن الجھا نہیں سکتی

---

لگا کے نجم محبت میں آخری بازی  شعورِ فکر و نظر کی رقم بھی ہار آیا

---

محبت ہے کیوں نجم ہندوستاں سے  چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی دن جا ملے گی روح اس بحرِ حقیقت میں
کہاں تک واسطہ اے نجم آب و گِل کے زنداں سے

خاک نجف سے خاک نجمِ حزیں ملادے
الفت کی منزلوں میں دو دل ملانے والے

کچھ دن میں تیری یاد کی محفل اداس ہے
اب چل بسے گا نجم غزل خواں ترے بغیر

حق یہ ہے کہ سرکارِ نبوتؐ کے سوا نجم
معیارِ فضیلت کوئی سمجھا نہ علیؑ کا

مصائب سینکڑوں ہیں غم ہزاروں مشکلیں لاکھوں
تمھارا نجم ہے تنہا امامِ جعفرِؑ صادق

پندرہ ماہِ رجب کی نجم دعوت جب ملی
اور کچھ دن زندگی کا اعتبار آ ہی گیا

وہ زباں دانِ محبت ہے خدا کے فضل سے
نجم کا ورثہ ہے اندازِ ثنائے بوترابؑ

ہے حضرتِ ناسخ سے تلمذ کا تسلسل
نسبت ہے مجھے نجم بڑے اہلِ ہنر سے

جناب نجم یہ اندازِ مدحت کیا پسند آئے
ابھی دنیا کو اندازہ نہیں لطفِ حقیقت کا

رہا محروم دو دن بھی جو شغلِ مدح گوئی سے
اسے اے نجم میں اپنے گناہوں کی سزا سمجھا

میں نجم اپنا فریضہ جانتا ہوں یہ ثنا گوئی
مرا مقصد نہیں اظہار اپنی قابلیت کا

نجم اسلامِ حقیقی کبھی مٹنے کا نہیں
حسنِ سبز قبا سے ہے نشانِ اسلام

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فضلِ خالق سے مرے افکار میں اشعار میں — فلسفہ ہے نجم غالبؔ کا زباں میرؔ کی ہے

---

اے نجم سوال آئے اگر لطف و کرم کا — مولاؑ کی زباں پر کبھی "لا" ہو نہیں سکتا

---

مدحت کی جوانی ہے پیری ہی سہی میری — احباب نہ یہ سمجھیں اب نجم میں دم کیا ہے

---

نجم شاعر ہے علیؑ کا سب سے کمتر ہی سہی — نکتہ داں ہو کر سدھارا نکتہ داں ہو کر رہا

---

بن گئی انساں کا معبد زمینِ کربلا — نجم جب عزم و عمل کی زندگی لائے حسینؑ

---

عطا کی میرزائی نجم کو پھر مدح کی نعمت — کیا ممتاز قدرت نے زبانِ میرؔ سے پہلے

---

جناب نجم یہ عزلت گزینیاں کب تک — یہ بے نیاز روش چھوڑیے خدا کے لیے

---

نجم شاعر ہے حسینؑ ابنِ علیؑ کے در کا — اور دنیا میں نہ منصب ہے نہ جاگیر کوئی

---

نجم میں ہوں شاعرِ بزمِ حسینؑ ابن علیؑ — میرا نغمہ ہے فقط سازِ حقیقت کے لیے

---

شعور مدح بزرگوں کا فیض ہے اے نجم — زہے نصیب یہ اعزاز خاندانی ہے

---

تقلید میری ہوتی ہے اہلِ سخن میں نجم — چھایا ہوا دلوں پہ یہ طرزِ کلام ہے

---

رفعت ترے کلام کی عرش آشنا ہے نجم — کھیلی ہے فکر دامنِ برق و سحاب میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہاں تک یہ مروّت تجم اک دن حق کے منکر سے        خدا لگتی کہو جو دل کو لگ کر تیر ہو جائے

---

سب کہتے ہیں شاعر ہے دربارِ حسینؑ کا        تجم اپنی حقیقت سے غافل نظر آتا ہے

---

ڈوبا ہوا اے تجم جو ہو عشقِ علیؑ میں        دنیا میں اسے کیا خبر سود و زیاں کی

---

شبیرؑ کے غم نے پرکھا ہے شبیرؑ کے غم نے سمجھا ہے        اے تجم کہیں اس دنیا میں سودا ترے دل کا ہو نہ سکا

---

ان شجاعانِ ازل کا ہوں میں بندہ اے تجم        تنِ تنہا بھی ہزاروں کو جو للکار آئے

---

اے یارب نہ ہو معلوم حالت تجم کے دل کی        غمِ اسلام کم ہے اور غمِ دنیا فراواں ہے

---

اے تجم میں ہوں شاعرِ دربارِ رسالتؐ        کیا شک ہے کسی کو مری تصویر کشی میں
تجم مدّاحِ پیمبرؐ کی بلندی نہ پوچھ        خاک پر بیٹھے تو سر عرش سے جاملتا ہے

---

میں اپنے شعر لے کر تجم اس منزل میں کیا جاؤں        جہاں قرآن کی ایک ایک آیت ناز کرتی ہے

---

فضائے عرش میں اے تجم رہتا ہے دماغ اپنا        فرازِ عرش سے اترے ہیں یہ اشعار کیا کہنا

---

تجم میرے ہم وطن ہیں غالبؔ و میرؔ و نظیرؔ        کیوں نہ کرتی میرے در پر ناصیہ سائی غزل

---

کیا پوچھتے ہو دیدۂ پُرنم کی منزلت        بنتے ہیں تجم دیدۂ پُرنم سے آدمی

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

گزر جاتی ہے اک تازہ قیامت تجمل کے دل پر
کسی کے لب پہ ارضِ تاج کا جب نام آتا ہے

---

وہ دور جو اے تجمل تھا اُردو کا مخالف
اس دور میں اُردو کی ہوئی نشوونما اور

---

یہ بھی اک حادثہ اُردو کی محبت کا ہے تجمل
کنجِ عزلت سے جو باہر نکل آیا ہوں میں

---

کیا تجمل فریب دل سے بچیں
دنیا میں فریب دل ہی تو ہے

---

پرسشِ احوال پر جز شکر کچھ کہتے نہیں
بوریے پر بھی مزاجِ اہلِ دل شاہانہ ہے

---

بے ساختہ زباں پہ درود آرہا ہے تجمل
اک روشنی سی منزلِ فکر و نظر میں ہے

---

انھیں بھی تجمل دیکھا ناصیہ سا میرؔ کے در پر
جو اپنے زعم میں آگے ہیں کچھ غالبؔ کی منزل سے

---

تجمل ان کے مری طرح پرستار بہت ہیں
بندوں کی خدائی میں جو بندے تھے خدا کے

---

گلہ ہو شکر ہو تقدیر ہو کہ شعر ہو تجمل
یہ طول ٹھیک نہیں اختصار پیدا کر

---

کس مصیبت میں لطافت مری تخئیل کی ہے
تجمل بے چین ہوں لفظوں کی گرانباری سے

---

میں خود ہوں مطمئن اے تجمل ادب کی خدمت سے
جگہ نہ دے کہیں تاریخ روزگار مجھے

---

قصیدہ عرض کیجے تجمل شانِ حُسن میں کوئی
وہ کہتے ہیں غزل ارشاد فرمانے سے کیا ہوگا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ اے نجمؔ تم حق پرستوں سے کہہ دو     مبارک ہو سودائے خامِ محبت

---

نجمؔ اس عہد میں بے قدر ہے کیوں جنسِ وفا     کوئی اتنا نہیں کہتا کہ خریدار ہیں ہم

---

سخن طرازوں میں تنقید کی غرض سے سہی     کلامِ نجمؔ کا بھی ذکر لا کلام آیا

---

میں نجمؔ حال کا مفہوم سمجھ نہ سکا     مری نظر میں گزرتا ہوا زمانہ تھا

---

ہنرمندوں کا آپس میں حسد اے نجمؔ کیا معنی     ہنر سے دشمنی رکھتے ہیں یہ اہلِ ہنر ہوکر

---

کوشش تو نجمؔ دولتِ دنیا نے کی بہت     بھولے سے بھی نعم نہ کہا میں نے لا کے بعد

---

شریکِ حال نہ ہوتی جو نجمؔ خودداری     ہمارے غم کا فسانہ غمِ جہاں ہوتا

---

مجھے انیسؔ کی عظمت پہ رحم آیا نجمؔ     وہ رنگِ چہرۂ یومِ انیسؔ پر دیکھا

---

عید ہی سہی لیکن میکدے میں ہم نہ تھے     نجمؔ ابرِ نوبہار دیکھتا چلا گیا

---

نجمؔ بہتر ہے تصنع کی دلآویزی سے     تلخ لہجہ میں حقیقت کا بیاں ہوجانا

---

فطرتِ انساں پہ جب تک عشق کا پرتو فگن     جوہرِ انسانیت کو نجمؔ خطرہ کچھ نہ تھا

---

نجمؔ فکرِ حبِ حسن میں اک حرفِ آخر اور ہے     ہم ٹھہرنے کے نہیں پیغام پہنچانے کے بعد

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرمودۂ غالب کے موافق ہوں میں اے نجم　　جینے کا یقیں کس کو ہے آہوں کے اثر تک

---

وحدت ہماری حاصل نوعِ بشر ہے نجم　　وابستہ ہیں جو دامنِ خیر البشر سے ہم

---

کوئی حسین کا ایثار نجم کیا سمجھے　　کسے ہے وسعتِ مفہوم کربلا معلوم

---

کبھی یہ سوچتا ہوں نجم میں اشعار پر اپنے　　چڑھیں گی ان کی نظروں میں یہ آیاتِ جلی کب تک

---

آج کل سنتے ہیں نجمی لحن پر ملتی ہے داد　　یوں زمانہ رخ نہیں کرتا غزل خواں کی طرف

---

آج اردوئے معلی کی اشاعت کے لیے　　یہ غنیمت ہے کہ نجم نکتہ داں باقی رہا

---

بگڑ کر قلم کار قسمت سے نجمی　　محبت کی بگڑی بنانے چلے ہیں
اشکوں کی رو میں نجمی دل کا لہو بہا کر　　غم کی نوازشوں کو رنگیں بنا رہے ہیں

---

وہی لفظوں کی خوش نظمی وہی ترتیب کے تیور　　جنابِ نجم کی نظموں سے رعنائی نہیں جاتی

---

زبانِ شاعرِ کامل پہ ہو اگر اے نجم　　مری نظر میں تعلّی کوئی گناہ نہیں

---

کچھ اضافہ کر کے اٹھو نجم بزمِ شعر میں　　وقت کا مصرف کہیں تحصیلِ حاصل میں نہ ہو

---

نجم اس کے خلاف جانا ہے　　جس طرف زندگی کا دھارا ہو

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عجب کیا شرک کا الزام آئے میرے سجدے پر　　محبت دل میں ہے اے نجم اک انسانِ اعظم کی

---

غالبؔ کی طرح معترف میرؔ ہوں میں نجم　　فیضِ سخن سے جس کے غزل معتبر ہوئی

---

فردِ قسمت اِس طرف ہوگی اُدھر فردِ عمل　　نجم ظاہر قدرتِ عیب و ہنر ہوجائے گی

---

حقائق ہی رہیں گے نجم میری فکر کا حاصل　　خیال و خواب میں فکرِ سخن الجھا نہیں سکتی

---

نجم فطرت ہے مری ولولۂ شعر و ادب　　میرے ایک ایک نفس میں ہے غزل خواں کوئی

---

ایسے قلم اٹھانے کی نوبت نہ آئے نجم　　جس طرح کھینچ لے کوئی تلوار نیام سے

---

حق ناشناس میرے مخاطب نہیں ہیں نجم　　خود داریٔ سخن کو سخنداں سے کام کیا
ہم پہ وقت آیا تو خودداری شریکِ حال تھی　　نجم اربابِ غرض دامن کشاں دیکھا کیے

---

اللہ رے محبت کہ محبت کی فضا میں　　نجم اس نے کیا ہے مجھے خود میرے حوالے

---

تقلید میری ہوتی ہے اہلِ سخن میں نجم　　چھایا ہوا دلوں پہ رنگِ کلام ہے

---

پچپن برس کے ملکِ سخن پر تصرفات　　تیری ثنا گری ہے مرے گھر کی کائنات

---

اے نجم مدحِ آلِ نبی میں گزار دوں　　اللہ عمرِ خضر جو مجھ کو عطا کرے

---

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نجم نہیں واقفِ آسائشِ دنیا سے / کچھ نوحہ و ماتم ہی نکلیں گے مرے گھر سے

نجم ہم نکلے جو ارضِ تاج سے / خسروِ بے تاج ہو کر رہ گئے

نجم اربابِ غرض نے دل کے ٹکڑے کر دیے / زندگی نعمت سہی نعمت سے بھی دل بھر گیا

میں نجم خود ہی سراپا نیاز ہوں ورنہ / مرے کمال کی چوکھٹ پہ سر جھکا کرتے

راس آئے جناب نجم تمھیں / سالکِ جادۂ وفا ہونا

میرزا نجم سے نہ کچھ کہنا / چاہے جو کچھ یہ کج کلاہ کریں

مہر و مہ بھی ہیں نجم دنیا میں / آدمی سے مگر یہ بستی ہے

میں غالب و ناسخ کا ہم آواز ہوں اے نجم / بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں ہے

نجم یہ نشانی ہے اہلِ دل کی دنیا میں / ہم کو خاص نسبت ہے غم کی بارگاہوں سے

شاعر سمجھ کے نجم کو سمجھے ہیں سادہ دل / واقف نہیں ہیں آپ بھی اس کج کلاہ سے

نجم میں قائل نہیں ہوں انکسار و عجز کا / میں ہوں سلطانِ سخن اور فکر برحق ہے ندیم

ہم نجم چار روز کے مہمان ہیں مگر / رہ جائیں گے یہ شعر و ادب کے تبرکات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# غزلیات

| | | |
|---|---|---|
| کل غزلیات | = | 195 |
| مطبوعہ غزلیات | = | 49 |
| غیر مطبوعہ غزلیات | = | 146 |
| کل اشعار غزلیات | = | 1932 |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

# فہرست غزلیات


| شمار | مطلع | تعدادِ شعر | مطبوعہ | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مرا دل ہے نقشِ دوامِ محبت | 7 | // | 469 |
| 2 | کفرِ نعمت ہے غمِ عشق میں فریاد نہ کر | 7 | // | 469 |
| 3 | مست وہ عیش میں ہیں غم سے گراں بار ہیں ہم | 17 | // | 470 |
| 4 | ہستی کوئی ایسی بھی ہے انساں کے سوا اور | 11 | // | 470 |
| 5 | مری نظر میں نہ معیارِ صبح و شام آیا | 11 | // | 471 |
| 6 | خدا کی یاد کو بھی میکدہ میں آنا تھا | 15 | // | 471 |
| 7 | سچ ہے کہ وہ قریبِ رگِ جاں ضرور تھا | 11 | // | 472 |
| 8 | کسی دن داغِ گمراہی رہے گا ان کے سر ہو کر | 17 | // | 473 |
| 9 | احساسِ التجا بھی نہیں التجا کے بعد | 13 | // | 473 |
| 10 | ہر ایک دوست کو دشمن کو میں پکار آیا | 13 | // | 474 |
| 11 | جو اپنے دل کے طلاطم کا ترجماں ہوتا | 10 | // | 475 |
| 12 | نہ پوچھئے غمِ دوراں میں کیا اثر دیکھا | 12 | // | 475 |
| 13 | زمانے کی فضا میں انقلاب آنے سے کیا ہوگا | 10 | // | 476 |
| 14 | دے کے دل میں بے قرار دیکھتا چلا گیا | 11 | // | 476 |
| 15 | کھل گیا جامۂ ہستی کا گراں ہو جانا | 14 | // | 477 |
| 16 | خواب خوش کہنے ہی کو اپنا تھا اپنا کچھ نہ تھا | 12 | // | 477 |
| 17 | پھر نہ اٹھا کوئی فتنۂ حشر ہو جانے کے بعد | 13 | // | 478 |
| 18 | جنوں کا جوش دکھا لالہ زار پیدا کر | 18 | // | 478 |
| 19 | پہنچیں گے نہ گمراہ تری راہ گزر تک | 17 | // | 479 |
| 20 | سوئے اجل بھی جائیں گے اس کر و فر سے ہم | 19 | // | 480 |
| 21 | حدِ گناہ میں آ جاتی ہے نگاہ کبھی | 14 | // | 481 |


jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعداد شعر | مطبوعہ | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 22 | مجھے کرنا ہے کچھ پروانۂ آتش بجاں ہو کر | 18 | // | 482 |
| 23 | بن گئی قوسِ قزح جب لے کے انگڑائی غزل | 16 | // | 482 |
| 24 | دلی جذبات کے برعکس یہ صورت گری کب تک | 13 | // | 483 |
| 25 | آڑ ہے کعبہ کی سجدہ روئے جاناں کی طرف | 13 | // | 484 |
| 26 | لٹ لٹا کر تھا جو کچھ وہ بھی کہاں باقی رہا | 10 | // | 484 |
| 27 | اس قدر شدّتِ احساس میں ڈوبا ہوا ہوں | 16 | // | 485 |
| 28 | کبھی یوں کہیں سر جھکانے چلے ہیں | 12 | // | 486 |
| 29 | پینگ ان سے بڑھ رہے ہیں وہ دل پہ چھا رہے ہیں | 13 | // | 486 |
| 30 | کبھی چتون سے وضع کارفرمائی نہیں جاتی | 7 | // | 487 |
| 31 | راہِ رضا میں کہیں مصرفِ گناہ نہیں | 12 | // | 487 |
| 32 | سوچتا ہوں مصرفِ حق سعیِ باطل میں نہ ہو | 11 | // | 488 |
| 33 | بھر تو دے موت ذرا عمر کے پیمانے کو | 9 | // | 488 |
| 34 | پھر ادھر دیکھتے چلے جاؤ | 10 | // | 489 |
| 35 | میرے دل میں جو دل تمھارا ہو | 9 | // | 489 |
| 36 | سنو گے مجھ سے میری ڈوبتی کشتی کا افسانہ | 11 | // | 490 |
| 37 | نگاہِ دوست کی بے التفاتی رائیگاں کیوں ہو | 13 | // | 490 |
| 38 | مسلسل قہقہوں سے ہے تلافی شدّت غم کی | 13 | // | 491 |
| 39 | کس کرب سے وہ رات قفس میں بسر ہوئی | 11 | // | 491 |
| 40 | جب میں چاہوں گا شبِ غم مختصر ہو جائے گی | 10 | // | 492 |
| 41 | محبت کی نگاہوں کو نظر میں لا نہیں سکتی | 9 | // | 492 |
| 42 | بیکسوں کی صفِ ماتم پہ ہے رقصاں کوئی | 21 | // | 493 |
| 43 | عجب کیا عیش کی غفلت میں سارا دن گزر جائے | 7 | // | 494 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعداد اشعار | مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 44 | کیوں اس کو چھیڑتے ہو شبِ غم کے نام سے | 13 | // | 494 |
| 45 | زندگی غم میں گزرتی ہے رواداری سے | 11 | // | 495 |
| 46 | انساں سے لاکھ دور ہوں انساں سے کام ہے | 10 | // | 495 |
| 47 | شب ہے تمام صبح کا تارا نظر میں ہے | 8 | // | 496 |
| 48 | مرتے مرتے اہلِ دل کیا سختیاں دیکھا کیے | 14 | // | 496 |
| 49 | اے تنگ نظر عشق کے جذبوں کو جگا لے | 9 | // | 497 |
| 50 | رہتے ہیں دور مرحلۂ غم سے آدمی | 9 | غیر مطبوعہ | 498 |
| 51 | دل ہم سے نہ سنبھلا دل ہی تو ہے | 6 | // | 498 |
| 52 | یہ خودداری ہے یا بیگانگی ہے رنگِ محفل سے | 11 | // | 499 |
| 53 | صلوٰۃ وصوم سے آئینِ عاشقی نہ بنا | 7 | // | 499 |
| 54 | ملی ہے موت بھی قسمت سے شاہکار مجھے | 15 | // | 499 |
| 55 | زیست کی حد ہے جہاں تک ہمّتِ مردانہ ہے | 8 | // | 500 |
| 56 | خاک کے جو بنے عزم و عمل سے شہدا کے | 11 | // | 501 |
| 57 | مجھے بھی دل پہ میرے اختیار ہے کہ نہیں | 4 | // | 501 |
| 58 | موت لائے زندگانی لے گئے | 6 | // | 501 |
| 59 | میرے نفس نفس میں اشارہ سفر کا ہے | 11 | // | 502 |
| 60 | کیا خبر تھی زندگی کا مزہ جا بدلیں گے ہم | 6 | // | 502 |
| 61 | کچھ عقل نے بگاڑا کچھ عشق نے سنوارا | 9 | // | 502 |
| 62 | نازِ تسبیح و مصلا اور ہے | 8 | // | 503 |
| 63 | مرا آغوشِ نظر یاد آیا | 8 | // | 503 |
| 64 | فضائے عشق میں لایا گیا ہوں | 5 | // | 504 |
| 65 | خداوندیاں ہیں ستم رانیاں ہیں | 7 | // | 504 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعداد شعر | غیر مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 66 | میں نے دیکھا ہے شباب آتا ہوا | 7 | // | 504 |
| 67 | بچ کے جو طوفانِ غم سے تر گئے | 5 | // | 505 |
| 68 | دنیا جسے ملتی ہے محبت نہیں ملتی | 8 | // | 505 |
| 69 | پھر غم و درد کی دھوپ ڈھلنے لگی | 9 | // | 505 |
| 70 | جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ کر | 7 | // | 506 |
| 71 | اللہ اللہ اہل دل کی دسترس | 9 | // | 506 |
| 72 | سنا سب کچھ جو سننا تھا کہا سب کچھ جو کہنا تھا | 5 | // | 506 |
| 73 | سکونِ دل کی لذت چاہتا ہوں | 6 | // | 507 |
| 74 | بلا ہے محبت ہماری تمھاری | 7 | // | 507 |
| 75 | کوئی ڈوبے کوئی ابھر آئے | 7 | // | 507 |
| 76 | میرے مزاج درد کو رسوا نہ کیجئے | 7 | // | 508 |
| 77 | کیا اپنا سانس لینا آہیں سی بھر رہے ہیں | 6 | // | 508 |
| 78 | فکر و دانش آزما کر کیا کروں | 8 | // | 508 |
| 79 | کچھ ایسی وضع کے دل ایسے غم بھی ہوتے ہیں | 7 | // | 509 |
| 80 | کیسی خموشی کیسے اشارے | 8 | // | 509 |
| 81 | خوش رہے خاک چھاننے والا | 7 | // | 509 |
| 82 | پوچھے کیا ہو جلالت اُس حریم ناز کی | 11 | // | 510 |
| 83 | دنیا سے گزرتا ہے گزرنا نہیں آتا | 6 | // | 510 |
| 84 | کسے غرض تھی جو ہو کی فضا میں جا ملتا | 6 | // | 511 |
| 85 | جی رہے ہیں سہل و ممکن کے لئے | 6 | // | 511 |
| 86 | مجھے بھی دل پہ مرے اختیار ہے کہ نہیں | 7 | // | 511 |
| 87 | تعمیر آدمیت ترکیب رنگ و بو ہے | 8 | // | 512 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعدادِ شعر | غیر مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 88 | ستم کو مذہب و ملت کا آسرا نہ رہے | 6 | // | 512 |
| 89 | حال پر بار ہا زوال آئے | 10 | // | 512 |
| 90 | یہ بھی ہے کوئی زندگی کیا یہی کائنات ہے | 6 | // | 513 |
| 91 | اے درپے سیاست آگاہ و راز ہو جا | 6 | // | 513 |
| 92 | زندہ دلوں نے بارہا بحرِ فنا سے دی نجات | 11 | // | 513 |
| 93 | بادۂ تلخ کام کیا کرتا | 7 | // | 514 |
| 94 | جلوے ترے نظر میں سموئے ہوئے سے ہیں | 7 | // | 514 |
| 95 | حقیقتوں کی کسی وقت بھی کمی نہ رہی | 13 | // | 515 |
| 96 | قفس میں جو ہمیں تو بین عُمِ نظر آئی | 14 | // | 515 |
| 97 | بیٹھے ہو کب سے منہ کو موڑے | 7 | // | 516 |
| 98 | اسی کے دم قدم سے ہے یہ شانِ رہبری اپنی | 7 | // | 516 |
| 99 | بہت بڑھ چلی زندگانی ہماری | 7 | // | 517 |
| 100 | نہ جسے نظر نے دیکھا نہ جسے خرد نے جانا | 10 | // | 517 |
| 101 | کہوں گا کچھ نہ قلبِ ناتواں کی | 9 | // | 517 |
| 102 | زمیں بوئے خوں سے مہکتی رہی | 10 | // | 518 |
| 103 | زخمِ دل زخمِ زباں سب سہہ گئے | 7 | // | 518 |
| 104 | خوب بیٹھے ہیں ہم سمجھے ہوئے | 8 | // | 519 |
| 105 | گھر میں خزاں کا دور چمن میں بہار ہے | 9 | // | 519 |
| 106 | وقت کی پرستش کیا آدمی کا مذہب کیا | 12 | // | 519 |
| 107 | تبسم ہو کہ آنسو چشمِ تر میں | 8 | // | 520 |
| 108 | زورِ سخن سے اک جہاں روز نیا بنا دیا | 7 | // | 520 |
| 109 | عشق تھا حُسن کارساز ان کا | 9 | // | 521 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



| شمار | مطلع | تعداد اشعار | غیر مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 110 | راہِ وفا کے راہی کچھ ہم سفر بنا لے | 14 | // | 521 |
| 111 | بُرے بھلے میں کوئی خاک امتیاز کرے | 15 | // | 522 |
| 112 | کیوں اے فضائے درد کہیں دل نہیں رہا | 12 | // | 523 |
| 113 | موت کی آغوش میں بھی زیست کا دم خم رہے | 15 | // | 523 |
| 114 | بے حسوں کو درد کی منزل میں لا سکتا ہوں میں | 8 | // | 524 |
| 115 | غریبوں کی جسارت پر وہ منہ حیرت سے تکتے ہیں | 10 | // | 524 |
| 116 | نہ گدائی مجھے دے اور نہ سلطانی دے | 6 | // | 525 |
| 117 | شکستہ ہوش نہیں ہوں شکست پاؤں کیا | 10 | // | 525 |
| 118 | عشق کو حُسن بنانے کو چلے | 7 | // | 525 |
| 119 | ان کی آنکھوں میں کھٹکتی ہے یہ دولت میری | 9 | // | 526 |
| 120 | درد ہے خیال ان کا زندگی ہے خواب ان کا | 5 | // | 526 |
| 121 | میرے ہونٹوں پر تبسم میرے دل میں ہائے ہے | 6 | // | 527 |
| 122 | حریم ناز کا پردہ اُٹھا کے چھوڑ دیا | 5 | // | 527 |
| 123 | ان کو دیکھا بے خودی سی ہو گئی | 6 | // | 527 |
| 124 | کہاں ہے محبت کو کیا ہو گیا | 10 | // | 527 |
| 125 | دردِ دل حاصل نظر پایا | 5 | // | 528 |
| 126 | ہم دکھائیں گے جو سُن آئے ہو افسانوں میں | 10 | // | 528 |
| 127 | وہ دور چلے گا تا بہ کجا مے جس کی سبیل عام نہیں | 11 | // | 529 |
| 128 | محبت کی وہ آہٹ پا نہ جائے | 9 | // | 529 |
| 129 | اب اتنی تو ہمت کیے جایئے | 5 | // | 530 |
| 130 | ترے نام کو رہگزر دے رہا ہوں | 9 | // | 530 |
| 131 | کائناتِ غم کو خاطر میں کہاں لاتا ہوں میں | 16 | // | 530 |



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعداد اشعار | غیر مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 132 | لب پہ کس کس کا نام آتا ہے | 16 | // | 531 |
| 133 | کیا سکوں دے گی نئے دور کی روداد مجھے | 15 | // | 532 |
| 134 | اعلان غربت کا اب اردو زباں سے ہے | 19 | // | 532 |
| 135 | ہونا لفظوں میں ادا عشق کا وہ جوش نہ تھا | 10 | // | 533 |
| 136 | وہ بھی تھا وقت کہ محفل میں تری بار نہ تھا | 11 | // | 534 |
| 137 | عشق حسنِ فطرت ہے دل جو یوں پگھلتا ہے | 6 | // | 534 |
| 138 | مرنے والا مرتے مرتے سختیاں دیکھا کیا | 14 | // | 535 |
| 139 | یہیں آئے دن رہیں گے جو فسادِ باغباں سے | 13 | // | 535 |
| 140 | رنگ کچھ سے کچھ ہوا نیرنگ عالم دیکھ کر | 8 | // | 536 |
| 141 | لائی غفلت مجھے دنیا کی ہوا کھانے کو | 7 | // | 536 |
| 142 | روتے نہ کٹے اور تڑپتے نہ بسر ہو | 10 | // | 537 |
| 143 | وہ حسن سے بے تابو اک عشق میں دیوانہ | 15 | // | 537 |
| 144 | جس کو سو آسانیاں تھیں وہ بھی کچھ مشکل میں ہے | 10 | // | 538 |
| 145 | ان کا سکوں تباہ کیے جا رہا ہوں | 4 | // | 538 |
| 146 | وہ جلوہ گر نہیں تو نگاہوں میں کیا رہے | 8 | // | 539 |
| 147 | شراب و شعر و نغمہ کے اثر کی یاد آتی ہے | 10 | // | 539 |
| 148 | بہت ہیں یوں تو پروانے حرم کی شمع سے پوچھو | 6 | // | 539 |
| 149 | درِ ساقی کھلے اک سجدۂ مستانہ ہو جائے | 9 | // | 540 |
| 150 | حسن ہے ان کا ایک قیامت کیا کہیے | 3 | // | 540 |
| 151 | امرِ حق میں خاموشی حوصلہ کی پستی ہے | 4 | // | 540 |
| 152 | میرا وہ غم رہا نہ وہ ان کی خوشی رہی | 9 | // | 541 |
| 153 | کون خدا خدا کرے وقت کا مقتضا نہیں | 9 | // | 541 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعداد اشعر | غیر مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 154 | اُس نظر کی چوکھٹ کھا کر رہ گئے | 11 | // | 541 |
| 155 | دشمنی سہی لیکن دوست بن کے مارا ہے | 13 | // | 542 |
| 156 | مسافر ہوں مگر کیا زندگانی پر حکمرانی ہے | 8 | // | 543 |
| 157 | امیدِ صبح کیوں دِل حسرت اثر نہیں | 15 | // | 543 |
| 158 | تجھ میں ہو اگر جرأت رندانہ اٹھا لے | 13 | // | 544 |
| 159 | نگاہیں میرے پہچانے مرادِ دِنہاں سمجھے | 15 | // | 544 |
| 160 | کہنے کو حقیقت کی تلخی پتھر سا کلیجا کون کرے | 14 | // | 545 |
| 161 | طلب کرتا ہے سجدہ ان کا آئینِ خودی مجھ سے | 7 | // | 546 |
| 162 | دل وفا کا مزار کیوں نہ رہے | 7 | // | 547 |
| 163 | راہ پر لا نہ سکی گردشِ ایام مجھے | 12 | // | 547 |
| 164 | دن گزرتا ہے شب آتی ہے سحر ہوتی ہے | 9 | // | 547 |
| 165 | نہ اب اہلِ دل ہیں نہ اب درد والے | 10 | // | 548 |
| 166 | موت سو بار آئے خاطر میں نہ لانا چاہیے | 15 | // | 548 |
| 167 | ظالم مری نظر میں محبت کا زہر ہے | 5 | // | 549 |
| 168 | شباب نام ہے غفلت کی نیند آنے کا | 9 | // | 549 |
| 169 | بھری دنیا پہ جب ڈالی نگاہ آخری میں نے | 13 | // | 550 |
| 170 | اسے کیا ہو دماغِ خاکساری | 8 | // | 550 |
| 171 | کعبہ و دیر سے پیام آئے | 6 | // | 551 |
| 172 | کہہ چکے سب کہہ کے اب کیا کیجئے | 7 | // | 551 |
| 173 | محبت میں محبت کے تقاضے بھول جاتے ہیں | 8 | // | 551 |
| 174 | میرے دل میں جو دل تمھارا ہو | 11 | // | 552 |
| 175 | محبت کم نگاہوں کو نظر میں لا نہیں سکتی | 16 | // | 552 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمار | مطلع | تعدادِ شعر | غیر مطبوعہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| 176 | نور ہے کہ ظلمت ہے عشق کی بلا جانے | 12 | // | 553 |
| 177 | ہر ایک دوست کو دشمن کو میں پکار آیا | 11 | // | 554 |
| 178 | عفت قلب کے سوا کچھ بھی نہ تھا گناہِ عشق | 8 | // | 554 |
| 179 | مرے شعر نشتر نشاں اور بھی ہیں | 7 | // | 555 |
| 180 | اٹھوں گا زندۂ جاوید ہو کر بزمِ امکاں سے | 12 | // | 555 |
| 181 | جنھیں تم نے خلاف وقت سمجھا بے محل جانا | 7 | // | 555 |
| 182 | مسکرا ہمیں سیکھیں قہر کی نگاہوں سے | 10 | // | 556 |
| 183 | زحمت کریں نہ میرے لئے جلوہ گاہ سے | 13 | // | 556 |
| 184 | روئے فرزانگی سیاہ کریں | 7 | // | 557 |
| 185 | ختم دم بھر میں کارِ ہستی ہے | 7 | // | 557 |
| 186 | رازِ ہستی ہے مبتلا ہونا | 6 | // | 558 |
| 187 | اس کی دنیا کو برا کہتا ہے کیا کیا کوئی | 17 | // | 558 |
| 188 | دل میں رکھ مال جو دل خواہ نہیں | 7 | // | 559 |
| 189 | مسافر ہوں مگر کیا زندگی پر حکمرانی ہے | 8 | // | 559 |
| 190 | کسے غرض تھی جو ہوکی فضا میں جاملتا | 7 | // | 559 |
| 191 | اسی کے دم قدم سے ہے یہ شانِ رہبری اپنی | 7 | // | 560 |
| 192 | دیکھوں تو راہِ غم میں کوئی ہم رکاب ہے | 13 | // | 560 |
| 193 | فریضۂ غم الفت نہ کیوں ادا کرتے | 17 | // | 561 |
| 194 | تدبیر اگر فاتحِ تقدیر نہیں ہے | 17 | // | 561 |
| 195 | جیسے میں الٹے قدموں رستہ سے پھر چلوں گا | 9 | // | 562 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منتخب اشعارِ غزلیات

(268)

بہت میکش جہاں دو گھونٹ میں آپے سے باہر تھے
کسے معلوم ہے ہم نے وہاں آنکھوں سے پی کب تک

---

آج اردوے معلیٰ کی اشاعت کے لیے
یہ غنیمت ہے کہ نجم نکتہ داں باقی رہا

---

یہ بھی اک حادثہ اردو کی محبت کا ہے نجم
کنجِ عزلت سے جو باہر نکل آیا ہوں میں

---

زبان شاعرِ کامل پہ ہو اگر اے نجم
مری نظر میں تعلّی کوئی گناہ نہیں

---

غالب کی طرح معترفِ میرؔ ہوں میں نجم
فیضِ سخن سے جس کے غزل معتبر ہوئی

---

ہر بندۂ اللہ کو اپنا سا نہ سمجھو
ایسے بھی ہیں بیٹھے ہیں جو کونین سنبھالے

---

میں فکرِ خیر میں ہوں وہ شر کر چکا بہت
دشمن بچے گا اب نہ مرے انتقام سے

---

مصیبت پر مری خوش ہونے والے بھی ہیں دنیا میں
بُرا کیا ہے مراغم دشمنوں کے کام آتا ہے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

جو کہنا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی
کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

---

کیا پوچھتے ہو دیدۂ پُرنم کی منزلت
بنتے ہیں انجم دیدۂ پُر نم سے آدمی

---

دنیا سے لگا تھا دل تو بہت
اٹھنا ہی پڑا محفل ہی تو ہے

---

انھیں بھی انجم دیکھا ناصیہ سا میرؔ کے در پر
جو اپنے زعم میں آ گے ہیں کچھ غالبؔ کی منزل سے

---

میں اپنے زعمِ بلندی میں مٹ گیا لیکن
کبھی نشانہ احساسِ کمتری نہ بنا
ہر ایک در پہ نہ جا انجم داد کی خاطر
کمال شعر و سخن کو گدا گری نہ بنا

---

میں خود ہوں مطمئن اے انجم ادب کی خدمت سے
جگہ نہ دے کہیں تاریخِ روزگار مجھے

---

یہ کسی نے بھی نہ دیکھا آگ پروانہ میں تھی
یہ زمانہ دیکھتا ہے آگ میں پروانہ ہے
پرسشِ احوال پر جز شکر کچھ کہتے نہیں
بوریے پر بھی مزاج اہل دل شاہانہ ہے

---

باطن میں مرا دوست ہے ظاہر میں ہے دشمن
کہہ دے جو مرے عیب مرے سامنے آ کے

---

ہزاروں قہقہوں میں گم نہ ہو جائے صدا میری
اکیلا کیا کروں انسانیت پر نوحہ گر ہو کر
نظر آئے ہمیشہ عیب اوروں کے ہنر اپنے
نگاہوں نے دغا دی عارفِ عیب و ہنر ہو کر
ہنرمندوں کا آپس میں حسد اے انجم کیا معنی
ہنر سے دشمنی رکھتے ہیں یہ اہلِ ہنر ہو کر

---

رندوں میں اور بڑھ گیا رحمت کا اعتبار
واعظ ترے بیانِ عذاب خدا کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اک مشت خاک ہی سہی نسبت تو دیکھیے    کونین میں مقامِ بشر ہے خدا کے بعد
کوشش تو نجم دولتِ دنیا نے کی بہت    بھولے سے بھی نعم نہ کہا میں نے لا کے بعد

---

خود ساختہ ملا کے پیرایۂ حکمت نے    پروردۂ صحت کو بیمار بنا ڈالا
مذہب کے مسائل میں ڈالے ہیں وہ الجھاوے    آسان شریعت کو دشوار بنا ڈالا

---

شریکِ حال تھی عہدِ خزاں میں خود داری    زباں پر بھی نہ افسانۂ بہار آیا

---

تمھارے ذوقِ تکلم کا یہ تقاضا ہے    تمھاری بزم میں ہر شخص بے زباں ہوتا
بُرا کہا مجھے دشمن نے خیریت گزری    زبانِ دوست کا اک حرف بھی گراں ہوتا

---

ملا جو عیب کہیں ہم نے چشم پوشی کی    ہنر جہاں نظر آیا بصد نظر دیکھا
مجھے انیسؔ کی عظمت پہ رحم آیا نجمؔ    وہ رنگ چہرہ یومِ انیسؔ پر دیکھا

---

کوئی تدبیر کیجیے میں نہیں تقدیر کا قائل    مری حالت پہ لفظوں میں ترس کھانے سے کیا ہوگا

---

عشق ایثار کا وہ نقطۂ آخر ہے جہاں    زندگی میں ہے فراقِ تن و جاں ہو جانا

---

رحم کے قابل ہے اس کا عالمِ بے چارگی    کہہ دیا جس نے بہت کچھ اور سوچا کچھ نہ تھا
فطرتِ انساں پہ جب تک عشق تھا پرتو فگن    جوہرِ انسانیت کو نجم خطرہ کچھ نہ تھا

---

غرورِ ظلم لرز جائے جس سے ٹکرا کے    سکون و صبر کا وہ کوہسار پیدا کر

---

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کس کو ہے خبر مرحلے طے کتنے کیے ہیں  اک قطرۂ ناچیز نے تعمیر گہر تک

---

کوئی حسینؑ کا ایثار تجمؔ کیا سمجھے  کسے ہے وسعتِ مفہومِ کربلا معلوم

---

فلسفہ منطق سیاست موعظہ حکمت حدیث  علم و فن کی ہر بلندی پر نظر آئی غزل
حمد و نعت و منقبت نوحہ قصیدہ مرثیہ  کتنے عالم اپنے دامن میں اٹھا لائی غزل
میرؔ و غالبؔ کی غزل ہے تجمؔ و ثاقبؔ کی غزل  تجھ سے ارضِ تاج نے کی بزم آرائی غزل

---

رحمت نے گنہ گاروں کو خود حشر میں ڈھونڈا  واعظ نے مجھے مار ہی ڈالا تھا ڈرا کے

---

شمع و پتنگ غنچہ و گل محفلِ نشاط  اے بزمِ عیش کھیل یہ سب رات بھر کا ہے
میرے سوا کسی کو نہیں میری معرفت  چرچا جگہ جگہ مرے عیب و ہنر کا ہے

---

نبضِ ہستی پر ہے صدیوں سے ہماری انگلیاں  جب مرض میں ہوگی تبدیلی دوا بدلیں گے ہم
یہ خیالِ خام ہے کس کم نظر کج فہم کا  مسندِ شاہی سے اپنا بوریا بدلیں گے ہم

---

بدلا ہے تجمؔ کیا معیارِ شعر فہمی  جب سطحِ شاعری سے نغمے نے سر ابھارا

---

مسخ ہوتے ہیں ارادے بارہا  کوئی شاید کار فرما اور ہے

---

سفر تھا کون سا ایسا جو بے جھجک نہ ہوا  رہے گا پوری طرح کامیاب شک نہ ہوا
بہت بڑا مجھے کرنا ہے اک سفر اے دوست  اسی کے واسطے سامان آج تک نہ ہوا

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آج کچھ اور ہیں تیور مرے دردِ دل کے — عرض کرنا ہے تو کر آج کچھ ارشاد نہ کر
عزمِ محکم ہو تو گر گر کے سنبھلتا ہے بشر — راہِ تدبیر میں اندیشۂ افتاد نہ کر
ایک دن ایک گھڑی ایک نفس کی مہلت — غمِ دنیا سے جو مل جائے تو برباد نہ کر

---

درِ زنداں سے بھی دنیا کو سبق دیتے ہیں — فکر آزاد ہے جس کی وہ گرفتار ہیں ہم
دوش پر ہم نے اٹھا رکھا ہے کونین کا بار — کون کہتا ہے زمانے کے لیے بار ہیں ہم
نہ محبت کے نہ دولت کے طلب گار ہیں ہم — کم سے کم عزتِ انساں کے تو حقدار ہیں ہم
ہر فضا میں ہمیں رہنا ہے نمایاں ہوکر — آج سردار نہیں ہیں تو سرِ دار ہیں ہم
ہم نے دنیا سے بگاڑی ہے بہت حق کے لیے — حرفِ حق ہے جو بغاوت تو گناہ گار ہیں ہم

---

ہستی کوئی ایسی بھی ہے انساں کے سوا اور — مذہب کا خدا اور ہے مطلب کا خدا اور
منبر سے بہت فصل ہے میدانِ عمل کا — تقریر کے مرد اور ہیں مردانِ وغا اور
یہ دور جو اے انجم ہے اردو کا مخالف — اس دور میں اردو کی ہوئی نشو و نما اور

---

ستم شعاروں کے ہاتھوں ہزاروں ظلم سہے — خیال میں بھی نہ احساس انتقام آیا
فرشتے رہ گئے خاموش فرطِ حیرت سے — وہ راہِ عشق میں انساں کا مقام آیا

---

مارا ہے کس کے داؤں سے دنیا سے کیا کہوں — میں دوست سے قریب تھا دشمن سے دور تھا

---

خبر کیا خانہ بربادوں کی تم کو — خدائی ہے خداوندی ہے گھر میں
شبِ غم رنگ لائی جاتے جاتے — لگا دی آگ دامانِ سحر میں
اجل آنے سے پہلے کچھ نہ سمجھے — بہت کچھ تھا حیاتِ مختصر میں

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کب تک رہیں گے آخر شام و سحر کے شکوے　　تو جیسے چاہتا ہے شام و سحر بنا لے
ہر عیب سے ہے مشکل دامن بچا کے چلنا　　جس عیب کی ہوس ہو اس کو ہنر بنا لے
پھر دو جہاں بھی تیرے کون و مکاں بھی تیرے　　اپنی نظر کو بالکل اپنی نظر بنا لے

بُرے بھلے میں کوئی خاک امتیاز کرے　　وہ پیرہن ہوں جو یوسف کو کھو کے ناز کرے
نہ اقتدارِ دو روزہ پہ کوئی ناز کرے　　کسے خبر ہے وہ کل کس کو سرفراز کرے
جو سوچتا ہوں وہ دنیا سے کہہ نہیں سکتا　　خدا کسی کو نہ یوں مبتلائے راز کرے
سکونِ دل سے تمنا ہے ایک سجدہ کی　　خدا نصیب اگر فرصتِ نماز کرے

مانگی ہے ان سے موت نہ مانگی تھی زندگی　　دامن کبھی یہ دامنِ سائل نہیں رہا
میں نے لیا ہے قوتِ بازو سے اپنا حق　　شرمندہ نوازشِ باطل نہیں رہا

تیزگامی پر نہ جا اے رہنمائے کارواں　　ایسے کتنے کارواں آگے بڑھے اور تھم رہے
نقش آب و گل کی ایسی خودسری اچھی نہیں　　سرکشِ نافہم گردن میں ذرا سا خم رہے

میں یہ کہتا ہوں کہ محفل میرے ساتھ اٹھ جائے گی　　یہ نہ کہیے تجھ کو محفل سے اٹھا سکتا ہوں میں
مجھ کو واعظ رشکِ مسجد کی امامت پر ہو کیا؟　　جب نمازِ عشق مقتل میں پڑھا سکتا ہوں میں
غم کی یہ تاریک راتیں اور تسلی کا پیام　　شمع کی زحمت نہ کیجے دل جلا سکتا ہوں میں

نظر والو حقیر و ناتواں ہم ہیں مگر ایسے　　کہ آج اتنی بڑی دنیا کی نظروں میں کھٹکتے ہیں
فرشتے گرد بھی ان منزلوں کی پا نہیں سکتے　　جہاں ہم خاکسارانِ ازل دامن جھٹکتے ہیں
سراپا جرم ہو کر بھی میں بندہ ہوں وہ خالق ہے　　کہیں اس طرح کے مضبوط رشتے ٹوٹ سکتے ہیں
کریں کیا بندگانِ وقت حق کہتے جھجکتے ہیں　　گلے میں لفظ اظہارِ حقیقت کے اٹکتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں فکرِ خیر میں ہوں وہ شر کر چکا بہت      دشمن بچے گا اب نہ میرے انتقام سے

---

جن کی ہشیاری کے دنیا میں نشاں تھے بہت      وہ بھی مارے گئے خود اپنی ہی ہشیاری سے
بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل      ایک ذرہ نہیں محفوظ ادا کاری سے

---

تابوت و شامیانہ و قبر و چراغ و گل      اللہ آج بھی سر و ساماں سے کام ہے

---

ہر بندۂ اللہ کو اپنا سا نہ سمجھو      ایسے بھی ہیں بیٹھے ہیں جو کونین سنبھالے

---

یہ کسی نے بھی نہ دیکھا آگ پروانے میں تھی      یہ زمانہ دیکھتا تھا آگ میں پروانہ ہے
ساری دنیا اک فریبِ جلوۂ جانانہ ہے      یہ حرم ہے دور سے نزدیک سے بت خانہ ہے
کچھ ہوا دے دیں اگر بیرونِ در کی کوشش      گھر جلانے کے لئے حاضر چراغِ خانہ ہے

---

اندازۂ محفل تو مجھے دور سے بھی تھا      کچھ اور بھرم کھول دیا پاس بٹھا کے
باطن میں مرا دوست ہے ظاہر میں ہے دشمن      کھولے جو مرے عیب مرے سامنے آ کے

---

شمع و پتنگ غنچہ و گل نغمۂ نشاط      اے بزمِ عیش کھیل یہ سب رات بھر کا ہے

---

یہ خیالِ خام ہے کس کم نظر کج فہم کا      مسندِ شاہی سے اپنا بوریا بدلیں گے ہم

---

میں حریمِ ناز میں در آ گیا      پردۂ کونین سرکاتا ہوا
تجھ کیا روکے گی یہ دنیا مجھے      میں نکل جاؤں گا ٹھکراتا ہوا

---

مری نظروں میں کتنے حادثے آئے تبسم کے      بچھائی اور سمیٹی چاند نے جب چاندنی اپنی

Presented by: Rana Jabir Abbas

زہے قسمت اسی کے ہاتھ سے مارے گئے آخر ۔۔۔ چھپا رکھی تھی جس نے دو ستی میں دشمنی اپنی

---

نہ جسے نظر نے دیکھا نہ جسے خرد نے جانا ۔۔۔ یہ جلال و جبر دیکھو اسے مان لے زمانہ
مجھے اس روش سے دنیا کی بڑا سکوں ملا ہے ۔۔۔ مرے غم کو غم نہ سمجھا مرے دل کو دل نہ جانا
میں گزر کو کر رہا ہوں ابھی درگزر سے لیکن ۔۔۔ مرا ہاتھ ہوگا کاری جو پڑے گا ہاتھ اٹھانا

---

زباں دانِ محبت ہی نہیں تم ۔۔۔ تمھیں کیا قدر ہو اُردو زباں کی

---

ہر اک کی لغزشیں دیکھیں ہر اک کو ٹوک دیا ۔۔۔ مری نگاہ تھی اور مجھ کو دیکھتی نہ رہی
صلہ کچھ اس کے سوا نجم کو نہیں منظور ۔۔۔ اگر ذریعۂ عزت یہ شاعری نہ رہی

---

ہر اک زبان پہ چرچا ہے سرفروشوں کا ۔۔۔ اجل کے سائے میں کیا زندگی نکھر آئی
کچھ ایسے خاک نشیں اہلِ دل بھی گزرے ہیں ۔۔۔ اجل بھی آئی سرہانے تو پوچھ کر آئی
یہ دور وہ ہے کہیں سے جواب تک نہ ملا ۔۔۔ ہر ایک در پہ محبت سلام کر آئی

---

زندہ دلوں نے بارہا بحرِ فنا سے دی نجات ۔۔۔ یہ نہ سنبھالتے اگر ڈوب گئی تھی کائنات

---

یقین ہے کہ ستارے جگہ سے ہٹ جائے ۔۔۔ قدم جو ہم بھی اٹھاتے تو راستہ ملتا
حیات و علم و نشاط و صلا و دانش و مرگ ۔۔۔ بشر کو اور لباسِ بشر میں کیا ملتا

---

ایسے ایسے بھی ہیں مردِ اعتبار ۔۔۔ کھودیا ظاہر کو باطن کے لئے
نجم دنیا میں بہت سے کام ہیں ۔۔۔ آدمی درکار ہے جن کے لئے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں شبِ غم کے طلاطم میں اکیلا ہوں مگر　　آس ہے اک جانی پہچانی ہوئی آواز کی

---

رحمت کا اعتبار بھی جاتا ہے ہاتھ سے　　اب کرچکے گناہ تو پروا نہ کیجئے
مفہومِ زندگی ہے محبت کا ایک دن　　دو دن کی زندگی پہ بھروسہ نہ کیجئے

---

آسانیوں کے دور کا حاصل نہ پوچھئے　　سب کچھ ہے صرف حوصلۂ دل نہیں رہا

---

میرے لہو سے میرا چمن لالہ زار ہے　　کیا اس سے بڑھ کے اور دلیلِ بہار ہے
ہم اعتبارِ وقت کی حد سے گزر چکے　　اب وہ ہیں ان کا وقت ہے اور اعتبار ہے
میں فرشِ میکدہ پہ بھی ہوں مثلِ بوئے گل　　واعظ غریب مسند و منبر پہ بار ہے
کچھ کرلیا اُسی نے جو یہ سوچ کر اٹھا　　میری ہے جیت سارے زمانے کی ہار ہے

---

تم خود ہی دیکھ لوگے غمِ زندگی میں ہم　　ڈوبے ہوئے سے ہیں کہ ڈبوئے ہوئے سے ہیں

---

حقیقتوں کی کسی وقت بھی کمی نہ رہی　　قصورِ فکر و نظر ہے جو تشنگی نہ رہی
پڑا رہا ہے عداوت پہ عمر بھر پردا　　مگر نگاہِ محبت کبھی چھپی نہ رہی
کہاں وہ عہدِ گزشتہ کی دوستی اے دوست　　وہ دشمنی کی شرافت وہ دوستی نہ رہی

---

دانۂ گندم سے ہیں محروم آج　　پھانکتے تھے کل جو موتی کوٹ کر

---

دنیا بنا کے لے گا کیا دورِ زندگی میں　　میں دل بنا رہا ہوں تو دل میں گھر بنا لے
کچھ آسماں سے بھی ہے اونچا میرا تخیل　　تو زیرِ آسماں کچھ دیوار و در بنا لے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ نازِ حُسن مری عاشقی کے دم سے تھے     تمھارے دل میں ہوں بولو زباں پہ آؤں کیا

---

نام تو ساتھ نہ جائے گا خدا حافظ ہے     ایک رہ جائے گی دنیا میں امانت میری

---

شوق کی آگ رُکے گی نہ دبے گی اے دوست     اُڑ کے پہنچے گی یہ پروانوں سے پروانوں میں
مدفنوں پر جو شہیدانِ محبت کے ملے     مسجدوں میں ہے وہ رونق نہ صنم خانوں میں

---

پہلو میں برائے نام ہے دل اب درد کا دل میں نہیں     مومن ہیں مگر ایمان نہیں مسلم ہیں مگر اسلام نہیں

---

کہیں خود بھی بدلتا ہے زمانہ     زبردستی اگر بدلا نہ جائے
وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں     جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے

---

اب اتنی تو ہمت کیے جائیے     اجل آئے تک ہی جیے جائیے

---

مرزا سوز دل دیکھ لے گا زمانہ     گرجتے برستے شرر دے رہا ہوں

---

دل کی وسعت اور ہے محفل کی وسعت اور ہے     ظلم ہوتا ہے کسی پر یاد آجاتا ہوں میں
کوئی خوش خوش جب نظر آتا ہے قید و بند میں     دیکھ کر خود اپنی آزادی کو شرماتا ہوں میں
میری پستی پر نظر کر اپنی ہستی دیکھ کر     اے خدائے آب و گل انسان کہلاتا ہوں میں

---

سخت جانی سے ہے میری اسی دنیا کو گلہ     اسی دنیا نے کیا موم سے فولاد مجھے
عرض کرتے ہوئے گزرا ہے زمانہ بے سود     دی ہے احساس نے اب ہمّتِ ارشاد مجھے
اپنی ہمت کے مطابق ہے ہر انسان کی فکر     کوئی ناشاد سمجھتا ہے کوئی شاد مجھے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اعلانِ غربت کا اب اردو زباں سے ہے      پوچھے تو کوئی یہ لب و لہجہ کہاں سے ہے
طفلی میں بے خرد تھا جوانی میں بے حواس      میں کیا کہوں گناہ کی منزل کہاں سے ہے
ایک وجہِ تسکیں ہے طاعت و اطاعت کیا      حق ادا نہیں ہوتا حوصلہ نکلتا ہے

---

سختیاں کرتی گئیں نزدیک مقصد سے مجھے      مشکلوں میں دن بہ دن آسانیاں دیکھا کیا

---

میں جہانِ غم میں رہ کر ہوں الگ غمِ جہاں سے      نہ شریک کارواں ہوں نہ جدا ہوں کارواں سے
انہیں آج سانس لینا بھی ہوا قفس میں مشکل      جو ہوا میں پھر رہے تھے کبھی سیرِ آشیاں سے

---

بجھ چلا تھا دل مرا زادِ سفر کم دیکھ کر      کیا تسلی ہوگئی سرمایۂ غم دیکھ کر

---

اک شعلۂ فانی پر مٹ جائے گا پروانہ      انجام سے غافل ہے آغاز کا دیوانہ
ترتیبِ عناصر میں فرق آ ہی گیا اک دن      آخر میں قفس رہتا کب تک مرا کاشانہ

---

اور بھی کوئی مذہب ہے سوا محبت کے      میرا یہی مذہب پوچھے ہو مذہب کیا

---

مجھ سے اٹھ سکتا نہیں احسانِ اربابِ کرم      پھول بھی پھینکے جو کوئی آگ ہو جاتا ہوں میں

---

نشیمن میرا رہنے دو چمن میں آنچ اگر آئی      نشیمن ہی پہ آئے گی چمن پر آ نہیں سکتی
خوشی ہو یا ہو غم اک ٹھیس ہے دل کی لطافت پر      سمجھ میں ہر کس و ناکس کے یہ بات آ نہیں سکتی
ہمیشہ دل دکھائے گا خدا کی راہ میں واعظ      یہ رندوں کو بُرا کہنے کی عادت جا نہیں سکتی

---

جیسے وہ یاد فرمائیں کہیں رکتا ہے روکے سے      زمانہ دیکھتا رہتا ہے بندھن ٹوٹ جاتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہماری سمت جب اُٹھتی ہے تنقیدی نظر کوئی ہم اپنا عیب ان کا تذکرہ کر کے چھپاتے ہیں

---

ہم تو ہندوستان والے ہیں کاش ہندوستاں ہمارا ہو

---

جو کہنا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

---

بے نیازی اس قدر کس کام کی بھولے بھٹکے حال پوچھا کیجئے

---

سحر آتی ہے جب نزدیک تارے جھلملاتے ہیں یہ ظالم آخر لمحوں پہ اپنے مسکراتے ہیں

---

خودی ہے بیخودی ہے بندگی ہے کفر ہے کیا ہے دوا بھی چھوڑ دی میں نے دعا بھی چھوڑ دی میں نے
کوئی آساں نہ تھا اظہارِ درد و مدعا کرنا بڑی مشکل سے کی الفاظ کی صورت گری میں نے

---

قلق ہے اشکِ ندامت میں ڈوب جانے کا ملا نہ خون میں اپنے مزا نہانے کا
نیاز عشق کہا اور نمازِ خوف کہا ادائے فرض میں ہے فرض سر جھکانے کا
بہت بلند ہے ہستی مری مگر اے نجم میں ایک ذرہ ہوں ناسخ کے آستانے کا

---

خاک کے پتلوں پر ہنستی ہے زمیں آسماں تک سر اٹھا کر رہ گئے

---

کیا ستم ہے آدمی راضی ہو اس تقدیر پر دولتِ دنیا زیادہ آدمیت کم رہے
ہم نے دیکھے ہیں یہ منظر زندگی کی دوڑ میں جو زیادہ سے زیادہ تھے وہ کم سے کم رہے

---

آج تک تو جیتا ہوں اپنے ہی سہارے پر چاہتے ہیں یہ کہہ دوں آپ کا سہارا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی دن آسماں کو ہم بنا لیں گے زمیں اپنی     زمیں ان کو مبارک جو زمیں کو آسماں سمجھے

---

غم ہے بہت اے دوست خوشی کم ہے جہاں میں     جو کچھ بھی تری ہمتِ مردانہ اٹھا لے

---

آمد و شد ہر نفس کی دے رہی ہے یہ پیام     حق کو آنا چاہیے باطل کو جانا چاہیے

---

عمر بھر پرورش فکر و نظر ہوتی ہے     زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے

---

وطن میں ہیں جیسے کوئی بے وطن ہو     کسی پر خدا یہ مصیبت نہ ڈالے

---

در زنداں سے بھی دنیا کو سبق دیتے ہیں     فکر آزاد ہے جس کی وہ گرفتار ہیں ہم
ہر فضا میں ہمیں رہنا ہے نمایاں ہو کر     آج سردار نہیں تو سرِ دار ہیں ہم
ہم نے دنیا سے بگاڑی ہے بہت حق کے لئے     حرفِ حق ہے جو بغاوت تو گنہگار ہیں ہم

---

یہ گت بنا کے جاؤں میں کیا اُس کے سامنے     تخلیقِ کائنات پر جس کو غرور تھا
خدا کو میں نے بہ فیضانِ عشق مان لیا     خرد زدوں کو دلائل میں سر کھپانا تھا

---

ہزاروں قہقہوں میں گم نہ ہو جائے صدا میری     اکیلا کیا کروں انسانیت پر نوحہ گر ہو کر
دیا کرتا ہے انساں اپنے دل کو بھی فریب ایسا     خبر سب کچھ ہے اور بیٹھے ہوئے ہو بے خبر ہو کر
نظر آئے ہمیشہ عیب اوروں کے ہنر اپنے     نگاہوں نے دغا دی عارفِ عیب و ہنر ہو کر
ہنرمندوں کا آپس میں حسد اے نجم کیا معنی     ہنر سے دشمنی رکھتے ہیں یہ اہلِ ہنر ہو کر

---

اک مشتِ خاک ہی سہی نسبت تو دیکھئے     کونین میں مقام بشر ہے خدا کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمھارے ذوقِ تکلّم کا یہ تقاضا ہے — تمھاری بزم میں ہر شخص بے زباں ہوتا
بُرا کہا مجھے دشمن نے خیریت گزری — زبانِ دوست کا اک حرف بھی گراں ہوتا

---

رحم کے قابل ہے اس عالمِ بے چارگی — کہہ دیا جس نے بہت کچھ اور سوچا کچھ نہ تھا

---

اس بھری دنیا میں اک انساں نظر آتا نہیں — زعم کتنا بڑھ گیا انسان کہلانے کے بعد

---

گلہ ہو شکر ہو تقریر ہو کہ شعر نجم — یہ طول ٹھیک نہیں اختصار پیدا کر

---

کس کو خبر مرحلے طے کتنے کیے ہیں — اک قطرۂ ناچیز نے تعمیرِ گہر تک

---

کیوں اضافہ کرکے اٹھو نجم بزمِ شعر سے — وقت کا مصرف کہیں تحصیلِ حاصل میں نہ ہو

---

خدا محفوظ رکھے خود پرستی خود نمائی سے — ان آئینوں میں جو منہ دیکھ لے ہو جائے دیوانہ

---

زمیں جب پاؤں سے نکلی تو ہم باز آگئے سر سے — کہ ایسے وقتِ پیری میں دوش پر بار گراں کیوں ہو

---

بہت ممنون ہوں احباب کی چشمِ عنایت کا — مری کمزوریاں دیکھیں نظر اپنی طرف کم کی
لہو کے گھونٹ پی کر بھی کہیں سیری نہیں ہوتی — بجھاتی ہے کسی کی تشنگی اک بوند شبنم کی
اٹھا کر دہر سے رسمِ محبت اہلِ دنیا نے — اضافہ علم و حکمت میں کیا انسانیت کم کی
عجب کیا شرک کا الزام آئے میرے سجدے پر — محبت دل میں ہے اے نجم اک انسانِ اعظم کی

---

جبر کا شکنجہ تھا میری ناتواں گردن — موت نے چھڑایا ہے زندگی کی باہوں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرش پر ہے تخت ان کا عرش پر دماغ اپنا — کیا فقیر رہتے ہیں دب کے بادشاہوں سے
کیا ہوگا فیصلہ مری ذوقِ نگاہ کا — دنیا کو دیکھتے ہیں سب اپنی نگاہ سے

---

زندگی بھر اِدھر اُدھر دیکھا — آج اپنی طرف نگاہ کریں
آدمی سے ہو کیوں نظر نیچی — اپنے اللہ کا گناہ کریں
دشمنی میرا کیا بگاڑے گی — دوست بن کر مجھے تباہ کریں

---

ناز بے جا نہ کر بلندی پر — ہر بلندی کی اصل پستی ہے
کتنی مہنگی ملے دریغ نہ کر — پھر بھی عزت کی موت سستی ہے
اپنے اپنے بنا لیے ہیں خدا — ہر پرستش میں خود پرستی ہے

---

حیات و علم و نشاط و ملال و دانش و مرگ — بشر کو اور لباسِ بشر میں کیا ملتا

---

زہے قسمت اُسی کے ہاتھ سے مارے گئے آخر — چھپا رکھی تھی جس نے دوستی میں دشمنی اپنی

---

میں عشق کے تصدق انسان بن گیا ہوں — زیرِ قدم فرشتے آنکھیں بچھا رہے ہیں

---

ظاہر ہے ایک باب نہاں ایک باب ہے — یہ کائناتِ دہر ادھوری کتاب ہے
اپنی خرابیوں پہ کسی نے نظر نہ کی — ایک ایک کہہ رہا ہے زمانہ خراب ہے

---

نہ کس طرح تری رحمت کا آسرا کرتے — اگر گناہ نہ کرتے تو اور کیا کرتے
زہے جلال کے شاہوں کو دستِ قدرت نے — کیا لحاظ نہ ہم صورتِ گدا کرتے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم یہ نشانی ہے اہلِ دل کی دنیا میں
ہم کو خاص نسبت ہے غم کی بارگاہوں سے

---

میرزا نجم سے نہ کچھ کہنا
چاہے جو کچھ یہ کج کلاہ کریں

---

راس آئے جناب نجم تمھیں
سالکِ جادۂ وفا ہونا

---

اشکوں کی روحیں نجمی دل کا لہو بہا کر
غم کی نوازشوں کو رنگیں بنا رہے ہیں

---

میں غالبؔ و ناسخؔ کا ہم آواز ہوں اے نجم
بے بہرہ ہے جو معتقد میرؔ نہیں ہے

---

سہارا نجم جس کو ہم نہ دیں وہ زور و طاقت کیا
وہ مجلس کیا ہے جس مجلس میں رہ جائے کمی اپنی

---

میں نجم خود ہی سراپا نیاز ہوں ورنہ
مرے کمال کی چوکھٹ پہ سر جھکا کرتے

---

نجم بہتر ہے تصنع کی دل آویزی سے
تلخ لہجے میں حقیقت کا بیاں ہو جانا

---

کوئی حسین کا ایثار نجم کیا سمجھے
کسے ہے وسعتِ مفہوم کربلا معلوم

---

نجم فطرت سے مری ولولۂ شعر و ادب
میرے ایک ایک نفس میں ہے غزل خواں کوئی

---

بدلا ہے نجم کیسا معیارِ شعر فہمی
جب سطحِ شاعری سے نغمہ نے سر ابھارا

---

نازِ تسبیح و مصلا اور ہے
زیرِ خنجر ہو جو سجدا اور ہے

سہارا نجم جس کو ہم نہ دیں وہ زور و طاقت کیا
وہ مجلس کیا ہے جس مجلس میں رہ جائے کمی اپنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہماری فکر کا اندازہ دیکھ کر اے تجمل
فلک سے کیا یہ غزل کی زمیں اُتر آئی

محتاج شرح جو ہو وہ تجمل شاعری کیا
ہر شعر پر یہ قدغن دنیائے راز ہوجا

اے تجمل کتنے اہلِ سخن نے
میرے سخن کے چربے اتارے

مرے منہ سے جھڑتے رہے پھول تجمل
زباں شاخِ گل سی لچکتی رہی

تجمل کتنے ہوں گے عرفی کی طرح
نشتر و لا و نعم سمجھے ہوئے

کیا ڈھونڈتی ہے تجمل نگاہِ سخن شناس
ہم اپنے کیف شعر میں کھوئے ہوئے سے ہیں

تجمل خدا سے آج تک راست معاملات نہیں
بندۂ در اسی کا ہوں جس نے مجھے جگا دیا

تجمل ہر شعر میں ترنم ہے
آج شاعری ہے نے نواز ان کا

یوں تو سو بہانے ہیں تجمل کچھ نہ کرنے کے
قصد ہے تو کر ڈالو آج کل اور اب تب کیا

کسی کو تجمل خوشی ہو تمھارے غم سے اگر
دعا کرو کہ خدا عمرِ غم دراز کرے

آپ دو آنسو بھی اپنے تجمل پی سکتے نہیں
پینے والا ڈگڈگا کر زہر بھی پی جائے ہے

کبھی تجمل طوفاں اٹھانا بھی ہے
کہاں تک یہ آنسو پیے جایئے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم مغرب کی فضا بھی کانپ جاتی ہے کبھی
گوشۂ مشرق سے وہ پیغام پہنچاتا ہوں میں

نجم تقدیر کی گردش سے میں دبنے کا نہیں
پست ہمت نہ کرے وقت کی افتاد مجھے

تخلیق کائنات کا عنوان دیکھنا
اے نجم ابتدائے محبت کہاں سے ہے

زادۂ ایراں ہے تو پروردۂ ہندوستاں
یہ دو عالم مانتے ہیں تیری یکتائی غزل
نجم میرے ہم وطن ہیں غالبؔ و میرؔ و نظیرؔ
کیوں نہ کرتی میرے در پر ناصیہ سائی غزل

نجم صاحب کو راستہ دینا
مذہبِ عشق کے امام آئے

میرے لیے آرام کہاں
مسجد کا امام ہوں نہ منبر کا خطیب

بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل
ایک ذرہ نہیں محفوظ اداکاری سے

وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں
جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے

عیش کیا سخت سزا دیتا ہے
مقصدِ زیست بھلا دیتا ہے

عمر بھر پرورشِ فکر و نظر ہوتی ہے
زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے

نجم کے سخن میں اب درد ہے قیامت کا
پہلے لعل اُگاتا تھا خون اب اُگلتا ہے

یہ تو نجم آپ کی ہی ہے وہ دوام شعر کوئی
مرے دل پہ چوٹ لگتی ہے صلائے نکتہ داں سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غزل کو میں نے متانت کی آبرو بخشی
غزل کے چہرے پہ ہے میرے التفات کا نور
کیے ہیں شمعِ غزل سے وہ داغِ دل روشن
بنا ہے جن کی تجلی میں مُلک کا دستور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب چہارم

# غزلیات


| | | |
|---|---|---|
| 1. | غزل کو میں نے متانت کی آبرو بخشی | ڈاکٹر سیّد تقی عابدی |
| 2. | آسمانِ شعر و ادب کے مجم | جناب اختر انصاری اکبر آبادی |
| 3. | مجم آفندی کی غزل گوئی | ڈاکٹر سید نواز حسن زیدی |
| 4. | مجم آفندی کی غزلیں | محترمہ ثمین فاطمہ |
| 5. | منتخب اشعار غزلیات | (268) عدد |
| 6. | فہرست غزلیات | (195) عدد |
| 7. | مطبوعہ غزلیات | 1 الیٰ 49 (49) غزلیات |
| 8. | غیر مطبوعہ غزلیات | 50 الیٰ 195 (146) غزلیات |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سید تقی عابدی

# ”غزل کو میں نے متانت کی آبرو بخشی“

(نجم)

”لہو قطرہ قطرہ“ نجم آفندی کی پچاس غزلوں کا پہلا مجموعہ ہے جو موصوف کے انتقال کے چار سال بعد پرنٹک محل، ناظم آباد کراچی سے شائع ہوا۔ اس مجموعہ کے پبلشرز سید محمد شاکر نے بہت صحیح لکھا ہے کہ ”جہاں تک غزل اور عشقیہ نظموں کا تعلق ہے۔ اس میں بھی آپ کو جو کمال حاصل تھا وہ بھی احاطۂ تحریر میں نہیں لایا جا سکتا۔ اس کے معترف وہی لوگ ہیں جنھوں نے آپ کو ہند و پاک کے مشاعروں میں سنا۔ آپ کے عشقیہ مضامین میں بھی اپنے اندر وہی چاشنی ہے جو ایک حساس دل ہی کا خاصہ ہے۔ آپ کی شاعری میں اگر میرؔ کا نشتر ہے، سوداؔ کی شوخیاں ہیں، انیسؔ جیسی روانی ہے تو غالبؔ کی گہرائی بھی اور انداز بیان نہایت ہی سادہ اور معنویت لئے ہوئے ہے۔“

آنکھوں نے جان ڈال کے دل رکھ دیا تھا نام
دل کیا تھا میرے ذوق نظر کا شعور تھا

اگر چہ یہ مجموعہ نجم کے انتقال کے بعد منظر عام پر آیا لیکن خود مرحوم کی تحریر سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ کوشش ان کی زندگی میں شروع ہو چکی تھی۔ لکھتے ہیں۔ ”احباب کے مسلسل اصرار کے باعث اکثر مشاعروں میں بھی شرکت کرنی پڑی اور غزلیں کہنا پڑیں مگر اس کا کوئی مجموعہ اب تک شائع نہیں ہوا۔ اس صنف کا یہ پہلا مجموعہ ہے۔“

ڈاکٹر ثمین فاطمہ غزلوں کے مجموعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتی ہیں: ”غزل اپنے ارتقائی منازل میں صرف اپنے موضوعات کا مظہر ہیں۔ یہ سوچا بھی نہ جا سکتا تھا کہ غزل کو کسی اور قالب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ڈھالا جاسکتا ہے۔ مرزا غالب نے غزل کے لئے کسی قدر الگ راہ متعین کی تھی لیکن علامہ اقبال نے غزل کو ایک نہایت ترقی یافتہ صنفِ شاعری کی حیثیت عطا کی۔ انھوں نے موضوعات کے تنوع حقائق کی رنگارنگی کو غزل میں سموکر یہ بات ثابت کردی کہ غزل فلسفۂ خودی، فلسفۂ عشق وحسن، مضامین تصوف اور تمام تر مسائلِ حیات کی ترجمانی کرسکتی ہے۔ چنانچہ اگر یہ کہا جائے کہ غزل غالب اقبال اور فانی کے بعد صرف نجم صاحب کے سہارے ہی سے صدیوں زندہ رہے گی تو بے جا نہ ہوگا۔ نجم صاحب کی غزلیں ان اقدار کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہیں جن سے اقبال نے غزل کو آشنا کیا، اس نہج کا آئینہ دار ہیں جس کو انقلابیوں نے پسند کیا۔ ان مسائل کو سموئے ہوئے ہے جو "ادب برائے زندگی" کا خاصہ ہیں۔ ان کی غزلوں میں اختصار ہے۔ خیال کی گہرائیاں ہیں۔ فکر کی بلندیاں ہیں۔ ان کے کلام میں اعتماد اور یقین ہے۔" شاید اسی لئے نجم نے کہا تھا:

غمِ حیات کا حاصل تلاش کرتا ہوں — تبسم سرِ منزل تلاش کرتا ہوں
وہ بزم جس میں کچھ اہلِ دماغ بیٹھے ہوں — میں سادگی سے وہاں دل تلاش کرتا ہوں

اردو کی زندہ ترین روایت جو قدیم ترین بھی ہے، اُردو غزل ہے۔ اُردو غزل نے کئی صدیوں میں عروج و زوال کے منظر دیکھے نشیب و فراز کے مقامات دیکھے۔ کیوں کہ سخت جان ہونے کے ساتھ جان جاناں تھی اس لئے کبھی بے جان نہ ہوئی بلکہ زندہ رہی اور زندہ دلوں کی ہی نہیں بلکہ افسردہ اور قنوطیوں کے دل کی دھڑکن بھی بنی رہی۔ غزل کی تاریخ اور داستان لمبی ہے، جس کو ہم صرف نظر کرتے ہوئے اُس عدالت کی کچہری میں آتے ہیں جس میں سرسید احمد خان کی سرپرستی میں مشہور غزل کو شاعر غالب کے شاگرد حالی نے غزل پر مقدمہ دائر کردیا جس کی تفصیل مقدمہ شعر و شاعری میں ثبت ہے۔ اردو غزل کو نخل طعن اور تعریض کا نشانہ بنایا اور اسے عفونت میں سنڈاس سے بدتر بتایا اور فوراً اس میں ترمیم اور تبدیلی پر زور دیا۔ اگر چہ اس استغاثہ کا کوئی خاص اثر اس دور کے حالی کے ہم عصر عظیم شعراء داغ، اکبر، امیر، مجروح اور تسلیم وغیرہ پر نہیں پڑا، جنھوں نے اسے نالۂ مرغ چمن غرب سمجھ کر توجہ نہ کی لیکن اقبال، حسرت، فانی، شاد، اور نجم نے اس کا خاص اثر لیا؛ بخصوص علامہ اقبال نے اس کو اپنی غزل کا جوہر قرار دیا۔ اقبال کی اولین غزلیں داغ کی پیروی میں نظر آتی ہیں جس میں عشق و جذبات کو زبان اور بیان کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چٹخارے سے خوش ذائقہ بنانے کی کوشش نظر آتی ہے۔ اقبآل کے ذیل اشعار اسی لذت کام دہن سے بھرے ہوئے ہیں۔

بھری بزم میں اپنے عاشق کو تاڑا تری آنکھ مستی میں ہشیار کیا تھی

---

اقبال، لکھنؤ سے نہ دلّی سے ہے غرض ہم تو اسیر ہیں خمِ زلفِ کمال کے

لیکن بہت جلد ہی اقبآل کا رنگ بدل گیا یہاں تک کہ جن غزلوں کو وہ مستحسن سمجھ رہے تھے۔ اپنے کلام بانگِ درا میں جگہ بھی نہ دی اب اقبآل حقیقت منتظر کو لباس مجاز میں دیکھنے کے لئے بے تاب تھے۔

کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبینِ نیاز میں

اقبآل کے تینوں اردو مجموعوں میں غزلوں کی تعداد 93 ہے جس میں اغلب اشعار پختہ مضامین سے لبریز ہیں۔ یہاں لہجہ نیا ہے جس کے لئے اقبآل کو نئی زبان وضع کرنی پڑی، ایسی زبان جو غزل کی زبان سے جدا تھی۔ اگرچہ غالب غزل میں نئے لہجہ کا کامیاب تجربہ کر چکے تھے لیکن اقبآل کے لئے یہ نیا چیلنج تھا اور وہ اس میں کامیاب رہے۔

باغ بہشت سے مجھے حکم سفر دیا تھا کیوں؟
کارِ جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر

کب تلک طور پہ دریوزہ گری مثل کلیم اپنی ہستی سے عیاں شعلۂ سینائی کر

---

نالہ ہے بلبلِ شوریدہ ترا خام ابھی اپنے سینے میں اسے اور ذرا تھام ابھی

---

اگر کج رو ہیں انجم، آسماں تیرا ہے یا میرا مجھے فکرِ جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہے یا میرا

غزل کے زندان میں اقبآل نے نئے دریچے کھولے لیکن جو لوگ تاریکیوں کے دور کے پالے ہوئے تھے وہ روشنی سے گھبرانے لگے۔ چاروں طرف سے دبے لفظوں میں بغاوت کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تحریریں رسالوں کے سادہ اوراق کو سیاہ کرنے لگیں۔ فانی، یگانہ، سیماب، حسرت مجروح وغیرہ نے اسے شاعری ماننے سے انکار کر دیا۔ میر انیس کے نواسے پیارے صاحب رشید، اقبال کی غزل۔ ان کے لہجہ اور زبان میں سن کر منہ تکنے لگے کہ یہ کون سی زبان ہے جو غزل میں لگائی گئی ہے۔ اس دور میں نجم آفندی جو اٹھارہ برس کے سن میں عشقیہ مضمون سے بھری وہی لچک دار زبان کی غزل

چاندنی میں تم ذرا گھر سے نکل کر دیکھتے
قبر عاشق اور اک میلی سی چادر دیکھتے

مشاعرہ میں سنا کر داد و تحسین حاصل کر رہے تھے۔ وہی نجم بہت جلد اس راستہ پر گامزن ہو گئے جس پر اقبال نے فکر و خیال کے بلند قامت شجر سایہ دار لگائے تھے اور اپنی شناخت کے نقوش بھی چھوڑے تھے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ نجم کے ان اشعار پر اقبال کے کلام کی چھاپ نہیں۔

سبک خرامیِ برق و شرر پیدا کر — جو رہگزار نہ ہو رہگزار پیدا کر
لہو کا جوش دکھا لالہ زار پیدا کر — خزاں کا چیر کے سینہ بہار پیدا کر

---

کب تک رہیں گے آخر شام و سحر کے شکوے — تو جسے چاہتا ہے شام و سحر بنا لے
پھر دو جہاں بھی تیرے کون و مکاں بھی تیرے — اپنی نظر کو بالکل اپنی نظر بنا لے

---

فرشتے گرد بھی ان منزلوں کی پا نہیں سکتے — جہاں ہم خاکسارانِ ازل دامن جھٹکتے ہیں

---

مجھ کو واعظ رشکِ مسجد کی امامت پر ہو گیا — جب نمازِ عشق مقتل میں پڑھا سکتا ہوں میں

---

کچھ آسماں سے بھی ہے اونچا میرا تخیل — تو زیر آسماں کچھ دیوار و در بنا لے

---

فرشتے رہ گئے خاموش فرطِ حیرت سے — وہ راہِ عشق میں انسان کا مقام آیا

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی دن نجم کہنا ہے خدا ے بندہ پرور سے ترِی زلفِ کرم سے لی ہے تاب سرکشی میں نے

یہ کہاوت کہ ہر مشہور شاعر بڑا نہیں اور ہر بڑا شاعر مشہور نہیں ہوتا، بڑی حد تک صحیح ہے۔

اردو ادب کے تحقیقی مسائل خود اس لئے تحقیق طلب ہیں کہ فنِ تحقیق عظیم مشکلات سے دو چار ہے۔ تحقیق کی روش اور سطحی تجزیہ اور پھر اس پر یقین کامل محقق کو حق اور حقیقت تک پہنچنے میں مانع ہوتا ہے جس کی مثال خود نجم آفندی کے کلام سے لاعلمی ہے۔ ''کلاسیکی اردو شاعری کی تنقید'' مطبوعہ ۱۹۹۱ء کے مولف جناب طارق سعید نے غزل کے ارتقا کے عنوان پر مختلف شاعروں کے دور کے غزل گو شعرا کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ اقبالؔ اور فراقؔ کے ادوار کے تقریباً دو سو غزل گو شاعروں کے نام فہرست میں شامل کیے ہیں جن میں بعض شعرا مجہول اور معمولی درجے کے ہیں اور اس طویل فہرست میں نجم آفندی مرحوم کا نام ونشان بھی نہیں، جب کہ نجم آفندی کی غزلوں کا مجموعہ ''لہو قطرہ قطرہ'' ۱۹۷۹ء میں منظر عام پر آچکا تھا اور نجم آفندی ہندوستان اور پاکستان میں اپنی غزلیں سنا کر مشاعرے لوٹ چکے تھے۔ آل انڈیا ریڈیو کا منعقدہ یادگاری مشاعرہ جو ۱۹۵۵ء میں لاکھوں افراد نے سنا اور جس کی پوری روداد رسالہ آجکل میں شائع ہوئی، اسے بھی نجم آفندی ہی نے اپنی غزلیں سنا کر لوٹ لیا تھا۔ یہ کوئی چھپی بات نہیں کہ نجم آفندی، فانی بدایونی اور جاتسی کے ساتھ نظام دکن کے فرزند معظم جاہ شجیع کے دربار میں بیس سال تک غزل کی نوک پلک سنوارتے رہے اور پرنس شجیع کے استاد بھی رہے۔ خود جاتسی نے اپنی کتاب دربارِ دُربار میں تفصیل سے حالات درج کیے ہیں کہ پرنس شجیع صرف نجم اور فانی کو اپنا استاد تسلیم کرتے تھے اور ان کی بڑی قدر کرتے تھے۔ اگر چہ ''لہو قطرہ قطرہ'' میں صرف پچاس غزلیں تھیں اور اب اس ''کائنات نجم'' میں ایک سو پچانوے سے زیادہ غزلیں موجود ہیں جو اس بات کی گواہ ہیں کہ نجم کا شمار اردو کے عالی ترین غزل گو شعرا میں ہوتا ہے، اگر چہ زمانہ لاکھ بے اعتنائی کرے، حقیقت سے انکار ممکن نہیں۔

ڈاکٹر ریاض فاطمہ تشہیر نے اپنی کتاب ''علامہ نجم آفندی کی شخصیت اور فن'' میں بہت سچ کہا ہے کہ ''نجم جیسے شاعر نے جب غزل کے کوچہ میں قدم رکھا تو غزل کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ تبلیغی اور اصلاحی موضوعات میں ایسے گوشے نکالے کہ ان کی روش اختیار کر کے شاعروں کا ایک کاروان بن گیا۔ ان کا مفکرانہ انداز غزل کے سانچے میں ڈھل کے ابدی صداقت بن جاتا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے۔ ایک ایسی صداقت جس میں نئی دنیا تعمیر کرنے کا حوصلہ ملتا ہے۔ نجم نے زندگی کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ انھیں سامراجی شکست و ریخت کا بخوبی اندازہ تھا۔ قدم قدم پر انھیں انسانیت کی پامالی کے منظر بھی بے چین کر دیتے تھے اس لیے ان کے کلام میں ادب و اخلاق، قربانی اور انسان دوستی کا ذکر اکثر جگہ ملتا ہے۔ ان کے اشعار میں درد و غم کی کسک ہے لیکن فانی کی سی قنوطیت نہیں۔ اردو غزل کی تاریخ نے نجم کے ساتھ انصاف نہیں کیا، شاید اس کا سبب یہ رہا کہ رثائی شاعری ان کی ذات سے اس طرح وابستہ اور پیوستہ ہوگئی کہ نجم کے معنی نوحہ و سلام سمجھا جاتا تھا۔

رسالہ ''نگار'' ۱۹۶۵ء جدید شاعری نمبر میں پروفیسر رشید احمد صدیقی نے اقبال کی غزل گوئی پر ریویو کرتے ہوئے لکھا ہے: ''اقبال کی غزلوں میں وہ باتیں نہیں ملتیں جو اردو غزل میں بہت مقبول تھیں، مثلاً رشک و رقابت، فراق و وصال، جسم و جمال کا ذکر، صنائع و بدائع اور زبان کی نمائش جن کے بغیر غزل، غزل نہیں سمجھی جاتی تھی اور جن کو ہمارے بیشتر شعرا اپنا اور اپنے کلام کا بڑا امتیاز سمجھتے تھے۔ اقبال نے اپنی غزلوں میں عام غزل گو شعرا کی طرح نہ زبان رکھی، نہ موضوع، نہ لہجہ، بلکہ ایسی زبان، موضوع اور لہجہ اختیار کیا جن کا غزل سے کوئی ایسا رشتہ نہ تھا، اس کے باوجود ان کی غزلوں میں تنوع و تاثیر، شیرینی اور شائستگی، نزاکت و نغمگی کے علاوہ جو اچھی غزل کے لوازم ہیں وہ دلبری اور قاہری ملتی ہے۔ اقبال کی غزلوں کے سامنے ہم بے ادب یا بے تکلف ہونے کی جرأت نہیں کرسکتے۔''

ان نکات کا ذکر میں نے اس لیے کیا کہ نجم آفندی کی غزلوں پر اس عبارت کا حرف حرف منطبق ہوتا ہے۔ ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ پروفیسر رشید صدیقی نے یہ ریویو اقبال کے کلام پر نہیں بلکہ نجم کی غزلوں پر کیا ہے۔ نجم کی غزلوں کا شمار بیسویں صدی کی ان پاکیزہ غزلوں میں ہوتا ہے جس سے فردوس کی خوشبو آتی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ ان غزلوں کو کوثر و تسنیم کے پاکیزہ پانی سے دھوکر صفحۂ قرطاس پر نازل کیا گیا ہے۔ نجم کی غزلوں میں انسان سازی، اقدار عالیہ، کردار سازی، عزت نفس، مساوات، برادری اور اخوت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اشعار میں گیرائی کے ساتھ ساتھ فکر و تخیل کی گہرائی موجود ہے۔ نجم حسن بیان سے زیادہ حسن عمل کو اہمیت دیتے ہیں، چنانچہ ان کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کلام میں واعظ، زاہد، مولوی اور قومی سربراہ اس لیے معتوب ہیں کہ وہ حسن عمل سے خالی ہیں۔

دل میں کر حسنِ عمل سے روشنی اس اندھیرے کا اُجالا اور ہے

---

انھیں پھیلے ہوئے ہاتھوں کو سرگرم عمل کر دو اندھیرے میں خط تقدیر پڑھوانے سے کیا ہوگا

یہ بھی حسن اتفاق ہے کہ بیسویں صدی کے معروف غزل کو شاعر مولانا حسرتؔ موہانی اور تجمل آفندی میں بہت سی قدریں مشترک ہیں، اگر چہ مولانا حسرتؔ موہانی، تجمل آفندی سے عمر میں بڑے تھے۔ حسرتؔ موہانی کی طرح تجمل بھی ایک عاشق مزاج شاعر، ایک دل سوز رہنما، ایک مسلمان جو نماز اور روزہ کا پابند اور ایک حق آگاہ شخصیت تھے۔ تجمل، حسرتؔ کی طرح بیک وقت پکے مسلمان کے ساتھ سوشلسٹ بھی تھے۔ وہ حسرتؔ کی طرح کانگریس سے بھی وابستہ تھے اور بڑے صاحب کردار و ملنسار شخص تھے۔ جس طرح علامہ سید سلیمان ندوی نے حسرتؔ کو بیسویں صدی کا ابو ذر غفاری کہا ہے اس لقب کے تجمل بھی حق دار نظر آتے ہیں۔

تجمل آفندی نے حسرتؔ کی طرح حکومت برطانیہ اور انگریزوں کے خلاف مہم چلائی۔ جیسا کہ اپنی خودنوشت میں لکھتے ہیں کہ جب کسی ہندو لڑکے سے جھگڑا ہوا اور سکول کے ہیڈ ماسٹر رام چندر نے کہا کہ تم دونوں مل کر تیسرے کو کیوں نہیں مارتے، اس جملہ کا اثر بارود کے ڈھیر میں چنگاری سا ہوا اور پھر ساری عمر، انگریزوں کے ظلم و جور کے خلاف احتجاج کرنے میں صرف کر دی۔ چنانچہ انہی دنوں ایک خفیہ انجمن بھی بنائی تھی جو انگریزوں کے خلاف بغاوتی منصوبے تیار کرتی تھی۔ یہی نہیں بلکہ حسرتؔ کی طرح تجمل بھی کھدر پوش تھے اور اس کھدر پوشی سے بدظن ہوکر جب تجمل کے انگریز عہدہ دار نے ان کا تبادلہ دہلی سے کسی معمولی دور دراز مقام پر کر دیا تو تجمل نے انگریز کی نوکری سے استعفیٰ پیش کر دیا۔

تجمل حسرتؔ کی طرح انگریز کو حاکم نہیں بلکہ غاصب سمجھتے تھے اور حسرتؔ کی طرح تجمل کو بھی جیل کی مصیبتیں اٹھانی پڑیں۔ صرف فرق اتنا تھا کہ حسرتؔ کو بامشقت قید ہوئی اور تجمل کو بغیر مشقت کے۔ تجمل کی جیل میں لکھی نظموں، رباعیوں اور قطعات کے مجموعہ کو ''شاعر اہل بیت جیل میں'' عنوان سے ۱۹۳۸ء میں شائع بھی کیا گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسرتؔ موہانی نے جیل میں کہا تھا:

ہے مشقِ سخن جاری چکّی کی مشقت بھی
اک طُرفہ تماشا ہے حسرتؔ کی طبیعت بھی

تجم نے جیل سے آواز دی تھی:

دلِ شاعر تمنا بن گیا ہے سرفروشی کا
تمنا کس کو کہتے ہیں تمنا دیکھنے آؤ
سلاخوں ہی سے آ کر جھانک لو ہم درد مندوں کو
تماشا بن نہیں سکتے تماشا دیکھنے آؤ

حسرتؔ کی طرح تجم نے بھی غزل کے لہجہ میں غمِ روزگار اور سیاسی مطالب کو پیش کیا۔ ''شاعرِ اہلِ بیت جیل میں'' کتابچہ میں شامل دو غزلوں کے چند اشعار اس کامیاب روش کے گواہ ہیں۔

جنھیں تم نے خلافِ وقت سمجھا بے محل جانا — انھیں آہوں سے ممکن ہے ہوا کا رُخ بدل جانا
خدا کی شان اُن کو صلح کی کرنی پڑیں باتیں — بہت دشوار نکلا میرا باتوں میں بہل جانا
جنابِ تجم ہیں مسند نشیں کچھ دن سے زنداں میں — تقاضائے ادب ہے جانے والے سر کے بل جانا

---

ارادہ جب اٹل ہے انقلاب آنے سے کیا ہوگا — نہ بدلے گا یہ دل دنیا بدل جانے سے کیا ہوگا
بحمد اللہ محفل کی فضا میں نے بدل ڈالی — اٹھا دو اب مجھے اب میرے اٹھ جانے سے کیا ہوگا
نگاہِ خشم گیں دعوت نہ بن جائے تبسم کی — ہم ایسے منچلوں پر آگ برسانے سے کیا ہوگا

اِسے سہل انگاری نہ کہیں تو کیا کہیں کہ اس عظیم اردو ادب میں آج تک کوئی جامع کتاب سہلِ ممتنع پر موجود نہیں۔ مختلف کتابوں میں چند اشعار سہلِ ممتنع پر ملتے ہیں لیکن اس عظیم شعر پر جو آسان طرزِ بیان میں عمدہ مضمون کی عکاسی کرتا ہے۔ مطالب موجود نہیں۔ اردو کے دو بڑے شاعر غالبؔ اور انیسؔ کے درمیان اسی موضوع پر چشمک آرائی ہوئی۔ میر انیسؔ نے کہا تھا:

ہے سہلِ ممتنع وہ کلام ادق مرا
برسوں پڑھیں تو یاد نہ ہووے سبق مرا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس شعر کو غالبؔ نے مہمل کہا اور بتایا کہ سہل کا تضاد ادق ہے اور یہ ممکن نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس مسئلہ میں میر انیسؔ حق بجانب ہیں۔ سہل اور ادق عربی کے سہ حروفی لفظ ہیں۔ ادق کے معنی باریک اور دقیق بھی ہیں چنانچہ میر انیسؔ فرمارہے ہیں میرا وہ کلام جو باریک اور دقت طلب ہے، وہ میں نے سہل لفظوں میں یوں باندھا ہے کہ دوسرے اس کو باندھ نہیں سکتے۔ ہر بڑے شاعر کے کلام میں سہل ممتنع کے اشعار ملتے ہیں۔ نجمؔ کے کچھ شعر دیکھیے۔

نجمؔ کیا روکے گی یہ دنیا مجھے میں نکل جاؤں گا ٹھکراتا ہوا

---

اب اتنی تو ہمت کیے جایئے اجل آئے تک ہی جیے جایئے

---

خاک کے پتلوں پہ ہنستی ہے زمیں آسماں تک سر اٹھا کر رہ گئے

---

اپنے اپنے بنالیے ہیں خدا ہر پرستش میں خود پرستی ہے

---

فسخ ہوتے ہیں ارادے بارہا کوئی شاید کار فرما اور ہے
(حضرت علیؓ کے قول کی عکاسی ہے)

---

نجمؔ دنیا میں بہت سے کام ہیں آدمی درکار ہے جن کے لیے

---

رحمت کا اعتبار بھی جاتا ہے ہاتھ سے اب کرچکے گناہ تو پروا نہ کیجیے

---

نہ کس طرح تری رحمت کا آسرا کرتے اگر گناہ نہ کرتے تو اور کیا کرتے

---

وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دنیا سے لگا تھا دل تو بہت      اٹھنا ہی پڑا محفل ہی تو ہے

نجم آفندی نے کہا تھا: ع: دردِ دل کہہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں:

چنانچہ اس دردِ دل نے نجم سے خوبصورت غزلیں کہلوائیں جس میں اخلاق و کردار کی تعلیم، عزت نفس کی اہمیت، عظمت انسان، معاملات عشق، تصوف، غم جاناں کم اور غم دوراں زیادہ کی عکاسی ہے۔ ان مضامین کے ساتھ ساتھ مختلف اصنافِ سخن کے مطالب بھی اس میں رچے ہوئے ہیں۔ غزل کی ردیف میں نجم کے چند شعر دیکھیے:

فلسفہ، منطق، سیاست، موعظہ، حکمت حدیث      علم و فن کی ہر بلندی پر نظر آئی غزل
حمد و نعت و منقبت نوحہ قصیدہ، مرثیہ      کتنے عالم اپنے دامن میں اُٹھا لائی غزل
میرؔ و غالبؔ کی غزل نجمؔ اور ثاقبؔ کی غزل      تجھ سے ارض تاج نے کی بزم آرائی غزل
زاویۂ ایراں ہے تو پروردۂ ہندوستاں      یہ دو عالم مانتے ہیں تیری یکتائی غزل
نجمؔ میرے ہم وطن ہیں غالبؔ و میرؔ و نظیرؔ      کیوں نہ کرتی میرے در پہ ناصیہ سائی غزل

میر تقی میر عشق کے امام ہیں۔ اقبالؔ نے بھی عشق ہی کو سرمایۂ حیات کہا ہے اور عقل کو اس کے مقابل خام اور کمتر بتایا ہے:

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لبِ بام ابھی

نجم آفندی بھی عشق کے عاشق ہیں اور اسے زندگی جاوداں کا نسخہ بتاتے ہیں۔ یہ عشق بازاری اور کوٹھے کا عشق کا نہیں، یہ وہ چوما چاٹی کی چٹخارنہیں جس سے شعراء کے شعری صفحے بھرے پڑے ہیں بلکہ یہ پاکیزہ مضمون عشق کی قوت اور عشق کی عظمت کا نقیب ہے۔

میں عشق کے تصدق انسان بن گیا ہوں      زیرِ قدم فرشتے آنکھیں بچھا رہے ہیں

---

فطرت عشق جو دے ساتھ تو آسکتا ہے      ساری دنیا کے مقابل تنِ تنہا کوئی

---

طاقتیں مسلّم ہیں علم و عقل کی لیکن      عشق کو تعلق کیا ان پناہ گاہوں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عشق ایثار کا وہ نقطۂ آخر ہے جہاں زندگی میں ہے فراقِ تن و جاں ہو جانا

جہانِ عشق میں جس کو کبھی زوال نہ ہو کمالِ غم سے وہ نصف النہار پیدا کر

تجمل صاحب کو راستہ دینا مذہب عشق کے امام آئے

خدا کو میں نے یہ فیضانِ عشق مان لیا خرد زدوں کو دلائل میں سر کھپانا تھا

کہیں خود بھی بدلتا ہے زمانہ زبردستی اگر بدلا نہ جائے

اخلاق وکردار کے جو پانے والی قدر کو عزت نفس بھی کہتے ہیں۔ یہ خودداری قناعت توکل اور خودی کی خو رکھتی ہے۔ یہ غرور نہیں تکبر ونخوت نہیں، بلکہ ہر انسان کا حق ہے۔ شاہ وگدا، امیر و غریب، مزدور ومنعم، آقا اور غلام سب عزت نفس کے حق دار ہیں۔ یہ پیام بڑی شاعری میں نظر آتا ہے۔ تجمل جیسا شاعر ان اشعار میں اپنی خودی کا متعارف ہی نہیں، بلکہ دوسرے افراد کی عزتِ نفس کا طلب گار بھی ہے۔

نہ محبت کے نہ دولت کے طلب گار ہیں ہم کم سے کم عزتِ انساں کے تو حق دار ہیں ہم
ہر فضا میں ہمیں رہنا ہے نمایاں ہوکر آج سردار نہیں ہیں تو سرِ دار ہیں ہم
دوش پر ہم نے اٹھا رکھا ہے کونین کا بار کون کہتا ہے زمانے کے لئے بار ہیں ہم

اک مشت خاک ہی سہی نسبت تو دیکھئے کونین میں مقامِ بشر ہے خدا کے بعد

جو کہتا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

تجمل کیا روکے گی یہ دنیا مجھے میں نکل جاؤں گا ٹھکراتا ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جہاں تک عزتِ نفس اور شاعر کے جذبات سے مخلوط فخر و مباہات کا سوال ہے، وہاں تجمّل تعلّی میں منفرد ہیں۔ حسب، نسب، کسب، مذہب، وطن، قوم، زبان، اور فکر و خیال پر مطمئن ہی نہیں بلکہ مشکور بھی ہیں۔ طوالت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے تعلّی کے چند شعر یہاں درج ہیں:

تجمّل فطرت ہے مری ولولۂ شعر و ادب　　میرے ایک ایک نفس میں ہے غزل خواں کوئی

---

اے تجمّل کتنے اہلِ سخن نے　　میرے سخن کے چربے اُتارے

---

تجمّل مغرب کی فضا بھی کانپ جاتی ہے کبھی　　گوشۂ مشرق سے وہ پیغام پہنچاتا ہوں میں

---

بہت بلند ہے ہستی مری مگر اے تجمّل　　میں اک ذرّہ ہوں ناسخ کے آستانہ کا

---

پچپن برس کے ملکِ سخن پر تصرفات　　تیری ثنا گری ہے مرے گھر کی کائنات

---

زمینِ سخن آسماں بن گئی ہے　　وہ گردوں سے اے تجمّل تارے اُتارے

---

تجمّل کے سخن میں اب درد ہے قیامت کا　　پہلے لعل اُگاتا تھا خون اب اُگلتا ہے

---

تجمّل یہ خندہ جبینی ہر بلائے عشق پر　　کس تبسّم کا خزانہ مرے آب و گل میں ہے

---

سوتے سوتے جاگ اٹھی کیفیتِ شعر و سخن　　جس کسی محفل میں پہنچے تجمّل ہم ہی ہم رہے

---

کریں گے تجمّل کیا اردو کے دشمن قدرِ اردو کی　　جو پشتینی سپاہی ہو وہ لشکر کی زباں سمجھے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ججم خود ہی سراپا نیاز ہوں ورنہ مرے کمال کی چوکھٹ پہ سر جھکا کرتے

---

فضل خالق سے مرے افکار میں اشعار میں فلسفہ ہے ججم غالبؔ کا زبانِ میرؔ ہے

ججم کو اردو سے بڑی محبت ہے۔ اردو ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ چار پشتوں سے مدح محمدؐ و آل محمدؐ اسی زبان میں، اس خانوادے کا منصب رہی ہے۔ شاعری کے زیر و بم ججم کے استخوان بندی میں شامل ہیں۔ دل سے نکلے ہوئے اشعار اردو کے حق میں ملاحظہ کیجئے:

زبان شاعر کامل پہ ہو اگر اے ججم میری نظر میں تعلّی کوئی گناہ نہیں

---

آج اردوئے معلّیٰ کی اشاعت کے لئے یہ غنیمت ہے کہ ججم نکتہ داں باقی رہا

---

یہ بھی اک حادثہ اردو کی محبت کا ہے ججم کُنجِ عزلت سے جو باہر نکل آیا ہوں میں

---

میں خود ہوں مطمئن اے ججم ادب کی خدمت سے جگہ نہ دے کہیں تاریخِ روزگار مجھے

---

زباں دانِ محبت ہی نہیں تم تمھیں کیا قدر ہو اردو زباں کی

---

ہم نے منزلت دی ہے ججم نظم اردو کو ہر زمینِ شعر پر ہم نے آسماں اتارا ہے

---

میں پھیلاتا ہوں نور اے ججم اپنے کُنجِ عزلت سے زمینِ شعر میرے دم قدم سے آسمانی ہے

---

اردو میں ہے ججم مری نغمہ سرائی نغمہ عجمی اور نہ لہجہ عربی ہے

---

اعلان غربت کا اب اردو زباں سے ہے پوچھے تو کوئی یہ ادب یہ لہجہ کہاں سے ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اردو شاعری کا گھسا پٹا مضمون بے وفائی ہے۔تجمّل کے ہاں یہ مضمون غمِ جاناں سے زیادہ غمِ دوراں میں نظر آتا ہے۔تجمّل کی بلند شخصیت اور کمالِ فن کے حاسدوں نے ان کی زندگی دوبھر کردی تھی۔ خودداری اور قناعت،طبیعت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔چاپلوسی،خوشامد اور حکمراں نوازی سے نفرت تھی۔چنانچہ دشمن بہت آسانی کے ساتھ نقصان پہنچا دیتے تھے۔تجمّل آفندی اردو ادب کے شاید وہ تنہا شاعر ہیں جو بیس سال سے زیادہ دربار سے منسلک رہے،لیکن کبھی تعریف اور مدح نہ کی۔تجمّل کے پاس ایک شعر بھی کسی حکمراں کی شان میں نہیں ملے گا۔

مارا ہے کس کے داؤں نے دنیا سے کیا کہوں　　میں دوست سے قریب تھا دشمن سے دور تھا

---

کہاں وہ عہدِ گذشتہ کی دوستی اے دوست　　وہ دشمنی کی شرافت وہ دوستی نہ رہی

---

باطن میں مرا دوست ہے ظاہر میں ہے دشمن　　کہہ دے جو مرے عیب مرے سامنے آ کے

---

مصیبت پر میری خوش ہونے والے بھی ہیں دنیا میں　　برا کیا ہے مرا غم دشمنوں کے کام آتا ہے

---

میں فکرِ خیر میں ہوں وہ شر کر چکا بہت　　دشمن بچے گا اب نہ مرے انتقام سے

---

بہت ممنون ہوں احباب کی چشمِ عنایت کا　　مری کمزوریاں دیکھیں نظر اپنی طرف کم کی

---

دشمنی مرا کیا بگاڑے گی　　دوست بن کر مجھے تباہ کریں

---

جو دوستوں پہ بھی چھپ کے وار کرتے ہیں　　بھلا وہ کیا کسی دشمن کا سامنا کرتے

اس تحریر کے اختتام پر ہم مختلف منتخب غزل کے اشعار جو مقصدِ زیست،آمیزش دین و دنیا، واعظ،خطیب اور مولوی حضرات کے ریاکارانہ رویہ سے متاثر ہوکر لکھے گئے ہیں،جن کا مقصد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آگہی اور انسانی اقدار کو نمایاں کرنا ہے، یہاں نمونتاً پیش کیے جا رہے ہیں:

عمر بھر پرورشِ فکر و نظر ہوتی ہے  زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے

---

عیش کیا سخت سزا دیتا ہے  مقصدِ زیست بھلا دیتا ہے

---

بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل  ایک ذرّہ نہیں محفوظ اداکاری سے

---

میرے لئے آرام کہاں  مسجد کا امام ہوں نہ منبر کا خطیب

---

منبر سے بہت فصل ہے میدانِ عمل کا  تقریر کے مرد اور ہیں مردانِ وغا اور
ہر جادۂ منزل میں ہے سجدے کی ادا اور  معبد کی فضا اور ہے مقتل کی فضا اور

---

زہے جلال کے شاہوں کو دستِ قدرت نے  کیا لحاظ نہ ہم صورتِ گدا کرتے

---

تیزگامی پر نہ جا اے رہنمائے کارواں  ایسے کتنے کارواں آگے بڑھے اور تھم رہے

---

بہت بڑا مجھے کرنا ہے اک سفر اے دوست  اِسی کے واسطے سامان آج تک نہ ہوا

---

یہ خیال خام ہے کس کم نظر کج فہم کا  مسندِ شاہی سے اپنا بوریا بدلیں گے ہم

---

رحمت نے گنہگاروں کو خود حشر میں ڈھونڈا  واعظ نے مجھے مار ہی ڈالا تھا ڈرا کے

---

رحم کے قابل ہے اس کا عالمِ بے چارگی  کہہ دیا جس نے بہت کچھ اور سوچا کچھ نہ تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

عجب کیا شرک کا الزام آئے میرے سجدے پر
محبت دل میں ہے اے نجم اک انسان اعظم کی

اٹھا کر دہر سے رسمِ محبت اہل دنیا نے
اضافہ علم و حکمت میں کیا انسانیت کم کی

---

کس کو خبر مرحلے طے کتنے کیے ہیں
اک قطرۂ ناچیز نے تعمیر گہر تک

---

یہ گت بنا کے جاؤں میں کیا اُس کے سامنے
تخلیقِ کائنات پہ جس کو غرور تھا

---

اے نجم میں پتلا ہوں رنگ اور تلوّن کا
کس رنگ میں لکھے گی دنیا مرا افسانہ

---

نجم یہ خندہ جبینی ہر بلائے عشق پر
کس تبسم کا خزانہ میرے آب و گل میں ہے

---

ہر ایک در پہ نہ جا نجم داد کی خاطر
کمال شعر و سخن کو گدا گری نہ بنا

---

نظر آئے ہمیشہ عیب اوروں کے ہنر اپنے
نگاہوں نے دنا دی عارفِ عیب و ہنر ہو کر

---

دیکھ اے واعظ مرا عرشِ سخن
میں ترے منبر پہ جا کر کیا کروں

---

واعظ کو مبارک درِ توبہ کا سہارا
یارب مجھے دنیا سے گنہگار اٹھا لے

---

ہماری فکر کا اندازہ دیکھ کر اے نجم
فلک سے کیا یہ غزل کی زمیں اتر آئی

---

نجم بہتر ہے تصنّع کی دل آویزی سے
تلخ لہجہ میں حقیقت کا بیاں ہو جانا

---

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں فرشِ میکدہ پہ بھی ہوں مثلِ بوئے گل　　واعظ غریب مسند و منبر پہ بار ہے

---

کچھ ایسے خاک نشیں اہلِ دل بھی گزرے ہیں　　اجل بھی آئی سرہانے تو پوچھ کر آئی

---

ترتیبِ عناصر میں فرق آ ہی گیا اک دن　　آخر یہ قفس رہتا کب تک مرا کاشانہ

---

ہم نے دیکھے ہیں یہ منظر زندگی کی دوڑ میں　　جو زیادہ سے زیادہ تھے وہ کم سے کم رہے

---

کسی دن جا ملے گی روح ایک دن حقیقت میں　　کہاں تک واسطہ اے تجمؔ آب و گِل کے زنداں سے

---

اے تجمؔ مدحِ آلِ نبی میں گزار دوں　　اللہ عمرِ خضر جو مجھ کو عطا کرے

---

میں تجمؔ نہیں واقف آسائشِ دنیا سے　　کچھ نوحہ و ماتم ہی نکلیں گے مرے گھر سے

---

تجمؔ ہم نکلے جو ارضِ تاج سے　　خسرو بے تاج ہوکر رہ گئے

---

تجمؔ اربابِ غرض نے دل کے ٹکڑے کر دیے　　زندگی نعمت سہی نعمت سے بھی دل بھر گیا

---

میں تجمؔ خود ہی سراپا نیاز ہوں ورنہ　　مرے کمال کی چوکھٹ پہ سر جھکا کرتے

---

راس آئے جناب تجمؔ تمھیں　　سالکِ جادۂ وفا ہوتا

---

میرزا تجمؔ سے نہ کچھ کہنا　　چاہے جو کچھ یہ کج کلاہ کریں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مہر و مہ بھی ہیں نجم دنیا میں　　آدمی سے مگر یہ بستی ہے

میں غالبؔ و ناسخؔ کا ہم آواز ہوں اے نجمؔ　　بے بہرہ ہے جو معتقد میرؔ نہیں ہے

نجمؔ یہ نشانی ہے اہل دل کی دنیا میں　　ہم کو خاص نسبت ہے غم کی بارگاہوں سے

شاعر سمجھ کے نجمؔ کو سمجھے ہیں سادہ دل　　واقف نہیں ہیں آپ بھی اس کج کلاہ سے

نجمؔ میں قائل نہیں ہوں انکسار و عجز کا　　میں ہوں سلطانِ سخن اور فکر برحق ہے ندیم

ہم نجمؔ چار روز کے مہمان ہیں مگر　　رہ جائیں گے یہ شعر و ادب کے تبرکات

O

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اختر انصاری اکبرآبادی

# آسمانِ شعر و ادب کے نجم

جناب باقر زیدی کا ارشاد ہے کہ یادوں کے دریچوں کو وا کرو، بھولی بسری باتوں کو دُہراؤ۔ ریگزارِ سندھ میں رہتے ہوئے بھی ارضِ تاج کو تصورات کی دنیا میں لاؤ اور پھر یہی نہیں ارضِ تاج سے ارضِ دکن پر کمند ڈالو اس لیے کہ جناب ابنِ بزمؔ جناب نجمؔ کا مولد اکبرآباد تھا اور مسکن دکن، جناب بزمؔ نے ترکِ وطن کر کے دکن میں محفل جمائی تھی، بیٹا باپ سے کیسے جدا رہتا۔ جناب نجمؔ کو بھی سرزمینِ تاج چھوڑ کر دکن جانا پڑا۔ ان کو وطن چھوڑنا پڑا اور اپنے میاں نظیرؔ نے وطن پر اشرفیوں کی تھیلیاں قربان کر دیں، اس لیے کہ شاہوں کے دربار میں سب کچھ تھا مگر وہ تاج محل نہیں تھا جس کا مینارہ صبح کو دیکھنے کے بعد میاں نظیرؔ شام تک شاداں و فرحاں رہتے تھے، دور دور کی بات ہے، زمانے میں تغیرات آتے رہتے ہیں۔ زمین بھی گردش میں رہتی ہے۔ کبھی کبھی راستے بھی بدل دیتی ہے۔ میاں نظیرؔ بھی آج زندہ ہوتے تو نہ معلوم اُن پر کیا گزرتی، کہاں جاتے کہاں رہتے کہ زمانہ ہمیشہ یکساں نہیں رہتا۔

''یادیں'' تو پرچھائیاں بن چکی ہیں۔ ان میں تسلسل قائم نہیں رہا۔ تسلسل قائم بھی کیسے رہتا۔ ملکوں کے نام بدل چکے ہیں، ہندوستان اور پاکستان۔ ہم پاکستان میں ہیں اور ارضِ تاج، ہندوستان میں۔ تاج محل کی ٹھنڈی نیلی چاندنی کی یاد بھی اب دھندلا گئی ہے۔ پھر یادوں کو مربوط رکھنے کے لیے دماغ اور جسم کی توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اب کہاں، نہ وہ دماغ نہ وہ صحت۔ میں شاعرِ انقلاب حضرتِ جوشؔ ملیح آبادی کے دماغ و دل کی توانائی کہاں سے لاؤں، ''چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک۔'' جوشؔ تو ہماری اُس کھوئی ہوئی عظمت کا روشن مینار ہیں جس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے ہم اہلِ قلم پہچانے جاتے ہیں۔ جوشؔ صاحب کے حافظۂ صحت کا یہ عالم کہ سب کچھ یاد اور سب کچھ یادوں کی برات میں محفوظ۔ یہاں ایک دلچسپ واقعہ بھی قلم بند کر دیا جائے تو بات آگے بڑھانے میں آسانی ہوگی۔ جوشؔ صاحب کے والدِ بزرگوار بھی شاعر تھے۔

جوشؔ صاحب خود نوعمری سے ہی مشغلۂ شعر فرماتے تھے۔ مگر والد صاحب پر یہ انکشاف اس وقت ہوا جب ایک مشاعرے میں "سامنا" ہوگیا۔ جوشؔ صاحب کی عمر اس وقت یہی پندرہ سولہ کا سن ہوگی۔ جوشؔ صاحب کو مشاعرے میں خوب داد ملی اور والد صاحب کو مقابلتاً بہت کم۔ آخر خانصاحب ٹھہرے۔ مشاعرے کے بعد گھر پہنچے پر صحن میں غیظ و غضب کے عالم میں ٹہل رہے تھے کہ جوشؔ صاحب دبے پاؤں گھر میں داخل ہوئے۔ ایک کڑکتی ہوئی آواز آئی۔

"شبیر خاں ادھر آؤ، سنو! آج سے تمہاری شاعری بند، ہم اپنی توہین گوارا نہیں کر سکتے۔"

کسی مشاعرے کی کیفیت کا سراغ تو نہیں ملا مگر اندازہ یہی ہے کہ بزمؔ اور نجمؔ جب بھی کسی محفلِ مشاعرہ کی رونق ہوتے ہوں گے تو سامعین کی توجہ کا مرکز نجمؔ ہی بنے ہوں گے۔ حضرت بزمؔ آفندی کی قادر الکلامی برحق، مگر اسی دور میں نوحؔ ناروی اور یاسؔ یگانہ بھی تھے۔ جناب نوحؔ فراموش کر دیے گئے مگر یگانہ آج بھی موضوعِ گفتگو ہیں۔ بات تو یہ ہے کہ تا نہ بخشد خدائے بخشندہ، شگفتہ بیانی کچھ اور کہتی ہے اور قادر الکلامی کچھ اور۔ نجمؔ آفندی کے دل کا گداز، شگفتہ بیانی کا مظہر تھا، اور منفرد اندازِ بیان، سونے پہ سہاگہ۔

کم و بیش ۳۵، ۳۶ سال کی بات ہے اور وہ بھی اکبرآباد کی۔ رعناؔ اکبرآبادی سے میرے دیرینہ مراسم تھے۔ جب بھی میں تاج گنج سے شہر آتا تو حضرت رعناؔ و صباؔ سے ملاقات ضروری سمجھتا۔ ملاقات اور تجدیدِ ملاقات کے مواقع نکلتے ہی رہتے تھے۔ ایک دن خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ میں رعناؔ صاحب سے ملنے گیا۔ بیٹھک کا دروازہ وا تھا، رعناؔ صاحب دروازے کے سامنے ہی بیٹھے تھے۔ اچانک رعناؔ صاحب کھڑے ہوگئے اور کہا نجمؔ صاحب سامنے سے آرہے ہیں، میں نے کہا نجمؔ صاحب یہاں کہاں، وہ تو دکن میں محفل جمائے ہوئے ہیں۔

یہ فقرہ مکمل ہو رہا تھا کہ السلام علیکم، وعلیکم السلام سے کمرہ گونج اٹھا۔ نجمؔ صاحب کی آواز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خاصی بھاری بھرکم تھی، تعارف ہوا، پہلا تعارف۔ دکن سے وطن آمد کی وجہ معلوم ہوئی کہ آج کمپنی پارک میں مجلس ہے۔ تجمّم صاحب کو مرثیہ پڑھنے کی دعوت دی گئی ہے۔ اور نسیم امروہوی بھی آئے ہوئے ہیں۔ نسیم صاحب کے مرثیے تو سُنے تھے، مگر تجمّم صاحب کا مرثیہ سننا تو درکنار دیکھا بھی پہلی بار تھا، دل نے کہا آج کربلا والوں کی محفل میں ضرور جاؤ اور نسیم و تجمّم کا طمطراق دیکھو۔ مرثیہ لکھنا آسان کام تو نہیں ہے۔ لکھنے والا خود تصویر درد بن جاتا ہے۔ چنانچہ ہم کشاں کشاں پہنچے، اور گریاں گریاں واپس آئے۔ مرثیہ لکھنا تو مشکل ہے ہی مگر پڑھنا اور بھی زیادہ کارے دارد۔

سچّی بات کہتے ڈر لگتا ہے۔ نسیم امروہوی کچھ اس انداز میں مرثیہ سُنا رہے تھے جیسے کوئی واقعات اور سانحات بیان کر رہا ہو۔ لہجہ بھی ویسا ہی تھا۔ جیسا مرثیہ۔ مگر حضرت تجمّم کے تیور ہی اور تھے۔ وہ مرثیہ پڑھ رہے تھے۔ لوگ سر دُھن رہے تھے۔ جیسے یہ واقعہ آج ہوا ہے۔ مرثیے میں درد تھا۔ کرب تھا اور وہ خود تصویر درد۔ باتیں پرانی۔ انداز نیا۔ پھر بیان سبحان اللہ۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ تجمّم صاحب کے مرثیے کا اثر میں کئی دن تک محسوس کرتا رہا۔ کلام اور بیان کی یہ تاثیر کسی کسی کو ملتی ہے۔

جناب تجمّم سے پہلی ملاقات کے بعد وقفے وقفے سے کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ گفتگو بھی سُنی، کلام بھی۔ پڑھنے اور سُنانے میں خود اعتمادی کے تیوروں نے لطف دیا۔ یہ اعتماد ذات کا اعتماد ہی نہ تھا بلکہ فن کا اعتماد بھی تھا۔ اور یہ حقیقت بھی ہے کہ اعتمادِ ذات کے جوہر جب ہی کھلتے ہیں جب شاعر علم و فن کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے۔

تجمّم آفندی نے مرثیے بھی لکھے۔ غزلیں بھی کہیں، نظمیں بھی تصنیف کیں اور تضمین کے فن کو بھی آزمایا۔ اُن کی زنبیلِ شاعری میں سب کچھ تھا۔ ہر صنف شعر پر انہیں دسترس حاصل تھی۔ الفاظ کا ذخیرہ بھی اتنا کہ جتنا خرچ کیجیے، بڑھتا ہی جائے۔ علم و آگہی کا یہ عالم کہ بیدار دماغی تحسین و آفریں کہے۔ یہ اگلے وقتوں کے لوگ قیامت ہوتے تھے۔ بلا ہوتے تھے۔ کسی گھر بند نہیں، بلکہ ہر در روا۔

وقت جیسے جیسے گزرتا جاتا ہے، ادب و شعر کی شاخیں پھیلتی جاتی ہیں۔ عصر حاضر میں شاعر کے افکار کے جائزے سے پہلے نظریۂ شعر کی بات ہوتی ہے۔ پہلے اسکول تھے۔ دبستان تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انھیں سے شاعر پہچانا جاتا تھا۔ اب نظریات کی بات ہوتی ہے۔ غمِ جاناں، غمِ دوراں کے علیحدہ علیحدہ تذکرے ہوتے ہیں۔ علیحدہ علیحدہ کسوٹیاں وضع کی جاتی ہیں۔ پہلے وطن اور قوم کی ترجمانی کا تصور سب سے اہم تھا۔ قوم و ملّت کی اصلاح کو بڑی اہمیت حاصل تھی۔ اگر اقبالؔ علمی قد کی بلندی کے ساتھ نہ آتے تو شاید فرسودہ خیال کہلاتے۔ حالیؔ اور اکبرؔ بڑا کام کر گئے مگر نظریات کے اسیر انہیں کہاں مانتے ہیں، نظریات تو مغرب سے آئے ہیں۔ ان نظریاتی مبلغین کے سامنے وہ مقصدیت کہاں جس کی مسلم قوم کو ضرورت ہے۔ جناب نجمؔ کی متعدد نظموں کی روشنی میں یہ فیصلہ غیر حقیقی نہیں ہوگا کہ وہ مزاجاً حالیؔ اور اقبالؔ سے قریب ہیں اور ان کے یہاں ملک و ملّت اور وطن اور قوم کا واضح تصور ہے۔ وہ شاعری کے ذریعہ کوئی کام کرنا چاہتے ہیں، کوئی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ ایسی خدمت جو عظمت کی ضامن ہو۔

نجم صاحب کا تمام کلام سامنے نہیں ہے اور اگر جملہ ذخیرۂ شعر و ادب پیشِ نظر بھی ہوتا تو حادثاتِ ارضی و سماوی سے عصرِ حاضر میں آدمی کو اتنی مہلت کہاں کہ سب کچھ پڑھے لکھے۔ نیرنگیِ زمانہ کا بُرا ہو۔ حالات ایک حساس شاعر کو بیقرار رکھتے ہیں۔ وہ کبھی مرثیہ لکھتا ہے اور کبھی نوحہ، کبھی طنز کرتا ہے اور کبھی تنقید۔ یہ عذر نہیں حقیقت ہے۔ یہ گریز نہیں اظہارِ حال ہے۔ اس کا جواز بھی نجم صاحب کی چند نظموں میں موجود ہے۔ جن میں قوم کی بے راہروی کا شکوہ ہے۔ ماتم ہے۔ دُکھ ہے ملال ہے۔ ملک و ملّت کی بقاء اور استقامت کے لیے قوم میں جو جذبۂ خلوص و عمل ہونا چاہیے وہ مفقود ہے۔ اُس کا دور دور پتہ نہیں۔ حال ایسا کہ مستقبل کا کوئی روشن اشارہ نہیں ملتا، ماضی ایسا جو حال اور مستقبل پر نکتہ چینی ہے کہ کیا تھے اور کیا ہو گئے تم۔ یہ کون کہے، کون سمجھائے کہ ایسا کیوں ہوا۔ آج جو حال ہے، آج جو عالم ہے اُس کا اظہار نجمؔ آفندی کچھ اس طرح کرتے ہیں۔

یہ نقشہ ہے کہ اُمیدوں پہ جیسے پھر گیا پانی
یہ صورت ہے کہ ارمانوں کی جیسے لُٹ گئی دنیا

شعاعِ مہرِ فطرت کا تبسم بن کے آتی ہے
مذاقِ بے محل سے جل رہا ہے سینۂ صحرا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ عالم ہے جہاں ہو اجتماعِ جسم وجاں مشکل
فقط حدِ نظر پر ہیں زمین و آسماں یک جا
کوئی حائل نہیں فطرت کی ترتیبِ مناظر میں
اب اک اہلِ نظر ہو اور یہ عالم بے حجابی کا
حقیقت بستیوں کی ایسے ویرانوں میں کھلتی ہے
ستارے ڈوبتے ہیں چین سے سویا کرے دنیا

ان اشعار میں طنز بھی ہے اور اظہارِ حقیقت بھی، یہ کتنا بڑا المیہ ہے کہ تاحدِ نظر زمین و آسمان تو یک جا نظر آئیں، مگر مخلوقِ خدا میں اتحاد نہ ہو۔ بستیاں ایسی جن کا عالم درد دیکھ کر ستارے ڈوب جائیں مگر بے ضمیری اور بے حجابی اپنے مقام پر رہے۔ اس تمام زیرو بم کو تجمل آفندی نے فطرت کے ساتھ مذاق بے محل کہا ہے، اور اس بے محل مذاق سے آبادی تو کیا سینۂ صحرا بھی جل اٹھا ہے۔ یہ دردمندی اور یہ احساس تجمل کی شاعری کی ایک ایسی لازوال سچائی ہے، جس کے سبب وہ ہمیشہ یاد آتے رہیں گے۔

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سید نواز حسن زیدی

# تجمل آفندی کی غزل گوئی

تجمل آفندی کا تعلق بھی بیسویں صدی سے ہے۔ معروف شعراء کے خانوادے سے تعلق رکھنے کی بنا پر بچپن ہی سے ان کی طبیعت شاعری کی طرف مائل تھی۔ عجیب اتفاق ہے کہ تجمل آفندی جنھوں نے آگے چل کر نوحہ نگاری، قصیدہ نگاری اور سلام نگاری میں نام پیدا کیا، اپنی شاعری کی ابتدا غزل گوئی سے کرتے ہیں۔ انھوں نے پندرہ برس کی عمر میں اس دور کے معروف غزل گو، شاہ نیاز احمد وارثی کی ایک غزل کی تضمین کرتے ہوئے شاعری کی ابتدا کی۔ اس تضمین کا ایک شعر ملاحظہ کیجئے۔

زہے عزّو جلالے بوترابے فخر انسانے [1]
علی مرتضیٰ مشکل کشائے شیر یزدانے

تجمل آفندی اپنے والد بزم آفندی سے اصلاح لیتے رہے اور اٹھارہ برس کی عمر میں انھوں نے سیمابؔ اکبر آبادی اور دیگر معروف شعراء کی موجودگی میں ایک مشاعرے میں جو غزل پیش کی اس کا مطلع تھا۔

چاندنی میں تم ذرا گھر سے نکل کر دیکھتے [2]
قبر عاشق اور اک میلی سی چادر دیکھتے

تجمل آفندی کی، غزل سے یہ دلچسپی عمر بھر قائم رہی، اگر چہ بعد ازاں انھوں نے رثائی ادب کو زادِ آخرت کے طور پر حرزِ جاں بنائے رکھا۔ وہ مشاعروں سے زیادہ مذہبی مجالس، محافل،

---

[1] نورالحسن ہاشمی 'ادب کیا ہے' سرفراز قومی پریس، لکھنؤ س۔ن۔ص 70

[2] تجمل آفندی (خود نوشتہ مشمولہ مجلہ انجم ص 275

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسالموں اور مقاصدوں میں شرکت کرنا ضروری خیال کرتے تھے۔ بایں وجہ ان کی زندگی میں غزل کا کوئی مجموعہ شائع نہ ہوسکا۔ ان کے ایک خط سے ان کی دوسو کے قریب غیر مطبوعہ غزلوں کا پتہ چلتا ہے۔ نجم آفندی کی غزلوں کا پہلا انتخاب، جس میں صرف پچاس غزلیں شامل ہیں، ان کی وفات کے چار سال بعد "لہو قطرہ قطرہ"[1] کے نام سے شائع ہوا۔ گویا غزلوں کی کثیر تعداد اب بھی غیر مطبوعہ ہی ہے۔

گزشتہ صفحات میں بیسویں صدی کے جن غزل گو شعراء کا ذکر کیا گیا ہے، نجم آفندی نے ان کی موجودگی میں اپنی غزل کا چراغ جلائے رکھا۔ انھوں نے اپنی غزل میں جہاں ان شعراء اور اس عہد کے مجموعی رجحان کے اثرات قبول کیے، وہاں اس مقبول صنف سخن میں اپنی منفرد آواز کے ذریعے الگ سے اپنی پہچان بھی کرائی ہے۔ جب کوئی اہم غزل گو کسی سے اثرات قبول کرتا ہے تو اس کو اندھی تقلید نہیں بننے دیتا، بلکہ اپنے تجربے کے پیش نظر استفادہ کرتا ہے تاکہ شخصی تجربے کو ذات کی سطح سے بلند کیا جاسکے۔ نجم آفندی کے پاس سلام اور نوحے کے حوالے سے ایک ایسی مضبوط اور توانا آواز موجود تھی جسے صدائے احتجاج یا ظلم کے خلاف کلمۂ حق کہا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اہل بیت سے محبت رکھنے کے باعث ایک ایسی محبت موجود تھی جس میں غم کو تقدس حاصل تھا۔ اس تناظر میں انھوں نے شعوری یا غیر شعوری طور پر اپنے عہد کی ملی جلی آوازوں سے استفادہ کیا۔ ان آوازوں میں ایک اہم آواز اقبالؔ کی تھی۔ نجم آفندی کی شعری جہت کے تعین میں حالیؔ اور اقبالؔ کی اصلاحی شاعری کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ اردو کی عمومی شعری روایت کی تقلید میں نجم آفندی بھی اپنی شاعری کا آغاز غزل سے کرتے ہیں لیکن قوم کی اصلاح کی خاطر غزل گو سے زیادہ ملی شاعر کے طور پر اپنی پہچان کراتے ہیں۔ نجم آفندی کی غزل میں بھی کہیں حالیؔ اور اقبالؔ کی بُو باس محسوس ہوتی ہے۔ نجم آفندی نے لہجے اور موضوع، دونوں سطحوں پر اقبالؔ کے اثرات کو قبول کیا جس کی ایک مثال ان کی اس غزل میں دیکھی جاسکتی ہے۔

لہو کا جوش دکھا لالہ زار پیدا کر ۔۔۔ خزاں کا چیر کے سینہ بہار پیدا کر
سبک خرامیِ برق و شرار پیدا کر ۔۔۔ جو رہگزار نہ ہو رہگزار پیدا کر

---

[1] نجم آفندی 'لہو قطرہ قطرہ' کراچی پرنٹنگ محل، ناظم آباد، ص 276

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فضا مخالفِ سرمایہ دار پیدا کر ۔۔۔ دل غریب محبت شعار پیدا کر
نگاہِ ناز کی یہ سرد مہریاں توبہ ۔۔۔ نگاہِ شوق سے برق و شرار پیدا کر
تصورات کے نقش و نگار کیا ہوں گے ۔۔۔ تصرّفات میں نقش و نگار پیدا کر
غرور ظلم لرز جائے جس سے ٹکرا کر ۔۔۔ سکون و صبر کا وہ کوہسار پیدا کر
جہان عشق میں جس کو کبھی زوال نہ ہو ۔۔۔ کمال غم سے وہ نصف النہار پیدا کر

یہ اشعار پڑھ کر جہاں ردیف کے حوالے سے ذہن ''سکوتِ لالہ وگل سے کلام پیدا کر'' کی طرف منتقل ہوتا ہے، وہاں ایسے موضوعات بھی ابھر کر سامنے آتے ہیں جو اقبالؔ کی شاعری سے مخصوص ہیں ۔ اقبالؔ بھی لہو کے جوش کا قائل ہے۔ وہ برق وشرار سے تحرک کی فضا پیدا کرتا ہے۔ اقبالؔ کے ہاں بھی غم ایک بڑی طاقت ہے اور عشق اپنا جہان پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس حوالے سے ثمین فاطمہ ''لہو قطرہ قطرہ'' کے دیباچے میں لکھتی ہیں ۔

> ''اقبالؔ نے غزل کو ایک نہایت ترقی یافتہ صنف شاعری کی حیثیت عطا کی ۔ انھوں نے موضوعات کے تنوع، حقائق کی ترجمانی کو غزل میں سموکر یہ بات ثابت کردی کہ غزل فلسفۂ خودی، فلسفۂ حسن وعشق، مضامین تصوف اور تمام تر مسائل حیات کی ترجمانی کرسکتی ہے۔ چنانچہ بال جبریل کی غزلیں صحت مندتخیل، جاندار طرز بیان اور توانا فطری جذبات کا مرقع ہیں ۔ چنانچہ اگر یہ کہا جائے کہ غزل غالبؔ، اقبالؔ اور فانیؔ کے بعد صرف نجم صاحب کے سہارے ہی سے صدیوں زندہ رہنے کی توقع بے جا نہ ہوگا۔''[1]

ان سطور کے آخر میں اگر چہ دیباچہ نگار کی رائے شدید طور پر مبالغہ آمیز نظر آتی ہے، تاہم اس سے ایک بات کا ضرور پتا چلتا ہے کہ نجم نے اقبالؔ کے بنائے ہوئے راستے پر صرف قدم رکھے بلکہ ایک طرح سے غزل میں اقبالؔ ہی کے مشن کو لے کر آگے بڑھے۔

نجم کے عہد میں یاسؔ یگانہ کی انا پرستی نے نجم کو اپنی جانب متوجہ کیا۔ چنانچہ وہ اس سے صرف اس حد تک متاثر ہوئے کہ اس کی بلند آہنگی کو قبول کر کے اسے اپنی غزل کا حصہ بنایا۔ یگانہ مذہب گریز رویوں پر زیادہ زور دیتا ہے جب کہ نجم آفندی مذہب کو بڑی قوت سمجھتے ہیں۔ نظریاتی

[1] نجم آفندی خودنوشت مشمولہ مجلہ انجم ص 275

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اختلاف کے باوجود وہ یگانہ سے متاثر ہیں۔ اس کی وجہ نظر یئے سے زیادہ تجم کا یگانہ سے شخصی تعلق ہوسکتا ہے، جو حیدر آباد میں قیام کے دوران ایک عرصے تک دونوں کے درمیان رہا۔ تجم پر یگانہ کے اثرات کو واضح کرنے سے پہلے یگانہ کا یہ شعر دیکھیں:

سر پھرا دے انساں کا ایسا خبط مذہب کیا
سب تیرے سوا کافر آخر اس کا مطلب کیا

اب تجم آفندی کے مندرجہ ذیل اشعار دیکھیں اور اندازہ لگائیں کہ موضوع میں بُعد کے باوجود تجم کے اشعار پر یگانہ کا لہجہ کس حد تک اثر انداز ہوا ہے۔

وقت کی پرستش ہے آدمی کا مذہب کیا　　مدت مہذب کیا قوم نا مہذب کیا
موت کے سوا اب ہے زندگی کا مطلب کیا　　دل ٹوٹنے والے دل میں رہ گیا اب کیا

یگانہ کا ایک شعر ہے:

اپنی ہستی میں بھی کچھ شک آ پڑا
علم کا سودا بڑا مہنگا پڑا

تجم آفندی کا یہ شعر دیکھئے:

دولت و علم کی منزل میں ہُوا ہے اکثر
اپنی ہستی پہ کوئی اور گماں ہو جانا

تجم کے ان اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ غزل میں یگانہ کی انا اور بلند آہنگی سے متاثر ہیں۔ اور وہ ان عناصر کو اپنی غزل میں شامل کر کے دراصل اپنی انا پرستی اور بلند آہنگی کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ تجم کے عہد کے ایک اور بڑے شاعر اکبر الہ آبادی کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ اکبر کی شاعری کا بنیادی وصف گہرا طنز ہے۔ جب انھیں اخلاقی پستی دکھائی دیتی ہے تو وہ اپنی حسِ طنز و مزاح کو کام میں لاتے ہیں اور زندہ رہنے والے اشعار تخلیق کرتے ہیں۔ تجم آفندی اپنی غزلوں میں جب اخلاقی پستی اور زوال کی بات کرتے ہیں تو ان کے ہاں مزاح تو پیدا نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوتا البتہ اکبر کے طنز کے طور طریقے ضرور جھلکنے لگتے ہیں۔

مزاج پوچھ لیا میں نے راہِ مسجد میں    جناب شیخ سے پھر سامنا کہاں ہوتا

تجمؔ کے عہد پر غالبؔ کے اثرات بڑے وسیع اور ہمہ گیر ہیں۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اس عہد میں کوئی غزل کہے اور غالبؔ کے اثرات سے پہلو بچا لے۔ تجمؔ نے اگرچہ قوافی بدل کر غالبؔ کی فضا سے نکلنے کی شعوری کوشش کی ہے لیکن اس کے باوجود وہ غالبؔ کے اثرات سے دامن نہیں بچا سکے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوا ہے کہ وہ غالبؔ سے بچتے بچتے اقبالؔ کی شعری قلم رو میں داخل ہوگئے ہیں۔ تجمؔ کی ایک غزل کے چند اشعار دیکھیں۔ قافیہ بدلا ہوا ہے۔ غالبؔ نے ''بیاں اور گماں'' وغیرہ قوافی استعمال کیے ہیں۔ اقبالؔ نے بھی اس زمین میں غزل کہی لیکن اقبالؔ کی غزل دیکھ کر کہیں یہ گمان نہیں گزرتا کہ انھوں نے غالبؔ کی زمین کو استعمال کیا ہے۔ لیکن تجمؔ کی غزل دیکھ کر فوراً خیال غالبؔ کی طرف جاتا ہے۔ غالبؔ کی غزل کے اشعار دیکھئے:

پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے    رکتی ہے مری طبع تو ہوتی ہے رواں اور
ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے    کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور

اقبالؔ کی غزل کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔

پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں    کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

اور اب تجمؔ کے اشعار دیکھئے۔

ہستی کوئی ایسی بھی ہے انساں کے سوا اور    مذہب کا خدا اور ہے مطلب کا خدا اور
ہر جادۂ منزل میں ہے سجدے کی ادا اور    معبد کی فضا اور ہے مقتل کی فضا اور
منبر سے بہت فصل ہے میدانِ عمل کا    تقریر کے مرد اور ہیں مردانِ وفا اور

(''لہو قطرہ قطرہ'' ص 22)

اس منزل میں غالبؔ اور اقبالؔ کے ملے جلے اثرات صاف مشاہدہ کیے جاسکتے ہیں۔ تجمؔ آفندی کی ایک اور غزل بھی غالبؔ کے اثرات کو ظاہر کرتی ہے۔ اس میں بھی تجمؔ نے قافیہ بدل کر غالبؔ کے اثر سے آزاد ہونے کی کوشش کی ہے لیکن غالبؔ کے اثرات جیسے ہر شعر سے چپک کر رہ گئے ہیں۔ غالبؔ کے اشعار ہیں:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے یہاں روئے سخن حسنِ حقیقت کی طرف — اہلِ ظاہر کے لیے ہے وجہ رسوائی غزل

(لہو قطرہ قطرہ) ص 45

اس طرح تجمّ اپنی ایک رباعی میں فلسفہ غزل میں بیان کرتے ہیں:

رنج و غم سہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں — جب میں چپ رہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں
مری غزلوں سے ٹپکتا ہے میرے دل کا لہو — دردِ دل کہہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں

(لہو قطرہ قطرہ) ص 45

تجمّ آفندی کے ان شعری نظریات سے پتہ چلتا ہے کہ انھوں نے اپنے حال دل کے اظہار کے لیے دیگر اصناف کے مقابلے میں غزل ہی کو قابل اعتنا سمجھا ہے۔ بنیادی طور پر نوحہ نگار ہونے کے باعث تجمّ نے غزلیہ اشعار میں بھی شہادت امامؑ کا ذکر کیا ہے۔ لیکن ان کی غزلوں میں شہادت امام محض بین نہیں، بلکہ اس تاریخی واقعہ کے پاتال میں اتر کے ایک تجزیاتی انداز میں صورتحال کو سمجھنے کا رجحان ملتا ہے۔ وہ ظلم کو ظلم کہنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ انسان کو آزاد دیکھنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے اقبالؔ کی طرح انسان کی خودی اور خودداری کے اثبات پر زور دیا ہے۔ ان کی روشن خیالی، انسان کی خودداری کے نقوش جگہ جگہ پیدا کرتی نظر آتی ہے۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل اشعار ملاحظہ کیجیے:

میں اپنے زعمِ بلندی میں مٹ گیا لیکن — کبھی نشانہ احساسِ کمتری نہ بنا
ہر ایک در پہ نہ جا تجمّ داد کی خاطر — کمالِ شعر و سخن کو گداگری نہ بنا

(غ م)

کمالِ فن مرے دستِ طلب سے دور نہ تھا — مگر قبول نہ تھی شرطِ انکسار مجھے

(غ م)

آساں ہی سہی ہم سے خوشامد نہیں ہوتی — دشوار ہے وہ کام جو کرنا نہیں آتا

(غ م)

شریک حال تھی عہدِ جنوں میں خودداری — زبان پر بھی نہ افسانۂ بہار آیا

(غ م)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حق نا شناس میرے مخاطب نہیں ہیں تجمؔ　　خود داری سخن کو سخن داں سے کام ہے
(ص108)

کوشش تو تجمؔ دولتِ دنیا نے کی بہت　　بھولے سے بھی "نعم" نہ کہا میں نے "لا" کے بعد
(غ م)

درج بالا اشعار کی روشنی میں ایک ایسے انسان کا تصور نگاہوں میں ابھرتا ہے جس میں انا اور خودداری کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ ایسا انسان جو بلند نشینی کے خواب دیکھتا ہے۔ احساس کمتری کو اپنے نزدیک نہیں پھٹکنے دیتا۔ یہ وہ شخص ہے جو اپنے شعروسخن اور کمال فن پر بھی کسی سے داد کا طالب نہیں ہے کیونکہ شعروسخن پر داد طلب کرنے کو وہ بھیک کے مترادف سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر محبوب التفات برتنے میں غرور کا مظاہرہ کرے تو تجمؔ آفندی ایسے التفات کو بھی پسند نہیں کرتے۔

باعثِ زندگی سہی، میں وہ قبول کیوں کروں　　ساتھ ہے التفات کے ان کا غرورِ التفات
(لہو قطرہ قطرہ)

تجمؔ کے اشعار میں شاعرانہ تعلّی کی بھی بہت سی مثالیں ملتی ہیں۔ اکثر غزل گو شعراء نے اپنی شاعرانہ عظمت کو بیان کرنے کے لیے تعلّی کے اشعار کہے ہیں۔ تجمؔ آفندی نے ان اشعار میں ایک تو روایت کا بھرم رکھا ہے، دوسرے ان میں ان کی افتادِ طبع کو بھی خاصا دخل رہا ہے۔ اگر چہ شاعرانہ تعلّی کی ایک سے زیادہ وجوہ ہو سکتی ہیں مگر ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جب کوئی خوددار شاعر یہ دیکھتا ہے کہ اس کی وہ پذیرائی نہیں ہو رہی جس کا وہ مستحق ہے تو وہ ردِ عمل میں آ کر تعلّی کا شکار ہو جاتا ہے۔ تجمؔ آفندی کے ان اشعار سے اندازہ ہوتا ہے کہ انھیں اپنے لفظ کی قدر و قیمت کا پوری طرح احساس تھا۔ شاعرانہ تعلّی کے حوالے سے تجمؔ کے مندرجہ ذیل اشعار ملاحظہ فرمایئے:

سہارا تجمؔ جس کو ہم نہ دیں وہ زورِ طاقت کیا　　وہ مجلس کیا ہے جس مجلس میں رہ جائے کمی اپنی

حق ناشناس مجھ سے ملاتے نہیں نظر　　جس دن سے سامنا مری فکر و نظر کا ہے
(لہو قطرہ قطرہ ص45)

اے تجمؔ کتنے اہلِ سخن نے　　میرے سخن کے چربے اتارے
(لہو قطرہ قطرہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تجمّل کی غزل میں موضوعات کے تنوع کا اوپر ذکر ہوا۔تجمّل نے غزل کے روایتی موضوعات میں بھی یکسانیت سے ہٹ کر بات پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔دیکھا جائے تو عشق،غزل کا ایک اہم موضوع رہا ہے۔اس سلسلے میں دہلی اور لکھنؤ کے شعراء کے ہاں عشق کی الگ الگ کیفیات کار فرما نظر آتی ہیں۔تجمّل آفندی کا تصورِعشق دبستان دہلی کے شعراء کے مزاج کے قریب ہے۔وہ درد میں نشاط کی کیفیت پیدا کرتے ہیں اورنشاط میں درد کی،ان کی داستانِ عشق بے زبان کی زبان سے ادا ہوتی ہے۔وہ راز کی بات چھپاتے ہیں۔جب شامِ غم آتی ہے تو چاند بھی کمھلایا ہوا لگتا ہے۔وہ غمِ عشق میں فریاد کو کفرانِ نعمت سمجھتے ہیں۔تجمّل آفندی عشق کی گہری کیفیتیں بیان نہیں کرتے بلکہ معلوم کیفیتوں تک اپنے آپ کو محدود رکھتے ہیں۔لیکن ان کے اشعار کی بُنت ایسی ہوتی ہے کہ ان میں ایک تازہ کاری کا احساس موجود رہتا ہے۔ان کے تصورِعشق کے حوالے سے حتمی طور پر یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ یہ دردمندی ہی دراصل ان کے ہاں عشق کا دوسرا نام ہے۔وہ چاہتے ہیں کہ یہ دردمندی غزلوں سے دل کا لہو بن کر ٹپکے۔اس حوالے سے تجمّل کے یہ اشعار ملاحظہ ہوں:

مری زندگی سے اب بھی ترا فاصلہ بہت ہے — مرے دل تک آنے والے مرے دردِ دل تک آ

(لہو قطرہ قطرہ) ص 19

کتنے سودے ہو رہے ہیں دردِ دل کے نام پر — کس قدر پچھتا رہا ہوں بات کہہ کر راز کی

کچھ کمی شامِ غم کے اثر میں نہیں — چاند کمھلا گیا رات ڈھلنے لگی

(غ م)

کفرِ نعمت ہے غمِ عشق میں فریاد نہ کر — زیست کی شان یہ ہے موت کو بھی یاد نہ کر

(غ م)

آج کچھ اور ہیں تیور مرے دردِ دل کے — عرض کرنا ہے تو کر، آج کچھ ارشاد نہ کر

(غ م)

ہوا جو ذکر محبت کے درد مندوں کا
ہمارا نام بھی شاید برائے نام آیا

(غ م)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کانپ اٹھا میں دیکھ کر دردِ محبت کا اثر        رو دیا وہ سنگدل بھی مجھ کو سمجھانے کے بعد
(غ م)

ان اشعار کو پڑھ کر ایک اور بات یہ ذہن میں آتی ہے کہ نجم دبستان دہلی کے ہم مزاج ہونے پر بھی کہیں کہیں ان سے مختلف ہیں۔ مثلاً وہ خود سپردگی کے مرحلے سے نہیں گزرتے ہیں۔ وہ روتے ہیں تو ساتھ ان کا محبوب بھی روتا ہوا نظر آتا ہے۔ ان کا محبوب گوشت پوست کا انسان ہے۔ وہ نجم کی باتوں پر ردِ عمل ظاہر کرتا ہے اور کبھی تخاطب میں نجم آفندی کے تیور بھی دیکھنے والے ہوتے ہیں۔

گزشتہ صفحات میں نجم آفندی کی غزل پر اقبالؔ کے جن اثرات کا ذکر ہوا، وہ محض زبان وبیان کی حد تک تھے۔ نجم کے کلام میں اقبالؔ کی ایک فکری جہت، جس کا تعلق حرکت وعمل سے ہے، ایک مستقل حیثیت کے طور پر نظر آتی ہے۔ نجم نے اپنے نوحوں، رباعیوں، منقبتوں اور سلاموں کی طرح اپنی غزلوں میں بھی درسِ عمل دیا ہے اور طرح طرح سے قوم کے احساس خفتہ کو بیدار کرنے کی کوشش کی ہے۔ نجم آفندی زندگی کو میدان عمل بنانا چاہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ عمل میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ دل میں اندھیرا ہو تو حسنِ عمل سے وہاں اجالا ہو سکتا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ اگر حوصلہ سلامت ہو تو اکیلا آدمی، کارواں ہو کر منزل تک پہنچ جاتا ہے۔

مثلاً یہ اشعار دیکھیے:

دل میں کر حسنِ عمل سے روشنی        اس اندھیرے کا اُجالا اور ہے
(لہو قطرہ قطرہ) ص 60

موت کو بھی دو قدم ہٹنا پڑا        زندگی میدان میں جب ڈٹ گئی
(لہو قطرہ قطرہ) ص 33

کیا خاکِ مذلت سے ابھرتی نہیں قومیں        کیا ڈوب کے نبضوں کو ابھرنا نہیں آتا
(غ م)

عزم محکم ہو تو گر گر کے سنبھلتا ہے بشر        راہِ تدبیر میں اندیشۂ افتاد نہ کر
(غ م)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انھیں پھیلے ہوئے ہاتھوں کو سرگرم عمل کر دو　　　اندھیرے میں خطِ تقدیر پڑھوانے سے کیا ہوگا

(غ م)

درس عمل کی بات کرتے ہوئے تجمّل آفندی اپنے عہد کی سائنسی رفتار سے بھی کہیں کہیں ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔ ان کے عہد میں امریکہ اور روس میں چاند تک پہنچنے کی دوڑ لگی ہوئی تھی۔ انھوں نے اپنے مرثیے 'معراج فکر' میں بھی ایک بند چاند کے حوالے سے تحریر کیا ہے۔ اور غزلوں میں بھی اس طرف اشارے ملتے ہیں۔ یہ سفر بھی ان کے ہاں عمل کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

بشر وہ کیا ہے اگر چاند تک پہنچ نہ سکے　　　زمیں پہ جس کے لیے چاندنی اتر آئی

(لہو قطرہ قطرہ ص 41)

کرتے رہو تم تا بہ قمر جانے کی کوشش　　　جانا ہے مجھے خالقِ صد شمس و قمر تک

(غ م)

سب نے اپنے اپنے مقصد کے بنا رکھے ہیں چاند　　　اپنی اپنی حد میں سب نے چاند تک پرواز کی

(غ م)

تجمّل آفندی نے جب شاعری کا آغاز کیا تو اس وقت ہمارے شاعروں کا ایک پسندیدہ موضوع سرمایہ دارانہ نظام کی مخالفت کرنا تھا۔ اقبالؔ، جوشؔ اور راشدؔ کے ہاں سرمایہ داری کے خلاف شدید طنز ملتا ہے۔ تجمّل آفندی نے بھی محدود سطح پر اس موضوع کو اردو غزل میں بیان کیا ہے۔

فضا مخالفِ سرمایہ دار پیدا کر　　　دلِ غریب محبت شعار پیدا کر

(لہو قطرہ قطرہ) ص 11

غرورِ ظلم لرز جائے جس سے ٹکرا کر　　　سکون و صبر کا وہ کوہسار پیدا کر

(غ م)

درج بالا موضوعاتی بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ تجمّل آفندی نے زیادہ تر اپنے عہد کے موضوعات اختیار کیے لیکن روایت کے مکمل شعور کو کہیں بھی ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ کہیں کہیں انھوں نے روایتی غزل کے پیش پا افتادہ مضامین بھی باندھے لیکن ان میں وہ نیا پہلو تلاش نہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کر سکے اور تازہ کاری پیدا نہ کر سکے۔ ایسے مضامین میں انھوں نے روایتی شاعری کے کرداروں، مثلاً واعظ، شیخ، رند، زاہد کو اپنا موضوع بنایا ہے۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل اشعار ملاحظہ ہوں:

گناہ نشر کیے اُس کے خوب واعظ نے　　خدا کی راہ میں جس جس کا دل دکھانا تھا
(لہو قطرہ قطرہ) ص 30

دیکھ اے واعظ مرا عرشِ سخن　　میں ترے منبر پہ جا کر کیا کروں
(غ م)

سنتا ہوں کہ سیدھے ہیں بہت حضرتِ واعظ　　دھوکے میں چلے آئے تھے میخانے کے در تک
(غ م)

واعظ کو مبارک درِ توبہ کا سہارا　　یا رب مجھے دنیا سے گنہگار اٹھا لے
(غ م)

کہہ دے کوئی واعظ سے کہ یہ سجدہ گزاری　　محدود نہیں ہے طلب سجدہ و سر تک
دے رہے تھے بے عمل درسِ عمل　　ہم بھی سب سن کر سمجھ کر رہ گئے
(غ م)

تجمؔ آفندی نے ان شعری کرداروں کو خالصتاً روایتی معنوں میں استعمال کیا ہے یعنی واعظ وہی عالم بے عمل، لوگوں کو جہنم سے ڈرا کر اپنا مطلب نکالنے والا، شیخ وہی دوہری شخصیت کا مالک، رند وہی مست مئے خود اور زاہد وہی پارسا جو اپنی پارسائی پر اتراتا پھرتا ہے اور دوسرے کو گنہگار تصور کرتا ہے۔

تجمؔ آفندی کی غزل کے یہ ملے جلے رنگ ایک ایسے شاعر کا پتا دیتے ہیں جو بیک وقت قدیم اور جدید کے رویوں کی آمیزش سے ایک ایسا شعری پیکر تخلیق کرتا ہے جو نہ صرف اپنے عہد کے سیاسی، سماجی اور تہذیبی رجحانات کی عکاسی کرتا ہے بلکہ فنی اور تخلیقی سطح پر فن کی نئی دنیاؤں کا متلاشی بھی ہے۔ یوں کہہ لیجیے کہ تجمؔ کی غزل اسلوب اور موضوع کے اعتبار سے روایت اور اپنے عہد کے اسلوب کا خوبصورت امتزاج ہے۔ انھوں نے اپنی غزل میں وہ سوز و گداز پیدا کیا جس کی جڑیں ان کے رثائی کلام میں موجود ہیں۔ تجمؔ اپنے تخیل اور اسلوب کے زور پر ان جڑوں پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایسا شجر سایہ دار استوار کرتے ہیں جو غزل کی فضا میں برگ وبار پیدا کرتا ہے۔ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کی غزل لطفِ کلام اور اثر کے اعتبار سے انہیں بیسویں صدی کے قابل ذکر غزل گو شعراء میں ایک اہم مقام عطا کرتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محترمہ ثمین فاطمہ

# انجم کی غزلیں

لفظ غزل میں عشق اور وارداتِ عشق، حسن اور جلوہ طرازیِ حسن، واقعاتِ ہجر، لذتِ وصال، بادہ و ساغر، شراب و شباب اور گریۂ و تبسم کے مضامین باندھے جاتے ہیں۔ خمریات کے علاوہ ریختہ پر بھی کافی توجہ دی جاتی رہی۔ اس کے علاوہ چشم و ابرو، خط رخسار اور تشبیب فرازِ بدن کا ذکر، غزل کی چاشنی سمجھا جاتا تھا۔ اس طرح غزل اپنے ارتقائی منازل میں صرف انھی موضوعات کا مظہر رہی۔ انشاء، مصحفی، شیفتہ و ناسخ سب اسی روش پر چلتے رہے۔ اس طرح غزل کی ایک مخصوص ہیئت بن گئی اور غزل اپنی اسی ہیئت کی بنا پر پہچانی جانے لگی۔ اس وقت یہ سوچا بھی نہ جاسکتا تھا کہ غزل کو کسی اور قالب میں بھی ڈھالا جاسکتا ہے۔ اسرارِ کائنات، جام و سبو کی تہ سے نکل کر سطح جام تک آسکتے ہیں۔ پرانی روایات اور فرسودہ رواج پر زلف محبوب سے خطِ تنسیخ کھینچی جاسکتی ہے۔ تشبیب فرازِ بدن کے بجائے تشبیب فرازِ زندگی سے لوگوں کو آشنا کرایا جاسکتا ہے۔ مرزا غالبؔ نے غزل کے لیے کسی قدر الگ راہ متعین کی تھی۔ لیکن صرف اسی حد تک کہ طنز کے لہجے میں عذاب و ثواب، جنت و دوزخ اور حور و غلمان کے تذکرے کرتے رہے۔ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ غالبؔ کے بعد کوئی شاعر اردو غزل کو کسی نئی نہج پر لا کھڑا کرے گا۔ لیکن علامہ اقبالؔ نے غزل کو ایک نہایت ترقی یافتہ صنفِ شاعری کی حیثیت عطا کی۔ انھوں نے موضوعات کے تنوع، حقائق کی رنگا رنگی کو غزل میں سمو کر یہ بات ثابت کردی کہ غزل فلسفۂ خودی، فلسفۂ عشق و حسن، مضامین

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصوف اور تمام تر مسائلِ حیات کی ترجمانی کر سکتی ہے۔ چنانچہ بالِ جبریل کی غزلیں صحت مند تخیل، جاندار طرزِ بیان اور توانا فطری جذبات کا مرقع ہیں۔ چنانچہ اگر یہ کہا جائے کہ غزل، غالبؔ، اقبالؔ اور فانیؔ کے بعد صرف نجمؔ صاحب کے سہارے ہی سے صدیوں زندہ رہے گی، تو بے جا نہ ہوگا۔

نجمؔ صاحب کے ذہنی شعور اور ان کی غزلوں کی ہیئت کے پیشِ نظر ان کا دور اقبالؔ کے اواخر سے شروع ہو کر جوشؔ اور فیضؔ کے ساتھ چلتے ہوئے احمد فراز، عبید اللہ علیمؔ، کشور ناہیدؔ اور فہمیدہ ریاض سے پہلے ہی ختم ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ان کے یہاں پھر خط و خالِ محبوب، تشبیب و فرازِ بدن اور عریانیت و فحاشی کے موضوعات ملتے ہیں۔ نجمؔ صاحب کا مجموعۂ غزلیات "لہو قطرہ قطرہ" صنفِ غزل میں ایک عظیم اور قیمتی سرمائے کا اضافہ ہے اور ان اقدار کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے جن سے اقبالؔ نے غزل کو آشنا کیا، اس نہج کا آئینہ دار ہے، جس کو انقلابیوں نے پسند کیا، ان مسائل کو سموئے ہوئے ہے، جو ادب برائے زندگی کا خاصہ ہیں۔

نجمؔ صاحب کے یہاں غزل زندگی اور اس کے ماحول کی تمام خصوصیات کو اپنے اندر سمو کر نہایت لطیف انداز میں پائیدار ادب کو جنم دیتی ہے، ان کی غزلوں میں اختصار ہے، خیال کی گہرائیاں ہیں، فکر کی بلندیاں ہیں، یہ غالبؔ کی طرح صرف یہ تمنا کر کے نہیں رہ جاتے کہ

ع: کاش کہ پرے ہوتا عرش سے مکاں اپنا

بلکہ وہ پستی ہمت کے شاکی ہیں۔ ان کے یہاں بلندی کی حد نہیں ملتی کہ

حریف عزم نہ ہوتی جو پستی ہمت
نہ جانے کتنی بلندی پر آشیاں ہوتا

اقبالؔ کی خودی ان کے یہاں خودداری کے روپ میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ وہ راہِ عشق میں بھی راہِ رضا سے ہو کر گزرتے ہیں۔ دل کے تلاطم کی ترجمانی کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیے وہ نغمہ کے بجائے نوحہ کا انتخاب کرتے ہیں۔

گزاردوں شبِ غم ایک ہی تبسم میں
سحر کے رُخ پہ ستارہ سا جگمگاؤں کیا

شبِ غم نہ ہوگی چراغوں سے روشن
یہ تارے کدھر جگمگانے چلے ہیں

لیکن میر کی طرح وہ زوردار آواز میں فریاد وفغاں نہیں کرتے اور نہ ہی وہ ناکامیٔ عشق پر گریہ کناں ہیں۔ اس کے برعکس ان کے کلام میں اعتماد اور یقین ہے۔

آئیں گے ضرور وہ ان سے یوں کہے کوئی
ان کی راہ، جاں نثار دیکھتا چلا گیا

ان کے نزدیک صرف غزل جلوہ طرازیٔ حسن اور وارداتِ عشق کی متحمل نہیں ہوتی بلکہ

قصیدہ عرض کیجیے نجم شانِ حسن میں کوئی
وہ کہتے ہیں غزل ارشاد فرمانے سے کیا ہوگا

مرزا غالب کی واعظ سے درِ میخانہ پر ملاقات ہوتی ہے تو وہ آنکھیں چُرا کر آگے بڑھ جاتے ہیں۔ اس کے برعکس نجم صاحب آنکھیں چرا کر نکل نہیں جاتے، بلکہ جناب شیخ کی مزاج پُرسی کرتے ہیں۔

مزاج پوچھ لیا میں نے راہِ مسجد میں
جناب شیخ سے پھر سامنا کہاں ہوتا

مفت کی پیتے تھے مے اور سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

غالب اس انفرادی تجربہ کو زمان ومکان کی حدود سے آزاد کر کے نجم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحب یوں آفاقیت عطا کرتے ہیں کہ

رنگ لائیں گی غلط سرمستیاں ہر دور میں
لٹتا جائے گا یونہی میخانہ میخانے کے بعد

علامہ نجم آفندی صاحب جوش کی طرح انقلاب کے بلند وبانگ نعرے نہیں لگاتے، نہ ہی چیخ وپکار اور توڑ پھوڑ کا شور مچاتے ہیں، بلکہ وہ صرف دھیمی آواز میں پیامِ انقلاب دیتے ہیں۔

جناب نجم آفندی نے چھوٹی بحروں میں بھی کامیاب تجربے کیے ہیں۔ ان کے کلام میں ہمیں تصوف کے مضامین بھی ملتے ہیں۔لیکن وہ تصوف میں ڈوب کر نہیں رہ جاتے، حقائق کی نشان دہی کرتے ہیں، تشریت نہیں۔ اسرار حیات وکائنات کا ذکر ضرور کرتے ہیں، لیکن اس میں الجھ کر نہیں رہ جاتے۔

ان کا یہی دھیما دھیما انداز — ہلکی آواز میں صدائے انقلاب — نرم روی سے حقائق کی نشان دہی — عشق مگر عقل کی رہنمائی کے ساتھ — پندونصائح کا دفتر کھول کر نہیں بیٹھ جاتے۔ نہ مشکل قوافی کا انتخاب — ان کا یہی وہ منفرد اسلوب ہے جو صنف غزل میں انھیں ایک منفرد، ممتاز اور جاوداں مقام عطاء کرتا ہے۔

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# مطبوعہ غزلیات

## 1

مرا دل ہے نقشِ دوامِ محبت — مری ہر نظر ہے پیامِ محبت
محبت کا مفہوم سمجھو نہ سمجھو — سنا ہوگا تم نے بھی نامِ محبت
بہت کوششیں کیں حریفوں نے اب تک — بگڑنے نہ پایا نظامِ محبت
دو عالم جسے محترم جانتے ہیں — کیا اس نے خود احترامِ محبت
بڑی اس کی قسمت میسر ہو جس کو — دعائے محبت سلامِ محبت
مرے واسطے عہدِ مجنوں سے اب تک — امانت رہے صبح و شامِ محبت
یہ اے مجرمِ تم حق پرستوں سے کہہ دو — مبارک ہو سودائے خامِ محبت

## 2

کفرِ نعمت ہے غمِ عشق میں فریاد نہ کر — زیست کی شان یہ ہے موت کو بھی یاد نہ کر
دل کی وسعت ہی تمنا کے لیے ہے لیکن — ہمتِ دل سے جو کم ہو اُسے آباد نہ کر
آج کچھ اور ہیں تیور مرے دردِ دل کے — عرض کرنا ہے تو کر آج کچھ ارشاد نہ کر
عزمِ محکم ہو تو گر گر کر سنبھلتا ہے بشر — راہِ تدبیر میں اندیشۂ افتاد نہ کر
دلِ خود دار کی توہین ہے اے دردِ ستم — کون کم ظرف یہ کہتا ہے کہ بیداد نہ کر
ان کی آنکھوں میں ہے رقصاں ابھی پندارِ ستم — مجھ سے کہتے ہیں کہ گزرے ہوئے دن یاد نہ کر
ایک دن ایک گھڑی ایک نفس کی مہلت — غمِ دنیا سے جو مل جائے تو برباد نہ کر
زورِ تخیل سے پیدا ہی نہ ہو شکلِ عمل — فکرِ آزاد کو اتنا بھی اب آزاد نہ کر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(3)

مست وہ عیش میں ہیں غم سے گرانبار ہیں ہم — سونیوالوں کو خبر کیا ہے کہ بیدار ہیں ہم
حسن کا زعمِ نظر عشق کا معیار ہیں ہم — سب نے لوٹا ہے ہمیں اِک گھر بار ہیں ہم
نہ تو مرنے کے نہ جینے کے سزاوار ہیں ہم — آپ کی مشقِ ستم کے لیے درکار ہیں ہم
نہ محبت کے نہ دولت کے طلب گار ہیں ہم — کم سے کم عزتِ انساں کے تو حقدار ہیں ہم
ہم نے تاریک زمانوں کو دکھائے ہیں چراغ — کلمۂ کُن کی قسم مطلعِ انوار ہیں ہم
اتفاقات کے بل پر یہ رعونت یہ غرور — پھر کہو آنکھ ملا کر کہ روا دار ہیں ہم
در زنداں سے بھی دنیا کو سبق دیتے ہیں — فکر آزاد ہے جس کی وہ گرفتار ہیں ہم
اپنے مستقبلِ روشن کی خبر دینے کو — ماضی و حال کے مٹتے ہوئے آثار ہیں ہم
دوش پر ہم نے اٹھا رکھا ہے کونین کا بار — کون کہتا ہے زمانے کے لیے بار ہیں ہم
بے تحاشہ ہمیں دعویٰ نہیں آزادی کا — آدمیت کے شکنجے میں گرفتار ہیں ہم
فیصلہ دورِ تشدد کا بھی ہو گا اک دن — جو اٹھا رکھی ہے فطرت نے وہ تلوار ہیں ہم
ہر فضا میں ہمیں رہنا ہے نمایاں ہو کر — آج سردار نہیں ہیں تو سرِ دار ہیں ہم
ہم نے دنیا سے بگاڑی ہے بہت حق کے لیے — حرفِ حق ہے جو بغاوت تو گنہگار ہیں ہم
بات کہنا ہے ترے عہد میں کتنا مشکل — کچھ نہ کہنے پہ بھی ہر وقت گنہگار ہیں ہم
ہم کو معلوم ہیں آئینِ محبت کی حدود — بے نیازِ روشِ سبحہ و زُنار ہیں ہم
صلح مقصود اگر ہے تو یہ جھگڑا کیوں ہو — تم گنہگار نہیں خیر گنہگار ہیں ہم
تجمل اس عہد میں بے قدر ہے کیوں جنسِ وفا — کوئی اتنا نہیں کہتا کہ خریدار ہیں ہم

(4)

ہستی کوئی ایسی بھی ہے انساں کے سوا اور — مذہب کا خدا اور ہے مطلب کا خدا اور
ہر جادۂ منزل میں ہے سجدے کی ادا اور — معبد کی فضا اور ہے مقتل کی فضا اور
پھر ٹھہر گیا قافلۂ درد سُنا ہے — شاید کوئی رستہ میں مری طرح گرا اور
اک جرعۂ آخر کی کمی رہ گئی آخر — جتنی وہ پلاتے گئے آنکھوں نے کہا اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منبر سے بہت فصل ہے میدانِ عمل کا
تقدیر کے مرد اور ہیں مردانِ وغا اور

اللہ گلہ کر کے میں پچھتایا ہوں کیا کیا
جب ختم ہوئی بات کہیں اس نے کہا اور

کتنے بھی ہوں کشتے مرضِ حرص و ہوا کے
بیمار کی موت اور ہے مرگِ شہدا اور

کیا زیرلب اے دوست ہے اظہارِ جسارت
حق ہو کہ وہ ناحق ہو ذرا لے تو بڑھا اور

یہ وہم سا ہوتا ہے مجھے دیکھ کے ان کو
سیرت کا خدا اور ہے صورت کا خدا اور

دولت کا تو پہلے ہی گنہگار تھا مُنعم
دولت کی محبت نے گنہگار کیا اور

یہ دَور جو اے انجم ہے اردو کا مخالف
اس دور میں اردو کی ہوئی نشو ونما اور

5

مری نظر میں نہ معیارِ صبح و شام آیا
تڑپ گیا میں جب اس کا زباں پہ نام آیا

اسے بھی بھر ہی دیا جب اجل کا جام آیا
کہاں کہاں یہ متاعِ حیات کام آیا

عجب نہیں مرے عفوِ خطا کی صورت ہو
سزا کے واسطے میں ایسا تیز گام آیا

یہ لوگ حضرتِ واعظ کو بھولنے کے نہیں
جو میکشوں میں کبھی وقتِ فیض عام آیا

ستم شعاروں کے ہاتھوں ہزاروں ظلم سہے
خیال میں بھی نہ احساسِ انتقام آیا

جو پی کے آئے تھے نشے اتر گئے ان کے
میں اُٹھ کے جب درِ ساقی سے تشنہ کام آیا

فرشتے رہ گئے خاموش فرطِ حیرت سے
وہ راہِ عشق میں انسان کا مقام آیا

شہیدِ عشق وہاں خود پہنچ چکا تھا مگر
برسمِ دہر اُدھر سے اِدھر سلام آیا

کوئی تو دردِ محبت کا چارہ گر ہو گا
ہزار بار یہ دل میں خیالِ خام آیا

ہُوا جو ذکر محبت کے درد مندوں کا
ہمارا نام بھی شاید برائے نام آیا

سُخن طرازوں میں تنقید کی غرض سے سہی
کلامِ انجم کا بھی ذکرِ لا کلام آیا

6

خدا کی یاد کو بھی میکدہ میں آنا تھا
ہمیں بھی اپنا مصلّا الگ بچھانا تھا

بھری بہار تھی پھولوں میں آشیانہ تھا
میں سوچتا ہوں حقیقت تھی یا فسانہ تھا

کہا یہ کس نے ہمارا بھی اک زمانہ تھا
یہ بات کر کے کچھ اپنا ہی دل دُکھانا تھا

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیامِ حق تہِ تیغِ ستم سنانا تھا — یہ وار بھی دلِ قاتل پہ کر کے جانا تھا
چمن پہ روپ، نشیمن میں دلکشی نہ سہی — گری ہے برق تو موسم بڑا سہانا تھا
نگاہ پھیر لی فطرت نے حسن دے کے فقط — بغیر عشق تمھیں آدمی بنانا تھا
اجل نے کی ہے وہ عجلت کہ سانس لے نہ سکے — ذرا حیاتِ دو روزہ پہ مسکرانا تھا
نہ غم کو تھی نہ حوادث کو دشمنی مجھ سے — کبھی کبھی مرے احساس کو جگانا تھا
خدا کو میں نے بفیضانِ عشق مان لیا — خرد زدوں کو دلائل میں سر کھپانا تھا
گناہ نشر کیے اس کے خوب واعظ نے — خدا کی راہ میں جس جس کا دل دکھانا تھا
ملال کس کو ہے دشمن نہیں وہ دوست سہی — مجھے کسی نہ کسی سے فریب کھانا تھا
قدم قدم پہ خطا کی ہے ابن آدم ہوں — نئے گناہ مگر سلسلہ پُرانا تھا
جو ہار بیٹھے تھے ہمت وہ اب کدھر جاتے — خیال و خواب کی منزل ہی اک ٹھکانا تھا
رہِ وفا میں بڑا بول کوئی کیوں بولے — کہاں گئے وہ جنھیں میرے ساتھ آنا تھا
میں نجم حال کا مفہوم ہی سمجھ نہ سکا — مری نظر میں گزرتا ہوا زمانہ تھا

7

سچ ہے کہ وہ قریبِ رگِ جاں ضرور تھا — پاسِ ادب سے میں ہی ذرا دور دور تھا
سجدے میں کل کسی کا سرِ پُر غرور تھا — دن پھر گئے تو ردِ عمل بھی ضرور تھا
مارا ہے کس کے داؤں نے دنیا سے کیا کہوں — میں دوست کے قریب تھا دشمن سے دور تھا
آنکھوں نے جان ڈال کے دل رکھ دیا تھا نام — دل کیا تھا میرے ذوقِ نظر کا شعور تھا
سنتا ہوں منتظر تھیں ہزاروں حقیقتیں — میں عشرتِ خیال کے نشے میں چور تھا
سہو و خطا ودیعتِ فطرت سہی مگر — کہنا یہی پڑے گا ہمارا قصور تھا
اُٹھیں جواب کی بار قیامت ہی بن کے ہم — جینے کے واسطے ہمیں مرنا ضرور تھا
یہ گت بنا کے جاؤں میں کیا اس کے سامنے — تخلیقِ کائنات پہ جس کو غرور تھا
سب اقتدار ملتے ہی مصرف میں آ گیا — کم ظرف کے دماغ میں جتنا فتور تھا
کیا رنگ و روپ آیا ہے کافر کے حسن پر — کتنا مری نگاہِ محبت میں نور تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرفانِ نفس تھا جنھیں ان کا سکوں نہ پوچھ  میں کم نصیب اپنی حقیقت سے دور تھا

**8**

کسی دن داغ گمراہی رہے گا ان کے سر ہو کر  جو اپنی راہ چلتے ہیں ہمارے راہ بر ہو کر
بضاعت کیا رہے گی مصرفِ نقد و نظر ہو کر  غنیمت ہے جو کوئی عیب رہ جائے ہنر ہو کر
نئی قیدیں بڑھیں منت گزارِ بال و پر ہو کر  دوائے دردِ دل آئی عذابِ دردِ سر ہو کر
سکوں حاصل ہے مجھ کو بندگی میں بھی محبت کی  تمھیں راحت نہیں ملتی خدائے سیم و زر ہو کر
ہزاروں قہقہوں میں گم نہ ہو جائے صدا میری  اکیلا کیا کروں انسانیت پر نوحہ گر ہو کر
وہ کیا جانیں کہ تیور اور ہیں اب جذبۂ دل کے  یہ سمجھے ہیں کہ رہ جائے گا کچھ دن شور و شر ہو کر
دیا کرتا ہے انساں اپنے دل کو بھی فریب ایسا  خبر سب کچھ ہے اور بیٹھے ہوئے ہو بے خبر ہو کر
نہ پوچھو دہر میں کٹائی گئی ہے زندگی کتنی  کہیں بیدست و پا ہو کر کہیں بے بال و پر ہو کر
کبھی عزم و عمل کی طاقتوں میں خم نہیں آیا  دکھائی آنکھ دنیا نے بہت زیر و زبر ہو کر
خدا معلوم دل سے کیا جوابِ تلخ ملتا ہے  محبت کا پیام آیا ہے محرومِ اثر ہو کر
نظر آئے ہمیشہ عیب اوروں کے ہنر اپنے  نگاہوں نے دغا دی عارفِ عیب و ہنر ہو کر
دلِ پُر درد کو بے درد دنیا کیا سمجھتی ہے  سہے گا وار تنہا امنِ عالم کی سپر ہو کر
زمانہ ہو چکا باطل کی افسانہ طرازی کا  حقیقت رنگ لائی ہے نوائے کارگر ہو کر
اجل ہو گی وہ کیسی جینے والے سوچتے ہوں گے  اجل کو ڈھونڈتا ہوں زندگی سے بہرہ ور ہو کر
نہ عزمِ آہنی تھا جن کی قسمت میں نہ منزل تھی  پڑے ہیں رہ گزر پر کشتگانِ سیم و زر ہو کر
حریفوں کو مبارک ہو برائے نام آزادی  یہ آئی ہے انھیں کے گھر حیاتِ مختصر ہو کر
ہنر مندوں کا آپس میں حسد اے نجم کیا معنی  ہنر سے دشمنی رکھتے ہیں یہ اہلِ ہنر ہو کر

**9**

احساسِ التجا بھی نہیں التجا کے بعد  اللہ کیا سکون ملا ہے دعا کے بعد
حاصل ہوا یہ سعی دلِ مبتلا کے بعد  اے دوست پھر زوال ہے نشو و نما کے بعد
تقدیر اُس کی جس کو یہ منزل نصیب ہو  اک شکر کا مقام ہے صبر و رضا کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

کیا اقتضاء ہے تیرے کرم کا یہ ہے سوال
یہ میں بھی جانتا ہوں سزا ہے خطا کے بعد

رندوں میں اور بڑھ گیا رحمت کا اعتبار
واعظ ترے بیانِ عذابِ خدا کے بعد

نظریں ہماری جوہرِ قابل ہیں یا نہیں
دیکھیں گے ایک جلوۂ ہوش آزما کے بعد

کتنا خدا سے قرب کچھ اہلِ وفا کو ہے
کس کس کی یاد آئی ہے یادِ خدا کے بعد

غم کی فضا میں کوئی نہ آیا بروئے کار
دل بجھ گئے ترے دلِ درد آشنا کے بعد

انجام سعیٔ فکر و عمل کا خدا پہ چھوڑ
امید ہی خبر کی نہ رکھ مبتدا کے بعد

دنیا رسا ہو تا بہ حقیقت مجال ہے
لوٹی ہے پچھلے پاؤں ہر اک ارتقاء کے بعد

دیکھا ہے کس نے چہرۂ ہستی پہ رنگ و روپ
اہلِ وفا سے پہلے اور اہلِ وفا کے بعد

اک مشتِ خاک ہی سہی نسبت تو دیکھیے
کونین میں مقامِ بشر ہے خدا کے بعد

کوشش تو تجملِ دولتِ دنیا نے کی بہت
بھولے سے بھی نعم نہ کہا میں نے لا کے بعد

**10**

ہر ایک دوست کو دشمن کو میں پکار آیا
کسے زبانِ محبت کا اعتبار آیا

فضائے شوق میں جو اپنے جی کو مار آیا
حیات و موت کی سرحد پہ رُستگار آیا

غرورِ عشق میں سر نذر کر دیا میں نے
نگاہِ ناز کا اک قرض تھا اُتار آیا

خود اپنے حسنِ طبیعت کا عیش کیا کم تھا
خیال میں نہ کبھی عیشِ روزگار آیا

رہِ طلب میں بڑی روک تھام تھی لیکن
قدم بڑھا دیے جس نے وہ ہاتھ مار آیا

شریکِ حال تھی عہدِ خزاں میں خودداری
زباں پر بھی نہ فسانۂ بہار آیا

نہ جانے کس کو پکارا تھا اس کی رحمت نے
تڑپ کے میں نے صدا دی گنہگار آیا

نئے نئے جو سنے ہر فضا میں نام اس کے
بغیر نام کے ہی میں اُسے پکار آیا

کُجا تصورِ حق تہ ملی نہ باطل کی
مرے خدا، میں بہت ہاتھ پاؤں مار آیا

کسی نے اپنی محبت کا تذکرہ جو کیا
مجھے بھی یاد مرا خوابِ خوشگوار آیا

یہ اور بات ہے ہم خود چمن میں رہ نہ سکیں
خدا، کا شکر زمانہ تو پُر بہار آیا

کبھی مزاج ٹٹولا نہ عصرِ حاضر کا
خیالِ عہدِ گذشتہ ہزار بار آیا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لگا کے تجمّ محبت میں آخری بازی
شعورِ فکر و نظر کی رقم بھی ہار آیا

## 11

جو اپنے دل کے تلاطم کا ترجماں ہوتا
زباں پہ جس کی ہے نغمہ وہ نوحہ خواں ہوتا

حریف عزم نہ ہوتی جو پستیِ ہمت
نہ جانے کتنی بلندی پہ آشیاں ہوتا

کبھی تو جا کے خدائی سے بندگی ملتی
بُرا ہی کیا تھا جو سجدہ نہ درمیاں ہوتا

تمہارے ذوقِ تکلّم کا یہ تقاضہ ہے
تمھاری بزم میں ہر شخص بے زباں ہوتا

مزاج پوچھ لیا میں نے راہِ مسجد میں
جنابِ شیخ سے پھر سامنا کہاں ہوتا

گزر رہے ہیں محبت میں دن غنیمت ہے
مزاج کرتے جو کوئی مزاج داں ہوتا

گناہ اور ہے جبرِ گناہ ہے کچھ اور
جو معترض ہے وہ اے کاش نکتہ داں ہوتا

بہار آئی تھی کچھ زخمِ دل ہرے ہوتے
یہ سوز و ساز کا موسم نہ رائیگاں ہوتا

بُرا کہا مجھے دشمن نے خیریت گزری
زبان دوست کا اک حرف بھی گراں ہوتا

شریکِ حال نہ ہوتی جو تجمّ خودداری
ہمارے غم کا فسانہ غمِ جہاں ہوتا

## 12

نہ پوچھیے غمِ دوراں میں کیا اثر دیکھا
خود اپنے حال پہ کس کس کو نوحہ گر دیکھا

منازلِ غمِ ہستی کو عمر بھر دیکھا
مآل یہ ہے کہ جیسے بیک نظر دیکھا

مزاجِ دوست نے بھولے سے جب اِدھر دیکھا
نگاہِ شوق میں اک حسن جلوہ گر دیکھا

رہِ رضا میں سہارے بغیر چل نہ سکے
بڑے بڑوں نے مرا ہاتھ چھوڑ کر دیکھا

کچھ ایسے نقش مری خستگی نے چھوڑے ہیں
غرورِ حسن بھی ٹھہرا گیا جدھر دیکھا

گناہگاروں کے اتنے بڑے سے مجمع میں
خدا کا شکر مجھے اس نے اک نظر دیکھا

قصیدے جن کی زبانوں پہ دردِ دل کے رہے
انھیں بھی ہم نے گرفتارِ دردِ سر دیکھا

خدا بھلا کرے احباب کی نگاہوں کا
ہمارا حال تھا نا دیدنی مگر دیکھا

عمل کی حد میں وفا کا بڑا مقام سہی
بیاضِ عشق میں اک حرفِ مختصر دیکھا

اسے بھی خلقتِ انسانیت پہ ناز ہوا
جب اس نے کون و مکاں دیکھ کر اِدھر دیکھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملا جو عیب کہیں ہم نے چشم پوشی کی — ہنر جہاں نظر آیا بصد نظر دیکھا
مجھے انیسؔ کی عظمت پہ رحم آیا نجمؔ — وہ رنگ چہرہ یومِ انیسؔ پر دیکھا

**13**

زمانے کی فضا میں انقلاب آنے سے کیا ہوگا — نہ بدلے گا یہ دل دنیا بدل جانے سے کیا ہوگا
کبھی جھوٹی تسلی سے کسی کی پیاس بجھتی ہے — ہمیں سمجھائیں اپنے دل کو سمجھانے سے کیا ہوگا
انہیں پھیلے ہوئے ہاتھوں کو سرگرم عمل کر دو — اندھیرے میں خطِ تقدیر پڑھوانے سے کیا ہوگا
کوئی تدبیر کیجے میں نہیں تقدیر کا قائل — مری حالت پہ لفظوں میں ترس کھانے سے کیا ہوگا
بحمد اللہ محفل کی فضا میں نے بدل ڈالی — اٹھا دو اب مجھے اب میرے اٹھ جانے سے کیا ہوگا
ملے گی کچھ نہ کچھ دیوانگی ہر مردِ میداں میں — یہی کہتی رہے دنیا کہ دیوانے سے کیا ہوگا
نگاہِ خشمگیں دعوت نہ بن جائے تبسم کی — ہم ایسے من چلوں پر آگ برسانے سے کیا ہوگا
خدا رکھے یہی زندہ دلی ہوگی ثواب بھی ہے — گئی گزری جوانی کے پلٹ آنے سے کیا ہوگا
نشیمن میں بھی رہ جائے قفس کا دردِ سر شاید — رہا ہو کر گلستاں کی ہوا کھانے سے کیا ہوگا
قصیدہ عرض کیجے نجمؔ شانِ حسن میں کوئی — وہ کہتے ہیں غزل ارشاد فرمانے سے کیا ہوگا

**14**

دے کے دل، میں بے قرار دیکھتا چلا گیا — اپنے غم کا شاہکار دیکھتا چلا گیا
اس کو راہِ عشق پر لے کے آئے بھی تو کیا — اپنے حسن کی بہار دیکھتا چلا گیا
چھیننے کی چیز تھا اک میرا عزمِ مستقل — انقلاب روزگار دیکھتا چلا گیا
موت نے اُتار لی جب نقابِ زندگی — زندگی کا پردہ دار دیکھتا چلا گی
کیا ضرور تھا کہ وہ غم کی بات پوچھ لے — دو جہاں کا غم نثار دیکھتا چلا گیا
کائناتِ حسن تھی آئینہ در آئینہ — میں بہار در بہار دیکھتا چلا گیا
آئیں گے ضرور وہ ان سے یوں کہے کوئی — ان کی راہ جاں نثار دیکھتا چلا گیا
زندگی بھی خواب تھا اے خوابِ زندگی — خوشگوار و ناگوار دیکھتا چلا گیا
پھر خمارِ غم ہوا غم کو پھر نظر لگی — پھر مجھے ستم شعار دیکھتا چلا گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آہ کر رہا تھا جو سانس بھی نہ لے سکا　　فیضِ جبر واختیار دیکھتا چلا گیا
عید ہی سہی مگر میکدے میں ہم نہ تھے　　نجم اِبر نو بہار دیکھتا چلا گیا

**15**

کھل گیا جامۂ ہستی کا گراں ہو جانا　　دیکھیں اس بزم سے اٹھیں تو کہاں ہو جانا
جان لیوا ہے ترا جانِ جہاں ہو جانا　　کس ونا کس کے قریب رگ جاں ہو جانا
ساتھ دو گے مرا تم بھی کو زبانی ہی سہی　　حق کو اک روز ہے جاری بزباں ہو جانا
دل کا آئینہ سلامت مجھے منظور نہیں　　آئینہ دیکھ کے دم بھر کو جواں ہو جانا
اس سے کیا صبر کے معیار میں فرق آتا ہے　　عظمتِ غم سے مرا اشک فشاں ہو جانا
ہائے وہ مجھ پہ زمانے کی نگاہِ تنقید　　ہائے وہ اپنی ہی نظروں سے نہاں ہو جانا
کہیں ان آنکھوں نے جانی ہے حقائق پہ نظر　　دل کو خود چاہیے چشمِ نگراں ہو جانا
وقت آنے پہ مجھے دوست بنانا ہی پڑا　　راس آیا نہ انھیں دشمنِ جاں ہو جانا
کیسا میدانِ عمل دیکھ کے دل بیٹھ گیا　　کیسا آساں تھا ارادوں کا بیاں ہو جانا
دولت و علم کی منزل میں ہُوا ہے اکثر　　اپنی ہستی پہ کوئی اور گماں ہو جانا
اپنے اوہام کو الہام سمجھنے والے　　کچھ ہنسی کھیل ہے کیا حق بزباں ہو جانا
عشق ایثار کا وہ نقطۂ آخر ہے جہاں　　زندگی میں ہے فراقِ تن وجاں ہو جانا
کیسی حسرت سے مری بے عملی نے دیکھا　　کتنی دل سوز امیدوں کا دھواں ہو جانا
نجم بہتر ہے تصنع کی دل آویزی سے　　تلخ لہجہ میں حقیقت کا بیاں ہو جانا

**16**

خوابِ خوش کہنے ہی کو اپنا تھا اپنا کچھ نہ تھا　　حرفِ آزادی سنا تھا ہم نے سمجھا کچھ نہ تھا
کون کہتا ہے کہ دنیا میں ہمارا کچھ نہ تھا　　جب تک اپنے فرض کا احساس تھا کیا کچھ نہ تھا
ہاتھ خالی اپنی منزل سے چلا سوئے عدم　　اے مسافر کچھ ترے قبضہ میں تھا یا کچھ نہ تھا
بات کہنے کی نہیں لیکن حقیقت ہے یہی　　میری ہستی سے جو سب کچھ ہے وہ تنہا کچھ نہ تھا
ان کی اک کروٹ پہ ہو جاتی ہے دنیا مضطرب　　میں تڑپتا تھا مگر میرا تڑپنا کچھ نہ تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پُرسکوں تھی میرے دل کی طرح مسجد کی فضا
کتنے فتنے آج اٹھے ہیں کل یہ جھگڑا کچھ نہ تھا

دامنِ دولت تھا جب تک دامنِ اغیار میں
آپ بھی تھے ہم بھی تھے یہ میرا تیرا کچھ نہ تھا

رحم کے قابل ہے اس کا عالمِ بے چارگی
کہہ دیا جس نے بہت کچھ اور سوچا کچھ نہ تھا

ہم کو کس کس نے نہ سکھلائے طریقے صبر کے
اپنے اوپر وقت جب آیا طریقہ کچھ نہ تھا

اعترافِ معصیت تھی میکشی کے ساتھ ساتھ
میکدے میں نازِ تسبیح و مصلاّ کچھ نہ تھا

سو ارادے تھے عمل کے حوصلہ کو کیا کریں
اب تو کہنے کے لیے ان کا ارادہ کچھ نہ تھا

فطرتِ انساں پہ جب تک عشق تھا پرتو فگن
جوہرِ انسانیت کو نجم خطرہ کچھ نہ تھا

17

پھر نہ اٹھا کوئی فتنہ حشر ہو جانے کے بعد
رہ گئی خاموش دنیا میرے افسانے کے بعد

وہ تسلی دینے آئے ہیں ستم ڈھانے کے بعد
کیا کروں گا اب یہ تحفہ گھر ہی لٹ جانے کے بعد

اس بھری دنیا میں اک انساں نظر آتا نہیں
زعم کتنا بڑھ گیا انسان کہلانے کے بعد

میکدے میں مجھ پہ جو ہنستے ہیں ان کو کیا خبر
کتنے پیمانے اٹھیں گے میرے پیمانے کے بعد

میری پیشانی پہ اک بل بھی نہ آئے گا نظر
دیکھنا میری طرف دنیا بدل جانے کے بعد

کھل گئی تیری زباں ذوقِ سماعت اب کہاں
کیا کہے کوئی ترے ارشاد فرمانے کے بعد

کانپ اٹھا میں دیکھ کر دردِ محبت کا اثر
رو دیا وہ سنگدل بھی مجھ کو سمجھانے کے بعد

تم کہاں تک جاگ سکتے ہو سحر ہونے کو ہے
شمعِ محفل کو بھی نیند آتی ہے پروانے کے بعد

بجلیوں کی شوخیوں کو ایک مصرف چاہیے
آپ کا عشرت کدہ ہے میرے ویرانے کے بعد

رنگِ محفل اب کسی فنکار کے بس کا نہیں
دیکھئے کیا ہو مجھے محفل سے اٹھوانے کے بعد

خاک ہو کر ہم نشیں اکسیر ہونا ہے مجھے
کیا کہیں راحت ملے گی خاک ہو جانے کے بعد

رنگ لائیں گی غلط سرمستیاں ہر دور میں
لٹتا جائے گا یونہی میخانہ میخانے کے بعد

نجم فکرِ حب میں اک حرفِ آخر اور ہے
ہم ٹھہرنے کے نہیں پیغام پہنچانے کے بعد

18

جنوں کا جوش دکھا لالہ زار پیدا کر
خزاں کا چیر کے سینہ بہار پیدا کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سبک خرامیِ برق و شرار پیدا کر — جو رہ گزار نہ ہو رہ گزار پیدا کر
فضا مخالفِ سرمایہ دار پیدا کر — دلِ غریب محبت شعار پیدا کر
قدیم زاویۂ فکر سے جہاں کو نہ دیکھ — نظر مناسبِ لیل و نہار پیدا کر
غرورِ بندگی و ہوشِ بندگی کب تک — جبیں سے سجدۂ مستانہ وار پیدا کر
نگاہِ ناز کی یہ سرد مہریاں توبہ — نگاہِ شوق سے برق و شرار پیدا کر
نئی حیات ہو عہدِ حیات کا حاصل — اس ابتدا سے یہ انجام کار پیدا کر
تصورات کے نقش و نگار کیا ہوں گے — تصرّفات میں نقش و نگار پیدا کر
غرورِ ظلم لرز جائے جس سے ٹکرا کے — سکون و صبر کا وہ کوہسار پیدا کر
نظر سے عجز نہ جھلکے زباں پہ آہ نہ ہو — فضائے جبر سے یہ اختیار پیدا کر
ہزار رنج اُٹھا لے یہ بارِ غم نہ اٹھا — نہ بھول کر بھی کوئی غمگسار پیدا کر
جہانِ عشق میں جس کو کبھی زوال نہ ہو — کمالِ غم سے وہ نصف النہار پیدا کر
جو بڑھتے بڑھتے اک احساسِ کمتری بن جائے — نہ اس طرح کا غمِ انکسار پیدا کر
مجھے ہو فتح کیا امید اس کو بیم و شکست — دلِ حریف میں بھی اعتبار پیدا کر
وہ جنگ کی کہ لبِ زخم پر ہنسی بھی نہ ہو — کوئی مقابلۂ خوشگوار پیدا کر
حکومتوں کے بھی جھک جائیں سر ترے آگے — وہ دل وہ حوصلۂ اقتدار پیدا کر
جو پھانس بن کے رگِ دل کی روح کہلائے — کہیں سے وہ خلشِ ساز گار پیدا کر
گلہ ہو شکر ہو تقریر ہو کہ شعر ہو نجم — یہ طول ٹھیک نہیں اختصار پیدا کر

19

پہنچیں گے نہ گمراہ تری راہ گزر تک — قسمت کے سکندر ہیں پلٹ آئیں جو گھر تک
کیا ذکر ہے نشہ کا تری بزم میں ساقی — چہرے بھی اُتر جائیں گے آثارِ سحر تک
کیوں آ گئے تم ہر کس و ناکس کی نظر میں — کیا نور تھا رُخ پر مری پاکیزہ نظر تک
سُنتا ہوں کہ سیدھے ہیں بہت حضرتِ واعظ — دھوکے میں چلے آئے تھے میخانہ کے در تک
مارے گئے کچھ یوں بھی غمِ عشق کے رہرو — پہنچی نہ کسی قافلہ والے کو خبر تک

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُبھریں گے کبھی جادۂ تقدیس کے دھبّے
انسان فرشتہ ہی سہی نقد و نظر تک

ناکامِ ازل پوچھتا پھرتا ہے ہر اک سے
وہ کس کی دعا ہے جو پہنچتی ہے اثر تک

اک شب تو محبت کی عبادت میں گزر جائے
اللہ بچالے جو شبِ غم کی سحر تک

کرتے رہو تم تا بہ قمر جانے کی کوشش
جانا ہے مجھے خالقِ صد شمس و قمر تک

ہم کیا ہیں میسر نہیں موسیٰ کو تحمل
سنتے ہیں کہ بات آ ہی گئی ذوقِ نظر تک

کہہ دے کوئی واعظ سے کہ یہ سجدہ گزاری
محدود نہیں ہے طلبِ سجدہ و سر تک

اک پَل میں بھی ہے معرفتِ حُسن کا امکاں
وقفہ ہے بہت روشنیِ برق و شرر تک

اللہ رے اس کی نگہِ ناز کی قوت
کھینچی ہے لکیر ایک مرے دل سے جگر تک

کس کو ہے خبر مرحلے طے کتنے کیے ہیں
اک قطرۂ ناچیز نے تعمیرِ گُہر تک

دل اپنا جلاتا ہوں شبِ غم تو یہ غم ہے
یہ آگ پہنچ جائے نہ دامانِ سحر تک

اللہ میں کب سے پسِ دیوار پڑا ہوں
کتنی یہ کٹھن راہ ہے دیوار سے دَر تک

فرمودۂ غالبؔ کے موافق ہوں میں انجم
جینے کا یقیں کس کو ہے آہوں کے اثر تک

20

سوئے اجل بھی جائیں گے اس کرّ و فر سے ہم
گیتی بھی تھرتھرائے گی گزرے جدھر سے ہم

آج اپنے ہی چمن میں ہیں بے بال و پر سے ہم
اللہ گھر میں رہ کے بھی باہر ہیں گھر سے ہم

میداں میں سربلند تھے تیغ و تبر سے ہم
زنداں میں سر نہ پھوڑیں گے دیوار و در سے ہم

کیا جانے اتحاد ہو یا اور افتراق!
جس دن اُدھر سے آپ آگئیں اور اِدھر سے ہم

تم نے ہنر کو عیب سے بدتر بنادیا
کچھ عیب بھی کیا تو کریں گے ہنر سے ہم

بیگانہ دردِ سَر سے ہے وہ دردِ دل کجا
کھٹکا یہ ہے الجھ نہ پڑیں چارہ گر سے ہم

بخشا ہے ظرف دیکھ کے فطرت نے دردِ دل
لائے نہیں اٹھا کے کسی رہ گزر سے ہم

تاریکیوں میں روشنیاں پھیلتی گئیں
کتنے چراغ جل گئے گزرے جدھر سے ہم

اُٹھ جائے روئے حسن سے پردہ حجاب کا
باتیں کریں گے عشق کے پیغامبر سے ہم

رات آگئی یہ بیچ میں کس تیرہ بخت کی
بیدار ہوچکے تھے پیامِ سحر سے ہم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

راس آئیں شاید ان کو یہ ہنگامہ سازیاں — منزل کو جا رہے تھے اس شور و شر سے ہم
تم نے تو خوب راہ میں کانٹے بچھائے ہیں — بچ بچ کے چل رہے ہیں شعورِ نظر سے ہم
طوفان یہ تھے تو ملے فرصتِ عمل — بیٹھے ہیں ہار مان کے فکر و نظر سے ہم
جینا ہمارا مرگِ مسلسل سے کم نہیں — اس حال میں بھی جیتے ہیں مرنے کے ڈر سے ہم
کیا بال و پر ہیں قوتِ پرواز کے بغیر — کس درجہ دیدہ زیب ہوئے بال و پر سے ہم
جوشِ عمل بڑھا بھی تو اتنی زباں کھلی — زنداں کوئی ملے تو بدلتے ہیں گھر سے ہم
وہ بھی ہیں چل پڑے جو ستاروں کی راہ پر — اور آپ چاہتے ہیں کہ باز آئیں سر سے ہم
کیا بیچ میں سے بات کٹی ہے نہ پوچھیے — کچھ کہہ رہے تھے زندگیٔ مختصر سے ہم
وحدت ہماری حاصلِ نوعِ بشر ہے تجمؔ — وابستہ ہیں جو دامنِ خیر البشرؐ سے ہم

## 21

حدِ گناہ میں آجاتی ہے نگاہ کبھی — بشر سے ہوتے ہیں کتنے گناہ نا معلوم
وہ اقتدار سہی ناگہاں نصیب نہ ہو — رہے گا دل پہ بھی کچھ اقتدار کیا معلوم
سنوارے لب کے نئے سرے سے جب چمن فطرت — بہار کس کی ہو کس کی خزاں خدا معلوم
ٹھٹک کے رہ گئے نا آشنائے راہِ وفا — رکے نہ وہ جنہیں اپنا مقام تھا معلوم
ہے بال بال گنہگار خود میں کہہ دوں گا — کریں گے جبرِ مشیت سے اور کیا معلوم
شعورِ خیر سے امکانِ شر ہُوا معلوم — خرد زدوں کو یہ قدرت کے کھیل کیا معلوم
بشر نے رازِ حقیقت کیا ہے کیا معلوم — تمام فکر و نظر اور تمام نا معلوم
بہت زمانے سے تھا ذوق کارفرمائی — چلو تمہارا بھی معیار ہوگیا معلوم
ہر آدمی سے میں حق بات کہتے ڈرتا ہوں — یہ حق ہوا ہے فرشتوں کو بھی بُرا معلوم
بہت سے ایسے فسانے تو بنتے آئے تھے — بدل ہی جائے گی دنیا یہ کس کو تھا معلوم
بچا ہوں وار سے دشمن کے بارہا لیکن — ابھی اجل کو ہیں رستے ہزارہا معلوم
جو دردِ عشق ترا حاملِ حیات نہیں — سوال ہے تری ہستی جواب نا معلوم
غضب کیا مری آنکھوں میں ڈال دیں آنکھیں — پلائیں گے مجھے کتنی شراب کیا معلوم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

کوئی حسینؑ کا ایثار جَم کیا سمجھے　　کسے ہے وسعتِ مفہومِ کربلا معلوم

22

مجھے کرنا ہے کچھ پروانۂ آتش بجاں ہوکر　　وہ شعلہ بن کے جلنا یا سلگنا ہو دھواں ہوکر
کہیں ہوتی ہے احسانوں کی گنتی مہرباں ہوکر　　یہ باتیں دل میں رہتی ہیں حسابِ دوستاں ہوکر
گرا ہو سعیِ برحق میں صفِ ناتواں ہوکر　　ضرورت ہے تو اٹھوں خاکِ مقتل سے جواں ہوکر
بہت اڑتے ہوئے دیکھے ہیں دامن دھجیاں ہوکر　　یہ پروازِ تشدد رہ نہ جائے رائیگاں ہوکر
رہے صدیوں کسی کے در پہ سنگِ آستاں ہوکر　　دماغ اب عرش پر ہیں امتیازِ جسم و جاں ہوکر
ہوئی ہو ابتدا جس کی عذابِ ناگہاں ہوکر　　نہ جانے کیا بلا ہوگی وہ آزادی جواں ہوکر
کشش ہے خاک کی یا بے نیازی خاکساری کی　　بہت سرکش اُتر آئے زمیں پر آسماں ہوکر
کوئی حق کا دھنی اٹھے تو باطل تھم نہیں سکتا　　ہم اپنے حق سے خود بیٹھے ہوئے ہیں بدگماں ہوکر
زہے جوشِ عمل کچھ جینے والے کر لیے پیدا　　وہ جذبہ کیا جو آخر رہ گیا انگڑائیاں ہوکر
سلامت ہمت منزل نہ دے گا ساتھ گر کوئی　　اکیلا اپنے دم سے بڑھ چلوں گا کارواں ہوکر
گنہ کیا سر پہ لیتے آزماتے کس کی رحمت کو　　خدا کے خوف نے جنبش نہ کی بارِ گراں ہوکر
امیدِ عافیت کیا کیا پھلی پھولی ارے توبہ　　زمیں کا پی لہو برسا وہ گزرے ہیں جہاں ہوکر
الٹ پھیر اس کی قدرت کے سمجھ ہی میں نہیں آئے　　بہار آئی دلیلِ اعتبارات خزاں ہوکر
دلِ بیگانۂ ہمت کو یارب کیا کرے کوئی　　جو پتھر بن کے بیٹھا کاش اُڑ جاتا دھواں ہوکر
نہ ٹکر لے سکی کوئی مرے شوقِ شہادت سے　　ہزاروں نعمتیں آئیں نصیبِ دشمناں ہوکر
عجب کیا دم نکل جاتا جو کم ظرفوں کا سنتے ہی　　نوید آتی اگر کوئی حیاتِ جاوداں ہوکر
گری جب آشیاں پر ہم نے تب بجلی کو پہچانا　　ہزاروں بار گزری ہے قریبِ آشیاں ہوکر
یہ دن چڑھتا ہوا پھولوں کے یہ اترے ہوئے چہرے　　چمن میں کیا بہار آئی ہے تصویرِ خزاں ہوکر

23

بن گئی قوسِ قزح جب لے کے انگڑائی غزل　　فکر کے ظلمت کدہ میں روشنی لائی غزل
فلسفہ، منطق، سیاست، موعظہ، حکمت، حدیث　　علم و فن کی ہر بلندی پر نظر آئی غزل

Presented by: Rana Jabir Abbas

حمد و نعت و منقبت، نوحہ، قصیدہ، مرثیہ　　کتنے عالم اپنے دامن میں اٹھالائی غزل
رزم میں بھی کارفرما بزم میں بھی نغمہ کار　　نازشِ اسکندری و فخرِ دارائی غزل
جوہر فرہاد و مجنوں نل دمن کا رنگ و روپ　　لذتِ شیرینی و اندازِ لیلائی غزل
اللہ اللہ دامنِ پیغمبری تک دسترس　　رفعتِ فکرِ سلیماں بن کے اترائی غزل
میرؔ و غالبؔ کی غزل ہے نجمؔ و ثاقبؔ کی غزل　　تجھ سے ارضِ تاج نے کی بزم آرائی غزل
زادۂ ایراں ہے تو پروردۂ ہندوستاں　　یہ دو عالم مانتے ہیں تیری یکتائی غزل
ابتدائے آفرینش سے یہی ہوتا رہا　　عشق نے آنسو بہائے حسن نے گائی غزل
مسکرائی فطرتِ غم درد نے تعظیم دی　　شاعرِ حساس کی رگ رگ میں لہرائی غزل
ہے یہاں روئے سخن حسنِ حقیقت کی طرف　　اہلِ ظاہر کے لیے ہے وجہِ رسوائی غزل
لگ گئے تہذیب کی رنگینیوں میں چار چاند　　ہم نے اس دنیا کے جس گوشے میں پہنچائی غزل
حضرتِ سوداؔ الجھ کر شوخیوں میں رہ گئے　　میرؔ صاحب کو بڑی کاوش سے ہاتھ آئی غزل
یہ غزل کو سب سے پہلا صاحبِ دیواں ہوا　　پاگئی لطفِ ولیؔ سے شانِ والائی غزل
کوئی اس کو اپنے منصب سے ہٹا سکتا نہیں　　آج تک تو کر رہی ہے کار فرمائی غزل
نجمؔ میرے ہموطن ہیں غالبؔ و میرؔ و نظیرؔ　　کیوں نہ کرتی میرے در پر ناصیہ سائی غزل

## 24

دلی جذبات کے برعکس یہ صورت گری کب تک　　بنامِ زندگی آخر فریبِ زندگی کب تک
رہے گا نا مکمل یہ نظامِ دلبری کب تک　　خدایا تیری دنیا میں محبت اجنبی کب تک
فقیر اللہ کے سمجھے ہوئے تھے اس حقیقت کو　　سرِ انساں پہ ٹھیرے گی کلاہِ خسروی کب تک
کسی دن یہ پہیلی بوجھنی ہے حضرتِ دل سے　　پرائی عقل میں اور اپنی دولت میں کمی کب تک
عمل کی راہ سے بھی ربط ہے کچھ عزمِ منزل کو　　خیال و خواب کے ماحول میں آوارگی کب تک
اجل کی نیند بھی میں سو گیا پھر چونکا کیا　　نہ جانے وقت کے احساس نے آواز دی کب تک
کبھی تو ایک سجدہ اس کا ہنستے کھیلتے کرلیں　　خدا کی یاد میں یہ بندگی بے چارگی کب تک
بہت میکش جہاں دو گھونٹ میں آپے سے باہر تھے　　کسے معلوم ہے ہم نے وہاں آنکھوں سے پی کب تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ غش کی بے شعوری ہے نہ غفلت خوابِ راحت کی — شعورِ زیست میں یہ وقت کی غارت گری کب تک

سر منبر نظر تھی دل تھا سجدے میں محبت کے — خدا معلوم واعظ نے کہانی سی کہی کب تک

محبت کر رہی تھی درد کی پیغمبری کب سے — محبت سے بچاتا جان اپنی آدمی کب تک

فرشتہ ہوں کوئی جو درد سمجھوں گا نہ دُشمن کا — بھلا انسان سے انسان کی بے گانگی کب تک

کبھی یہ سوچتا ہوں مجمع میں اشعار پر اپنے — چڑھیں گی ان کی نظروں میں یہ آیاتِ جلی کب تک

25

آڑ ہے کعبہ کی سجدہ روئے جاناں کی طرف — فطرتاً انساں کا دل جھکتا ہے انساں کی طرف

جاؤں گا اس بزم میں نا خواندہ مہماں ہی سہی — غور سے دیکھیں گے وہ نا خواندہ مہماں کی طرف

ایک طوفانِ محبت ہوں میں رُکتا ہوں کہیں — کیا سمجھ کر انگلیاں اُٹھتی ہیں طوفاں کی طرف

عیش کی راتیں مبارک دل جلاؤ یا چراغ — میں خطِ مشرق میں ہوں صبحِ درخشاں کی طرف

آئینہ کا سامنا ہوتے ہی تیور بدل دیے — کہہ دیا کیا دیکھ کر جاناں نے جاناں کی طرف

عزمِ خالص چاہیے تدبیرِ منزل کے لیے — پاؤں میداں کی طرف آنکھیں کہ زنداں کی طرف

سیکھ لے نا آشنا میری نظر سے اضطراب — موجِ رقصاں کی طرف آموجِ رقصاں کی طرف

وسعتِ ہمت سلامت رنجِ مشکل مل گیا — میں نے پہلو بھی نہ بدلا عیشِ آساں کی طرف

گرتی پڑتی آ رہی ہے جس طرف جاتے ہو تم — دیکھتے کیا ہو نگاہِ پابجولاں کی طرف

اے محبت رہنما بن اے وفا تقدیم کر — لے چلا ہوں آفتِ دل آفتِ جاں کی طرف

منہ اندھیرے کس طرف دیکھوں شبِ غم دیکھنا — شمعِ گریاں کی طرف یا صبحِ خنداں کی طرف

پوچھنا تھا چھپنے والے سے جو مل جاتا کہیں — آپ ہندو کی طرف ہیں یا مسلماں کی طرف

آج کل سنتے ہیں بجنی لحن پر ملتی ہے داد — یوں زمانہ رُخ نہیں کرتا غزل خواں کی طرف

26

اُٹ اُٹھا کر تھا جو کچھ وہ بھی کہاں باقی رہا — میں اک اس کی بے نیازی کا نشاں باقی رہا

اس بہارِ جانستاں میں پوچھتا پھرتا ہوں میں — کیا چمن میں کوئی میرا ہم زباں باقی رہا

خاطی و باغی سہی اللہ کا بندہ تو ہوں — یہ تو رشتہ میرے اس کے درمیاں باقی رہا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جا و بیجا مدح کرنے تک وہ دشمن تھا مرا
عیب جوئی جب سے کی دشمن کہاں باقی رہا

ان کے آگے سب وفا کی داستاں گم ہوگئی
ہر زباں پر ایک حرفِ الاماں باقی رہا

جہل کی ضد پر زبانِ عقل و دانش تھم گئی
اک سکوتِ حق جوابِ جاہلاں باقی رہا

زندگی کے سب بلند آہنگ دعوے رہ گئے
زیرِ لب اک احتجاجِ ناتواں باقی رہا

میں نے یوں راہِ طلب کی سختیوں سے جنگ کی
میرا جذبہ کارواں در کارواں باقی رہا

ہم دکھا دیں گے تصرف ہو کسی معصوم کا
آدمیت کا اگر نام و نشاں باقی رہا

آج اُردوئے معلّٰی کی اشاعت کے لیے
یہ غنیمت ہے کہ نجمِ نکتہ داں باقی رہا

27

اس قدر شدتِ احساس میں ڈوبا ہوں میں
آہ دشمن بھی جو کرتا ہے تڑپتا ہوں میں

ہوں بُرا دیدۂ ہستی میں کہ اچھا ہوں میں
آج تک خالقِ ہستی کو گوارا ہوں میں

حل کیے میں نے ہزاروں ہی مسائل لیکن
سر پہ موت آگئی جب زیست کو سمجھا ہوں میں

عرصۂ حشر ہوئی جاتی ہے دنیا یارب
کوئی اتنا نہیں کہتا کہ شناسا ہوں میں

مجھ پہ اللہ کے بندوں ہی نے توڑے ہیں ستم
میں یہ کہتا رہا اللہ کا بندہ ہوں میں

ہمت افزا ہو کوئی یہ مرا ماحول نہیں
آپ ہی اپنے ارادوں کا سہارا ہوں میں

میری بگڑی ہوئی رفتار پہ ہے ان کی نظر
ہوش اڑتے ہیں ذرا بھی جو سنبھلتا ہوں میں

اللہ اللہ یہ ہے میری بُرائی کا وقار
اچھے اچھوں کی نگاہوں میں کھٹکتا ہوں میں

زاہدِ خشک سمجھتے ہیں گنہگار مجھے
اور گنہگار سمجھتے ہیں فرشتہ ہوں میں

میکدہ میں مرے ساقی بھی تھے ہمدرد بھی تھے
جب سے مسجد میں ٹھکانا ہے اکیلا ہوں میں

درسِ حکمت نے بتایا مجھے اک مُشتِ غبار
دل کی وسعت کا اشارہ ہے کہ دریا ہوں میں

خُود پرستی کو گنہگار سمجھنے والے
یہ نہ سمجھے کہ گنہگار خود اپنا ہوں میں

یہ نہ بھولے سے بھی سمجھا کوئی قسمت کا دھنی
اتفاقات کی دنیا کا نمونہ ہوں میں

ابھی دیکھا ہے کہاں ولولۂ صبر و سکوں
کثرتِ غم نے یہ سمجھا ہے کہ تنہا ہوں میں

تجھ سا مظلوم زمانے میں نہ ہوگا کوئی
کارفرمائے محبت تن تنہا ہوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

یہ بھی اک حادثہ اردو کی محبت کا ہے تجمؔ  
کنجِ عزلت سے جو باہر نکل آیا ہوں میں

## 28

کبھی یوں کہیں سر جھکانے چلے ہیں  
جدھر ہم چلے آستانے چلے ہیں

ستائے ہوئے ہیں ستانے چلے ہیں  
تہِ تیغ ہم مسکرانے چلے ہیں

کسی کی نظر میں سمانے چلے ہیں  
جہاں دل نہیں دل بتانے چلے ہیں

وہ کہہ دیں جفا کو وفا کی کسوٹی  
کہیں ایسے حیلے بہانے چلے ہیں

شبِ غم نہ ہوگی چراغوں سے روشن  
یہ تارے کدھر جگمگانے چلے ہیں

کہاں کی قیامت قیامت یہی ہے  
خطائیں ہیں کچھ بخشوانے چلے ہیں

وہ پہلے محبت کی صورت بنالیں  
محبت کی باتیں بنانے چلے ہیں

لُبھاتے ہیں کیوں مجھ کو دنیا کے جلوے  
مسافر سے کیا دل لگانے چلے ہیں

کہیں نامِ دوزخ سُن آئے ہیں واعظ  
یہی آڑ لے کر ڈرانے چلے ہیں

نہ دیکھیں گے پھر کر مسافر عدم کے  
یہ سب اپنے اپنے ٹھکانے چلے ہیں

چمن کے دُلارے تھے یہ غنچہ و گل  
جو خوشبو سے کلیاں بسانے چلے ہیں

بگڑ کر قلندرِ قسمت سے تجمیؔ  
محبت کی بگڑی بنانے چلے ہیں

## 29

پینگ ان سے بڑھ رہے ہیں وہ دل پہ چھا رہے ہیں  
امید کی فضا میں جھولا جھلا رہے ہیں

بے خود ہے ساری محفل محفل پہ چھا رہے ہیں  
خاموش ہیں زبانیں دل گنگنا رہے ہیں

آئیں تو سہی کہ میں ان کو زندگی بنالوں  
جو میری موت بن کر تشریف لا رہے ہیں

جیسے میں اُلٹے قدموں رستہ سے پھر چلوں گا  
راہِ وفا کے ذرّے آنکھیں دکھا رہے ہیں

دیکھی ہے ہم نے دنیا رازِ کرم نہ پوچھو  
صبر آزما چکے اب جبر آزما رہے ہیں

کیا سانس اکھڑ رہی ہے کیا دم الٹ رہا ہے  
ہم شامِ زندگی کا اک گیت گا رہے ہیں

اِک نقش آب و گِل کو جلوہ بنا دیا ہے  
اے حسن کے تماشے ہم دل بڑھا رہے ہیں

کوئی خودی سمجھ لے یا بے خودی سمجھ لے  
دنیا خراب کر کے اک گھر بنا رہے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے سکونِ غم پر اب حسن مضطرب ہے    خود داریوں کے صدق جلوے بلا رہے ہیں
اُس عیش کے تصدق انسان بن گیا ہوں    زیرِ قدم فرشتے آنکھیں بچھا رہے ہیں
میں سوچتا تھا دل ہی اس سمت بڑھ رہا ہے    میں دیکھتا ہوں وہ بھی نزدیک آ رہے ہیں
اشکوں کی رَو میں نجمی دل کا لہو بہا کر    غم کی نوازشوں کو رنگیں بنا رہے ہیں

30

کبھی چتون سے وضعِ کارفرمائی نہیں جاتی    فضائے درد میں بھی شانِ درائی نہیں جاتی
بچا کر گوشۂ دامن گزر جا دور ہستی سے    لپٹ جاتی ہے دامن سے تو رسوائی نہیں جاتی
ہزاروں کارپردازانِ قدرت ہیں مگر پھر بھی    خدائے یکہ وتنہا کی یکتائی نہیں جاتی
سخنور کو ہے تنہائی میں بھی لطفِ غزل خوانی    مفکر ہو تو محفل میں بھی تنہائی نہیں جاتی
میسر ہے زمانہ بھر کی ہمدردی و دلچسپی    کسی منزل میں نادانوں کی دانائی نہیں جاتی
جُھکا جاتا ہے اک انساں کے آگے بانیِ قدرت    غرورِ آدمیت کی جبیں سائی نہیں جاتی
وہی لفظوں کی خوش نظمی وہی ترتیب کے تیور    جناب نجم کی نظموں سے رعنائی نہیں جاتی

31

راہِ رضا میں کہیں مصرفِ گناہ نہیں    سفر طویل تھا دامن پہ گردِ راہ نہیں
براہِ راست یہ مانا کہ رسم و راہ نہیں    تری طرف تو ہے تجھ پر اگر نگاہ نہیں
خدا کا شکر ہے حال تباہ پر اپنے    تمہارے حدِ تصور تلک تباہ نہیں
شعورِ نطق سے میں اپنی ہی پناہ میں ہوں    پناہ ڈھونڈنے والوں ہی کو پناہ نہیں
اُٹھے جہاں سے تو ایسا بھی کفرِ نعمت کیا    تماشا ختم ہوا اور زباں پہ واہ نہیں
مبارک اہلِ حسد کو گناہِ بے لذت    گناہ بھی تو بہ اندازۂ گناہ نہیں
مری نگاہ نے کی دور دور کی تنقید    قریب ہوں مگر اپنی طرف نگاہ نہیں
خدا شرافتِ عزم و عمل نصیب کرے    کلاہ کج ہو یہ معیارِ کج کلاہ نہیں
تری نگاہ میں ہیں اس کا شکر کر اے دوست    تری نگاہ کی تخلیق مہر و ماہ نہیں
نمودِ حُسن پہ سو بار میں نے دل سے کہا    مقامِ شکر ہے ظالم مقامِ آہ نہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گرا دیا نہ بلندی نے ان کو یہ کہہ کر　　جہاں پناہ ہیں انسانیت پناہ نہیں
زبان شاعر کامل پہ ہو اگر اے تجمؔ　　مری نظر میں تعلّی کوئی گناہ نہیں

32

سوچتا ہوں مصرفِ حق سعیِ باطل میں نہ ہو　　کوئی جذبہ میرے دل کا آپ کے دل میں نہ ہو
اے مسافر اس طرح گم عیشِ حاصل میں نہ ہو　　تیری منزل دور ہے تو خوابِ منزل میں نہ ہو
شورِ طوفاں سر پہ ہے اور آنکھ کھلتی ہی نہیں　　یوں کوئی سویا ہوا آغوشِ ساحل میں نہ ہو
ڈھونڈتا پھرتا ہے کیا دیر و حرم میں بے خبر　　دیکھ ان کا گھر کسی ٹوٹے ہوئے دل میں نہ ہو
درد و غم کا بھی کچھ عیش کے نغموں میں ہے　　بیکسوں کا خون شاملِ رنگِ محفل میں نہ ہو
روئے لیلیٰ دیکھ تو لے تیرا دل محمل سہی　　کوئی تیرے وہم کی مخلوق محمل میں نہ ہو
کشمکش ہے مشکلوں کی نازشِ انسانیت　　مجرمِ انسانیت ہے وہ جو مشکل میں نہ ہو
جتنی چاہیں لن ترانی وقت کے بندے کریں　　جب کوئی اللہ کا بندہ مقابل میں نہ ہو
دیکھئے نیچی نگاہوں نے کیا دل کا سوال　　بدنمائی ہے جو غیرت چشمِ سائل میں نہ ہو
سب سے بڑھ کر نقش انساں کی بلندی ہے یہی　　جس کا حق مارا گیا وہ فکرِ باطل میں نہ ہو
کچھ اضافہ کر کے اٹھو تجمؔ بزمِ شعر میں　　وقت کا مصرف کہیں تحصیلِ حاصل میں نہ ہو

33

بھر تو دے موت ذرا عمر کے پیمانے کو　　وقت لکھے گا لہو سے مرے افسانے کو
دشمنِ جاں ہی سہی رہبرِ منزل نہ سہی　　روشنی موت دکھاتی رہی پروانے کو
غم غلط ہوتے تھے میخانے میں کل کی ہے یہ بات　　موجِ غم آج بہا لے گئی میخانے کو
دستِ ہمت کی ہے توہین دعا کیا کرتا　　عار سمجھا کیا تقلید بدلوانے کو
پاؤں سے ان کے نکلتے ہوئے دیکھی ہے زمیں　　ہاتھ سے رکھ بھی نہ پائے تھے جو پیمانے کو
راہِ تدبیر میں حائل ہو تو کعبہ ڈھا دیں　　آج سینے سے لگائے ہیں جو بُت خانے کو
کوششِ ضبط نے چہرے کی بدل دی رنگت　　کس نے روکا تھا ستم کر کے تڑپ جانے کو
اب یہ قسمت کہ رہوں ذوقِ عمل سے محروم　　سر پہ آنکھوں پہ رکھا آپ کے فرمانے کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کچھ جنوں نے بھی تماشائے خبر دیکھ لیا — کتنے دیوانے بنے دیکھ کے دیوانے کو

34

پھر ادھر دیکھتے چلے جاؤ — بے خبر دیکھتے چلے جاؤ
عرش سے اس طرف ملیں گے قدم — فرش پر دیکھتے چلے جاؤ
تم پہ صدقے ہزارہا نظریں — اک نظر دیکھتے چلے جاؤ
تابِ معراج بال و پر میں نہیں — بال و پر دیکھتے چلے جاؤ
ظلم سہتے ہیں کچھ نہیں کہتے — در گذر دیکھتے چلے جاؤ
تم پہ نظریں ہیں دونوں عالم کی — تم ادھر دیکھتے چلے جاؤ
ہم غریبوں کا پوچھنا کیسا — خوش ہیں گر دیکھتے چلے جاؤ
دل ملے ہیں پڑے ہوئے بھی کہیں — رہ گذر دیکھتے چلے جاؤ
در بدر کرکے ڈھونڈتے ہو مجھے — در بدر دیکھتے چلے جاؤ
واقعاتِ حیات بس کے نہیں — عمر بھر دیکھتے چلے جاؤ

35

میرے دل میں جو دل تمہارا ہو — دل سے دل کو بڑا سہارا ہو
بات ہی اور ہے اشارے کی — بات کیوں ہو کوئی اشارا ہو
اس نے الٹی ہیں محفلیں اکثر — جس کو بیگانگی نے مارا ہو
دل ہے دل کا جہاں سوال آئے — وہ ہمارا ہو یا تمہارا ہو
ہم ہیں اس بے گناہ کے قاتل — جو گنہ گار کا سہارا ہو
اُس کا عہدِ حیات کیا جس نے — وقت کٹنے کو دن گزارا ہو
میرے در پر ذرا اتر آئے — میری قسمت کا جو ستارا ہو
آج میری طرف ہے روئے سخن — اب کسے بے رُخی گوارا ہو
نجم اُس کے خلاف جاتا ہے — جس طرف زندگی کا دھارا ہو

36

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سُنو گے مجھ سے میری ذوقِ کشتی کا افسانہ
گناہوں کے تلاطم میں بھی تیور تھے ملوکانہ

رہے گا حشر تک رندوں میں اک ذوقِ حریفانہ
اٹھا کر اپنے سر پر کون لے جاتا ہے میخانہ

کسی میکش سے کیا الجھوں نہیں یہ شانِ رندانہ
نظر ساقی پہ رکھتا ہوں باندازِ حریفانہ

خبر کیا تھی کہ یہ تمہید ہوگی گھُپ اندھیرے کی
بظاہر شمع روشن دیکھ کر آیا تھا پروانہ

خدا محفوظ رکھے خود پرستی خود نمائی سے
ان آئینوں میں جو منہ دیکھ لے ہو جائے دیوانہ

سنائی میں نے جس جس کو کہانی اپنے عصیاں کی
نگاہیں اس کی کہتی تھیں یہی ہے میرا افسانہ

اب اس سے بڑھ کے ہوگی کیا قیامت ان کے جلوے کی
نظر بازوں میں پیدا ہوگئے اندازِ جانانہ

جو سر لے کر حکومت تھی تو سر دیکر فراغت تھی
کہاں وہ نزدِ میداں اب کہاں وہ کھیل مردانہ

بڑے ہمدرد ہیں احباب تدبیریں بتاتے ہیں
محبت میں کہیں چلتے ہیں آئینِ حکیمانہ

بھیانک ہے بہر پہلو اگر ملتی نہیں دنیا
جو مل جائے تو ہو جاتی ہے ہر کروٹ عروسانہ

مری نظروں نے تولے ہیں بہت شہکار فطرت کے
ترے حسنِ مکمل کا مری آنکھیں ہیں پیمانہ

## 37

نگاہِ دوست کی بے التفاتی رائیگاں کیوں ہو
خدا وہ دن نہ لائے مجھ پہ دشمن مہرباں کیوں ہو

نہا کر خوں میں بھی ٹھنڈا کوئی آتش بجاں کیوں ہو
سلامت شانِ خودداری زباں پر الاماں کیوں ہو

ستم مجھ پر کیے جاؤ ستم میرے سر آنکھوں پر
مگر دادِ ستم دینے کو میری ہی زباں کیوں ہو

زمیں جب پاؤں سے نکلی تو ہم باز آگئے سر سے
کہ ایسے وقت بار ہیں دوش پر بارِ گراں کیوں ہو

غرورِ حسن ہوتا ہے مگر ایسا نہیں ہوتا
بلندی آسماں تک ہو بلندی آسماں کیوں ہو

بڑا دھوکہ ہے فطرت کے نظامِ حسن میں ورنہ
تم ایسے خوش جمالوں پر محبت کا گماں کیوں ہو

کہاں جاتے ہو منہ پھیرے مری آنکھوں کو تڑپا کر
تماشا بن کے کیوں جاؤں اشارا رائیگاں کیوں ہو

طلب کرتا ہے سجدہ ان کا آئینِ خودی مجھ سے
میں کہتا ہوں کہ سجدہ میرے ان کے درمیاں کیوں ہو

براہِ راست دل لے لو براہِ راست جاں لے لو
محبت کوئی میرے یا تمہارے درمیاں کیوں ہو

تمہیں کو ہو مبارک یہ خدائی یہ خدا بینی
گلوں شکووں کے نرغہ میں کسی کا امتحاں کیوں ہو

ہنسی آنے لگی رونے کے بدلے اپنی حالت پر
یہ خمیازہ محبت کا نصیبِ دُشمناں کیوں ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

یہ صورت ہے کہ برگ و بار پہچانے نہیں جاتے   چمن ہی وہ نہیں پر آستاں ہی آستاں کیوں ہو
شکستہ پا ہو جب اے تجمؔ یہ ذوقِ سفر کیسا   دلیل کارواں ہونا تھا گردِ کارواں کیوں ہو

38

مسلسل قہقہوں سے ہے تلافی شدتِ غم کی   دماغوں کی فضا بدلی ہوا لگتے ہی پرچم کی
مری نظروں میں اب کیا قدر ہو عیشِ دو عالم کی   شہیدانِ وفا کے غم سے قیمت بڑھ گئی غم کی
وہ کیا جانیں حقیقت اپنے سرکش عہدِ محکم کی   ہلا دیتی ہے دل انسان کا نبضوں کی ادھم کی
بہت ممنون ہوں احباب کی چشمِ عنایت کا   مری کمزوریاں دیکھیں نظر اپنی طرف کم کی
خدائی کر گئے کچھ اہلِ دل انساں کے پیکر میں   بدل دی عشق کے بندوں نے صورت نظمِ عالم کی
مٹا سکتے نہیں وہ دشمنی سے میرا یہ جذبہ   خدا رکھے محبت ہے شرافت نسلِ آدم کی
لہو کے گھونٹ پی کر بھی کمی میری نہیں ہوتی   بجھاتی ہے کسی کی تشنگی اک بوند شبنم کی
اُٹھا کر دہر سے رسمِ محبت اہلِ دنیا نے   اضافہ علم و حکمت میں کیا انسانیت کم کی
شعورِ عشق کا اک ناز ہے یہ ناصیہ سائی   وہ سجدہ کیا غلاموں کی طرح گردن اگر خم کی
نگاہیں میری کہلاتی ہیں نظارے تو ان کے ہیں   اب ان سے کیا کہوں کیوں روشنی آنکھوں کی مدھم کی
تنگ ظرفوں پہ کچھ سجتی نہیں فطرت کی فیاضی   نہ آیا نور پیشانی پہ قسمت بھی اگر چمکی
جو زندہ دل تھے ہنستے کھیلتے جن کی گزرتی تھی   انہیں بھی ہم نے دیکھا آخری اک سانس لی غم کی
عجب کیا شرک کا الزام آئے میرے سجدے پر   محبت دل میں ہے اے تجمؔ اک انسانِ اعظم کی

39

کس کرب سے وہ رات قفس میں بسر ہوئی   جس کی سحر بہار کی پہلی سحر ہوئی
دنیا کو دیکھتا ہوں کدھر سے کدھر ہوئی   کیا وقت آ گیا کہ وفا دردِ سر ہوئی
نغمہ کی صبح و شام غزل کس کے دم سے تھی   ہم قید ہو گئے تو چمن کی خبر ہوئی
فطرت کا جبر تھا مرا اظہارِ دردِ دل   ہوتی نہ تھی یہ غم کی اہانت مگر ہوئی
دنیا کے ہیر پھیر سے بچنا محال تھا   میں دور ہٹ گیا تو وہ نزدیک تر ہوئی
دیکھا چمن کا رنگ بھی سیرِ چمن بھی کی   اب کس امید پر ہوسِ بال و پر ہوئی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانیت پر رحم نہ کھاؤں تو کیا کروں
کیسی اسیر مسئلۂ خیر و شر ہوئی

نادیدنی تھے کتنے مناظر نہ پوچھیے
اچھی گناہگار تماشہ نظر ہوئی

دادِ ستم بھی دی ہے ستم بھی اٹھائے ہیں
کب تک بڑھے گی بات بہت درگزر ہوئی

کیا مطمئن تھے ذکرِ عذاب و ثواب سے
جتنی بھی دیر یادِ خدا میں بسر ہوئی

غالبؔ کی طرح معترفِ میرؔ ہوں میں تجمؔ
فیضِ سخن سے جس کے غزل معتبر ہوئی

**40**

جب میں چاہوں گا شبِ غم مختصر ہو جائے گی
جب اٹھے گی چشم بے پروا سحر ہو جائے گی

چیخ اٹھا جس دن دعا جان اثر ہو جائے گی
جب سنیں گے تب زمانے کو خبر ہو جائے گی

ہم پہ وقت آیا مگر دنیا نے کروٹ بھی نہ لی
ہم اسی دھوکے میں تھے زیر و زبر ہو جائے گی

موجِ بیدردی پہ تکیہ ہو کہ موجِ درد پر
ظالم و مظلوم دونوں کی بسر ہو جائے گی

آج کی دنیا کو میں اپنا بنا کر کیا کروں
کل یہی دنیا بعنوانِ دگر ہو جائے گی

حُسن کے تیور پہ اک بل ڈال دے گا عشق اگر
روحِ بحر و بر خلافِ بحر و بر ہو جائے گی

زندگی مشکل تو ہے ان کے مریضِ عشق کی
جاودانی زندگی ہو گی اگر ہو جائے گی

ہم دکھا دیں گے نشیمن ہم سے کتنی دور ہے
حسرتِ پرواز جس دن بال و پر ہو جائے گی

آ شریکِ درد ہو جا ورنہ اے ناز آفریں
دردِ دل کی چارہ سازی دردِ سر ہو جائے گی

فردِ قسمت اس طرف ہو گی اُدھر فردِ عمل
تجمؔ ظاہر قدرتِ عیب و ہنر ہو جائے گی

**41**

محبت کم نگاہوں کو نظر میں لا نہیں سکتی
یہ بجلی ہر خس و خاشاک سے ٹکرا نہیں سکتی

جو کہنا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی
کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

گرا کر عرش سے بھی حسن بے پروا نے دیکھا ہے
کوئی عالم ہو میری آدمیت جا نہیں سکتی

متانت آ چکی ہے ان کے لہجے ان کی باتوں میں
وہ چاہیں لاکھ چہرے پر متانت آ نہیں سکتی

نہ سمجھو دوست کی حد تک کمال اپنی محبت کا
ابھی ناقص ہے دشمن کو اگر تڑپا نہیں سکتی

گراہوں رُو بقبلہ جب بھی ٹھوکر میں نے کھائی ہے
مری خود داری ایسی ویسی ٹھوکر کھا نہیں سکتی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کبھی تیرِ نگاہِ ناز خالی جا نہیں سکتا — کوئی نیکی بھی ایسے وقت آڑے آ نہیں سکتی
نشیمن میرا رہنے دو چمن پر آنچ گر آئی — نشیمن ہی پہ آئے گی چمن پر آ نہیں سکتی
حقائق ہی رہیں گے نجم میری فکر کا حاصل — خیال و خواب میں فکرِ سخن الجھا نہیں سکتی

## 42

بیکسوں کی صفِ ماتم پہ ہے رقصاں کوئی — انقلاب آئے گا پھر گردشِ دوراں کوئی
کیا ڈرائے گا مجھے موت کا عنواں کوئی — میرا دشمن نہیں نزدیکِ رگِ جاں کوئی
چشمِ عبرت ہے نہ ہے دیدۂ گریاں کوئی — یوں لُٹا ہوگا نہ آباد گلستاں کوئی
چل پڑی موج ہوا زلزلہ ساماں کوئی — آندھیاں تیز ہیں ٹھہرے گا نہ ایواں کوئی
اس تلاطم پہ ہے دنیا کا توازن قائم — چشمِ ظاہر سے نہاں ہے کہیں انساں کوئی
کل نہ سمجھا کہ ہے خطرے میں وطن کی عزت — آج میت پہ ہے انگشت بدنداں کوئی
حشر ہے کاتبِ تقدیرِ بشر کیا ہوگا — ہوگیا بڑھ کے اگر دست و گریباں کوئی
ہنس چکے تو سنی ہے یہی تاریخِ اُمم — زینتِ قصر کوئی رونقِ زنداں کوئی
دیکھیے کس کو حقیقت کی حدیں ملتی ہیں — دریچۂ دل ہے کوئی دریچۂ جاناں کوئی
شکر لازم ہے جو دو چار گھڑی بھی رہ جائے — اپنے حالات و خیالات کا مہماں کوئی
صورتیں جبر و تشدد کی اُتر جائیں گی — پردۂ غیب سے ہوگا جو نمایاں کوئی
غم سے بھی لطف اٹھاتا ہوں مسرت کی طرح — میری ہمت پہ ہے کیوں چاک گریباں کوئی
لُوٹ کر مجھ کو قناعت سروساماں پہ نہ کی — لے گیا ساتھ غرورِ سروساماں کوئی
لے گئی ایک نظر حال بھی مستقبل بھی — یوں نہ ہوجائے بُرے وقت میں ارزاں کوئی
پاؤں پھیلے ہوئے ہیں وسعتِ آزادی میں — مسندِ عیش پہ ہے طفلِ دبستاں کوئی
جان کا روگ ہے یہ خلوتِ ہستی کیا ہے — سر کہیں پھوڑ نہ لے بندۂ احساں کوئی
کتنے شکوے مجھے کرنے ہیں مزے لے لیکر — دو ہی باتوں میں نہ ہوجائے پشیماں کوئی
نیند آنے کی ہے امید نہ موت آنے کی — روک لے کیسے خیالات کا طوفاں کوئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ نہ چاہیں گے تو کیا حال نہ بدلے گا کبھی
ان کے بس کا ہے مرا خواب پریشاں کوئی

داغ روشن ہیں غریبوں کا لہو جلتا ہے
نہ چراغاں ہے کہیں اور نہ شبستاں کوئی

تجمّل فطرت سے مری ولولۂ شعر و ادب
میرے ایک ایک نفس میں ہے غزل خواں کوئی

43

عجب کیا عیش کی غفلت میں سارا دن گزر جائے
کہ ہوش اس دور میں اکثر قریبِ شام آتا ہے

کسی نے بے تکلف بڑھ کے قبضہ کرلیا اپنا
کوئی کہتا رہا یہ تیری خاطر جام آتا ہے

مصیبت پر مری خوش ہونے والے بھی ہیں دنیا میں
بُرا کیا ہے مرا غم دشمنوں کے کام آتا ہے

شعورِ دردِ دل رکھتے ہیں یہ خاصانِ دولت بھی
تڑپ جاتے ہیں جب ذکرِ صلائے عام آتا ہے

بدل دیتی ہے دنیا مختلف مفہوم و معنی میں
جب آتا ہے اُدھر سے ایک ہی پیغام آتا ہے

ابھی اک زلزلہ ہوگا شریکِ رقصِ مے خانہ
ابھی تو جام بے اندیشۂ انجام آتا ہے

گزر جاتی ہے اک تازہ قیامت تجمّل کے دل پر
کسی کے لب پر ارضِ تاج کا جب نام آتا ہے

44

کیوں اس کو چھیڑتے ہو شبِ غم کے نام سے
وہ بد نصیب دل جو دھڑکتا ہے شام سے

تقدیم انقلاب کی خاطر بڑے بڑے
گھبرا کے اُٹھ کھڑے ہوئے اپنے مقام سے

اے دوست یہ شریعتِ انساں میں کفر ہے
دھوکہ نہ دے کسی کو محبت کے نام سے

میں نظم و ضبط زیست کا قائل نہیں مگر
مرنا بھی چاہتا ہوں بڑے اہتمام سے

گیتی کو زلزلہ ہے لرزتی ہے کائنات
سرکے ہیں کس کے پاؤں وفا کے مقام سے

غمخوار بن کے آئے تھے اللہ رے سلوک
بات اور بڑھ گئی سخنِ نا تمام سے

دیکھے تو کوئی شکل مرے ہم صفیر کی
چہرہ اُتر گیا ہے محبت کے نام سے

سجدے میں اک تصور بے جا سہی مگر
آگے میں بڑھ گیا ہوں بہت پیش امام سے

میں فکرِ خیر میں ہوں وہ شر کر چکا بہت
دشمن بچے گا اب نہ مرے انتقام سے

میرے حُدودِ ذکر میں اے طائرِ ہوس
پَر جَل اٹھیں گے گرمیِ زورِ کلام سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تنہا تھا میں گناہ کے اقسام سیکڑوں　　کوشش تو کی نکل نہ سکا اژدہام سے
بس حاصلِ کلام رہے مدعائے دل　　اتنا ہی واسطہ ہے خدا کے کلام سے
ایسے قلم اٹھانے کی نوبت نہ آئے نجم　　جس طرح کھینچ لے کوئی تلوار نیام سے

## 45

زندگی غم میں گزرتی ہے رواداری سے　　مسلکِ عشق بچاتا ہے دلآزاری سے
نیند کلیوں کی اُڑی آنکھ کھلی سبزے کی　　جاگ اٹھا سارا چمن میری گرفتاری سے
جن کی ہشیاری کے دنیا میں نشانے تھے بہت　　وہ بھی مارے گئے خود اپنی ہی ہشیاری سے
بزمِ انساں میں کہاں سادگیِ قول و عمل　　ایک ذرہ نہیں محفوظ اداکاری سے
سوچ لو یہ بھی ذرا بات بگڑ جاتی ہے　　کام دیکھے تو ہیں بنتے ہوئے غداری سے
آپ اظہارِ عداوت میں تکلف نہ کریں　　دل لرزتا ہے محبت کی ریاکاری سے
عہدِ غفلت میں دلوں کی یہ کشاکش تھی کہاں　　کس قدر فتنے جگائے گئے بیداری سے
حالِ دل حضرتِ واعظ کا تو معلوم نہیں　　ہم کو تسکین ہے احساسِ گنہگاری سے
مجھ کو فرصت ہے کہاں اے خلشِ صوم و صلوٰۃ　　جذبۂ دردِ محبت کی پرستاری سے
صفتیں دوزخ و جنت کی خدا سازسہی　　سابقہ ہے ابھی انسان کی فنکاری سے
کس مصیبت میں لطافت مری تخیل کی ہے　　نجم بے چین ہوں لفظوں کی گرانباری سے

## 46

انساں سے لاکھ دور ہوں انساں سے کام ہے　　اک دن اسے بھی قربِ رگِ جاں سے کام ہے
دل کو لگے گی ان کے تو سمجھیں گے سوزِ غم　　فی الحال سوزِ شمعِ فروزاں سے کام ہے
کیوں کیجئے تصور نا ممکن و محال　　جب تک فضائے عالمِ امکاں سے کام ہے
ممکن ہے کام گردشِ دوراں کو مجھ سے ہو　　میری بلا کو گردشِ دوراں سے کام ہے
وہ منزلِ حیات میں ہے تنگِ اہلِ دل　　جس دل کو اپنے درد کے درماں سے کام ہے
غنچوں کو اک تبسمِ موہوم کے لیے　　کتنا عظیم صبحِ درخشاں سے کام ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

دستِ عدو بڑھا بھی تو رسوا کرے گا کیا — پہلے مجھے خود اپنے گریباں سے کام ہے
میرا ہے تجربہ کہ ٹھہرتی ہے کم بہار — کب تک تمہیں بہارِ گلستاں سے کام ہے
تابوت و شامیانہ و قبر و چراغ و گل — اللہ آج بھی سروساماں سے کام ہے
حق نا شناس میرے مخاطب نہیں ہیں تجمّ — خود داریِ سخن کو سخنداں سے کام ہے

**47**

شب ہے تمام صبح کا تارا نظر میں ہے — اک سانس مجھ میں ایک چراغ سحر میں ہے
محدود جستجو تری برق و شرر میں ہے — وہ آگ اور ہے جو غمِ معتبر میں ہے
ہمت نہیں تو بیٹھ رہو پاؤں توڑ کے — اک عمر ہوگئی کہ ارادہ سفر میں ہے
یہ میرا صبر و ضبط یہ ماحول عیش و غم — تنہا ہوں اور ساری خدائی نظر میں ہے
دل مرکزِ حیات ہے ہر اعتبار سے — دل بجھ گیا تو خیر میں لذّت نہ شر میں ہے
یہ دیس گھر بنا کے بھی پردیس ہی رہا — کیسی انوکھی ریت تمہارے نگر میں ہے
یہ اور بات ہے کہ ہو ماحول ہی غلط — حق کا شعور ورنہ مزاجِ بشر میں ہے
بے ساختہ زباں پہ درود آرہا ہے تجمّ — اک روشنی سی منزلِ فکر و نظر میں ہے

**48**

مرتے مرتے اہلِ دل کیا سختیاں دیکھا کیے — چارہ گر جھیں نگاہیں رازداں دیکھا کیے
لڑ گئیں نظروں سے نظریں دل سے دل ٹکرا گیا — ہل گئے طبقے زمیں کے آسماں دیکھا کیے
پست ہمت زندگی بھر زندگی کی دوڑ میں — کاروانِ گرد و گردِ کارواں دیکھا کیے
باغباں بھی فکر میں تھا گھات میں صیّاد بھی — دو نگہباں تھے کہ میرا آشیاں دیکھا کیے
پھر نہ ہو گمراہ کوئی راہ رو اس فکر میں — دیر تک ہم اپنے قدموں کے نشاں دیکھا کیے
چار دن گلشن میں پروازِ بہاراں دیکھ کر — دیکھنی تھی سست رفتارِ خزاں دیکھا کیے
دل مٹے نظریں ہوئیں رخصت زبانیں کٹ گئیں — اہلِ دل اہلِ نظر اہلِ زباں دیکھا کیے
حق پرستوں کو کچلتے ہی رہے قابو پرست — ناتواں یہ مصرفِ تاب و تواں دیکھا کیے
دیکھتیں آنکھیں ذرا فرقِ من و تو رہ گیا — دو قدم پر تھا متاعِ دو جہاں دیکھا کیے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان پہ رحمت جو چمن میں شاخِ گل کی آڑ سے — ایک بجلی آشیاں در آشیاں دیکھا کیے
پست ہمت کیا پہنچتے منزلِ مقصود تک — راہ و منزل کو جو طوفاں درمیاں دیکھا کیے
یہ وہی بجلی گری ہے آشیاں پر ہم جسے — قفس میں اکثر قریب آشیاں دیکھا کیے
ہم پہ وقت آیا تو خود داری شریک حال تھی — نجم اربابِ غرض دامن کشاں دیکھا کیے

## 49

اے تنگ نظر عشق کے جذبوں کو جگا لے — سوتے ہیں ترے دل کے اندھیرے میں اُجالے
کافر تری آنکھیں ہیں مئے حسن سے مخمور — تھوڑی سی محبت کی شراب اور ملا لے
دنیا سے اُٹھے جاتے ہیں اربابِ محبت — فطرت کہیں توفیقِ محبت نہ اٹھا لے
ممنون ہوں کس کس کا میں اک زیست کی خاطر — ہر ذرّہ کو موقع ہے کہ احسان جتا لے
گرتے مجھے دیکھا کیے اللہ کے بندے — میں رہ گیا کہتا ہوا اللہ بچا لے
دنیا کے تلاطم سے مجھے ربط ہے اتنا — بیٹھا ہوں روایاتِ محبت کو سنبھالے
واعظ کو مبارک درِ توبہ کا سہارا — یارب مجھے دنیا سے گنہگار اٹھا لے
ہر بندۂ اللہ کو اپنا سا نہ سمجھو — ایسے بھی ہیں بیٹھے ہیں جو کونین سنبھالے
اللہ رے محبت کو محبت کی فضا میں — نجم اس نے کیا ہے مجھے خود میرے حوالے

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# غیر مطبوعہ غزلیات

(50)

رہتے ہیں دُور مرحلۂ غم سے آدمی
آ گے کہاں ملیں گے تمہیں ہم سے آدمی

معدوم سی ہے قیس کی فرہاد کی مثال
گزرے بہت زمانہ میں رستم سے آدمی

یہ سن کے راستے کے اُٹھائے ہیں سنگ و خشت
اس شہر میں ہیں شعلہ و شبنم سے آدمی

کیوں آتشِ حسد کی فضا میں ہیں جاں بلب
کیا ربط چاہتے ہیں جہنم سے آدمی

واعظ کسی شہید محبت کا فیض ہے
مانوس ہوگیا جو غم و ہم سے آدمی

کیا کیا فریب دے کے پچھاڑا غرور نے
کن کن بلندیوں سے گرے دھم سے آدمی

باطن میں پست اور ہیں ظاہر میں سر بلند
یہ چشم اعتبار میں مدھم سے آدمی

بھیجا گیا حرم کدۂ زشت و خوب میں
گھبرا گیا تھا ایک ہی عالم سے آدمی

کیا پوچھتے ہو دیدۂ پُرنم کی منزلت
بنتے ہیں جمجم دیدۂ پُرنم سے آدمی

(51)

دل ہم سے نہ سنبھلا دل ہی تو ہے
آساں نہ ہوئی مشکل ہی تو ہے

منزل کوئی ان کی اور نہیں
منزل کی طلب منزل ہی تو ہے

سو ہم نے وفا کے وار کیے
بسمل نہ ہوا قاتل ہی تو ہے

دنیا سے لگا تھا دل تو بہت
اُٹھنا ہی پڑا محفل ہی تو ہے

طوفاں کو ہٹا کر پار اُتر
دو ہاتھ پہ وہ ساحل ہی تو ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا تجمؔ فریب دل سے بچیں
دنیا میں فریب دل ہی تو ہے

(52)

یہ خودداری ہے یا بیگانگی ہے رنگِ محفل سے
نظر کس کس سے مل جاتی ہے دل ملتا نہیں دل سے

اجل اپنی سی کر کے ہٹ گئی آخر مقابل سے
جو زندہ دل تھے زندہ ہی اٹھے دنیا کی محفل سے

کسی صورت انھیں اپنے ستم کی داد لینی ہے
تڑپ لوں گا بآسانی ہنسی آئے گی مشکل سے

سرِ منزل پہنچ کر ان کو دم لینا مبارک ہو
مسافر اُلٹے قدموں بھی پلٹ آتے ہیں منزل سے

وطن میں دوستِ کیسے کوئی دشمن بھی نہیں شاید
مجھے کس کی نگاہیں ڈھونڈھتی آئیں گی ساحل سے

کہیں احساسِ حق گوئی پہ بھی پانی نہ پھر جائے
زباں کھلتی نہیں اندیشۂ اقرارِ باطل سے

نظارہ اس کی قسمت میں ہے لیلائے حقیقت کا
وہ دیوانہ جو چونک اٹھے خیال وخواب محمل سے

تعین کی حدیں توڑیں ہیں اکثر وسعت ہمت نے
خدا چاہے تو آگے بڑھ چلوں گا دل کی منزل سے

کہیں آساں تھا اس ہنگامۂ ہستی میں نیند آنا
بڑی مشکل تھی جو حل ہوگئی تدبیر قاتل سے

کسے اس کی خبر تھی ان کو آزادی میں ترسیں گے
اسیری میں جو نغمے کر لیے پیدا سلاسل سے

انھیں بھی تجمؔ دیکھا ناصیہ سا میرؔ کے در پر
جو اپنے زعم میں آگے ہیں کچھ غالبؔ کی منزل سے

(53)

صلوٰۃ و صوم سے آئین سرکشی نہ بنا
خدا کے نام کو سرمایۂ خودی نہ بنا

تجھے مکارم اخلاق آدمی کی قسم
کسی حقیر تمنا کو زندگی نہ بنا

میں اپنے زعم بلندی میں مٹ گیا لیکن
کبھی نشانہ احساس کمتری نہ بنا

عمل سے پہلے عطا کر خیال کی قوت
خیال ہی میں جو بگڑا وہ پھر کبھی نہ بنا

بڑی نوازش فطرت ہے روحِ زندہ دلی
اسے تمسخرِ دربارِ خسروی نہ بنا

دکھائے کون خدا کو یہ عہد خونخواری
کسی نے خوب کہا تھا کہ آدمی نہ بنا

ہر ایک درپہ نہ جا تجمؔ داد کی خاطر
کمال شعر و سخن کو گداگری نہ بنا

(54)

ملی ہے موت بھی قسمت سے شاہکار مجھے
کہ تیز کرنی پڑی خود چھری کی دھار مجھے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خبر تو دل سے ملی ہے ہزار بار مجھے / کبھی تو میں بھی سنوں، اس طرح پکار مجھے
مظاہرے تو ہیں دونوں طرف محبت کے / نہ اعتبار اُنہیں ہے نہ اعتبار مجھے
کمالِ فن مرے دستِ طلب سے دور نہ تھا / مگر قبول نہ تھی شرطِ انکسار مجھے
خدا کا شکر ہے دشمن سے خود عوض نہ لیا / ملی تھی خیر سے توفیق انتظار مجھے
وہ اپنا روپ ہی جی بھر کے دیکھ لیں کچھ دن / دکھا رہے ہیں جو آئینہ بہار مجھے
یہ کائنات بجز انتظار کچھ بھی نہیں / قدم قدم پہ ہے تکلیفِ انتظار مجھے
مزاجِ دوست نے مرضی پہ اپنی ڈھال لیا / سپرد کرکے دو عالم کا اختیار مجھے
یہ اور کیا ہے جو فطرت کا احتجاج نہیں / جب اپنا عزم و عمل خود ہو ناگوار مجھے
مرے بدن پہ ٹھہرتا نہیں لباس ریا / نظر نظر میں بنا دو گناہ گار مجھے
بدل نہ جائے گا میرے لیے نظامِ چمن / نہ ہو پسند جو نشو و نمائے خار مجھے
ہوا شعورِ محبت کا انتخاب آخر / نہ کرسکا جو کوئی درد بے قرار مجھے
کبھی یہ فیض بھی ہوتا ہے خاکساری کا / سمجھ رہا ہے زمانہ فریب کار مجھے
خدا نہ ہوگا کوئی خاصۂ خدا ہوگا / دکھائی جس نے محبت کی رہگزار مجھے
میں خود ہوں مطمئن اے نجم ادب کی خدمت سے / جگہ نہ دے کہیں تاریخ روزگار مجھے

(55)

زیست کی حد ہے جہاں تک ہمت مردانہ ہے / آدمی تاریخ ہے اور آدمی افسانہ ہے
خم کہیں بھرپور ہے خالی کہیں پیمانہ ہے / تو کہاں سوئی ہوئی اے جرأتِ رندانہ ہے
ساری دُنیا اک فریب جلوۂ جانانہ ہے / یہ حرم ہے دور سے نزدیک سے بت خانہ ہے
وقت کا میری طرح اُن کو بھی ہے شکوہ مگر / میرے شکوہ کا ذرا انداز بے باکانہ ہے
یہ کسی نے بھی نہ دیکھا آگ پروانے میں تھی / یہ زمانہ دیکھتا ہے آگ میں پروانہ ہے
کچھ ہوا دیدیں اگر بیرونِ در کی کوششیں / گھر جلانے کے لیے حاضر چراغ خانہ ہے
تشنگی شوق منزل تک سلامت لے کے جا / ہوشیار اے راہ رو ہر موڑ پر میخانہ ہے
پرسشِ احوال پر جز شکر کچھ کہتے نہیں / بوریے پر بھی مزاجِ اہل دل شاہانہ ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(56)

خاک کے جو بنے عزم و عمل سے شہدا کے
فطرت نے مرتب کیے آئین وفا کے

وہ اہل نہ ہوں گے کبھی میدان وغا کے
دل جن کا بلا دیتے ہیں لفظوں کے دعا کے

اندازۂ محفل تو مجھے دور سے بھی تھا
کچھ اور بھرم کھول دیا پاس بٹھا کے

ہم حق کے طلب گار ہیں سائل تو نہیں ہیں
کیوں لے کوئی دیتے ہو جو تم ہاتھ اٹھا کے

گزری ہے نسیم سحری صحنِ چمن سے
غنچوں کو ہنسا کے کبھی شبنم کو رُلا کے

اچھا تو ہے کتنوں کو تباہی سے بچایا
قسمت نے نمونہ مجھے عبرت کا بنا کے

وہ قُرب ہے مرکز سے یہ مرکز سے ہے دوری
قائل ہیں ہم اس طرح جزا اور سزا کے

باطن میں مرا دوست ہے ظاہر میں ہے دشمن
کہہ دے جو میرے عیب میرے سامنے آ کے

رحمت نے گنہگاروں کو خود حشر میں ڈھونڈا
واعظ نے مجھے مار ہی ڈالا تھا ڈرا کے

تجمل اُن کے میری طرح پرستار بہت ہیں
بندوں کی خدائی میں جو بندے تھے خدا کے

(57)

مجھے بھی دل پہ میرے اختیار ہے کہ نہیں
کوئی خیال کا پروردگار ہے کہ نہیں

بلند ہوں گے کہاں تک لہو کے فوّارے
زمیں پہ کوئی سجدہ گزار ہے کہ نہیں

اسی اصول پہ تسکینِ خواہشات کو دے
خزاں کسی کی کسی کی بہار ہے کہ نہیں

میں سوچتا ہوں مقامِ عمل میں تجمل ابھی
بہت ہیں عزم کوئی استوار ہے کہ نہیں

(58)

موت لائے زندگانی لے گئے
پھول کلیوں کی جوانی لے گئے

ہو گیا خاموش جس کے سامنے
حرفِ غم میری کہانی لے گئے

دل ملا تھا ان سے ان کو دے دیا
آج اپنی مہربانی لے گئے

لے گئی اس در پہ دنیا دردِ دل
ہم بھی اپنی بے زبانی لے گئے

غم بھی اک دھوکا تھا راہِ عشق میں
ہم فریبِ شادمانی لے گئے

تجمل چپ بیٹھا ہوں ان کی یاد میں
جو مری جادو بیانی لے گئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(59)

میرے نفس نفس میں اشارہ سفر کا ہے
دنیا سے کیا کہوں کہ ارادہ کدھر کا ہے

مقصد سرورِ دل کا نہ کیفِ نظر کا ہے
عشق اک اہم سوال وقارِ بشر کا ہے

کتنی دراز میری شبِ غم ہے اے خدا
کس سنگ دل کے ہاتھوں میں دامن سحر کا ہے

اک اک قدم پہ عشق میں سجدہ گزار ہوں
منزل کا اعتبار نہیں رہ گزر کا ہے

کھوئے ہوئے ہیں اپنے ہی پندارِ حسن میں
کیا جانے وہ مقام جو اہلِ نظر کا ہے

سر پھوڑ لوں قفس سے یہ جی چاہتا ہے آج
اہلِ چمن میں ذکر مرے بال و پر کا ہے

حق ناشناس مجھ سے ملاتے نہیں نظر
جس دن سے سامنا مری فکر و نظر کا ہے

چاہے تو حسن میں بھی نکالے ہزار عیب
کیا اعتبار لذتِ نقد و نظر کا ہے

شمع و پتنگ غنچہ و گل نغمۂ نشاط
اے بزمِ عیش کھیل یہ سب رات بھر کا ہے

میرے سوا کسی کو نہیں میری معرفت
چرچا جگہ جگہ مرے عیب و ہنر کا ہے

دنیا کے زشت و خوب ہیں میری نظر میں نجم
کس کس سے واسطہ میرے ذوقِ نظر کا ہے

(60)

کیا خبر تھی زندگی کا مدعا بدلیں گے ہم
ہر نئی کروٹ پہ قسمت کے خدا بدلیں گے ہم

فرض ہے کیا روندتے جانا گل و گلزار کو
دوریٔ منزل سلامت راستا بدلیں گے ہم

شورشِ مزدور ہے بے حبِّ سرمایہ غلط
وقت آئے گا کہ وضعِ ماسوا بدلیں گے ہم

نبضِ ہستی پر ہے صدیوں سے ہماری انگلیاں
جب مرض میں ہوگی تبدیلی دوا بدلیں گے ہم

یہ خیالِ خام ہے کس کم نظر کج فہم کا
مسندِ شاہی سے اپنا بوریا بدلیں گے ہم

پیروی میں ہے سیاست، پر سیاست ہوگی نجم
جب زمانے میں کوئی پہلو نیا بدلیں گے ہم

(61)

کچھ عقل نے بگاڑا کچھ عشق نے سنوارا
انسانیت نے پائی پھر زندگی دوبارا

توہینِ عشق برحق میں نے نہ کی گوارا
دنیا نے میری خاطر کیا کیا نہ روپ دھارا

طے کتنی منزلیں کیں پر سوچتا ہوں اکثر
شب صبح تک گزاری دن شام تک گزارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دم بھر سکوں نہ پایا احساسِ زندگی سے — جیتے ابھی بہت دن فکر و نظر نے مارا
اک وہ بھی بے کسی کا عالم تھا زندگی میں — جب نام لے کر اپنا میں نے ہی خود پکارا
یوسف کہا جو تم کو تو چیں بہ جبیں ہوئے کیوں — جائز ہے ہر زباں میں تشبیہ و استعارا
کیا کیا مقابلے تھے فرزانگی سے میری — ہارا تو یہ زمانہ دیوانگی سے ہارا
کیا عشق کی فضا میں زعمِ فرد کی ہستی — ہتھیار رکھ دیئے سب سرکش نے دم نہ مارا
بدلا ہے نجم کیسا معیارِ شعر فہمی — جب سطح شاعری سے نغمے نے سر ابھارا

(62)

نازِ تسبیح و مصلاّ اور ہے — زیرِ خنجر ہو جو سجدا اور ہے
مسخ ہوتے ہیں ارادے بار ہا — کوئی شاید کار فرما اور ہے
کل ہمیں ہم تھے وہ دنیا اور تھی — اب تمہیں تم ہو یہ دنیا اور ہے
دل میں کر حسنِ عمل سے روشنی — اس اندھیرے کا اجالا اور ہے
کج روی تعلیم ہے ماحول کی — ورنہ فطرت کا تقاضا اور ہے
ختم ہے دم بھر میں یہ بازی گری — ایک دو سانسوں کا دھوکا اور ہے
ڈرتے ڈرتے میں خدا کہہ دوں مگر — وہ نہ کہہ دے میرا بندہ اور ہے
نجم کہہ سُن کر بہت کچھ کر لیا — کچھ نہ کہنے کی تمنا اور ہے

(63)

مرا آغوشِ نظر یاد آیا — جلوۂ دوست کو گھر یاد آیا
آنکھ ہنگامۂ محشر میں کھلی — فتنۂ راہ گزر یاد آیا
غیرتِ عشق بھی ہاتھوں سے گئی — دل اگر بارِ دگر یاد آیا
اب ملاتے نہیں دنیا سے نظر — کوئی گستاخ نظر یاد آیا
آپ کے در پہ ملا سر اپنا — سجدہ یاد آیا تو سر یاد آیا
ہوش ہستی پہ ہُوا جوشِ کرم — دل اِدھر درد اُدھر یاد آیا
آج بیٹھے ہیں وہ شمشیر بکف — کس گنہگار کا سر یاد آیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انجمؔ یہ فکر ہے نذرِ غالبؔ  غالبؔ خستہ جگر یاد آیا

**(64)**

قضائے عشق میں لایا گیا ہوں  وہ عالم سے نکلوایا گیا ہوں
مری دل بستگی دنیا سے دیکھو  کہ جیسے بارہا آیا گیا ہوں
دوا دے کر تجھے جب چارہ فرما  دعائیں دے کے بہلایا گیا ہوں
خوشی بھی اک تڑپ تھی درد و غم بھی  بہر تقدیر تڑپایا گیا ہوں
نہ سمجھا انجمؔ جب میں رازِ ہستی  محبت دے کے سمجھایا گیا ہوں

**(65)**

خداوندیاں ہیں ستم رانیاں ہیں  یہی بندہ پرور جہاں بانیاں ہیں
میں آسائشِ دل کا پیغامبر تھا  نہ ہونے سے میرے تن آسانیاں ہیں
مسرت کی محفل بھی دیکھی ہے ہم نے  حکایاتِ غم کی فراوانیاں ہیں
امیدیں تھیں کیا مجھ کو معصومیت کی  گناہوں پہ دنیا کو حیرانیاں ہیں
دماغوں کی اے کاش ہوتی رسائی  جہاں تک زبانوں کی جولانیاں ہیں
محبت کے ارماں وفا کی امنگیں  یہ معصوم بچوں کی نادانیاں ہیں
بہت انجمؔ اہلِ سخن ہم نے دیکھے  خوش الحانیاں ہیں خوش الحانیاں ہیں

**(66)**

میں نے دیکھا ہے شباب آتا ہوا  کائناتِ حسن ٹھکراتا ہوا
دونوں عالم کی نگاہیں لُٹ گئیں  تو کہاں جاتا ہے شرماتا ہوا
آستاں پیدا کروں گا آستاں  ٹھوکروں پر ٹھوکریں کھاتا ہوا
شکر ہے آتا ہے اب تیرا خیال  کچھ نہ کچھ ارشاد فرماتا ہوا
حادثے کیا کیا مری نظروں میں ہیں  دل سے دل دیکھا ہے ٹکراتا ہوا
میں حریمِ ناز میں در آ گیا  پردۂ کونین سرکاتا ہوا
انجمؔ کیا روکے گی یہ دنیا مجھے  میں نکل جاؤں گا ٹھکراتا ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

**67**

بچ کے جو طوفانِ غم سے تر گئے ناخدا کیسا خدا سے پھر گئے
اپنے کانوں تک دھمک پہنچی نہیں کیا بلندی ہو گی جس سے گر گئے
جی رہے ہیں کچھ شہیدانِ وفا بچ گئی انسانیت دل پھر گئے
ذہن مشکل کی طرف جاتا نہیں کس قدر آسانیوں میں گھر گئے
تجمؔ اب دونوں ہیں آوارہ وطن دیس سے اردو گئی شاعر گئے

**68**

دنیا جسے ملتی ہے محبت نہیں ملتی باطل کے سہارے سے حقیقت نہیں ملتی
کیا کیا نہ ملے قدرت و حکمت کے خزانے انساں کو مگر نبضِ مشیت نہیں ملتی
ہستی کے گزرگاہ سے بے درد مسافر رستے میں پڑی درد کی دولت نہیں ملتی
اٹھتی ہی نہیں حسن پہ میری نگہِ شوق جب تک نگہِ ناز سے دعوت نہیں ملتی
تم خواب میں موجود تصور میں ہو حاضر احساسِ نظر کو کبھی راحت نہیں ملتی
میں جانِ وفا اور وہ دشمن ہیں وفا کے انسان سے انسان کی فطرت نہیں ملتی
کیا دل میں تلاطم ہو تو کیا خون میں گرمی بازارِ وفا سرد ہے قیمت نہیں ملتی
دنیا کی نظر دیکھ کے روپوش ہیں جلوے کھوئی ہوئی اللہ کی قدرت نہیں ملتی

**69**

پھر غم و درد کی دھوپ ڈھلنے لگی پھر خیالات کی رُو بدلنے لگی
عاشقی دورِ حاضر میں پنپے کی کیا سن رہے ہیں خرد پاؤں چلنے لگی
تم تو چپ ہو گئے ذکرِ غم چھیڑ کر بات میں بات آخر نکلنے لگی
رحم کیجئے محبت کے احساس پر آبروئے وفا خوں اگلنے لگی
کچھ کمی شامِ غم کے اثر میں نہیں چاند کملا گیا رات ڈھلنے لگی
کوئی نیکی ضرور آڑے آئی کلیمؔ ہوش واپس ہوئے نبض چلنے لگی
میری دیوانگی کی ادا دیکھ کر ان کی فرزانگی ہاتھ ملنے لگی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوزِ غم سے مرا دل سلگتا رہا — آگ دکھلاتے ہی شمع جلنے لگی
آج دادِ سخن پر ہیں چیں بر جبیں — نجم اب ان کو ہر بات کھلنے لگی

(70)

جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ کر — گھر میں بھر لے ساری دنیا لوٹ کر
اپنے آئینہ پہ نازاں ہے فلک — رہ گیا تھا اک نظر میں ٹوٹ کر
کس قدر ہے سازو سامانِ حیات — جی گئے خوفِ خدا سے چھوٹ کر
چشمِ ظاہر ہی سے دنیا کو نہ دیکھ — رہ نہ جائیں دل کی آنکھیں پھوٹ کر
دانۂ گندم سے ہیں محروم آج — پھانکتے تھے کل جو موتی کوٹ کر
ہم سے پہلے بارہا جو لٹ چکے — آج اکڑتے پھر رہے ہیں لوٹ کر
نجم اب دنیا فضا پر بار ہے — کاش گر جاتا یہ تارا ٹوٹ کر

(71)

اللہ اللہ اہلِ دل کی وسعتیں — ظلم کے طوفاں کی چھاتی پھٹ گئی
حاصلِ حکمت ہیں اب خونریزیاں — علم جب حد سے بڑھا مت گھٹ گئی
موت کو بھی دو قدم ہٹنا پڑا — زندگی میدان میں جب ڈٹ گئی
لٹ رہا تھا دردِ دل روزِ ازل — تم کہاں تھے جب یہ دولت بٹ گئی
چاند بھی نکلا تو گہنایا ہوا — ہم یہ سمجھے تھے کہ بدلی چھٹ گئی
بڑھتے بڑھتے دردِ ملت بڑھ گیا — گھٹتے گھٹتے آدمیت گھٹ گئی
میں چراغِ عقل روشن کر چکا — اب نظر میری طرف سے ہٹ گئی
مرحبا اے رشتۂ لطف و کرم — بات جیسے درمیاں سے کٹ گئی
نجم فیضِ ناامیدی دیکھنا — غم گیا کھٹکا گیا آہٹ گئی

(72)

سنا سب کچھ جو سننا تھا کہا سب کچھ جو کہنا تھا — وہ دنیا سے بگڑتا کیوں جسے دنیا میں رہنا تھا
اسیرِ ظلم نے فطرت بدل دی موم و آہن کی — وہی لو ہے کی ہتھکڑیاں وہی پھولوں کا گہنا تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بہتر تھا کہ پیدا ہی نہ ہوتا گوشۂ دل میں ۔۔۔ ترے غصہ کا جذبہ جس کو آنسو بن کے بہنا تھا
بہت سے کام تھے دنیا میں کرنے کے جو کر جاتے ۔۔۔ جفائیں بھی اٹھائی تھی وفا کا غم بھی سہنا تھا
ہوئے احباب رخصت نجم اپنا دردِ دل کہہ کر ۔۔۔ کسی نے کچھ نہ پوچھا ہم سے کچھ ہم کو بھی کہنا تھا

(73)

سکونِ دل کی لذت چاہتا ہوں ۔۔۔ فقیری میں یہ دولت چاہتا ہوں
حکومت کی محبت دشمنوں کو ۔۔۔ محبت کی حکومت چاہتا ہوں
سیاست کا اندھیرا چھا رہا ہے ۔۔۔ ذرا نورِ صداقت چاہتا ہوں
انہیں یہ پاؤں پھیلانا مبارک ۔۔۔ کہیں میں بھی سکونت چاہتا ہوں
بہت کیا چاہتا ہوں آدمی سے ۔۔۔ ذرا سی آدمیت چاہتا ہوں
گئے نجم اہلِ دل دنیا سے کتنے ۔۔۔ بس اب میں بھی اجازت چاہتا ہوں

(74)

بلا ہے محبت ہماری تمہاری ۔۔۔ یہ دوزخ ہے جنت ہماری تمہاری
جفا کا نیا کس نے مسلک نکالا ۔۔۔ وفا تھی شریعت ہماری تمہاری
ملے کس طرح بے نگاہیں ملائے ۔۔۔ زمانے کو فرصت ہماری تمہاری
اٹھا لو کہ رہنے دو اپنے دو عالم ۔۔۔ رہے کی محبت ہماری تمہاری
تمہارے لیے دل بنایا ہے ہم نے ۔۔۔ اب آگے ہے قسمت ہماری تمہاری
سنبھل جاؤ تم بھی کہ ہم بک چکے ہیں ۔۔۔ محبت ہے قیمت ہماری تمہاری
کہاں نجم اب عارفِ حسن کوئی ۔۔۔ نظر ہے غنیمت ہماری تمہاری

(75)

کوئی ڈوبے کوئی اُبھر آئے ۔۔۔ وہ دعا دے کے پار اتر آئے
یوں بھی حسنِ عمل چھپاتے ہیں ۔۔۔ جیسے کوئی گناہ کر آئے
دل پہ احساں ہے نشترِ غم کا ۔۔۔ نقشِ انسانیت اُبھر آئے
خاک و خوں میں نہا کے میداں سے ۔۔۔ کتنے جانباز بن سنور آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کچھ اصول حیات ذہن میں تھے — منبروں پہ بیان کر آئے
فکر برحق سے جاوداں کردے — جب ترا عہد مختصر آئے
دیکھ لی شان رہنمائی کی — انجم خود ہی نہ راہ پر آئے

(76)

میرے مزاج درد کو رسوا نہ کیجئے — آتا نہیں یقین تو پوچھا نہ کیجئے
للّٰہ یہ نوازشِ بے جا نہ کیجئے — میری نگاہ سے مجھے دیکھا نہ کیجئے
رحمت کا اعتبار بھی جاتا ہے ہاتھ سے — اب کرچکے گناہ تو پروا نہ کیجئے
یہ دردِ دل ہے جنگ یہ غم سے مقابلے — فطرت سے بات بات پہ جھگڑا نہ کیجئے
جس نے سمجھ کی بات کہی دل پہ چوٹ لی — آتا ہے دل میں بات کو سمجھا نہ کیجئے
مفہوم زندگی ہے محبت کا ایک دن — دو دن کی زندگی پہ بھروسا نہ کیجئے
کہدو نئے زمانے کی ترچھی نظر سے انجم — ہم آپ جارہے ہیں تقاضا نہ کیجئے

(77)

کیا اپنا سانس لینا آہیں سی بھر رہے ہیں — دن غم میں کیا گزرتے ہم خود گزر رہے ہیں
قائم رہے الٰہی خود داری محبت — تم یاد آرہے ہو ہم یاد کر رہے ہیں
ہستی کسی کے غم میں برباد کر رہا ہوں — مٹی نکھر رہی ہے ذرّے سنور رہے ہیں
فکر و نظر میں کتنا دلچسپ فاصلہ ہے — دیکھا تو جی رہے ہیں سوچا تو مر رہے ہیں
کیا ہم سے پوچھتے ہو اس دل کی سادگی کو — یہ ان کے دل سے پوچھو جو رنگ بھر رہے ہیں
اے انجم گارہا ہے میری غزل وہ ظالم — نغموں کی بانسری سے نالے گزر رہے ہیں

(78)

فکر و دانش آزما کر کیا کروں — اک بلا دنیا پہ لاکر کیا کروں
میرا غم بھی میرے قابو کا نہیں — فطرتاً آنسو بہاکر کیا کروں
اپنے دل کو دل بناکر کیا کیا — تیرے دل کو دل بناکر کیا کروں
جس کی ہو بنیاد میری مفلسی — اس درِ دولت پہ جاکر کیا کروں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاگنے والے ابھی جاگے نہیں    سونے والوں کو جگا کر کیا کروں
بندگی بے چارگی سی ہوگئی    بندہ پرور سر جھکا کر کیا کروں
دیکھ اے واعظ مرا عرشِ سخن    میں ترے منبر پہ جاکر کیا کروں
نجم خود ہوں میں بہارِ جاوداں    پھر گلوں پر خار کھاکر کیا کروں

79

کچھ ایسی وضع کے دل ایسے غم بھی ہوتے ہیں    ہم اپنے حال پہ بے آنسوؤں کے روتے ہیں
شمار ان کا نہ زندوں میں ہے نہ مردوں میں    وہ کم نصیب جو پاتے ہیں کچھ نہ کچھ کھوتے ہیں
بنایا جاتا ہے کعبہ کے سامنے کعبہ    خدا پرست یہ سجدے کہاں ڈبوتے ہیں
ستم کی چھائی ہے بدلی لہو برستا ہے    زمانہ جاگ اٹھا ہم مزے میں سوتے ہیں
خراب جلوۂ ظاہر تجھے خبر کیا ہے    گناہگار بہت بے گناہ ہوتے ہیں
انہیں بھی شوق ہے معصومیت کے جامہ کا    سنا ہے دامنِ فطرت کے عیب دھوتے ہیں
جناب نجم یہ شعر آفرینیاں کب تک    بہت سے آپ کے ساتھی لحد میں سوتے ہیں

80

کیسی خموشی کیسے اشارے    حق کہہ گئے ہم بانکے
سیکھے نہیں تم احساں کرنا    مرتے نہیں ہم تلوار مارے
ہارے ہوئے تو ہارے ہوئے تھے    جیتے ہوئے بھی آخر میں ہارے
اللہ اب تک جینا نہ آیا    راتیں بھی کاٹیں دن بھی گذارے
منشا کسی کا حکمت کسی کی    الزام مجھ پر سارے کے سارے
کتنے ہی ڈوبے کتنے ہی اُبھرے    بیٹھے رہے ہیں دریا کنارے
ہاں ہاں بڑھے جا تنہا مسافر    اپنے بھروسے اپنے سہارے
اے نجم کتنے اہلِ سخن نے    میرے سخن کے چربے اُتارے

81

خوش رہے خاک چھاننے والا    میرا ہر عیب جاننے والا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاتھ دھوکر بھی مطمئن نہ ہوا — خونِ ناحق میں سانتنے والا
چپ ہیں بڑھ بڑھ کے بولنے والے — مرمٹا جی میں ٹھاننے والا
جان پہچان کر بھی ہو انجان — تم سے اچھا نہ جاننے والا
جنبشِ لب کہاں سے لاتا ہے — جیت کر ہار ماننے والا
رو پڑے ایک دن خدا نہ کرے — غم میں ہنسنے کی ٹھاننے والا
جاگتا ہے کہ سورہا ہے تجمّ — چادرِ ماہ تاننے والا

82

پوچھتے کیا ہو حالت اُس حریمِ ناز کی — میرے دل کو منزلت حاصل نئے انداز کی
عشق اک منزل ہے معیارِ نیاز و ناز کی — موت یہ سرکش کی ہے اور زندگی سرباز کی
میں شبِ غم کے طلاطم میں اکیلا ہوں مگر — آس ہے اک جانی پہچانی ہوئی آواز کی
آخری سانسیں ہیں لب پر وردِ دل آتا نہیں — ہے ابھی تک جستجو پیرایۂ آغاز کی
کتنے سودے ہو رہے ہیں دردِ دل کے نام پر — کس قدر پچھتا رہا ہوں بات کہہ کر راز کی
رکھ دیا ہے زندگی کس نے سکونِ دل کا نام — یہ بھی کوئی زندگی ہے موت کے انداز کی
آج تک ہیں میری فریادیں فضا میں بے اثر — ایسی ناکامی اور اتنی زندگی آواز کی
وقت سے آخر کو دو دو ہاتھ ہوکر ہی رہی — ابتدا میں ہم نے ہر شوخیٔ نظر انداز کی
سب نے اپنے اپنے مقصد کے بنا رکھے ہیں چاند — اپنی اپنی حد میں سب نے چاند تک پرواز کی
یوں سمجھ میں آ نہیں سکتا شعورِ زندگی — موت دیکھی ہی نہیں تم نے کسی جاں باز کی
تجمّ فنِ شعر پر کیا منحصر ہے انقلاب — اب ہے دنیا میں محبت بھی نئے انداز کی

83

دنیا سے گزرنا ہے گزرنا نہیں آتا — جس کے لیے جیتے ہیں وہ مرنا نہیں آتا
آساں ہی سہی ہم سے خوشامد نہیں ہوتی — دشوار ہے وہ کام جو کرنا نہیں آتا
میداں میں نکھرتی ہے دلیروں کی جوانی — ہر آئینہ خانہ میں سنورنا نہیں آتا
کیا خاک مذلت سے ابھرتی نہیں قومیں — کیا ڈوب کے نبضوں کو اُبھرنا نہیں آتا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس وہم میں ہیں طاقت امروز کے مالک
چڑھتے ہوئے دریا کو اترنا نہیں آتا

سنتا ہوں کہ انساں سے بہت ڈرتے ہیں اے نجم
انساں جنہیں اللہ سے ڈرنا نہیں آتا

84

کسے غرض تھی جو ہو کی فضا میں جا ملتا
تلاش کوئی نہ کرتا اگر خدا ملتا

یقین ہے کہ ستارے جگہ سے ہٹ جاتے
قدم جو ہم بھی اٹھاتے تو راستا ملتا

ترے خیال میں ہوتی فدا بھی جان اگر
ترا خیال کبھی تو عمل سے جا ملتا

سکونِ قلب کوئی رہ گزر کی چیز نہیں
اٹھا کے لے ہی نہ آتے اگر پڑا ملتا

حیات و علم و نشاط و ملال و دانش و مرگ
بشر کو اور لباس بشر میں کیا ملتا

ستم ہی تھا جو کہیں معرفت میں کھو جاتے
جناب نجم کہاں آپ کا پتا ملتا

85

جی رہے ہیں سہل و ممکن کے لیے
زندگی پائی تھی اس دن کے لیے

ایسے ایسے بھی ہیں مردِ اعتبار
کھودیا ظاہر کو باطن کے لیے

اب تو جنت ہم پہ واجب ہوگئی
عمر بھر ترسے ہیں ممکن کے لیے

کیسے کیسے عزمِ محکم دل میں ہیں
جمع کر رکھے ہیں کس دن کے لیے

ہائے وہ طفلی وہ عہد بے شعور
موت بھی آساں ہے اس سن کے لیے

نجم دنیا میں بہت سے کام ہیں
آدمی درکار ہے جن کے لیے

86

مجھے بھی دل پہ مرے اختیار ہے کہ نہیں
کوئی خیال کا پروردگار ہے کہ نہیں

چمن کے سینچنے والے ذرا نگاہ تو کر
نمود غنچہ و گل ہو نہار ہے کہ نہیں

بلند ہوں گے کہاں تک لہو کے فوارے
زمین پر کوئی سجدہ گذار ہے کہ نہیں

ہر انتظار ہے کیا زندگی سے وابستہ
کسی کو موت کا بھی انتظار ہے کہ نہیں

یہ عیش پر ہے بھروسہ یہ غم سے بے ربطی
نظر میں گردش لیل و نہار ہے کہ نہیں

اسی اصول پہ تسکین خواہشات کو دے
خزاں کسی کی کسی کی بہار ہے کہ نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں سوچتا ہوں مقامِ عمل میں تجمؔ ابھی     بہت ہیں عزم کوئی استوار ہے کہ نہیں

(87)

تعمیر آدمیت ترکیب رنگ و بو ہے     تہذیب آدمیت یا آگ یا لہو ہے
جب کھو گیا تو ڈھونڈا جب ہٹ گیا تو پوچھا     اب کچھ مری ضرورت موضوعِ گفتگو ہے
دنیا بنا رہے ہیں عقبیٰ خراب کر کے     دنیا کی ابتدا سے یہ نظمِ جستجو ہے
اچھے ہوں یا بُرے ہوں دونوں یہیں رہیں گے     میں ہوں تری نظر میں میری نظر میں تو ہے
عمرِ رواں سے آگے پاتا ہوں تیری منزل     ذوقِ گناہ تجھ میں کیا قوت نمو ہے
میں پاک دامنی کے دعوٰی سے ہوں مبرا     وہ اور کچھ ہیں جن پر تکلیف شست و شو ہے
ان پر نظر نہ رکھوں جن کی ضمانتوں میں     ملت کی عافیت ہے مذہب کی آبرو ہے
ہم نے شرف دیا ہے اے تجمؔ اس زباں کو     اردو ہمارے گھر کا اندازِ گفتگو ہے

(88)

ستم کو مذہب و ملت کا آسرا نہ رہے     جہاں میں اب تو جہاں ہم رہیں خدا نہ رہے
زمانہ آج فراموش و در گذر کردے     ترا گناہ جو تجھ کو پکارتا نہ رہے
بساطِ عجز سے اٹھ کر ہے عزم مستحکم     یہ دیکھ لے کہیں پہلو کوئی دبا نہ رہے
شکستہ پائی بھی تھی کارواں کی میری بھی     وہ کارواں نہ رہے وہ شکستہ پا نہ رہے
مٹا سکے گا کہاں تک نشانِ گمراہی     کہیں کہیں ترا نقشِ قدم پڑا نہ رہے
میں آپ گھونٹ دوں اپنی سخنوری کا گلا     روش جو فکر کی اے تجمؔ عامیانہ رہے

(89)

حال پر بارہا زوال آئے     نہ مگر وقتِ عرضِ حال آئے
تنگ دل منہ پھرا کے میداں سے     کیسی اچھی اجل کو ٹال آئے
دل کی پاکیزگی ارے توبہ     یادِ دشمن بھی بے ملال آئے
دور تک آدمی نہیں ملتا     آدمیت کا جب سوال آئے
اب وہ اپنا ہو یا مقابل کا     شکر ہے ہم لہو میں لال آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مردہ دل دل سنبھالتے ہی رہے — دل جلے حوصلے نکال آئے
ساعتوں میں بھی جو گنے نہ گئے — مدتوں ایسے ماہ و سال آئے
آنکھ میں آنکھ ڈالنا کیسا — دل میں کافر کے دل نہ ڈال آئے
اس کی محفل ہے اس کا میداں ہے — جس کو اپنی سی بول چال آئے
نجم بیٹھے ہیں پاؤں توڑ کے یوں — جیسے دنیا کو دیکھ بھال آئے

90

یہ بھی ہے کوئی زندگی کیا یہی کائنات ہے — تیرا سکون الحذر موت ہے یا حیات ہے
میرے ہی جیسے آدمی سجدہ گزار ہر طرف — میرا ہی جیسا آدمی مالکِ شش جہات ہے
ہائے وہ شام بے خودی ہائے وہ جام بے خودی — پوچھ رہے ہیں سرنگوں صبح ہوئی کہ رات ہے
جان پہ کھیل جا فقط کھیل ہے ایک سانس کا — زیست سے بھی ہے مخلصی موت سے بھی نجات ہے
ان کی تونگری سے ہے سب کو نیاز کا شرف — میری غریب زندگی مانعِ التفات ہے
آج بدل گئی جگہ اپنی ہی چال ڈھال سے — اوج فلک پہ ہم ہی تھے نجم یہ کل کی بات ہے

91

اے درپئے سیاست آگاہ راز ہوجا — ہنگامے سے الگ رہ ہنگامہ ساز ہوجا
کیا میری بندگی اور کیا تیری بے نیازی — پیدا کر اک مقابل اور بے نیاز ہوجا
پستی کے خرمنوں میں شعلے بھڑک رہے ہیں — اپنی بلندیوں سے تو نے نواز ہوجا
اللہ کا کوئی حق گردن پہ رہ نہ جائے — بندوں سے منہ پھرا کر محو نماز ہوجا
وحدت سے تو بھی کرلے اک اور شان پیدا — محفل نئی جما کر محفل طراز ہوجا
محتاج شرح جو ہو وہ نجم شاعری کیا — ہر شعر پر یہ قدغن دنیائے راز ہوجا

92

زندہ دلوں نے بارہا بحرِ فنا سے دی نجات — یہ نہ سنبھالتے اگر ڈوب گئی تھی کائنات
کہتے ہیں وہ فضول ہیں آپ کے سب توقعات — ان کا خدا بھلا کرے چھین لی میرے منہ کی بات
اس کو خبر نہیں ابھی میری حیاتِ عشق کی — موت سمجھ رہی ہے یہ خاک میں مل گئی حیات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آ گیا دل وجود میں جمع ہوئیں جب ایک جا — حسن کی کچھ تجلیاں عشق کی کچھ خصوصیات
فرشِ زمیں پہ ہم نشیں فرش ہے بوریے کا بھی — اب تو بہت ہی بڑھ چلا حوصلہ تکلفات
حسن ہو یا وہ عشق ہو ہے کوئی واجب الوجود — مجھ کو یقین کیوں نہ ہو خود ہوں شریکِ ممکنات
دیکھ رہے ہیں یوں مجھے وقت کے اعتبار پر — جیسے انھیں کے ہاتھ ہے آج نظامِ کائنات
کون مجھے یہ لے چلا شوق کی راہ راست پر — کھل گئی غم کی چاندنی ڈھل گئے سب توہمات
زیست حرام ہوگئی دیکھیے اور کیا کریں — عقل کی یہ جسارتیں فکر کے یہ تصرفات
باعثِ زندگی سہی میں وہ قبول کیوں کروں — ساتھ ہے التفات کے ان کا غرورِ التفات
جس کی عطا تھی زندگی جگر اسی کے در پہ تھا — جتنی بڑھیں عنایتیں اور بڑھے مطالبات

(93)

بادۂ تلخ کام کیا کرتا — نشۂ بے قیام کیا کرتا
دل کی گہرائیوں میں جانا تھا — عالمانہ کلام کیا کرتا
دوریِ منزل و سفر توبہ — لغزشِ چند گام کیا کرتا
رو دیے بے بسی پہ دشمن کی — جذبۂ انتقام کیا کرتا
یہ مداوائے دردِ دل تو نہیں — میں دعا اور سلام کیا کرتا
ترکِ صوم و صلوٰۃ کی ٹھہری — اور میں بے امام کیا کرتا
بیش و کم ہے نظامِ فطرت جگر — آدمی انتظام کیا کرتا

(94)

جلوے ترے نظر میں سموئے ہوئے سے ہیں — مجھ کو جو پا گئے ہیں تو کھوئے ہوئے سے ہیں
کیا پوچھتے ہو عشق کی ناکامیوں کا درد — روئے اگر نہیں ہیں تو روئے ہوئے سے ہیں
ہنگامۂ مجاز و حقیقت ہے ہر طرف — اک ہم ہی دردِ عشق میں سوئے ہوئے سے ہیں
آنکھوں کا اتہام ہے آنکھیں کہاں ہیں اب — دھبے گناہِ دید کے دھوئے ہوئے سے ہیں
تم خود ہی دیکھ لوگے تم زندگی میں ہم — ڈوبے ہوئے سے ہیں کہ ڈبوئے ہوئے سے ہیں
اوراقِ گل سے کس نے یہ کی دعوتِ نظر — شبنم کے آنسوؤں میں بھگوئے ہوئے سے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا ڈھونڈتی ہے نجمؔ نگاہِ سخن شناس  ہم اپنے کیف شعر میں کھوئے ہوئے سے ہیں

95

حقیقتوں کی کسی وقت بھی کمی نہ رہی  قصورِ فکر و نظر ہے جو تشنگی نہ رہی
ہوئی تھی خاک سے پاک اور خاک بھی نہ رہی  وہ مشتِ خاک جو مفہومِ آدمی نہ رہی
پڑا رہا ہے عداوت پہ عمر بھر پردہ  مگر نگاہِ محبت کبھی چھپی نہ رہی
کہاں وہ عہدِ گذشتہ کی دوستی اے دوست  وہ دشمنی کی شرافت وہ دشمنی نہ رہی
کچھ ان کا رحم و کرم بھی ہے ذمہ دار اس کا  نگاہ میں کوئی ہستی گناہ کی نہ رہی
ہمیشہ موت کے بعد اہلِ دل کو پہچانا  وہ کون تھا جسے دنیا پکارتی نہ رہی
چھپا رکھے ہیں زمانے سے کتنے عیب اپنے  خدا کی شان حقیقت بھی گفتنی نہ رہی
زمانہ ہوتا موافق تو کیا نہ کچھ کرتے  دلِ غریب میں جذبات کی کمی نہ رہی
مری جگہ ہے یہ دنیا کا آئینہ خانہ  جو دیدنی تھی وہ صورت بھی دیدنی نہ رہی
پڑا جو وقت تو مرحوم کہہ دیا دل کو  یہ کس زبان سے کہہ دیں کہ زندگی نہ رہی
ہنسی خوشی کا یہ کیسا گناہِ بے لذت  خوشی خوشی نہ رہی جب ہنسی ہنسی نہ رہی
ہر اک کی لغزشیں دیکھیں ہر اک کو ٹوک دیا  مری نگاہ تھی اور مجھ کو دیکھتی نہ رہی
صلہ کچھ اس کے سوا نجمؔ کو نہیں منظور  اگر ذریعۂ عزت یہ شاعری نہ رہی

96

قفس میں جو ہمیں توہینِ غم نظر آئی  وہ درد اٹھا ہے کہ پھر دل کی چوٹ ابھر آئی
ہزار مرحلوں سے زندگی گزر آئی  قدم اکھڑ گئے جب راہِ راست پر آئی
بلائے عشق ہزاروں کی جان پر آئی  نجاتِ خلق کی اک آرزو نہ بر آئی
ہر اک زبان پہ چرچا ہے سرفروشوں کا  اجل کے سائے میں کیا زندگی نکھر آئی
عذاب ہوگئی راہِ ثواب ارے توبہ  ہزار بار طبیعت گناہ پر آئی
کوئی بچا نہ زمانے میں جبرِ فطرت سے  لبِ وفا پہ بھی اک آہِ مختصر آئی
کچھ ایسے خاک نشیں اہلِ دل بھی گزرے ہیں  اجل بھی آئی سرہانے تو پوچھ کر آئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب پنجم

# رباعیات

(591) عدد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فہرست رباعیات



| شمار | عنوانات | تعداد | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| -1 | حمدیہ رباعیات | (2)عدد | 568 |
| -2 | نعتیہ رباعیات | (31) عدد | 569 |
| -3 | منقبتی رباعیات | (99) عدد | 574 |
| -4 | قرآنی رباعیات | (2) عدد | 587 |
| -5 | غدیری رباعیات | (9) عدد | 588 |
| -6 | ولائی رباعیات | (26)عدد | 590 |
| -7 | عزائی رباعیات | (7) عدد | 594 |
| -8 | رباعیات مباہلہ | (3)عدد | 596 |
| -9 | عشقیہ رباعیات | (10)عدد | 597 |
| -10 | فکری رباعیات | (89) عدد | 599 |
| -11 | قومی رباعیات | (93) عدد | 611 |
| -12 | اخلاقی رباعیات | (72)عدد | 623 |
| -13 | سماجی رباعیات | (28)عدد | 633 |
| -14 | رباعیات واعظ | (12)عدد | 637 |
| -15 | متفرق رباعیات | (26) عدد | 639 |
| -16 | رباعیات شاعر | (29) عدد | 643 |
| -17 | ذاتی رباعیات | (49)عدد | 647 |
| -18 | فارسی رباعیات | (4) عدد | 654 |
| | کل رباعیات: | (591) عدد | |



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# حمدیہ رباعیات

(1)

کیا حسن وضیاء سورۂ الحمد میں ہے　　روحِ دوسرا سورۂ الحمد میں ہے
لائے گا کہاں سے حمد کرنے والا　　جو حمدِ خدا سورۂ الحمد میں ہے

(2)

توحید کا ربط کیا سخن دانی سے　　مرعوب ہوں جلووں کی فراوانی سے
کوشش وہ سمجھنے کی ترے کیوں کرتا　　عرفاں ہے ترا جسے حیرانی سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبتی رباعیات

(1)

جلوہ سے ہوا عالمِ امکاں آباد　　عالم نے کہا جلوۂ جاناں آباد
پیدا جو ہوئے خانہ کعبہ میں علیؑ　　کعبہ نے کہا خانۂ احساں آباد

(2)

کس شان سے دامنِ رسالتؐ میں کھِلا　　ایسا کوئی گُل نہ باغ جنّت میں کھِلا
تا مہدیؑ دیں علیؑ کی خوشبو نکلی　　جو پھول بھی گلشنِ امامت میں کھِلا

(3)

اللہ کے گھر میں آنے والا آیا　　دیوار کو در بنانے والا آیا
کہہ دو اصحابِ کہف سے جاگ اٹھیں　　سوئی دنیا جگانے والا آیا

(4)

دنیا میں خدا کا دین لانے والا　　قرآن کا وہ حسین لانے والا
اللہ کے گھر سے ڈھونڈھ کر لاتا ہے　　سب سے پہلا یقین لانے والا

(5)

کیا بازوئے مصطفیٰؐ نے پائیں آنکھیں　　مولودِ خدا شناسِ حق ہیں آنکھیں
دیکھی تو نبیؐ کی پہلے صورت دیکھی　　اسلام کی روشنی میں کھولیں آنکھیں

(6)

ہر جان و دل علیؑ مہ عید ہوا　　ہنستے ہیں یہ دور قابل دید ہوا
پتی پتی نہ کیوں ہو جنت بہ بغل　　کھلتے ہی یہ گل بہارِ توحید ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

ہے امن و اماں کا گھر وطن کی صورت     دنیا میں ہے جنت کے چمن کی صورت
اسلام کو دامن میں علیؑ نے اپنے     پالا ہے حسینؑ اور حسنؑ کی صورت

(8)

دین و دنیا میں کار فرمائی لی     بندوں میں خدا سے شانِ یکتائی لی
آمد سے نبیؐ کی یا علیؑ حق چونکا     تم آئے کہ اسلام نے انگڑائی لی

(9)

بے پردہ ہوئی کلی کلی کی خوشبو     اللہ کے آیاتِ جلی کی خوشبو
ایمان کا جب غنچۂ بے داغ کھلا     پتی پتی میں تھی علیؑ کی خوشبو

(10)

دنیا کو یہ آفتاب دینے والا     فردوس کو یہ شباب دینے والا
وہ کون ہے اور اگر یداللہ نہیں     اُٹھے تو کوئی جواب دینے والا

(11)

انصاف سے دل کو تھام لیتے ہیں نبیؐ     حق کے لفظوں سے کام لیتے ہیں نبیؐ
آیا جب سامنے فضیلت کا سوال     آخر کو علیؑ کا نام لیتے ہیں نبیؐ

(12)

واعظ مجھے معلوم ہے جوہر تیرا     کیا دور ہے فردوس میں ہو گھر تیرا
کوثر کی ہے تشنگی تو لے یہ بھی سہی     ساقی میرا ہے اور کوثر تیرا

(13)

دنیا میں کہاں علیؑ سا انساں پیدا     ہوش آتے ہی کیا کیا ہوئے ساماں پیدا
پہلے ہی مادر نے خبر دی ہوگی     کعبہ میں ہوئے تھے تم مری جاں پیدا

(14)

جو پھول کھلا تیری محبت میں کھلا     دنیا میں کھلا کہ باغ جنت میں کھلا
کعبہ کے چمن سے جاکے لے آئے نبیؐ     اسلام کا گل علیؑ کی صورت میں کھلا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(15)

ہوتی ہے جو کچھ اس کی رضا دیتا ہے
کیا جانیے کیا لیتا ہے کیا دیتا ہے
پیدا ہوتا ہے اپنا کعبہ میں امام
بندے لیتے ہیں اور خدا دیتا ہے

(16)

توصیف علیؑ کسی کا مقدور نہیں
اس باب میں بحث ہم کو منظور نہیں
خود وجہ خدا نقشِ خدا کہتے ہیں
نزدیک نصیریت سے ہیں دور نہیں

(17)

میخانہ وحدت سے منگالے کوئی
یا پھر مرا ظرف آزمالے ساقی
اب ساقیٔ کوثر پہ جمی ہیں نظریں
ساغر میرے آگے سے اٹھالے ساقی

(18)

کوئی تو خفی کوئی جلی کہتا ہے
مولاؑ ہے مرا یہ ہر ولی کہتا ہے
سنتے نہیں تم یہ ہے ساعت کا قصور
غنچہ کھلتے ہی یا علیؑ کہتا ہے

(19)

وہ صوم و صلوٰۃ کی ہے منزل ساقی
گم صم ہیں جہاں زاہدوں کے دل ساقی
ھو حق ہے یہاں جشن ہے بیداری ہے
رندانِ بلا کی ہے یہ محفل ساقی

(20)

سر جھکتے ہیں سب کے سربلند اتنا ہے
حیراں ہے زمانہ فتح مند اتنا ہے
اللہ نے نام دے دیا ہے اپنا
بندہ ہے مگر اس کو پسند اتنا ہے

(21)

ہر قوم کی نظروں میں گرامی ہیں علیؑ
اک عام برادری کے حامی ہیں علیؑ
اس وقت کا اتحاد ہے اس کا گواہ
دنیا میں اخوت کے پیامی ہیں علیؑ

(22)

دیتی ہے حدیث یہ گواہی ساقی
ہے ذکر ترا یاد الٰہی ساقی
اب کیا دے گا کوئی نصیری کا جواب
ایمان کا حافظ ہے خدا ہی ساقی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

غافل سُن جائیں باخبر کی باتیں　　بے کار ہیں سب اِدھر اُدھر کی باتیں
مولودِ حرم نبیؐ کی آغوش میں ہے　　بندے پوچھیں خدا کے گھر کی باتیں

(24)

سُن آئے ہیں خود نبیؐ وصی کی آواز　　معمورۂ عرش پر علیؑ کی آواز
رکھتے نہیں گوش ہوش مومن اے نجم　　دل کی دھڑکن میں ہے کسی کی آواز

(25)

مولود علیؑ سا جب کہ پائے کعبہ　　پھر نور سے کیوں نہ جگمگائے کعبہ
اللہ یہ اہتمام مہمانیٔ دوست　　صدیوں پہلے پڑی بنائے کعبہ

(26)

وہ کون ومکاں کا رازِ ایجاد آیا　　وہ مالکِ عزتِ خدا داد آیا
لاریب خدا نہیں وہ لیکن بخدا　　بھولے ہوئے بندوں کو خدا یاد آیا

(27)

دل میرا امام ازلی کہتا ہے　　سرچشمۂ آیاتِ جلی کہتا ہے
اس وقت کی کشمکش نہ پوچھو مجھ سے　　جب کوئی خدا کوئی علیؑ کہتا ہے

(28)

حق کے چہرے پہ جگمگاہٹ آئی　　دیوار میں در کھلنے کی آہٹ آئی
آنے والے کی شان اللہ اللہ　　کعبہ کے لبوں پہ مسکراہٹ آئی

(29)

الفاظ نے کونین کی پہنائی لی　　معنی نے اجازتِ پذیرائی لی
پیدا جو لسانِ حق ہوا کعبہ میں　　اسلام کے پیغام نے انگڑائی لی

(30)

انسان سمجھ سکے گا کیا شانِ علیؑ　　ہے نفسِ خدا خطاب شایانِ علیؑ
پورا قرآن لے کے آئے ہیں مگر　　جبریلؑ کو حاصل نہیں عرفانِ علیؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(31)

کرتا ہے قوی ، دل کو خیالِ حیدرؑ   تاریخ ہے محروم مثالِ حیدرؑ
بدر و احد و خندق و خیبر کی قسم   قدرت کا جلال ہے جلالِ حیدرؑ

(32)

شمشیر تری جنبشِ ابروے نبیؐ   تھی تیری سپر حلقۂ گیسوئے نبیؐ
ظاہر ہے محمدؐ کی شجاعت تجھ سے   اے صلِ علیٰ قوتِ بازوے نبیؐ

(33)

لے کر وہ دولت کا سہارا اترا   پا کر یدِ قدرت کا اشارا اترا
اللہ رے زہراؑ کی عبادت کا شرف   تسبیح بنانے کو ستارہ اترا

(34)

دل رازِ حیات پا گیا ہے ساقی   اک جام خودی مٹا گیا ہے ساقی
رندوں کے سب اختلاف مٹ جائیں گے   شہزادۂ صلح آ گیا ہے ساقی

(35)

پھر تحفۂ صد زخم جگر لیتا ہوں   اک صبر کی سِل سینہ پہ دھرتا ہوں
یاد آتا ہے جب اسوۂ زیبائے حسنؑ   میں اہلِ جفا سے صلح کر لیتا ہوں

(36)

آخر پھر وقتِ ناؤ نوش آ ہی گیا   وہ سبز قبا زلف بدوش آ ہی گیا
للہ پھر اک جام عطا کر ساقی   صدقے ہونے کو اک پہ ہوش آ ہی گیا

(37)

یہ فکر و نظر کا کیا محل ہے ساقی   واعظ کے دماغ میں خلل ہے ساقی
پیتا ہوں مئے ولا بتقریبِ حسنؑ   واللہ یہ احسن عمل ہے ساقی

(38)

کعبہ کی قسم جادۂ حق ملتا ہے   مفہومِ غم و رنج و قلق ملتا ہے
ہر دور میں ہوتی ہے عزائے شبیرؑ   ہر قوم کے انساں کو سبق ملتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(39)

مسلم سمجھیں حسینؑ کا ہے جو مقام ہر قول و عمل ہے اک الٰہی پیغام
ایثار اسی کا ہے نظامِ اخلاق کردار اسی کا ہے متاعِ اسلام

(40)

کاشانۂ دل کو جگمگا دیتا ہے پروانۂ حُریت بنا دیتا ہے
یہ نامِ حسینؑ ایک مظلوم کا نام بنیادِ حکومت کو ہلا دیتا ہے

(41)

شاہنشہِ مشرقین کہنا ہی پڑا اسلام کے دل کا چین کہنا ہی پڑا
دنیا نے بہت کلمۂ حق ضبط کیا پھر چیخ کے یا حسینؑ کہنا ہی پڑا

(42)

اسلام کے پیشوا امام جعفرؑ ایمان کے رہنما امام جعفرؑ
اک سجدہ منفرد کی حسرت ہے مجھے مل جائے جو نقشِ پا امام جعفرؑ

(43)

وہ عارفِ خشک و تر امام جعفرؑ ایمان کے راہبر امام جعفرؑ
اربابِ تصوف کو ہے نسبت ایسی ہر دل میں ہیں جلوہ گر امام جعفرؑ

(44)

اے صلِ علیٰ شانِ امام جعفرؑ سب کو نہیں عرفانِ امام جعفرؑ
پہنچے گی کہاں تک نظر اہلِ زمیں تا عرش ہے ایوانِ امام جعفرؑ

(45)

دل موسیٰ کاظمؑ ترا شیدائی ہے اسلام نے تجھ سے تازگی پائی ہے
موسیٰ کو سرِ طور تھی جلوہ کی تلاش جلوہ تری نظروں کا تماشائی ہے

(46)

دنیا میں غمِ عشق ہے ہم سے قائم ہم ہیں غمِ عشق کے کرم سے قائم
اس مقصدِ کونین کا دم بھرتے ہیں کونین ہیں جس کے دم قدم سے قائم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(47)

کاشانۂ قلب میں اترنے والا — فطرت کے حدود سے گزرنے والا
میں ہوں خاموش بے زباں ہے مرا دل — آخر یہ ہے کون بات کرنے والا

(48)

کتنے میکش ہیں آزمالے ساقی — منہ پر ہیں بہت نقاب ڈالے ساقی
تلوار کی نوک سے الٹ دے پردے — آجا مرے ذوالفقار والے ساقی

(49)

منزل پہ ہے اب رقصِ رگِ جاں دیکھو — اکھڑی ہوئی سانسوں کو غزل خواں دیکھو
ہے جشنِ ولادتِ امام آخر — دیکھو مری آنکھوں میں چراغاں دیکھو

(50)

مہدی کے ظہور حق کی ساعت ہوگی — انسان کی صورت میں مشیت ہوگی
دیدار کا مسئلہ بجا ہے لیکن — کچھ حشر سے پہلے یہ قیامت ہوگی

(51)

دنیا پہ نئی شان سے چھائے گی نماز — ہر آنکھ میں ہر دل میں سمائے گی نماز
سمجھے گا امامت کو زمانہ اس دن — جس دن یہ نبوت کو پڑھائے گی نماز

(52)

مشکل ہے دو آتشہ تو ہلکی ہی سہی — رنگیں نہ سہی شراب سادی ہی سہی
مینائے ظہور مانگنے آئے تھے — خمخانہ غیبت کی گلابی ہی سہی

(53)

افسانہ درد تشنگاں آپہنچا — تا گنگ و جمن یہ کارواں آپہنچا
عباسؑ کے ہاتھوں کا سہارا لے کر — اسلام کہاں تھا اور کہاں آپہنچا

(54)

ہمنام خدا نبیؐ کی خوبو والا — حمزہؑ کی طرح سے زوربازو والا
دونوں عالم ہیں دونوں زلفوں کے اسیر — کس گھر کا چراغ ہے یہ گیسو والا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(55)

دنیا کو یہ حال زار معلوم نہیں — ایسا کوئی غم زدوں میں مغموم نہیں
اولاد نہ تھی جو کرتیں بھائی پہ فدا — کلثوم کی طرح کوئی مظلوم نہیں

(56)

اے نسل علی رتبۂ اُمِ کلثوم — اسرارِ خدا بشر کو ہوں کیا معلوم
معصوموں کی فہرست میں شامل بھی نہیں — اور اس پہ یہ عالم ہے کہ بالکل معصوم

(57)

تلوار کا رخ پسند کرنے والے — کونین کو درد مند کرنے والے
ہر عہد میں سر جھکیں گے چوکھٹ پہ تری — اِنسان کو سر بلند کرنے والے

(58)

یہ راہِ خدا میں کد و کاوش تیری — وہ حیرت ہر نگاہ کوشش تیری
اسلام پہ اے حسینؑ یہ واجب ہے — کرتا رہے تاحشر پرستش تیری

(59)

مظلوم کا غم چین کہاں لیتا ہے — کیا کیا عوض ضبط فغاں لیتا ہے
سینوں سے تڑپ کے دل نکل آتے ہیں — جب صبرِ حسینؑ چٹکیاں لیتا ہے

(60)

کیا شورِ فغاں جہانِ اسلام میں ہے — تاثیر عجب حسینؑ کے نام میں ہے
یہ لطف ہے راہِ حق میں جانبازی کا — دنیا بے چین اور وہ آرام میں ہے

(61)

ایسا کوئی دردِ آشنا پھر نہ ملا — دنیا کو شہید کربلا پھر نہ ملا
لاکھوں گزرے حسین اے بنتِ نبیؐ — جیسا ترا حسینؑ تھا پھر نہ ملا

(62)

رتبے جو بڑے ہوئے ہیں گھٹ جائیں گے — نا اہل جگہ چھوڑ کے ہٹ جائیں گے
جس روز وہ غیبت کا حجاب اٹھے گا — چہروں سے بہت نقاب الٹ جائیں گے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(63)

حق کی قوت سے کام لینا ہوگا — ہم دیتے ہیں جو پیام لینا ہوگا
گرتا ہوا یوں کوئی نہ سنبھلا اب تک — دنیا کو علیؑ کا نام لینا ہوگا

(64)

کس وہم حیات میں ہے محرومِ حیات — وابستہ ظہور سے ہے مقسومِ حیات
جس دن وہ پیمبرِ حیات آئے گا — اس روز بدل جائے گا مفہومِ حیات

(65)

وہ حاصلِ انتظام آنے ہی کو ہے — وہ مصلحِ روزگار آنے ہی کو ہے
ہیں قوم میں کچھ اس کے سپاہی تیار — اب وارثِ ذوالفقار آنے ہی کو ہے

(66)

ملت ہے بہت مرتبہ دانِ عباسؑ — معلوم بھی ہے عزت و شانِ عباسؑ
ایثار بھی ہے وفا بھی خود داری بھی — کیا صرف علم ہی ہے نشانِ عباسؑ

(67)

دنیا میں نیا جہاں بسالے آجا — آجا خضرا کے بسنے والے آجا
منظور ہے قتلِ عام حاضر ہیں یہ سر — تلوار لیے عبا سنبھالے آجا

(68)

پہلو میں کسی کے دل رہا ہے دیکھو — اک نور سے نور مل رہا ہے دیکھو
آغوشِ نبیؐ میں مسکراتے ہیں حسینؑ — دیکھو وہ پھول کھل رہا ہے دیکھو

(69)

جو میری طرح علیؑ کا دم بھرتا ہے — کس عالمِ حیرت میں بسر کرتا ہے
اللہ تو کہنے کا نہیں ہوش میں ہوں — بندہ کہتے ہوئے بھی جی ڈرتا ہے

(70)

کس نے جز ختمِ مرسلینؐ پہچانا — ہم نے تم نے کبھی کہیں پہچانا
مولاؑ کو خدا کہا نصیری نے اگر — اتنی سی خطا ہے کہ نہیں پہچانا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(71)

میں تولا سے عبادت کا بھرم رکھتا ہوں — درد دل سوز جگر دیدۂ نم رکھتا ہوں
دل کی قوت کے لیے ذکر خدا سے پہلے — یا علیؑ کہہ کے مصلے پہ قدم رکھتا ہوں

(72)

کرتا ہوا ورد یا علیؑ جاؤں گا — مرنا کیا میں اور جی جاؤں گا
دشمن مجھے زہر دے کے دیکھے تو ذرا — ساقی ترا نام لے کے پی جاؤں گا

(73)

ہر دور میں حیدری رہے ہیں ساقی — تیری ہی ولا میں جی رہے ہیں ساقی
نشہ کبھی دم بھر کو اترنے نہ دیا — چودہ سو برس سے پی رہے ہیں ساقی

(74)

دنیا سے بصد زندہ دلی اٹھتا ہوں — غم کیا ہے مجھے خوشی خوشی اٹھتا ہوں
محفل یہ فضائل کی ہے اے موت ٹھہر — میں ذکرِ علیؑ سن کے ابھی اٹھتا ہوں

(75)

بندوں پہ خدا کا فضل کیا کیا نہ ہوا — رتبہ یہ بجز علیؑ کسی کا نہ ہوا
اعزاز بہت ملے رسولوں کو مگر — کعبے میں کوئی رسولؐ پیدا نہ ہوا

(76)

میں اور ترا واقفِ اسرار بنوں — کیوں عشق میں یا علیؑ خطا کار بنوں
تو عین خدا ہے کیا یہ رتبہ کم ہے — کیوں تجھ کو خدا کہہ کے گنہگار بنوں

(77)

سب عید کے دن بُرے بھلے ملتے ہیں — کیا کیا جھک جھک کے من چلے ملتے ہیں
بے جا ہے تو درگزر کریں گے مولاؑ — ہم آج نصیری سے گلے ملتے ہیں

(78)

تھا ایک ضرور ناؤ کھینے والا — ہے نامِ محمدؐ کوئی لینے والا
اللہ ہے بے نیاز الفاظ و صدا — یہ کون تھا کُن کا حکم دینے والا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(79)

دیوار کا منشا ہے کہ در سے آئیں　　جائیں کہ بشر کسی کے گھر سے آئیں
اے بنتِ اسد شق ہے جدارِ کعبہ　　گھر جس کا ہے وہ چاہے جدھر سے آئیں

(80)

پڑھتا ہوا اللہ کا فرمان آیا　　یہ کون نبیؐ کا جان پہچان آیا
قرآن اترا ہے جن پہ ان سے پوچھو　　پہلے کس کی زباں پہ قرآن آیا

(81)

گرتی ہوئی عظمت کو سنبھالا جس نے　　لکھوا لیا قدرت سے قبالا جس نے
کعبہ اس کا ہے کعبہ والا اس کا　　اصنام کے قبضہ سے نکالا جس نے

(82)

دنیا میں علیؑ نئی سحر لائے ہیں　　قرآں کی زبانِ معتبر لائے ہیں
جبریل کے آنے سے بہت دن پہلے　　بھائی کی رسالت کی خبر لائے ہیں

(83)

اس دور کا ساغر بھی ہرا ہو ساقی　　صہبائے مودّت سے بھرا ہو ساقی
مے جام میں آچکی ہو جب موت آئے　　سینہ پہ مگر جام دھرا ہو ساقی

(84)

آغوشِ نبیؐ میں مسند آرا ہیں حسنؑ　　اے مصحفِ حسن پہلا پارا ہیں حسنؑ
کیا سمجھے گا ان کی قدر و قیمت کوئی　　زہراؑ کے تبسم کا سہارا ہیں حسنؑ

(85)

ہے عینِ شباب پر وفورِ غیبت　　دینے کو ہے لو چراغِ طورِ غیبت
غیبت سے نہ کیوں ہوگا ظہورۂ جلوہ　　جلوہ سے ہوا ہے جب ظہورِ غیبت

(86)

نشہ کی جو تکمیل ضرور ہوجائے　　ساقی کی نقاب اٹھے حضوری ہوجائے
کُل میکدہ جہان پر قبضہ کرلیں　　غیبت کی جو مے آج ظہوری ہوجائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(87)

کثرت ہو گلوں کی تو چمن بنتا ہے　　کتنے حرفوں سے اک سخن بنتا ہے
مولا کا مرے نام ہے کس درجہ حسین　　سو خوبیوں سے لفظ حسن بنتا ہے

(88)

ہم شانِ حسینؑ کوئی گزرا ہی نہیں　　امت نے مقام اس کا سمجھا ہی نہیں
آڑے وہ نہ آتا تو یہ عالم ہوتا　　جیسے کبھی اسلام کہیں تھا ہی نہیں

(89)

خطرہ میں تھی ہر مردِ خدا کی محنت　　اربابِ نظر کی عقلا کی محنت
ایثار کی تکمیل نہ کرتے جو حسینؑ　　بے سود تھی سارے انبیا کی محنت

(90)

سب نے اپنی جبیں جھکائی ہوتی　　جب تک ہر ایک کے رسائی ہوتی
آجاتے جو اس پریم نگری میں کہیں　　بھارت میں حسینؑ کی خدائی ہوتی

(91)

ہم سے ہے ولا کا آستانہ قائم　　ہے باغ و بہار و آشیانہ قائم
ذرہ ذرہ ہے زیرِ بارِ احساں　　اپنے قائم سے ہے زمانہ قائم

(92)

دنیا کو رہ راست پہ لانا ہے ضرور　　بگڑا ہوا دستور بنانا ہے ضرور
یہ دور عبوری ہے ٹھہرنے کا نہیں　　اک مصلحِ اخلاق کو آنا ہے ضرور

(93)

میں چھوڑ کے فرش بے خودی اٹھتا ہوں　　طوفاں کی طرح کبھی کبھی اٹھتا ہوں
بے جان بنا دیتی ہے جب مردہ دلی　　عباسؑ کا نام لے کے جی اٹھتا ہوں

(94)

وفورِ تشنہ لبی کی وغا کو فتح کیا　　علم بدوش اٹھا کربلا کو فتح کیا
جلال و قوتِ عباسؑ پوچھتے کیا ہو　　فرات کیا ہے وفا کو فتح کیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قرآنی رباعیات

(1)

انساں کا ذریعہ نجات آ ہی گیا    منشور خدائے کائنات آ ہی گیا
تبلیغ تھی ناتمام قرآں کے بغیر    وہ آخر دستور حیات آ ہی گیا

(2)

تفسیر غلط کا جب مزا آئے گا    خود صاحب تفسیر چلا آئے گا
منبر کی بلندیوں پہ گھٹ جائیں گے دم    قرآن جو بولتا ہوا آئے گا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# غدیری رباعیات

(1)

باقی نہ رہا سروں میں سودا ساقی  آ دیکھ خلافت کا تماشا ساقی
نشہ کیسا خمار آنکھوں میں نہیں  اب آنکھ ملاتی نہیں دنیا ساقی

(2)

اظہارِ حقیقت میں جری ہوں ساقی  اربابِ نفاق سے بری ہوں ساقی
نغمہ ہے ولا کا اور غدیری لہجہ  میں فضلِ خدا سے حیدریؑ ہوں ساقی

(3)

یہ دھوپ رسالتؐ کے مہ و انجم پر  شدت موسم کی اور ہم پر تم پر
اٹھی درقبلہ سے وہ بلغ کی گھٹا  واللہ یہ برسے گی غدیرِ خم پر

(4)

ساقی کے تبسم کی فضا لائیں گے  تھوڑی سی بھلا شراب کیا لائیں گے
جس روز پہنچ گئے ہم ایسے میکش  اے دشت غدیرِ خم اٹھا لائیں گے

(5)

چودہ سو برس گزر گئے ہیں جب سے  دن کاٹے ہیں دشمنوں میں کس کس ڈھب سے
یہ طول حیات ہے یہ ہے آبِ حیات  میں جام غدیر پی رہا ہوں کب سے

(6)

رندان خوش انجام کے پیارے ساقی  اے میری امیدوں کے سہارے ساقی
پہنچا دے کوئی لہر حضوری میں تری  بیٹھا ہوں غدیر کے کنارے ساقی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

کب سے ہم دل کو ہیں تھامے ساقی　　کعبہ والے غدیر والے ساقی
سر چھوڑنے دے اذن جو سجدہ کا نہیں　　رندوں کے بھی کچھ ناز اٹھالے ساقی

(8)

کیا کہہ گئے تھے رسولؐ بطحا والے　　معنی پہنارہے ہیں دنیا والے
اولیٰ سمجھے مگر نہ سمجھے پھر بھی　　سمجھے مولا کی شان مولا والے

(9)

بھر دے گا مے ولا سے جل تھل ساقی　　لٹوا دے گا بہار اوّل ساقی
ہیں خم غدیر پہ اکٹھے سب رند　　جنگل میں منا رہا ہے منگل ساقی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# ولائی رباعیات

(1)

تیری ہی ولا کا ہے سہارا ساقی　　میخوار کو تشنگی نے مارا ساقی
اب خم سے بھی بھرتی نہیں نیت مری　　اک جام ملے ترا اتارا ساقی

(2)

بستر در حیدرؑ نے اٹھائے نہ کبھی　　ہٹ کر اس در سے سر جھکائے نہ کبھی
ہم دیکھنے والے ہیں ان انسانوں کے　　قدسی بھی نگاہ میں سمائے نہ کبھی

(3)

مولاؑ کو ربط ہے دلِ دردآشنا کے ساتھ　　ہم یوں ہیں ساتھ جیسے ہو بندہ خدا کے ساتھ
اوروں پہ بھی شفیق سہی اس کا غم ہے کیا　　اہلِ ولا کی بات ہے اہلِ ولا کے ساتھ

(4)

کیا جانے نصیری کو یہ کیا یاد آیا　　کس کا مفہوم و مدعا یاد آیا
اللہ رے تاثیر مئے حُبِّ علیؑ　　دو گھونٹ پیے تھے کہ خدا یاد آیا

(5)

جذبہ کوئی غلط ابھرتا ہی نہیں　　بے ذکرِ علیؑ پہ دل ٹھہرتا ہی نہیں
اٹھتی ہے نگاہِ غیر کیوں میری طرف　　میں اور کسی کی مدح کرتا ہی نہیں

(6)

مستِ مئے الفت کو شرابی سمجھے　　غافل دلِ رنگیں کو گلابی سمجھے
اللہ رے ادا شناسی اہلِ ولا　　ملتے ہی نگاہ بو ترابی سمجھے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

دانائی سے نسبت ہو کہ نادانی سے    مرعوب ہوں جلووں کی فراوانی سے
کوشش میں سمجھنے کی ترے کیوں کرتا    حاصل ہے بہت کچھ مجھے حیرانی سے

(8)

نشہ میں ولا کے غرق رہنے والے    نادانوں کے طعن و طنز سہنے والے
اک دن انھیں مرنا بھی اسی نام پہ ہے    جیتے رہیں یا حسین کہنے والے

(9)

انسان ہوتا ہے غم اٹھانے سے بلند    تمکینِ سلف کا بھید پانے سے بلند
جن کو ہے ولائے راکبِ دوشِ نبیؐ    ہوجاتے ہیں وقت اور زمانے سے بلند

(10)

ذرّہ ایک ایک آفتابی ہوجائے    جس پھول کو حکم دوں گلابی ہوجائے
مدّاح کو آنکھ اٹھاکے دیکھے تو کوئی    لڑجائے نظر تو بوترابی ہوجائے

(11)

پوچھو نہ مری دل کی لگی کا عالم    ایسا دیکھا ہے کم کسی کا عالم
میں عالمِ منقبت سے نکلا نہ کبھی    ملائکہ کا ہو کہ بمبئی کا عالم

(12)

جذباتِ محبت کی تجارت سے گزر    اے دوست نہ آئینِ مودّت سے گزر
توفیقِ ولا ہی کوثر و جنت ہے    کوثر کا خیال چھوڑ جنت سے گزر

(13)

سمجھے ہی نہیں ہمیں زمانے والے    جیتے رہیں عقل کے خزانے والے
ہم بات میں بات کیوں کریں گے پیدا    ہم لوگ ہیں دل سے دل بنانے والے

(14)

قرآن و حدیث کا تقاضا کیا ہے    یہ اجرِ رسالت کا اشارہ کیا ہے
دعویٰ ہو تولّا کا مبارک تم کو    پہلے یہ سمجھ لو کہ ''تولّا'' کیا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

رہبر کوئی جز فکرِ خدا ساز نہ لے — ہاں قرض کسی کے طرز و انداز نہ لے
آتا ہے ترا علیؑ سا مافوق بشر — جبریل بھی دے تو پر پرواز نہ لے

(16)

زاہد تجھے معلوم ہے کیا کام آئے — اس راہ میں کون رہنما کام آئے
ممکن ہے ترا داغ جبیں ہو بیکار — شاید مرا نقشِ کفِ پا کام آئے

(17)

دل کو غمِ شبیرؑ میں کستا ہوا جا — ایثار کے گل کدوں میں بستا ہوا جا
اے دوست یہ موت کیا بگاڑے گی ترا — تو ابرِ حیات بن برستا ہوا جا

(18)

یوں دور کیا غم کا جھمیلا ہم نے — ساحل پہ لگا دیا تھا میلا ہم نے
اللہ رے افراط مئے حُبِّ علیؑ — پینے سے بچی تو رنگ کھیلا ہم نے

(19)

سرمایہ نازش دلا دے ساقی — اک عمر کی مدت کا صلا دے ساقی
سب شاعروں کی آنکھ بچا کر کہہ دوں — اپنی جھوٹی مجھے پلا دے ساقی

(20)

مستانہ وار آوارہ نگاہوں کی نہ پوچھ — دوزخ میں نکلتی ہوئی راہوں کی نہ پوچھ
تو اپنے ثوابوں کو گنے جا زاہد — ہم رند ہیں رندوں کے گناہوں کو نہ پوچھ

(21)

مے پی ہوش و حواس کھودے زاہد — لے جام میں نیکیاں ڈبو دے زاہد
یہ کیف ثواب میں نہ آئے گا کبھی — ایک روز گناہ کر کے رو دے زاہد

(22)

پیمانہ آفتاب دے کر سو جا — جامژدۂ صد عذاب دے کر سو جا
سونا تو ہے تا صبح قیامت ظالم — تھوڑی سی مجھے شراب دے کر سو جا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(23)

اچھا یہ گناہ کا قرینہ ٹھہرا　　اس گھاٹ پہ اب مے کا سفینہ ٹھہرا
جائز ہے حرام شئے بھی جینے کے لیے　　پینے کی رہی کہ پی کے جینا ٹھہرا

(24)

زاہد مجھے معلوم ہے نیت تیری　　نیت ہے گنہ گار شریعت تیری
دوزخ جنت کا فیصلہ ہونے تک　　دوزخ میری اور جنت تیری

(25)

بھر دے ساقی ضرور بھر دے ساقی　　تاریک فضا ہے نور بھر دے ساقی
شیشہ رکھ دے نقاب چہرہ سے اٹھا　　ساغر میں مئے طہور بھر دے ساقی

(26)

دامن پھر بے خودی کا چھوٹا ساقی　　پھر ہوش کی رہزنی نے لوٹا ساقی
بے کیفی سے ہے دست طلب میں رعشہ　　بھر دے بھر دے کہ جام ٹوٹا ساقی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# عزائی رباعیات

(1)

وہ دین الٰہی کا سفینہ منبر تطہیر حیات کا قرینہ منبر
اس عہد میں دیکھتا ہوں اللہ اللہ دنیا کی ترقی کا ہے زینہ منبر

(2)

سکتہ میں ہوں قوتِ لسانی کی طرح دل بجھ گیا مرحوم جوانی کی طرح
کیا ذکرِ مصائب پہ ندامت ہے مجھے احباب نے سن لیا کہانی کی طرح

(3)

کیونکر قدرت کا مدعا سمجھے گا بے ذکر غمِ حسینؑ کیا سمجھے گا
اسلام کا مشکل ہے سمجھنا اے دوست سمجھے گا غلط اگر خدا سمجھے گا

(4)

میں نے بخدا یہ غم کا عالم دیکھا کس کس کو نہ بادیدۂ پرنم دیکھا
ہندو تو ہیں صدیوں سے عزادار حسینؑ انگریز کو کرتے ہوئے ماتم دیکھا

(5)

سب سے عظیم حسن عمل ہے غم حسینؑ کتنی مخالفت ہو اٹل ہے غم حسینؑ
اس غم کے ساتھ فکر ونظر بھی جو ہو نصیب ہر عقدۂ حیات کا حل ہے غم حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

معمورہ عرش تک گیا نورِ حیات　　　اے صلِ علیٰ جلوہ گرِ طورِ حیات
ترمیم نہ کرسکا پھر اس میں کوئی　　　شبیرؑ بنا گئے جو دستورِ حیات

(7)

بے درد بھی درد مند ہوسکتا ہے　　　ایثار یہ کارمند ہوسکتا ہے
شبیرؑ کے اسوہ سے کوئی لے تو سبق　　　انسان کتنا بلند ہوسکتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# رباعیاتِ مباہلہ

(1)

کتنے عالم میں صاحبِ دل نکلے ۔۔۔ ہنگامۂ دوجہاں کا حاصل نکلے
قدرت نے بھری بزم میں ڈالی جو نظر ۔۔۔ کل پانچ مباہلہ کے قابل نکلے

(2)

کونین کو اعزاز دکھائے نہ گئے ۔۔۔ اسلام پہ حق ان کے جتائے نہ گئے
تم کہتے ہو اہلِ بیت اور بھی تھے ۔۔۔ دورانِ مباہلہ میں لائے نہ گئے

(3)

کیا حق کی مخالفت میں خرسند ہوئے ۔۔۔ حقدار ملاؤں کو وہ چند ہوئے
عترت کے ہر اک شرف پہ کی بحث فضول ۔۔۔ آیت سے مباہلہ کی دم بند ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# عشقیہ رباعیات

(1)

ہوتی ہے بُری دل کی لگی کیا جانو — یہ من کی پریت مکھ کی ہنسی کیا جانو
ساجن کی ابھی نگاہ دیکھی ہی نہیں — یہ پیت کی ریت تم سکھی کیا جانو

(2)

مے اپنے پریم کے اشارے کی پلا — کھینچی ہوئی راوی کے کنارے کی پلا
آ دل کے حرم کدہ میں پنگھٹ ہوجا — لا مہر و وفا کے گوردوارے کی پلا

(3)

ہو حق میں گزرنے کا کہیں طور بھی ہے — یہ دور حیات کا کوئی دور بھی ہے
دخل اپنا ہے مسجد میں نہ میخانہ میں — ایسی کوئی دلچسپ جگہ اور بھی ہے

(4)

کب جائزہ دیر و حرم لیتا ہوں — ہستی کی خبر تا بہ عدم لیتا ہوں
انسان ہوں یہ خیال آجاتا ہے — تھک جاتا ہوں اور عرش پہ دم لیتا ہوں

(5)

زاہد کو ہے جام کی نہ مینا کی خبر — کیا جانے غریب روز فردا کی خبر
تم تو آئے ہو ایسے گھبرائے ہوئے — جیسے لائے ہو ختمِ دنیا کی خبر

(6)

نشہ میں خودی کے جھومتے جائیں گے — جائیں گے تو بے کہے سنے جائیں گے
بیٹھے تو اٹھانے سے ہم اٹھنے کے نہیں — روکا جو کسی نے تو چلے جائیں گے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فکری رباعیات

(1)

اے فکر کے داغ روشنی دھیمی کر
اے شمع دماغ روشنی دھیمی کر
اک شب تو سکون سے گزر جانے دے
دانش کے چراغ روشنی دھیمی کر

(2)

آنکھوں میں یہ اشکوں کی نمی کیا معنی
پوری محفل میں برہمی کیا معنی
آثارِ حیات میں کمی ہونے دو
احساسِ حیات میں کمی کیا معنی

(3)

زخمِ دل ناتواں سیو سینے دو
جی بھر کے مئے کشوں پیو پینے دو
کوشش بیجا ہے امنِ عالم کے خلاف
مفہومِ حیات ہے جیو جینے دو

(4)

اے روحِ تصورات اب ساتھ نہ چھوڑ
اے جانِ تصرفات اب ساتھ نہ چھوڑ
اب کچھ آنکھوں سے اٹھ چلے ہیں پردے
اے روشنیٔ حیات اب ساتھ نہ چھوڑ

(5)

یہ صبح کی تازگی یہ آرام کی رات
گرمی سورج کی چاندنی کی برسات
سب کے دامن پہ ہیں لہو کی چھینٹیں
انسان نے بگاڑ دی ہے تصویرِ حیات

(6)

دنیا ہمدرد آج مزدور کی ہے
حالت یہی چار سمت جمہور کی ہے
تیرہ سو برس سے کہتے آئے ہیں ہم
اب سمجھے ہو تم بات ذرا دور کی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

دنیا سے نہ غم اور نہ خوشی لے کے چلے　　اک ولولۂ پردہ دری لے کے چلے
کوئی تو گناہ لے گیا کوئی ثواب　　ہم اپنا شعور آگہی لے کے چلے

(8)

ذرات کو چھانتے چلے جاتے ہیں　　اسرار کو جانتے چلے جاتے ہیں
منہ سے نہ کہیں دل سے یہ منکر شاہد　　اللہ کو مانتے چلے جاتے ہیں

(9)

پہنچیں گے نہ عقل دور رس تک معنی　　ڈھونڈے گا نہ تو بانگِ جرس تک معنی
اللہ ابھی تو لفظ بے معنی ہے　　مل جائیں گے آخری نفس تک معنی

(10)

اپنی طاقت کا بھید پائے ہوئے ہے　　طاقت کے خدا سے لو لگائے ہوئے ہے
ناقابلِ تقسیم وہ ذرہ جس میں　　لاکھوں کی اجل منہ کو چھپائے ہوئے ہے

(11)

اسلام ہے عالم میں نشانِ تہذیب　　قرآن ہے معنی و بیانِ تہذیب
عترت سے ہے (تہذیب مودت) قائم　　تہذیب ہے یہ روحِ روانِ تہذیب

(12)

مصرف ہیں نئے نئے زمانوں کے لیے　　موضوع جدا جدا فسانوں کے لیے
قرآن ضعیفوں کے لیے اترا ہے　　یورپ کی فلاسفی جوانوں کے لیے

(13)

کیا کہتے ہو اس بات کا امکان نہیں　　جیسے مجھے آپ اپنی پہچان نہیں
کیوں بار نہیں اٹھا سکے گا غم کا　　کیا دل میں خدا نخواستہ جان نہیں

(14)

آثار میں شانِ کبریائی تو نہیں　　در پر کوئی حرف جبہ سائی تو نہیں
بے مال و کمال و علم انساں تو رہا　　صد شکر کہ دعویٰ خدائی تو نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

حق جس کا بھی اوظلم کے بانی نہ دیا — دو روز کا لطف زندگانی نہ دیا
کیا کیجئے گلہ یہ ہے وہ دنیا جس میں — انسانوں کو انسانوں نے پانی نہ دیا

(16)

سمجھیں گے وہی جو ہیں سخندانِ غزل — کیونکر نہ ہو سربلند ایوانِ غزل
اصناف میں جب نیا اضافہ ہوگا — بڑھ جائے گی اِک دلیل احسانِ غزل

(17)

ہر فکر سے ہر غم سے نجات اپنی ہے — موت اپنی ہے فرصتِ حیات اپنی ہے
تو حاصل کائنات خود ہے اے دوست — کیا سوچ رہا ہے کائنات اپنی ہے

(18)

قدرت کا نظام ہے عناں گیر حیات — ممکن نہیں حد سے بڑھ کے تدبیر حیات
آئے گی ضرور وقت پر آئے گی — ڈرتے ہو اجل سے یہ ہے تحقیرِ حیات

(19)

کچھ یہ بھی خبر ہے تجھ کو مغرورِ حیات — تاریک ہوا ہے کس قدر نورِ حیات
آنے ہی کو ہے تیغ بکف صاحبِ عصر — اب غور سے دیکھ اپنا دستورِ حیات

(20)

سب فلسفۂ حیات کہہ دیتا ہوں — اِک حرف میں کائنات کہہ دیتا ہوں
شاعر ہوں مجھے دماغِ تفصیل کہاں — سو بات کی ایک بات کہہ دیتا ہوں

(12)

دامن بھی ہے مجلس میں بھگونے کے لیے — آہیں بھی ہیں اشکوں میں سمونے کے لیے
یہ واقعۂ عظیم اے اہلِ عزا — کیا حُسنِ طلب ہے صرف رونے کے لیے

(22)

آلام کا سامنا کروگے کہ نہیں — ملّت سے کبھی وفا کروگے کہ نہیں
اے مجلسِ حاضری کے حاضر باشو — کچھ حق نمک ادا کروگے کہ نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

یہ مرکز درس کم سوادوں کا نہیں ماخذ کمزور اعتقادوں کا نہیں
مجلس مولد ہے جرأت وہمت کا معیار یہ منتوں مرادوں کا نہیں

(24)

کیا ارض فرات جگمگا دیتی تھی ذرّات کو خون سے جلا دیتی تھی
قربانی شبیرؑ کو سمجھے کیا ہو کیا خاک میں تاثیر شفا دیتی تھی

(25)

ایثار کی روشنی میں آنکھیں نہ کھلیں ہمت کی مصوری میں آنکھیں نہ کھلیں
گہوارۂ بے شیر پہ روئے تو بہت گہوارۂ زندگی میں آنکھیں نہ کھلیں

(26)

مفہوم عزا جاننے والے کم ہیں! احسان کو گرداننے والے کم ہیں
شبیرؑ! ترے ماننے والے ہیں بہت لیکن ترے پہچاننے والے کم ہیں

(27)

بے شک وجہِ نجات ہوجاتے ہیں ہاں نازشِ کائنات ہوجاتے ہیں
رازِ غمِ شبیرؑ سمجھ لے جو کوئی آنسو آبِ حیات ہوجاتے ہیں

(28)

دعویٰ تو بہت ہے طینت فاضل کا دریا ہے بڑا پتہ نہیں ساحل کا
تو فاتحِ خیبر ہی علیؑ کو سمجھا وہ فاتحِ اعظم ہے دماغ و دل کا

(29)

اسلام کا یہ نظامِ دستوری دیکھ یہ عہد قدیم وطرز جمہوری دیکھ
ہے آج کی اشتراکیت پر نازاں سلماں کی کوزری و مزدوری دیکھ

(30)

مایوسِ شفا کو آسرا دیتے ہیں آیات کو تعویذ بنا دیتے ہیں
ہشیار تو لیتے نہیں قرآں سے سبق بے ہوش کو قرآں کی ہوا دیتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(31)

دل خیر سے استوار اتنا بھی نہیں　　داشندۂ روزگار اتنا بھی نہیں
وعدہ پہ ہے انساں کے بھروسہ جتنا　　اللہ پہ اعتبار اتنا بھی نہیں

(32)

انسان کی عظمت کے نگہبان بھی ہو　　مسلم ہو سلامتی کا عنوان بھی ہو
اسلام پیامِ امن ہے یاد رہے　　سُنّی ہو کہ شیعہ ہو مسلمان بھی ہو

(33)

اب شغل بجز نفس پرستی کیا ہے　　خود پست بنے ہیں ورنہ پستی کیا ہے
انسانؑ محمدؐ وعلیؑ سے گزرے　　کیا کہتے ہو انسان کی ہستی کیا ہے

(34)

وہ عقل و خرد کے مسلکوں میں نہ ملیں　　ہاں فکر و نظر کے مرحلوں میں نہ ملیں
خوش باشوں میں ہوچکی بہت ان کی تلاش　　اب شرط یہی جو دل جلوں میں نہ ملیں

(35)

آنکھیں کرلو خراب پڑھتے پڑھتے　　تفسیر وفقہ کے باب پڑھتے پڑھتے
جب حسنِ عمل نہیں تو حاصل کیا ہے　　ہوجاؤ جو خود کتاب پڑھتے پڑھتے

(36)

دنیا کا یہ نقشہ نظر آتا ہے مجھے　　کچھ رنگ بدلتا نظر آتا ہے مجھے
نزدیک ہو یا دور ہو طوفاں کوئی　　بڑھتا ہوا سایہ نظر آتا ہے مجھے

(37)

ملتے رہے نظروں کو سہارے کتنے　　بہتے رہے روشنی کے دھارے کتنے
کب کا جاگا ہوا تھا نیند آہی گئی　　تارے کرتے رہے اشارے کتنے

(38)

دل کے آئینہ پر جلا کون کرے　　یوں عشق کو عالم آشنا کون کرے
کہتا نہیں حق کوئی انا الحق کیسا　　اب دار ورسن کا سامنا کون کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(39)

میں ذات و صفات ہی نہ سمجھا ابتک — سیدھی سی یہ بات ہی نہ سمجھا ابتک
کیا سمجھوں گا عید اور محرم کے رموز — مفہوم حیات ہی نہ سمجھا ابتک

(40)

ہر بات سے ایک بات پیدا ہوگی — ہر ذرہ سے کائنات پیدا ہوگی
دل موت کی تقدیم سے ڈرتا کیوں ہے — ہر موت سے اِک حیات پیدا ہوگی

(41)

آسایشِ صبح و شام لے لیتی ہے — سب کیف و سرورِ جام لے لیتی ہے
دنیا بے فیض دل کی دشمن کیوں ہو — فطرت خود انتقام لے لیتی ہے

(42)

دل رنج و الم میں ہو سراپا راضی — دو دن کی مسافرت میں کیا ناراضی
دنیا سے نہ کر تارکِ دنیا نفرت — بندے راضی تو میرا مولاؐ راضی

(43)

نعمت ایک ایک یاد آسکتی ہے — دل میں اُمید مسکرا سکتی ہے
احسان شناس ہے تو سو غم تیرے — اِک صبح کی تازگی بھلا سکتی ہے

(44)

کون اپنے ضمیر کی خبر لیتا ہے — مشکل سے کوئی یہ درد سر لیتا ہے
اس دور میں جذبۂ صداقت اکثر — بچوں کی زباں سے بات کرلیتا ہے

(45)

انساں ابھی کیا کیا نہ ستم ڈھائے گا — ہمت ہے تو چاند تک پہنچ جائے گا
فتنوں سے زمین ہوچکی ہے معمور — اب جاکے وہاں فساد پھیلائے گا

(46)

بیجا ہے اگر اپنا ہی اپنا غم ہے — کر خدمتِ خلق دم میں جب تک دم ہے
دیکھا نہیں خار و گل سے شبنم کا سلوک — شبنم سے بھی کیا تیری بضاعت کم ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(47)

رہرو اک بار لڑکھڑائے جیسے　　آہٹ کوئی بیخودی میں آئے جیسے
ٹوٹا مرا دل تو ان کو محسوس ہوا　　شیشہ کا گلاس ٹوٹ جائے جیسے

(48)

انسانوں کا آپس میں جھگڑنا کیسا　　بیکار کی الجھنوں میں پڑنا کیسا
سب کے لیے رہ گذر ہے دنیا اے دوست　　حیراں ہوں کہ رہ گذر پہ لڑنا کیسا

(49)

مانا کہ بہت علم کی برسات ہوئی　　محروم عمل رہے تو کیا بات ہوئی
ہم کو یہ قلق ہے کہ ہمیں کچھ نہ ہوئے　　دنیا میں ہزار دن ہوئے رات ہوئی

(50)

مے خوار تو ہیں سہو و خطا کے گھر میں　　واعظ کو سکوں نہیں خدا کے گھر میں
ہے قابلِ رحم بد نصیبی اس کی　　جو دور ہو درماں سے دوا کے گھر میں

(51)

کیوں ہوش و خرد سے کوئی بیگانہ بنے　　لازم ہے یہ فکر کیا بنے کیا نہ بنے
تاریخ جو بن گئے بشر تھے وہ بھی　　ہمت کا تصور تھا جو افسانہ بنے

(52)

جب لطفِ حیات میں کمی پاتا ہے　　جب شدتِ آرام سے تھک جاتا ہے
منعم تجھے اس وقت بھی بھولے سے کبھی　　مزدور کی محنت کا خیال آتا ہے

(53)

احساس جگا کے جیسے خوشبو جائے　　یا ہاتھ سے دل بدل کے پہلو جائے
وہ تجھ سے مصافحہ کی لذت اے دوست　　جیسے کوئی چاند کی کرن چھو جائے

(54)

ہارے ہوئے ہیں تجھ سے زمانے والے　　حیراں ہیں تری تھاہ نہ پانے والے
رفتار سے ہے گردش دوراں عاجز　　شاباش ہوا کے رخ پہ جانے والے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(55)

اعمال کے بعد کام اِک اور بھی کر
خواہانِ ثواب! اِس میں اِک راز بھی ہے
تمکینِ حیات و موت کا طور بھی کر
عاشور کے اعمال پہ کچھ غور بھی کر

(56)

معنی کی یہ اعجاز نمائی یارب
تو کام و دہن صوت و صدا سے ہے بری
لفظوں نے بھی زباں کہاں سے پائی یارب
یہ کُن کی صدا کہاں سے آئی یارب

(57)

کیا درد نے پھر قدم کو لغزش دی ہے
سنتا ہوں کہ عرش ہل گیا ہے ان کا
کیا پھر انہیں تکلیف نوازش دی ہے
کیوں پردۂ دل کسی نے جنبش دی ہے

(58)

تو ہے تری ذات ہے تو کچھ اور بھی ہے
اپنی ہستی میں ڈھونڈ رازِ ہستی
سیدھی سی یہ بات ہے تو کچھ اور بھی ہے
حساسِ حیات ہے تو کچھ اور بھی ہے

(59)

منہ تو نے چڑاتے ہوئے دیکھا ہی نہیں
آئے ہوئے دیکھا ہے ابھی دولت کو
آنکھیں تو دکھاتے ہوئے دیکھا ہی نہیں
بے پاؤں کے جاتے ہوئے دیکھا ہی نہیں

(60)

فطرت میں گناہ ہے کہ شامل ہے ابھی
بجلی پہ حکومت ہے ہوا پر قبضہ
دل پر ہو کچھ اختیار مشکل ہے ابھی
انسان مگر جبر کا قائل ہے ابھی

(61)

گذری ہوئی محفلوں کو رونے ہی کو ہیں
سن لو کچھ ہم سے زندگی کی باتیں
یہ سچ ہے کہ ہیں مگر نہ ہونے ہی کو ہیں
آنکھوں میں ہے نیند ہم بھی سونے ہی کو ہیں

(62)

اسرارِ حیات سر پٹکتے ہیں یہیں
تاروں کی ہنسی تو دیکھ او برق جمال
کیا دونوں جہاں کے دل دھڑکتے ہیں یہیں
جیسے تارے فقط چمکتے ہیں یہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(63)

ناکامیٔ تدبیر کا وسواس نہ ہو
کتنی دشواریاں ہوں پر یاس نہ ہو
میدان عمل میں پاؤں اس طرح جما
آتے رہیں زلزلے اور احساس نہ ہو

(64)

دل ہے تو نماز بھی ہے روزا بھی قبول
دنیا بھی قبول ترکِ دنیا بھی قبول
بے درد کا جینا ہے نہ مرنا برحق
دل میں ہے اگر درد اشارہ بھی قبول

(65)

معیاد کی تکمیل بہر طور کرو
یاں فلسفۂ حیات پر غور کرو
ہم جاتے ہیں پھر کھلے گا بابِ زندان
کچھ دن ابھی انتظار تم اور کرو

(66)

مرکز سے نظامِ ہوش ہٹ جائے گا
ہر سلسلۂ خیال کٹ جائے گا
ہاتھوں کی لکیروں پہ کہاں جاتا ہے
پردہ اُلٹا تو دل الٹ جائے گا

(67)

افسانۂ بے دار دلی چھوڑ گئے
آوازہ درد پروری چھوڑ گئے
دل والوں پہ کچھ اجل کا قابو نہ چلا
مرنے کو چلے تو زندگی چھوڑ گئے

(68)

تکمیلِ غمِ حیات ہوگی کہ نہیں
آزادیٔ بے جہات ہوگی کہ نہیں
تم دوسری دنیا کی سناتے ہو خبر
دنیا سے کبھی نجات ہوگی کہ نہیں

(69)

مرکز کی طرف سب جزو کل جائیں گے
اسرار نبود وبود کھل جائیں گے
یہ چاند یہ سورج یہ ستارے یہ زمیں
شبنم کی طرح فضا میں گھل جائیں گے

(70)

ہاں اپنے گناہوں سے خجل جائے گی
ہاں بحرِ کرم کے متصل جائے گی
کیا جانیے خاک ہوئے ستارے کتنے
دنیا بھی اُسی خاک میں مل جائے گی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(71)

وہ حسن کہ خود حسن بھی دیوانہ ہو    تیور ایسے کہ جن کا افسانہ ہو
بھٹکا ہوا دنیا میں فرشتہ جیسے    حیران ہو ماحول سے بیگانہ ہو

(72)

تو کیا کرے اے مظاہر بے دردی    قدرت نے تری آنکھ قیامت کر دی
پہلے تو شبِ غم کی سیاہی گھولی    پھر آتشِ تابناکِ انجم بھر دی

(73)

بچنے کی نہیں کبھی جو دم میں دم ہیں    دو طرح کی مشکلیں ہیں دوہرے غم ہیں
ہے تیز مزاج وہ نگارِ نازک    اور خیر سے بد دماغ شاعر ہم ہیں

(74)

دل میں طوفان دم کہاں لیتا ہے    منزل کس رخ پہ کارواں لیتا ہے
ذرہ ذرہ ہے اک حیاتِ بے تاب    رگ رگ میں یہ کون چٹکیاں لیتا ہے

(75)

سوتے سے جگائے گی جو تقدیر تجھے    قدرت کر لے گی جب بغل گیر تجھے
کیا خواب عدم ہے اور کیا خواب وجود    مل جائے گی وہ خواب کی تعبیر تجھے

(76)

کم ہوتے ہیں ایسے جنھیں غم ہوتا ہے    یہ اور ستم بعد ستم ہوتا ہے
انساں کو جہالت سے بچائے اللہ    اس درد کا احساس بھی کم ہوتا ہے

(77)

کیا کج نگاہ عارفانہ لے کر    چلتا ہے مجھے ساتھ زمانہ لے کر
دم بھر جو تردد میں قدم رکھتا ہے    قسمت بڑھتی ہے تازیانہ لے کر

(78)

وہ حسن کی زینت جسے درکار نہ ہو    سجدہ سے جہاں نگاہ کو عار نہ ہو
اندھیر یہ کیا ہے اے نظامِ فطرت    ایسے قالب میں روح بیدار نہ ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(79)

دنیا میں بہت گزر گئے ہیں ایسے
کیا پوچھتے ہو کہ جی رہے ہیں کیسے
شیریں بھی ہو مختصر بھی ہو دور حیات
اچھی طرح گایا ہوا نغمہ جیسے

(80)

دے کر یہ دماغ و دل نمایاں کرنا
علم و حکمت کو زیر فرماں کرنا
فطرت سے تعجب ہے یہ سب کچھ کرکے
انساں کو پھر خاک سے یکساں کرنا

(81)

انسان کی زندگی کو شرماتے ہیں
خوش خوش آتے ہیں خوش چلے جاتے ہیں
پھولوں میں نہ جھگڑا ہے کوئی اور نہ فساد
کھلتے ہیں مہک دیتے ہیں مرجھاتے ہیں

(82)

اٹھا ہے نظر سے آج پردا جیسے
دیکھا ہے نیا نیا تماشا جیسے
اے صبح محبت یہ تری تابانی
تخلیق ہوئی ہے آج دنیا جیسے

(83)

دنیا تصویر خوف بن جاتی ہے
ہموار پہ کانپتی ہے تھراتی ہے
دنیا میں اگرچہ روز آتی ہے اجل
دنیا کو نئی سی شے نظر آتی ہے

(84)

ہے رنج بہت خوشی کے لمحے کم ہیں
کیسی دنیا میں یا الٰہی ہم ہیں
ارباب حواس وہوش کا ذکر نہیں
بچوں کے لیے بھی چھوٹے چھوٹے غم ہیں

(85)

کب تک یہ سلوکِ بے محابا مجھ سے
کب تک یہ مذاق ذکر فردا مجھ سے
جنت کے سکون کی خبر دیتے ہو
انساں ہو تو پوچھو غمِ دنیا مجھ سے

(86)

بے حسنِ عمل ہے یہ تمنائے بہشت
کہتے ہیں کہ دنیا میں اتر آئے بہشت
ہے میری تمھاری آرزو میں یہ فرق
میں کہتا ہوں دنیا ہی نہ بن جائے بہشت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(87)

سجتے ہیں چمن میں جگمگاتے ہوئے پھول　　ہر ذوق نظر کو آزماتے ہوئے پھول
جب توڑنے اٹھتا ہوں یہ آتا ہے خیال　　کچھ کہہ نہ اٹھیں یہ مسکراتے ہوئے پھول

(88)

نعمت ایک ایک یاد آسکتی ہے　　دل میں امید مسکرا سکتی ہے
احسان شناس ہے تو سو غم تیرے　　اک صبح کی تازگی بھلا سکتی ہے

(89)

امید غلط عالمِ انسانی سے　　دو روز کے عیش تن آسانی سے
دنیا کا ہے ابتدا سے دستور یہی　　ہے سو کا بھلا ایک کی قربانی سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

# قومی رباعیات

(1)

شبیرؑ نے راہِ حق میں کیا کیا نہ دیا     ہم نے ہی ثبوت کچھ وِلا کا نہ دیا
کاندھا جو ضریح کو دیا بھی تو کیا     جب بھائی نے بھائی کو سہارا نہ دیا

(2)

دو اشک بہا کے شاد و مسرور ہے تو     افسوس کہ منزل سے بہت دور ہے تو
ماتم کے لیے ہاتھ ہیں آزاد مگر     شبیرؑ کی پیروی سے مجبور ہے تو

(3)

آقا سے جہانداری و دارائی لے     دامن پھیلا کے شانِ یکتائی لے
عباسؑ کی طرح زور احساس دکھا     میدانِ عمل میں آ کے انگڑائی لے

(4)

اے مومنِ غم طراز ماشا اللہ     اے مردِ زمانہ ساز ماشااللہ
مخصوص ہے صدر میں امیروں کی جگہ     مجلس میں بھی امتیاز ماشااللہ

(5)

ملت میں کمی نہیں عزاداروں کی     بیشک ہے یہی شان وفاداروں کی
اپنی مجلس میں دیکھ اے منعمِ وقت     کتنی تعداد ہوگی ناداروں کی

(6)

کیوں قوم کے ابھار کی ہو ان کو خبر     جن کو نہیں شبہات نجاست سے مفر
کیا ڈوبتی ناؤ کو اُبھاریں گے بھلا     جو حوض میں ڈوبے رہیں چوبیس پہر

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

طوفان میں اشکوں کے اُبھرنا سیکھو — ماتم کی جلالت میں سنورنا سیکھو
ہاں اے غمِ شبیرؑ میں جینے والو — جینا تمہیں آتا ہے تو مرنا سیکھو

(8)

بیدرد بھی دردمند ہوسکتا ہے — ایثار پہ کاربند ہوسکتا ہے
شبیرؑ کے اُسوہ سے کوئی لے تو سبق — انسان سر بلند ہوسکتا ہے

(9)

تکلیف میں دم کسی کا بھرنا کیسا — غفلت میں کوئی نفس گزرنا کیسا
ہر سانس میں ہو وردِ زباں نامِ علیؑ — یہ وقت پڑے پہ یاد کرنا کیسا

(10)

ناکامیٔ تدبیر کا وسواس نہ ہو — چتون کبھی آماجگہِ یاس نہ ہو
میدانِ عمل میں پاؤں اس طرح جما — آجائے قیامت بھی تو احساس نہ ہو

(11)

سجادہ پہ سب گناہ لے جاتا ہے — سجدوں سے معاملت کیے جاتا ہے
اے خلقِ خدا پہ ظلم کرنے والے — کس منہ سے خدا کے سامنے جاتا ہے

(12)

دولت ہے بدستور ستم ڈھائے ہوئے — بیٹھے ہیں غریب رنج و غم کھائے ہوئے
دنیا میں جگہ میں کھڑے ہونے کی — کچھ لوگ پڑے ہیں پاؤں پھیلائے ہوئے

(13)

دولت یونہی دنیا کی ہوا کھاتی ہے — آتی ہے کہیں سے اور کہیں جاتی ہے
میرے تو نصیب کا دیا بجھ ہی گیا — لَو تیرے چراغ کی بھی تھرّاتی ہے

(14)

افلاس پہ مامور نظر آتا ہے — مرکز سے بہت دور نظر آتا ہے
دستور بدل گیا حکومت بدلی — مزدور بدستور نظر آتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

انسان کی جنسِ خام کہلاتے ہیں — نا قابلِ احترام کہلاتے ہیں
سیدھے سچے جری جفا کش مزدور — کیا ظلم ہے یہ عوام کہلاتے ہیں

(16)

تو قوم کی اصلاح پہ آمادہ ہے — یا شہرتِ تحریر کا دلدادہ ہے
نغموں کا یہ انبار مضامین کی پوٹ — بکواس ہے جب دل کا ورق سادہ ہے

(17)

الفاظ عمل تک پہنچتے اے کاش — اب تک ہے وہی جدید نوحوں کی تلاش
اب سبطِ پیمبر کی صفِ ماتم پر — یا قوم کی تنظیم ہو یا قوم کی لاش

(18)

کس کام کے ہیں یہ بندہ پرور جلسے — یہ قوم کے جلسے ہے تونگر جلسے
بھوکے مرتے ہیں کتنے مفلس و مجبور — ماتم ہے گھروں میں اور باہر جلسے

(19)

صدیوں سے مصیبت میں گرفتار ہیں ہم — حق ہے کہ مساوات کے حقدار ہیں ہم
بے جا ہے یہ توڑ پھوڑ لیکن اے دوست — مزدور نہیں وطن کے معمار ہیں ہم

(20)

غفلت میں اگرچہ قوم سوتی ہے ابھی — ساقی تیرا نام لے کے روتی ہے ابھی
گردش میں تیرا جام ولا ہے اب تک — پوجا تیری تلوار کی ہوتی ہے ابھی

(21)

یہ شانِ ولا اے دلِ ناکام نہیں — اب تک بھی اخوت کی روش عام نہیں
عترت سے محبت کا ہے دعویٰ لیکن — آپس میں محبت کا کہیں نام نہیں

(22)

پھر ذات عاجزی کا پابند ہوا — پھر عیب خوشامد کا ہنر مند ہوا
پھر لے کے چلی غرض کسی کے در پر — ایک اور اضافۂ خداوند ہوا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

(23)

مجلس کو نہ اِک نقشِ سادہ سمجھو — مفہومِ عزا کو بالارادہ سمجھو
منت کا جو پہنا ہے کلاوہ تم نے — مولاؑ کی اطاعت کا قلادہ سمجھو

(24)

مجلس میں گئے بزم فضائل دیکھی — سو بار مسالمہ کی محفل دیکھی
جس درد کی منزل میں ہُوا اپنا گذر — بیدردی ذاتیات شامل دیکھی

(25)

کیوں نشۂ ہستی کسی عنوان چڑھے — نخوت کی بلندی پہ نہ انسان چڑھے
اے میرے علم بدوش یہ مانگ دُعا — سایہ میں علم کے قوم پروان چڑھے

(26)

افطار و سحر کے وقت کچھ کھالیتا — تاویل سے احباب کو سمجھا لیتا
دولت ہوتی اگر تو اُجرت دے کر — روزہ کسی مزدور سے رکھوا لیتا

(27)

سب شرع کے حکم قابلِ غور نہیں — کیا دور یہ غور و فکر کا دور نہیں
تیرے لیے بس نماز روزہ کے سوا — اے دوست فروع دین کچھ اور نہیں

(28)

آپس کے تعلقات مذہب میں نہیں — شاید یہ تصورات مذہب میں نہیں
تیرے لیے ہے نماز و روزہ مذہب — دنیا کے معاملات مذہب میں نہیں

(29)

دل بھی ہو اصول پر ذرا مشکل ہے — دل چار طرف ہے اور آخر دل ہے
اتنی تو ہمیں بھی عدل سے ہے نسبت — عدل اپنے اصول دین میں شامل ہے

(30)

علم و دولت کے بت سجا رکھے ہیں — سر سجدۂ ناحق میں جھکا رکھے ہیں
ملت کو ہے کیا خدائے واحد سے غرض — اُس نے دو دو خدا بنا رکھے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(31)

آرائشِ صورت و قیافہ کرلو — تیار کوئی اور لفافہ کرلو
ہر ایک گناہِ نو کی تکمیل کے بعد — سامانِ تقدس میں اضافہ کرلو

(32)

تقلید ہوئی نہ حشر سامانوں کی — سرباز و نظر بلند انسانوں کی
انصارِ حسینؑ کی روش پر نہ چلے — راہیں پامال کیں عزا خانوں کی

(33)

اشعار پہ واہ واہ کرنا ہے ہمیں — افسانۂ غم پہ آہ کرنا ہے ہمیں
مجلس کا ہوا کبھی نہ مقصد پورا — مجلس سے فقط نباہ کرنا ہے ہمیں

(34)

گھر کے قصوں میں وقت کھویا کچھ دیر — پھر ذکرِ حسینؑ سن کے رویا کچھ دیر
مجلس میں گزر گئی بہرحال اچھی — جاگا کچھ دیر اور سویا کچھ دیر

(35)

ایمان غمِ کربلا پہ لائے ہوئے ہیں — انصار اگرچہ دل پہ چھائے ہوئے ہیں
وہ خلعتِ زیست موت کو دے کے گئے — ہم زیست کو بھی موت بنائے ہوئے ہیں

(36)

جذبات بلند ہیں نہ احساس قوی — ایسی نسبت اور ایسی بیگانہ روی
کس زعم پہ اپنے کو سمجھتا ہے تو — وابستۂ ''خانوادۂ مرتضوی''

(37)

جب قوم پہ وقت آپڑے مشکل کا — ایثار دکھا حسینیوں کے دل کا
دنیا پہ کھلے گی یہ حقیقت اُس دن — تو مرد ہے طوفان کا یا ساحل کا

(38)

اب صاحبِ دل کہاں قرینے والے — طوفان بھی لے گئے سفینے والے
مرنے جینے کی رسم جاری ہے فقط — مرنے والے رہے نہ جینے والے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(39)

کیا مالک اشتر نے جھنجوڑی ہیں صفیں
ہر جنگ میں صاف کر کے چھوڑی ہیں صفیں
تیرے لیے ہے نفس کا میدانِ جہاد
کچھ تو نے برائیوں کی توڑی ہیں صفیں

(40)

ہر گوشۂ قلب میں لیے وسعتِ خیر
حساس نگاہوں سے کرو دین کی سَیر
پھر ہو وہی عزم و استقامت حاصل
پھر قوم میں پیدا ہوں ''سعید'' اور ''زہیر''

(41)

ٹھہریں نہ ہوا کے آبگینے پہ قدم
دم بھر نہ رکیں فلک کے سینے پہ قدم
لے نامِ علیؑ اور سرِ عرش پہنچ
رکھ کر مہ خورشید کے زینے پہ قدم

(42)

ہر فکر و نظر میں انقلاب آتا ہے
تشبیہ و تماثیل کا باب آتا ہے
اس وقت بھی تجھ کو یاد آتی نہیں موت
جب وقتِ غروب آفتاب آتا ہے

(43)

کس طرح بدل گیا یہ معیارِ حیات
کیوں سرد ہوئی گرمیِ بازارِ حیات
جس قوم نے سر کی مہمِ کرب و بلا
اس قوم میں ملتے نہیں آثارِ حیات

(44)

شبیرؑ کا دردِ دل سناتا ہے تجھے
سوتی ہوئی دنیا کو جگاتا ہے تجھے
تو آپ ہی انسان ابھی تک نہ بنا
انسان کو انسان بناتا ہے تجھے

(45)

سنبھلے گی نہ اپنی حالتِ زار کبھی
چونکیں گے نہ غفلت سے عزادار کبھی
شبیرؑ سے درس غیر قوموں نے لیا
قربانیاں جاتی نہیں بے کار کبھی

(46)

محفل میں نشہ مئے تولّا کا چڑھا
خیبر کی خبر سُن کے درود اور پڑھا
راہیں کیا کیا علیؑ کی سیرت سے ملیں
دلِ نعرۂ صلوات سے آگے نہ بڑھا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(47)

کس دن کے لیے راہِ محبت پہ چلا　　سانچے میں نہ تو صبر و قناعت کے ڈھلا
اپنی تنخواہ کی کمی پر شکوہ　　افلاس پہ اہلبیت کے صلِ علی

(48)

اٹھا نہ قدم عمل کا بڑھنے کے لیے　　ہمت کی بلندیوں پہ چڑھنے کے لیے
مولا کا ہر اک معرکۂ علم و عمل　　سنتے رہے ہم درود پڑھنے کے لیے

(49)

آنکھوں میں تری زبان پر صلِ علیٰ　　جذبہ کوئی ان حدوں سے آگے نہ چلا
اللہ وہی قوم ہو سب سے پیچھے　　جس قوم میں ہو معرکۂ کرب و بلا

(50)

کس برتے پہ حیدری تو کہلاتا ہے　　اپنی ہستی میں کیا جھلک پاتا ہے
تیرا دل بھی نہیں ہے تیرے بس میں　　مغرب سے وہ آفتاب پلٹاتا ہے

(51)

آقا سے جہانداری و دارائی لے　　دامن پھیلا کے شانِ یکتائی لے
عباس کی طرح زورِ احساس دکھا　　میدانِ عمل میں آ کے انگڑائی لے

(52)

ساکن ہو دلوں میں نہ تکدّر کی طرح　　مذموم نہ بن لفظِ تنفّر کی طرح
آفاق میں حریت کو بدنام نہ کر　　آزادی کی سانس لے مگر حُر کی طرح

(53)

ہاں سِرِّ خفی نصِ جلی کہہ کے اُلٹ　　اے صاحبِ زورِ ازلی کہہ کے اُلٹ
کیا صرف کتابوں کے اُلٹتا ہے ورق　　دنیا کا ورق بھی یا علیؑ کہہ کے اُلٹ

(54)

اے سینہ شگاف غم اُٹھانے والے　　اے درد بدل قدم اُٹھانے والے
آلودۂ خونِ حق شعاری تو نہیں　　یہ ہاتھ جو ہیں علَم اُٹھانے والے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(55)

عباسؑ کے نام کا اُٹھاتے ہیں علَم　　کھاتے ہیں اُسی جری کی ہر بار قسم
اتنا تو سبق اُس کی شہادت سے لیا　　اس سے بڑھ کر اب اور کیا کرتے ہم

(56)

ایسی ہے نہ قیصر کی نہ فغفور کی شب　　سرمایہ پرست کی نہ مزدور کی شب
احساس ہو قوم میں تو دن پھیر نہ دے　　ہجرت کی یہ رات اور یہ عاشور کی شب

(57)

ایسا تھا کہاں شمع سرِ طور کا دن　　جلوہ سے قریب کا ہویا دور کا دن
وہ ٹھوکریں کھائی پھرے تاریکی میں　　جس قوم کے ورثہ میں ہو عاشور کا دن

(58)

منعم ہے تو یہ آتشِ افلاس بجھا　　اُٹھ اپنی غریب قوم کی پیاس بُجھا
تو شمع جلاتا ہے عزا خانوں میں　　للّٰہ نہ اپنی شمعِ احساس بُجھا

(59)

مجلس واجب ہے، تم پہ ماتم واجب　　ہر حال میں شبیرؑ کا ہے غم واجب
شبیرؑ نے سر دیکے بچایا ہے جسے　　اس قوم کی خدمت ہے بہت کم واجب

(60)

گوشہ میں وہ دولت کا خزینہ دیکھو　　ماتھے پہ وہ علم کے پسینہ دیکھو
ہے اِن کے خلاف شان ماتم کرنا　　حلقہ سے الگ دست بسینہ دیکھو

(61)

تکمیل نیاز و نذر کرلیتے ہیں　　اس راہ میں قرض بیشتر لیتے ہیں
بھوکوں کو نوالہ نہیں ملتا لیکن　　سب پیٹ بھرے ہی پیٹ بھر لیتے ہیں

(62)

یوں حال غریبوں کا سدھر سکتا ہے　　ڈوبا ہوا حوصلہ اُبھر سکتا ہے
منعم ہے تو کر قوم کی عسرت کا علاج　　حصہ مجلس کا پیٹ بھر سکتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(63)

کیا پھرتا ہے دامن کو سنبھالے بندے  تقدیس کی آغوش کے پالے بندے
بندہ ہے تو اللہ کے بندوں کو نہ بھول  اللہ کی یاد کرنے والے بندے

(64)

افطار کے سامان سے مطبخ بھر جائے  جو زیرِ گلو جائے وہ لقمہ تر جائے
ہوتی نہیں ایسے روزہ داروں کو خبر  فاقہ سے اگر کوئی پڑوسی مرجائے

(65)

حیرت ابھی واقفِ اسرار نہیں  تفسیر مودّت سے خبردار نہیں
مانا شبِ عاشور میں بیدار ہے تو  بیداری کے مفہوم میں بیدار نہیں

(66)

مفہوم شہادت کو بھلادے ملت  مجلس کو بھی اک رسم بنادے ملت
تقریر کا آج کوئی معیار نہیں  منبر پہ جسے چاہے بٹھادے ملت

(67)

رکتے ہیں بھلا ہمتِ کامل والے  منجدھار میں سب کود پڑے دل والے
جیسے کوئی زندگی کے دن گنتا ہے  لہریں گننے کھڑے ہیں ساحل والے

(68)

دل میں ترے درد کی بھی لے ہے کہ نہیں  کردار میں ملّی ہے کوئی شے کہ نہیں
ہے حب علیؑ سفینہ نوح مگر  تیری بھی سفینہ میں جگہ ہے کہ نہیں

(69)

آنسو تو بہت آنکھ کے پیمانے میں  کیا رنگ ہے زندگی کے افسانے میں
دل بھی ترا پاک ہے، زباں بھی طاہر  یہ دیکھ کے پاؤں رکھ عزا خانے میں

(70)

حسرت ہے اگر تجھے یہ ادراک نہیں  جامہ کی بساط کیا جو دل پاک نہیں
تو رونقِ منبر ہو کہ ہو خاک نشیں  کردار ہے اصل چیز پوشاک نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(71)

ہے رفعتِ نفس کا سبب بیداری — زیبا ہے پر اس طرح سے کب بیداری
دل میں زروسیم لب پہ اللہ غنی — اے عاملِ بت سازی و شب بیداری

(72)

اچھی سحری لذیذ تر افطاری — ہر روز ہو عیشِ صوم کی تیاری
احکامِ شریعت جو سمجھنے بھی نہ دے — ایسی دولت سے ہے بھلی ناداری

(73)

زندہ قوموں کے یوں نشاں ملتے ہیں — ابھرے ہوئے نقشِ رفتگاں ملتے ہیں
یوں ذکرِ علیؑ کا اہلِ عالم سے کرو — سب چیخ اٹھیں علیؑ کہاں ملتے ہیں

(74)

ہم نے مانا ابھی سویرا ہے بہت — غفلت کی نوازشوں نے گھیرا ہے بہت
اٹھ حسنِ عمل کی شمع روشن لے کر — جانا ہے جدھر تجھے اندھیرا ہے بہت

(75)

ہستی کی نمود کچھ تماشا تو نہیں — تو ایک ہی اللہ کا بندہ تو نہیں
کس کس کے حقوق تجھ پہ ہیں غور تو کر — دنیا میں ترا وجود تنہا تو نہیں

(76)

جو خدمتِ خلق عمر بھر کرکے گیا — تکلیف محبت میں بسر کرکے گیا
اُس کے لیے ہے موت بھی پیغامِ حیات — وہ معرکۂ حیات سر کرکے گیا

(77)

تو زورِ حیات آزمانے کا نہیں — یوں بزمِ عمل میں بار پانے کا نہیں
قومیں حق مانگتی ہیں شمشیر بکف — تجھ کو یارا زباں ہلانے کا نہیں

(78)

جب تک مری زباں میں رس ہے سن لے — جب تک سننے پہ تیرا بس ہے سن لے
سنسار کو سکھ ملا ہے میرے دکھ سے — میرے دکھ میں پریم رس ہے سن لے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(79)

اب تک وہی زنجیری و صیادی ہے — اب تک وہی تفرقوں کی ناشادی ہے
باتیں تو بہت کچھ ہیں عمل ہے محدود — اس دور میں تقریر کی آزادی ہے

(80)

ملت پہ عجیب بے حسی طاری ہے — کیا نام کی زندگی وبیداری ہے
ہم سایہ ہیں یوں مفلسی و بے خبری — فاقے ہیں کہیں اور کہیں افطاری ہے

(81)

ایمان کی بہار لے کے عید آئی ہے — روزوں کا نکھار لے کے عید آئی ہے
نا محرمِ راز عید تیری خاطر — اک قرض کا بار لے کے عید آئی ہے

(82)

ہر ذرّے سے اک سحاب پیدا کردے — ہر قطرہ سے آفتاب پیدا کردے
آتا ہے تیرا حسینؑ سا مردِ عمل — جب چاہے تو انقلاب پیدا کردے

(83)

شبیرؑ نے راہِ حق میں کیا کیا نہ دیا — ہم نے ہی ثبوت کچھ ولا کا نہ دیا
کاندھا جو ضریح کو دیا بھی تو کیا — جب بھائی نے بھائی کو سہارا نہ دیا

(84)

اک خواب و خیالِ کوثر آشامی ہے — جذبات کا مدوجزر ہنگامی ہے
مجلس سے نکل کے رخ کدھر ہے یہ دیکھ — غافل ابھی تشنگی میں کچھ خامی ہے

(85)

مانا کہ دماغ عقل برساتا ہے — ہمت سے زمیں زیر نگیں لاتا ہے
میرے لیے اے کارکنانِ قدرت — دل لاؤ جو تاج و تخت ٹھکراتا ہے

(86)

اک حسرتِ بے پناہ پیدا کر لے — آنکھیں نہ سہی نگاہ پیدا کر لے
غافل عذر شکستہ پائی کیسا — بے پاؤں کے چل وہ راہ پیدا کر لے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(87)

جینا ہے تو مرجانے کا آہنگ رہے — حق کے لیے باطل سے سدا جنگ رہے
جادہ ہو وفا کا ہو عشق ہو راہ نما — دو روز کی زندگی ہے ست سنگ رہے

(88)

اعجاز نہیں حضور رس ہو جانا — آوارۂ جادۂ ہوس ہو جانا
تو بال ہما تو ہے پر اتنا سُن لے — آساں ہے بہت پرِ مگس ہو جانا

(89)

رُکتے ہیں کہیں ہمّت کامل والے — منجدھار میں سب کود پڑے دل والے
جیسے کوئی زندگی کے دن گنتا ہو — لہریں گنتے کھڑے ہیں ساحل والے

(90)

زردار تکلف کے سوا کیا جانیں — مزدور کی زیست کا مزا کیا جانیں
کھانا پینا نظام اوقات پہ ہے — جو پیٹ بھرے ہیں اشتہا کیا جانیں

(91)

نادان ہے جو مفلسی کا غم کھاتا ہے — سُن میرا مشاہدہ جو فرماتا ہے
دولت آتی ہے جب کسی کے گھر میں — شیطان آتا ہے اور خدا جاتا ہے

(92)

اب اور ہی نقشا نظر آتا ہے مجھے — کچھ رنگ بدلتا نظر آتا ہے مجھے
نزدیک ہو یا دور ہو طوفان کوئی — بڑھتا ہوا سایا نظر آتا ہے مجھے

(93)

ہنگامۂ بیدار دلی چھوڑ گئے — آوازۂ درد پروری چھوڑ گئے
دل والوں پہ کچھ اجل کا قابو نہ چلا — مرنے کو چلے تو زندگی چھوڑ گئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بشر وہ کیا ہے اگر چاند تک پہنچ نہ سکے    زمیں پہ جس کے لیے چاندنی اتر آئی
یہ دور وہ ہے کہیں سے جواب تک نہ ملا    ہر ایک در پہ محبت سلام کر آئی
کسے گلہ ہے حریفوں کی مسکراہٹ کا    ہمیں تو خود بھی ہنسی اپنے حال پر آئی
خدا ہی خیر کرے بے ضرر جہالت کا    بشر کے علم کی تلوار باڑھ پر آئی
کسے نصیب ہے مقتل کا آئینہ خانہ    وہ پچھلوں کی جوانی تھی بن سنور آئی
زہے سلیقہ فطرت جہاں بھی آئی ہے    نوید امن بہ تقریب شور و شر آئی
ہماری فکر کا انداز دیکھ کر اے نجم    فلک سے کیا یہ غزل کی زمیں اتر آئی

97

بیٹھے ہو کب سے منہ کو موڑے    نام بڑا اور درشن تھوڑے
سوئے ہوئے سے جاگے ہوئے ہیں    کون جگائے کون جھنجھوڑے
کون بلا تھی آس نہ ٹوٹی    اس کی گلی میں پاؤں بھی توڑے
آپ کی کرپا بھی ہے نرالی    دل ہیں کہ جیسے پکے پھوڑے
پریم کا بندھن ٹوٹے کیوں کر    جان چھڑالیں ہاتھ تو چھوڑے
دل کو نہ سمجھو مفت کا سودا    کس نے اپنے ہاتھ مروڑے
نجم یہ اچھی پریم کتھا ہے    دل کے پھپھولے اور نہ پھوڑے

98

اسی کے دم قدم سے ہے یہ شانِ رہبری اپنی    کہاں گم ہوگئی وہ شاہراہِ زندگی اپنی
مری نظروں میں کتنے حادثے آئے تبسم کے    بچھائی اور سمیٹی چاند نے جب چاندنی اپنی
بدلنا ہی پڑا ہم کو بساطِ دہر کا نقشہ    یہ سمجھے تھے بدل جائے گی حالت آپ ہی اپنی
زہے قسمت اسی کے ہاتھ سے مارے گئے آخر    چھپا رکھی تھی جس نے دوستی میں دشمنی اپنی
کبھی ترمیم کرلیتے ہیں احکامِ شریعت میں    ابھی حد نا خدائی ہے خدا کی بندگی اپنی
ادھر بھی دیکھ لینا اک نظر دورِ سحر والو    چراغِ صبح لے کر جا رہا ہے روشنی اپنی
سہارا نجم جس کو ہم نہ دیں وہ زور و طاقت کیا    وہ مجلس کیا ہے جس مجلس میں رہ جائے کمی اپنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

**(99)**

بہت بڑھ چلی زندگانی ہماری    کہاں رہ گئی تو جوانی ہماری
محبت نے روکا وفا نے سنبھالا    فرشتوں نے کی پاسبانی ہماری
نہ سمجھے وہ دردِ محبت ہمارا    ہمیں تک رہی مہربانی ہماری
دو عالم تصدق ترے چشمِ نم پر    سنی ہے کسی سے کہانی ہماری
محبت میں روتے ہیں اور جی رہے ہیں    یہ دل اور یہ سخت جانی ہماری
یہ چتون مبارک یہ تیور سلامت    اسی روپ میں تھی جوانی ہماری
حکومت ہے جن کی یہ انجم ان سے کہہ دو    کبھی تھی یہ دنیائے فانی ہماری

**(100)**

نہ جسے نظر نے دیکھا نہ جسے خرد نے جانا    یہ جلال و جبر دیکھو اسے مان لے زمانا
مجھے اس روش سے دنیا کی بڑا سکوں ملا ہے    مرے غم کو غم نہ سمجھا مرے دل کو دل نہ جانا
میں ہزار ظلم سہہ کر بھی وفا کا درس دوں گا    مرے عشق پر ہے واجب تمھیں آدمی بنانا
جو زمانہ کی روش پر ابھی ناز کر رہے ہیں    وہ پلٹ کے دیکھتے ہیں تو بدل گیا زمانا
انھیں اپنے دل سے بڑھ کر مرے دل کی قدر ہوتی    کبھی زندگی میں ہوتا جو نصیب چوٹ کھانا
میں گزر تو کر رہا ہوں ابھی در گزر رہے لیکن    مرا ہاتھ ہو گا کاری جو پڑے گا ہاتھ اٹھانا
مری زندگی سے اب بھی ترا فاصلہ بہت ہے    مرے دل تک آنے والے مرے دردِ دل تک آنا
یہ بہت بلند منزل ہے میرے شعورِ غم کی    کبھی مسکرا کے رونا کبھی رو کے مسکرانا
مجھے آرزوئے نغمہ نہ غمِ تلاشِ مطرب    مرے عشقِ معتبر کا ہے نفس نفس ترانا
دل اہلِ معرفت کو ہے سخن عزیز میرا    مجھے مسند صدارت پہ جگہ نہ دے زمانا

**(101)**

کہوں گا کچھ نہ قلبِ ناتواں کی    یہ منزل ہے فریبِ دوستاں کی
کہاں کی رہ گزر منزل کہاں کی    چھٹی جاتی ہیں نبضیں کارواں کی
چمن کی آبرو محفوظ رہتی    لٹا دیتے جو دولت آشیاں کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابھی ربطِ جبین و آستاں کیا　　یہ سجدہ بھی کڑی ہے درمیاں کی
انھیں آیا نہ طرزِ بندگی بھی　　خدائی اور خداوندی کہاں کی
گزرتی ہے یہ جس پر اس سے پوچھو　　قیامت ہے خموشی نکتہ داں کی
زباں دانِ محبت ہی نہیں تم　　تمھیں کیا قدر ہو اردو زباں کی
فقیرِ رہ گزر کا پوچھنا کیا　　زمیں زیرِ قدم ہے کل جہاں کی
مکاں میری نظر میں کیا سمائے　　میں وسعت دیکھتا ہوں لامکاں کی

(102)

زمیں بوئے خوں سے مہکتی رہی　　ستاروں کی چھاتی دھڑکتی رہی
زبانوں سے اغماض کرتے رہے　　نگاہوں میں دنیا کھٹکتی رہی
بہت کام انسان نے بے جا کیے　　بہت عقلِ انساں جھجکتی رہی
قوانین فطرت نہ بدلے گئے　　خرد زور کر کر کے تھکتی رہی
بہت حکمتوں سے سنوارا گیا　　نگاہوں سے وحشت ٹپکتی رہی
صداقت کی آنکھیں بھی جھپکی نہیں　　سیاست کی بجلی چمکتی رہی
قدم جادۂ زہد ہی پر رہے　　نظر دشمنوں کی بہکتی رہی
وہ فکرِ سخن کا نشیمن گیا　　کہ بلبل نہ تھی اور چہکتی رہی
مسیحا نفس بن گیا آدمی　　مگر آدمیت سسکتی رہی
مرے منہ سے جھڑتے رہے پھول جم　　زباں شاخِ گل سی لچکتی رہی

(103)

زخمِ دل زخمِ زباں سب سہہ گئے　　وقت کے مارے ہوئے چپ رہ گئے
آپ کی دریا دلی بھی دیکھ لی　　کتنے دریا آنسوؤں میں بہہ گئے
دے رہے تھے بے عمل درسِ عمل　　ہم بھی سب سن کر سمجھ کر رہ گئے
بے زبانی بھی زباں بن کر رہی　　کچھ نہ کہنا تھا مگر کچھ کہہ گئے
حرفِ حق برداشت کے قابل نہ تھا　　کتنی چوٹیں تھیں جو ناحق سہہ گئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غفلتِ امروز کے سیلاب میں ۔۔۔ کل کے سارے کارنامے بہہ گئے
نجمؔ ہم نکلے جو ارضِ تاج سے ۔۔۔ خسرو بے تاج ہوکر رہ گئے

(104)

خوب بیٹھے ہیں بہم سمجھے ہوئے ۔۔۔ ہم کو تم اور تم کو ہم سمجھے ہوئے
ناسمجھ بھی ہیں یہ غم سمجھے ہوئے ۔۔۔ امتیازِ بیش و کم سمجھے ہوئے
دیر تک وہ بیٹھ کر سمجھا گئے ۔۔۔ دیر سے بیٹھے ہیں ہم سمجھے ہوئے
جادۂ خیر البشرؐ سے دور ہیں ۔۔۔ مسلکِ خیرؐ الامم سمجھے ہوئے
اللہ اللہ آدمی کی بے بسی ۔۔۔ جی رہا ہے غم کو غم سمجھے ہوئے
وہ براہِ فخر ہیں اہلِ دول ۔۔۔ کیا تجارت کو کرم سمجھے ہوئے
وہ زیادہ سے زیادہ ہوں اگر ۔۔۔ جن کو تم ہو کم سے کم سمجھے ہوئے
نجمؔ کتنے ہوں گے عرفیؔ کی طرح ۔۔۔ نشترِ لا و نعم سمجھے ہوئے

(105)

گھر میں خزاں کا دور چمن میں بہار ہے ۔۔۔ اب اے دلِ غیور تجھے اختیار ہے
میرے لہو سے میرا چمن لالہ زار ہے ۔۔۔ کیا اس سے بڑھ کے اور دلیلِ بہار ہے
ہم اعتبارِ وقت کی حد سے گزر چکے ۔۔۔ اب وہ ہیں ان کا وقت ہے اور اعتبار ہے
یارب حسین پھولوں کی غنچوں کی خیر ہو ۔۔۔ ہنستے ہیں باغباں کو غرورِ بہار ہے
یہ سوچتے ہیں عیش جنھیں راس آگیا ۔۔۔ باقی خدا کے بندوں کو غم ساز گار ہے
میں فرشِ میکدہ پہ بھی ہوں مثلِ بوئے گل ۔۔۔ واعظ غریب مسند و منبر پہ بار ہے
کچھ کرلیا اسی نے جو یہ سوچ کر اٹھا ۔۔۔ میری ہے جیت سارے زمانے کی ہار ہے
کچھ دل پہ جبر کرنے کی عادت بھی ڈال لیں ۔۔۔ کل ہو نہ ہو جو آج انھیں اختیار ہے
درکارِ شت و شو میں ہو کتنا لہو ابھی ۔۔۔ کیا جانے ان کے دل میں کہاں تک غبار ہے

(106)

وقت کی پرستش کیا آدمی کا مذہب کیا ۔۔۔ ملت مہذب کیا قوم نا مہذب کیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موت کے سوا اب ہے زندگی کا مطلب کیا
دل ٹٹولنے والے دل میں رہ گیا اب کیا

نظم اگر ہے عالم کا بے شعور ہاتھوں میں
فطرتِ منظّم کیوں جلوۂ مرتب کیا

کچھ فضا بدلنے دو بے بسی کو ٹلنے دو
یاد آنہ جائیں گے پھر گناہ کے ڈھب کیا

اپنی زندگی کو جو زندگی سمجھتے ہیں
وہ غریب سمجھیں گے زندگی کا مطلب کیا

ہیں بڑے بڑے دعوے اب تو مہربانی کے
جی گئے تو دیکھیں گے مرگئے تو مطلب کیا

اور بھی کوئی مذہب ہے سوا محبت کے
میرا ہے یہی مذہب پوچھتے ہو مذہب کیا

کچھ مری خموشی سے فائدہ اٹھا لیجئے
آپ کو بھی آتے ہیں بات چیت کے ڈھب کیا

جان بھی نہیں اپنی اور کون اپنا ہو
میرے پاس ہے اب کیا میرے پاس تھا جب کیا

اک نگاہ میں آخر کیسی عذر خواہی تھی
دل میں تھے گلے کتنے ختم ہوگئے سب کیا

نجم سوچتا ہوں میں کچھ مجھے سکوں دے گی
چاندنی کی بارش میں یہ ڈھلی ہوئی شب کیا

یوں تو سو بہانے ہیں نجم کچھ نہ کرنے کے
قصد ہے تو کرڈالوں آج کل اوراب تب کیا

## 107

تبسم ہو کہ آنسو چشمِ تر میں
ہم ہی ہم ہیں زمانے کی نظر میں

جہاں وسعت ہوئی فکر و نظر میں
بڑھے کچھ اور آنسو چشمِ تر میں

محبت کے جہاں معبد بنے ہیں
ہمارا خون ہے دیوار و در میں

غرورِ کارواں سے کوئی کہہ دے
بہت مارے پڑے ہیں رہ گزر میں

خبر کیا خانہ بربادوں کی تم کو
خدائی ہے خداوندی ہے گھر میں

شبِ غم رنگ لائی جاتے جاتے
لگادی آگ دامانِ سحر میں

جفا ہو اپنی حد پر یا وفا ہو
بہت کم ہے محبت کی نظر میں

اجل آنے سے پہلے کچھ نہ سمجھے
بہت کچھ تھا حیاتِ مختصر میں

## 108

زورِ سخن سے اک جہاں روز بنا بنا دیا
میں نے ہی خود ہزار بار اپنا غرور ڈھا دیا

پاؤں تلے سے ناگہاں کیسی زمیں نکل گئی
کس کو مٹا رہے تھے تم کس نے تمھیں مٹا دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کے چراغ مہر و مہہ میرے بغیر کچھ نہیں — رونق آب و رنگ ہے میری نگاہ کا دیا
شانہ ہلا زمیں ہلی کانپ گئے دماغ و دل — عمرِ ستم دراز ہو آج مجھے جگا دیا
نظمِ حیات ہے یونہیں سلسلۂ حیات میں — مجھ کو کسی سے کیا ملا میں نے کسی کو کیا دیا
سختیٔ راہ ایک تھی میرے تمھارے واسطے — جس کا تھا دل بڑھا ہوا اس نے قدم بڑھا دیا
نجم خدا سے آج تک راست معاملت نہیں — بندۂ در اسی کا ہوں جس نے مجھے جگا دیا

(109)

عشق تھا حسن کارساز ان کا — آج کہہ دیں گے ان سے راز ان کا
بے نیازی سے یوں بھلا بیٹھے — جیسے تم تھے جواب ناز ان کا
نالہ نالہ جنون دل میرا — نغمہ نغمہ سکون ساز ان کا
کیا تصور بھی ان کے بس کا نہیں — آئینہ لا شبِ دراز ان کا
آپ بیتی نہیں حقیقت بھی — مرحبا فتنۂ مجاز ان کا
چپ ہوں لیکن یہ خامشی کب تک — ہر کلی تھی چمن میں راز ان کا
عشق اس دن سے کفر کہلایا — جب سے میں ہوں شریکِ ناز ان کا
دل بہت اہلِ دل کے توڑے ہیں — کیا فسانہ ہے جانگداز ان کا
نجم ہر شعر میں ترنم ہے — آج شاعر ہے نے نواز ان کا

(110)

راہِ وفا کے راہی کچھ ہم سفر بنا لے — مشکل یہ مرحلہ ہے آساں مگر بنا لے
میں تو یہ چاہتا ہوں اپنا اسے بنا لوں — یوں ہی سہی وہ مجھ کو اپنا اگر بنا لے
جادے کی جستجو کیا کیسی تلاشِ رہبر — منزل کر اک معین اک رہگزر بنا لے
دنیا بنا کے لے گا کیا دورِ زندگی میں — میں دل بنا رہا ہوں تو دل میں گھر بنا لے
یہ زشت و خوب دونوں مجبور زندگی ہیں — تو اپنی ہر نظر کو لطفِ نظر بنا لے
دنیا کے معرکوں میں فاتح رہے گا اکثر — ذہنی لطافتوں کو تیغ و سپر بنا لے
کچھ آسماں سے بھی ہے اونچا میرا تخیل — تو زیرِ آسماں کچھ دیوار و در بنا لے

Presented by: Rana Jabir Abbas

حملے مسرتوں کے چاروں طرف سے ہوں گے — اے غم نواز غم کو پایندہ تر بنا لے
کب تک رہیں گے آخر شام وسحر کے شکوے — تو جیسے چاہتا ہے شام و سحر بنا لے
ہر عیب سے ہے مشکل دامن بچا کے چلنا — جس عیب کی ہوس ہو اس کو ہنر بنا لے
پھر دو جہاں بھی تیرے کون ومکاں بھی تیرے — اپنی نظر کو بالکل اپنی نظر بنا لے
تن میں بھی چاہتا ہے من کا اگر اجالا — داغوں کو اپنے دل کے شمس وقمر بنا لے
اتنا تو زندگی پر ہے اختیار تجھ کو — آسان تر بنا لے دشوار تر بنا لے
اے نجم ہر جگہ کچھ درکار ہے سلیقہ — زنداں میں بھی ہو کچھ دن رہنا تو گھر بنا لے

111

بُرے بھلے میں کوئی خاک امتیاز کرے — وہ پیرہن ہوں جو یوسف کو کھو کے ناز کرے
نہ اقتدارِ دو روزہ پہ کوئی ناز کرے — کسے خبر ہے وہ کل کس کو سرفراز کرے
خدا جو اجرِ مصیبت سے سرفراز کرے — غریب عشق نہ کیوں دردِ دل پہ ناز کرے
کھڑا ہوں آئینہ خانہ میں ہاتھ پھیلائے — جہاں میں کیا کوئی دستِ طلب دراز کرے
ہر انقلاب کا ساتھی ہر اقتدار کا دوست — تغیرات کا غم کیوں زمانہ ناز کرے
جو سوچتا ہوں وہ دنیا سے کہہ نہیں سکتا — خدا کسی کو نہ یوں مبتلائے راز کرے
کہیں نہ دل کی طہارت میں فرق آجائے — نظر نہ جانب گل کوئی پاکباز کرے
وہ زور ہے کہ پنپتی نہیں حقیقت بھی — بجا ہے ناز اگر فتنۂ مجاز کرے
خدا کے بندوں کا بندہ ہے جو خدا کا نہیں — بہت غرور نہ پروردۂ نیاز کرے
جو ایک آنچ محبت کو سہہ نہیں سکتا — وہ کیوں زباں سے تفسیرِ سوز وساز کرے
کسی میں جان ہے جو ٹوک دے مشیت کو — کرم اگر غمِ عصیاں پہ غم نواز کرے
سکونِ دل سے تمنا ہے ایک سجدہ کی — خدا نصیب اگر فرصتِ نماز کرے
اٹھوں گا اپنے ہی بل پر اگر اٹھا زندہ — نہ میرے حال پہ احسان چارہ ساز کرے
کسی کو نجم خوشی ہو تمہارے غم سے اگر — دعا کرو کہ خدا عمرِ غم دراز کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

112

کیوں اے فضائے درد کہیں دل نہیں رہا — کیا امرِ حق کو خطرۂ باطل نہیں رہا
دل مرکزِ جمال کے قابل نہیں رہا — جب عشق کا شعور ہوا دل نہیں رہا
سجدہ بھی اب تو ان کے مرے درمیاں نہیں — اک یہ بھی نقطۂ حدِ فاصل نہیں رہا
میں نے عمل کی راہ میں ناکامیاں سہیں — تخئیل کامیاب کا قائل نہیں رہا
ہر سر پہ ایک تاج رعونت ہے جلوہ گر — جب سر کسی کا تاج کے قابل نہیں رہا
پہنچا رہِ طلب میں وہ منزل پہ بے تکاں — جس کو خیالِ دوریِ منزل نہیں رہا
کیا مسکرا کے موت کی دیتے ہو تم خبر — میں کچھ دنوں سے زیست کا قائل نہیں رہا
وہ کاروانِ عشق ہے کس دن الگ رہے — میں کب فضائے حسن میں شامل نہیں رہا
مانگی ہے ان سے موت نہ مانگی تھی زندگی — دامن کبھی یہ دامنِ سائل نہیں رہا
آسانیوں کے دور کا حاصل نہ پوچھیے — سب کچھ ہے صرف حوصلۂ دل نہیں رہا
میں نے لیا ہے قوتِ بازو سے اپنا حق — شرمندۂ نوازشِ باطل نہیں رہا
گمراہ بھی ہوں تجھ تو ہوں معرفت کے ساتھ — میں ناشناسِ جادۂ و منزل نہیں رہا

113

موت کی آغوش میں بھی زیست کا دم خم رہے — کروٹوں پر کروٹیں لے دم میں جب تک دم رہے
حسن کی عظمت اسی میں ہے کہ عہدِ غم رہے — تا قیامت کشتگانِ عشق کا ماتم رہے
زندگی یہ ہے کہ میرے بعد میرا غم رہے — رہتی دنیا تک دلِ بیدار و چشمِ نم رہے
کیا خبر کتنے ابھی آئیں گے ایسے آج کل — آج تم ہی تم سہی کل تک تو ہم ہی ہم رہے
تیز گامی پر نہ جا اے رہنمائے کارواں — ایسے کتنے کارواں آگے بڑھے اور تھم رہے
نقشِ آب و گل کی ایسی خودسری اچھی نہیں — سرکشِ نافہم گردن میں ذرا سا خم رہے
میرے غم پر اس کا طنز اس کا تبسم سب درست — جھوٹ ہی کہہ دے کوئی ہم غم سے نامحرم رہے
زندگی کی راہ میں کتنا ہجومِ شوق تھا — پاشکستہ چل پڑے ہمت شکستہ تھم رہے
کیا ستم ہے آدمی راضی ہو اس تقدیر پر — دولت دنیا زیادہ آدمیت کم رہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذہنِ انسانی ہے رقصاں منزلِ ایجاد میں
دیکھیے کب تک نظامِ عافیت برہم رہے

مجھ سے یہ بھی چاہتا ہے عہدِ روشن آپ کا
شمعِ دانش گل چراغِ زندگی مدھم رہے

رہرووں کو امتیازِ جادہ و منزل نہیں
واہ کیا ادھ بیچ میں اربابِ ہمت تھم رہے

ہم نے دیکھے ہیں یہ منظر زندگی کی دوڑ میں
جو زیادہ سے زیادہ تھے وہ کم سے کم رہے

وہ ہمیشہ لے کے ابھرے اک پیامِ انقلاب
دامنِ دولت پہ جو قطرے لہو کے جم رہے

سوتے سوتے جاگ اٹھی کیفیت شعر و سخن
جس کسی محفل میں پہنچے نجم ہم ہی ہم رہے

(114)

بے حسوں کو درد کی منزل میں لاسکتا ہوں میں
ضد پہ آجاؤں تو دل سے دل بنا سکتا ہوں میں

میں یہ کہتا ہوں کہ محفل میرے ساتھ اٹھ جائے گی
یہ نہ کہیے تجھ کو محفل سے اٹھا سکتا ہوں میں

لاکھوں پروانے ہیں دنیا میں چراغ دیر کے
آدمی ہوں کفر پر ایمان لاسکتا ہوں میں

مجھ کو واعظ رشک مسجد کی امامت پر ہو کیا؟
جب نمازِ عشق مقتل میں پڑھا سکتا ہوں میں

غم کی یہ تاریک راتیں اور تسلی کا پیام
شمع کی زحمت نہ کیجئے دل جلا سکتا ہوں میں

زیست کے احساس میں ہے مسکراہٹ آپ کی
موت کے احساس میں بھی مسکرا سکتا ہوں میں

اس کو اپنے خانۂ دل میں بلالوں تو سہی
جس کی منزل ڈھونڈ سکتا ہوں نہ پاسکتا ہوں میں

روشنی یکساں ہے میری عرش ہو یا فرش ہو
نجم ہر بزمِ سخن میں جگمگا سکتا ہوں میں

(115)

غریبوں کی جسارت پر وہ منہ حیرت سے تکتے ہیں
کہ ان کمزور سینوں میں بھی شاید دل دھڑکتے ہیں

کریں کیا بندگانِ وقت حق کہتے جھجکتے ہیں
گلے میں لفظ اظہارِ حقیقت کے اٹکتے ہیں

مزا ہے بے پئے کہنے کا حق سو بات ناحق ہو
وہ مے نوشوں میں ہیں کم ظرف جو پی کر بہکتے ہیں

نظر والو حقیر و ناتواں ہم ہیں مگر ایسے
کہ آج اتنی بڑی دنیا کی نظروں میں کھٹکتے ہیں

مخالف بھی مزے لیتے ہیں کیا کیا میری ہمت کے
مرا صبر و تحمل دیکھتے ہیں اور بھڑکتے ہیں

بظاہر حاصلِ محفل تبسم ہی تبسم ہے
کسے معلوم کن سینوں میں انگارے دہکتے ہیں

فرشتے گرد بھی ان منزلوں کی پا نہیں سکتے
جہاں ہم خاکسارانِ ازل دامن جھٹکتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بہت کم ہیں محبت کی روش کے جاننے والے — جو سر کے بل نہیں چلتے انہیں کے پاؤں تھکتے ہیں
سراپا جرم ہو کر بھی میں بندہ ہوں وہ خالق ہے — کہیں اس طرح کے مضبوط رشتے ٹوٹ سکتے ہیں
ستم ہے تجھم اپنے غم کو طشت ازبام کر دینا — ہم اپنا دردِ دل کہتے نہیں ہیں یہ کر تو سکتے ہیں

(116)

نہ گدائی مجھے دے اور نہ سلطانی دے — فتنہ گر اک نگہِ ناز کی قربانی دے
کن کی آواز پہ کیا جلد لیا میں نے وجود — اور کچھ دے کہ نہ دے دادِ سخن دانی دے
ہم سے دیوانوں کو جچتی ہیں ادائیں ایسی — یوں ترا شوق جسے چاک گریبانی دے
عشق کی فطرتِ فیاض سے کچھ دور نہیں — مجھ کو غم تم کو مرے غم کی پریشانی دے
دست و بازوئے ستم سرد ہوئے جاتے ہیں — کوئی مظلوم ترس کھا کے گرانجانی دے
دینے والے تو خدائی مجھے دے سکتا ہے — اک ذرا بڑھ کے محبت کی جہانبانی دے

(117)

شکستہ ہوش نہیں ہوں شکست پاؤں کیا — اجل پہ ناز ہے کہیے اجل تک آؤں کیا
نظر خود ان کی ہے نیچی نظر ملاؤں کیا — فریبِ حسن سلامت میں دل دکھاؤں کیا
جمی ہے دیر سے پندارِ حسن کی محفل — غرورِ عشق کا قصہ کوئی سناؤں کیا
یہ سن رہا ہوں کہ آفاق میں تمہیں تم ہو — میں اپنی ہستی بیجا کو بھول جاؤں کیا
یہ نازِ حسن مری عاشقی کے دم سے تھے — تمہارے دل میں ہوں بولو زبان تک آؤں کیا
زبانِ شوق کھلی ہے مزاجِ دوست بحال — کسی حسین تمنا کے گیت گاؤں کیا
سوائے غم نہ دیا کچھ تمہارے جلوے نے — یہ سوچتا ہوں تکلف سے مسکراؤں کیا
مرا صحیفۂ اعمال دیکھنے والے — ترے حضور میں ذوقِ گناہ لاؤں کیا
گذاروں شبِ غم ایک ہی تبسم میں — سحر کے رخ پہ ستارہ سا جگمگاؤں کیا
بجانِ عشق نئی زندگی کی فکر میں ہوں — تری نظر کی بگاڑی ہوئی بناؤں کیا

(118)

عشق کو حسن بنانے کو چلے — لے تری راہ پہ آنے کو چلے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کارواں آپ ہی منزل تو نہیں　　عمر گزری ہے زمانے کو چلے

تم بھی گھر جاؤ کہ وقت آخر ہے　　ہم بھی اب اپنے ٹھکانے کو چلے

جس جگہ ہوتی ہے دنیا مدہوش　　ہم وہاں ہوش میں آنے کو چلے

حشر کا نام سن آئے ہیں کہیں　　کچھ مرے دوست ڈرانے کو چلے

آشیاں بنتے ہیں آتی ہے بہار　　اک قفس ہم بھی بنانے کو چلے

تابلِ درد کہاں دل میرا　　کیوں گنہگار بنانے کو چلے

119

ان کی آنکھوں میں کھٹکتی ہے یہ دولت میری　　ہے خیالات کی دنیا پہ حکومت میری

حسن ہے میرا خدا عشق شریعت میری　　آج تک بحث طلب ہے بشریت میری

موت کہلائی شہادت مرے سر دینے سے　　خود یہ خنجر کی زبانی ہے روایت میری

کر چکا وضعِ غمِ عشق کے آئین و اصول　　اب نہ ان کو ہے نہ دنیا کو ضرورت میری

ہے جو اک حال میں عالم ترے جلوہ کی قسم　　رہ گئی ہے ترے آئینہ میں حیرت میری

دل کا کیا ذکر ہے دنیا سمٹ آتی لیکن　　صبر مسلک ہے مرا درد ہے دعوت میری

میں بناتا ہوں حسیں دیکھ کے سر دینے کو　　عشق ہے جوش مرا حسن ہے قدرت میری

نام تو ساتھ نہ جائے گا خدا حافظ ہے　　ایک رہ جائے گی دنیا میں امانت میری

بارہا پیرہنِ عشق میں دیکھا ہے تجھے　　تا ابد ہے ترے جلوہ کو ضرورت میری

120

درد ہے خیال ان کا زندگی ہے خواب ان کا　　عشق حسن فطرت ہوں مجھ سے لو جواب ان کا

گھونٹ خودلہو کے ہم پی کے رہ گئے ورنہ　　خون دل سے بھر دیتے ساغرِ شراب ان کا

حسن بے تماشا بھی کیا کوئی تماشا ہے　　ان کے دیکھنے والے دیکھتے ہیں خواب ان کا

آج میرے شانوں پر منتشر وہ گیسو ہیں　　آج خوابِ ناز ان کا آج نازِ خواب ان کا

عشق کا خمار اپنا کلفتِ خمار اپنی　　حسن کی شراب ان کی نشۂ شراب ان کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

**121**

میرے ہونٹوں پر تبسم میرے دل میں ہائے ہے ۔۔۔ مجھ سے اپنا حال جانے کیسے دیکھا جائے ہے
ہو نہ ہو صبحِ قیامت جانے والے ہم بھی ہیں ۔۔۔ بڑھ رہی ہے شامِ غم دیکھیں کہاں تک جائے ہے
جان لب پر آچکی ہے اب گئی اور اب گئی ۔۔۔ دیکھئے کب تک ہمارا آنے والا آئے ہے
شاید ان کے درد کی سب منزلیں طے ہوگئیں ۔۔۔ دل ہے اب ٹھہرا ہوا سینہ میں دم گھبرائے ہے
اے شہیدِ عشق ہو تیری طرح سب کو نصیب ۔۔۔ موت کیسی موت جس سے زندگی شرمائے ہے
آپ دو آنسو بھی اپنے بجم پی سکتے نہیں ۔۔۔ پینے والا ڈگڈگا کر زہر بھی پی جائے ہے

**122**

حریمِ ناز کا پردہ اٹھا کے چھوڑ دیا ۔۔۔ نظر جو مجھ سے ملی مسکرا کے چھوڑ دیا
مجھے نزاکتِ ہستی پڑھانے والے نے ۔۔۔ فضائے عشق میں قیدی بنا کے چھوڑ دیا
چلے تھے دامنِ دل تھام کر سنبھل نہ سکے ۔۔۔ تری نگاہ کے مرکز پہ آ کے چھوڑ دیا
بتوں نے کی تھی مری سمت بھی نگاہِ کرم ۔۔۔ مگر خدا کا گنہگار پا کے چھوڑ دیا
ہمیں سے بجم امیدِ ثواب کیا کرنا ۔۔۔ ہمیں گناہ کی منزل میں لا کے چھوڑ دیا

**123**

ان کو دیکھا بے خودی سی ہوگئی ۔۔۔ موت آئی زندگی سی ہوگئی
ہم سے پہلے تھا نظامِ عاشقی ۔۔۔ ہم جو آئے برہمی سے ہوگئی
آہ کی دل نے وہ جلوہ دیکھ کر ۔۔۔ پھر فضا میں خامشی سی ہوگئی
عشق آئینہ تھا ان کے حسن کا ۔۔۔ اپنی صورت اجنبی سی ہوگئی
ہم نے کافر سے ملائی تھی نگاہ ۔۔۔ ہر طرف پھر بے خودی سی ہوگئی
کس کو سمجھائیں محبت کا اثر ۔۔۔ زندگی میں چاندنی سی ہوگئی

**124**

کہاں ہے محبت کو کیا ہوگیا ۔۔۔ تقاضائے فطرت کو کیا ہوگیا
وہ دھڑکن بھی اب دل کی باقی نہیں ۔۔۔ گناہوں کی دولت کو کیا ہوگیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دھواں دل سے نکلا ہے نغمے کجا — یہ سازِ حقیقت کو کیا ہوگیا
مجھے بت پرستی پہ حیرت ہے خود — نظر کی لطافت کو کیا ہوگیا
وہ محشر میں لیں گے حسابِ کرم — یہ چشمِ عنایت کو کیا ہوگیا
ستم ہے کہ تابِ کرم بھی نہیں — کلیجے کی طاقت کو کیا ہوگیا
تماشائے تکرار جلوہ ہے کیوں — ادا کارِ قدرت کو کیا ہوگیا
صلہ ہے محبت کا باغِ جناں — خداوند نعمت کو کیا ہوگیا
سبق شکر کا جب سے تم دے گئے — زبانِ شکایت کو کیا ہوگیا
لبوں پر اب آہیں مچلنے لگیں — غرور محبت کو کیا ہوگیا

125

دردِ دل حاصلِ نظر پایا — ہم نے دل زندگی سے بھر پایا
غم سے کچھ ہو چلی تھی دلچسپی — یہ زمانہ بھی مختصر پایا
ان کے جلوہ کا شور سنتے تھے — ان کے جلوہ کو اک نظر پایا
کوئی حد ہی نہیں ہے منزل کی — ان کی منزل کو رہ گزر پایا
ہائے معصوم زندگی میری — عمر بھر میں خراب کر پایا

126

ہم دکھائیں گے جو ن آئے ہو افسانوں میں — حق کی قوت ہے اگر سوختہ سامانوں میں
تم سمجھتے ہو فقط حسن کے ایوانوں میں — زیست اک اور بھی ہے عشق کے میدانوں میں
اتنے مجرم نظر آئیں گے نہ زندانوں میں — جتنے آزاد گنہگار ہیں ایوانوں میں
شوق کی آگ رُکے گی نہ دبے گی اے دوست — اُڑ کے پہنچے گی یہ پروانوں سے پروانوں میں
قیمتی عمرِ ابد سے ہے گذر جائے اگر — ایک ساعت بھی محبت کے زباں دانوں میں
مدفنوں پر جو شہیدانِ محبت کے ملی — مسجدوں میں ہے وہ رونق نہ صنم خانوں میں
کوئی محروم رہے اب نہیں ساقی کو غرض — جتنی میخانوں میں تھی آ گئی پیمانوں میں
کیا مٹائے گی ہم ایسوں کو زمانہ کی روش — نام لکھا ہوا ہے کب سے گراں جانوں میں

Presented by: Rana Jabir Abbas

بس کسی کا نہ چلا موج ہوا کے آگے
ایک سیلاب تھا ذرّوں کا بیابانوں میں

روئے گی چشمِ تماشا کہ ہنسے گی اے نجم
تم نظر آؤ گے جب چاک گریبانوں میں

## 127

وہ دور چلے گا تا بہ کجائے جس کی سبیل عام نہیں
یا رات گزر کر صبح نہیں یا صبح گزر کر شام نہیں

یہ اور ہے کیا اے دوست اگر انصاف کا قتلِ عام نہیں
مردہ ہیں تو ہیں بے گور و کفن زندوں میں ہمارا نام نہیں

پہلو میں برائے نام ہے دل اب درد کا دل میں نام نہیں
مومن ہیں مگر ایمان نہیں مسلم ہیں مگر اسلام نہیں

باقی نہ رہے جب ضبط کی حد اک چیخ نکل ہی جاتی ہے
اندازِ تغافل عام سہی کیا رسمِ بغاوت عام نہیں

کل ہاتھ میں خالی جام تھا اک اب قبضہ ہے میخانے پر
اب اس سے غرض کیا ساقی کو خالی تو کسی کا جام نہیں

جس نام کے بل پر جیتے تھے وہ چھین لیا ناکامی نے
اب کام کی منزل آئی ہے اب نام سے کوئی کام نہیں

ایسے بھی تو مرنے والے تھے جو آج کے دن تک جیتے رہے
میں عزم و عمل کی راہ پہ ہوں یہ موت مرا انجام نہیں

کیا ہم سے چھپائے بیٹھے ہو اظہار کی ساعت آنے دو
محفوظ ہے کتنے سینوں میں وہ راز جو طشت از بام نہیں

معیارِ عمل سمجھے ہی نہیں تم دل کی روش کیا سمجھو گے
مزدور ہوں لیکن ایسا ہوں جس کو ہوسِ انعام نہیں

کچھ خونِ جگر سے لکھنا ہے مجھ کو ابھی لوحِ گیتی پر
الفاظ ابھی الفاظ نہیں پیغام ابھی پیغام نہیں

اے نجم جلالِ معنی ہے الفاظ کے حسن و صورت میں
حاصل ہے یہ پختہ کاری کا سرمایۂ فکرِ خام نہیں

## 128

محبت کی وہ آہٹ پا نہ جائے
اداؤں میں تکلف آ نہ جائے

تری آنکھوں میں آنکھیں ڈال دی ہیں
کریں کیا جب تجھے دیکھا نہ جائے

کہیں خود بھی بدلتا ہے زمانہ
زبردستی اگر بدلا نہ جائے

حقیقی موت یہ ہے زندگی کی
تڑپ ہو دل میں اور تڑپا نہ جائے

محبت راہ چلتے ٹوکتی ہے
کسی دن زد میں تو بھی آ نہ جائے

وہاں تک دین کے ساتھی ہزاروں
جہاں تک ہاتھ سے دنیا نہ جائے

میں امیدِ کرم پر جی رہا ہوں
یہ دھوکا ہے تو یہ دھوکا نہ جائے

کہاں ہم دردِ دل لے کر چلے ہیں
مزاجِ دردِ دل پوچھا نہ جائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جوانی تجمل صاحب کی جوانی — اکڑتی جھومتی پھر آ نہ جائے

129

اب اتنی تو ہمت کیے جایئے — اجل آئے تک ہی جیے جایئے
غریبوں کے گھر بھی چمکتا ہے چاند — ادھر بھی اجالا کیے جایئے
بہرحال ہے میکدہ میکدہ — جب آہی گئے تو پیے جایئے
ابھی دل ہے پہلو میں اپنی جگہ — نگاہوں کو دھوکے دیے جایئے
کبھی تجمل طوفاں اٹھانا بھی ہے — کہاں تک یہ آنسو پیے جایئے

130

ترے نام کو رہگذر دے رہا ہوں — یہ دنیا ترے نام پر دے رہا ہوں
مرا ہم سفر ہے پیامِ محبت — ستارے ستارے خبر دے رہا ہوں
زمیں تا زمیں پاؤں پھیلانے والو — میں دشمن کو بھی دل میں گھر دے رہا ہوں
وہ سمجھیں گے کیا لذتیں دردِ دل کی — کہے زحمتِ دردِ سر دے رہا ہوں
کہاں تک نہ روئیں مرے حال دل پر — میں غم ان کے احساس بھر دے رہا ہوں
مرا سوزِ دل دیکھ لے گا زمانہ — گرجتے برستے شرر دے رہا ہوں
محبت کی حد میں جو تم ہو سو ہم ہیں — یہ جذبِ نظر در نظر دے رہا ہوں
دلوں کی کشاکش میں میدان لوں گا — نہ سر لے رہا ہوں نہ سر دے رہا ہوں
یہاں جو ہے اپنی خبر جانتا ہے — میں اے تجمل اپنی خبر دے رہا ہوں

131

کائناتِ غم کو خاطر میں کہاں لاتا ہوں میں — پھول سا دل ہے مگر آہن سے ٹکراتا ہوں میں
اب نقابِ چہرۂ فطرت الٹواتا ہوں میں — سجدہ گاہ فکر میں بڑھتا چلا جاتا ہوں میں
اپنی ہستی سے کبھی وہ منزلت پاتا ہوں میں — زندگی کو موت کو دونوں کو ٹھکراتا ہوں میں
مجھ سے اٹھ سکتا نہیں احسانِ اربابِ کرم — پھول بھی پھینکے جو کوئی آگ ہو جاتا ہوں میں
دل کی وسعت اور ہے محفل کی وسعت اور ہے — بیٹھ جاتا ہوں جہاں کچھ بھی جگہ پاتا ہوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذہنِ انسانی پہ قبضہ میری مظلومی کا ہے
ظلم ہوتا ہے کسی پر یاد آجاتا ہوں میں

اپنا دل اپنی زباں اپنی نظر اپنا ضمیر
اپنے ہی قبضہ میں ہوں اب کس کے ہاتھ آتا ہوں میں

کل سے کتنے زندگی کے دور بدلے آج تک
اور سلجھانے میں الجھاتا چلا جاتا ہوں میں

جادۂ شمشیر ہو زنداں ہو یا دار و رسن
میری جولاں گاہ ہیں جاتا ہوں میں آتا ہوں میں

مشغلے اتنے ہیں تیرے یاد رکھنے کے لیے
تجھ کو اتنے مشغلوں میں بھول بھی جاتا ہوں میں

کوئی خوش خوش جب نظر آتا ہے قید و بند میں
دیکھ کر خود اپنی آزادی کو شرماتا ہوں میں

جب مرے مفہوم کو دنیا سمجھتی ہی نہیں
کچھ نہ کچھ کہہ سن کے اپنے دل کو سمجھاتا ہوں میں

کلمۂ حق ہوں غرور دوست دشمن کے لیے
دیکھتے رہتے ہیں سب دل میں اتر جاتا ہوں میں

کج روی کی چل نہیں سکتی صداقت کے خلاف
راہ ہو جاتی ہے سیدھی جس پہ آجاتا ہوں میں

میری پستی پر نظر کر اپنی ہستی دیکھ کر
اے خدائے آب و گل انسان کہلاتا ہوں میں

تجم مغرب کی فضا بھی کانپ جاتی ہے کبھی
گوشۂ مشرق سے وہ پیغام پہنچاتا ہوں میں



لب پہ کس کس کا نام آتا ہے
ایک ہی نام کام آتا ہے

وقت کا جب پیام آتا ہے
زد میں ہر اک نظام آتا ہے

ہر نفس تیز گام آتا ہے
کوئی ان کا پیام آتا ہے

منزلیں راستے سے ہٹ جائیں
کاروانِ عوام آتا ہے

پھر مبارز طلب ہوا غمِ عشق
دیکھیے کون کام آتا ہے

فرش پہ ان کے خاکساروں کو
عرش سے بھی سلام آتا ہے

ذکر اہلِ کمال پر چپ ہوں
لب پہ اپنا ہی نام آتا ہے

کل ہی ٹھکرا چکے ہیں ہم جس کو
پھر لبالب وہ جام آتا ہے

ہے کوئی راہ روکنے والا
دل سے دل کو پیام آتا ہے

دیکھیے کب تری عدالت کا
فیصلہ بے نیام آتا ہے

موت کی نیند سونے والا ہوں
وقتِ عیشِ دوام آتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مر ہی جاتا ہوں جب تکلف سے  
جینے والوں میں نام آتا ہے

ہوشیار اے رہینِ صحن چمن  
دانہ آتا ہے دام آتا ہے

کتنا گہرا ہے کس قدر خالی  
میرے حصے کا جام آتا ہے

رخصت اے مسندِ حیات و نشاط  
موت کا نام جھام آتا ہے

تجم کو دیکھ کر یہ کس نے کہا  
شاعرِ تلخ کام آتا ہے

133

کیا سکوں دے گی نئے دور کی روداد مجھے  
ہے تباہی گل و گلشن کی ابھی یاد مجھے

پتہ پتہ نظر آنے لگا صیاد مجھے  
واہ کیا خوب کیا قید سے آزاد مجھے

راس آئی ہے بہت آپ کی بیداد مجھے  
اسی منزل میں تو آیا ہے خدا یاد مجھے

شکر ہے ہوش تو ہے کچھ مجھے بربادی کا  
تم تو آپے میں نہیں دیکھ کے برباد مجھے

زندگی غیر کے احسان سے منظور نہیں  
آج لے لوں جو ملے مرگِ خدا داد مجھے

دردِ دل پر یہ ملا ان کی سیاست سے جواب  
مطمئن کر نہ سکی آپ کی روداد مجھے

سخت جانی سے ہے میری اسی دنیا کو گلہ  
اسی دنیا نے کیا موم سے فولاد مجھے

مشتبہ میرا تبسم مرا گریہ مخدوش  
یہ وفا کی یہ محبت کی ملی داد مجھے

اپنی ہمت کے مطابق ہے ہر انسان کی فکر  
کوئی ناشاد سمجھتا ہے کوئی شاد مجھے

عرض کرتے ہوئے گزرا ہے زمانہ بے سود  
دی ہے احساس نے اب ہمت ارشاد مجھے

خیر گذری نہ کھلی وعظ و نصیحت کو زباں  
آ گئی اپنے گناہوں کی قضا یاد مجھے

ظلم ہے قوتِ بازو کے سہارے پہ اُدھر  
ہے اِدھر صبر کی توفیق خداداد مجھے

ذہنِ عالم پہ شہادت ابھی قبضہ دے گی  
ذہنِ قاتل میں کیا ہے ابھی آباد مجھے

میں چمن میں بھی رجز پڑھتا ہوا آیا تھا  
لالہ و گل نے سکھائی ہے یہ فریاد مجھے

تجم تقدیر کی گردش سے میں دبنے کا نہیں  
پست ہمت نہ کرے وقت کی افتاد مجھے

134

اعلان غیریت کا اب اُردو زباں سے ہے  
پوچھے تو کوئی یہ لب و لہجہ کہاں سے ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سمجھو نہ یہ مقابلہ اک نیم جاں سے ہے
رشتہ ہمارا زندگی جاوداں سے ہے

سامانِ زندگی سے نہ تاب وتواں سے ہے
جتنی امید حوصلۂ جانستاں سے ہے

اک دل ہی میرے پاس متاعِ جہاں سے ہے
اُس کی طلب زمین سے ہے آسماں سے ہے

سنتا ہوں کچھ خلش انہیں طرزِ بیاں سے ہے
طرزِ بیاں سے کیا ہے مری داستاں سے ہے

کیا زندگی مراد اسی این و آں سے ہے
مرعوب کس قدر تو زمیں آسماں سے ہے

کثرت سہی گلوں کی چمن بولتا نہیں
یہ زندگی کی لہر مرے آشیاں سے ہے

طفلی میں بے خرد تھا جوانی میں بے حواس
میں کیا کہوں گناہ کی منزل کہاں سے ہے

پستی سے بے نیاز بلندی پہ یہ غرور
جھک کر تو دیکھ تیری بلندی کہاں سے ہے

شامل تو کارواں میں ہوں اب اور کیا کہوں
اک درد کا سا ربط مجھے کارواں سے ہے

فطرت کا مقتضا ہے یہ اظہارِ دردِ دل
میرا ہے یہ قصور کہ میری زباں سے ہے

اب تک ہوا نہ تکملۂ ذوقِ بندگی
کچھ واسطہ جبیں سے ہے کچھ آستاں سے ہے

ان کی خزاں میں دیکھیے کس کی بہار ہو
جن کی بہار آج ہماری خزاں سے ہے

یہ میرا امتحاں ہے کہ خود اس کا امتحاں
اک مشتِ خاک کو بھی شرف امتحاں سے ہے

زیرِ قدم زمیں سے توقع نہیں یہاں
ایسے بھی ہیں امید جنہیں آسماں سے ہے

حیرت سے دیکھتے ہیں خداوندِ ظلم و جور
اب تک مری زباں کو حذر الاماں سے ہے

اے دوست اس فضا میں حقائق سے ہوشیار
ذہنی تو ہمات کی سرحد جہاں سے ہے

دنیا مجھے ضعیف سمجھ کر نہ ہوں دلیر
اب اس کا سامنا مرے عزمِ جواں سے ہے

تخلیقِ کائنات کا عنوان دیکھنا
اے مجّم ابتدائے محبت کہاں سے ہے

135

ہونا لفظوں میں ادا عشق کا وہ جوش نہ تھا
میں ترے حسن کا آئینہ تھا بے ہوش نہ تھا

کیا اُگے گا کسی بے کسی کی لحد پر سبزہ
خاک میں جوش کہاں خون میں وہ جوش نہ تھا

جام کیا جام تھا ساقی نے جو بھر کر نہ دیا
ڈگمگا کر نہ پیا جس نے وہ مے نوش نہ تھا

کس کی آواز نے اے خوابِ گراں چونکایا
در و دیوار بتاتے ہیں مجھے ہوش نہ تھا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شکر ہے تا بہ لحد ان کی امانت لایا — حق ہے دنیا جو یہ کہتی ہے سبکدوش نہ تھا
تری آواز تو کرتی ہے عدم کو موجود — تو بھی خاموش تھا گر میں ہمہ تن گوش نہ تھا
فطرتِ حسن ہے اقرار محبت لینا — آج خاموش سہی کل تو وہ خاموش نہ تھا
تری طاعت میں اطاعت کا ہوا حق نہ ادا — تھا میں ناکام پہ احکام فراموش نہ تھا
پا گئے عشق کے دامن میں حیاتِ جاوید — اہل باطن کے لیے موت کا آغوش نہ تھا
ہائے کب حضرتِ اخضر نے غزل کہوالی — نجم جب فرطِ الم سے مجھے کچھ ہوش نہ تھا

136

وہ بھی تھا وقت کہ محفل میں تری بار نہ تھا — حشر میں تو کوئی کہہ دے کہ گنہگار نہ تھا
تا دمِ نزع مجھے یاد یہ اقرار نہ تھا — موت جب آئی تو سمجھا کہ میں بیمار نہ تھا
دل کی تقدیر کہ یہ صلح پہ تیار نہ تھا — غم اک آزار سہی درپے آزار نہ تھا
شام کے بھولے ہوئے صبحِ شبِ غم آئے — صبح وہ صبح قیامت تھی کہ بیمار نہ تھا
سوی گل کس کی پُر از شوق نگاہیں نہ اٹھیں — کون گل گشت چمن کر کے گنہگار نہ تھا
کرب تھا موت کا خمیازۂ صبحِ آغاز — شام انجام کی تصویر تھی بیمار نہ تھا
جی دھڑکتا ہے اسیرانِ چمن ہی سے ہوں — آج سنتے ہیں قفس رونقِ دیوار نہ تھا
میری کشتی تھی خیالات کے طوفانوں میں — تری رحمت نہ سنبھالے تو گنہگار نہ تھا
راہ اب دیکھتے کیا شامِ لحد تھی سر پر — دن ڈھلے تک تو کوئی دل کا خریدار نہ تھا
خودکشی سہل تھی پر نفس کشی کام آئی — یعنی میں خون بہا کر بھی گناہ گار نہ تھا
نجم اک عمر میں احباب پہ یہ راز کھلا — جتنا بدنام تھا میں اُتنا گنہگار نہ تھا

137

عشق حسنِ فطرت ہے دل جو یوں پگھلتا ہے — اپنی روشنی میں آپ مثل شمع جلتا ہے
ہر طرح بہار آئے دل کہیں بہلتا ہے — جوشِ گل ارے توبہ خون سا اُبلتا ہے
یہ جو دردِ الفت سے آتی ہے صدا پیہم — موت سے کوئی اپنی زندگی بدلتا ہے
جادۂ حقیقت سے پاؤں آشنا کیا ہوں — دل کی جب یہ حالت ہے مصلحت پہ ملتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک وجہ تسکیں ہے طاعت و اطاعت کیا	حق ادا نہیں ہوتا حوصلہ نکلتا ہے
تجمؔ کے سخن میں اب درد ہے قیامت کا	پہلے لعل اُگاتا تھا خون اب اگلتا ہے

(138)

مرنے والا مرتے مرتے سختیاں دیکھا کیا	چارہ گر نبضیں نگاہیں رازداں دیکھا کیا
عالم تخئیل کی بے ربطیاں دیکھا کیا	میں زمیں پر رہ کے خوابِ آسماں دیکھا کیا
میں انہیں آنکھوں سے حسن بے نشاں دیکھا کیا	ان کا جلوہ چار عنصر درمیاں دیکھا کیا
کرلیا صیّاد کو پابند فکرِ صید نے	اک نگہباں تھا کہ میرا آشیاں دیکھا کیا
دل کوئی پہلو میں تڑپا تھا کہ میں دیوانہ وار	بزمِ آب و رنگ کی نیرنگیاں دیکھا کیا
کاروانِ رنگ و بوئے گل کی مٹی کی خراب	باغباں گل کو خرابِ کارواں دیکھا کیا
سختیاں کرتی گئیں نزدیک مقصد سے مجھے	مشکلوں میں دن بہ دن آسانیاں دیکھا کیا
وسعتِ ہمت نے رکھا ہر کس و ناکس سے غیر	بیکسی میں حالت درد نہاں دیکھا کیا
ہوگیا وقتِ مناسب نیک و بدپیش نظر	سامنے رکھی ہوئی اک داستاں دیکھا کیا
امتحاں ذوق نظر کا تھا نمو عیب و حسن	صانعِ قدرت کی خوش ترکیباں دیکھا گیا
ہر قدم پہلا قدم تھا منزل تسلیم میں	انتہا تک ابتدائی داستاں دیکھا کیا
وسعتِ دنیا سے باہر تھا مرا ذوق نظر	ایک جلوہ وہ بھی بے نام ونشاں دیکھا کیا
مجھ کو لے ڈوبا کہاں دنیائے فانی کا شباب	راہِ جنت میں شبابِ جاوداں دیکھا کیا
میرے قابو میں نہ تھی اے تجمؔ مرگِ ناگہاں	تھیں مقدر زیست کی بدنظمیاں دیکھا کیا

(139)

یہیں آئے دن رہیں گے جو فسادِ باغباں سے	تو قفس میں جا رہوں گا میں نکل کے آشیاں سے
میں جہانِ غم میں رہ کر ہوں الگ غم جہاں سے	نہ شریک کارواں ہوں نہ جدا ہوں کارواں سے
وہ ستم نصیب لے گا ترا نام کس زباں سے	جو اماں طلب ہوا ہو کبھی دورِ آسماں سے
ہے عبث فضول دعوی مجھے جسم ناتواں پر	وہ زمیں میں صرف ہوگا جو بچے گا آسماں سے
کبھی محو خوابِ طفلی کبھی بے خودی جوانی	مری زندگی کی یارب ہوئی ابتدا کہاں سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com	http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے ہر طرف سے یکساں نظر آ رہی ہے منزل
نہ قفس سے دیر ہے کچھ نہ ہے قربِ آشیاں سے

مری بے بسی نے دے دی کبھی آہ کی اجازت
میں قفس میں آگ لایا ہوں چھپا کے آشیاں سے

یہ بہارِ باغِ جنت کی ہوس پہ ہے تعجب
کہ اسیرِ آب و گِل کو یہ ہوا لگی کہاں سے

وہ شباب خواب پیکر پہ جہاں کی بدگمانی
وہ دبی ہوئی لطافت کسی تہمتِ گراں سے

نہیں آج سانس لینا بھی ہوا قفس میں مشکل
جو ہوا میں پھر رہے تھے کبھی سیرِ آشیاں سے

یہ نمونے جوشِ گل کے میں چمن سے پوچھتا ہوں
کہ نکالے ہیں خزاں نے یہ دبے ہوئے کہاں سے

یہ سکونِ دل کا عالم کہ گماں ہے بے دلی پر
غمِ عشق ڈھونڈ لایا یہ تسلیاں کہاں سے

یہ تو تجمّ آپ کی ہی ہے وہ دوام شعر کوئی
مرے دل پہ چوٹ لگتی ہے صلائے نکتہ داں سے

140

رنگ کچھ سے کچھ ہوا نیرنگِ عالم دیکھ کر
خوئے صرصر دیکھ کر احسانِ شبنم دیکھ کر

بجھ چلا تھا دل مرا زادِ سفر کم دیکھ کر
کیا تسلّی ہوگئی سرمایۂ غم دیکھ کر

گریۂ غیر اختیاری ہو کہ اشکِ داد خواہ
پھیر لیتے ہیں نظر وہ چشمِ پُرنم دیکھ کر

نام اُسی کا زندگی ہے گر تو ہوگی موت کیا
شوق مرنے کا ہوا جینے کا عالم دیکھ کر

یہ بھی تھا تقدیر میں دشمن سے آنکھیں جھک گئیں
دوستوں کو پیکرِ انداز مبہم دیکھ کر

جی اٹھی مردہ دلوں کی حسرتِ پامال بھی
انقلابِ عام کے ساماں فراہم دیکھ کر

رہ گئے وہ بیچ میں جی چھوڑ کر اہلِ ہوس
صبر و ضبطِ عشق کے آئینِ محکم دیکھ کر

تجمّ افراطِ محبت نے مجھے گم کردیا
میں نے آنکھیں بند کرلیں شدتِ غم دیکھ کر

141

لائی غفلت مجھے دنیا کی ہوا کھانے کو
دل بڑھا صحنِ دو عالم سے نکلوانے کو

یاد رکھے گا زمانہ مرے افسانے کو
جی رہا ہوں کسی امید پہ مرجانے کو

شوق واجب نے کیا عشق میں انجام بخیر
لوگ سمجھیں کہ اجل لائی تھی مروانے کو

منحصر تھا حدِ فانوس پہ جلنا مرنا
آتشِ شوق نہ کافی ہوئی پروانے کو

فتنہ دہر لحد میں نہیں سونے دیتے
حشر سے پہلے ہی موجود ہیں چونکانے کو

jabir.abbas@yahoo.com

کارنامے کہیں مٹتے ہیں وفا کیشوں کے
کیوں وہ اٹھے ہیں نشاں قبر کے مٹونے کو

مجھ ہر سانس ہے ممنون فضائے بنگال
اور پر درد بنایا مرے افسانے کو

142

روتے نہ کٹے اور تڑپتے نہ بسر ہو
کیا قہر ہے وہ رات بھی جس کی نہ سحر ہو

تا حدِ نظر خارِ بیاباں گلِ تر ہو
اے ذوقِ نظر معجزہ حسنِ نظر ہو

اب حشر ہو فتنہ کوئی بیدار اگر ہو
آنکھیں جو کھلیں روزِ قیامت کی سحر ہو

نیرنگِ طبیعت ہو کہ نیرنگ نظر ہو
عالم ہو کوئی پھر بھی مری چشم نہ تر ہو

اب منزلِ مقصود ہو یا راہ گزر ہو
وہ بھی تو مسافر ہے جو نیت بہ سفر ہو

دم لے مری آنکھوں میں ذرا برقِ تجلی
بے وجہ گنہگار نہ آغوشِ نظر ہو

عشق اک نگہہ لطف میں تھا آپ سے باہر
ایسا بھی نہ دنیا میں کوئی دستِ نگر ہو

اے سالکِ بدست مرے دل سے خبردار
جذبات کی دنیا نہ کہیں زیروزبر ہو

ہے جوہرِ قابل میں نہاں سہو و خطا بھی
یعنی کہ فرشتہ نہ ہو انسان بشر ہو

آغوشِ لحد میں بھی نہیں راحتِ کامل
ہم آج چلے جائیں اگر امن کا گھر ہو

143

وہ حسن سے بے قابو اک عشق میں دیوانہ
دو پیکرِ رقصاں ہیں یا شعلہ و پروانہ

اللہ رے تری وسعت اے نغمۂ مستانہ
دو حرف میں پنہاں تھا کونین کا افسانہ

کچھ حد ہے تجلی کی اے جلوۂ جانانہ
معمور ہے آبادی معمور ہے ویرانہ

قسمت نے کیا مجھ کو کیا راز سے افسانہ
تھا علمِ الٰہی میں اک دن مرا کاشانہ

اک شعلۂ فانی پر مٹ جائے گا پروانہ
انجام سے غافل ہے آغاز کا دیوانہ

بے لطف سے بیٹھے ہیں کچھ دادو رسن والے
اے عشقِ وفا پیشہ اک لغزشِ مستانہ

ترتیب عناصر میں فرق آہی گیا اک دن
آخر یہ قفس رہتا کب تک مرا کاشانہ

میں کان لگائے ہوں اک شوق کے عالم میں
ساکت ہے فضا بالکل خاموش ہے ویرانہ

یہ جذبۂ الفت بھی اک قسم جنوں نکلا
دنیائے تمدن کا ایک فعلِ حکیمانہ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خودحسن چمکتا ہے فطرت کی شعاعوں میں
اسباب نمائش ہیں کیوں آئینہ و شانہ

مظلوم کی آہوں میں بیکس کی نگاہوں میں
اے نفسِ شقی دیکھا قدرت کا ستم خانہ

یہ حکمت آب و گل یہ فطرت رنگ و بو
انداز ملوکانہ سامان فقیرانہ

باہر ہوں تری حد سے اے فلسفۂ دنیا
سو راز پہ بھاری ہے اب بھی مرا افسانہ

اس سروخموشی سے اک پھول بھی ہے بہتر
یہ خندۂ بے معنی یہ گریۂ مستانہ

اے تجم میں پتلا ہوں رنگ اور تلوّن کا
کس رنگ میں لکھے گی دنیا مری افسانہ

144

جس کو سوآسانیاں تھیں وہ بھی کچھ مشکل میں ہے
میں سمجھتا ہوں تمہارا دل بھی میرے دل میں ہے

جذبۂ دردِ محبت کو مسلسل دیکھ کر
پوچھتا پھرتا ہوں دنیا کون سی منزل میں ہے

ذبح کرتا ہے مجھے روتا ہے میرے حال پر
میری فطرت بھی خدا رکھے میرے قاتل میں ہے

بندگی کا حق بتاتا ہوں خدا وندی کو میں
ہاتھ پھیلانے کا دھبہ دامنِ سائل میں ہے

یاد کر ظالم مرے دل کا تڑپنا یاد کر
حیرتِ جلوہ کا سناٹا تری محفل میں ہے

سعی حاصل میں بھی اک لذت ہے دو دن چار دن
پوچھیے ہم سے مزا جو سعیٔ لا حاصل میں ہے

مرحبا ذوقِ اسیری قدرت فکر و نظر
دنیا میں جس کو دیکھا قیدِ آب وگل میں ہے

یہ دعا مانگی مرے دل میں نہ ہو کچھ انقلاب
انقلابِ دہر شامل انقلابِ دل میں ہے

دوسری دنیا سے کیوں آئے پیامِ زندگی
روح اپنی کوششیں آزادیٔ کامل میں ہے

تجم یہ خندہ جبینی ہر بلائے عشق پر
کس تبسم کا خزانہ میرے آب وگل میں ہے

145

ان کا سکوں تباہ کیے جارہا ہوں میں
اپنی طرف نگاہ کیے جارہا ہوں میں

دنیا بھی آرہی مرے بعد راہ پر
دنیا کو گردِ راہ کیے جارہا ہوں میں

بندوں سے بے تکان ملاتا ہوا نگاہ
اللہ کے گناہ کیے جارہا ہوں میں

کتنی ہے کفرِ عشق کی نازش نہ پوچھیے
اسلام کو گواہ کیے جارہا ہوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

**146**

وہ جلوہ گر نہیں تو نگاہوں میں کیا رہے
آنکھیں ہوں بند عیب پہ پردہ پڑا رہے

وہ دن بھی تھے کہ آپ مرے ہم نواز ہے
جب اپنے دل میں درد تھا درد آشنا رہے

خود باغباں نے ضد میں اُجاڑے ہیں آشیاں
ہم تو یہ چاہتے تھے چمن بولتا رہے

ہم رند ہیں مجال تقرب کہاں ہمیں
واعظ کو حوصلہ ہے وہی باخدا رہے

ذوقِ طلب یہ ہے جو حضوری نہ ہو نصیب
در پر گنہگار محبت پڑا رہے

اے دوست یہ شعورِ محبت کا فرض ہے
دشمن کی طرح اپنی طرف دیکھتا رہے

دنیا میں اہلِ شر نے جو روکی عمل کی راہ
ہم بھی خیال و خواب کی دنیا میں جا رہے

سوچے گی نجم فطرتِ انساں ہمارے بعد
کب تک چراغ سوز محبت بجھا رہے

**147**

شراب و شعر و نغمہ کے اثر کی یاد آتی ہے
جگر کی یاد انداز جگر کی یاد آتی ہے

وہ جلوہ اب کہاں اس جلوہ گر کی یاد آتی ہے
جدھر اٹھتی ہیں نظریں اک نظر کی یاد آتی ہے

تری محفل میں اربابِ سخن کی نغمہ کاری ہے
یہ سنتے ہیں کہ نجم نوحہ گر کی یاد آتی ہے

عدو کیا لطف اٹھائیں گے مری آشفتہ حالی سے
مجھے اک دوست کے ذوقِ نظر کی یاد آتی ہے

وطن میں ناروا ہے فتنہ و شر کا تصور بھی
مگر پردیس میں ہر خیر و شر کی یاد آتی ہے

زباں پر آ کے جس نے دو دلوں میں تفرقہ ڈالا
بہت اک ایک حرفِ مختصر کی یاد آتی ہے

بڑھے جاتے ہیں حد سے محفلِ عشرت کے ہنگامے
خدا چاہے تو اب تیغ و سپر کی یاد آتی ہے

تڑپ جاتا ہوں اس نیرنگیٔ تنظیمِ فطرت پر
جب اپنے عیب کی اپنے ہنر کی یاد آتی ہے

خبر کیا تھی کہ ہوگا یوں کبھی احساسِ تنہائی
خدا کی شان گھر میں دشت و در کی یاد آتی ہے

تصور بھی چمن کا زہر ہوتا ہے نگاہوں کو
قفس میں جب غرورِ بال و پر کی یاد آتی ہے

**148**

بہت ہیں یوں تو پروانے حرم کی شمع سے پوچھو
ابھی کس کس کے سینے میں چراغ دیر جلتا ہے

سکونِ دل کے دو پہلو ہیں اور دونوں معطل ہیں
نہ میرا زور چلتا ہے نہ ان کا زور چلتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زمانے سے شکایت کیا موافق ہو مخالف ہو — زمانہ کیا کسی کو دیکھ کر پہلو بدلتا ہے
سکوں سے دو گھڑی رہنا نہیں اس کے مقدر میں — محبت کا مسافر عمر بھر گرتا سنبھلتا ہے
نہ رونا آئے کیوں کر حالِ ناکامِ محبت پر — وہاں دل کی حقیقت کیا جہاں پتھر پگھلتا ہے
یہ وہ منزل ہے جس میں حسن کا بھی بس نہیں چلتا — لرز جاتی ہے دنیا عشق جب تیور بدلتا ہے

(149)

درِ ساقی کھلے اک سجدۂ مستانہ ہو جائے — نمودِ شب سے پہلے ختم یہ دنیا نہ ہو جائے
نگاہیں میری ان کی لڑ گئیں ہیں خیر ہو یارب — قرینہ ہے کہ دونوں میں کوئی دیوانہ ہو جائے
محبت جبر کرتی ہے نہ حسن اصرار کرتا ہے — جسے بیگانگی توفیق دے بیگانہ ہو جائے
ہجومِ ناامیدی بڑھ چلا ہے چیخ اٹھوں گا — وہ ساعت آ گئی ہے جب دعا افسانہ ہو جائے
اجازت ہو تو میں دنیا میں کوثر کی بنا ڈالوں — یہاں بھی اک تمہارے نام کا میخانہ ہو جائے
کمی ہے حسنِ منزل میں مرے ذوقِ محبت کی — میں جب چاہوں مکمل جلوۂ جانانہ ہو جائے
کوئی پوچھے تمہاری بے نیازی چاہتی کیا ہے — خوشامد کرتے کرتے آدمی دیوانہ ہو جائے
جنابِ شیخ مسجد کی ذرا مشکل ہے آبادی — جہاں کہیے ابھی آباد اک میخانہ ہو جائے
غزل ہو جمؔ میری اور زباں اس نغمہ پرور کی — مرا ہر لفظ ہونٹوں پر لبِ پیمانہ ہو جائے

(150)

حسن ہے ان کا ایک قیامت راز قیامت کیا کہیے — ہائے ہمارا حسنِ طبیعت، حسن طبیعت کیا کہیے
اب نہ تھمیں گے آنکھ سے آنسو چھیڑنے والے چھیڑ گئے — خواب سا بیٹھے دیکھ رہے تھے غم کی نزاکت کیا کہیے
آنکھ ملانا کھیل نہیں ہے نامِ محبت کیا لیجے — دل کی رگوں سے کھنچ رہے ہیں روحِ محبت کیا کہیے

(151)

امرِ حق میں خاموشی حوصلہ کی پستی ہے — اب خدا پرستی کیا مصلحت پرستی ہے
جس کے گوشے گوشے سے زندگی برستی ہے — ایک جنس مہنگی ہے ایک جنس سستی ہے
پستی ہو یا رفعت ہو دنیا ہو یا جنت ہو — آدمی کی رونق ہے آدمی کی بستی ہے
آب و گل کے عنصر میں یہ تضادِ فطرت ہے — عندلیب نالہ کش گل خموش ہستی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

**(152)**

میرا وہ غم رہا نہ وہ ان کی خوشی رہی — دونوں کے دل بدل گئے دنیا وہی رہی
دیکھا کئے بہت مجھے ترچھی نگاہ سے — کچھ روز دوستی کے لیے دشمنی رہی
جب لے کے دردِ عشق ہم آئے تو دن پھرے — برسوں یہ کائنات معطل پڑی رہی
اپنا خیال آتے ہی اک حشر آ گیا — جب تک ترا خیال رہا خامشی رہی
دل میں تو ہے وہ شاہدِ مقصود جلوہ گر — آنکھیں بھی دیکھ لیں گی اگر زندگی رہی
سر کر لیا تھا ہم نے محبت کا معرکہ — اللہ جانتا ہے تمہاری کمی رہی
دیکھا تو آج ہے وہی غم رہنمائے دل — سنتا ہوں مدتوں مرے غم پر ہنسی رہی
فتنے اٹھے بہت ہمیں جنبش نہ دے سکے — بیٹھے رہے خموش قیامت کھڑی رہی
تجھی رہی نہ خو ہمیں عجز و نیاز کی — ہم زد پہ تھے مگر یہ بلا دور ہی رہی

**(153)**

کون خدا خدا کرے وقت کا مقتضا نہیں — وقت پڑے تو پوچھنا کوئی خدا ہے یا نہیں
سب کو گماں ہے وہ نظر داد طلب ہمیں سے ہے — روئے سخن ہے ہر طرف یہ کوئی دیکھتا نہیں
ان کی بساطِ عیش پر میرے لیے جگہ نہ تھی — کوئی یہ ان سے پوچھتا دل میں جگہ ہے یا نہیں
آئینۂ خیال پر پھر کوئی ابرِ غم اٹھا — رات ابھی سے ہو گئی دن تو ابھی ڈھلا نہیں
ان کو سکون کیوں نہ ہو مجھ کو جنوں کیوں نہ ہو — ان کی جفا جفا تو ہے مری وفا وفا نہیں
میرے لیے بہ فیضِ عشق سارا جہاں خموش ہے — دل کی زبان کھل گئی اب کوئی بولتا نہیں
شمعِ جمال تو بھی کیا طور کے ساتھ بجھ گئی — اب کبھی شوقِ دید میں آگ لگے گی یا نہیں
داغِ وفا تو رہ گئے دامنِ کائنات پر — یوں نہ مٹا سکو گے تم جیسے کبھی میں تھا نہیں
تو ہی خدائے دل سہی کیسے کہوں کہ دل میں آ — دل میں سوائے غم ہے کیا غم ترے کام کا نہیں

**(154)**

اُس نظر کی چوٹ کھا کر رہ گئے — ہم ہی تھے جو مسکرا کر رہ گئے
واہ کیا مرنے چلے تھے بے اجل — زندگی سے ہاتھ اٹھا کر رہ گئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

جانے والے ان کی منزل کے بہت — دل ہی دل میں پھیر کھا کر رہ گئے
ان کی کج دھج کا نہ نکلا ایک بھی — نام کیا کیا لب پہ آکر رہ گئے
ہم کہاں تکلیف خود بینی کہاں — دل کو آئینہ بنا کر رہ گئے
کیا قیامت ہے تمھاری سادگی — اچھے اچھے رنگ لاکر رہ گئے
پاک بازانِ ازل پر رحمتیں — کن گنہ گاروں میں آکر رہ گئے
ہم ہی اچھے دل کی دل میں رہ گئی — جو سنا پائے سنا کر رہ گئے
آستاں نزدیک تھا ہم دور تھے — اپنے اوپر رحم کھا کر رہ گئے
خاک کے پتلوں پہ ہنستی ہے زمیں — آسماں تک سر اٹھا کر رہ گئے
بڑھ چلے تھے دل کی منزل سے مگر — نجم کچھ آہٹ سی پا کر رہ گئے

155

دشمنی سہی لیکن دوست بن کے مارا ہے — اپنے سر چڑھانے کو میرا بوجھ اتارا ہے
زیست کو بنایا ہے موت کو سنوارا ہے — جب سے آدمیت کا ہم نے روپ دھارا ہے
ہے یہی ہمیشہ سے لین دین دنیا کا — کل یہ سب ہمارا تھا آج سب تمھارا ہے
سب ہی مرد میداں ہیں رزم گاہِ عالم میں — جیت اسی کی ہے جس نے بڑھ کے ہاتھ مارا ہے
تم براہ آزادی سانس لے نہیں سکتے — کل ہزار شکوے تھے آج سب گوارا ہے
موت سے گزرنا کیا زندگی گزار آئے — زندگی تلاطم تھی موت اک کنارا ہے
ایک دن مجھے تم نے بھول کر پکارا تھا — جب سے آج تک میں نے بارہا پکارا ہے
اپنے اپنے موقع پر سب ہی کہہ گزرتے ہیں — کیا تمھیں نے کچھ کہہ کر کوئی تیر مارا ہے
آج تک تو جیتا ہوں اپنے ہی سہارے پر — چاہتے ہیں یہ کہہ دوں آپ کا سہارا ہے
خاک ڈالنے والے تو بجھا نہیں سکتے — دل ہمارے سینہ میں مستقل شرارا ہے
پستی و بلندی میں سب کے کام آیا ہوں — فرش نے صدا دی ہے عرش نے پکارا ہے
حکمت بشر توبہ خود بشر نہیں سمجھے — ہار کر بھی جیتا ہے جیت کر بھی ہارا ہے
ہم نے منزلت دی ہے نجم نظمِ اردو کو — ہر زمین پر ہم نے آسماں اتارا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

156

مسافر ہوں مگر کیا زندگی پر حکمرانی ہے ٹھہر جاؤں تو باقی ہے گزر جاؤں تو فانی ہے
جب ان کے دل سے کچھ آواز آئے گی تو چونکیں گے مری فریاد ہے لیکن ابھی میری زبانی ہے
نہ ہم ہیں اب نہ تم ہو کچھ سمجھ ہی میں نہیں آتا نہ جانے کون سے رخ پر خیالوں کی روانی ہے
ابھی کیسے بھلا دوں گا میں اپنے دل کی بربادی ابھی تو ان کی نظروں میں غرور کامرانی ہے
وہ مردہ دل جئیں گے خاک جن کا یہ عقیدہ ہو جہاں تک سانس آتی ہے وہاں تک زندگانی ہے
محبت کا فسانہ ختم کیا ہوگا قیامت میں قیامت ایک دن کی ہے محبت جاودانی ہے
جوانی آئی جان آئی غم آیا موت آتی ہے ابھی کیا جانئے کس کس سے طاقت آزمائی ہے
میں پھیلاتا ہوں نور انجم اپنے کنج عزلت سے زمین شعر میرے دم قدم سے آسمانی ہے

157

امیدِ صبح کیوں دلِ حسرت اثر نہیں کیا وہ خدائے شب ہے خدائے سحر نہیں
دنیا ہے تنگ دل میرا مدِ نظر نہیں جو زندگی میں آج نہیں عمر بھر نہیں
آیا سوالِ مرگ تو دیکھوں گا ان کی ضد ہاں سب کے نام پر ہے مرے نام پر نہیں
اب دل کو چاہیے ترے جلوہ پہ اعتبار ہم کہہ چکے مجال فریب نظر نہیں
دیکھے گی کائنات جو ہم اٹھ کھڑے ہوئے کروٹ بدل رہے ہیں کسی کو خبر نہیں
جائز سہی نوازشِ کونین کے لیے محتاج یک نظر مرا ذوق نظر نہیں
دنیا کو فکر مفت کرم داشتن ہے کیوں کرلوں گا خود گناہ فرشتہ اگر نہیں
کیسی سحر میں رات اک اپنی بنا تو لوں یوں لاکھ بار بھی اگر آئے سحر نہیں
توبہ کے توڑنے کا تکلف نہ پوچھیے توبہ کا ڈر ہے آج سے پینے کا ڈر نہیں
دشمن بٹھا دیا ہے کوئی اپنی راہ میں آواز کس طرف سے یہ آئی اِدھر نہیں
آنکھوں کا احتجاج کہ اک بار اور بھی جلوہ کا انکسار کہ بارِ دگر نہیں
شاید مری دعا میں نہ ہو مستیِ دعا کس منہ سے یہ کہوں کہ دعا میں اثر نہیں
کیا کہہ کہ اپنی حسن سے میں آنکھ پھیر لوں دنیا کو دیکھنا تو گناہِ نظر نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چلنے کا قصہ ہے تو زمین آسمان کیا — کیوں در گزر کروں جو کوئی رہگزر نہیں
شاید چراغ سوزِ محبت کا بجھ گیا — اندھیر ہے کسی کو کسی کی خبر نہیں

(158)

تجھ میں ہو اگر جرأت رندانہ اٹھا لے — پیمانہ ہے جو حاصلِ میخانہ اٹھا لے
ممکن ہے کہ ہم سا کوئی دیوانہ اٹھا لے — آساں ہو غمِ عشق تو دنیا نہ اٹھا لے
جب دل غمِ امروز سے دیوانہ اٹھا لے — کیوں بڑھ کے نقابِ رخِ فرزانہ اٹھا لے
اے دوست بس اب مسندِ شاہانہ اٹھا لے — ہمت سے بچھائی تھی دلیرانہ اٹھا لے
میخانہ سے اٹھ جاؤں اگر ہوش میں رہ کر — دنیا سے مجھے لغزشِ مستانہ اٹھا لے
دشمن کے لیے تحفۂ جاں لے کے چلا ہوں — ہمت ہو تو یہ ضرب شریفانہ اٹھا لے
میں مملکت حسن کا سلطان بنا دوں — جو عشق کا اک ناز فقیرانہ اٹھا لے
کاشانہ پہ ہو بار تو جینے کا مزا کیا — اے مردِ عمل دوش پہ کاشانہ اٹھا لے
اب دل میرے ہاتھوں پہ سنبھلتا نہیں مجھ سے — بڑھ کر کوئی اپنا کوئی بیگانہ اٹھا لے
رستہ میں کہیں ہوش و خرد کھوئے ہیں میں نے — ل جائے تو اے لغزشِ مستانہ اٹھا لے
یا حسرت پیمانہ میں ساقی کی طرف دیکھ — یا اپنی طرف دیکھ کے پیمانہ اٹھا لے
غم ہے بہت اے دوست خوشی کم ہے جہاں میں — جو کچھ بھی تری ہمت مردانہ اٹھا لے
وہ کون ہے اے تجم جو میخانہ میں آ کر — ساغر میرے آگے سے حریفانہ اٹھا لے

(159)

نگاہیں میری پہچانے مرا دردِ نہاں سمجھے — کبھی تو کوئی دشمن ہی محبت کی زباں سمجھے
قفس کو جو قفس اور آشیاں کو آشیاں سمجھے — چمن والے سہی رنگِ چمن لیکن کہاں سمجھے
پسینہ کو بھی اپنے جوہرِ تاب و تواں سمجھے — بہت سمجھے ہمارے خون کو جو رائیگاں سمجھے
جوابِ عرض مطلب پر نہیں سمجھے نہ ہاں سمجھے — زباں دانِ محبت کیا سیاست کی زباں سمجھے
ارادے دیکھ کر میرے بلائے ناگہاں سمجھے — اکیلے دم کو یہ اہلِ زمانہ کارواں سمجھے
مسلسل زندگی کی سختیوں نے کروٹیں بدلیں — جواں مردِ محبت موت کی اٹکھیلیاں سمجھے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی دن آسماں کو ہم بنالیں گے زمیں اپنی
زمیں ان کو مبارک جو زمیں کو آسماں سمجھے

یہی شانِ قناعت ہے تو باز آئے قناعت سے
کوئی بے خانماں کیوں کر قفس کو آشیاں سمجھے

میں صورت دیکھتا ہوں سب کی اپنا درد دل کہہ کر
بھری محفل میں یارب کوئی تو کہہ دے کہ ہاں سمجھے

سلامت ہمتِ غم آڑ لی ہے کج کلاہی کی
کہ دل پر آفتیں آئیں ابھی دنیا جواں سمجھے

وہ کیا جانیں محبت میں بلائے رشک شامل ہے
ابھی اپنا ہی غم سمجھے ہیں میرا غم کہاں سمجھے

ملے ایسا تو کوئی سننے والا قصہ غم کا
نظر میری سی ہو میرا سا دل میری زباں سمجھے

یہ سجدے لینے والے اتفاقاتِ بلندی سے
بڑے انسان ہیں انسان کی عظمت کہاں سمجھے

یہی ذوقِ سفر ہے کیا یہی کیا شوقِ منزل ہے
جہاں تھک کر زمیں پر گر گئے آرام جاں سمجھے

کریں گے ججم کیا اردو کے دشمن قدر اردو کی
جو پشتینی سپاہی ہو وہ لشکر کی زباں سمجھے

**(160)**

کہنے کو حقیقت کی تلخی پتھر سا کلیجا کون کرے
ناحق کی تو چوٹیں ہلکی تھیں حق بات گوارا کون کرے
دنیا میں نظر بھی حسن بھی ہے یہ ہمت بے جا کو کرے
دل دے کے تو سودے ہوتے ہیں سر دے کے یہ سودا کون کرے
احباب کو اپنا کون کہے اغیار کو اپنا کون کرے
اس آتی جاتی دنیا میں یہ اپنا پرایا کون کرے
بیٹھے تو سبھی ہیں مرنے کو مرنے کی تمنا کون کرے
اے گرمیِ محفل، محفل سے اٹھنے کا ارادہ کون کرے
منظور ہو کیوں خود داری کو اظہارِ مسرت غم کی جگہ
دل کی تو گرہ کھلتی ہی نہیں آنکھوں سے اشارا کون کرے
اربابِ کرم کی منزل سے سجدوں کے تقاضے ہوتے ہیں
اللہ کو سجدہ جب نہ ہوا انسان کو سجدہ کون کرے
گمراہ سہی اے ذوق سفر بڑھتے تو چلے ہی جاتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب راہ پہ قسمت آ ہی گئی اب راہ کی پروا کون کرے
اخلاص و عمل میں ربط نہیں ایثار سے دل بیگانہ ہے
اسلام ہی جب پلّے میں نہ ہو پھر کفر سے جھگڑا کون کرے
ممکن ہو تمہاری خاطر ہو فریاد سے توبہ کرلینا
احساس تو اپنے بس کا نہیں احساس سے توبہ کون کرے
جلوے بھی جھلک دیتے ہیں مگر جب دیکھنے والی آنکھیں ہوں
دنیا میں اُجالا تم نے کیا آنکھوں میں اُجالا کون کرے
اس نشر گہہ عالم میں کہیں پیغام صداقت ہو تو کوئی
معنی ہیں الگ مفہوم جدا لفظوں پہ بھروسا کون کرے
امید تعاون کس سے کریں پھر جذبۂ دل سو جائے گا
اک موج اٹھی ہے دریا میں اس موج کو دریا کون کرے
کیا ذوق نظر کی تسکیں ہو ان چلتے پھرتے جلووں میں
پہلو میں ہمارے دل ہے مگر شایانِ تمنّا کون کرے
اب حسنِ طلب کا لطف نہیں اب داد طلب ملتی ہے کہاں
سمجھے بھی کوئی آنکھوں کی زباں نظروں سے تقاضا کون کرے

(161)

طلب کرتا ہے سجدہ ان کا آئینِ خودی مجھ سے
میں کہتا ہوں کہ سجدہ میرے ان کے درمیاں کیوں ہو

غرورِ حسن ہوتا ہے مگر ایسا نہیں ہوتا
بلندی آسماں تک ہو بلند ہی آسماں کیوں ہو

بڑا دھوکا ہے فطرت کے نظامِ حسن میں ورنہ
تم ایسے خوش خیالوں پر محبت کا گماں کیوں ہو

خدا ناکردہ کوئی اپنا دشمن آپ ہو جائے
یہ کس بل ہے یہ تیور ہیں تو پھر دنیا جواں کیوں ہو

براہِ راست دل لے لو براہ راست جاں لے لو
محبت میں کوئی میرے تمہارے درمیاں کیوں ہو

ہنسی آنے لگی رونے کے بدلے اپنی حالت پر
یہ خمیازہ محبت کا نصیب دشمناں کیوں ہو

شکستہ پا ہو جب اے نجم یہ ذوق سفر کیسا
دلیل کارواں ہونا تھا گرد کارواں کیوں ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

## 162

دل وفا کا مزار کیوں نہ رہے — خواب گاہِ بہار کیوں نہ رہے
ذوقِ غم استوار کیوں نہ رہے — میری جیت ان کی ہار کیوں نہ رہے
داغِ دل شعلہ زار کیوں نہ رہے — تم جہاں ہو بہار کیوں نہ رہے
شوخیِ حکمتِ بشر توبہ — روح فطرت پہ بار کیوں نہ رہے
تم ہی مالک سہی زمانے کے — ہم میں اور تم میں پیار کیوں نہ رہے
دوستی میں نزاکتیں ہیں بہت — دشمنی پائیدار کیوں نہ رہے
زندگی میں سکوں نہیں ملتا — موت کا انتظار کیوں نہ رہے

## 163

راہ پر لا نہ سکی گردشِ ایام مجھے — جھوٹ کہتا ہوں تو منزل پہ نہ ہو شام مجھے
دیکھ اے ذوقِ نظر برق تجلا تو نہیں — نظر آتا ہے کوئی لرزہ براندام مجھے
میری خاطر ابھی زنجیر نے کھولی ہے زباں — ابھی خنجر سے ملے گا ترا پیغام مجھے
کر کے توبہ تری رحمت کا تعین کر دوں — کچھ مناسب نظر آتا نہیں یہ کام مجھے
میری ہی سمت ہیں اب شام و سحر کی نظریں — کیا بتانی ہے نئی صبح نئی شام مجھے
میں ترے نام کی تسبیح پڑھا کرتا ہوں — ہنسنے والے دیے دیتے ہیں ترا نام مجھے
خود پرستی ہے وہ شاید کہ خود آگاہی ہے — حق پرستوں نے دیا ہے کوئی الزام مجھے
کرمِ عام کی جنت مجھے منظور نہیں — آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھے کرمِ عام مجھے
صبحِ روشن ہے درخشاں تو یقیں ہے مشکل — آج برسوں میں نگاہوں سے پڑا کام مجھے
جب تک اندازِ ہوس شاملِ پرواز نہ تھا — نہ تو دانہ نظر آیا نہ کہیں دام مجھے
جن کے اقبال کا سورج ہی نہ ہوتا تھا غروب — نظر آتے ہیں وہ خورشیدِ لبِ بام مجھے
ان کے بگڑے ہوئے تیور مرا دکھا ہوا دل — نجم اچھا نظر آتا نہیں انجام مجھے

## 164

دن گزرتا ہے شب آتی ہے سحر ہوتی ہے — جی رہا ہوں تو بہر حال بسر ہوتی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمر بھر پرورشِ فکر و نظر ہوتی ہے     زندگی پھر بھی اندھیرے میں بسر ہوتی ہے
کچھ غریبوں کی شب ایسی ہی بسر ہوتی ہے     گھر میں اندھیر زمانے میں سحر ہوتی ہے
کس قیامت کی کشاکش ہے دوراہے پہ نہ پوچھ     نہ ادھر ہوتی ہے دنیا نہ اُدھر ہوتی ہے
یہ نہ کہنا پڑے اک دن شبِ عشرت والو     ہائے ایسی بھی زمانہ میں سحر ہوتی ہے
غیرتِ عشق کے تیور ہی کہے دیتے ہیں     یہ نہ پوچھے کوئی کس طرح بسر ہوتی ہے
سوچتا کیا ہے شبِ غم بھی گزر جائے گی     دیکھتا کیا ہے گھڑی بھر میں سحر ہوتی ہے
دل زندہ کہیں لیتا ہے کسی کا احسان     مہرباں موت ہی ہوتی ہے اگر ہوتی ہے
انقلاب آتے ہیں تشکیل توازن کے لیے     وحدت امن جہاں زیرو زبر ہوتی ہے

165

نہ اب اہلِ دل ہیں نہ اب درد والے     محبت کے مالک محبت اٹھالے
اب اس پر بھی ہے غیرتِ عشق راضی     ہمارا نہ بن ہم کو اپنا بنالے
بدلتا نہیں ہے مزاجِ محبت     جفا آزما لے وفا آزما لے
سُنا ہے تمہیں سے تمہیں مانگتے ہیں     بڑے بے جگر ہیں طلب کرنے والے
محبت میں ہے یہ نزاکت کا پہلو     جنہیں کر گئے ہیں تمہارے حوالے
کوئی جان لے کر بھی اب دل نہ دے گا     کہاں دل کے بدلے میں دل دینے والے
کسی کی بڑی کاوشوں کے ثمر میں     یہ گر ہیں دلوں کی زبانوں کے چھالے
وطن میں ہیں جیسے کوئی بے وطن ہو     کسی پر خدا یہ مصیبت نہ ڈالے
یہاں دل ہی دل ہیں اور افسردگی ہے     کہیں ایک دل ہو تو سو دل سنبھالے
جہنم میں جاؤں تو اے مجسم رضواں     اٹھا کر جہنم کو جنت میں ڈالے

166

موت سو بار آئے خاطر میں نہ لانا چاہیے     مرتے مرتے زندگی کا گیت گانا چاہیے
جس طرح چاہیں زمانہ کو بدل دیں اہلِ دل     پست ہمت ہیں جنہیں اگلا زمانا چاہیے
آؤ دل کے مسئلہ کا حل بتا دیں ہم تمہیں     بات کرتے ہو تو پہلے مسکرانا چاہیے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ کے سامان کی ہولی جلانا چاہیے ۔۔۔ توڑ کر دستِ ہوس ایندھن بنانا چاہیے
خستگیِ عشق کی رسمِ کہن بدلیں گے ہم ۔۔۔ بے خودی کیسی خودی کا رنگ لانا چاہیے
زندگی یہ ہے جدھر ہم ہوں ہوا اُس رخ کی ہو ۔۔۔ کون کہتا ہے ہوا کے رخ پہ جانا چاہیے
سر اٹھا کر جلوہ زار ایشیا سے ہر طرف ۔۔۔ امنِ عالم کی فضا کو مسکرانا چاہیے
اس قدر بے کیف اگر گزری تو کیا گزری حیات ۔۔۔ ایک شب کی شب تو پھولوں میں بسانا چاہیے
رشکِ دشمن کیا بلا ہے شاد باش دوست کیا ۔۔۔ آپ اپنی داد دے کر دل بڑھانا چاہیے
سوچتا ہوں حسن عشوہ کار سے کھا کر فریب ۔۔۔ آج موجودات کو اپنا بنانا چاہیے
فرض ہے حفظِ مراتب عزتِ نفسِ حیات ۔۔۔ موت سے دو اک قدم آگے ہی جانا چاہیے
پاؤں پھیلانا ہے تہذیب وتمدن کے خلاف ۔۔۔ بیٹھنے اٹھنے کا سب ہی کو ٹھکانہ چاہیے
ہلکی ہلکی تھپکیاں کیسی ہوائے لطف کی ۔۔۔ زلزلہ کوئی زمینِ دل پہ آنا چاہیے
وسعتِ کونین کم ہے اپنی ہستی کے لیے ۔۔۔ اپنے دل میں اپنی آنکھوں میں سجانا چاہیے
آمد و شد ہر نفس کی دے رہی ہے یہ پیام ۔۔۔ حق کو آنا چاہیے باطل کو جانا چاہیے

(167)

ظالم مری نظر میں محبت کا زہر ہے ۔۔۔ مجھ سے نظر ملا جو محبت کا ڈر نہیں
عزت کی موت مانگنے نکلا ہوں عشق سے ۔۔۔ ذلت کی زندگی مجھے مدِ نظر نہیں
او مستِ عیش نیند کے مارے ابھی نہ اٹھ ۔۔۔ کروٹ بدل رہا ہے زمانہ سحر نہیں
آزادیِ خیال نہ آزادیِ عمل ۔۔۔ قیدی کی طرح گھر جو نہیں ہے تو گھر نہیں
مجھ پہ نگاہ دیر و حرم اٹھ رہی ہے جم ۔۔۔ سجدہ مجھے قبول نہیں ہے کہ سر نہیں

(168)

شباب نام ہے غفلت کی نیند آنے کا ۔۔۔ حوادثات کو قابو نہیں جگانے کا
قلق ہے اشکِ ندامت میں ڈوب جانے کا ۔۔۔ ملا نہ خون میں اپنے مزا نہانے کا
نمودِ عشق کو دار و رسن سے کیا نسبت ۔۔۔ بہت بلند ہے معیار آزمانے کا
دلِ حریص ہے مایوسیوں کے نرغہ میں ۔۔۔ مزا ملا ہے ہوا پر مکاں بنانے کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جگہ ملے کہیں سجدہ کی سرگزاروں کو
قفس کا تنگ ہے دامن نہ آشیانے کا

عدم سے جانب ہستی چمن سے سوئے قفس
ہر انتظام میں ہے دخل آنے جانے کا

نیازِ عشق کجا اور نمازِ خوف کجا
ادائے فرض میں ہے فرق سر جھکانے کا

میں زادِ راہ سے محروم اور سفر درپیش
اجل کو ہوش کب آیا مرے جگانے کا

بہت بلند ہے ہستی مری مگر اے نجم
میں ایک ذرہ ہوں ناسخ کے آستانے کا

169

بھری دنیا پہ جب ڈالی نگاہِ آخری میں نے
تو سوچا کس لیے دو دن کو یہ تکلیف کی میں نے

ازل میں لے لیا پورا متاعِ بندگی میں نے
محبت اس سے کیا مانگی خدائی مانگ لی میں نے

لیا ہے نذرِ جاں دے کر مقامِ آگہی میں نے
زمانہ چیخ اٹھا کچھ کہہ کے جب چپ سادھ لی میں نے

کہیں دیکھا نہ اتمامِ صراطِ بندگی میں نے
الٰہی اِک نظر میں ساری دنیا دیکھ لی میں نے

وفا کا اعتراف اُس نے زباں سے کر لیا آخر
محبت کی بڑی مظبوط گتھی کھول دی میں نے

خودی ہے بیخودی ہے بندگی ہے کفر ہے کیا ہے
دوا بھی چھوڑ دی میں نے دعا بھی چھوڑ دی میں نے

نہ پہنچا ایک بھی منعم مقامِ کامیابی تک
لیے ہیں امتحاں کتنے بہ فیضِ مفلسی میں نے

ہنسی آئی مجھے خود یہ دورنگی دیکھ کر اپنی
کبھی زور آزمایا اور کبھی فریاد کی میں نے

خدا رکھے یہ واعظ بے عمل اچھا مقرر ہے
کہانی تو کہی اس نے کہانی سی سنی میں نے

مجھی کو میری بربادی کا وہ الزام دیتے ہیں
چھپا رکھی تھی جیسے دوستی میں دشمنی میں نے

صدائے عشق آئی حسن کی ناز آفرینی پر
ترے قدموں پہ رکھی تھی کلاہِ خسروی میں نے

کوئی آساں نہ تھا اظہارِ درد و مدعا کرنا
بڑی مشکل سے کی الفاظ کی صورت گری میں نے

کسی دن نجم کہنا ہے خدائے بندہ پرور سے
ترے لطف و کرم سے لی ہے تابِ سرکشی میں نے

170

اسے کیا ہو دماغِ خاکساری
جو آلودہ ہے خاکِ سیم و زر میں

سحر بھی آئے گی بزمِ طرب کی
کچھ آنسو جمع کر لو رات بھر میں

مری ایذا پسندی کچھ نہ پوچھو
جگہ کر لی دلِ بیداد گر میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ مل جائیں کبھی میں پوچھ بیٹھوں — یہ کب تک جنگ ہوگی خیروشر میں
عمل ساری حقیقت کھول دے گا — چھپا ہوں اعتباراتِ نظر میں
یہ آزادی یہ آزادی کا جلوہ — چراغ شام ہے مفلس کے گھر میں
ہمارا سا سکونِ دل کہاں ہے — بڑی الجھن ہے اربابِ خبر میں
ہوا ہے میری بے ربطی سے اے نجم — بہت کچھ رابطہ عیب و ہنر میں

171

کعبہ و دیر سے پیام آئے — تیری جانب جو چند گام آئے
لب پہ مستی میں تیرا نام اے — ہوش اتنا کہ نا تمام آئے
عشق کا معرکہ معاذ اللہ — کیسے کیسے جوان کام آئے
پھر مجھے آرزوئے زیست ہوئی — پھر ترے لب پہ میرا نام آئے
یوں بسر کر جہانِ فانی میں — صبح رخصت نہ ہو کہ شام آئے
پھر دکھاتی ہے ان کو قدرتِ حسن — پھر کوئی خوش نصیب کام آئے

172

کہہ چکے سب کہہ کے اب کیا کیجئے — کچھ نہ کہنے کی تمنا کیجئے
موت آئیگی یہ غم کیا کیجئے — پہلے ماتم زندگی کا کیجئے
درد لیجئے دل کا سودا کیجئے — وہ ازل کا عہد پورا کیجئے
اک اچٹتی سی غریبوں پر نظر — کام کچھ تو راہِ مولا کیجئے
جان و دل دے کر بھی سستی ہے یہ جنس — کچھ غمِ عشق اور مہنگا کیجئے
میرے دل سے کام لیں گے تا کجا — اپنے دل میں درد پیدا کیجئے
بے نیازی اس قدر کس کام کی — بھولے بھٹکے حال پوچھا کیجئے

173

محبت میں محبت کے تقاضے بھول جاتے ہیں — ہم ان کو یاد کیا کرتے وہ خود ہی یاد آتے ہیں
سحر آتی ہے جب نزدیک تارے جھلملاتے ہیں — یہ ظالم آخری لمحوں پہ اپنے مسکراتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنہیں توفیق دیتی ہے فدا کاری محبت کی
وہ اپنی زندگی دے کر بھی دل سے دل بناتے ہیں

جسے وہ یاد فرمائیں کہیں رکتا ہے روکے سے
زمانہ دیکھتا رہتا ہے بندھن ٹوٹ جاتے ہیں

ہماری سمت جب اُٹھتی ہے تنقیدی نظر کوئی
ہم اپنا عیب ان کا تذکرہ کر کے چھپاتے ہیں

محبت کا ہے کیا معیار اس کا فیصلہ کیا ہو
کچھ ان کے غم میں روتے ہیں کچھ ان کی دھن میں گاتے ہیں

بہتر سر دیے ہیں ایک دن میں سرگذاروں نے
بڑی مشکل سے انساں عشق پر ایمان لاتے ہیں

چھپاؤں نجم ان سے کس طرح آثار چہرے کے
جو میرے ضبطِ غم کو دیکھ کر گھبرائے جاتے ہیں

(174)

میرے دل میں جو دل تمہارا ہو
دل سے دل کو بڑا سہارا ہو

اس نے لوٹی ہیں محفلیں اکثر
جس کو بیگانگی نے مارا ہو

بات ہی اور ہے اشارے کی
بات کیوں ہو کوئی اشارا ہو

مجھ سا خوددار اور یہ وحشت
جیسے تم نے مجھے پکارا ہو

دل ہے دل کا جہاں سوال آئے
وہ ہمارا ہو یا تمہارا ہو

آج میری طرف ہے روئے سخن
اب کسے بے رخی گوارا ہو

ہم ہیں اس بیگناہ کے قائل
جو گنہگار کا سہارا ہو

اس کا عہد حیات کیا جس نے
وقت ملنے کو دن گذارا ہو

میرے در پر ذرا اُتر آئے
میری قسمت کا جو ستارا ہو

ہم تو ہندوستان والے ہیں
کاش ہندوستاں ہمارا ہو

نجم اس کے خلاف جانا ہے
جس طرح زندگی کا دھارا ہو

(175)

محبت کم نگاہوں کو نظر میں لا نہیں سکتی
یہ بجلی ہر خس و خاشاک سے ٹکرا نہیں سکتی

جو کہنا ہے کہو حق پر کبھی آنچ آ نہیں سکتی
کوئی طاقت خلوصِ فکر کو جھٹلا نہیں سکتی

گرا کر عرش سے بھی حسن بے پروا نے دیکھا ہے
کوئی عالم ہو میری آدمیت جا نہیں سکتی

متانت آ چکی ہے ان کے لہجے ان کی باتوں میں
وہ چاہیں لاکھ چہروں پر متانت آ نہیں سکتی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ ہوں فکر ونظر جب تک محبت کی بلندی پر — بشر کی شان خود اس کی سمجھ میں آ نہیں سکتی
نہ سمجھو دوست کی حد تک کمال اپنی محبت کا — ابھی ناقص ہے دشمن کو اگر تڑپا نہیں سکتی
حیات چند روزہ لے تو آئی مجھ کو منزل تک — حریم ناز کا پردہ مگر سرکا نہیں سکتی
میں دنیا سے بچا کر اپنے دل کو حق بجانب ہوں — یہ دنیا میرے دل کی وسعتوں کو پا نہیں سکتی
کبھی تیر نگاہ ناز خالی جا نہیں سکتا — کوئی نیکی بھی ایسے وقت آڑے آ نہیں سکتی
نشیمن میرا رہنے دو چمن میں آنچ اگر آئی — نشیمن ہی پہ آئے گی چمن پر آ نہیں سکتی
خوشی ہو یا ہو غم اک ٹھیس ہے دل کی لطافت پر — سمجھ میں ہر کس وناکس کے یہ بات آ نہیں سکتی
گرا ہوں رو بقبلہ جب بھی ٹھوکر میں نے کھائی ہے — مری خودداری ایسی ویسی ٹھوکر کھا نہیں سکتی
ہمیشہ دل دکھانے کا خدا کی راہ میں واعظ — یہ رندوں کو برا کہنے کی عادت جا نہیں سکتی
کرم پر ان کے آجاتے ہیں آنسو میری آنکھوں میں — مصیبت ہو کسی عنوان کی رلوا نہیں سکتی
محبت کے عوض ان سے محبت بھی نہ چاہوں گا — مری غیرت کبھی دست طلب پھیلا نہیں سکتی
حقائق ہی رہیں گے نجم میری سعی کا حاصل — خیال وخواب میں فکر سخن الجھا نہیں سکتی

176

نور ہے کہ ظلمت ہے عشق کی بلا جانے — شمع کے اجالے میں سو رہے ہیں پروانے
حسن جلوہ آرا کی ندرتیں وہی جانے — عشق ایک جذبہ ہے ان گنت ہیں افسانے
کوئی کچھ نہیں کہتا آپ کے تغافل کو — دوست آئے ہیں اب تک سب ہمیں کو سمجھانے
امن کے محافظ بھی ضبط کر نہیں پاتے — جب کبھی چھلک اٹھے درد وغم کے پیمانے
اٹھ گئے ہیں محفل سے کیسے کیسے دل والے — مڑ کے بھی نہیں دیکھا ناشناس دنیا نے
وقت کا تقاضا ہے دوش دیجیے کس کو — بے کلی حقائق کی بڑھ چلے ہیں افسانے
سب کو مل نہیں سکتا عشق دوست کا منصب — دل ڈبوئے ہیں کتنے شوق بے محابا نے
ہم بنانے والے ہیں ہم بگاڑنے والے — کیا کہیں برستے ہیں آسماں سے ویرانے
مجھ کو خود نہیں ہے جب اپنی معرفت حاصل — میں گلہ کروں کس سے کون مجھ کو پہچانے
اعتبار حق ہو یا اعتبار ناحق ہو — آج تک جلایا ہے اعتبار فردا نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ اپنی صورت پر خلق کرکے انساں کو — عشق کی بنا ڈالی حسنِ کار فرما نے
نجم ہم موحد ہیں ہم پہ کیا اثر ہوتا — بے شمار بدلے ہیں رنگ روپ دنیا نے

177

ہر ایک دوست کو دشمن کو میں پکار آیا — کسے زبانِ محبت کا اعتبار آیا
فضائے شوق میں جو اپنے جی کو مار آیا — حیات موت کی سرحد پہ رستگار آیا
غرورِ عشق میں سر نذر کردیا میں نے — نگاہِ ناز کا ایک قرض تھا اتار آیا
خود اپنے حسنِ طبیعت کا عیش کیا کم تھا — خیال میں نہ کبھی عیشِ روزگار آیا
رہِ طلب میں بڑی روک تھام تھی لیکن — قدم بڑھا دیئے جس نے وہ ہاتھ مار آیا
شریکِ حال تھی عہدِ خزاں میں خود داری — زبان پر بھی نہ افسانۂ بہار آیا
نہ جانے کس کو پکارا تھا اس کی رحمت نے — تڑپ کے میں نے صدا دی گناہگار آیا
نئے نئے جو سُنے ہر فضا میں نام اس کے — بغیر نام کے بھی میں اُسے پکار آیا
کجا تصورِ حق تہ ملی نہ باطل کی — مرے خدا میں بہت ہاتھ پاؤں مار آیا
لگا کے نجم محبت میں آخری بازی — شعورِ فکر و نظر کی رقم بھی ہار آیا
کسی نے اپنی محبت کا تذکرہ جو کیا — مجھے بھی یاد مرا خوابِ خوشگوار آیا

178

عفتِ قلب کے سوا کچھ بھی نہ تھا گناہِ عشق — عقل نے جانچ کے لیے ذہن گناہ گار کے
دل ہو کہ چشمِ شوق ہو ہیں یہی کردگارِ حسن — تم ہو نمونۂ حسین قدرتِ کردگار کے
عہدِ حیات سربسر عالمِ انتظار ہے — اہلِ خرد بھی ہیں اسیر وحشتِ انتظار کے
رند ہیں اب بھی رقص میں ساغرِ مے کے ساتھ ساتھ — بوالہوسوں کا ذکر کیا رہ گئے تھک کے ہار کے
پھر وہی ہم ہیں اور وہی رہگزرِ فنا کی خاک — رنگ بہت بدل چکے پر ہیں اسی غبار کے
حیرتِ حسن کچھ نہ پوچھ عالمِ عشق کیا کہوں — خاکِ لحد پہ دیکھ کر نقشِ جبینِ یار کے
اپنی ہوئی نہ کوئی شے منظرِ کائنات میں — دل پر کچھ اختیار تھا رہ گئے دل کو مار کے
بزمِ سخن میں آ گئے نجم خودی کو چھوڑ کر — بن گئے کب سے آدمی رختِ جنوں اُتار کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

**(179)**

مرے شعر نشتر نشاں اور بھی ہیں
ترے نام کی چٹکیاں اور بھی ہیں

زر و سیم سے تھیلیاں بھرنے والے
تقاضائے تاب و تواں اور بھی ہیں

ہمیشہ ادھر ہی نہ برسیں گے بادل
زمیں اور بھی بستیاں اور بھی ہیں

ہمیں اک نہیں دور مقصد سے اپنے
زمانہ میں بے رطیاں اور بھی ہیں

ابھی ایک ہی لی ہے دنیا نے کروٹ
غریبوں کی شہہ زوریاں اور بھی ہیں

تمہیں اپنا بحرِ کرم ہو مبارک
جہاں ہم ہیں پیاسے وہاں اور بھی ہیں

محبت ہے یوں نجم ہندوستاں سے
چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

**(180)**

اٹھوں گا زندۂ جاوید ہو کر بزمِ امکاں سے
بڑی جمعیت خاطر ہے اس خوابِ پریشاں سے

خدا محفوظ رکھے چارہ گر کے بارِ احساں سے
وہ کیا جانے انہیں ہے درد سے نسبت کہ درماں سے

یہ محرومِ تجلّی منہ جو تکتے ہیں پشیماں سے
جو بس چلتا تو لذت چھین لیتے چشمِ حیراں سے

تو ازن کر رہا ہوں اپنے دردِ عشقِ پنہاں سے
غم دیر و حرم لے کر مسلماں نا مسلماں سے

جئے تا حشر پر اٹھنا ہے اک دن بزمِ امکاں سے
قیامت ہے جو پیاس انساں بجھائے آبِ حیواں سے

بھروسہ کر خدا پر ناخدا وہ بھی تو انساں تھے
سلامت لے گئے جو اپنی کشتی بیچ طوفاں سے

رہے گی قبر پر بھی حشر تک نعم البدل ہو کر
اُداسی ساتھ لے آئے ہیں ہم اسبابِ زنداں سے

خدا جانے نظر کس بدنظر کی لگ گئی دل کو
زمانہ چونک اٹھا تھا اختلاطِ درد و درماں سے

تصور ہی میں ہو جاتا سکونِ عافیت حاصل
کوئی تصویر بن جاتی جو تخئیلِ پریشاں سے

سنا تھا بے سروسامانیاں مرغوب ہیں ان کی
میں گھبرا کر نکل آیا طلسمِ ساز و ساماں سے

دلِ ذوق آشنا دیکھیں کہاں سے پھول چنتا ہے
بہارِ عارضی سے یا بہارِ باغِ رضواں سے

کسی دن جا ملے گی روح اس بحرِ حقیقت میں
کہاں تک واسطہ اے نجم آب و گل کے زنداں سے

**(181)**

جنہیں تم نے خلافِ وقت سمجھا بے محل جانا
انہیں آہوں سے ممکن ہے ہوا کا رُخ بدل جانا

jabir.abbas@yahoo.com

جہنم کے سے تیور ہوں تو ہم جنت کو ٹھکرا دیں — کوئی جنت سے جاتا ہے گلستاں سے نکل جانا
ستاروں کی بلندی اپنی پستی دیکھتا ہوں میں — ضیاپاشی سے مشکل ہے مری چتون کا بل جانا
خدا کی شان اُن کو صلح کی کرنی پڑیں باتیں — بہت دشوار نکلا میرا باتوں میں بہل جانا
مبارک منتِ صیاد و ترکِ زحمتِ زنداں — یونہی اے جانے والے موت بھی آئے تو ٹل جانا
قیامت تک اداکارِ محبت یاد رکھیں گے — محبت کے ترانوں کا مرے لفظوں میں ڈھل جانا
جناب نجم ہیں مسند نشیں کچھ دن سے زنداں میں — تقاضائے ادب ہے جانے والے سر کے بل جانا

**182**

مسکرا اٹھیں جبینیں قہر کی نگاہوں سے — داد سرکشی لے لی ہم نے کجکلاہوں سے
کیا کہیں محبت کا راز کم نگاہوں سے — ہم نے دل بنائے ہیں آنسوؤں سے آہوں سے
طاقتیں مسلّم ہیں علم و عقل کی لیکن — عشق کو تعلق کیا ان پناہ گاہوں سے
اپنی معرفت کا ہم ایک دن سبق دیں گے — دیکھتے چلے جاؤ اجنبی نگاہوں سے
جبر کا شکنجہ تھا میری ناتواں گردن پر — موت نے چھڑایا ہے زندگی کی بانہوں سے
اس کے حق کا مجرم ہوں یہ بھی اس کی رحمت ہے — خود بچالیا مجھ کو مبتذل گناہوں سے
فرش پر ہے تخت ان کا عرش پر دماغ اپنا — کیا فقیر رہتے ہیں دب کے بادشاہوں سے
زندگی کا بھی جن کو حق دیا نہ دنیا نے — حکم انقلاب آیا ان کی قتل گاہوں سے
سارے مسئلے حل ہیں مسلکِ محبت میں — ان کی راہ تک ہے بے شمار راہوں سے
نجم یہ نشانی ہے اہلِ دل کی دنیا میں — ہم کو خاص نسبت ہے غم کی بارگاہوں سے

**183**

زحمت کریں نہ میرے لیے جلوہ گاہ سے — میں آپ آرہا ہوں محبت کی راہ سے
ہلچل ہے زندگی میں غمِ بے پناہ سے — آتی ہے کس کے خون کی بو قتل گاہ سے
جب چل کھڑے ہوئے ہیں تری جلوہ گاہ سے — جو کچھ بھی ہو پلٹ کے نہ آئیں گے راہ سے
کل ذوقِ جستجو کا اڑایا گیا مذاق — بجتی ہے شمع آج مری گردِ راہ سے
ہم بھی خدا پرست ہیں تم بھی خدا پرست — یہ چوٹ کس کے دل پہ لگی لا الٰہ سے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا ہوگا فیصلہ مری ذوق نگاہ کا ‏ — ‏دنیا کو دیکھتے ہیں سب اپنی نگاہ سے

تھا مۓ کا تذکرہ تو بہت مۓ کہیں نہ تھی ‏ — ‏ہم سو سلام کرکے اٹھے خانقاہ سے

ہر انقلاب دہر ہے تمہید انقلاب ‏ — ‏طوفان اک اٹھے گا میری قتل گاہ سے

کیا سخت باز پرس ہے میدانِ حشر کی ‏ — ‏جیسے کہ سابقہ ہو کسی قرض خواہ سے

ہو زندگی دراز مرے ذکرِ خیر کی ‏ — ‏تسکین ہورہی ہے بہت واہ واہ سے

فطرت بھی اپنے فرض سے غافل ہے کس قدر ‏ — ‏سنتا ہوں بے نیاز ہیں وہ اشک و آہ سے

اے دوست طے نہ ہوں گی حقائق کی منزلیں ‏ — ‏شرحِ تصورات سے ذوق نگاہ سے

شاعر سمجھ کے تجمل کو سمجھے ہیں سادہ دل ‏ — ‏واقف نہیں ہیں آپ بھی اس کجکلاہ سے

184

روئے فرزانگی سیاہ کریں ‏ — ‏دل دیوانگی میں راہ کریں

زندگی بھر ادھر ادھر دیکھا ‏ — ‏آج اپنی طرف نگاہ کریں

غم میں توفیق وہ تبسم کی ‏ — ‏کیوں تماشائے اشک و آہ کریں

آؤ دونوں برے بھلے مل کر ‏ — ‏جس طرح ہو سکے نباہ کریں

آدمی سے ہو کیوں نظر نیچی ‏ — ‏اپنے اللہ کا گناہ کریں

دشمنی میرا کیا بگاڑے گی ‏ — ‏دوست بن کر مجھے تباہ کریں

میرزا تجمل سے نہ کچھ کہنا ‏ — ‏چاہے جو کچھ یہ کجکلاہ کریں

185

ختم دم بھر میں کارِ ہستی ہے ‏ — ‏کیا اجل کی دراز دستی ہے

ناز بے جا نہ کر بلندی پر ‏ — ‏ہر بلندی کی اصل پستی ہے

کل ہمیں کچھ جنونِ ہستی تھا ‏ — ‏آج انہیں کچھ غرورِ ہستی ہے

کتنی مہنگی ملے دریغ نہ کر ‏ — ‏پھر بھی عزت کی موت سستی ہے

اپنے اپنے بنا لیے ہیں خدا ‏ — ‏ہر پرستش میں خود پرستی ہے

موت کا ایک دن ہے اک ساعت ‏ — ‏زندگی رات دن برستی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مہر و مہ بھی ہیں تجمّل دنیا میں   آدمی سے مگر یہ بستی ہے

(186)

رازِ ہستی ہے مبتلا ہونا   کہیں بندہ کہیں خدا ہونا

ہائے آسانیاں نہ ہونے کی   کیسا دشوار ہوگیا ہونا

نہ ہوئے کچھ جو سوچتے ہی رہے   درد ہونا ہے یا دوا ہونا

چشمِ احباب میں بھی کھٹکا ہوں   کیا بُرا تھا مرا بھلا ہونا

آدمیت بغیر دنیا میں   ہائے وہ آدمی نما ہونا

راس آئے جناب تجمّل تمہیں   سالک جادۂ وفا ہونا

(187)

اس کی دنیا کو برا کہتا ہے کیا کیا کوئی   خیر ایسی ہی بنادے کہیں دنیا کوئی

دشمنوں سے کرے کس بات کا شکوہ کوئی   دوستوں میں مرا درد نہ سمجھا کوئی

کار فرما نہ ہو جو طاقتِ یکتا کوئی   کس سے ترک کرے اپنا ارادہ کوئی

کل کی بات سجائی تھی یہ محفل ہم نے   آج محفل میں نہیں پوچھنے والا کوئی

ہم نشیں سلسلۂ عیش نہ ٹوٹے ان کا   کیا قباحت ہے اگر دل کہیں ٹوٹا کوئی

سینکڑوں فتنے اٹھائے اسی دنیا کے لیے   لے گیا سر پہ اٹھا کر نہ یہ دنیا کوئی

فکرِ عصیاں میں گرفتار ہوں پہ فکر بھی ہے   میرے اللہ نہ ہو دیکھنے والا کوئی

خواہشِ امن بجا امن کی کوشش برحق   جب ضرورت ہو اٹھا دیجیے جھگڑا کوئی

ان کی رفتار کے انداز خدا خیر کرے   جیسے دیکھا ہے نہ گرتا نہ سنبھلتا کوئی

مل گئے آج مقدر سے جناب واعظ   ہم نے دیکھا نہ تھا دنیا میں فرشتا کوئی

نظر آتی نہیں فطرت کے خزانہ میں کمی   پیاس کیا خاک بجھائے لبِ دریا کوئی

فطرتِ عشق جو دے ساتھ تو آسکتا ہے   ساری دنیا کے مقابل تنِ تنہا کوئی

سایۂ حق میں بھی مل جاتی ہے ناحق کو پناہ   کبھی چھپ جاتا ہے سچوں میں بھی جھوٹا کوئی

دوستوں سے بھی یہ ہر وقت کا خطرہ ہے مجھے   میرے دشمن سے نہ لے لے مرا بدلا کوئی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرفِ حق کے لیے درکار ہے ہمت ورنہ — کیا سمجھتا نہیں فطرت کا تقاضا کوئی

رحم اے جذبۂ خود دار جیے گا کب تک — اپنے کاندھے پہ لیے اپنا جنازا کوئی

**(188)**

دل میں رکھ حال جو دل خواہ نہیں — یہ تماشائے سرِ راہ نہیں

اپنے حق میں ہیں حق آگاہ بہت — میرے حق سے کوئی آگاہ نہیں

بدگمانی کا گنہگار نہ بن — راہ گم کردہ ہوں گمراہ نہیں

زندگی ہے عمل و حُسنِ عمل — زندگی آہ نہیں واہ نہیں

اپنے ہم جنس کے آگے بھی نہ جھک — تیری منطق میں جو اللہ نہیں

درد ہے درد کسی دل میں بھی ہو — تو اسی راز سے آگاہ نہیں

کس حکومت کے ہوا خواہ ہو تم — تم جب اپنے ہی ہوا خواہ نہیں

**(189)**

مسافر ہوں مگر کیا زندگی پر حکمرانی ہے — ٹھہر جاؤں تو باقی ہے گزر جاؤں تو فانی ہے

محبت میری رگ رگ میں شرابِ ارغوانی ہے — کہاں کا نشۂ مے میرا نشہ جاودانی ہے

جوانی آئی جاں آئی غم آیا موت آئی ہے — ابھی کیا جانیے کس کس سے طاقت آزمائی ہے

غلط پڑتی ہیں دردو غم کی بھٹکائی ہوئی نظریں — براہ راست جب دیکھے کوئی دنیا سہانی ہے

میں پچھتاتا ہوں کیا کیا اپنا غم کہہ کر زمانہ سے — سناتا ہوں جسے کہتا ہے میری ہی کہانی ہے

گمانِ بدغلط راہِ طلب کے ذرہ ذرہ پر — قدم کیوں کر اٹھیں اپنے ہی دل سے بدگمانی ہے

محبت میں نہ جینے کا ارادہ ہے نہ مرنے کا — اجل پر فیصلہ ٹھہرا تو اب جینے کی ٹھانی ہے

مزاجِ درد سے بگڑا ہوا اندازِ پرسش ہے — کہیں ایسا نہ ہو کہہ دوں تمہاری مہربانی ہے

**(190)**

کسے غرض تھی جو ہو کی فضا میں جاملتا — تلاش کوئی نہ کرتا اگر خدا ملتا

یقین ہے کہ ستارے جگہ سے ہٹ جاتے — قدم جو ہم بھی اٹھاتے تو راستا ملتا

ترے خیال میں ہوتی ذرا بھی جان اگر — ترا خیال کبھی تو عمل سے جا ملتا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابھی تلاش میں اب تک ہے ذہنِ انسانی — کسی طرح سے وہ کھویا ہوا سرا ملتا
سکونِ قلب کوئی رہ گزر کی چیز نہیں — اٹھا کے لے ہی نہ آتے اگر پڑا ملتا
حیات و علم و نشاط و ملال و دانش و مرگ — بشر کو اور لباسِ بشر میں کیا ملتا
ستم ہی تھا جو کہیں معرفت میں کھو جاتے — جنابِ نجم کہاں آپ کا پتا ملتا

(191)

اسی کے دم قدم سے ہے یہ شانِ رہبری اپنی — کہاں گم ہوگئی وہ شاہ راہِ زندگی اپنی
مری نظروں میں کتنے حادثے آئے تبسم کے — بچھائی اور سمیٹی چاند نے جب چاندنی اپنی
بدلنا ہی پڑا ہم کو بساطِ دہر کا نقشہ — یہ سمجھے تھے بدل جائے گی حالت آپ ہی اپنی
زہے قسمت اُسی کے ہاتھ سے مارے گئے آخر — چھپا رکھی تھی جس نے دوستی میں دشمنی اپنی
کبھی ترمیم کر لیتے ہیں احکامِ شریعت میں — ابھی ورنہ خدائی ہے خدا کی بندگی اپنی
ادھر بھی دیکھ لینا اک نظر دورِ سحر والو — چراغِ صبح لے کر جا رہا ہے روشنی اپنی
سہارا نجم جس کو ہم نہ دیں وہ زور و طاقت کیا — وہ مجلس کیا ہے جس مجلس میں رہ جائے کمی اپنی

(192)

دیکھوں تو راہِ غم میں کوئی ہم رکاب ہے — کچھ دوست کہہ رہے تھے یہ کارِ ثواب ہے
ظاہر ہے ایک باب نہاں ایک باب ہے — یہ کائناتِ دہر ادھوری کتاب ہے
یہ ظاہری سکوں روشِ اضطراب ہے — اک انقلاب اور پسِ انقلاب ہے
اپنی خرابیوں پہ کسی کی نظر نہیں — ایک ایک کہہ رہا ہے زمانہ خراب ہے
جب دل کا تھا شباب محبت کا دور تھا — اس دور میں دماغِ بشر کا شباب ہے
پیدا ہوئے زمانۂ مردہ پرست میں — ناکام زندگی تھی اجل کامیاب ہے
کچھ اور بڑھ چلوں وہ اگر مطمئن نہیں — اب تک تو صبر ان کے ستم کا جواب ہے
میں اب کسی عذاب کے قابل رہوں گا کیا — ہر اک گناہ اپنی جگہ خود عذاب ہے
وہ بھی تھے خواب کو جو حقیقت بنا گئے — ہم زندگی کو خواب ہی سمجھیں تو خواب ہے
دیکھو تو ان کو دے کے نویدِ سکونِ مرگ — جن کی حیات اک ہمہ تن اضطراب ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تم جس کو اقتدار سمجھ کر ہو بے حواس  یہ عالم خیال میں تعمیر خواب ہے
یارب میں زندگی کے عطیہ کو کیا کہوں  درپیش ایک ایک نفس کا حساب ہے
سو جس نے کامیابی کی راہیں بتائی ہیں  وہ ایک میری کوشش ناکامیاب ہے

(193)

فریضۂ غمِ الفت نہ کیوں ادا کرتے  یہ کچھ نماز نہیں ہے جسے قضا کرتے
جو دردِ عشق میں دل کو نہ مبتلا کرتے  کسے خبر ہے کہ ہم حال اپنا کیا کرتے
نہ کس طرح تری رحمت کا آسرا کرتے  اگر گناہ نہ کرتے تو اور کیا کرتے
جو ناتواں ہیں وہ گر کر نہیں اٹھا کرتے  خیال خام یہ رہتا تو جی کے کیا کرتے
حرم کی شمعِ فروزاں ہیں بت کدہ میں سہی  یہاں پہنچ تو گئے ہم خدا خدا کرتے
دعا پہ کیوں دلِ خود دار ہوگیا راضی  ستم ہے شرم جو آئی کہا دعا کرتے
ابھی بہت ہیں یہ دو چار آخری سانسیں  خدا نخواستہ کیوں ترکِ مدعا کرتے
ترے کرم کی ہے بنیاد مفلسی جن کی  وہ کیوں ترے درِ دولت پہ التجا کرتے
خدا کا شکر کہ دل ہی نہیں رہا ورنہ  ترے سلوک پہ دل سے یوں ہی اٹھا کرتے
جب اہلِ درد سے قربانیاں طلب ہوتیں  ہم اپنے خونِ تمنا سے ابتدا کرتے
عجیب شان کی ہے انتہا پسندی بھی  کہیں تو اپنے ستم کی وہ انتہا کرتے
زہے جلال کہ شاہوں کو دستِ قدرت نے  کیا لحاظ نہ ہم صورتِ گدا کرتے
مزہ تھا جب سرِ منزل غرورِ منزل کا  ہمارے نقشِ قدم کو نہ رہنما کرتے
اگر وہ داد نہ دیتے نیاز مندی کی  تو ہم غرورِ محبت پہ اکتفا کرتے
جو دوستوں پہ بھی چھپ چھپ کے وار کرتے ہیں  بھلا وہ کیا کسی دشمن کا سامنا کرتے
بھلے رہے وہ زمانہ میں ہم نوا ہوکر  خدا کی راہ میں کس کس سے دل بُرا کرتے
میں مجسم خود ہی سراپا نیاز ہوں ورنہ  مرے کمال کی چوکھٹ پہ سر جھکا کرتے

(194)

تدبیر اگر فاتح تقدیر نہیں ہے  انسان بجز پیکرِ تصویر نہیں ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا اب بھی کوئی دور ہے آزادیٔ کامل　　اب اک خطِ زنجیر ہے زنجیر نہیں ہے
میں سر بگریباں ہوں تو تنہا ہے زمانہ　　خود جرم ہے یہ جرم کی تعزیر نہیں ہے
یوں ہار کے رفتار زمانہ سے نہ بیٹھو　　جیسے کہ بس اب موت میں تاخیر نہیں ہے
ان کاتبِ اعمال فرشتوں سے کہے کون　　ہر اک عمل قابل تحریر نہیں ہے
اب نیند ہے عزت کی نہ بیداری ہمت　　شمشیر نہیں سایۂ شمشیر نہیں ہے
کیوں آئنہ کے سامنے اس روپ میں آیا　　پاداش عمل ہے مری تصویر نہیں ہے
آنچ آتے ہی الزام کی دل ہوگیا پانی　　کہتا ہی رہا میں مری تقصیر نہیں ہے
مل جائے تو اس وضع سے دنیا کو نہ برتو　　جیسے کوئی اس خواب کی تعبیر نہیں ہے
دل کہتا ہے کچھ اور نظر اور زبان اور　　کیا بات بنے بات میں تاثیر نہیں ہے
ہاتھ اٹھے ہیں کھلتی نہیں آواز دعا میں　　انسان ہوں غصہ تو گلوگیر نہیں ہے
اک حشر بھی اٹھا نہیں رفتار عمل سے　　شاید وہ دل آویزی تقریر نہیں ہے
اکسیر نہ کہنا مری خاکستر دل کو　　میں خوش ہوں کہ دل خاک ہے اکسیر نہیں ہے
الفاظ بھی آزاد ہیں انداز بھی آزاد　　قسمت سے کوئی دست بہ شمشیر نہیں ہے
دل موم بناؤں غمِ ہستی میں کہ فولاد　　یارب یہ مرے ہاتھ کی تقدیر نہیں ہے
بسمل تمہیں کردیتا ہے کیوں لفظِ محبت　　اک بات ہے تلوار نہیں تیر نہیں ہے
میں غالب و ناسخ کا ہم آواز ہوں اے نجم　　بے بہرہ ہے جو معتقد میر نہیں ہے

195

جیسے میں الٹے قدموں رستہ سے پھر چلوں گا　　راہِ وفا کے ذرّے آنکھیں دکھا رہے ہیں
دیکھی ہے ہم نے دنیا رازِ کرم نہ پوچھو　　صبر آزما چکے اب جبر آزما رہے ہیں
کیا سانس اکھڑ رہی ہے کیا دم الٹ رہا ہے　　ہم شامِ زندگی کا اک گیت گا رہے ہیں
اک نقش آب و گل کو جلوہ بنا دیا ہے　　اے حسن کے تماشے ہم دل بڑھا رہے ہیں
کوئی خودی سمجھ لے یا بیخودی سمجھ لے　　دنیا خراب کر کے اک گھر بنا رہے ہیں
میرے سکونِ غم پر اب حُسن مضطرب ہے　　خودداریوں کے صدقے جلوے بلا رہے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں عشق کے تصدق انسان بن گیا ہوں      زیر قدم فرشتے آنکھیں بچھا رہے ہیں
میں سوچتا ہوں دل ہی اس سمت بڑھ رہا ہے      میں دیکھتا ہوں وہ بھی نزدیک آ رہے ہیں

اشکوں کی رو میں نجمی دل کا لہو بہا کر
غم کی نوازشوں کو رنگیں بنا رہے ہیں

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعتیہ رباعیات

(1)

ہے نورِ محمدؐ سراپا باقی — دنیا فانی ہے وجہ دنیا باقی
بندوں کا بھی محبوب خدا کا بھی حبیب — اب اور دو عالم میں رہا کیا باقی

(2)

حاصل تھی جسے نام ونسب کی معراج — جس کے لیے تھی رحمتِ رب کی معراج
کیا پوچھتے ہو نعت کو شاعر کا مقام — توصیفِ پیمبرؐ ہے ادب کی معراج

(3)

مفہومِ رسولؐ عربی ہیں احمدؐ — مکی مدنی مطلبی ہیں احمدؐ
گذرے ہیں ہزار آدم و عالم بھی اگر — ہر آدم و عالم کے نبی ہیں احمدؐ

(4)

محفوظ ہے اسلامِ رسولؐ عربی — اے صلِ علیٰ نامِ رسولؐ عربی
ہر دور میں اخلاق کی تکمیل ہوا — سرمایۂ پیغامِ رسولؐ عربی

(5)

کیا حسن کا معیار لیے آئے رسولؐ — کس کس کو نصیب ہے تولائے رسولؐ
ہے وحدہٗ لا شریک بھی میرا شریک — احدیت کی حد میں ہے وہ شیدائے رسولؐ

(6)

موزوں تھے سب انبیاء بنوت کے لیے — مخصوص محمدؐ تھے ہدایت کے لیے
مطلوب ہیں بندوں کے خدا کے محبوب — ایسا تو رسولؐ ہو رسالت کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

بیکار یہ جسم و روح کی بحث ہے آج
سر پر مرے آقاؑ کے ازل سے ہے یہ تاج
کیا اُس کے لیے عرش پہ جانے کا سوال
جب فرش پہ حاصل ہو مقامِ معراج

(8)

قدرت سے ملی ہے چشمِ بینا اے دوست
تو نے کبھی دیکھا کبھی سمجھا اے دوست
یہ کون ہیں بھاگتے ہیں دنیا کی طرف
دینداروں سے بھاگتی ہے دنیا اے دوست

(9)

کتنا ہی حسین ہو خیالِ سرورؑ
سمجھے گا نہ تو صورتِ حالِ سرورؑ
اللہ جمیل ہے اگر یاد تجھے
اس آئینہ میں دیکھ جمالِ سرورؑ

(10)

پابوس نہ کیوں ہوں بحروبر ختمِ رُسلؑ
حیران ہو جب فکرِ بشر ختمِ رُسلؑ
اب تیرے مقام کا تعین کیا ہو
جنت ہے تری راہگذر ختمِ رُسلؑ

(11)

دنیا میں نہ تھی شئی کوئی شایانِ رسولؑ
سمجھیں گے وہی جن کو ہے عرفانِ رسولؑ
اللہ کا ہے کوئی محل اور نہ مقام
یہ عرش حقیقت میں ہے ایوانِ رسولؑ

(12)

ایوانِ رسولؑ کا ہے ٹکڑا طیبہ
کس میں ہے یہ دم کہے ہمارا طیبہ
آخر یہ زمیں پر کہیں رہتے سہتے
جنت سے انہیں کے لیے آیا طیبہ

(13)

وہ سرِّ خفی نصِ جلی کی معراج
اس شان کی تھی کہاں کسی کی معراج
حاصل اُسے عرش پر بھی تھی فرش پر بھی
کیوں بحث میں لاتے ہو نبیؑ کی معراج

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(14)

زور اپنا جو دکھلائیں محمدؐ والے　　کونین سے ٹکرائیں محمدؐ والے
یہ عالِم امکاں ہے مسلّم لیکن　　ممکن نہیں مٹ جائیں محمدؐ والے

(15)

آدم مابین آب و گِل تھے جب سے　　روشن تھی فضا نورِ حبیبِ رب سے
اپنی ہستی سے بے خبر آدم زاد　　کیا جانے کہ ہے ذاتِ محمدؐ کب سے

(16)

شاہان جہاں کی کجکلاہی نہ چلی　　یاں ایک کی بھی جہاں پناہی نہ چلی
اللہ رے فقرِ مصطفاؐ کے تیور　　ان کے آگے کسی کی شاہی نہ چلی

(17)

احساسِ حیات کو جگانے والا　　حکمت کے حدود کو بڑھانے والا
کتنے پیغمبروں کے بعد آیا ہے　　انسان کو انسان بنانے والا

(18)

رفعت کا وہ کس فضا میں محتاج رہا　　جس کے سر پر ازل سے یہ تاج رہا
معراجِ سرِ عرش ہے کیوں بحث طلب　　وہ فرش پہ بھی صاحبِ معراج رہا

(19)

یوں پہلے پہل تو سامنا کیا کرتا　　چپ چاپ خدا کا نور دیکھا کرتا
جس راہ سے لے گئی حلیمہ اُس کو　　میں ہوتا تو ہر قدم پہ سجدا کرتا

(20)

روشن گر کائناتِ ممکن آیا　　تکمیلِ نوازشات کا سِن آیا
کعبہ آواز دے خلیلِ حق کو　　جس دن کی دعا مانگی تھی وہ دن آیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(21)

دنیا میں پیمبروں کا سلطان آیا　　انسان کی عظمت کا نگہبان آیا
سیرت ایسی بدل دیا نظمِ جہاں　　صورت ایسی کہ جس پہ قرآن آیا

(22)

خدمت یہ کسی نبیؑ ولی سے نہ ہوئی　　وابستہ کسی پیمبری سے نہ ہوئی
کامل تھے سبھی مگر محمدؐ کے سوا　　اخلاق کی تکمیل کسی سے نہ ہوئی

(23)

مدہم تھا چراغ روشنی پوری کی　　تعمیرِ نجات آدمی پوری کی
اللہ رے پیغمبرِ خاتمؐ کا کمال　　ہر ایک پیمبر کی کمی پوری کی

(24)

اُس حلقۂ ارباب ولا میں ہوتے　　انصار میں ہوتے رفقا میں ہوتے
سنتے ہیں کہ ہر نبی کو حسرت یہ رہی　　ہم اُمتِ محبوبِ خدا میں ہوتے

(25)

اے خیرِ بشر کاشفِ اسرارِ حیات　　تیری ہی تجلّیاں ہیں انوارِ حیات
انسان ہیں اپنی کوششوں کی حد میں　　آزادِ حیات اور گرفتار حیات

(26)

تکمیل نمودِ کبریائی نہ ہوئی　　پوری غرض جلوہ نمائی نہ ہوئی
تو ذکر احد میں شان دیکھ احمدؐ کی　　یہ وہ ہیں بغیر ان کے خدائی نہ ہوئی

(27)

ہر چیخنے والا جو نبی ہوجائے　　پیغام خدا کا دل لگی ہوجائے
ہے ختم نبوت پہ نبوت کی ہوس　　کم ہے یہ شرف کہ آدمی ہوجائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(28)

ہنگامۂ زیست میں کمی کیا معنی		مرجھائی ہوئی دل کی کلی کیا معنی
الفت میں نبیؐ کی دل اگر زندہ ہے		یہ موت کی شکل زندگی کیا معنی

(29)

ساقی مجھے مستِ مئے وحدت کر دے		تقدیم رسالت کے لیے شہپر دے
طیبہ میں پہنچنے کا ہے ارماں دل کو		فاراں پہ جو چمکی تھی وہ بجلی بھر دے

(30)

ممکن نہیں اور کوئی جذبہ بھر دو		ترک الفت پہ دل کو مائل کردو
اب تک مجھے یاد ہے کسی کا کہنا		اس ہاتھ پہ چاند اس پہ سورج دھر دو

(31)

عاشق ہے خدا انہیں بنایا جب سے		یوسف بھی حسیں نہیں حبیبؐ رب سے
ایسا نقاش ہو تو ایسا نقش		نقشِ اول ہے اور بہتر سب سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# اخلاقی رباعیات

(1)

پتھر کا جگر ہو ظلم سہنے کے لیے
حق کی خاطر تباہ رہنے کے لیے
منہ بھی ہے زباں بھی ہے منہ میں لیکن
دل چاہیے دل کی بات کہنے کے لیے

(2)

کیا نام خدا بہ شدومد کہتے ہیں
کہتے ہیں تو بے حساب وحد کہتے ہیں
بھولے سے کسی کی خود بھی کرتے ہیں مدد
دن رات جو یاعلیؑ مدد کہتے ہیں

(3)

حق بات پہ اڑ کے بیٹھ بوذر کی طرح
اُٹھ شیر صفت مالکِ اشتر کی طرح
سرمایہ پرستوں کی خوشامد میں نہ رہ
دولت کو دعا نہ دے گداگر کی طرح

(4)

بھولے سے کبھی عقل کے ناخن لیتا
تاریخ نہ قصہ کی طرح سُن لیتا
دولت کی ہوا سے دور رہ کراے کاش
سلمان کی طرح ٹوکری بُن لیتا

(5)

احسان نہ لے کسی کا ناداری میں
فرق آتا ہے کیا شانِ وفاداری میں
سرمایہ پرستوں کے طریقوں پہ نہ جا
کیوں فکرِ نمائش ہے عزاداری میں

(6)

ہر جذبۂ غیرت سے اثر لیتا ہوں
خود دار ہوں کب یہ دردِ سر لیتا ہوں
نیچی نہیں اس کے ایک بندہ سے نگاہ
اللہ کے سو گناہ کر لیتا ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

اے نقطۂ اتحادِ روح و پیکر  ہیں تجھ میں حیاتِ ابدی کے جوہر
جینا جو نفس کے آنے جانے تک ہے  ایسے جینے سے ہے نہ جینا بہتر

(8)

جو نفس کے خیر خواہ ہوجاتے ہیں  اپنے لیے خوش نگاہ ہوجاتے ہیں
افعال کا ذکر کیا یہ دنیا وہ ہے  الفاظ جہاں گناہ ہوجاتے ہیں

(9)

ہر لحہ نئی ہوا میں بھرتے دیکھا  ہرگام پہ ہوش سے گزرتے دیکھا
دنیا کا تال سم عیاذاً باللہ  اچھے اچھوں کو رقص کرتے دیکھا

(10)

مفلس کی ریاضتوں میں کیا رکھا ہے  افلاس نے علم کو دبا رکھا ہے
دیکھا مذہب کے غمگساروں میں بھی  سب نے دولت کو سر چڑھا رکھا ہے

(11)

دنیا کی چراگاہ سے راحت کی نوید  مذہب کے گھٹا ٹوپ سے عزت کی نوید
ہوجہل کے ساتھ جوڑ دولت کا اگر  ہر جرم سے ملتی ہے صدارت کی نوید

(12)

کیسے کیسے ورق دلوں کے اُلٹے  اُلٹے، واللہ اور اچھے اُلٹے
اے لمحۂ آزمائش و دورِ عمل  کن کن چہروں سے تو نے پردے اُلٹے

(13)

جو سب کا ہے مالک یہ پیام اُس کا ہے  عزت غرباء کی احترام اُس کا ہے
سرکش! یہ امانت میں خیانت کیسی  ہاتھ اپنے سہی مگر سلام اُس کا ہے

(14)

مظلوم کی کچھ آئینہ داری تو کرو  ایثار کے سلسلے کو جاری تو کرو
رونے کا ثواب بھی ملے گا بیشک  اشکوں سے چمن کی آبیاری تو کرو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

کیا ہے جو کہیں حق پہ زباں جاری ہے　　شبیرؑ کے حق کا کوئی اقراری ہے
اقوالِ حسینی ہیں عمل ہے کچھ اور　　اے دوست! میں کیا کہوں یہ غداری ہے

(16)

یہ آئینۂ دل میں کدورت کیسی　　مذموم خیالات کی دعوت کیسی
جس دل میں تولّا کی جگہ ہو غافل　　اس میں کوئی ناروا بضاعت کیسی

(17)

بڑھتی چڑھتی جو سوزِ دل کی لَو ہے　　آنکھوں میں تلاش و جستجو کی ضَو ہے
تنظیمِ حیات کا سلیقہ ہے اگر　　انسان کا ہر نفس حیاتِ نو ہے

(18)

بیجا ہے گناہوں پہ طرارے بھرنا　　فطرت پہ اک الزام کا چھپر دھرنا
انسان و گناہ میں تعلق برحق　　منصب ہے ترا ترکِ تعلق کرنا

(19)

کیا کیجیے نگاہِ عارفانہ لے کر　　چلتا ہے مجھے ساتھ زمانہ لے کر
دم بھر جو تردّد میں قدم رُکتا ہے　　قسمت بڑھتی ہے تازیانہ لے کر

(20)

ہر سمت نظر میں جوئے خوں آتی ہے　　سرگشتہ جستجوئے خوں آتی ہے
تہذیب و زباں تجارت و قوم و وطن　　اِن لفظوں سے آج بوئے خوں آتی ہے

(21)

دولت کے نشہ میں یہ دریدہ دہنی　　آساں ہے غریبوں کی تجھے دل شکنی
اے پیرو دینِ حق یہ مسلک تیرا　　جیسے کہ ہے بیگانہ خلقِ حسنی

(22)

اے لذّتِ ہل اتیٰ میں کھونے والے　　اذکارِ سلف پہ شاد ہونے والے
فاقے سے ہیں دن بھر کے پڑوسی کتنے　　اے رات کو پیٹ بھر کے سونے والے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

اِک خطرۂ بے پناہ ایماں کے لیے
اِک نشترِ مستقل رگِ جاں کے لیے
اپنوں میں نہ تکریم نہ غیروں میں گذر
افلاس بڑا جُرم ہے انساں کے لیے

(24)

یوں بات نہ اب تلخ نوائی سے بدل
اے دوست نہ طرزِ دلربائی سے بدل
تقدیر سے آگیا زمانہ تیرا
لے تُو ہی بُرائی کو بھلائی سے بدل

(25)

اخلاقِ حسینؑ سے سروکار بھی ہو
دنیا کی نمایشوں سے بے زار بھی ہو
دولت سے ہے بے نیاز جو مردِ عمل
مزدور بھی ہو اور عزا دار بھی ہو

(26)

دنیا میں غمِ حیات لایا ہوں میں
ہر زخمِ جگر پہ مسکرایا ہوں میں
جو موت حیاتِ جاوداں بنتی ہے
اُس موت کی جستجو میں آیا ہوں میں

(27)

ساحل پہ ہیں کچھ ناؤ ڈبونے والے
طوفان میں کچھ ہیں جان کھونے والے
ہنسنے والوں کا دل بڑھانے کے لیے
مل جاتے ہیں ہر عہد میں رونے والے

(28)

کس زعم نے ہے دماغ گھیرا تیرا
منہ کس نے بہ آشتی سے پھیرا تیرا
دنیا اے بے خبر کسی کی نہ ہوئی
دنیا میں بہت ہوا ہے میرا تیرا

(29)

کرنے کا ہے جو کام بہر طور کرو
کردار کی تربیت پہ بھی غور کرو
پھر ہم بھی کہیں گے یہ بآواز بلند
تعلیم کا معیار بلند اور کرو

(30)

ہم عہد کے نغمات سناتے ہی رہے
واعظ کی زباں پہ وعظ آتے ہی رہے
دم بھر بھی نہ رفتارِ زمانہ ٹھہری
ہم کیا ہیں سب اپنی اپنی گاتے ہی رہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(31)

یہ رشک و حسد کی رَو میں کیا چاہتے ہو
سمجھا تھا میں کچھ اپنا بھلا چاہتے ہو
چڑھنے کی فلک پر نہیں کرتے کوشش
مجھ کو بھی زمیں پہ کھینچنا چاہتے ہو

(32)

ہوجائے گا معدوم یہ غم ہے شاید
فانی ہے یہ روح یہ الم ہے شاید
ہر قطرۂ شبنم ہے فضا میں محفوظ
شبنم سے بھی ہستی تری کم ہے شاید

(33)

نشتر ہمدردیوں کے سہتے نہ پھرو
ہر موج ہوا کے ساتھ بہتے نہ پھرو
بندے ہو کسی کے اس کا احساس رہے
ایک ایک سے دل کا درد کہتے نہ پھرو

(34)

کیا راہِ غرض میں لوٹا جاتا ہے
کیا کمتر و ناچیز بنا جاتا ہے
اللہ کے آگے نہیں جھکتا جو سر
بندے کے حضور میں جھکا جاتا ہے

(35)

دنیا کی مری نظر میں کیا ہستی ہے
ویرانہ کی ممنون ہے جو بستی ہے
آخر میں نظر اٹھا کے دیکھوں کس کو
ہر قصر بلند کی بنا پستی ہے

(36)

واجب ہے ہر ایک اہل زر کی دعوت
احباب و عزیز ذی اثر کی دعوت
نادار غریبوں کے لیے ماہ صیام
افطار کی دعوت نہ سحر کی دعوت

(37)

بادل کی طرح گرجنے والے دیکھے
ہتھیار بدن پہ سجنے والے دیکھے
چپ چاپ عمل کے گرم میدانوں میں
اپنی ہستی کو تجنے والے دیکھے

(38)

انساں ہے تو فطرت سے یہ دولت لے لے
سرمایۂ ایثار و محبت لے لے
خوشبو دیتے ہیں نیک و بد کو یکساں
پھولوں سے مزاج کی لطافت لے لے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(39)

تقریر ہو کچھ غلط خیالی ہی سہی
اظہارِ کمال بے کمالی ہی سہی
دیوانہ بھی ہو تو صدرِ محفل کردو
کیسہ پُر ہے دماغ خالی ہی سہی

(40)

تقریر نظامِ ہوش برہم کردے
ممکن ہو تو زندگی کے دن کم کردے
سیرت کا ہے کیا سوال صورت دیکھو
جیسے کوئی عصیاں کو مجسم کردے

(41)

انسان کی زندگی کو شرماتے ہیں
خوش خوش آتے ہیں خوش چلے جاتے ہیں
پھولوں میں نہ جھگڑا ہے کوئی اور نہ فساد
کھلتے ہیں مہک دیتے ہیں مرجھاتے ہیں

(42)

چڑھتی ہوئی دھوپ دم میں ڈھل جاتی ہے
گردوں کی طرح نظر بدل جاتی ہے
تیری ہی زمیں ہے جیسے اس طرح نہ چل
یہ پاؤں سے بھی کبھی نکل جاتی ہے

(43)

آئیں نہ مری سمت مسافر نظریں
تسکین کے احسان سے قاصر نظریں
دل اور کسی طرف، نظر اور کہیں
میں نے دیکھی ہیں غیر حاضر نظریں

(44)

دل ہو تو سکونِ دل کا عالم بھی ہے
ہو عینِ ہوس تو بزمِ ماتم بھی ہے
ہم خود ہوں جہنمی تو کیا اس کا علاج
جنت بھی ہے دنیا میں جہنم بھی ہے

(45)

بلبل رودادِ غم سناتے ہی رہے
غنچے کچھ کہہ کے مسکراتے ہی رہے
دم بھر بھی نہ رفتارِ زمانہ ٹھہری
ہم کیا ہیں سب اپنی اپنی گاتے ہی رہے

(46)

کیوں ساتھ ہر ایک پیشرو کے ہولے
پاسِ خاطر سے کس لیے منہ کھولے
چہرہ پہ شگفتگی لبوں پر دل ہو
الفاظ ادا زباں سے ہوں دل بولے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(47)

پندار نہیں علم و یقیں کی زینت
کیا چیز ہے انکسار اللہ اللہ
ملبوس نہیں دینِ مبیں کی زینت
ہر سجدۂ برحق ہے جبیں کی زینت

(48)

وقف کا سرمایہ کیا سہو و خطا کا مال ہے
اے مسلماں دستِ ناحق سے بچانا ہے ضرور
کیا کسی بیدرد حق نا آشنا کا مال ہے
ایک پیسہ بھی اگر ہے تو خدا کا مال ہے

(49)

سوتے ہوئے جذبہ کو جگا کر دیکھو
پھر بھول کے بھی وہ سر اٹھانے کا نہیں
نیکی سے بدی کا دل ہلا کر دیکھو
دشمن پہ یہ وار آزما کر دیکھو

(50)

انسان ہے خود ہی چارہ ساز اپنے لیے
اللہ کو کیا نماز روزہ کا ثواب
دل میں ہے اگر تو ہے گداز اپنے لیے
اپنے لیے روزہ ہے نماز اپنے لیے

(51)

انساں کو بہت گرا رہا ہے انساں
وہ رُوپ بھی دیکھ لے گی دنیا اک دن
ٹھہرو دم بھر اِک آ رہا ہے انساں
جس روپ میں جگمگا رہا ہے انساں

(52)

احساس کا انداز بدل جائے گا
سمجھے گا تو زندگی کا مقصد اس وقت
گرتا ہوا معیار سنبھل جائے گا
جب دل سے تڑپ کے انا نکل جائے گا

(53)

آغاز اچھا ہو جس کا انجام اچھا
مشہور ہے بد اچھا ہے بدنام بُرا
انساں ہے وہی اے دل ناکام اچھا
ہم کہتے ہیں بد اچھا نہ بدنام اچھا

(54)

خوددار کسی کا آسرا لیتے ہیں
کس نے یہ کہا جگہ نہیں محفل میں
دوگام میں کارواں کو جا لیتے ہیں
ہمت کے قدم جگہ بنا لیتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(55)

خاکسترِ سیم و زر جبیں سے نہ اٹھا
احساں کوئی دور سے قریں سے نہ اٹھا
رکھ دستِ طلب فضائے عالم سے بلند
تارے بھی پڑے ہوں تو زمیں سے نہ اٹھا

(56)

ناداں ہیں جو اس زعم میں کھوجاتے ہیں
مرتے ہوئے زندگی کو رو جاتے ہیں
ہو دامنِ دولت میں ولادت تیری
ایسے بہت اتفاق ہوجاتے ہیں

(57)

دولت سے ہم احتراز فرما نہ سکے
قابو میں تھے ہاتھ اور سرکا نہ سکے
سب خاک میں مل گیا قناعت کا غرور
جب پاؤں پہ گر پڑی تو ٹھکرا نہ سکے

(58)

ہر گام پہ تیوریاں بدلتا ہوا جا
سر پائے غرور سے کچلتا ہوا جا
ہے ایک گڑھا قبر کا منزل تیری
چلتا ہوا جا تو کہ مچلتا ہوا جا

(59)

تھم جا کہ ہے اس راہ سے پھرنا بھی تجھے
دریا میں ہے ڈوبنا بھی ترنا بھی تجھے
نخوت نے بلند کردیا ہے جتنا
اتنی ہی بلندی سے ہے گرنا بھی تجھے

(60)

منہ گریۂ حسرت سے نہ ڈھل جائے کہیں
یہ وقت نہ مثلِ شمع گھل جائے کہیں
او بسترِ عیش پر اکڑنے والے
کس خواب میں ہے آنکھ نہ کھل جائے کہیں

(61)

افلاس ہے یہ نام گناہوں کے لیے
بھٹکی ہوئی زندگی کی راہوں کے لیے
دیکھا یہ تمول کی فضا کا عالم
جیسے یہ جگہ وقف ہے آہوں کے لیے

(62)

ہر چند کہ ہے تاک میں صیاد ابھی
باقی ہے یہ نعمتِ خدا داد ابھی
آواز بھی قید ہیں نگاہیں بھی اسیر
صد شکر کہ احساس ہے آزاد ابھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

(63)

لطف غمِ زندگی تجھے کیا معلوم    کس چیز کی ہے کمی تجھے کیا معلوم
منعم تری تخلیق ہوئی تھی جس وقت    فطرت کس دھن میں تھی تجھے کیا معلوم

(64)

اس داد و دہش کو محتشم سمجھا ہے    سمجھا ہے بہت اگر تو کم سمجھا ہے
ہم نے دیکھے ہیں بے شمار اہلِ کرم    تو اپنی تجارت کو کرم سمجھا ہے

(65)

قرأت کی یہ ہنگامہ طرازی کیسی    یہ شانِ نماز اور نمازی کیسی
سر سجدہ میں گردن پہ دو عالم کے حقوق    اللہ رے یہ شعبدہ بازی کیسی

(66)

آثار میں شانِ کبریائی تو نہیں    در پر کوئی صرف جبہ سائی تو نہیں
بے مال و کمال و علم انساں تو رہا    صد شکر کہ دعویٰ خدائی تو نہیں

(67)

اک اک سے گرفتارِ بلا مانگ چکے    عالم کے طبیبوں سے شفا مانگ چکے
تدبیر کے بندوں کو دعا کب سوجھی    جب سارے زمانے سے دوا مانگ چکے

(68)

تبدیل فضائے بزمِ عالم نہ کرو    اس جنت ارضی کو جہنم نہ کرو
مہمان ہو مہمان کی حد سے نہ بڑھو    دنیا کا نظام امن برہم نہ کرو

(69)

نافہموں سے کیا دست و گریباں ہونا    دنیا میں بہر حال یہ ساماں ہونا
نا اہلوں کی پرورش ہے دنیا کا اصول    ہر جوہرِ قابل کو ہے قرباں ہونا

(70)

فطرت کردے گی تجھ کو عریاں اک دن    ہوجائے گا ظاہر غمِ پنہاں اک دن
دریا میں ڈبوے گا اگر اپنا گناہ    ساحل پہ بہا لائے گا طوفاں اک دن

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(71)

تصویر کی طرح سامنے آئیں گے الفاظ تلک فضا میں لہرائیں گے
تاریکی میں جس قدر ہوئے ہیں اعمال اک دن سب روشنی میں آجائیں گے

(72)

دولت کی فضا میں خاک راہی کب تک انسان کی یہ ذلت و خواری کب تک
مسجودِ ازل کو منہ دکھانا ہے کبھی قبلہ کے خلاف سرگزاری کب تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# سماجی رباعیات

(1)

مایا مائی ہے اور لونا ہے تو	سنسار کی ہاٹ میں کھلونا ہے تو
سمجھا ہی نہیں آپ کو مورکھ لو بھی	باہر بھیتر تمام سونا ہے تو

(2)

دنیا پہ ستم نفس پچ بیداد کرے	بھولے سے نہ اصل اپنی کبھی یاد کرے
جیسے تری تخلیق ہیں یہ رات یہ دن	جس طرح سے چاہے انہیں برباد کرے

(3)

ہے قابل اعتنا نہ بیداد نہ داد	اے مجرم خلاف شان ہوگی فریاد
ہوتے ہیں نئے ستم تو کیا اس کا گلہ	کرتی ہے ضرورت زمانہ ایجاد

(4)

ست کی بنسی بجائے جاؤ ساتھی	سوتی دنیا جگائے جاؤ ساتھی
کتنا بھی ہو بوجھ بھار تھکنے کا نہیں	سیوا کی ڈگر پہ گائے جاؤ ساتھی

(5)

جس پر جو کچھ پڑے گی سہہ جائے گا	مجبور فنا کی رو میں بہہ جائے گا
کیا ہند میں اتحاد ہوگا نہ کہیں	بدنام فساد ہوکے رہ جائے گا

(6)

راضی تو نہ ہونا تھا مگر راضی ہیں	جتنے تھے خلاف اہل نظر راضی ہیں
ٹڈی دل کے مقابلہ کی خاطر	سب مشترکہ دفاع پر راضی ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

بھارت کو بہر حال سنورنا ہے ضرور — عزت کے منازل میں ابھرنا ہے ضرور
ہنگاموں سے جاتا ہے حکومت کا وقار — ایوان میں ضبطِ نفس کرنا ہے ضرور

(8)

کر مشقِ فصاحت و بلاغت اے دوست — مل جائے گی کرسیِ صدارت اے دوست
تدبیر کی فکر بے محل ہے بالکل — تقریر کی آج ہے حکومت اے دوست

(9)

زر ہو تو خرید لے کہ دشوار نہیں — یہ عہدِ تجارت ہے خبردار نہیں
اعزاز خطابات شرافت شہرت — ہے کونسی شئی جو سرِ بازار نہیں

(10)

کیا تجھ کو حقایق سے بیزاری ہے — رفتار میں گفتار میں عیاری ہے
دنیا کو فلم سمجھ رہا ہے شاید — کیا تیرا کمال بھی اداکاری ہے

(11)

یہ زعمِ حکومت ہے پُرانا دھوکا — پھر جذبۂ ارباب ولا کو ٹوکا
بغداد نے ''یک ہزار وی سال'' کے بعد — پھر زاہرِ شبیرؑ کا رستہ روکا

(12)

فطرت کردیگی تجھ کو عریاں اک دن — ہوجائے گا ظاہر غمِ پنہاں اک دن
دریا میں ڈبو دے گا اگر اپنا گناہ — ساحل پہ بہا لائے گا طوفاں اک دن

(13)

اس کے لیے ہیں ایک سپید اور سیاہ — آئی اب فطرت پہ کبھی آہ نہ واہ
مرجھا گئے کچھ پھول چمن میں کھل کر — یا ہوگئی دنیا میں کوئی قوم تباہ

(14)

حل ہوگئیں ساری مشکلیں کیا کہنا — ٹوٹیں وہ جمود کی سلیں کیا کہنا
ہڑتال فساد لوٹ مار آگ لہو — یہ حسنِ عمل کی منزلیں کیا کہنا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

آزاد کو اک قید ہے فغفوری بھی — ہے بار گراں قبائے دستوری بھی
تو اپنے لیے جگہ معین کرلے — دنیا میں غلامی بھی ہے مزدوری بھی

(16)

یوں بھی منزل کی راہ لی جاتی ہے — کس فکر میں ہے دھوپ ڈھلی جاتی ہے
پیچھے ہٹنے کی حد ہے کوئی کہ نہیں — دنیا آگے بڑھی چلی جاتی ہے

(17)

ہر دور میں صلح و آشتی کا مفہوم — پاکیزہ سلیس زندگی کا مفہوم
مسلم ہو تو ہے اس کی حفاظت واجب — اسلام میں ہے سلامتی کا مفہوم

(18)

جیتا ہوں کہ جیسے کوئی مجبورِ حیات — دیتا نہیں روشنی مجھے نورِ حیات
میں جس کی حفاظت کے لیے آیا تھا — میں نے ہی بگاڑا ہے وہ دستورِ حیات

(19)

تنقیدِ حیات کرکے جینا ہے مجھے — اس نقش میں رنگ بھر کے جینا ہے مجھے
جی کر مرنا مرے حریفوں کے لیے — میں اور بشر ہوں مر کے جینا ہے مجھے

(20)

یہ آٹھ پہر رحمت رب کیا کہنا — یہ صبح عجم شام عرب کیا کہنا
کیا خوب ہوا آج قرآن السعدین — نو روز کا دن قدر کی شب کیا کہنا

(21)

اے دامنِ دولت و امارت کے پلے — زیبا ہے غریب سے اگر بچ کے چلے
مزدور کی منتشر ہیں آہیں جس میں — جب جائیں کہ اس فضا میں تو سانس نہ لے

(22)

ہر ذرہ کا دعویٰ کہ ہوں بھارت کا شباب — ہر موج ترقی کی ہوائیں بیتاب
اللہ کرے کہ سچ یہ افسانے ہوں — ہے گردنِ راوی پہ عذاب اور ثواب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

بھارت ہے چمن جان چمن ہیں ہم لوگ    کیا قابلِ شرط و ریب وطن ہیں ہم لوگ
آپس میں بھی مول تول ہوتا ہے کہیں    اس دیس کے انمول رتن ہیں ہم لوگ

(24)

دل کوئی نہ اپنی چشم نم سا دیکھا    احساسِ مسرت کو بھی غم سا دیکھا
کچھ جھونپڑیاں جلی ہوئیں کچھ لاشیں    یہ ہم نے تماشائے اہنسا دیکھا

(25)

مزدور کی زحمتوں سے نسبت بھی نہ ہو    محنت کیسی خیالِ محنت بھی نہ ہو
اُن کا حق کیا ہے دولتِ دنیا پر    جن کو کبھی سوچنے کی زحمت بھی نہ ہو

(26)

دنیا میں بزرگی کا نشاں ہے عورت    ہے قابلِ تعظیم جہاں ہے عورت
شاعر سلطان فلسفی پیغمبر    بچے ہیں سب اُس کے اور ماں ہے عورت

(27)

دل تیرا مساوات سے گھرا ہی گیا    غیروں کے اصول کا اثر چھا ہی گیا
اے کانگریس اے ہند کی منظورِ نظر    تجھ کو بھی حکومت کا نشہ آ ہی گیا

(28)

کس جگہ غیرت کے جذبے کھوگئے    سُن رہے ہیں شیر دل یا سوگئے
پتھ کہتے ہیں کہ اس تحریک سے    اہلِ یوپی بدعقیدہ ہوگئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

# رباعیاتِ واعظ

(1)

دل میں بھی نماز جلوہ گر ہے کہ نہیں — روزہ کی حقیقت پہ نظر ہے کہ نہیں
اللہ کے حق کی فکر رکھنے والے — بندوں کے حقوق کی خبر ہے کہ نہیں

(2)

کیا تجھ کو امیرِ مومنیں سے نسبت — پہلے پیدا تو کر کہیں سے نسبت
جو کھائے ہیں عمر بھر وہ ایسا تھا امیر — تجھ کو بھی ہے کچھ نانِ جویں سے نسبت

(3)

تو قیس صفت دل کا قوی ہے کہ نہیں — کیوں پیرو مسلم جری ہے کہ نہیں
دنیا کو پیامِ کربلا دیتا ہے — سچ کہہ مولا کا ایلچی ہے کہ نہیں

(4)

الفاظ میں کربلند ایوانِ عمل — آواز کے لحن میں رہے شانِ عمل
تقریر میں چاہے جتنا آگے بڑھ جا — مجلس میں تو ہوتا نہیں میدانِ عمل

(5)

عالم ہے تو قرآن پہ عامل بھی ہو — خاکِ درِ اہلبیت منزل بھی ہو
اے دوست تری عبا قبا کے نیچے — اللہ کرے درد بھرا دل بھی ہو

(6)

قول اور عمل میں مطلقاً میل نہیں — عقبیٰ کے منڈھے چڑھے یہ وہ بیل نہیں
لغزش ہے قدم میں کیا قدم رکھتے ہو — منبر ہے رسولؐ کا کوئی کھیل نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

(7)

ذی علم خوشامدی بھی دیکھے ہم نے — ملت کے مہنت جی بھی دیکھے ہم نے
دربار کے شاعر تو بہت ہیں لیکن — دربار کے مولوی بھی دیکھے ہم نے

(8)

آدرشِ عمل کے وار کر سامنے آ — دل والوں کے دل شکار کر سامنے آ
واعظ تری تبلیغ سر آنکھوں پہ مگر — چہرہ سے نقاب اُتار کر سامنے آ

(9)

دل میں بنیاد دردِ دل محکم ہو — شبیرؑ کا غم بھی، قوم کا بھی غم ہو
اب ایسے بشر کو ڈھونڈھتی ہیں آنکھیں — انسان زیادہ ہو وہ، عالم ہو

(10)

افلاس سے بے رخی تو دل سے لگاؤ — لانے کو ہے رنگ یہ بگاڑ اور بناؤ
کمزور عقیدتیں سنبھالیں کب تک — یہ گھیر عمامے کا عبا کا پھیلاؤ

(11)

کاندھے پہ عبا فرق پہ عمامہ ہے — دل میں حرص و ہوا کا ہنگامہ ہے
تجھ سے تو ہے اک جاہلِ مطلق اچھا — جبہ علم ترا فریب کا جامہ ہے

(12)

آساں تھا بہت قاریٔ قرآں ہونا — مسجد کی صفوف میں نمایاں ہونا
اک عمر گزر گئی یہ کوشش کرتے — اب تک آیا نہیں مسلماں ہونا

○

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# متفرق رباعیات

(1)

کیوں کر نہ کریں ہم احترامِ غالبؔ
کچھ کم ہے یہ حاصلِ کلامِ غالبؔ
دنیا کے ہر اک ملک ہر اک ملت میں
تبلیغ ہے اردو کی بنامِ غالبؔ

(2)

مدت سے ہیں ہم مدح سرائے غالبؔ
دل میں ہے ہر اہل دل کے جائے غالبؔ
یورپ میں بھی ہے آج ہماری تقلید
پہنچی ہے کہاں کہاں نوائے غالبؔ

(3)

کشمیر میں کیا شام و سحر کی ہم نے
اک آہ کی جس سمت نظر کی ہم نے
کانٹوں میں کسی کی یوں نہ گذری ہوگی
جس درد سے پھولوں میں بسر کی ہم نے

(4)

ہے تیرے عروج میں بھی پستی کشمیر
تکلیف بھی راحت بھی ہے سستی کشمیر
جنگل ترا فردوس ہے بستی دوزخ
اعراف ہے گویا تری مستی کشمیر

(5)

چاندی سونا پگھل رہا ہے تو کیا
محلوں میں چراغ جل رہا ہے تو کیا
اہلِ کشمیر سیر و سراب نہیں
شاہی چشمہ اُبل رہا ہے تو کیا

(6)

افلاس کی طرح کوئی شئے عام نہیں
جنت سہی کشمیر پہ آرام نہیں
آنکھوں میں نشاط ہے زبانوں پہ نشاط
اور دل میں کہیں نشاط کا نام نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

پھولوں کے جگہ جگہ نشیمن دیکھے — کشمیر کے جنگلوں میں گلشن دیکھے

پھوٹی ہوئی انسانوں کی قسمت دیکھی — ٹوٹے ہوئے شاعروں کے مدفن دیکھے

(8)

ٹھہر ٹھہر کہ وہ عالم بلائے دیتی ہے — ترے لبوں پہ نہیں تیرے اختیار کی لے

نشاط میں کہیں سامانِ غم نہ ہوجائے — بدل گئی ترے نغمہ سے آبشار کی لے

(9)

اے عزتِ حور ہم بھی کشمیر میں ہیں — سنتے ہیں حضور ہم بھی کشمیر میں ہیں

جب تم ہی نہیں تو کچھ نگاہوں میں نہیں — کشمیر سے دور ہم بھی کشمیر میں ہیں

(10)

پھولوں کا چمن میں آشیانہ کردے — اللہ حقیقت کو فسانہ کردے

انسان کے ہاتھوں اسے برباد نہ کر — کشمیر کو فردوس روانہ کردے

(11)

کشتی ٹھہراؤ درد ظاہر کرلیں — شکرِ نعمت ادا مسافر کرلیں

ممنون ہیں دعوت نظر کی آنکھیں — کشمیر کو اک سلامِ آخر کرلیں

(12)

ہیں برف کے تودے کہ گھلے جاتے ہیں — پھولوں کو لگے ہیں پَر اڑے جاتے ہیں

فطرت بھی تو کشمیر کی گرویدہ ہے — چشمے ہیں کہ پاؤں پوجتے جاتے ہیں

(13)

غم سب سے بڑا ہے کار سازِ احساس — ہر ایک نہیں واقفِ رازِ احساس

جس نے کبھی دل پہ چوٹ کھائی ہی نہو — کیا جانے وہ لطفِ دل گدازِ احساس

(14)

فطرت کی ہے سب زندہ دلی تیرے لیے — دنیا میں ہے سب شگفتگی تیرے لیے

دن کو کھلتے ہیں پھول تیری خاطر — شب کو رہتی ہے چاندنی تیرے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(15)

پھر صبح نہ ہو وہ شام آئے کوئی     یوں میری طرف مستِ خرام آئے کوئی
جس طرح ستارے سے ستارے کی طرف     لپٹا ہوا نور میں پیام آئے کوئی

(16)

منزل کا سراغ پالیا خوب ہوا     بڑھ کر اگلوں کو جالیا خوب ہوا
قربان ترے لطف و کرم کے یارب     چلتے پھرتے اٹھا لیا خوب ہوا

(17)

بندے ہی سہی آن مگر کیوں ٹوٹے     ان کی ضد تھی یہ کچھ تو منہ سے پھوٹے
بات اُن کی رہی اور نجات اپنی ہوئی     مرنے کی دعا مانگ کے سستے چھوٹے

(18)

ہر وادئ عیش سے گذر لیتا ہوں     بے دورِ شراب جام بھر لیتا ہوں
افلاس بھی وجہ پارسائی نہ ہوا     تخییل میں سو گناہ کر لیتا ہوں

(19)

یوں بھی جیتے ہیں جن کا دل گردہ ہے     اپنے لیے تو زندگی مردہ ہے
دنیا کی نگاہ میں سماؤں کیوں کر     بالیدہ ہے روح جسم افسردہ ہے

(20)

تخییل میں لہر تنگ و دو روز آیا     ہمراہ لیے خوشی کی رَو روز آیا
کرار کی ظاہری خلافت کے طفیل     تقویم کا تاج پہنے نو روز آیا

(21)

یہ عیشِ نظر بہشت ارضی ساقی     موج اثرو مئے گرامی ساقی
دل بھر کے پلا کہ قلبِ پنجاب میں ہوں     ستلج سے گذر گئی ہے کشتی ساقی

(22)

دنیا کو دوائے درد و آلام ملے     جذبہ کو سکون دل کو آرام ملے
کیا بات ہے اس فضائے جالندھر کی     کافر کو جہاں پیامِ اسلام ملے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

اللہ رہے نگہبانِ پنجاب     ہے حد نظر پہ کاروانِ پنجاب
ہاں ہند کے سر پہ تاج رکھو گے تمہیں     شاباش ہے اے زندہ دلانِ پنجاب

(24)

اک عالمِ طور عالمِ غش دیکھا     مسجد کیا ایک حسنِ دلکش دیکھا
دل نے سرمایۂ تجلی پایا     آنکھوں نے مرے خواب مراکش دیکھا

(25)

سانچے میں محبت کے ڈھلا ہے اسلام     غم خانوں میں گھٹنیوں چلا ہے اسلام
حاصل ہے امیروں پہ فضیلت ہم کو     ہم ایسے غریبوں میں پلا ہے اسلام

(26)

دنیا کو ادب سکھانے اسلام آیا     قرآن لیے خدا کے پیغام آیا
ہم نے جو نہ کی قدر اٹھائی ذلت     اگلوں نے جو سمجھا تو انھیں کام آیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com     http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# رباعیاتِ شاعر

(1)

کچھ اور ہے اربابِ نظر کی فہرست     دنیا نے بنا رکھی ہے گھر کی فہرست
دعبل بن جا یہاں فرزدق بن جا     کس نے دیکھی ہے اُن کے در کی فہرست

(2)

دنیائے اَدب میں اِک بھرم رکھتا ہے     مذہب کا اَلم قوم کا غم رکھتا ہے
تو خود بھی نظر آتا ہے کاغذ پہ کہیں     جس وقت کہ ہاتھ سے قلم رکھتا ہے

(3)

قوت سے ترے سخن کی انکار نہیں     مدّاحوں میں ہمسر کوئی زنہار نہیں
اشعار میں ہے درسِ عمل بھی لیکن     اس درس کا مظہر ترا کردار نہیں

(4)

نا اہلوں کی وہ عزیز ہستی شہرت     معیوب سہاروں سے ہُمستی شہرت
اپنائے گا کیوں جوہرِ قابل کوئی     یہ شعرو ادب کا ننگ سستی شہرت

(5)

جب عالم بالا سے خبر آتی ہے     عارف کے دل میں نور بن جاتی ہے
گر ترکِ ادب نہ ہو تو یہ بھی کہدوں     شاعر کی زباں یہ شعر کہلاتی ہے

(6)

افکار کی کھیتیاں ہری ہیں مجھ سے     اسرار نے جھولیاں بھری ہیں مجھ سے
شاہوں کو شکست دی ہے خود داری نے     شاعر ہوں حکومتیں ڈری ہیں مجھ سے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

حیرت ہے اگر پھول ہو خوشبو کے خلاف    شانہ کی روایات ہوں گیسو کے خلاف
دنیا کی ذرا ستم ظریفی دیکھو    اردو ہی میں گفتگو ہے اردو کے خلاف

(8)

الفاظ و معانی کا چمن یاد آیا    اردو کی غزل کا بانکپن یاد آیا
اپنی ہستی کی قدر محسوس ہوئی    جب مشغلہ شعر و سخن یاد آیا

(9)

شاعر ہوں و مرا طرز سخن ہے آزاد    حق گوئی کی دھن میں فکر و فن ہے آزاد
آزادی ہے کیا خوب کہ آپس ہی میں    لڑنے کو ہر اک ننگ وطن ہے آزاد

(10)

لازم ہے کہ ہو ذوق طلب صحت مند    آئین حیات روز و شب صحت مند
حکمت کا تقاضا ہے یہ شاعر کے لیے    کردار صحیح ہو ادب صحت مند

(11)

ہو یا نہ ہو کوئی منتظر آؤں گا    دنیا کے جگانے پہ مصر آؤں گا
جس کا شاعر ہوں اس کو آنا ہے ابھی    میں حجت حق کے ساتھ پھر آؤں گا

(12)

شاعر کیا اپنی شان دکھلاتا ہے    مطرب الفاظ کس سے فرماتا ہے
ہم آپ ہی درد دل کریں گے موزوں    رونا گانا کسے نہیں آتا ہے

(13)

پندار میں اپنے مست و خر سند سہی    غالب کا جگر میر کا دلبند سہی
تخئیل کے ہذیان کو قرآں نہ سمجھ    دنیائے ادب کا تو خداوند سہی

(14)

آسان ہے اللہ سے منکر ہونا    یا معرفت نبی سے قاصر ہونا
اس شان سے اپنی شاعری کا اقرار    جیسے کہ بڑا فخر ہے شاعر ہونا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

شاعر ہوں مذاق رنگ و بو کہتا ہے     خود دار ہوں طرز گفتگو کہتا ہے
اُس وقت میں دیتا ہوں نظر کو زحمت     جب حسن نگاہ رو برو کہتا ہے

(16)

مشہور جہاں میں خوش نگاہی ہے مری     شاعر ہوں حسینؑ کا یہ شاہی ہے مری
کفرو بدعت کے بل نکالے جس نے     اُس کے صدقے میں کجکلاہی ہے مری

(17)

منظور ہے اے حسینؑ کس کی خاطر     تو اور نگاہ ظاہری کی خاطر
اک نظمِ سکون روح شاعر کے لیے     اک گیت رباب زندگی کی خاطر

(18)

میدانِ عمل میں کوئی قاصر سمجھے     غائب کوئی تو کوئی حاضر سمجھے
اب داورِ محشر سے بھی حسن ظن ہے     شاید وہ بھی غریب شاعر سمجھے

(19)

سکھ کی بنسی بجائے جاؤ ساجن     جاتی دنیا ہے گائے جاؤ ساجن
کیسے دن کے رات کا ہے آنا جانا     چوری چوری ہی آئے جاؤ ساجن

(20)

الفاظ کا ہو اثر نہ کیوں کر باطل     اعمال ہیں سب میرے مقرر باطل
تصنیف صحیح اور مصنف ہے غلط     آواز مری حق میں سراسر باطل

(21)

ذہنوں کی بلندی سے اتر جائیں گی     مانند عذاب درد سر جائیں گی
باقی رہ جائے گا مرا عہد سخن     دنیا سے حکومتیں گزر جائیں گی

(22)

شاعر ہے تہہ دل جو زباں رکھتا ہے     بنیادِ حیات جاوداں رکھتا ہے
جذباتِ صحیح پیش کردے اپنے     اتنی ہمت کوئی کہاں رکھتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

کوئل نے بھی حشر اٹھا دیا ہے ہمدم
احساس کو تھرتھرا دیا ہے ہمدم
فریاد کناں ہے کسی شاعر کی یہ روح
دنیا نے جسے بھلا دیا ہے ہمدم

(24)

یہ لحن یہ آواز ترانہ صورت
بکھرے ہوئے بال والہانہ صورت
پیدا نہ کرے گا دلِ شاعر ہرگز
یہ تیرا فریب شاعرانہ صورت

(25)

ہاں خیر سے فرصت ہی من و تو کی نہیں
میں نے تو کسی کی راہ بھی روکی نہیں
دنیا میں ہوں میں ایک ہی شاعر یعنی
اس تنگ ستارہ میں جگہ دو کی نہیں

(26)

وہ کیف وہ آہنگِ خدا ساز کہاں
وہ قلب کی تسکین کا انداز کہاں
تخئیل کی شعر میں لطافت کیسی
الفاظ کہاں روح کی آواز کہاں

(27)

دیوان لیے بغل میں کیا پھرتا ہے
اک ایک کے در پہ کیوں پڑا پھرتا ہے
سلطان سخن ہے تو گدائی کیسی
کیوں داد کی بھیک مانگتا پھرتا ہے

(28)

اِک خاک نشیں ہوں بو ترابی ہوں میں
اُٹھوں تو دلیل کامیابی ہوں میں
شاعر ہوں حسینؑ کا یہ نسبت ہے مری
دُنیا سُن لے کہ انقلابی ہوں میں

(29)

احساس کو قوتِ نمو دیتا ہوں
لفظوں کو مجالِ گفتگو دیتا ہوں
شاعر ہوں مرے دم سے ہے یہ جوشِ حیات
میں قوم بنا کے آبرو دیتا ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# ذاتی رباعیات

(1)

کچھ شعر جو منقبت میں کہلاتا ہے     کس خواب سے اپنے دل کو بہلاتا ہے
موزوں تیرے کردار پہ ہے یہ خطاب     تو شاعرِ اہلِ بیتؑ کہلاتا ہے

(2)

کیوں جامِ شرابِ ارغوانی مانگوں     کیوں میں دو دن کی زندگانی مانگوں
مل جائے کہیں جو میرا بانکا ساقی     میدان کی موت لوں جوانی مانگوں

(3)

خود نفس پہ اپنے ظلم ڈھاؤں نہ کہیں     میں وردِ دعا سے ہاتھ اٹھاؤں نہ کہیں
معبود مجھے دولتِ دنیا سے بچا     مفہومِ حیات بھول جاؤں نہ کہیں

(4)

ڈوبا ہوا ہوں غم میں ابھرنے کے لیے     آئینِ حیات وضع کرنے کے لیے
مرمر کے جی رہا ہوں کتنے دن سے     اک قابلِ رشک موت مرنے کے لیے

(5)

جب زیرِ زمیں سلا کے آئے گا مجھے     دو چار قدم میں بھول جائے گا مجھے
اس دن ترا حافظ ہے خدا ہی اے دوست     جب میرے کسی شعر میں پائے گا مجھے

(6)

شاعر ہوں مجھے ملا ہے شاعر کا نصیب     دوری ہے مسرت سے بہت غم ہے قریب
میرے لیے آرام کہاں دنیا میں     مسجد کا امام ہوں نہ منبر کا خطیب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

آثارِ فنا کو دیکھتا رہتا ہوں ۔۔۔ رفتارِ بقا کو دیکھتا رہتا ہوں
اک دن ہوں قفس توڑ کے اڑنے والا ۔۔۔ دنیا کی ہوا کو دیکھتا رہتا ہوں

(8)

برباد ہوں پر دیارِ آباد کا ہوں ۔۔۔ ممنون طبیعتِ خدا داد کا ہوں
اے تجمل زبانِ میر میری ہے زباں ۔۔۔ بلبل جو میں باغِ اکبر آباد کا ہوں

(9)

ارمان ہوں لیکن نہ نکلنے والا ۔۔۔ دل ہوں نہ کبھی مگر بہلنے والا
ہستی ہے مثالِ شمع میری اے تجمل ۔۔۔ دن کو خاموش شب کو جلنے والا

(10)

کردیں ہمدرد آشیانہ خالی ۔۔۔ غمخواروں سے ہوجائے زمانہ خالی
آنسو تسکین دیتے رہتے ہیں مجھے ۔۔۔ ہوتا نہیں فطرت کا خزانہ خالی

(11)

ہر عیب سے پاک زندگی ہوجائے ۔۔۔ ایثار کی دل میں روشنی ہوجائے
ہوتی ہے خدا دوست بشر کی خواہش ۔۔۔ دشمن سے بھی میری دوستی ہوجائے

(12)

عصیاں ہو کہ ہو ثواب پی لیتا ہوں ۔۔۔ ملتی ہے تو بے حساب پی لیتا ہوں
کھاتا نہیں حق کسی کا بھولے چوکے ۔۔۔ دانستہ مگر شراب پی لیتا ہوں

(13)

آئی ہے خبر جشن کی چلنا ہے مجھے ۔۔۔ یا شاہِ نجف کہہ کے سنبھلنا ہے مجھے
جکڑا ہوا میں ضعف کی زنجیر میں ہوں ۔۔۔ اس قید کو توڑ کر نکلنا ہے مجھے

(14)

سو طرح کے غم میں مبتلا رہتا ہوں ۔۔۔ خود اپنا مزاج پوچھتا رہتا ہوں
چہرے سے کھلے غبارِ خاطر کیوں کر ۔۔۔ خوش وضع لباس میں چھپا رہتا ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

میری خلقت ہے غم اٹھانے کے لیے — احباب کے ظلم بھول جانے کے لیے
دشمن کی تلاش کس لیے ہے اے دوست — موجود ہوں میں فریب کھانے کے لیے

(16)

مجبور نہ محکوم نظر آتا ہوں — رنجور نہ مغموم نظر آتا ہوں
پلّے پہ ہو دنیا تو بڑا ظالم ہوں — تنہا ہوں تو مظلوم نظر آتا ہوں

(17)

پہلو نہ بدل مجھے ڈبونے کے لیے — ہر روز نئی فضا میں کھونے کے لیے
اے نفس ٹھہر کہ خاکساری تیری — دھوکہ تو نہیں بلند ہونے کے لیے

(18)

آنکھوں کی زباں سے بولتا رہتا ہوں — خاموش نظر میں تولتا رہتا ہوں
کچھ لے کے گزر رہا ہے یا دے کے مجھے — ہر لحہ کا دل ٹٹولتا رہتا ہوں

(19)

ہے رفعتِ نفس دردمندی میری — پندار نہ جانِ خود پسندی میری
کیوں سطحِ محبت پہ نہ آئی دنیا — پستی کا قصور ہے بلندی میری

(20)

غم کا چہرہ خوشی کا غازہ ہوں میں — تقدیر کا اک شکار تازہ ہوں میں
اس شان اس اہتمام ظاہر پہ نہ جا — پھولوں میں چھپا ہوا جنازہ ہوں میں

(21)

سب جھومتے ہیں سخن کی تاثیر یہ ہے — شاعر ہوں علی کے در کا تقدیر یہ ہے
یہ میرے گلے میں ہار پھولوں کا نہیں — میں اک سگِ آستاں ہوں زنجیر یہ ہے

(22)

احساں ہو کسی کا کیوں گوارا مجھ کو — اب دے نہ سکے گا کوئی دھوکا مجھ کو
برہم سی نظر آتی ہے دنیا مجھ سے — اچھا ہے بری نظر سے دیکھا مجھ کو

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

کثرت کہیں پائی کہیں قلت پائی  
کیا چیز یہاں حسبِ ضرورت پائی  
اک سانس کا کھیل ہے بس اب دنیا میں  
دم بھر میں خدا چاہے تو فرصت پائی

(24)

بیگانۂ غم ہو کس کا دل گردہ ہے  
بے نعمتِ درد زندگی مردہ ہے  
دنیا کی نگاہ میں سماؤں کیوں کر  
بالیدہ ہے روح جسم افسردہ ہے

(25)

مصروفِ غمِ در بدری ہیں اے دوست  
باندھے ہوئے رختِ سفری ہیں اے دوست  
بجھتی ہوئی شمعیں تو بہت دیکھ چکے  
اب ہم بھی چراغِ سحری ہیں اے دوست

(26)

ہنگامۂ ہستی میں سمو جاؤں گا  
اک دن اسی شور و غل میں سو جاؤں گا  
میں جس نے بتائیں سینکڑوں کو راہیں  
بچوں کی طرح بھیڑ میں کھو جاؤں گا

(27)

کہتا ہے تو ہر ہوس نام نہ کہہ  
ہر شعر کو اللہ کا پیغام نہ کہہ  
جو کچھ ہے ترے دماغِ فاسد کا نچوڑ  
او مستِ غرور اس کو الہام نہ کہہ

(28)

بزمِ مدحت میں دیکھیں بھالیں گے مجھے  
خود اٹھ کے وہ پاس اپنے بٹھالیں گے مجھے  
مئے پی کے ولا کی لڑکھڑاؤں گا اگر  
موجود ہیں جبریل سنبھالیں گے مجھے

(29)

میں اک حقیر شاعرِ بزمِ غدیر ہوں  
کشکول در بغل ہوں حضورِ امیر ہوں  
اے دوست ایسی ویسی فقیری نہیں مری  
سب سے بڑے امیر کے در کا فقیر ہوں

(30)

پینا دیکھو مرا پلانا دیکھو  
لغزش کا یہاں نہیں ٹھکانہ دیکھو  
چودہ سو برس ہیں اور چودہ معصوم  
دیکھو مرا معصوم زمانہ دیکھو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(31)

جائز نہ کبھی کبر و ریا کو سمجھا
برحق نہ کسی اہلِ خطا کو سمجھا
انسان کو انساں کے سوا کیا سمجھوں
جب غیر خدا نہ میں خدا کو سمجھا

(32)

عصیاں کے حدود میں نکل جاتا ہوں
اپنی ہستی سے چال چل جاتا ہوں
فطرت مری نہیں بدلتی مجھ سے
فطرت سے کبھی میں خود بدل جاتا ہوں

(33)

اے خالقِ حسن دل سنبھلنے کا نہیں
تحقیق کے پھندے سے نکلنے کا نہیں
مٹی کی حقیقت کو نمایاں کر دے
مٹی کے کھلونوں سے بہلنے کا نہیں

(34)

اقرار گناہ سے کبھی عار نہیں
ہوں مستِ شراب مست پندار نہیں
زاہد کی نجات میں ذرا شک ہے مجھے
بندہ ہے خدا کا اور گناہگار نہیں

(35)

ہونے کو ہے کیا عذاب حاصل کے سوا
تعبیر غلط پردۂ حائل کے سوا
مجھ پر تو عذاب آخرت آج بھی ہے
کچھ اور نہیں دوری منزل کے سوا

(36)

یہ ولولۂ مزاج عالی کیا ہے
یہ سلسلہ غلط خیالی کیا ہے
کس وہم میں ہیں مجھے منانے والے
مجھ میں اب چیز مٹنے والی کیا ہے

(37)

سمٹی ہوئی کائنات ہستی دیکھی
سیال نگاہوں میں تسلی دیکھی
بڑھتے بڑھتے نظر نظر میں ڈوبی
اس کی آنکھوں میں روح اپنی دیکھی

(38)

تیرا بندہ ہوں کج کلاہی کی قسم
گن گاتا ہوں تیرے داد خواہی کی قسم
سکہ میرا ہے اور خطبہ تیرا
اقلیم سخن کی بادشاہی کی قسم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(39)

الفاظ کے پیکر میں سمایا ہی نہیں
پانی انسان کے لب تک آیا ہی نہیں
کیوں سوز بنا ہے مرے ساز دل میں
نغمہ جو کسی زباں نے گایا ہی نہیں

(40)

اے داورِ کائنات و دارائے جہاں
اک لطف نظر ادھر بھی آقائے جہاں
امید پہ میں دل کو بچا لیتا ہوں
جب رات سمیٹتی ہے اجزائے جہاں

(41)

آسایشِ تن میں نہیں حصہ میرا
ناکام ہے دل دماغ رسوا میرا
اب روح کہیں اُس کا نہ کردے انکار
اللہ سے باقی ہے جو رشتہ میرا

(42)

پرشوق نگاہوں کو بدل بھی ڈالا
دنیا تری آرزو کو مل بھی ڈالا
ہر بار نیا وجود دینا ہی پڑا
تخئیل میں سو بار کچل بھی ڈالا

(43)

ہاں میر صفت مزاج والا ہوں میں
کل کے غالبؔ تھے آج والا ہوں میں
اردو مرے دیس کی زباں ہے پیارے
معلوم ہے ارض تاج والا ہوں میں

(44)

تمہید نشاط جاودانی لے جا
ناکام روحِ کامرانی لے جا
آخر کو اُتر گیا جوانی کا نشہ
لے مجھ سے مرے دل کی جوانی لے جا

(45)

جلوہ کی لطافت میں سمو جاتا ہوں
سر تا بقدم سکون ہوجاتا ہوں
اے کیف تمام اے نشاط کامل
میں تجھ سے نظر ملا کے سو جاتا ہوں

(46)

دنیا تیرے ستم کی ہستی کیا ہے
دو لفظ ہیں بیش وکم کی ہستی کیا ہے
میں چھیڑ رہا ہوں اپنے احساس کو خود
میں خالقِ غم ہوں غم کی ہستی کیا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(47)

دل کو دلّی نہ لکھنؤ نے مارا　　اپنے ہی چمن کے رنگ و بو نے مارا
ہر لفظ میں ہے میرؔ کے اشعار کا درد　　کس کے اندازِ گفتگو نے مارا

(48)

دنیا تیری ہزار پہلو بدلے　　بدلی ہے کبھی اور نہ مری خو بدلے
تیرا ہی دیا ہوا ہے احساسِ خودی　　میں تجھ سے بدل جاؤں اگر تو بدلے

(49)

دیکھا دنیا کو اور ڈٹ کر دیکھا　　جاتے جاتے پلٹ پلٹ کر دیکھا
مفہوم نہ سمجھا دل دیوانہ مزاج　　نزدیک پہنچ کے دور ہٹ کر دیکھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فارسی رباعیات

(1)

لطف و کرم خاص کہ ساقی بخود   دارد نہ یکی مثال در غیب و شہود
از مدحِ نبیؐ و آل باہوش شدیم   ایں طرفہ شراب است ز مینائے وجود

(2)

در قصر نشیند کہ سرِ رہگذرے   دل نیست چودلدار شود بے خبرے
تعبیر بجا کنند از خواب و خیال   آن عشق بنا شد کہ ندارد اثرے

(3)

ازحد بگذشت خود نمائی تو کجاست   در پنجۂ ظلم است خدائی تو کجاست
انساں شدہ مغرور مثالِ فرعون   اے مالکِ مُلکِ کبریائی تو کجاست

(4)

دارد چہ عجب بہار ایں منزلِ ما   صد شکر اگر قرار گیرد دلِ ما
باشد کہ بارضِ کربلا جذب شود   از شہرِ مدینہ است آب و گلِ ما

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب ششم

# قطعات

(498)عدد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فہرست



| شمار | عنوانات | تعداد | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| -1 | حمدیہ قطعہ | (1)عدد | 658 |
| -2 | نعتیہ قطعات | (3) عدد | 659 |
| -3 | منقبتی قطعات | (103)عدد | 660 |
| -4 | اخلاقی قطعات | (25)عدد | 674 |
| -5 | قومی قطعات | (71)عدد | 678 |
| -6 | قطعات واعظ | (11)عدد | 688 |
| -7 | ذاتی قطعات | (33)عدد | 690 |
| -8 | قرآنی قطعات | (3)عدد | 695 |
| -9 | عزائی قطعات | (7)عدد | 696 |
| -10 | فکری قطعات | (26)عدد | 698 |
| -11 | قطعات شاعر | (8)عدد | 702 |
| -12 | ولائی قطعات | (12)عدد | 704 |
| -13 | سماجی قطعات | (146)عدد | 706 |
| -14 | غدیری قطعات | (7)عدد | 725 |
| -15 | تصوفی قطعات | (2)عدد | 726 |
| -16 | فارسی قطعات | (2)عدد | 727 |
| -17 | متفرق قطعات | (40)عدد | 728 |
| | کل قطعات | 498عدد | |



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# حمدیہ قطعہ

(1)

آنکھیں ہیں محوِ خواب ستارے بلند ہیں
ہے کُل جہاں پہ رات کا پردہ پڑا ہوا
میں تیرے سامنے ہوں کرم کا امیدوار
شاہوں کے در ہیں بند ترا در کھلا ہوا

# نعتیہ قطعات

(1)

یا مصطفیٰؐ نظامِ تن و جاں بنا دیا
تخلیقِ کائنات کا عنواں بنا دیا
صورت گرِ ازل نے ترے اعتبار پر
اک مشتِ خاک تھی جسے انساں بنا دیا

(2)

محبت میں محبت کے تقاضے رنگ لاتے ہیں
ہم ان کو یاد کیا کرتے نبیؐ خود یاد آتے ہیں
ہماری سمت جب اٹھتی ہے تنقیدی نظر کوئی
ہم اپنا عیب ان کا تذکرہ کر کے چھپاتے ہیں

(3)

دنیا میں ہے آوازہ قرآں کی فصاحت کا
انساں کوئی کیا سمجھے انداز مشیت کا
موضوع یہ نازک ہے میں کیسے زباں کھولوں
معراج سنادے گی لہجہ اب قدرت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبتی رباعیات

(1)

درِ دولت وہ پیمبرؐ کا ہو یا خانۂ حق — غیر کا دخل ہو یہ اس کو گوارا نہ ہوا
اور بیٹی بھی کوئی سرورِؐ عالم کی نہ تھی — اسی باعث کوئی پھر کعبہ میں پیدا نہ ہوا

(2)

اذن کے طالب ہیں اس کے در پہ آ کر عرش سے — کس قدر ہمت طلب جبریلؑ کا ہر گام ہے
دوپہر کی دھوپ میں ہے میرے جذبہ کا یہ رنگ — مدح کرتا ہوں تو کہتا ہوں سہانی شام ہے

(3)

ولادت کی مسرت سے فضا مخمور ہے ساقی — تری محفل کا ہر ذرہ چراغِ طور ہے ساقی
میں اک ذرہ سے بھی کم ہوں مگر تیری عنایت سے — مرے چہرہ پہ بھی کچھ میکشی کا نور ہے ساقی

(4)

علیؑ کو حق ملا کونین کی فرمانروائی کا — حکومت کی مگر پہلو بچا کر کبریائی کا
وہ بندہ ہے دکھا دو علم و دولت کے غلاموں کو — خدا کہلا کے بھی دعویٰ نہیں کرتا خدائی کا

(5)

تولا کی ہوا کیسی سرور انگیز ہے ساقی — جواہر خیز و گوہر ریز و گوہر بیز ہے ساقی
مجھے ڈر ہے کہ تاآئی نہ اس مصرع پہ کہہ اُٹھے — بہت پی لی ہے اس نے آج نشہ تیز ہے ساقی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

مدحِ علیؑ میں درد کی صورت گری ملی
دنیا کو جو نصیب نہیں وہ خوشی ملی
مولاؑ کا نام جب کبھی آیا زبان پر
ہر بار مجھ کو ایک نئی زندگی ملی

(7)

خلوصِ مدح سے یہ حاصل فکر و نظر لوں گا
یہاں راحت سے گذرے گی وہاں جنت میں گھر لوں گا
میں ہوں اس فاتحِ اعظم کا بندہ کیا سمجھتے ہو
علیؑ کا نام لے کر دونوں عالم فتح کر لوں گا

(8)

لگائے پھرتے ہیں قرآن کو جو سینوں سے
وہ کاش حرفِ مودّت کے نکتہ داں ہوتے
خدا سے رابطہ نہ ہوتا بغیر حُبِّ علیؑ
اگر ہزار بھی قرآن درمیان ہوتے

(9)

خدا ہوتے تو پھر انسانیت کو فخر ہی کیا تھا
بڑی تسکین دل ہوتی ہے شاہِ لافتا کہہ کر
خدا کا شکر ہے انسانِ کامل ہی علیؑ ٹھہرے
نصیری نے مزا ہی کھو دیا تھا سب خدا کہہ کر

(10)

خدا کے ہاتھ سے تخریب بھی تعمیر ہوتی ہے
چمن سے نکہتِ گل چاک کر کے پیرہن نکلی
یہ سنتے ہیں شگاف اک پڑ گیا دیوارِ کعبہ میں
اسی رخنہ سے مستقبل کے سورج کی کرن نکلی

(11)

ہر وقت یا علیؑ کا نغمہ زبان پر ہے
توفیق کیا ہے میری دنیا کو کیا خبر ہے
اک اک نفس میں قرآں میں ختم کر رہا ہوں
مولاؑ کا نامِ نامی قرآن مختصر ہے

(12)

ذاتِ والائے علیؑ ہے حُسن جس کا نام ہے
عشق اُس کی ذات سے ایمان ہے اسلام ہے
نیک و بد سب جانتے ہیں وہ ہیں آقا ہم غلام
بیچ میں اب کاتبِ اعمال کا کیا کام ہے

(13)

بنائے کعبہ پڑی اہتمام کی خاطر
ولادتِ شہِؑ عالی مقام کی خاطر
یہ احترام یہ خاطر خدا کو تھی منظور
پیمبروں نے بنایا امام کی خاطر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

(14)

گرے اصنام پیشانی کے بل حیدرؑ کی آمد سے — ہوا رخصت خدائی دورِ وہ دور عبوری تھا
بہت سجدے لیے تھے آدمی سے جاہلیت میں — بتوں سے بھی تو اک سجدہ کرا لینا ضروری تھا

(15)

ترے میلاد کی محفل میں نوشا نوش ہے ساقی — قیامت کا تلاطم ہے غضب کا جوش ہے ساقی
خدا وہ کہہ رہا ہے تجھ کو میں خاموش سنتا ہوں — نصیری ہوش کھو بیٹھا مجھے کچھ ہوش ہے ساقی

(16)

خدارا آج جی بھر کر پلا نو روز ہے ساقی — بلا نوشوں کی ہو حق پر نہ جا نو روز ہے ساقی
کوئی دشمن نہیں بیٹھا ہوا اک دوست ہے اپنا — نصیری کی بھی خاطر کر ذرا نو روز ہے ساقی

(17)

جب غیروں کا تھا قبضہ وہ وقت گیا ساقی — میخانے میں اب ہر سو اک شور ہے یا ساقی
ہے صبح ازل یہ دن رندوں کی شریعت میں — ہر روز پرانا ہے نو روز نیا ساقی

(18)

بہت ہلکی سی اس وقت مے نوشوں کو دے ساقی — مسلماں کو بہر صورت عقیدت اس سے ہے ساقی
پھڑک جاتا ہوں میں داد و دہش کی کارسازی پر — جب اس منزل میں کافر بولتے ہیں تیری جے ساقی

(19)

یہ کیا علاج دلِ بیقرار کرتے ہیں — وہ کون ہیں جو فضائل شمار کرتے ہیں
علیؑ کے ذکر پہ ہو یا خدا کی قدرت پر — ہم ایک سجدۂ بے اختیار کرتے ہیں

(20)

اگرچہ ذرّہ ذرّہ ہے علیؑ کا جاننے والا — ہر اک اہلِ بصیرت ہے جلالت ماننے والا
ازل سے تا ابد اتنی بڑی دنیا کی محفل میں — پیمبرؐ کے سوا کوئی نہیں پہچاننے والا

(21)

کونین جھومتے ہیں مسرت کے جوش میں — کس درجہ اہتمام سے شادی کسی کی ہے
میں کہہ رہا تھا یہ کہ صدا آئی غیب سے — بیٹا خدا کے گھر کا ہے بیٹی نبیؐ کی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(22)

آخری نفس تک بھی اس کا ہی سہارا ہے ۔۔۔ جس نے دردِ دل دے کر نفس کو سنوارا ہے
موت سے گذرنا کیا زندگی گذار آئے ۔۔۔ زندگی تلاطم تھی موت اِک اشارا ہے

(23)

تیرا اک اک لفظ ہے عینِ شریعت یا علیؑ ۔۔۔ ہے ترا اک اک نفس روحِ طریقت یا علیؑ
با عمل عالم ہوں یا ہو صوفیٔ درد آزما ۔۔۔ تجھ سے دونوں خانوادوں کو ہے بیعت یا علیؑ

(24)

مربوط نبوت سے امامت ہے بلا فصل ۔۔۔ پیکر سے یو نہیں روح کو قربت ہے بلا فصل
اس طرح بلا فصل خلافت ہے علیؑ کی ۔۔۔ جس شان سے کُن اور مشیت ہے بلا فصل

(25)

خدا صفات و پیمبر نظیر ہو نہ گیا ۔۔۔ کوئی علیؑ کے سوا دستگیر ہو نہ گیا
نبیؐ کے بعد بہت سے امیر بن بیٹھے ۔۔۔ کوئی امیر جناب امیرؑ ہو نہ گیا

(26)

عشق نے سر رکھ دیا قدموں پہ منزل دیکھ کر ۔۔۔ حُسن نے دل دیدیا انسانِ کامل دیکھ کر
یا علیؑ تھے یا محمدؐ چودھویں معصوم تک ۔۔۔ امرِ خالق تھم گیا تحصیل حاصل دیکھ کر

(27)

دونوں عالم محوِ حیرت تھے یہ منزل دیکھ کر ۔۔۔ ایک ہی انداز کا ہر صدر محفل دیکھ کر
یا علیؑ تھے یا نبیؐ تھے، چودھویں معصوم تک ۔۔۔ امرِ خالق تھم گیا تحصیل حاصل دیکھ کر

(28)

سِرِّ خفی کا چلّہ نصِّ جلی کا چلّہ ۔۔۔ اُترا ہے عرشِ حق سے حق کے ولی کا چلّہ
مولائی جمع ہیں سب حج ہو رہا ہے شاید ۔۔۔ کعبہ بنا ہوا ہے مولا علیؑ کا چلّہ

(29)

ایسی کے نصیب ہے نسبت کسی کے ساتھ ۔۔۔ جچتا نہیں کسی بھی نبی و ولی کے ساتھ
مولاؑ کو نامِ پاک سے ہے ربط اس قدر ۔۔۔ جیسے یہ لفظ خلق ہوا ہے علیؑ کے ساتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(30)

نمودِ دائرہ ماسوا کسی نے کہا — بنائے خلقتِ ارض و سما کسی نے کہا
نصیریوں پہ ہے الزام کیا خدا کے لیے — کسی نے نفسِ خدا اور خدا کسی نے کہا

(31)

ربط مستحکم ہے اللہ و نبیؐ کے نام سے — واسطہ ایسا نہیں ہوتا کسی کے نام سے
کچھ بھی ہو لیکن مجھے اک بات کہنی ہے ضرور — حل ہوئی ہے میری ہر مشکل علیؑ کے نام سے

(32)

بیٹے کی جگہ ملا علیؑ سا بھائی — بیٹی کی ضرورت تھی پیمبر کے لیے
خالق کی مشیت میں یہ گذرا ہوگا — سر چاہیے تطہیر کی چادر کے لیے

(33)

امینِ وحی طلب گارِ اذن ہوتے ہیں — یہ عزّو شان ہے زہراؑ کے آستانے کی
ہوا حسینؑ سے بیعت طلب یزیدِ لعیں — کبھی بدلتی ہے یوں بھی ہوا زمانے کی
وجودِ حضرت حجتؑ سے اس کو ہے انکار — جسے غرض ہو مودّت سے ہاتھ اٹھانے کی

(34)

اس سے بنیادِ مجالس کا ہوا استحکام — غمِ شبیرؑ کی تبلیغ میں کی عمر تمام
صنفِ نسواں میں نہ ہوتے ہیں پیمبرؐ نہ امام — ورنہ کچھ دور نہ تھا اس سے امامت کا مقام

(35)

زینبؑ و کلثومؑ اور حسنینؑ سے لختِ جگر — خانۂ پُرنور میں اسلام ہی اسلام ہے
کم نہیں از روئے فطرت باپ کا غم بھی مگر — اس سے بڑھ کر دل میں دردِ ملتِ اسلام ہے
نجم جس کے مدح گستر ہوں خدا اور مصطفیؐ — اُس کی مدحت میں زباں کھلنا بھی مشکل کام ہے

(36)

پیکرِ معصومیت اسلام کا دل فاطمہؑ — کائنات آدم و عالم کا حاصل فاطمہؑ
خود رسول اللہ بھی تشریف فرما تھے مگر — منزلِ تطہیر میں تھی صدرِ محفل فاطمہؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(37)

کیا جلالت کا شرف فاطمہؑ زہراؑ کو ملا | غنچۂ کون و مکاں اس کے تصدق میں کھلا
مدح میں خوف سے تھراتی ہے فکرِ شاعر | نام لینے سے لرزتا ہے دل اہل ولا

(38)

فاطمہؑ اسلام کی پیغمبری کا نام ہے | صفِ نسواں میں وہی پیغمبرِ اسلام ہے
ایسی بیٹی ہے کہ خود تعظیم کرتے ہیں رسولؐ | کوئی کہہ سکتا ہے دنیا میں یہ مسلک عام ہے

(39)

فاطمہؑ کا دردِ دل ہے زندگی اسلام کی | جو نہ سمجھے اُس کا معیارِ عقیدت خام ہے
پوچھنا ہے کوئی گوشہ مدحِ اہل بیت کا | مجھ کو جبریلِ امیں سے اک ذرا سا کام ہے
دیدنی قولِ نبیؐ میں ہے مقام اس لفظ کا | ہم مودّت کہتے ہیں لفظ محبت عام ہے

(40)

ہے اُس کے در پہ کہاں عام خادموں کی جگہ | جہاں بلال ہے سلمان ہے ابوذر ہے
مباہلہ کی فضا بھی ہے دیدنی اے دوست | اس ایک لفظ میں اس کی ثنا کا دفتر ہے
شریک وہ بھی ہے ملت کی رہ نمائی میں | محلِ فخریہ اسلام کا مقدر ہے
خدا کے اذن سے حاضر ہوئے ہیں روح امیں | قیام پھر بھی پئے اذن اس کے در پر ہے

(41)

کوئی کہہ دے یہاں اس کے فضائل کا نتیجہ ہے | غلط ثابت کروں گا میں اُسے یہ میرا ذمّہ ہے
کتاب اللہ سے اُس کا تقابل کیا کرے کوئی | وہ ہے اُم الکتاب اور فاطمہؑ اُم الائمہ ہے

(42)

فاطمہ کے لاڈلوں کا یہ لڑکپن دیکھنا | پیٹھ پر آ بیٹھے سجدہ میں جو پیغمبرؐ گئے
اللہ اللہ کس قدر دنیا پڑا سجدے کو طول | کھیل بھی ان کے عبادت میں اضافہ کر گئے

(43)

کتابوں میں ہو مدحت یا زمانہ کی زباں پر ہو | خدا شاہد فضائل کا یہ اُس کے ایک شمّہ ہے
کتابِ اللہ سے اس کا تقابل کیا کرے کوئی | وہ ہے اُم الکتاب اور فاطمہؑ ام الائمہ ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(44)

یہ عروسی اور یہ شادی تھا خدا کا انتخاب　　فاطمہؑ بنتِ نبیؐ مولودِ کعبہ بوتراب
ذرّہ ذرّہ، پتہ پتہ، غنچہ غنچہ، پھول پھول　　کہہ رہے تھے آفتاب آمد دلیلِ آفتاب

(45)

نبیؐ کے بعد عجب دورِ انقلاب ہوا　　ہر ایک امر حقیقت خیال و خواب ہوا
سب انتخابِ خلافت میں اُن کو بھول گئے　　مباہلہ کے لیے جن کا انتخاب ہوا

(46)

تولا شعورِ دوامِ حسنؑ ہے　　یہ ہر اہلِ دل کا نظامِ حسنؑ ہے
مری جنگ یا صلح جو کچھ ہے جس سے　　بنامِ حسینؑ اور بنامِ حسنؑ ہے

(47)

حسینؑ عالمِ انسانیت کے مایۂ ناز　　شعورِ فکر میں ہے قوم کی حیات کا راز
کبھی تو سمجھیں گے مفہومِ مجلس و ماتم　　شہیدِ کرب و بلا تیرے غم کی عمر دراز

(48)

ولولۂ حیات میں روحِ رواں حسینؑ ہیں　　ذرہ کی کائنات میں جانِ جہاں حسینؑ ہیں
فکرونظر کی شب میں ہے ان کے ہی دم سے چاندنی　　عزم و عمل کی صبح پر نورِ فشاں حسینؑ ہیں

(49)

نیزۂ جانستاں پہ بھی درسِ کلامِ حق دیا　　مصحفِ کردگار کا حُسنِ بیاں حسینؑ ہے
عرش سے بھی بلند تھی اس کی صلواۃ زیرِ تیغ　　شورِ صلواۃ ہے حسینؑ زورِ اذاں حسینؑ ہے
اب بھی علم بدوش ہے قوتِ بازوے حسینؑ　　راہِ خدا کا آج بھی نام و نشاں حسینؑ ہے
نورِ نظر علیؑ کا ہے لختِ جگر بتولؑ کا　　جانِ و دلِ رسولؐ کا راحتِ جاں حسینؑ ہے

(50)

حسینؑ ابنِ علیؑ اے نورِ وحدت روحِ یکتائی　　ترے اطوار میں روحِ ازل کی کار فرمائی
ترے دم سے غریبوں کی زباں پر حرفِ حق آیا　　تیرے تیور سے مظلوموں کے دعوے میں توانائی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(51)

وہ سبطِ نبیؑ حق کا ولی ہے اسلام
وہ مرکزِ آیاتِ جلی ہے اسلام
اسلام کو پوچھے جو زمانہ اے دوست
کہہ دے کہ حسینؑ ابنِ علیؑ ہے اسلام

(52)

درِ نجف پہ سناتا ہوں نغمۂ ارنی
مجھے بھی حسرتِ آوازِ لن ترانی ہے
یہ کربلائے وفا جس میں سو رہے ہیں حسینؑ
یہی زمین محبت کی راج دھانی ہے

(53)

اہلِ دل گوارہے تھے اپنی اپنی قوم کے
وہ شہیدانِ وفا جن سے ہے قومی زیب و زین
یک بیک محفل میں سناٹا سا طاری ہوگیا
اک لبِ خاموش سے آواز آئی "یا حسینؑ"

(54)

فہم انسانی سے بالا تر ہے معیارِ حسینؑ
خالقِ عزت سے پوچھو عزتِ کارِ حسینؑ
کردگارِ حسن کی ناز آفرینی دیکھنا
دو امامؑ اور اک نبیؐ ہے ناز بردارِ حسینؑ

(55)

سر بسر شانِ خدا ہے ذاتِ والائے حسینؑ
سیکڑوں ہیں طاقتیں زیرِ کفِ پائے حسینؑ
ساری دنیا ہوگئی شخصی حکومت کے خلاف
پھر کہاں اُس کا ٹھکانہ جس کو ٹھکرائے حسینؑ

(56)

اک طرف بابِ نجف، اک سمت دربارِ حسینؑ
یہ ہے سرکارِ علیؑ اور وہ ہے سرکارِ حسینؑ
دامِ آزادی میں دنیا مجھ کو لا سکتی نہیں
میں گرفتارِ علیؑ ہوں میں گرفتارِ حسینؑ

(57)

تیری منزل کیا سمجھ سکتی ہے دنیا اے حسینؑ
ہے تو ہی ابناءنا میں جلوہ فرما اے حسینؑ
پاؤں پھیلائے علیؑ و فاطمہؑ کی گود میں
تو رسولؐ اللہ کی زلفوں سے کھیلا اے حسینؑ

(58)

تیغ کے پانی سے کھیتی ظلم کی پھک جائے گی
نبضِ بدعت چلتے چلتے خوف سے رُک جائے گی
کفر کو تو سرنگوں ہونا ہی ہے پیشِ حسینؑ
گردنِ اسلام بھی احسان سے جھک جائے گی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(59)

بڑھ چلوں گا کچھ خس و خاشاک ہو جانے کے بعد
گرمیِ سوزِ ولا سے چاک ہو جانے کے بعد
اب نجف کے کارواں کی گرد بنتا ہے مجھے
اک نئی خدمت ملے گی خاک ہو جانے کے بعد

(60)

ساکنِ دیر اک بشر پوچھ رہا تھا کل یہ بات
کون ہے جس کی ذات سے کعبہ کی زیب و زین ہے
کرتے رہے کچھ اہلِ علم دل کے ورق الٹ پلٹ
میری زباں پہ نام تھا میں نے کہا حسینؑ ہے

(61)

انسانیت کو مطلعِ انوار کردیا
ہر قوم کو حسینؑ نے بیدار کردیا
اشکوں کی نذر لاتے ہیں اپنے بھی غیر بھی
کس کس کو اے حسینؑ عزا دار کردیا

(62)

رہبری کرتے ہوئے برچھیوں پر سر دیکھے
پھر زمانہ میں نہ اس شان کے رہبر دیکھے
قاتل آتے ہوئے ڈرتے تھے قریبِ شبیرؑ
کس نے ایسے کسی مظلوم کے تیور دیکھے

(63)

تیرا نفسِ مطمئن قرآن کا دل ہے حسینؑ
مقصدِ خلقت ترے سجدہ کا حاصل ہے حسینؑ
کیا عجب ہے آخری اک ترا سجدہ دیکھ کر
کوئی کہہ اٹھتا کہ تو سجدہ کے قابل ہے حسینؑ

(64)

خدا کے ڈھونڈھنے والے تجھے خدا نہ ملا
مجھے حسینؑ سا انسان دوسرا نہ ملا
کچھ ان کے عشق میں مل جائے تو عجب کیا ہے
صلہ عبادتِ موہوم کا ملا نہ ملا

(65)

دل ہے پہلو میں تو سمجھو عزت کارِ حسینؑ
ہر فضا میں روشنی دیتے ہیں انوارِ حسینؑ
اس کے بندوں میں مسلمانانِ عالم ہی نہیں
غیر مسلم بھی ہزاروں ہیں پرستارِ حسینؑ

(66)

غمِ حسینؑ نے بخشا دلوں کو سوز و گداز
درِ حسینؑ سے کیا کیا نہیں ملے اعزاز
تمام اہلِ تصوف ہیں اس کے حلقہ بگوش
کوئی غریب نواز ان میں ہو کہ بندہ نواز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(67)

یہ اہتمام تھا کس مردِ حق نما کے لیے — خدا کے بندے ذرا غور کر خدا کے لیے
حسینؑ کو جو ملے حق سے باپ ماں بھائی — نہ مرتضٰی کے لیے تھے نہ مصطفٰی کے لیے

(68)

اُسوۂ شبیرؑ نے باطل کو حیراں کردیا — چہرۂ اسلام کو مہرِ درخشاں کردیا
حق کہو آلِ پیمبرؐ کا کہ دینِ حق کہو — جس کو دنیا نے چھپایا تھا نمایاں کردیا

(69)

ذکرِ حسینؑ سے یہ قرار و قیام ہے — اسلام کے پیام کی تبلیغ عام ہے
بیجا نہیں ہے دینِ حسینیؑ کہیں اگر — کلمہ حسینؑ کا ہے محمدؐ کا نام ہے

(70)

وہ اہلِ دل نہ کیوں کر نازشِ علم و عمل ٹھہرے — فدا انسانیت کے جان و دل اس حق پرستی پر
میسر اب کہاں دنیا کو ایسا مصلحِ اعظم — تہِ خنجر گلا ہو انگلیاں ہوں نبضِ ہستی پر

(71)

شہیدِ ظلم کلیجے ہلا دیئے تو نے — حسینؑ درد کے دریا بہا دیئے تو نے
ہر اک ذرہ بے حس میں اک تڑپ بھر دی — دماغ وضع کے دل بنا دیئے تو نے

(72)

اللہ اللہ یہ سعادت یہ شرف یہ امتیاز — چار اماموں کی ولادت سے رجب ہے سرفراز
شکر کے سجدے میں خم ہے اوجِ گردوں پر ہلال — آؤ اس کے ساتھ ہی پڑھ لیں مودّت کی نماز

(73)

یارب وہ آستانِ جلالت نصیب ہو — لوحِ جبیں کو پھر وہی قربت نصیب ہو
اچھا ہے ایک زاہدِ شب زندہ دار سے — وہ جس کو خواب میں بھی زیارت نصیب ہو

(74)

اگر حسینؑ نہ تخلیق کربلا کرتے — یہ حوصلے یہ عزائم یہ دل کہاں ہوتے
خدا سے ربط نہ ہوتا بغیرِ ذکرِ حسینؑ — اگر ہزار بھی قرآن درمیاں ہوتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(75)

کوئی کچھ بھی کہہ کے اپنے دل کو سمجھائے حسینؑ — اے علیؑ و فاطمہؑ کی گود کے پالے حسینؑ
جس کا ماتم نام رکھ چھوڑا ہے یہ ماتم نہیں — تیرا ڈنکا بج رہا ہے کربلا والے حسینؑ

(76)

تحقیق اہلِ علم میں ہے عرش بارگاہ — تخئیل اہلِ فکر میں انسانیت پناہ
تیرے مقام تک کوئی پہنچا نہ اے حسینؑ — واللہ یہ مفکر و عالم ہیں گردِ راہ

(77)

سر اہلِ دل کا جھکتا ہے اسی جانب جدھر حق ہے — امامِ موسیٰ کاظم کا ہر انسان پر حق ہے
خدا کا شکر ہے شامل ہیں ہم جس کے غلاموں میں — وہی الکاظمین الغیظ کی تفسیر برحق ہے

(78)

لہجۂ خلق ہوئے تیری نوا کے لیے — لحظۂ فکر ہے وارفتہ دنیا کے لیے
تیرے بابا نے ترا نام جو موسیٰ رکھا — فخر ہے تا بہ ابد حضرتِ موسیٰ کے لیے

(79)

ولادت سے امامِ عصر کی ہیں دو جہاں روشن — مسرت کا اثر یکساں ہے دشت و در پہ شہروں پر
غریبوں کے عریضے بھی امیدِ دست بوسی میں — چلے جاتے ہیں ہنستے بولتے دریا کی لہروں پر

(80)

تیری ہی آمد پہ قومی منزلت کا حصر ہے — تو رئیس اہلِ دل ہے تو امامِ عصر ہے
نامکمل ہے نظامِ زندگی تیرے بغیر — ہر عبادت تیری فرقت میں نمازِ قصر ہے

(81)

گردش میں عدو ہوں گے اور دور میں پیمانہ — آباد تو ہونے دو ساقی سے یہ میخانہ
جب ہوگا جلوس اس کا اورنگِ خلافت پر — اس روز بڑھا دیں گے پیاسوں کا عزا خانہ

(82)

امامِ عصر دنیا ایک طوفانی سمندر ہے — مگر طوفاں میں کشتی کھینے والے اب بھی جیتے ہیں
قیامت آنے والی ہے یہ پروا ہو نہ ہو لیکن — تری قدموں کی آہٹ لینے والے اب بھی جیتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

(83)

تمہیں قائم تمہیں وجہِ قیامِ روح و پیکر ہو　　تم اک رازِ خدا ہو راز کا اظہار کیونکر ہو
تمہیں ہو عالمِ باطن تمہیں ہو جلوے ظاہر　　تمہیں پردے کے اندر ہو تمہیں پردے کے باہر ہو

(84)

ولادت اس کی برحق ہے ظہور اس کا مقرر ہے　　کہ اس کی ذات سے دنیا کا مستقبل مقدر ہے
یہ شانِ ورثہ داری کس کو عالم میں میسر ہے　　نظر کرارؑ کی زہرؑا کا دل ذہنِ پیمبرؐ ہے

(85)

تیرا مقامِ فقر ہے اجلالِ حیدری　　تیرا متاع ناز حسینی غضنفری
آئین سازِ سروریٔ دو جہاں ہے تو　　اللہ تیرے دل میں ہے احساسِ کمتری

(86)

عباسؑ مزاجِ شرف و معنیٔ عظمت　　اجلالِ مشیت ہے تیری شانِ جلالت
تو ہے وہ بشر جس نے حدیں توڑ کے رکھ دیں　　سنتے تھے کہ محدود ہے انسان کی طاقت

(87)

صبر سے وضع کیا اس نے اسیری کا مزاج　　شکر سے کر کے بلند اپنے مصائب کا نظام
اس کے ایثار پہ حیران ہے عقلِ بشری　　کم نہیں شانِ شہادت سے اسیری کا مقام

(88)

اے شریعت کے پرستار شجاعت کے دھنی　　نازشِ ملتِ اسلام اویس قرنی
ماں کی خدمت کا یہ جنت سے بھی بڑھ کر ہے بدل　　کہ رسالت کو پسند آیا ترا حسنِ عمل

(89)

عباسؑ کی مثال علیؑ کے سوا کہاں　　چہرہ بھی نور بار علم بھی ہے ضوفشاں
اس منصبِ جلیل کے قابل تھا اور کون　　شبیرؑ کے ہاتھ میں تھیں حیدرؑ کی انگلیاں
صورت وہ تھی کہ حسن تھا یوسفؑ کا دم بخود　　قوت یہ تھی کہ شیر کی جیسے کلائیاں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(90)

دنیا اسے کیا سمجھے یہ روز اہم کیا ہے　　عشرہ کے مقابل میں تاریخِ اُمم کیا ہے
عباس کی مٹھی میں ہے قوم کا مستقبل　　اسلام کی عزت ہے کاندھے پہ علم کیا ہے

(91)

بہت مشکل ولا کا راستہ ہے　　کہ اس دعوے کی شاہد کربلا ہے
خبر بھی ہے تجھے ہمنامِ عباس　　کہ ساتھ اس نام کے شرطِ وفا ہے

(92)

زورِ وفا سے خلق کو حیران کر گئے　　کانپے فلک یہ تیغ سنبھالے جدھر گئے
آبِ رواں سے ناخن پا بھی نہ تر کیا　　عباس بحرِ خوں میں گلے تک اتر گئے

(93)

حیدری نشاں جس نے دوش پر سنبھالا ہے　　کیا بلند منزل ہے کیا بلند و بالا ہے
چھا گئی ہے یوں ہیبت بازوئے حسین کی　　جیسے آج دریا کا رخ بدلنے والا ہے

(94)

منکر سے معجزہ کے یہ میرا سوال ہے　　اب معجزہ کے حق میں ترا کیا خیال ہے
عباس نے محال کو ممکن بنا دیا　　دریا سے تشنہ کام پلٹنا محال ہے

(95)

دل ترا بغاوت پر مائل نظر آتا ہے　　اس طرح ترا بچنا مشکل نظر آتا ہے
سجدے کر اسی رخ پر اے کشتیٔ بے ساحل　　عباس کے قبضہ میں ساحل نظر آتا ہے

(96)

زندگی کا تاج سر انسانیت کا دل بنے　　آخری قربانی و ایثار کی منزل بنے
خالقِ کل نے جو کی بزمِ جہاں آراستہ　　کربلا والے مجاہد زینتِ محفل بنے

(97)

کیا ذکر جنگ صلح حسن کی ہوئی یہ قدر　　مسلم کچھ ایسے ہیں جنہیں یہ بھی نہیں پسند
ان کے لیے سوال نہیں صلح و جنگ کا　　دراصل اہلبیت کی ہستی نہیں پسند

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(98)

پہنچا کہاں کہاں تک یہ دردِ دل ہمارا — کس کس نے کربلا کے غم کا لیا سہارا
اصغرؑ کی مدح کر کے انگریز ایک شاعر — عنوانِ نظم رکھے "معصوموں کا ستارا"

(99)

سپر متاعِ شریعت کی بن گئی زینبؑ — بچا کے دینِ محمدؐ کی زندگی زینبؑ
اب اس سے بڑھ کے امامت کا فرض کیا ہوگا — کبھی حسینؑ محافظ رہے کبھی زینبؑ

(100)

خدا کا حکم تھا ہو جاؤ صادقین کے ساتھ — یہی سبیل ہے اوہام سے رہائی کی
بشر تھے عالمِ فکر و نظر میں کھوئے ہوئے — مباہلہ نے صداقت کی رہنمائی کی

(101)

مظاہرہ تھا یہ واجب ضرور واجب تھا — نمودِ جلوۂ خیرالامور واجب تھا
زمینِ کرب و بلا پہ جہادِ قائمؑ سے — شجاعتِ حسنیؑ کا ظہور واجب تھا

(102)

سبطِ نبیؐ کے گھر کی تنویر ہے سکینہؑ — ساداتِ ہاشمی کی توقیر ہے سکینہؑ
اس شان پہ نہ کیوں ہوں اہلحرم تصدق — زہراؑ کے بچپنے کی تصویر ہے سکینہؑ

(103)

کھلیں انسان کی آنکھیں ذہنیت میں انقلاب آیا — افق پہ عالمِ انسانیت کا آفتاب آیا
دلہن کی طرح قاسمؑ نے سنوارا حق کے مقصد کو — اسی کے دم سے معیارِ شہادت پہ شباب آیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

# اخلاقی قطعات

(1)

مولا کا استغاثہ ہے ترے حافظہ میں　　مجلس کی حاضری سے منبر کی آگہی ہے
یہ قول بھی سنا ہے سلطانِ کربلا کا　　عزّت کی موت اچھی ذلّت کی زندگی سے

(2)

غلط روی کا سلامت روی میں نام نہ لے　　غرور و نخوت و نفسانیت کا نام نہ لے
ہم اُس کو نازشِ انسانیت سمجھتے ہیں　　جو اقتدار پہ دُشمن سے انتقام نہ لے

(3)

نازشِ خلقت فروغِ آدمیت بن گیا　　کاروانِ خلق میں وجہِ فضیلت بن گیا
احسنِ تقویم کا خلعت تو پہلے ہی سے تھا　　علمِ آدم کے لیے تاجِ خلافت بن گیا

(4)

غم سوا ہوگا اگر دیدۂ دل باز رہا　　اب وہ اگلا سا نہ انجام نہ آغاز رہا
دوستیِ عہدِ گذشتہ کی نہ پوچھیں احباب　　دُشمنی میں بھی شرافت کا اِک انداز رہا

(5)

نماز دیکھ کسی شخص کی نہ روزہ دیکھ　　تو ارتباط نہ بندہ کا اور خدا کا دیکھ
امیرِ متقیاں کا یہ قول ذہن میں رکھ　　معاملات میں آپس کے زہد و تقویٰ دیکھ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

تہذیبِ عمل ہے آخرت کی کھیتی / بے خونِ جگر بڑھ نہیں سکتی اے دوست
تجھ کو ہیں جب اپنے چار آنسو بھی عزیز / یہ بیل منڈھے چڑھ نہیں سکتی اے دوست

(7)

جب پلٹتے ہیں متاعِ آب و گِل کے سوگوار / دفن کر کے پیکرِ بے روح اِک انسان کا
اس یقیں پر یہ بھی سب ہر پھر کے آئیں گے ضرور / ذرّہ ذرّہ دیکھتا ہے مُڑ کے گورستان کا

(8)

اپنے کردار کا انجام ہے یہ سود و زیاں / انقلابات سے غیروں کو سروکار نہیں
بحر و بر ہم نے خریدے تھے ابھی کل کی ہے بات / آج ہم بکتے ہیں اور کوئی خریدار نہیں

(9)

وہاں کیا ذکر کے قابل ہے دل اپنا دماغ اپنا / جہاں جامِ سفالی سے بھی بدتر ہو ایاغ اپنا
یہاں اپنی بھری محفل بھی ہے مرہونِ تاریکی / کچھ اہلِ دل خلا میں بھی جلا آئے چراغ اپنا

(10)

بے عمل انسان تو ایک مہرۂ بے زور ہے / پہلی بازی میں بساطِ دہر کی پٹ جائے گا
صفحۂ گیتی پہ کچھ اپنا نوشتہ چھوڑنا / ورنہ اک دن صورتِ حرفِ غلط مٹ جائے گا

(11)

دل سے برسوں کے تعلق کو بھلا دیتی ہے / لطف اخلاص کی محفل سے اٹھا دیتی ہے
کچھ خبر ہے تجھے اک جنبشِ لب ایک نظر / دوست کو دوست سے بیگانہ بنا دیتی ہے

(12)

تابِ گویائی کہاں حق بات سننا شاق ہے / جس کو دیکھو کجروی میں شہرۂ آفاق ہے
بے تکلف اپنی لغزش کا جو کر لے اعتراف / آج کس انساں میں اتنی جرأتِ اخلاق ہے

(13)

اس دور میں کون سوچتا ہے / کیا کرنا ہے اور کیا نہ کرنا
اک عام اصول بن گیا ہے / وعدہ کرنا وفا نہ کرنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(14)

لمحۂ عیش غم و درد میں ڈھل جاتا ہے    وار تقدیر کا تدبیر پہ چل جاتا ہے
اپنی املاک سمجھ کر سرو ساماں کو نہ دیکھ    وقت کے ساتھ ہی ماحول بدل جاتا ہے

(15)

ہوس کی راہ پہ میں دل سے ہارتا ہی رہا    غلط روی پہ یہ ظالم اُبھارتا ہی رہا
کسی صدا پہ نہ کی مڑ کے اِک نظر میں نے    مرا ضمیر مسلسل پکارتا ہی رہا

(16)

ہر چند ہر اک سانس ہے انعام خدا کا    یاد آئے نہ آرام میں پیغام خدا کا
توہین عبادت ہے عبادت یہ نہیں ہے    نازل ہو کوئی خوف تو لیں نام خدا کا

(17)

کررہا ہے کب سے ہمت آزمائی آدمی    غور سے دیکھے یہ شانِ ارتقائی آدمی
حکمت وجرأت سے ہو معمور جس کا دل دماغ    اس بھری دنیا میں کہلائے خلائی آدمی

(18)

رشتہ بہت ہے نازک تکمیلِ دوستی کا    میں گُر بتارہا ہوں آسان زندگی کا
رہنا بہت ہی کم ہے اس منزلِ عمل میں    ہو دوست ایک ہی کا دشمن نہ ہو کسی کا

(19)

بے فکر ونظر آنکھوں ہی آنکھوں کٹی رات    ایسا نہ ہو دن باتوں ہی باتوں میں گذر جائے
سب کھوچکا اے دوست ضمیر اپنا بچالے    انسان ہے زندہ ابھی انساں نہ مر جائے

(20)

ہم ہی اچھے ہیں کہ خوش رہتے ہیں ہر عالم میں ہم    کس دوعملی میں ہیں اے دل واعظانِ محترم
عید اِدھر آئی اُدھر رخصت ہوا ماہِ صیام    اس کے آنے کی خوشی ہے اس کے جانے کا ہے غم

(21)

توہمات کی صورت کشی سے ڈرتے ہیں    بلا سے دیو سے جن سے پری سے ڈرتے ہیں
جہاں میں ایسے ہی انساں ملیں گے کثرت سے    کہ جو خدا کے سوا ہر کسی سے ڈرتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(22)

زمیں بوئے خوں سے مہکتی رہی ستاروں کی چھاتی دھڑکتی رہی
مسیحا نفس بن گیا آدمی مگر آدمیت سسکتی رہی

(23)

خوب کہہ سن کے رنگ دیکھ لیا کیا زباں پر اب اپنا حال آئے
دور تک آدمی نہیں ملتا آدمیت کا جب سوال آئے

(24)

رفتار دیکھتے ہیں فدا کاریوں کی ہم اب وہ غرور وجہ تسلی نہیں رہا
میدانِ کارزار میں آجائیں عورتیں جب کوئی مرد قوم میں باقی نہیں رہا

(25)

جب فیصلہ زمانِ ماضی ہوگا اللہ بڑے بڑوں کا قاضی ہوگا
تو آج ہو رزقِ مختصر پر راضی تھوڑے سے عمل پہ کل وہ راضی ہوگا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قومی قطعات

(1)

نعمتِ حاصل مبارک جانِ حاصل تک بھی جا — جس کے مدفن کی ہے دھن اس مردِ کامل تک بھی جا
کربلا سے اور آگے منزلِ شبیرؑ ہے — کربلا تک جانے والے اُس کی منزل تک بھی جا

(2)

نمودِ قوتِ نانِ شعیر دیکھتے ہیں — کمال شوق سے یہ داروگیر دیکھتے ہیں
غمِ حسینؑ بھی یارب کوئی تماشہ ہے — غریب کرتے ہیں ماتم امیر دیکھتے ہیں

(3)

کیا یہ ہے زندگی کا نصب العین — یہ ہے تقلیدِ سیّدِ کونین
دل دُکھاتے رہو غریبوں کا — اور کہتے رہو "حسینؑ حسینؑ"

(4)

عمل سے رہ گیا محروم ذوقِ آگہی کیونکر — ترے دل نے غلط گوئی کی بے ربطی سہی کیونکر
زباں کچھ اور کہتی ہے روش کچھ اور ہے تیری — لسانُ اللہ سے وابستگی باقی رہی کیونکر

(5)

تو نیاز و نذر کی تکمیل میں ہے مبتلا — ہے مرادوں منتوں میں تیری دولت کی بقا
جی رہا ہے تو ضرورت سے سوا آرام میں — مرنے والے مَر رہے ہیں بے دوا اور بے غذا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

تجھ سے روزہ چاہتا ہے چشمِ تر کا اہتمام
نفس کی تہذیب پاکیزہ نظر کا اہتمام
سب عبادت سب ریاضت بے مزہ ہو جائے گی
ذہن میں رکھا جو افطار و سحر کا اہتمام

(7)

آنسوؤں کا جو تقاضا ہو تو بھر دے جل تھل
کربلا والوں کے ایثار کا مقصد نہ بدل
چند لفظوں میں یہ ہے اُسوۂ انصارِ حسینؑ
وسعتِ فکر و نظر حوصلۂ عزم و عمل

(8)

دیکھ لوں میں جاگتی آنکھوں شبابِ دردِ دل
دَرد کا طوفان بن اے اضطرابِ دردِ دل
آ گیا جانکاہ خطرہ میں نصابِ دینیات
چونک اٹھ للہ ملت کے نصابِ دردِ دل

(9)

ہے سپردِ اہلِ علم ایک ایک بابِ دینیات
ایسی نگرانی میں یہ حالِ خرابِ دینیات
دیکھیے نا اتفاقی کا نتیجہ دیکھیے
آ گیا آپس کے جھگڑے میں نصابِ دینیات

(10)

فریب کار نمائندگانِ ملت نے
تباہ کی ہیں جہاں میں شریعتیں کتنی
غرض کی آڑ میں مُلّائے بے حقیقت نے
چھپا چھپا کے رکھی ہیں حقیقتیں کتنی

(11)

تیرا دولت پہ ہے **قبضہ تو مبارک ہو تجھے**
تجھ پہ قبضہ نہ کہیں اپنا جمائے دولت
مجھ سے دولت کے طلب گار یہ نکتہ سن لے
گھر میں آ جائے مگر دل میں نہ آئے دولت

(12)

نہ جانے کس قدر فتنے اُٹھا کر زندگانی میں
نظر آتا ہوں کتنا خوش فریبِ کامرانی میں
کوئی میرے ثقہ ہونے پہ شک کر ہی نہیں سکتا
بہت سے عیب چھپ جاتے ہیں ٹوپی شیروانی میں

(13)

کردار ائمہ کی جھلک بھی تو نہیں
ملّت روتی ہے آج تک جن کے لیے
ناپید ہے خلقِ حسینؑ اور عزمِ حسینؑ
مجلس کی بنا ہوئی تھی اس دن کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(14)

یہ بلندی ہو مبارک اے جوانِ سر بلند
اے زمینِ درد و غم کے آسمانِ سر بلند

اِک ذرا کردار کی اپنے بلندی دیکھ لے
پھر اُٹھا عباسؑ غازی کا نشانِ سر بلند

(15)

گھر کے قصوں میں وقت کھویا کچھ دیر
پھر ذکرِ حسینؑ کرکے رویا کچھ دیر

مجلس میں گزر گئی بہر حال اچھی
جاگا کچھ دیر اور سویا کچھ دیر

(16)

بزمِ فلک کے آئنہ داروں سے ڈر گئے
فطرت کے چند کارگزاروں سے ڈر گئے

سب حال بندگی و عقیدت کا کھل گیا
کتنے خدا کے بندے ستاروں سے ڈر گئے

(17)

گلا حفاظت زنجیر و سیم و زر میں نہیں
غلام ہم بھی ہیں اُس کے یہ فضلِ داور ہے

دیا ہے ہم نے مودّت لقب زرِ ادب
ہماری زیست محبت کی زندگی پر ہے

ہم اہلبیتؑ کے ہیں ایسے ماننے والے
کہ جن میں میثم تمار سا دلاور ہے

قلم کے بدلے اٹھالیں گے وقت پر تلوار
مجھے یقیں ہے یہی عزم ہر سخن ور ہے

(18)

کوئی ہم نامِ محمدؐ کوئی ہم نام علیؑ
دل میں دردِ ملت اسلام ان کا سا نہیں

یہ برائے نام نسبت ہوگئی حاصل تو کیا
نام ان کے سے ہیں لیکن کام ان کا سا نہیں

(19)

ہر جگہ ہے اہلِ دولت کے لیے ساماں الگ
نذر کے موقع پر بھی بچھتا ہے دسترخواں الگ

یوں غریبوں سے یہ ہر منزل میں رہتے ہیں جدا
جیسے قبلہ ہے امیروں کا الگ قرآں الگ

(20)

نگاہِ وقت کا کیا اعتبار کرتے ہیں
حریف کیوں ہوسِ کارزار کرتے ہیں

علیؑ کا نام ہی کافی ہے سن رکھے دنیا
ہزار وار پہ ہم ایک وار کرتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(21)

کیا اختلالِ ذہنیت چارہ گر میں ہے — مدت سے مبتلا وہ اسی دردِ سر میں ہے
سارے جہاں کے واسطے ہیں چارہ سازیاں — اُس کی خبر نہیں ہے جو بیمار گھر میں ہے

(22)

مجلس کے جو ختم پر پلٹتے دیکھا — حضار کو ٹولیوں میں بٹتے دیکھا
تعریف کسی کی اور کسی پر تعریض — خالی باتوں میں وقت کٹتے دیکھا

(23)

تزکیہ نفس کا ہے ماحصلِ صوم و صلوٰۃ — سونے والوں کو یہ پیغام ہے بیداری کا
یوں گلے مل لیے رسماً تو نتیجہ معلوم — عید ہے عہدِ محبت کا رواداری کا

(24)

مجلسوں سے قوم کی تنظیم ہونی چاہیے — کچھ تو حالِ زار کی ترمیم ہونی چاہیے
مقصدِ شبیرؑ کی تفہیم ہونی چاہیے — عام اب مظلوم کی تعلیم ہونی چاہیے

(25)

تاریکیاں ہیں ملّت بیضا کی تاک میں — کچھ قوم کی حیات کا سامان کیجئے
سرکار دو جہاں کی محبت کے نام پر — آپس کے اختلاف کو قربان کیجئے

(26)

کتنے ہوں گے دعویدار اسلام کے — دوسروں کے غم کو غم سمجھے ہوئے
جادۂ خیرالبشرؐ سے دور ہیں — مسلکِ خیرالامم سمجھے ہوئے

(27)

گذاری ہے کبھی اس شان سے بھی زندگی میں نے — دیا ہے اہلِ دنیا کو شعورِ حق رسی میں نے
فضائے عالم امن واماں کا پوچھنا کیا ہے — تہ شمشیر بھی حق سے نہ کی پہلو تہی میں نے

(28)

قدم اٹھایئے ناکامیوں سے ڈرنا کیا — شکست و فتح کے قصے ہزار ہوتے ہیں
شمار ان کا نہ زندوں میں ہے نہ مردوں میں — وہ کم نصیب جو پاتے ہیں کچھ نہ کھوتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(29)

ہم اہل نہ تھے اس منزل کے خود اپنی حقیقت دیکھ چکے
گفتارِ سیاست خوب سنی رفتارِ سیاست دیکھ چکے
کیا دیں گے سہارا غیروں کو جب اپنے مسائل حل نہ ہوئے
تقریر کا حاصل دیکھ لیا تدبیر کی قوت دیکھ چکے

(30)

ملت کا تقاضا ہے کہ ہستی سے گذر جا
میرے لیے جینا ہے تو اپنے لیے مرجا
دریا سے تجھے پار اُترنا ہے بہر حال
طوفان کے کاندھے پہ قدم رکھ کے اُتر جا

(31)

عزم و استقلال و ہمت چاہیے
آدمی دریا کا رُخ بھی موڑ دے
موت برحق ہے تو کوئی حق پرست
موت سے پہلے ہی کیوں جی چھوڑ دے

(32)

جو بات تھی ترے اسلاف میں وہ بات نہیں
بُرا نہ مان مسلماں کے یہ صفات نہیں
تو چلتی پھرتی ہوئی ایک لاش ہے اے دوست
حیات ہے مگر اسلام کی حیات نہیں

(33)

کیا خبر تھی زندگی کا مدعا بدلیں گے ہم
اپنا جادہ اپنی منزل بارہا بدلیں گے ہم
حق سے بیگانہ بنادے گا غمِ دنیا ہمیں
ہر نئی کروٹ پہ قسمت کی خدا بدلیں گے ہم

(34)

بچے بچے کی نظر ہے چاند پر
چاندنی سے ہر مکاں معمور ہے
یہ نہ سمجھا کوئی انساں آج تک
کس قدر نزدیک کتنی دور ہے

(35)

کون سے دن کے لیے ہیں یہ حکایاتِ قدیم
جگمگاتے ہوئے فانوسوں میں آیاتِ قدیم
لے کے پہنچے انہیں میدانِ عمل تک اغیار
ہم سناتے رہے دنیا کو روایاتِ قدیم

(36)

یہ اختلافِ لسانی پہ دو بدو کیسی
جو بول چال میں ہے فرق دل تو ایک رہیں
عزیز ہے اگر اپنی زباں کا عزو وقار
زبان پاک رہے اور خیال نیک رہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(37)

بجلی کی کڑک تھی جن کی آواز  
بادل کی طرح گرج رہے تھے  
وہ آج ہیں رقص میں جو کل تک  
ہتھیار بدن پہ سج رہے تھے

(38)

کامیابی کا یہ انداز یہ عنوان نہیں  
اپنی گذری ہوئی ناکامیوں کو یاد نہ کر  
عزم محکم ہو تو گر گر کے سنبھلتا ہے بشر  
راہ تدبیر میں اندیشہ افتاد نہ کر

(39)

یہ اہلِ عقل مسلم کے لیے زیبا نہیں ہوتا  
خلوصِ قلب اس عنوان سے پیدا نہیں ہوتا  
حقیقت ہے یہی کوئی برا مانے بھلا مانے  
جو معمولات میں حائل ہو وہ روزہ نہیں ہوتا

(40)

ایک صف میں نظر آجائیں جو ہنگام نماز  
عصرِ حاضر میں یہ اسلام کا سمجھو اعجاز  
شرط مسجد نہیں مسجد سے نکل کر دیکھو  
کسی محفل میں ہیں یکجا کبھی محمود و ایاز

(41)

اسلام کا شعار ہے تنظیم اتحاد  
اخلاق کا شعور ہے تکریم اتحاد  
وہ فرض پنجگانہ ہو یا ہو صلوٰۃِ عید  
ملتی ہے ہر نماز سے تعلیم اتحاد

(42)

نام کس کا اتحادِ ملّت اسلام ہے  
ہم سے پوچھو وہ حسین ابن علی کا نام ہے  
جو غم شبیر میں ہیں ان کو اس کا غم نہیں  
زندگی کی صبح ہے یا زندگی کی شام ہے

(43)

بغیر سعی کہاں دل کا مدعا ملتا  
خیال و خواب کی سرگشتگی میں کیا ملتا  
ترے خیال میں ہوتی ذرا بھی جان اگر  
کہیں تو بڑھ کے عمل کی حدوں سے جا ملتا

(44)

ایک اور ایک دو بھی ہوتے ہیں  
ایک اور ایک مل کے گیارہ بھی  
جن کو قدرت نے دی ہے عقلِ سلیم  
ان کو کافی ہے اک اشارہ بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(45)

ضرورت ہے محبت کی سبق نفرت کا پڑھتی ہے
کہیں دنیا میں کوئی قوم یوں پروان چڑھتی ہے
یہ مصرف علم کا ہے اور یہ عالم نوجوانوں کا
تعصب بڑھ رہا ہے جس قدر تعلیم بڑھتی ہے

(46)

اچھا ہے نہیں گر ہوس طبل و علم
اندھیر ہے یہ دوات و خامہ بھی نہ ہو
آواز ہے کیا اُس کی اثر کیا اس کا
جس قوم کا ایک روز نامہ بھی نہ ہو

(47)

جس قوم نے سر کی مہم کرب وبلا
اس قوم میں ملتے نہیں آثار حیات
وہ ٹھوکریں کھاتی پھرے تاریکی میں
جس قوم کے ورثے میں ہو عاشور کا دن

(48)

کردار پہ اپنے رکھ نگاہِ تنقید
خود اپنے لیے شاہد عینی ہوجا
تو مجلس و ماتم میں حسینی ہے ضرور
ہر رنگ میں اے دوست حسینی ہوجا

(49)

کیا ترے ذوقِ ستم نے جوش پیدا کردیا
رنگِ تسلیم و رضا کچھ اور گہرا کردیا
ایک اشکِ غم تھا اب تک جذبۂ بے اختیار
جس نے اپنا خون شامل کرکے دریا کردیا

(50)

پھر وہی تیور قیامت خیز دکھلانے لگے
پھر زمین و آسماں ہیبت سے تھرانے لگے
یہ اقلیت ہماری یہ فدا کاروں کی بھیڑ
کیا فرشتے قید ہونے کے لیے آنے لگے

(51)

بڑھا کر جادۂ مہر و وفا کی آبرو آیا
تعال اللہ پیدل سندھ سے تا لکھنو آیا
تولائی مسافر تجھ کو طی ارض ممکن تھا
تری خاکِ قدم آنکھوں پہ کس رستہ سے تو آیا

(52)

وہی افسانۂ دل دوز پھر دہرانے والے ہیں
سخن کا شعر کا نغمہ کا طوفاں لانے والے ہیں
جگہ ہو صدر میں خالی در زنداں کھلا رکھے
حکومت کو خبر کر دو کہ ہم آنے والے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(53)

عالم غیرت اسیری بے سرو سامانیاں
زیست کی دشواریاں ہیں موت کی آسانیاں
امتحاں کچھ اور باقی ہو تو حاضر ہم بھی ہیں
پانچ جانوں کی تو اب تک دے چکے قربانیاں

(54)

عمر کم عزم زیادہ ہے یہ دکھلا جانا
کہیں آلام و مصائب سے نہ گھبرا جانا
اپنی جانب سے کمی آئے نہ قربانی میں
ہم اگر جیل میں مرجائیں تو تم آجانا

(55)

لے بڑھاؤ درد کی الفاظ کو مدھم کرو
وا عمل کی قوتوں سے دیدۂ عالم کرو
وقت ہے یہ کام کا تقریر کا موقع نہیں
آدمی جستجو زیادہ اور باتیں کم کرو

(56)

مجمع دل والوں کی شانِ امتیازی دیکھنا
درس اہل بیت کی جلوہ طرازی دیکھنا
جیل بھی گھر بن گیا ہے وسعتِ اخلاق سے
اہلِ فیض آباد کی مہماں نوازی دیکھنا

(57)

موت سو بار آئے خاطر میں نہ لانا چاہیے
مرتے مرتے زندگی کا گیت گانا چاہیے
جس طرح چاہیں زمانہ کو بدل دیں اہلِ دل
پست ہمت ہیں جنہیں اگلا زمانا چاہیے

(58)

بہر خدا نہ جیل رکھیں قدم ابھی
مردانِ حق پرست میں باقی ہے دم ابھی
کیوں اتنی مضطرب ہیں کنیزانِ سیدہ
کہہ دے یہ ان سے کوئی زندہ ہیں ہم ابھی

(59)

روتے ہیں جیل میں بھی مظلوم کربلا پر
ایثار کی خوشی میں یہ غم بھی کررہے ہیں
یہ دن کی ہے مشقت وہ شب کا ہے فریضہ
چکّی بھی پیستے ہیں ماتم بھی کررہے ہیں

(60)

ہوئی نہ فتح میسر تو قوم سن رکھے
براہ راست ارادہ نہیں ہے آنے کا
عجب نہیں جو اجل کھول دے درِ مقصود
قفس میں ہو کے بھی رستہ ہے آشیانے کا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(61)

مرحبا اے خطۂ فیروز پور ہر جتھے میں شان ہے سیلاب کی
اللہ اللہ یہ تری دریا دلی زندہ باد اے آبرو پنجاب کی

(62)

کیا دے گی وہ نگاہِ ستم آفری ہمیں رکھنا ہے اپنی قوتِ حق پر یقیں ہمیں
یوں خواب صلح دیکھ کے کچھ دن جیے تو کیا امید صلح تا دمِ آخر نہیں ہمیں

(63)

دل میں رہ جائے گی پھر کوئی نہ کوئی کاوش حق و باطل میں کہیں صلح ہوا کرتی ہے
موت کے درد سے بدتر ہے جو مانگے سے ملے زندگی قوتِ بازو سے ملا کرتی ہے

(64)

یہ خوشنما عمارت یہ نقش ساحرانہ تہذیب آدمی کا فکری نگار خانہ
دنیا کی دولتیں سب گر جاتی ہیں نظر سے جس وقت دیکھتا ہوں یہ علم کا خزانہ

(65)

جب اپنی منفعت ہر ہر برائی برملا جائز کوئی پوچھے ہوا کیوں کر یہ امر ناروا جائز
جہاں سے کل اٹھا ہے مردم افرنگ کا قبضہ اسی بھارت میں کتنے آج تک قبضے ہیں ناجائز

(66)

درندوں کو بھی یہ حیواں صفت شرمائے جاتا ہے جبینِ آدمیت پر پسینہ آئے جاتا ہے
یہ کیسی پیاس خونخواری کی ہے سیری نہیں ہوتی یہ کیسی بھوک ہے انساں کو انساں کھائے جاتا ہے

(67)

یہ مشکل ہے کہ دل میں کچھ ہمارا درد لے جائیں سوائے شکریہ لے جائیں گے کیا دیکھنے والے
ہم اپنی دھن میں بیٹھے ہیں وزیر ہوں کہ لیڈر ہوں بہت آئے اور آئیں گے تماشا دیکھنے والے

(68)

نوائے درد وہ نا مہرباں نہ روک سکا زمیں نہ روک سکی آسماں نہ روک سکا
دہن پہ مہر لگائی قلم پہ بندش کی مگر کوئی مرے دل کی زباں نہ روک سکا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(69)

عزت سے آبرو سے بٹھائے گئے ہیں ہم — چھ بار اس دیار میں آئے گئے ہیں ہم
دو چار سال تک یہ نہ آنے کی ہے سزا — قیدی بنا کے شان سے لائے گئے ہیں ہم

(70)

نہ دیکھی اور نہ قید ایسی سنی ہم نے فسانوں میں — کمی آنے نہ پائی کچھ حکومت کے خزانوں میں
زہے حسنِ تدبر گھر ہی مظلوموں کو زنداں تھے — کہ دورات ایک دن پابند رکھا ہے مکانوں میں

(71)

دے کے یہ دولت کوئی لیتا ہے ناداری کہیں — یوں بھی ممکن ہے بھلا ترکِ وفاداری کہیں
حب اہلبیت شامل جن کے آب وگِل میں ہے — وہ مسلماں چھوڑ سکتے ہیں عزاداری کہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قطعاتِ واعظ

(1)

یہ عمامہ، یہ عبا، یہ اوجِ منبر پر نشست — یہ سمجھتا ہے غلط جیسے کہ ہے گھر پر نشست
پہلے اتنا دیکھ لیجئے، پاؤں اس قابل بھی ہیں — یہ نشستِ منبری ہے قوم کے سر پر نشست

(2)

راہ و منزل سے بے خبر آئے — دردِ ملت کے چارہ گر آئے
کچھ اصولِ حیات ذہن میں تھے — منبروں پر بیان کر آئے

(3)

سلام میں سبقت اور پھر غریبوں پر — نظر اٹھا کے نہیں دیکھتے کسی کی طرف
غرورِ علم کا عالم! ارے معاذاللہ — کہ جیسے دوش پہ رکھی ہے درسگاہِ نجف

(4)

جزوِ تن اچھی سے بھی اچھی غذا — زیبِ تن بہتر سے بھی بہتر لباس
ذکر لب پر فقرِ اہلِ بیتؑ کا — مرحبا اے واعظِ معنی شناس

(5)

خدمت میں جو وارد ہو کوئی صاحبِ دولت — تعظیم کو بڑھتا ہے عمامہ بھی عبا بھی
تعظیم کا کیا ذکر ہے پہلو بھی نہ بدلیں — آجائے اگر صورتِ مفلس میں خدا بھی

(6)

مرحبا محراب و منبر اختتام — شرع کی صورت گری ہے اس کا نام
یہ ترا منصب، یہ دوہری زندگی — مقتدی ہے گھر میں مسجد میں امام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

خود ساختہ مُلا کے پیرایۂ حکمت نے　　پروردۂ صحت کو بیمار بنا ڈالا
مذہب کے مسائل میں ڈالے ہیں وہ اُلجھاوے　　آساں شریعت کو دستور بنا ڈالا

(8)

ہلاکو کی روش تقلیدِ چنگیزی نہیں جائز　　سکونِ عافیت میں فتنہ انگیزی نہیں جائز
خدا جانے روا رکھتے ہیں کیونکر مذہبی قاید　　کسی مذہب کسی ملت میں خونریزی نہیں جائز

(9)

اکثر مطالبات کو ٹالے ہوئے تو ہوں　　مرضی پہ اپنی شرع کو ڈھالے ہوئے تو ہوں
اٹھتا نہیں ہے بارِ تقدس اگر تو کیا　　عمامہ و عبا کو سنبھالے ہوئے تو ہوں

(10)

علم و عمل کی دنیا کیسی بدل گئی ہے　　کردار بھی نئے ہیں رفتار بھی نئی ہے
اللہ کس نظر سے یہ انقلاب دیکھیں　　سرمایہ دار آگے اور پیچھے مولوی ہے

(11)

اے عزت و اقتدارِ ظاہر کے غلام　　نسبت ہے تجھے علی سے بیشک لاریب
کس فخر سے ذکر اس کی مزدوری کا　　اُس کے لیے فخر اور تیرے لیے عیب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# ذاتی قطعات

(1)

فریب نفس میں کھویا ہوا میں خود نکلا
متاعِ نیک سے نا آشنا میں خود نکلا
بُرا جو ڈھونڈنے اُٹھا کبیر کی مانند
تو کائنات میں سب سے بُرا میں خود نکلا

(2)

سختیٔ نزع بہر حال سہوں گا اے دوست
ایسے موقع پہ نہ خاموش رہوں گا اے دوست
اُس کے مفہوم کی دوں گا نہ جھلک بھی میں تجھے
آخری سانس میں جو شعر کہوں گا اے دوست

(3)

یہی خطا ہے اسے تو خطا سمجھ نہ سمجھ
نہ اہلِ کبر سے ہوں اور نہ خود پسند ہوں میں
تجھے غرور جو ہے اپنی بے نیازی کا
مجھے بھی ناز ہے تیرا نیاز مند ہوں میں

(4)

مجھے تو آخری ساعت سے بھی کچھ کام لینا ہے
بگاڑوں زندگی سے کیوں فریبِ زندگی کہہ کر
سناؤں گا میں اپنی موت کو بھی نغمۂ مدحت
گذرتے وقت کو بھی روک لوں گا یا علیؑ کہہ کر

(5)

جو کچھ بھی محبت میں محبت کا خدا دے
جینے کے ارادے ہیں نہ مرنے کے ارادے
اے حسن کسی کو تو وفاؤں کا صلا دے
میرے سے بہت ہیں مجھے اپنا سا بنا دے
تو خود بھی ہے کھویا ہوا اے صاحبِ جلوہ
کچھ خیر ہے پردے تو نگاہوں کے اٹھا دے

(6)

آشیاں بنتے ہیں آئی ہے بہار
اک قفس ہم بھی بنانے کو چلے
تابکے درد کہاں دل میرا
کیوں گنہگار بنانے کو چلے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

تقریب میں شادی کی امید کرم برحق — کرّار کے در سے بھی بی بی کے پدر سے بھی
میں دونوں گھرانوں کا شاعر ہوں میں لے لوں گا — انعام اِدھر سے بھی انعام اُدھر سے بھی

(8)

اپنی ہستی میں کبھی وہ منزلت پاتا ہوں میں — زندگی کیا موت کیا دونوں کو ٹھکراتا ہوں میں
مجھ سے اٹھ سکتا نہیں احسانِ ارباب کرم — پھول بھی پھینکے جو کوئی آگ ہو جاتا ہوں میں

(9)

تڑپتے رہتے ہیں جو صبح و شام حاضر ہیں — نگاہِ لطف کے سب تشنہ کام حاضر ہیں
یہ سر کہیں نہیں جھکتے اس ایک در کے سوا — سلام لیجیے مولاؑ غلام حاضر ہیں

(10)

یہ بہتر تھا کہ پیدا ہی نہ ہوتا گوشۂ دل میں — خیال اظہارِ غم کا جس کو آنسو بن کے بہنا تھا
ہوئے احباب رخصت اپنا اپنا دردِ دل کہہ کر — کسی نے کچھ نہ پوچھا ہم سے کچھ ہم کو بھی کہنا تھا

(11)

موت برحق ہے مجھے سمجھا رہی ہے بار بار — یہ پیامِ نظمِ فطرت لا رہی ہے بار بار
ایک بار آئی زلیخا کی جوانی لوٹ کر — میری بیماری پلٹ کر آ رہی ہے بار بار

(12)

اب نہ وہ انساں نہ وہ منظر نہ وہ عالم رہے — اہلِ دل کے واسطے اے دوست غم ہی غم رہے
کیا ستم ہے آدمی راضی ہو اس تقدیر پر — دولت دنیا زیادہ آدمیت کم رہے

(13)

سخت جانی سے مری ہے اسی دنیا کو گلہ — اسی دنیا نے کیا موم سے فولاد مجھے
زندگی غیر کے احسان سے منظور نہیں — آج لے لوں جو ملے مرگِ خدا داد مجھے

(14)

ترا ذوقِ جستجو ہے عیش پستی کی طرف — رخ ہے میری آگہی کا غم پرستی کی طرف
تجھ کو ہے میرے سخن کی رہبری سے کیا گلہ — میں تجھے لے جا رہا ہوں رازِ ہستی کی طرف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(15)

وقف کر کے جان و دل قربان جانے کے لیے سب سے باز آیا انھیں اپنا بنانے کے لیے
میرے مولا کو خبر ہے میرے دل کے حال کی میں نصیری ہی سہی سارے زمانے کے لیے

(16)

وطن کے عشق میں ڈوبا ہوا آتش بجاں ہوں میں وطن ہے مرے ہر اک گوشۂ دل میں جہاں ہوں میں
مری نظروں میں جذباتِ محبت رقص کرتے ہیں مری رگ رگ سے آتی ہے صدا ہندوستاں ہوں میں

(17)

حکومت اور نہ دولت چاہتا ہوں سلوک آدمیت چاہتا ہوں
انھیں یہ پاؤں پھیلانا مبارک کہیں میں بھی سکونت چاہتا ہوں

(18)

محبت کی تبلیغ مسلک ہے میرا خیالات کو بال و پر دے رہا ہوں
پیام سخن کی بلندی نہ پوچھو ستارے ستارے خبر دے رہا ہوں

(19)

انقلابات کا نشانہ ہوں مصرفِ گردشِ زمانہ ہوں
تجھ سے وابستگی اور اس پہ یہ غم تو حقیقت ہے میں فسانہ ہوں

(20)

وفورِ شوق میں دھونی رما کے بیٹھ گیا ادب کی راہ سے آیا اور آ کے بیٹھ گیا
نصیب اس کے جو دنیا کا عیش ٹھکرا کر حسین ٹیکری سے دل لگا کے بیٹھ گیا

(21)

رنج و غم سہہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں جب میں چپ رہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں
میری غزلوں سے چھلکتا ہے مرے دل کا لہو درد دل کہہ نہیں سکتا تو غزل کہتا ہوں

(22)

زندگی میں کب تک ہیں سختیاں نہیں معلوم کب نگاہِ فطرت ہو مہرباں نہیں معلوم
برق و باد واقف ہیں موسمِ خزاں واقف کیا بہار کو میرا آشیاں نہیں معلوم

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(23)

سرمایہ طراز شعر و حکمت ہم ہیں — کھولی ہیں سخنوری کی راہیں ہم نے
سرمایہ پرستوں کی حقیقت کیا ہے — دیکھی ہیں بڑے بڑوں کی نبضیں ہم نے

(24)

گناہگار سہی حق شعار ہوں مولا — نگاہِ لطف کا امیدوار ہوں مولا
غریب ہو کے شرف ہے مجھے امیروں پر — غمِ حسینؑ کا سرمایہ دار ہوں مولا

(25)

وہ جس پہ یاعلیؑ کندہ ہے میرا جام ہے ساقی — مری تقدیر میں نو روز کا انعام ہے ساقی
یہی مصحف یہی عترت یہی نغمہ یہی نعرہ — زمیں سے آسماں تک ایک ہی تو نام ہے ساقی

(26)

محبت کے تڑپتے برق پاروں میں تمھیں دیکھا — ان اشکوں کے روپہلی آبشاروں میں تمھیں دیکھا
خوشی میں دور تھے مولا مصیبت میں قریب آئے — خزاں میں تم نے تسکیں دی بہاروں میں تمھیں دیکھا

(27)

ملی فضائلِ آلِ نبیؐ کے سایہ میں — جہانِ علم و ادب کو یہ وسعتِ الفاظ
یہ سب حسینؑ کے ایثار کا تصدق ہے — غزل میں درد قصیدے میں شوکتِ الفاظ

(28)

فکر شاعر کا ہو کیا اس سے بلند اور مقام — مدحت آلِ پیمبرؐ ہے اور اللہ کا نام
نجم میں کیوں نہ ہوں وابستہ دامانِ علیؑ — میرا مسلک ہے محبت و محبت کا امام

(29)

تخصیص امیری و فقیری نہ رہی — کرنے یہ غریبوں کی مدارات آیا
یکساں ہوئیں نعماتِ الٰہی تقسیم — اسلام لیے عدل و مساوات آیا

(30)

کس لطف سے فرماتے ہیں تو چپ کیوں ہے — شیریں دہنوں میں ہے ثنائی میری
ہوتی ہیں یہ تقدیر کی باتیں اے نجم — بھاتی ہے انہیں تلخ نوائی میری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(31)

بولوں جو میں کچھ زباں پکڑے دنیا بیداد ہو داد کے عوض میں حاصل
چپ ہوں تو ہوں شکوہ سنجِ احباب اے نجمؔ گویم مشکل و گر نگویم مشکل

(32)

ہنستی ہیں یا بسورتی ہیں کلیاں موجیں لڑتی ہیں یا گلے ملتی ہیں
اتنی بھی خبر نہیں خبر کیا ہے تجھے فطرت کی حدیں نجمؔ کے ملتی ہیں

(33)

ہے طالبِ فرائض کردگار اور طالب ہیں سنن کے مصطفاؐ
طالبِ نان و نمک اہل و عیال نفسِ امّارہ ہے طالب عیش کا
ہیں فرشتے طالبِ صدق عمل اور ہے شیطان کا کچھ مدّعا
روح کی طالب ہے مرگِ منتظر جسم کی طالب لحد ہے برملا
یہ طلب اور یہ تقاضے جس سے ہوں
صبح کیا اُس کی اور اُس کی شام کیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قرآنی قطعات

(1)

تیس پاروں سے فصاحت کا وہ دریا بہ گیا      ہر فصیحِ عصر خاموشی سے تیور سہہ گیا
سیدھے سادے لفظ و معنی کی جلالت دیکھ کر      فلسفہ قرآن کا منہ دیکھتا ہی رہ گیا

(2)

قرآن کی تعلیم کا یہ طور ہے کوئی      آیات کی تشریح کا بھی دور ہے کوئی
تو صرف تلاوت کی ہی خدمت پہ ہے مامور      مفہوم سمجھنے کے لیے اور ہے کوئی

(3)

دیکھو تو ہے قرآن میں سب کچھ موجود      حکمت بھی شریعت بھی سیاست بھی ہے
اللہ نے بھیجا ہے مکمل قانون      ہے دین بھی دنیا کی حقیقت بھی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# عزائی قطعات

(1)

یہ شدتِ غمِ دنیا تجھے مبارک ہو — کسے خبر کوئی بے چین ہے کہ چین سے ہے
ہمارے آگے حقیقت نہیں کسی غم کی — کہ ربط و ضبط ہمارا غمِ حسینؑ سے ہے

(2)

بیگانہ اس فضا سے جو ہیں ان کو کیا خبر — آواز سن رہے ہیں فقط شور و شین کی
جس کی کوئی مثال نہیں کائنات میں — اک ایسی درس گاہ ہے مجلس حسینؑ کی

(3)

سب سے عظیم حسنِ عمل ہے غمِ حسینؑ — کتنی مخالفت ہو اٹل ہے غمِ حسینؑ
اس غم کے ساتھ فکر و نظر بھی جو ہو نصیب — پھر عقدۂ حیات کا حل ہے غمِ حسینؑ

(4)

اب عہد مختصر ہو کہ ہو زندگی دراز — دو دو ہیں جب مرے غمِ ہستی کے چارہ ساز
ذکرِ خدا بھی کرتا ہوں مدحِ حسینؑ بھی — یہ بھی مری نماز ہے وہ بھی مری نماز

(5)

گناہ گار اطاعت گذار حاضر ہیں — غریب قوم محبت شعار حاضر ہیں
سجا کے لائے ہیں سینوں میں داغ ماتم کے — غمِ حسینؑ کے سرمایہ دار حاضر ہیں

(6)

ہندو بھی ہیں غمخوار حسینؑ ابن علیؑ کے — کب اس کے غم و درد کا بادل نہیں گرجا
بھارت کی زمیں مجلس و ماتم کا ہے مرکز — سب اس کے عزادار ہیں راجا ہوں کہ پرجا

(7)

حیراں ہوں مری شانِ مودّت پہ فرشتے — ہر آہ مرے دل کی تولا کا نشاں ہو
لے جاؤں گا محشر میں پئے نذرِ پیمبرؐ — غم پرچم عباسؑ کے سایہ میں جواں ہو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فکری قطعات

(1)

ہر قوم کو ہے دعوتِ فہم و ادراک　　ہر دور میں ہے غور طلب فکرِ حسینؑ
اخلاق کا معیار سمجھنا ہے اگر　　آ مجلسِ غم میں اور سُن ذکرِ حسینؑ

(2)

بیتابیوں کے ہنگاموں میں تدبیر سکوں فرماتی ہے　　دیتی ہے غموں سے فرصت بھی اور دشمنِ جاں کہلاتی ہے
اے دوست مقامِ حیرت ہے اس موت سے ڈرتا ہے انساں　　جو گود میں اپنی انساں کو بچوں کی طرح لے جاتی ہے

(3)

پیغمبرِ گناہ سے بخشش کا آسرا　　دوزخ کی آگ سے طلبِ راحتِ جناں
حدِ گناہ منکرِ ثنائے امیرِ شام　　دور از ثواب مدحتِ مولائے دوجہاں
کہنے کو اسمِ پاک محمدؐ سکونِ روح　　فرمانِ کلمہ کی اذیت سے نیم جاں
فرعون کی مدد سے رسائی کلیم تک　　یوسف کے بدلے اک حبشی روح کارواں

(4)

دل میں خون بھی خون میں جوش بھی ہے　　پھر خیر ہے یہ عالم خاموش بھی ہے
کیا سانس کا مول تول معلوم نہیں　　خالی جاتی ہے سانس کچھ ہوش بھی ہے

(5)

جائزہ لے وقت کا ایک ایک پل کی فکر کر　　آج کا دن تیری پیشی میں ہے کل کی فکر کر
موت کو تو اک دن آنا ہے آئیگی ضرور　　موت کی کیا فکر ہے حسنِ عمل کی فکر کر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

مرثیہ کو عیش کی باتوں سے کیا ہے واسطہ — اپنی تعریفوں کی خواہش میں یہ شامت آگئی
ابتدائی لغزشیں تھیں ساقی نامہ اور بہار — رفتہ رفتہ رقص و موسیقی کی نوبت آگئی

(7)

موضوع کی تلاش ہے قطعات کے لیے — گرمی کا زور چاہیے برسات کے لیے
ملتا ہے یوں مسبب الاسباب کا پتہ — لازم ہے اک سبب ہو ہر اک بات کے لیے

(8)

دبے جا رہے ہیں حقائق بھی جن میں — حکایات کی وہ فراوانیاں ہیں
عمل کی بھی اے کاش ہوتی رسائی — جہاں تک دماغوں کی جولانیاں ہیں

(9)

یہی انسان ہے جس کا چراغِ ہوش مدھم ہے — یہی انسان اسرارِ خداوندی کا محرم ہے
اگر ہو جستجوئے علم کی توفیق کیا کہنا — کتابیں ہوں اور آنکھیں ہوں تو عمرِ خضر بھی کم ہے

(10)

نیّتِ امروز و فردا تا کجا — چار دن امروز و فردا اور ہے
ختم ہے دم بھر میں کارِ زندگی — ایک دو سانسوں کا رشتا اور ہے

(11)

ہم ہیں قدرت کے اک اشارے تک — وقت کے آخری سہارے تک
زندگی ایک لہر ہے اے دوست — اس کنارے سے اس کنارے تک

(12)

علم و حکمت کی حدیں انسان پا سکتا نہیں — رستمِ دستاں بھی طاقت آزما سکتا نہیں
چور لے جاتے ہیں جس کو وہ بضاعت اور ہے — یہ وہ دولت ہے جسے کوئی چرا سکتا نہیں

(13)

معنیٔ عرفان و مفہومِ بصیرت علم ہے — کارزارِ دہر میں انساں کی قوت علم ہے
سیم و زر کی دولتوں کے پہرہ داروں سے کہو — خرچ کرنے سے جو بڑھتی ہے وہ دولت علم ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(14)

سفر تھا کون سا ایسا جو بے جھجک نہ ہوا — رہے گا پوری طرح کامیاب شک نہ ہوا
بہت بڑا مجھے کرنا ہے اک سفر اے دوست — اسی کے واسطے سامان آج تک نہ ہوا

(15)

مخالف کو نہیں معلوم امرِ حق کی ابجد تک — یہاں ہے معرفت محسوس سے معقول کی حد تک
سمجھ جائے گی دنیا جب علیؑ کا شیر آئے گا — خدا والی خلافت ہے محمدؐ سے محمدؐ تک

(16)

عید اپنے اہتمام سے آئی گذر گئی — دنیا میں کرکے جلوہ نمائی گذر گئی
دل کو اگر سکوں نہ ہوا آج کل سہی — اے دوست کیا خدا کی خدائی گذر گئی

(17)

طور سینا ہے جو سینہ علم سے معمور ہے — ہر شریعت ہر طریقت کا یہی دستور ہے
مال و زر قارون کا ورثہ ہے اے دنیا طلب — علم ورثہ انبیاً کا ہے خدا کا نور ہے

(18)

ارسطو نے کہا رونا ہمیں بزدل بناتا ہے — خدا ملتا ہے رونے سے کبیرا کی یہ ہے بانی
دل حساس دیکھا فرق حکمت اور محبت کا — کہیں ہے مادی فطرت کہیں جذبہ ہے روحانی

(19)

مٹا سکے گا کہاں تک نشانِ گمراہی — کہیں کہیں تو نقش قدم پڑا نہ رہے
زمانہ آج فراموش و درگذر کردے — ترا گناہ جو تجھ کو پکارتا نہ رہے

(20)

بیجا طلب سے زعمِ سخا سے بلند ہے — فکرِ حیات و خوفِ قضا سے بلند ہے
مسجود ہے ملک کا تو اے بندۂ خدا — تیرا مقام شاہ و گدا سے بلند ہے

(21)

نظمِ حیات ہے یہی سلسلۂ حیات میں — وقت نے بہرِ آگہی فکر سا رہنما دیا
تختی راہ ایک تھی میرے تمھارے واسطے — جس کا تھا دل بڑھا ہوا اس نے قدم بڑھا دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(22)

وہ پختہ کار جو عزمِ صمیم رکھتے ہیں    کسی فضا میں بھی بیدل نہیں ہوا کرتے
ابھی بہت ہیں یہ دو چار آخری سانسیں    خدا نخواستہ کیوں ترک مدعا کرتے

(23)

بقا ہے کس کو فقیری ہو یا امیری ہو    نہ بوریئے کی حقیقت ہے کچھ نہ کرسی کی
رہا مزاج نہ کوئی مزاج داں باقی    جب آ کے پیک اجل نے مزاج پرسی کی

(24)

رمضاں کی ہے کس قدر عظمت    ان سے کہنا ہے جو نہیں آگاہ
ہر مہینہ کو ہم سے نسبت ہے    یہ مہینہ مگر ہے شہر اللہ

(25)

کیا موت زندگی کے ستارے چمک گئے    مولا مری نگاہوں سے پردے سرک گئے
مدہوش ہی سہی مگر اتنا تو یاد ہے    تم ہاتھ تھام کر مرا منزل تلک گئے

(26)

بہت اونچا بہت اونچا ابھی انساں کو جانا ہے    دماغوں کی عمل داری ہے حکمت کا زمانا ہے
فسادِ ارض کی رفتار سے ہم نے تو یہ سمجھا    جبینِ ماہ پر بھی خون کا ٹیکہ لگانا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قطعاتِ شاعر

(1)

وہ احترام ادب کا وہ لطفِ سخن گیا    وہ یادگار عہدِ سلف بانکپن گیا
اس دور کے مشاعرے اللہ کی پناہ    شاعر اب ایک آلہ تفریح بن گیا

(2)

جس دور سے گزر کے ہم آئے ہیں ہم نشیں    نشتر ہے آج حافظے میں اس کی یاد بھی
اس دور میں سنا ہے تغزل کے ساتھ ساتھ    ملتی ہے شاعروں کو ترنم کی داد بھی

(3)

تجھے مکارمِ اخلاق آدمی کی قسم    کسی حقیر تمنا کو زندگی نہ بنا
کسی کے در پہ نہ جا مجتمِ داد کی خاطر    کمالِ شعر و سخن کو گداگری نہ بنا

(4)

دعوتوں کا وہ تسلسل ہے کہ خالق کی پناہ    خواب و خور اپنی خوشی سے امر مشکل ہوگیا
حضرت سائل کا مصرع یاد آتا ہے مجھے    شعر کہنا حیلہ روزیِ سائل ہوگیا

(5)

آج کہلاتی ہے بے راہ روی اسٹائل    اب زمانے کو ہے مرغوب یہی اسٹائل
بات اکھاڑے سے یہ بزم شعرا تک پہنچی    شعر بھی ہونے لگے اب تو فری اسٹائل

(6)

محفل کا لطف کیا ہے جو شور و شغب نہیں    شاعر کو کسرِ شان کا احساس بھی نہیں
جی بھر کے کیجیے بے ادبی کے مظاہرے    اس دور کا مشاعرہ بزمِ ادب نہیں

---

سائل: نواب سراج الدین احمد خاں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(7)

شاعر کوئی بے مدحت حیدرؑ نہیں ہوتا — ہر سیفِ زباں صاحب جوہر نہیں ہوتا
حق بات پہ ہم کرتے ہیں دل کھول کے تعریف — کم ظرف کوئی شیعۂ حیدرؑ نہیں ہوتا
پروا نہیں دنیا کی محبانِ علیؑ کو — ملتے ہیں وہاں باغ یہاں گر نہیں ہوتا
قرآن سے بے فیض ہیں کتنے ہی مسلماں — اک حرف مودّت بھی میسر نہیں ہوتا

(8)

کچھ ترنم کچھ تمسخر کی روش درکار ہے — آج اہلِ ذوق کو سنجیدگی سے عار ہے
اور سب کچھ ہو چکا اس دور ناہموار میں — رقص بھی کرنے لگے شاعر تو بیڑا پار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# ولائی قطعات

(1)

محبت پر بنا رکھی ہے جس نے بزمِ ہستی کی — کوئی اس کا بھی ہو محبوب فطرت کا تقاضا ہے
سمجھتا ہے ہر اہلِ دل مسلماں اس حقیقت کو — محبت اس کی عزت ہے تولّا در تولّا ہے
مودّت ہے اگر جاری رہے نغمہ مودّت کا — کوئی سنتا نہیں سنتا اب اس کا سوچنا کیا ہے
یہ مدحت اور مودّت ہے اگر امیدِ جنت میں — یہ دردِ دل نہیں ہے مجھ دردِ دل کا سودا ہے

(2)

ہائے وہ جام تولّا کہ لنڈھانے والے — یاد رکھیں گے یہ ہمت بھی زمانے والے
پاؤں کٹتے تھے جب اس سمت کا رخ کرنے پر — سر کے بل جاتے رہے میکدے جانے والے

(3)

صوم و صلوٰۃ والے مری جستجو کریں — سب میکدہ میں میری طرح ہاؤ ہو کریں
ڈوبا ہوا ہوں بادہ خُمِ غدیر میں — دامن نچوڑ دوں تو فرشتے وضو کریں

(4)

جان ہے کیا عشق مولا میں بچانے کے لیے — میری ہستی درس ہوگی اک زمانے کے لیے
اے تولا کے سمندر اے غدیرِ دردِ دل — میں سہارا چاہتا ہوں ڈوب جانے کے لیے

(5)

علی کے نام کا رندوں میں بھی اثر دیکھا — زبانِ اہل تصوف پہ جلوہ گر دیکھا
میں ہاؤ ہوئے نصیری میں ہوگیا شامل — بہت گناہ تھے یہ بھی گناہ کر دیکھا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

پوچھے کوئی خلوص کے جذبے کدھر گئے
مولاؑ کا نام آتے ہی دل جیسے مر گئے

رجعت کا دن بھی اہلِ ولا کی نظر میں ہے
ابھرا جو آفتاب تو چہرے اتر گئے

(7)

ڈرتا نہیں وہ سر کہ جبیں سے وقت کی
ساقی کے در پہ چودہ جو صدیاں گزار دے

اترے جو سر بھی تن سے تو آئے گی یہ صدا
یہ وہ نشہ نہیں جسے ترشی اتار دے

(8)

وہ کافر ہے جسے پینے سے کچھ انکار ہو ساقی
جسے توفیق ہے وہ میرا حصہ دار ہو ساقی

ابھی میں چاردہ صد سالہ تقریب مسرت میں
گلا رکھتا ہوں موجِ مے اگر تلوار ہو ساقی

(9)

عشقِ حسینؑ سے نہ اگر ابتدا کرے
نا اہل ہے جو نیت عشقِ خدا کرے

مسلم رہے گا کتنی نمازیں قضا بھی
کافر ہے جو نماز مودت قضا کرے

(10)

ایسا تو سر بلند نہیں ہے کسی کا نام
اس نام سے بلند ہے پیغمبری کا نام

اس وقت دوسروں سے توسل سہی مگر
مشکل کا وقت آئے تو لیا علیؑ کا نام

(11)

گردن مینا میں ہیں کچھ ہاتھ ڈالے اک طرف
کچھ ہیں تسبیح و مصلا کو سنبھالے اک طرف

مشق سجدوں کی کہیں ہے دورِ ساغر ہے کہیں
خانقاہی اک طرف میخانے والے اک طرف

(12)

وقف کرکے جان و دل قربان جانے کے لیے
سب سے باز آیا اسے اپنا بنانے کے لیے

یہ غدیرِ خم کے میکش کو ہے ساقی سے امید
روٹھ جاؤں گا تو آئے گا منانے کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# سماجی قطعات

(1)

اٹھاتا ہوں قلم جب میں کسی تحریر کی خاطر ‏ زباں جب کھولتا ہوں بزم میں تقریر کی خاطر
دل اپنا تھام کر مولاؑ کا دامن تھام لیتا ہوں ‏ جب ایسا وقت نازک ہو علیؑ کا نام لیتا ہوں

(2)

اپنے مسکن کو بنایا بارگاہِ اصغرؑی ‏ میر سلطاں علی نے کی ہے یہ صورت گری
آپ کے فرزند جن کا نام نامی بوتراب ‏ جو ولائے اہلبیتِ مصطفیٰؐ میں تھے جری
اس کے حق میں وقف کر کے یہ مکان و جائیداد ‏ پا گئے کچھ اور ارباب ولا میں برتری
اور فکر و غور اگر کرتے نوشتِ انتخاب ‏ اس سے بہتر نام ہوتا بارگاہِ بوتراب

(3)

اس مہینہ میں حکمِ خدا سے ہوتی ہے ‏ بتولؑ و رضیہؑ و مرضیہؑ کی سالگرہ
یہ سیّدہؑ کا مہینہ ہے اس کے صدقے میں ‏ مبارک آپ کو ہو سیّدہؑ کی سالگرہ

(4)

خوشی پر غم کا نرغہ ہے خوشی فریاد کرتی ہے ‏ یہ کیسی زندگی ہے زندگی فریاد کرتی ہے
منائے جا رہے ہیں یوم مولاؑ تیرے دشمن کے ‏ تجھ سے دوستوں کی بے بسی فریاد کرتی ہے

(5)

موجیں دکھا رہا ہے گنگ و جمن کا سنگم ‏ اب کیا جلا سکیں گے طعنوں کی آگ والے
پی جائیں جامِ الفت پیاسے کہاں ہیں آئیں ‏ دل کی لگی بجھانے اٹھے پراگ والے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

تو جہاں میں عیشِ جنت پائے جا    ذکرِ دوزخ سے ہمیں دھمکائے جائے
رات دن سودا کیے جا کفر سے    رات دن ایمان کے گن گائے جائے

(7)

مذہب کے بھی چپو کا سہارا لوں گا    اپنے مطلب کی ناؤ کھینے کے لیے
اے دوست یہ لین دین آسان نہیں    سب کچھ دے دوں گا ووٹ لینے کے لیے

(8)

ادھر شرمندۂ تاثیر تقریریں نہیں ہوتیں    یہاں ہر شئی کی قیمت رات دن چڑھتی ہی جاتی ہے
کیے جاتے ہیں جس تیزی سے نظم و ضبط کے وعدے    گرانی بھی اُسی رفتار سے بڑھتی ہی جاتی ہے

(9)

کیا غلط تصور ہے حریت کا بھارت میں    عقل کیا کہیں تھک کر سو گئی ہے کچھ دن سے
زر زمیں زن پہلے تھے فساد کا باعث    اب زبان بھی شامل ہوگئی ہے کچھ دن سے

(10)

بنی آدم ہیں سب لیکن یہ کیسی آدمیت ہے    فسادوں کے لیے دو دن کی دنیا میں بھی فرصت ہے
لڑائی اختلافِ مذہب و ملت پہ کیا معنی؟    جسے کہتے ہیں مذہب وہ محبت ہی محبت ہے

(11)

تجارت بڑھتی جاتی ہے محبت گھٹتی جاتی ہے    خدا کے منتخب مرکز سے دنیا ہٹتی جاتی ہے
جہاں بھی سلسلہ ہے فرقہ وارانہ فسادوں کا    وہاں اپنی چھری سے اپنی گردن کٹتی جاتی ہے

(12)

مطالبات کا دریا چڑھا ہوا ہے بہت    ہوئی ہیں ملک میں کتنی ریاستیں تعمیر
یہی رہے گا زبان و بیاں کا پاس اگر    نہ جانے کتنی زبانیں ابھی ہوں دامن گیر

(13)

اکلا ہے فتح کرنے پہاڑوں کو قافلہ    یہ بھی ضرور عزم و عمل کا نشان ہے
عزم و عمل کی راہ میں ''بھاوے'' کو دیکھیے    دل فتح کر رہے ہیں یہ پیری میں جان ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(14)

بشر کو اپنی طاقت پہ ناز کیا معنی     کہاں سے آئی یہ طاقت خدا کے حکم بغیر
ہر اک ذرہ اطاعت میں ہے کمر بستہ     وہ جس دیار کو چاہے بنادے غار دیر

(15)

وقت کے ہاتھ نے کیا خوب یہ الٹا ہے ورق     طالب علم بھی دیتے ہیں سیاست کا سبق
اب وہ تعمیر کا اقدام کہ تخریب کا ہو     ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق

(16)

خود کشی قتل فسادات الٰہی توبہ     یہ ہیں آزادی کے دن رات الٰہی توبہ
کل جو امیدیں تھیں آج ان پہ ہنسی آتی ہے     وہ خیالات یہ حالاتِ الٰہی توبہ

(17)

سوتیر ہے نزول بلا تک پڑے ہوئے     آنکھیں کھلیں جو وقت کے تیور کڑے ہوئے
اربابِ حل و عقد کی منزل نہ پوچھیے     بیٹھے سب آ کے باتیں ہوئیں اٹھ کھڑے ہوئے

(18)

کیا مستقل مزاج حکومت ہے واہ واہ     تعریف کا مقام ہے بے ریب و اشتباہ
نازک ہے ہر لحاظ سے یہ دور حاضرہ     اتنے مطالبے ہیں کہ اللہ کی پناہ

(19)

بے انتہا ہے زیست کا بگڑا ہوا نظام     ان کا قصور کیا ہے جو بے چین ہیں عوام
چاروں طرف سے ایک ہی آواز ہے بلند     کب ہوگی قیمتوں میں اضافہ کی روک تھام

(20)

وسعت ہے جن کے قلب میں جو ہیں نظر بلند     ان کا وقار ہوتا ہے شام و سحر بلند
حق بات کہہ کے سب کی نگاہوں پہ چڑھ گئے     کیوں ہوں نہ پھر جہاں میں "چرن سنگھ"[1] سر بلند

---

[1] مرادآباد کے فساد پر اسمبلی میں چرن سنگھ کی حق گوئی کا واقعہ سن کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com     http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(21)

اچھا ہے دل میں آپ کے ہے درد ویٹنام　　سب چاہتے ہیں جنگ کی ہوجائے روک تھام
اپنے وطن کے حالِ زبوں پر بھی اک نظر　　اتنی تو فکر کیجئے کھائیں گے کیا عوام

(22)

کسی پرچہ میں دیکھی اک خبر جس کا یہ مطلب ہے　　غریبوں کی پریشانی سے کچھ مطلب نہیں ہوگا
اضافہ خوردنی اشیاء میں چاہے جتنا ہوجائے　　مگر موٹر کی قیمت میں اضافہ اب نہیں ہوگا

(23)

جدھر اٹھایئے نظریں زباں کا جھگڑا ہے　　غرض یہ ہے کہ حکومت ہمارے ساتھ چلے
مطالبہ کا مگر یہ عجیب ہے انداز　　زبان چل نہیں سکتی اگر تو ہاتھ چلے

(24)

خودکشی قتل کوئی حادثہ سیر و سفر　　زیست محفوظ گھروں کی ہے نہ بازاروں کی
صبح ہی صبح یہ ہے ذوقِ نظر کی دعوت　　سرخیاں خون ہوئی جاتی ہیں اخباروں کی

(25)

زخمِ دل ناتواں سیو سینے دو　　جی بھر کے مئے سکوں پیو پینے دو
کوشش بجا ہے امنِ عالم کے خلاف　　مفہومِ حیات ہے ”جیو جینے دو“

(26)

سرکار یہ آزادئ جمہور نہیں ہے　　دستور یہ انداز دستور نہیں ہے
اس دور میں رکشا کا چلانا بھی ہے مشکل　　رکشا ہی ہماری تمہیں منظور نہیں ہے

(27)

سیم و زر کے جھاڑ سے منہ موڑ لیں　　کیوں نہ ہر قیمت پہ رشتہ جوڑ لیں
تاک میں ہیں اچھے اچھے پاکباز　　ڈال ہاتھ آئے تو ڈالر توڑ لیں

(28)

اچھا نہیں ہے روز نیا راگ چھیڑنا　　بیجا ہے اتحاد کے مشرب سے دشمنی
بھارت خدا کے ماننے والوں کا ملک ہے　　تحریک ریڈ گارڈ ہے مذہب سے دشمنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(29)

اختلاف مذہبی کے باوجود    ملک کی تنظیم کو سب ایک ہیں
اپنے بھارت کی حفاظت کے لیے    سارے مذہب اہل مذہب ایک ہیں

(30)

مالک ہے کوئی میرا اتنی خبر نہیں ہے    کتنے ہیں مجھ پہ احساں کیا مانتا نہیں ہوں
میرا گناہ سمجھے دنیا کہ بے گناہی    میں جانتا ہوں اس کو پہچانتا نہیں ہوں

(31)

مانا کہ ربط ہے مجھے سارے جہاں کے ساتھ    سن لو کہ یہ میرا دل ہے ہمیشہ زبان کے ساتھ
سارا جہاں حسین مرقع سہی مگر    ہندوستان کی بات ہے ہندوستاں کے ساتھ

(32)

کیا حادثوں کا زور ہے اللہ کی پناہ    کل تک جو تھا سکون میسر نہیں ہے آج
انسان ہی مخالف انسانیت نہیں    فطرت بھی کائنات پہ چیں بر جبیں ہے آج

(33)

فکر کی زور آوری میں علم کے پندار میں    اپنی اپنی بانسری ہے اپنا اپنا راگ ہے
ایک شعلہ بن کے رہ جائے نہ یہ دنیا کہیں    جذبۂ حب وطن کیا ہے بھڑکتی آگ ہے

(34)

غلط کاری غلط کاری کا بدلہ ہو تو کیا حاصل    غلط انسان اپنے نفس کی تسکین کرتے ہیں
بڑے ناداں ہیں جو قانون اپنے ہاتھ میں لے کر    خود اپنے ملک کے قانون کی توہین کرتے ہیں

(35)

اسیر جنگ لومبا کے قتل ہونے سے    جسے بھی دیکھئے ہے اس بہیمیت کے خلاف
جو غیر ملک سے رکھتے ہیں اتنی ہمدردی    فساد گھر کا بھی روکیں ذرا قصور معاف

(36)

ہمت و عزم تو ہے سعی کا امکان تو ہے    عزت نفس ہے محفوظ یہ ایقان تو ہے
آپ سے زاویۂ فکر جدا ہے میرا    بینک بیلنس نہیں تن میں مگر جان تو ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(37)

عمل کی جگہ انجمن سازیاں ہیں / کھلونے بناتے ہیں بہلانے والے
مداوا ہے اتنا غریبوں کی خاطر / ترس کھا رہے ہیں ترس کھانے والے

(38)

لاکھ فرقے ہوں خدا ایک ہے پیغمبر ایک / ایک قرآن کی تنزیل کا اقراری ہوں
ایک قبلہ کی طرف سب کی پڑھاتا ہوں نماز / وزن توحید سے کونین پہ میں بھاری ہوں

(39)

جو وطن کا دوست ہو اہلِ وطن کا غمگسار / فرقہ وارانہ تعصب سے ہو جس کے دل کو عار
وہ جوانِ قوم جس کا حسن ہو انسانیت / زندگی اس کی عروسِ موت ہے اس کا سنگھار

(40

دولت برطانیہ بھی مضطرب / امریکہ بھی ہے پریشاں روس بھی
رفتہ رفتہ ساری دنیا کے لیے / ایک خطرہ بن گیا لاؤس بھی

(41)

دل مانتا نہیں کہ نہ تائید ان کی ہو / جن کو ہے اپنی جان سے پیارا مطالبہ
انصاف کی یہ بات ہے سکھ حق پہ ہیں اگر / ان کا مطالبہ ہے ہمارا مطالبہ

(42)

دنیا کو اعتراف پڑوسی کے حق کا ہے / اس حد پہ آکے ختم ہے بیگانگی کی بات
سب کو پسند آئے نہ آئے یہ مشورہ / دل کو ضرور لگتی ہے ثنوری کی بات

(43)

عمریں ہوئیں ہیں جن کی زر و سیم میں بسر / دیکھو تو ایسے درد کے ماروں کی خودکشی
کسی موڑ پر یہ آج غذائی سوال ہے / حیرت میں ڈالتی ہے ستاروں کی خودکشی

(44)

انداز تو سوال کا ایسا بُرا نہیں / اللہ جانتا ہے اثر اُن پہ ہو نہ ہو
بیٹھے رہو کے بعد ہے دہلی چلو کی دوڑ / اس کا جواب خیر سے "آگے بڑھو" نہ ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(45)

کس درجہ بدنما ہے بنارس کا واقعہ　　اچھا کیا سلوک یہ علم و ہنر کے ساتھ
تاریخ میں رہے گا لطیفہ کی شاقسے　　قدر اساتذہ بھی گھٹی قدر زر کے ساتھ

(46)

کسی سے پر چاپلوسی اور کسی پر رعب کی بارش　　یہی اس دور کے کچھ لیڈروں کی رہنمائی ہے
حکومت اور پبلک میں بنے ہیں واسطہ لیکن　　کہیں ہے بندگی ان کی کہیں ان کی خدائی ہے

(47)

کیپ ٹاؤن سے یہ آئی ہے خبر　　کل ''سیاست'' میں اسے دیکھا گیا
یہ سنا ہے اک جواں لڑکی کا دل　　اک جواں تقدیر بوڑھا پا گیا

(48)

ہر حکومت کے لیے وجہ سعادت بن جائے　　ملک والوں کے لیے عین ضرورت بن جائے
حال کھل جائے جو سازش کا تو بدعت ٹھہرے　　کامیابی جو میسر ہو تو رحمت بن جائے

(49)

سمجھ میں کچھ نہیں آتا یہ ماجرائے خطاب　　کوئی خلاف ہو یا کوئی ہمنوائے خطاب
وہاں خطاب کی داد دہش کے کیا معنی　　جہاں مخالف دستور ہو عطائے خطاب

(50)

اضطرابی دور میں ہے ہر حکومت کا نظام　　دیکھیے کب تک رہے تنظیم کہنہ کا قیام
نوجوانوں کا یہی رجحان ہے اب ہر طرف　　روس کو تسلیم کیجیے امریکہ کو ہو سلام

(51)

اک مسلماں روس میں اسلام کا بدخواہ ہے　　علم قرآں کو مضر کہتا ہے کیا گمراہ ہے
کام اس خود کام کا جو کچھ ہے ظاہر ہے مگر　　واہ رے جبر مشیت نام عبداللہ ہے

(52)

نظم فطرت ہے یہی کچھ عیب ہوتا ہے ضرور　　ہر فضا میں حسن کی صورت گری کے ساتھ ساتھ
یہ تعصب کی نگاہوں میں ہے سو عیبوں کا عیب　　لفظ مسلم بھی ہے یونیورسٹی کے ساتھ ساتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(53)

دوگانہ عید کا ملبوس نو چہرے پہ تابانی
گلے ملنا مسرت میں یہ سب کچھ سر بسر حق ہے
کوئی ماحول ہو سرمایہ داری ہو کہ مزدوری
اگر پاکیزگی ہے نفس میں بھی عید برحق ہے

(54)

صدر جمہوری ہو کوئی شاہ ہو یا ہو وزیر
ہم غریبوں کی طرح آرام سے سوتا نہیں
حکمراں ہوتی ہے خود اس پر سیاست وقت کی
درحقیقت وہ کسی پر حکمراں ہوتا نہیں

(55)

دل میں کیا درد تھا کیا جذبۂ ہمدردی تھا
جب تلک خیر سے بگڑے ہوئے حالات رہے
آج بیگانہ پچتی ہے بلندی جن کی
وہ بھی کل تک یہی کہتے تھے مساوات رہے

(56)

کتنے قائد کتنی تحریکیں ہیں کتنا اختلاف
اپنے بھارت کی زمیں ہے آج کل دشت مصاف
مستقل ہے صوبہ داری مسلکوں کا سلسلہ
یہ ترقی کے نہیں آثار گستاخی معاف

(57)

خلوص کی ترے اقدام میں کمی تو نہیں
خیال و خواب میں تدبیر برتری تو نہیں
جو ملک و قوم کی خدمت کو کھینچتی ہے تجھے
وہ زندہ باد کے نعروں کی دلکشی تو نہیں

(58)

دنیائے محبت میں ہے جلوہ نما بھارت
دیتا ہے زمانہ کو پیغامِ وفا بھارت
بے مصرف و نا واجب الزام نہ دے کوئی
ہو جائے اگر برہم بھارت ہے مہا بھارت

(59)

وہاں اے دوست کسی دل سے روا ہے جشنِ آزادی
جہاں انسان ملک و قوم کی تفریق فرمائے
ہمارا قصد بھی ہے یوم آزادی منانے کا
اگر ہر ملک میں انسانیت کا راج ہو جائے

(60)

یہودی بھی یہاں ہیں پارسی بھی ہیں مسیحی بھی
ہر اک فرقہ اسی بھارت میں میٹھی نیند سوتا ہے
یہ ارباب نظر میں مسئلہ ہے غور کے قابل
تصادم جب بھی ہوتا ہے مسلمانوں سے ہوتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(61)

ہاتھ کیا آتا ہے تقریر کے ایوانوں سے — بات بنتی نہیں تحریر سے عنوانوں سے

درس و تدریس بہت اور عمل ہے مفقود — کام چلتا نہیں ان کاغذی انسانوں سے

(62)

وہ کیسی سرزمین ہے جس میں یوں دن رات ڈھلتے ہیں — فقط دعووں کی حد تک شرع کے احکام چلتے ہیں

جہاں با ضابطہ ہے احترام کعبہ و زمزم — وہیں سے رقص و موسیقی کے بھی چشمے اُبلتے ہیں

(63)

کتنے بھارت میں ہوئے سال کے اندر یہ فساد — پِسی جائے گی مسلسل اقلیت کب تک

اب تو اربابِ حکومت کوئی تدبیر کریں — منتخب لفظوں میں تبلیغ و ہدایت کب تک

(64)

بمبئی تک آنے جانے میں کشش اک یہ بھی ہے — حسن فطرت رونما ہوتا ہے کس کس ٹھاٹ سے

محو ہوجاتی ہیں سب طول سفر کی زحمتیں — ریل گاڑی جب گذرتی ہے کھنڈالا گھاٹ سے

(65)

یہ فکر و نظر کی دنیا ہے عنوان بدلتے رہتے ہیں — سب زور یہاں امکان پہ ہے امکان بدلتے رہتے ہیں

امکان کا بھی چلتا نہیں بس عنوان دھرا رہ جاتا ہے — دنیا سے بڑی اک طاقت فرمان بدلتے رہتے ہیں

(66)

بھارت کی زندگی میں وہی انتشار ہے — جب دیکھئے فساد ہی بروئے کار ہے

درکار شست و شو کو ہے کتنا لہو بھی — اے چارہ گروں میں کہاں تک غبار ہے

(67)

یہ عیش پہ ہے بھروسہ یہ غم سے بے ربطی — نظر میں گردشِ لیل و نہار ہے کہ نہیں

اسی اصول پہ تسکین خواہشات کو دو — خزاں کسی کی، کسی کی بہار ہے کہ نہیں

(68)

یاد ہے عہد گذشتہ بھی ہمیں — آپ کا بھی عہد زیر غور ہے

سوچتے ہیں فیصلہ ہوتا نہیں — قابلِ تعریف کس کا دور ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(69)

ان اہلِ اقتدار سے کہنا ہے یہ ہمیں — چمٹے ہوئے ہیں شوق میں جو اپنی سیٹ سے
اس شغل سے ملے کبھی فرصت تو سوچیے — فرصت ملے گی دیس کو کب مار پیٹ سے

(70)

اس مرتبہ ہوا ہے نئی شان سے درود — لائے کہیں نہ کوئی خرابی مرن برت
اب سلسلہ چھڑے گا سوال و جواب کا — میداں میں آگیا ہے جوابی مرن برت

(71)

جسارت گرچہ یہ ترکِ ادب معلوم ہوتی ہے — نکل جاتی ہے منہ سے بات جب معلوم ہوتی ہے
کسی کا اشتیاقِ خود نمائی ہے مری ہستی — بظاہر اک عطائے بے سبب معلوم ہوتی ہے

(72)

ہندوپاکستان کا مل جل کے عنوانِ دفاع — یہ نئی تجویز بے چون و چرا دلچسپ ہے
جو مدبر ہیں مخالف اس نئی تجویز کے — ان میں "بخشی جی" کا لہجہ بھی ذرا دلچسپ ہے

(73)

مرحبا ڈاکٹروں اور حکیموں کا وجود — پردہ بن جاتے ہیں اکثر یہ گنہگاری کا
شکر کی جا ہے کہ ماہِ رمضان آتے ہی — مل گیا سرٹیفکٹ رخصت بیماری کا

(74)

تجھ سے ہے رشتہ اخوت کا اگر — بے حسی میں رہ نہ جائے ٹوٹ کر
دانۂ گندم سے ہیں محروم آج — پھانکتے تھے کل جو موتی کوٹ کر

(75)

بہت برا ہے یہ شیوہ منافقت ہے یہ — کہ دوستی کی ردا میں ہو دشمنی لپٹی
کوالکر[1] کا بیاں قابلِ ستائش ہے — کہی وہ بات کہ رکھی نہیں لگی لپٹی

---

[1] کوالکر: ہندوستانی قائد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

(76)

جھوٹ سچ سے قوم کو بھڑکائے جا　　مورکھوں سے لیڈری منوائے جا
اپنے دامن پر بھی چھینٹ آنے نہ دے　　دوسروں کو خون میں رنگوائے جا

(77)

ابھی اس دور میں ایسے بھی کچھ انساں ہیں ورنہ　　ہمارا حال کچھ ہوتا کسی کے چوٹ کیا لگتی
خدا کی شان کتنے راست کو حق آشنا نکلے　　کسے امید یہ تھی کوئی کہہ دے گا خدا لگتی

(78)

وطن سے عشق ہو انسانیت سے انساں سے　　نصیب ہتا ہے جو کچھ بھی جس کے بھاگ میں ہے
اگر یقیں نہ ہو "بھاوے" سے پوچھئے جا کر　　عجیب لطف محبت کی دوڑ بھاگ میں ہے

(79)

کچھ رنگ شیروانی پہ ہولی کا پڑ گیا　　چیں برجبیں ہوا تھا کہ شرمائی نظر
دیکھا جو میں نے غور سے اے دوست کیا کہوں　　دھبے ملے گناہوں کے دامن پہ کس قدر

(80)

ہمیں تو خیر سے تبخیر بھی تھی نزلہ بھی　　کسے خبر کدھر آیا کدھر گیا رمضاں
وہ ڈاکٹر کی عنایت ہو یا طبیب کی ہو　　خدا کا شکر بہ عزت گذر گیا رمضاں

(81)

ہر چیز کی ہے نقل ہر اک شئی میں ملاوٹ　　دنیا میں ہے کیا صنعت و حرفت کی ترقی
ہر فکر و نظر کے لیے ہے غور کے قابل　　یہ علم کی کثرت ہے جہالت کی ترقی

(82)

وہی سمجھیں گے اس الزام اس تنقید کا مقصد　　جو اس کی بات کو کچھ بات کی تہہ تک سمجھتے ہیں
یہ بدعنوانیاں ایران کی دیمک سہی لیکن　　بہت نقاد امریکہ کو بھی دیمک سمجھتے ہیں

(83)

اتحادی گیت اردو ہی میں گائے جائیں گے　　مثل ماضی شان ہوگی حال و استقبال کی
دے جزائے خیر اس اُردو کے حامی کو خدا　　کس قدر سندر تھی یہ تقریر سندرلال کی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(84)

بھوک ہڑتال ایسا نسخہ ہاتھ آیا ہے ہمیں
جو ہر اک آب و ہوا میں کارگر ہے بے عدیل
حق ہو یا ناحق ہو اپنی بات منوا لیجیے
ہر مرضی کی ہے دوہر ایک دعوے کی دلیل

(85)

قمار بازی ہو ناناوتی کے کیس میں بھی
جوے کی بات کہاں سے کہاں پہ آٹھہری
کہا تھا کیا اسی دن کے لیے یہ شاعر نے
کسی کی جان گئی آپ کی ادا ٹھہری

(86)

اہل زر جو ہیں انہیں زر کار جامہ چاہیے
لیڈروں کو سوٹ واعظ کو عمامہ چاہیے
ہم سے تم کیا پوچھتے ہو عید کے دن بھی ہمیں
ایک نامہ دوست کا اِک روز نامہ چاہیے

(87)

جتنی زمیں دبائی بڑھی خلق کی نمود
اس طرح گرم و سرد جہاں کو سموتے ہیں
دعوت قبول کرلی ہے چواین لائی نے
کچھ باذاق آدمی معلوم ہوتے ہیں

(88)

رخصت ہے اب قدامت ہر سانس آخری ہے
بے چین ہے تمدن تہذیب رو رہی ہے
کچھ بڑھ گیا ہے خطرہ بوڑھوں کی آبرو کا
ہر نوجواں نے اپنی ٹوپی اتار لی ہے

(89)

وہیں تحریک ترک اسلحہ بھی
وہیں ہے قوت بَم کی نمائش
فضائے امن کیا پیدا کرے گی
یہ دھمکی اور ہم ڈُم کی نمائش

(90)

محبت اتحاد و قوم کا جذبہ ہے بنیادی
دعا مانگو محبت کی بڑھے بھارت کی آبادی
تعصب فتنہ انگیزی گرانی ہوگی جب رخصت
منایا جائے گا اُس دن حقیقی جشنِ آزادی

(91)

کوئی ہے پوچھنے والا وطن میں
یہاں بے موت کتنے مر رہے ہیں
ذرا گھر میں بھی تو چل پھر کے دیکھیں
جو دنیا بھر کا دورہ کر رہے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(92)

بات ہو اختلاف آرا تک — نہ کہ لفظوں کی گرم بازاری
کس قدر بڑھ چلی ہے بھارت میں — "واک آؤٹ" کی تیز رفتاری

(93)

میری طرف سے کہہ دے کوئی یہ ان سے جا کر — کرتے ہیں جو ملاوٹ اشیائے خوردنی میں
سنگین جرم ہے یہ ہلکا اسے نہ سمجھیں — اس کا شمار بھی ہے بھارت کی دشمنی میں

(94)

تاگا جو محبت کا کبھی ٹوٹ گیا — دم بھر میں بنی بات بگڑ جائے گی
پہلے تو ہے جوڑنا ہی مشکل اے دوست — اور جُڑ بھی گیا تو گانٹھ پڑ جائے گی

(95)

چپراسی کا لفظ آج مطبوع نہیں — اس عہدے کو معتبر کہا جائے گا
کیا اردو زباں کی عزت افزائی ہے — چپراسی پیامبر کہا جائے گا

(96)

اہل جہاں نے آج گھٹا دی ہے قدر زر — ڈوبے ہوئے اگرچہ ہیں دولت کی چاہ میں
اُن کا ہے قول جن کا توکل خدا پہ ہے — بے قدر ہے ازل سے ہماری نگاہ میں

(97)

فطرت ہی آدمی کی ہے صورت گرِ وطن — دل کو نہ کیوں عزیز ہو ہر منظرِ وطن
تکلیف بھی اگر ہو تو آرام ہی سمجھ — بھارت کی سرزمیں ہے تری مادرِ وطن

(98)

ہر مرض کی ہے دوا ایک اکیلا نسخہ — بو علی سینا بھی لکھ سکتے نہ ایسا نسخہ
جا ہو بے جا ہو نکل آتا ہے ہر کام اے دوست — بھوک ہڑتال کا ہاتھ آیا ہے اچھا نسخہ

(99)

بہت آساں ہے جلتی دھوپ کو برسات کہہ دینا — ضرورت ہو اگر جائز ہے دن کو رات کہہ دینا
بشر وہ غیر معمولی بشر ہے جس کا شیوہ ہو — سیاست کی فضا میں رہ کے سچی بات کہہ دینا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(100)

مشہور ہے تمدن و تہذیب میں جو ملک　　تعریف کیا کرے کوئی اُس کے نظام کی
بد نام کررہا ہے وہ انسانیت کا نام　　اب تک نہ جنگ بند ہوئی ویتنام کی

(101)

عقل سے انسان کوسوں دور ہے　　اپنے عہدے پر اگر مغرور ہے
اب وہ چپراسی ہو کوئی یا وزیر　　کام کی اجرت جو لے مزدور ہے

(102)

نشہ دولت کا اُتر جائے تو جنت ہوجائے　　ظلم کی آگ ٹھٹھر جائے تو جنت ہوجائے
میرے سر آنکھوں پہ جنت کی توقع لیکن　　یہی دنیا جو سنور جائے تو جنت ہوجائے

(103)

کیسا بدل گیا ہے بڑے بھائی کا مزاج　　مشکل انہیں زبان کی ہے روک ٹوک بھی
پھرتے تھے ننگے پاؤں ابھی کل کی بات ہے　　جوتی بھی اب ہے پاؤں میں جوتی میں نوک بھی

(104)

آسائش وطن کی ہر اک کو جستجو ہے　　جائیں گے کیوں یہاں سے یہ کیسی گفتگو ہے
اچھے ہوں یا بُرے ہوں دونوں یہیں رہیں گے　　اب اتحاد ہی میں اس گھر کی آبرو ہے

(105)

ترقی کا سبق بھارت کی پبلک پڑھتی جاتی ہے　　سیاست اس کی دنیا کی نظر پر چڑھتی جاتی ہے
نکل جائے گی اک دن دوڑ میں ہر ملک سے آگے　　گرانی بڑھ گئی ہے بڑھ رہی ہے بڑھتی جاتی ہے

(106)

کردیتا ہے انسان اک انسان کو قتل　　لغزش کبھی ایسی بھی ہوا کرتی ہے
اُس قوم کے سنگ و سخت دل کو دیکھو　　جو دوسری قوم کو فنا کرتی ہے

(107)

تحریک لے کے آئے ہیں گورا بہت نئی　　جمہوریت ہو اور جماعت نہ ہو کوئی
اتنا بڑھا خلوص تو آئے گا وہ بھی دن　　پابند حکم سب ہوں حکومت نہ ہو کوئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(108)

اقبالؔ نے کیا ہے جو محکم یقیں کا ذکر — سوتنترا کا آج وہی ہے اصول کار
امید کو یقیں سے بدلتے ہیں اس طرح — دستور بن گیا ہے یہاں قبل اقتدار

(109)

قدرتاً حصہ ہے دونوں کا برابر ملک میں — لاکھ بیگانہ کوئی سمجھے یہ جب بھی ایک ہیں
غیر کا ہے قول اس کو مارک کر لیجئے ذرا — "مارک" فرماتے ہیں اردو اور ہندی ایک ہیں

(110)

اخبار پڑھ کے مجھ سے یہ اک دوست نے کہا — کس سے کہیں کہ کوئی علاج اس کا کیجئے
بڑھتی ہی جارہی ہے یہ تعداد خودکشی — جی چاہتا ہے اپنا گلا گھونٹ لیجیے

(111)

یوں دماغ و دل میں سب کچھ ہے خدا کے فضل سے — ولولے پرواز کے ہیں حوصلے تیزی کے ہیں
واقعہ یہ ہے ابھی آزادیٔ کامل نہیں — پہلے تھے انگریز کے قیدی اب انگریزی کے ہیں

(112)

ہر اک فضا میں گنہگار بیش و کم ٹھہرے — رہے یہ حال تو سینوں میں کیسے دم ٹھہرے
نوازشوں کا تسلسل ارے خدا کی پناہ — کہیں فساد ہوا ذمہ دار ہم ٹھہرے

(113)

کس طرح مٹے ہند سے یہ فرقہ پرستی — تقریر ہی تقریر ہے تدبیر نہیں ہے
حق بھی ہے زبانوں پہ تو اس کا ہے یہ عالم — الفاظ ہی الفاظ ہیں تاثیر نہیں ہے

(114)

ان کا یہ دور عیش سلامت — بیٹھے ہیں ہم سے کیوں منہ موڑ کے
یہ تو کچھ ایسی بات ہے جیسے — نام بڑا اور درشن تھوڑے

(115)

ذہنی ترقیوں کا یہ عنواں ہے دوستو — یہ کانگریس کا فتح نمایاں ہے دوستو
ذاکر حسین ہو گئے جمہوریہ کے صدر — اب اتحاد ملک درخشاں ہے دوستو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(116)

بھارت تمھارا دیس ہے اے طالبانِ علم — سن لو ذرا جو میری گزارش کا ہے نچوڑ
ایسا ہے اپنے دیس میں تخریب کا عمل — جیسے خود اپنے گھر میں کرے کوئی توڑ پھوڑ

(117)

کیسی خموشی کیسے اشارے — ہم حق کہیں گے ہانکے پکارے
سیکھے نہیں تم احساں کرنا — مرتے نہیں ہم تلوار مارے

(118)

قوم ہو اگر زندہ فرد فرد زندہ ہے — اہلِ دل کو دنیا میں اور چاہیے اب کیا
اپنی زندگی کو جو زندگی سمجھتے ہیں — وہ غریب سمجھیں گے زندگی کا مطلب کیا

(119)

تقریر و نغمہ کاری و تزئین و روشنی — وابستہ کیا انھیں سے شعورِ حیات ہے
جمہوریت کا جشن ہی ہوتا رہا تو کیا — جمہور کو سکون بھی کچھ ہو تو بات ہے

(120)

بمبئی حرفِ محبت کا بھی مصرف ہے کہیں — ایک طوفانِ تجارت عمل و قول میں ہے
دم گھٹا جاتا ہے اس داد و ستد سے میرا — سانس لینا بھی تو مشکل ترے ماحول میں ہے

(121)

مطربِ بزمِ سیاست کچھ خبر بھی ہے تجھے — غم کے راگوں کی ہے کثرت زندگی کے ساز پر
کیا اثر اُلٹا ترے اندازِ فن کاری کا ہے — فتنے بڑھتے جا رہے ہیں امن کی آواز پر

(122)

زہے بنیاد تقسیم لسانی — سب اپنا اپنا حق جتا رہے ہیں
کہیں اک دن برس جائیں نہ کھل کر — اکالی دلی کے بادل چھا رہے ہیں

(123)

اپنی اپنی ہر ایک کہہ جائے گا — ہر ضرب نئی سامعہ سہہ جائے گا
مٹ جائیں گی ساری اشتراکی قدریں — اسلام کا اشتراک رہ جائے گا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(124)

کتنے ہیں وہ فسانے جو بن گئے حقیقت　　کتنی حقیقتوں کو رُسوا کیا خدا نے
دنیا سمجھ رہی ہے یہ روس امریکہ　　بس دو حقیقتیں ہیں باقی ہیں سب فسانے

(125)

نونہالوں کے لیے یہ درس کی تنظیم ہے　　علم کی حد تک فقط افہام ہے تفہیم ہے
تربیت اک لفظ بے مفہوم ہے اس دور میں　　جس طرف بھی دیکھیے تعلیم ہی تعلیم ہے

(126)

مال حاضر تھا جان حاضر تھی　　ختم لیکن یہ سلسلہ نہ ہوا
وہ خریدار تھے ضمیر کے بھی　　میرا ان کا معاملہ نہ ہوا

(127)

محاذ جنگ ہو، اے ہم وطن یا صلح کی منزل　　وقار اپنا ہو جس میں وہ رہے پیش نظر صورت
حقیقت کیا ہے زر کی، جان بھی قربان کر دیں گے　　وطن کی لاج رکھتے ہیں بہر قیمت بہر صورت

(128)

جس دل پہ محبت کی ہو چھاپ اچھا ہے　　دنیا اچھی ہے تو جو آپ اچھا ہے
سو بات کی ایک بات سن رکھ اے دوست　　جھگڑا ہے بُرا میل ملاپ اچھا ہے

(129)

فطرت کے نظام سے ہے کتنا غافل　　دو روز کی زندگی پہ پھولا ہوا ہے
انسان کو قتل کرنے والا انسان　　کیسا اپنی اصل کو بھولا ہوا ہے

(130)

کیا ہے انسان اک انسان کو قتل　　لغزش کبھی ایسی بھی ہوا کرتی ہے
اس قوم کے سنگ وسخت دل کو دیکھ　　جو دوسری قوم کو فنا کرتی ہے

(131)

بے انتہا ہے زیست کا بگڑا ہوا نظام　　ان کا قصور کیا ہے جو بے چین ہیں عوام
کب ہوگی قیمتوں میں اضافہ کی روک تھام　　چاروں طرف سے ایک ہی آواز ہے بلند

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(132)

یہ سنتے ہیں۔ کیا پرنام گاندھی جی نے قاتل کو
رہے گی ہند کی تاریخ میں یہ داستاں باقی
سلام اس کو نہ سمجھو قوم کے منہ پر طمانچہ ہے
قرینہ ہے کہ صدیوں تک رہے جس کا نشاں باقی

(133)

کیوں کر نہ ارتباط وفا کے چلن سے ہو
انساں وہ کیا جسے نہ محبت وطن سے ہو
عزت رہے وطن کی محبت ہے اس کا نام
وہ جنگ ہو کہ صلح مگر بانکپن سے ہو

(134)

جو لوگ سیم و زر کے مہروں سے کھیلتے ہیں
مل جل کے وقت کی اب گاڑی ڈھکیلتے ہیں
لاکھوں کا کرتے تھے دل کھول کر جو سودا
دوکانیں بند کر کے اب تاش کھیلتے ہیں

(135)

فطرت ہی آدمی کی ہے صورت گرِ وطن
دل کو نہ کیوں عزیز ہو منظرِ وطن
تکلیف بھی اگر ہو تو آرام ہی سمجھ
بھارت کی سرزمیں ہے تری مادرِ وطن

(136)

متاعِ حال قرباں کر کے مستقبل بنانا ہے
بڑی ہل چل ہے دنیا میں بڑا نازک زمانہ ہے
تفکر سے تدبر سے قلم سے زور سے زر سے
کسی صورت بھی ہو بھارت کی عزت کو بچانا ہے

(137)

کیوں کر نہ کرے ناز و فصاحت اردو
سرمایۂ صد عزت و حرمت اردو
ہندی کی مٹھاس اور عربی کا اجلال
رکھتی ہے عجب طرح کی شوکت اردو

(138)

ارمان ہو لیکن نہ نکلنے والا
دل ہو نہ کبھی مگر بہلنے والا
ہستی ہے مثال شمع میری اے نجم
دن کو خاموش شب کو جلنے والا

(139)

حیرت ہے اگر پھول ہو خوشبو کے خلاف
شانہ کی روایات ہوں گیسو کے خلاف
دنیا کی ذرا ستم ظریفی دیکھو
اردو ہی میں گفتگو ہے اردو کے خلاف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(140)

کر مشق طلاقت وفصاحت اے دوست — مل جائے گا منصب سیاست اے دوست
تدبیر کا ذکر بے محل ہے بالکل — تقریر کی ہے آج حکومت اے دوست

(141)

اب بھی ہیں دنیا میں مذہب سینکڑوں — مرنے جینے کو خدا کے نام پر
دیدنی ہے انتخاب ریڈگارڈ — پہلا حملہ مذہب اسلام پر

(142)

اللہ کے وجودِ ذی جود کا عقیدہ — سنتے ہیں ہورہا ہے سارے جہاں سے رخصت
یہ سب صحیح نہیں اتنا تو ہم کہیں گے — آخر میں سب کے ہوگا ہندوستان سے رخصت

(143)

اچھی چلی ہے نشہ مے کے خلاف بات — انسانیت کی دشمنِ جاں ہے یہ بدصفات
بھارت میں دن اک ایسا بھی آئے خدا کرے — کرسی کے اور عہدہ کے نشہ سے ہو نجات

(144)

تشدد کے رستہ سے حق مانگتے ہیں — عوامی افق کی یہ بیداریاں ہیں
حکومت سے غیروں کی آزاد ہوکر — گرفتاریاں ہی گرفتاریاں ہیں

(145)

خاص ہستیاں ہیں دو اس جہانِ فانی میں — اک طبیبِ جسمانی اک طبیب روحانی
کس قدر اہم ہوں گی ذمہ داریاں ان کی — جن کی سرپرستی میں ہے مزاج انسانی

(146)

صلح کرلیتے ہیں یوں بھی صاحبانِ علم دو — میں تمہیں قبلہ کہوں اور تم مجھے قبلہ کہو
یوں سمجھ لیجے اسے اک فارسی کی ہے مثل — من ترا حاجی بگویم تومرا حاجی بگو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# غدیری قطعات

(1)

بدنام میگسار ہوں برنا و پیر میں — اتنی پلا نہ جلسۂ عید امیر میں
ساقی کسی کو نشہ میں دل مانتا نہیں — دونوں جہاں کہیں نہ ڈبودوں غدیر میں

(2)

بلغ کو رہبر ہمہ گیری بنا دیا — بنیادِ کائناتِ امیری بنا دیا
اس لحن اُس زبان اُس آیت کے میں نثار — قرآں کی لے کو جس نے غدیری بنا دیا

(3)

معلوم تو ہوگا تجھے ہم رندوں کا عالم — غم اپنے لیے سال میں سو روز ہے ساقی
ہو تیری اجازت تو عزا دار حسینؑ — ہنس بول لیں کچھ آج کہ نو روز ہے ساقی

(4)

سر تقویم پہ ہے تاج یا نو روز ہے ساقی — غدیری میکشوں کا مدعا نو روز ہے ساقی
یہی تو دن ہے تیری ظاہری مسند نشینی کا — جبھی تو سال کا فرمانروا نو روز ہے ساقی

(5)

سکون دل کے لیے کچھ پیام آجائے — کبھی زباں پہ ہمارا بھی نام آجائے
غلام جمع ہیں در پہ سلام کی خاطر — خدا کرے کہ جواب سلام آجائے

(6)

شگفتہ مثل گل چہرے ہیں آثار حسینؑ میں — خوشی کیونکر نہ ہوگی آج سرکار حسینؑ میں
کہاں جاتا ہے راہ راست میں تجھ کو بتاتا ہوں — غدیری جشن ہے اے دوست دربار حسینؑ میں

(7)

تقسیم جو ہونے لگی صہبائے غدیر — سینوں میں حسد کے آبلے بیٹھ گئے
قرآن بھی نہ پھر حلق سے نیچے اترا — جو پی نہ سکے ان کے گلے بیٹھ گئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# تصوفی قطعات

(1)

وہ راہِ محبت میں جانکاہیاں کیں     ہم ایسے فقیروں نے بھی شاہیاں کیں
اسی دل سے عہدِ جوانی گزارا     اسی ٹوٹے پیالے پہ جم جاہیاں کیں

(2)

انسانیت میں پاک ضمیری کا لطف ہے     مغلوب ہو جو نفس تو پیری کا لطف ہے
عمامہ و عبا میں نہ احرام میں ہے فقر     دل بھی فقیر ہو تو فقیری کا لطف ہے

# فارسی قطعات

(1)

از دبستانِ حق دبیر آمد     بزبان قلم صریر آمد
ساقیا جامہائے نور بیار     بادۂ پیالے الغدیر آمد

(2)

دمِ عیسیٰ نمود اختیارِ موسیٰ کاظم     جمال یوسفی آئینہ دار موسیٰ کاظم
فدا گلزار ابراہیم صدقے صبرِ ایوبی     جلال موسیٰ عمران نثارِ موسیِ کاظم

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# متفرق قطعات

(1)

انیسؔ غم کدۂ کربلا کے سجدہ گزار ترا کلام ہے یا مرثیت کے لیل و نہار
یہ راز تو نے بتایا ہے اہل عالم کو نہ ہو یہ درد جو دل میں تو زندگی بے کار
شعورِ فکر نے غیروں پہ بھی کیا یہ اثر کہ گوشے گوشے میں انسان ہوگئے بے دار
سنی سنائی نہیں بات آنکھوں دیکھی ہے کہ ہندوؤں کو بھی دیکھا گیا ہے سینہ فگار
خصوصیات بہت کچھ ترے کلام کی ہیں ترے کلام سے پیدا ہوئے وہ نقش و نگار
ترے کلام سے اردو زباں کا وزن بڑھا محاورات کا یکجا لگا دیا انبار

(2)

قدر دانی جس کو کہتے ہیں اسی کا نام ہے دیدنی ہوگا یہ دن حسنِ عمل کے زور کا
کیا تعجب ہے صدا دے قوم کو قبرِ انیسؔ جشن صد سالہ مبارک ڈاکٹر ٹیگور کا

(3)

چادرِ گل سے سجیں قبریں امیرؔ و داغؔ کی قدر داں ہے قوم مر کر بھی پھولوں میں تلے
دیکھ لو دونوں کے مدفن کیا انیسؔ اور کیا دبیرؔ "برمزارِ ما غریبان نے چراغ نے گلے"

(4)

جو اہلِ دل ہیں سمجھتے ہیں وہ مقامِ انیسؔ یہ فن مرثیہ گوئی میں اہتمامِ انیسؔ
حسینیت کی خدمت انیسؔ نے کی ہے رہے گا تا بہ قیامت بلند نامِ انیسؔ

(5)

ہر قلب میں ہے عزت و تکریم مساوات ہر قوم ہے اب حامیٔ تعلیمِ مساوات
اس رازِ محبت سے نہ تھا ایک بھی واقف اسلام نے کی خلق میں تقدیمِ مساوات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(6)

واجب ہے مسلمان پہ تعظیمِ مساوات — قرآن نے دی ہے ہمیں تعلیم مساوات
بنیاد محبت ہے یہی نقطہ محبوب — کیوں مرکز اسلام نہ ہو میم مساوات

(7)

کیا مسافر نوازیاں کی ہیں — رہیں احباب اپنے شاد آباد
گھر ہے یہ منتوں مرادوں کا — اور آباد ہو مراد آباد

(8)

سب ہیں اس جگ میں جیتے جی کے کارن — ہم پیت نہ کرتے تھے اسی کے کارن
آئی ہے اجل ساتھ لیے جاتی ہے — ساجن سے بگڑ گئی سکھی کے کارن

(9)

سنسار کی ریت ناپل جوگی سمرن — مالا کا وہ پھیر وہ انوکھی سمرن
ہم جانیں سکھی ہمارا سائیں جانے — من کی سمرن ہے سب سے چوکھی سمرن

(10)

ٹھہر ٹھہر کے دو عالم بلائے دیتی ہے — ترے لبوں پہ نہیں تیرے اختیار کی لے
نشاط میں کہیں سامان غم نہ ہوجائے — بدل گئی ترے نغمہ سے آبشار کی لے

(11)

مجھے نزاکت ہستی بڑھانے والے نے — فضائے عشق میں قیدی بناکے چھوڑ دیا
بتوں نے کی تھی مری سمت بھی نگاہ کرم — مگر خدا کا گنہ گار پاکے چھوڑ دیا

(12)

بہت ٹھوکریں کھائیں گے کھانے والے — محبت کی دولت کو ٹھکرانے والے
اسی باغ کے پھول ہیں کیا دعا دیں — سلامت رہیں آگ بھڑکانے والے

(13)

اشکِ حسرت متصل بہتے رہے — اور غم بالائے غم سہتے رہے
اک مزے کی نیند لے لی آپ نے — جب تلک ہم دردِ دل کہتے رہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(14)

حقیقتیں ہیں یہ دونوں خیال و خواب نہیں — تمھارے حسن مرے عشق کا جواب نہیں
غمِ فراق میں بھی ہے سکون کا عالم — ہمیں یہ پاسِ وفا ہے کہ اضطراب نہیں

(15)

وہم کی صورت گری کا سلسلہ بڑھتا رہا — زندگی گھٹتی رہی اور راستہ بڑھتا رہا
معنی مولا میں جتنی جستجو بے سود کی — فصل اتنا منزل بے فصل کا بڑھتا رہا

(16)

رواں تھا راہ غلط پر جو قافلہ نہ رہا — جو غاصبوں نے کیا تھا معاملہ نہ رہا
ازل کا سلسلۂ منتخب رہا قائم — وہ خانہ ساز خلافت کا سلسلہ نہ رہا

(17)

حجاز سے ہوئی رخصت عراق کو چھوڑا — پناہ ترک میں آئی عرب سے منہ موڑا
ملا نہ کوئی جنازہ اٹھانے والا بھی — کہاں خلافتِ ناحق نے جاکے دم توڑا

(18)

قبرِ مومن سے خدا رکھے نکلتا ہے وہ نور — چار جانب ہے تولا کی فضا پھیلی ہوئی
کیوں ہمارے کنجِ مرقد میں سمٹ آئے نہ خلد — اس زمیں پر جب ہے خاکِ کربلا پھیلی ہوئی

(19)

سراجِ ملت حقا بنے افراد ملت میں — وہ محنت کی ولا کے دائرہ کی زیب و زینت میں
جبھی تو میر مومن مومنوں میں میر کہلائے — امیر المومنین کے خاص خادم ہیں حقیقت میں

(20)

زہے مدارج نور الہدیٰ وہ شاہِ چراغ — جو دے گئے تھے ہمیں ہے وہ زندگی باقی
بہت چراغ جلے اور بہت چراغ بجھے — مگر ہے ان کے چراغوں کی روشنی باقی

(21)

ہر ذہن میں روشن ہے پیامِ غالبؔ — ہر دل میں ہے آج احترامِ غالبؔ
ہم کو بھی یہ فخر ہے کہ اس دور میں ہیں — جس دور نے سمجھا ہے مقامِ غالبؔ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(22)

چشمہ کی طرف صبح ابلتی ہوئی دیکھی — سورج کی کرن برف پہ جلتی ہوئی دیکھی
مشرق کے مسافر نے جہاں آنکھ دکھائی — چاندی سی پہاڑوں پہ پگھلتی ہوئی دیکھی

(23)

دور تجھ سے جلوہ جانانہ کشمیر ہے — مسلم کشمیر تو بیگانہ کشمیر ہے
وہ کہاں شامِ نشاط و صبح شالیمار میں — جو ترے احساس میں افسانہ کشمیر ہے

(24)

پھولوں کے جگہ جگہ نشیمن دیکھے — کشمیر کے جنگلوں میں گلشن دیکھے
پھوٹی ہوئی انسانوں کی قسمت دیکھی — ٹوٹے ہوئے شاعروں کے مدفن دیکھے

(25)

ہم تو ہیں کاش تم بھی آجاؤ — ہر نظر حسن آفریں ہوجائے
ہائے کشمیر و جنت کشمیر — آشیانہ یہیں کہیں ہوجائے

(26)

کچھ یاد ہے کشمیر میں سبزہ پہ لب جو — ساغر میں بھری تھی مے انگور بہاوی
اتنا کسی انسان نے پیا ہوگا نہ پانی — جتنی مجھے کافر تری آنکھوں نے پلادی

(27)

بہار خطۂ کشمیر اے معاذ اللہ — گلوں کا ایسا خزانہ کہیں نہیں دیکھا
نظر کو جان بچاتے ہوئے یہیں پایا — زمیں کو لعل اگلتے ہوئے یہیں دیکھا

(28)

تائید جو ہندوؤں نے فرمائی ہے — ممنون ہر ایک حق کا شیدائی ہے
کل پریم کی متھرا میں بجی تھی بنسی — آج اس کی صدائے بازگشت آئی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(29)

چُن چُن لیے دنیا نے جواہر ریزے — کیا کیا نہ دُرِ بیش بہا ہات آئے
عالم ہوا اخلاقِ حسن سے معمور — اسلام کے ساتھ عدل و مساوات آئے

(30)

اک ساکن دیر نے پوچھا مجھ سے — تقلید نبیؐ کے کچھ نشاں ملتے ہیں
اسلام بہت خوب ہے مذہب لیکن — اے دوست مسلمان کہاں ملتے ہیں

31

یہ خوشنما عمارت یہ نقش ساحرانہ — سلام لیجیے مولاؑ غلام حاضر ہیں
دنیا کی دولتیں سب گر جاتی ہیں نظر سے — جس وقت دیکھتا ہوں یہ علم کا خزانہ

32

توجہات کے سبب تشنہ کام حاضر ہیں — سلام لیجیے مولاؑ غلام حاضر ہیں
بصد نیاز حضورِ امامؑ حاضر ہیں — اسی امید میں یہ سال بھر گذار ہے

33

وہ اس انداز سے نکلے کہ لاکھوں انگلیاں اٹھیں — ہلالِ عید آخر کیوں کسی معشوق سے کم ہو
کرے اغماض پھر کیوں کر نہ وہ صورت دکھانے میں — جو صرف شوقِ دنیا ہو جو محوِ دید عالم ہو

34

ان کو ستم کشانِ زمانہ سے کیا غرض — ہے منعموں کو عید فقط مال و زر کی عید
میں رو دیا تھا دیکھ کے کپڑے پھٹے ہوئے — دیکھی ہے نجم میں نے کسی بے پدر کی عید

35

چلے مل جل کے دونوں سالِ نو کی پیشوائی کو — فدائی کانگریس کے لیگ کی محفل کے مستانے
خدا رکھے یہ اندازِ محبت کس نے دیکھے تھے — انھیں سکھلا دیا کس نے گلے ملنا خدا جانے
خدا میں تو ہے سب قدرت وگرنہ نجم حق یہ ہے — کہاں زنار کا ڈورا کہاں تسبیح کے دانے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

36

جب کبھی خانۂ اللہ میں دیکھا کرے — سر بہ سجدہ کوئی دو چار ہی انساں نکلے
ہم سمجھتے تھے مسلمان بہت کم ہیں یہاں — عید کے دن تو مسلماں ہی مسلماں نکلے

37

ادا ہوتا نہیں جب فرض تو سنّت سے کیا حاصل — یہ صاحب وضع ناحق سر پہ اتنا بار لیتے ہیں
اُترتی ہی نہیں پتلون جن کی ایک لمحہ کو — وہ کیوں کر عید کے دن ٹکریں دو مار لیتے ہیں

38

عزت سے آبرو سے بٹھائے گئے ہیں ہم — چھ بار اس دیار میں آئے گئے ہیں ہم
دو چار سال تک یہ نہ آنے کی ہے سزا — قیدی بنا کے شان سے لائے گئے ہیں ہم

39

نہ دیکھی اور نہ قید ایسی سنی ہم نے فسانوں میں — کمی آنے نہ پائی کچھ حکومت کے خزانوں میں
زہے حُسنِ تدبر گھر ہی مظلوموں کو زنداں تھے — کہ دو رات ایک دن پابند رکھا ہے مکانوں

40

دے کے یہ دولت کوئی لیتا ہے ناداری کہیں — یوں بھی ممکن ہے بھلا ترکِ وفاداری کہیں
حُبِ اہلبیتؑ شامل جن کے آب و گِل میں ہے — وہ مسلماں چھوڑ سکتے ہیں عزا داری کہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب ہفتم

# نعت


| | | |
|---|---|---|
| 1- | تجمل آفندی کی نعت نگاری | ڈاکٹر سیّد تقی عابدی |
| 2- | منتخب نعتیہ اشعار | (33) عدد |
| 3- | فہرستِ نعت | (16) عدد |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سیّد تقی عابدی

# نجم آفندی کی نعت نگاری

یہ بھی بڑے تعجب کی بات ہے کہ جناب تحسین فراقی نے اپنے تحقیقی عمدہ مضمون ''جدید اردو نعت گوئی'' ایک جائزہ جو نعت نمبر شام و سحر 1982ء میں لاہور سے شائع ہوا۔ تقریباً پچاس سے زیادہ اردو کے نعت گو شعرا کا تذکرہ کیا لیکن علامہ نجم آفندی کا نام تک نہیں لیا جبکہ نجم آفندی کے ہزار سے زیادہ عمدہ نعتیہ اشعار ان کے کلام میں بکھرے ہوئے ہیں جن سے کم و بیش سبھی پرستارانِ رسالتؐ واقف ہیں۔ یہ سچ ہے کہ ان کی بیشتر نعتیں جن کی مجموعی تعداد سولہ ہے، غیر مطبوعہ ہیں لیکن ان کے نعتیہ اشعار اور نعتیں ہمیشہ محافل میلاد کی رونق بنی رہیں اور بعض اشعار زبان زد عام بھی رہے۔ راقم نے نجم آفندی کا تمام مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام ''کائنات نجم'' میں جمع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ کائنات نجم، نجم آفندی کی حیات، شخصیت، فن اور مجموعہ کلام مطبوعہ و غیر مطبوعہ کی دستاویزی حیثیت رکھتی ہے جس میں نجم کے صدہا نعتیہ اشعار، (31) اکتیس نعتیہ رباعیات، چار نعتیہ قطعات اور سولہ نعتیں شامل ہیں جو نجم کی ستر (70) برس ریاضت کی کمائی ہیں۔ ڈاکٹر سید نواز حسن زیدی نے اپنی کتاب نجم آفندی فکر و فن میں نعتیہ رباعیات کے ذیل میں بہت صحیح لکھا کہ ''نجم آفندی کا کمال یہ ہے کہ انھوں نے اپنی کسی رباعی میں بھی ایسی بات پیش نہیں کی جو قرآن و حدیث سے ثابت نہ ہو۔ ان کے نزدیک عقیدت کا معیار یہ ہے کہ قرآن و حدیث کے مسلّمہ معیارات کو سامنے رکھ کر حضورؐ کی مدح کی جائے اور صحیح روایات کو بنیاد بنایا جائے نہ کہ محض عقیدت اور جذبات میں حضورؐ سے ایسی باتیں منسوب کی جائیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ حضورؐ کے بارے میں ان کی رباعیات کسی نہ کسی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آیت قرآنی کی وضاحت کر رہی ہیں۔ تجم آفندی نے شمائل نبوی کے بیان کے بجائے، آپ کی سیرت اور اسوہ پر عمل کرنے کی تلقین کی ہے۔ تجم نے جہاں حضورؐ سے اپنی بے پناہ عقیدت کا اظہار کیا ہے، وہاں مسلمانوں کو ایک ایسا راستہ بھی دکھایا ہے جس پر چل کر وہ دین و دنیا کی بھلائی حاصل کر سکتے ہیں اور آخرت میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔"

اس مضمون میں ہم صرف چند نمونہ کے اشعار بغیر کسی تشریح و تبصرہ کے پیش کر رہے ہیں، تا کہ ہر کس بقدر ہمت خود اس سے فیض یاب ہو سکے لیکن تجم کا نعتیہ شاعری میں مقام متعین کرنے میں دقت نہیں ہوگی۔ تجم آفندی کا شمار صفِ اوّل کے جدید اردو نعت گوئی کے شعرا حالیؔ، اکبرؔ، اقبالؔ، ظفر علی خاں، حفیظؔ جالندھری، احسان دانشؔ، حفیظ تائبؔ، عبد العزیز خالدؔ وغیرہ میں ہوتا ہے۔

مشہور واقعہ ہے کہ نظام حیدرآباد کے صدر المہام (وزیر اعظم) مہاراجہ کشن پرشاد جن کی نعتوں کا مجموعہ "ہدیۂ شادؔ" ان کی زندگی میں شائع ہو چکا تھا، کسی شخصی محفل میں نعت سنا رہے تھے۔ کسی منچلے نوجوان نے مہاراجہ کو مخاطب کر کے پوچھا۔ مہاراجہ کیا آپ مسلمان ہو گئے ہیں جو ایسی عقیدت سے بھری نعت سنا رہے ہیں۔ مہاراجہ نے اس نوجوان کو مخاطب کر کے فوراً جواب دیا۔ تو خدا پرشاد ہے میں کشن پرشاد ہوں۔ پھر مزید کہا کہ حضورؐ کے اخلاق حسنہ اور انسانیت پر احسانات نے مجھے اس بات پر وادار کیا کہ میں حضورؐ کی توصیف و تعریف میں نعت کہوں۔ یقیناً غیر مسلم نعت گویوں نے سرکار کائنات کو اخلاق و کردار کا عظیم نمونہ اور انسان سازی کا عالی ترین قالب سمجھ کر نعتیہ مضامین کی ہر دور اور ہر موسم میں فصل اُگائی ہے۔ آج کے پُر آشوب دور میں جہاں اسلامی اقدار کو مسخ کرنے کی بین الاقوامی تحریک جاری ہے حضورؐ کی ذات مقدس کو بھی غلط بیانی اور دروغ گوئی کے ذریعہ جارحیت کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ حضورؐ کو (معاذ اللہ) ایک جابر حکمراں کے روپ میں پیش کیا جا رہا ہے جس کے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے ہاتھ میں تلوار اس لیے ہے کہ قرآن اگر موردِ قبول نہ ہوگا تو تلوار سے سر اُتارا جائے گا۔ چنانچہ اس دور میں ایسی نعتوں کی ضرورت اس لیے بھی ضروری ہوگئی ہے کہ ظلمتِ کفر و نفاق کو چراغِ مصطفویؐ سے دور کیا جا سکے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجم کے درجنوں نعتیہ اشعار ان مضامین پر موجود ہیں۔ اس موقع پر ہم کچھ اشعار پیش کرتے ہیں۔

دو عالم پر ہے قبضہ احمدِ مختارؐ کیا کہنا — ترا قرآن کیا کہنا تری تلوار کیا کہنا
وہی ہے صحنِ مسجد اور وہی قصرِ حکومت ہے — خدائے پاک کے گھر میں ترا دربار کیا کہنا

---

اک فیصلہ کن شان سے بھیجا ہے خدا نے — قرآن بھی تلوار بھی ہے دستِ قوی میں

---

خدا کے گھر میں اُس نے فقر کی مسند پہ شاہی کی — جہادِ زندگی میں کون ایسا مردِ میداں ہے

---

مجاہد کر دیا خوں خوار خوں آشام قوموں کو — خدا کی راہ میں مصرف کیا اُس نے شجاعت کا

انسانیت، انسان سازی اور مکارم الاخلاق پر اشعار دیکھیے:

خدمت یہ کسی نبیؐ ولی سے نہ ہوئی — وابستہ کسی پیمبری سے نہ ہوئی
کامل تھے سبھی مگر محمدؐ کے سوا — اخلاق کی تکمیل کسی سے نہ ہوئی

---

احساسِ حیات کو جگانے والا — حکمت کے حدود کو بڑھانے والا
کتنے پیغمبروں کے بعد آیا ہے — انسان کو انسان بنانے والا

---

دنیا میں پیمبروں کا سلطاں آیا — انساں کی عظمت کا نگہباں آیا
سیرت ایسی بدل دیا نظمِ جہاں — صورت ایسی کہ جس پہ قرآں آیا

---

صورت گرِ ازل نے ترے اعتبار پر — اک مشتِ خاک تھی جسے انساں بنا دیا
کہتی ہے ذہنیت یہ حجاز و عراق کی — تیرا ہی کام تھا کہ مسلماں بنا دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ اک نورِ مجسم تھا مگر اے ابنِ آدم سن    تری سیرت بنانے کو اٹھایا بار صورت کا

ظہور اس کا نہ تھا تقسیم ملک و مال کی خاطر    اُسے دنیا میں جوہر باٹنا تھا آدمیت کا

اُسے انسان کے اخلاق کی تکمیل کرنی تھی    علی آفاق میں پہلا ثمر تھا اس کی محنت کا

---

تلوار اٹھے یا دستِ دعا دونوں میں ہے شامل حق کی رضا    مسجد کی روش میدان میں بھی سرکارِ دو عالم صل علی

جو دینِ خدا کی دشمن تھی ہر بات پہ جس سے جنگ ہوئی    اک دن وہی دنیا چیخ اٹھی سرکارِ دو عالم صل علی

---

میں سمجھا آدمی کا احسن تقویم ہو جانا    یہی صورت ہے جس پر حق کی صنعت ناز کرتی ہے

ترے اُسوہ نے کی اخلاق کی تکمیل دنیا میں    اسی معراج پر انساں کی عظمت ناز کرتی ہے

---

انساں کے خاکی پیکر میں اب شافعِ محشر آتے ہیں    جو دونوں جہاں کے مالک ہیں وہ بھیس بدل کر آتے ہیں

---

دیا جس پُرخطر صحرا میں درسِ معرفت اُس نے    وہی تہذیب کا اخلاق کا پہلا دبستاں ہے

بہت حیران تھی دنیا اس اندازِ حکومت پر    کوئی قصرِ حکومت ہے نہ حاجب ہے نہ درباں ہے

---

ہر دور میں اخلاق کی تکمیل ہوا    سرمایۂ پیغامِ رسول عربی

---

شرع کا ہر مسئلہ ہے علم و حکمت کو قبول    فطرتِ انسانیت ہے ہم نوائے مصطفٰے

---

مکمل کر دیا انسان کا دستورِ حیات اُس نے    رسول آخری ہے حرفِ آخر لے کے آیا ہے

---

کیا آدم کو پیدا جس خدا نے اس کا کیا کہنا    مگر مجھ کو محبت ہے خدائے آدمیت سے

یہ وہ انسان اعظم ہے شکستِ فاش دی جس نے    حکومت کی محبت سے محبت کی حکومت سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بنی آدم ازل سے تا ابد ممنون احساں ہیں اسی نے آدمیت دی ہے ورنہ آدمی کیا ہے

---

مذموم تمدن کے صنم توڑے ہیں اس نے اک اور اضافہ یہ کیا بت شکنی میں

نعت درحقیقت حدیث دل ہے۔ وارداتِ قلبی کا صفحۂ قرطاس پر مظاہرہ ہے۔ عرفؔی کے شعر کے مصداق تلوار کی دھار پر سفر ہوتے ہوئے بھی سیر گلشن فردوس ہے۔ جس کا جتنا قلبی اثر ہوگا، نعت اتنی ہی با اثر ہوگی۔ نعت کی تنقید کے معنی، کُلِ نعت یعنی شعر کو نوکِ خارتنقید سے تتر بتر کرنا صحیح نہیں۔ اگر کسی نے اپنے کو حسان دوراں یا حسان مثل کہا ہے تو یہ تعلّی ہے اور خوبصورت تعلّی ہے۔ اُس میں خفا ہونے کی ضرورت نہیں۔ غالبؔ کے چہیتے شاگرد مہدی مجروحؔ نے بھی اپنی خوبصورت نعت کے مقطع میں کہا ہے۔

مدحت نبیؐ ہے دن رات مجروحؔ یہ اردو میں ہے ترجمانِ محمدؐ

بعض لوکوں نے شاعر دربار رسالتؐ پر اعتراض کیا۔ لیکن حضورؐ کا دربار آج بھی سجا ہوا ہے ورنہ لاکھوں افراد نذرانۂ عقیدت لے کر مدینہ نہ جاتے اور ہر وہ شخص جو اس دربار میں حاضری دے گا وہ اپنے کو شاعر دربار رسالتؐ کہنے کا حق دار ہے۔ رند اور زاہد، صوفی اور مفتی کی لے میں فرق ہے اور نجم اور دوسرے نجوم آسمان رسالتؐ، شاعر دربار رسالتؐ ہی ہیں۔

طلب یکساں ہے لیکن فرق یہ ہے رند و زاہد میں کوئی عشق نبیؐ میں نالہ کش کوئی غزل خواں ہے

---

اے نجم میں ہوں شاعرِ دربارِ رسالتؐ کیا شک ہے کسی کو مری تصویر کشی میں

---

فضائے عرش میں اے نجم رہتا ہے دماغ اپنا فرازِ عرش سے اترے ہیں یہ اشعار کیا کہنا

---

چار پشتوں سے مجھے حاصل ہے یہ عزّ و شرف نجم فطرت ہے مری مدح و ثنائے مصطفیٰؐ
میرے آباء کا شرف ہے میری فطرت کا خمیر نجم صدیوں سے ہے فخرِ مدح آل مصطفیٰؐ

---

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب مدحِ پیمبرؐ کرتا ہوں وہ زورِ سخن بڑھ جاتا ہے　　اے نجم سلامی دینے کو الفاظ کے لشکر آتے ہیں

---

نجم مدّاحِ پیمبرؐ کی بلندی کو نہ پوچھ　　خاک پر بیٹھے تو سر عرش سے جاملتا ہے
میں اپنے شعر لے کر نجم اس منزل میں کیا جاؤں　　جہاں قرآن کی ایک ایک آیت ناز کرتی ہے

---

تا عرش یہ نغمے جائیں گے سکانِ فلک دہرائیں گے　　کہنے دو مجھے اے نجم ابھی سرکارِ دو عالم صلِ علیٰ

---

اُسے یارب نہ ہو معلوم حالت نجم کے دل کی　　غمِ اسلام کم ہے اور غمِ دوراں فراواں ہے

صرف مقطعوں ہی میں نہیں بلکہ نعتوں کے بہتے زلال میں بھی نجم کے احساسات عجز و انکسار اور تعلّی کے کنول نظر آتے ہیں۔ یہ طرزِ بیان صرف اور صرف مدحتِ نبویؐ کے لطفِ خاص سے عطا ہوتا ہے جیسا کہ خود کہتے ہیں:

قطرہ نے لیں جو تیری محبت میں کروٹیں　　بطنِ صدف میں گوہرِ غلطاں بنا دیا
یہ نطق کا شرف یہ طہارت زبان کی　　اک اک حدیثِ دوست کو قرآں بنا دیا
سلطانِ کج کلاہ مقابل نہ ہوسکے　　جس کو رئیسِ دولتِ عرفاں بنا دیا

ایک اور نعت کا مطلع اور زیبِ مطلع کا انداز دیکھیے۔

کیا کام کیا فکر نے مدحِ نبویؐ میں　　اور آگ لگادی ہے مری تشنہ لبی میں
آزاد ہوں میں وسعتِ عشقِ نبویؐ میں　　الجھے ہوئے ہیں تنگ نظر بولہبی میں
وصلِ ابدی میں ہے نہ سحرِ ازلی میں　　احساس جو ہے عشقِ محمدؐ کی خودی میں

اسلام دینِ فطرت ہے اور پیامبر اسلام فطرت کا مکمل نمونہ۔ اسلامی اقدار اُس زمانے میں دنیا میں رونما ہوئے جب دنیا مساوات، امن اور شانتی، استعمار اور جمہوریت سے آشنا نہ تھی یعنی فلسفہ اور ان کی کتابوں میں اس کا تذکرہ تو تھا لیکن کوئی انھیں روبہ عمل لانے کی قدرت اور جرأت نہیں رکھتا تھا۔ چنانچہ یہ ذات ختمی مرتبت تھی جس نے غربت کو منانے، زر و زمین کو آقا اور غلام کے درمیان تقسیم کرنے، امن اور صلح کے پیغامات کو سرا سر گیتی پھیلانے اور پیغام برادری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانوں کے درمیان بخصوص ملت اسلامیہ کے افراد کے درمیان اتحاد پر زور دیا۔ تجم کی نعتوں میں یہ مضامین بکھرے ہوئے ہیں۔ غریبوں اور غربت کے متعلق چند شعر دیکھیے۔

غریبِ قوم بن کر بن گیا ڈھارس غریبوں کی　　امیرِ خلق ہو کر بھیس بدلا اُس نے غربت کا

---

اسی کی حق پناہی سے ہوا ہے دسترس اتنا　　کہ آج افلاس کا ہاتھ اور دولت کا گریباں ہے

---

بہت دولت لٹائی جس کے ہاتھوں نے غریبوں میں　　مگر ہونے دیا دامن کو آلودہ نہ دولت سے

---

تجھے دولت حکومت عیش سب دیتی رہی دنیا　　مگر دنیا میں باقی ہے ترا انکار کیا کہنا

دنیا کے امن کے لیے کیا کوئی دوسری ہستی ایسی ہے جس نے صرف دفاعی جنگ کی اور مدینہ جیسے شہر میں دوسری اقلیتوں کے ساتھ انسانیت کا سلوک برقرار رکھا۔

رحمت عالم خلاف امن جا سکتا نہیں　　تھی دفاعی جنگ ہر جنگ و جدال مصطفیٰ

---

ابھی انسان سمجھا ہی نہیں تجویز امن اُس کی　　ابھی دنیا کے ہر اک موڑ پر طاقت رجز خواں ہے

---

جہاں میں سب سے پہلے تو پیام امن لایا تھا　　مساوات و محبت کے علم بردار کیا کہنا

مساوات اور برادری بخصوص ملت اسلامیہ کے فرقوں کے درمیان اتحاد پر تجم نے بڑے عمدہ اشعار نعت نگاری میں شامل کیے ہیں۔

نوعِ بشر کو نظم مساوات سونپ کر　　ہر دردِ اختلاف کا درماں بنا دیا

---

دیا تھا اس نے وہ درسِ مساواتِ روا داری　　کہ ہر اک قوم میں اب روحِ آزادی کی جولاں ہے
کیا تقویٰ کو شامل اس نے تہذیب و تمدن میں　　یہ نعمت گر نہیں تو منعم و مزدور یکساں ہے
اُسی خوانِ کرم کی ریزہ خوار اقوامِ عالم ہیں　　اُسی کا اک عطیہ اشتراکی درد درماں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا بھی ایک ہے قرآں بھی قبلۂ پیمبر بھی — قیامت ہے کہ پھر ملّت کا شیرازہ پریشاں ہے
بھلا سکتے نہیں دل اس کی تحریک اخوت کو — چراغ انسان کے احساس کا بے شک فزاواں ہے
اخوت کی بنا ڈالی اُسی نے بزمِ ہستی میں — کسے معلوم تھا انسانیت کا کیا تقاضا ہے
جو عالم گیر پیغامِ اخوت لے کے آیا تھا — اُسی کی قوم ہے محروم احساس اخوت سے

شاعری کی دوسری اصناف کی طرح نعت کے اظہار اور ابلاغ میں وسعتِ فکری کو بڑا دخل ہے۔ علامہ اقبالؔ کے نعتیہ اشعار میں غضب کا خلوص ہے جس کی جھلک علّامہ تجمّ آفندی کے کلام میں بھی نظر آتی ہے۔

اُسے کرنا تھا رشتہ عبد کا معبود سے محکم — کہ اُس کو علم تھا انساں کی کمزوری فطرت کا

---

خالق کی مشیت پہ بھی کر ہی لیا قبضہ — کیا آگئی انسانِ خدا ساز کے جی میں
تفریق پہ کس نے مجھے مامور کیا ہے — کیوں فرق کروں عشقِ خدا عشقِ نبیؐ میں

---

خبر کیا تجھ کو تعلیم محمدؐ مصطفیٰؐ کیا ہے — یہ حُسنِ احتیاط ایک امتزاجِ دین و دنیا ہے

رباعی

آدم مابین آب و گِل تھے جب سے — روشن تھی فضا نورِ حبیبِ رب سے
اپنی ہستی سے بے خبر آدم زاد — کیا جانے کہ ہے ذاتِ محمدؐ کب سے

حضورِ اکرمؐ کی تعلیمات سے بہرہ مند ہونے کے بجائے بعض لوگ فروعی اور غیر ضروری مسائل میں اپنی پوری توانائی صرف کر دیتے ہیں۔ معراج روحانی اور جسمانی کے مباحث، نوری یا خاکی ہونے کی بحث، فلسفہ اور دین و دنیا کے معمولی مسائل وغیرہ۔ تجمّ کے چند اشعار ان کی پوری ترجمانی کرتے نظر آتے ہیں۔

کچھ خبر بھی ہے تجھے نان و نمک کے سائل — اُس کے کوچہ میں گدائی سے خدا ملتا ہے
بھٹک کر رہ گئے رستہ میں سقراطی بقراطی — تیری چوکھٹ پہ سجدے کر کے حکمت ناز کرتی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ چھیڑو مبحثِ معراج روحانی و جسمانی — دکھاؤ آئینہ جویائے حق کو اس کی سیرت کا

---

یہ نطق کا شرف یہ طہارت زبان کی — اک اک حدیثِ دوست کو قرآں بنادیا

---

میانِ آب و گِل تھا آدمی جب وہ پیمبرؐ تھا — مشیت ہی میں تھا اسلام وہ جب سے مسلماں ہے
خود اپنا نور نور بندگی نورِ خداوندی — شبِ معراج اس کی غیرتِ صبح درخشاں ہے

---

بے کار یہ جسم و روح کی بحث ہے آج — سر پر مرے آقا کے ازل سے ہے یہ تاج
کیا اس کے لیے عرش پہ جانے کا سوال — جب فرش پہ حاصل ہو مقامِ معراج

---

تشکیل ہوئی تنظیم ہوئی ترتیب ہوئی تکمیل ہوئی — کیوں ختم نہ ہو پیغامبری سرکارِ دو عالم صلِ علیٰ

---

یہ نام محمدؐ یہ اندھیرے کا اجالا سرنامۂ آیات ہے آیاتِ جلی میں
صدقے صنمِ ہند و صنادید عجم ہیں اللہ کی قدرت ہے لباس عربی میں

حضور اکرمؐ کی ذات اقدس مدینۃ العلم ہے۔ آپؐ علم لدنّی کے حامل تھے۔ یہ بھی حضورؐ کا معجزہ ہے کہ اس دور کے عالم اور پڑھے لکھے شخص کو کیوں کر معرفت پروردگار حاصل نہ تھی جسے ابوجہل کے نام سے یاد کیا۔ حضورؐ ظاہری طور پر لکھنا اور پڑھنا نہیں جانتے تھے اس لیے آپ کا لقب اُمّی ہوا۔ مضامین نعت میں حضورؐ کا امّی ہونا ثانوی مضمون کی حیثیت رکھتا ہے۔ فارسی اور اردو کے شعرا نے اچھوتے، نادر اور خوب صورت اشعار لکھے۔ مجھ کے دو چار اشعار، جو ان کی مزاجِ شاعری کے نقیب ہیں، تبرکاً یہاں پیش کیے جارہے ہیں۔

نگاہِ اہل ظاہر میں وہ اُمّی تھا مگر ایسا — کتابِ زیست میں اصلاح دی ہے دستِ قدرت سے

---

تکوینی ہے علم اس کا جو کہلاتا ہے اُمّی — یہ بات نہ آئے گی کبھی ذہنِ غبی میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُسی نے مصرفِ علم و عمل سے ہم کو سمجھایا　　　غرورِ زندگی کیا ہے شعورِ زندگی کیا ہے

---

ازل کے دن سے جس کی انگلیاں ہیں نبضِ فطرت پر　　　مزاج زور وزر بدلا ہے جس نے علم و حکمت سے

حضور اکرم معلّمِ اخلاق اور زیست ہیں وہ تکوینی علم کے حامل ہیں۔

نعت میں منقبتی موضوعات کی رسم بھی بہت قدیم ہے۔عربی فارسی اور اردو نعت کی ابتدا ہی اس آمیزش کے ساتھ ہوئی۔ اردو کے پہلے صاحب دیوان شاعر محمد قلی قطب شاہ کی نعتوں میں اہل بیتؑ کرام کی مدح و ثنا مسلسل نظر آتی ہے لیکن اُن میں سب کی نسبت حضور اکرمؐ کے وجود سے بتائی جاتی ہے۔ یہاں یہ ذکر بھی عمدہ ہے کہ نجم آفندی کو نصیر الملّت کی جانب سے شاعر اہل بیتؑ کا خطاب دیا گیا تھا۔

شاعر ہوں جن کا نجم وہ ہیں وجہِ کائنات　　　ممکن ہے تا ابد میرا نام و نشان رہے

---

مصاحب تیرے پیغمبرؐ فرشتے لشکری تیرے　　　سپہ سالارِ اعظم حیدرِ کرار کیا کہنا

ذبیح اللہ شامل تیرے اسلافِ مقدس میں　　　شہیدِ کربلا ہے تیرا ورثہ دار کیا کہنا

---

کلمہ کو کیوں کر نہ ہوں شیدائے آلِ مصطفیٰؐ　　　کوئی بدقسمت ہی چاہے گا ملالِ مصطفیٰؐ

حشر تک فکر آفریں ہے ذہنِ انساں کے لئے　　　عترت و قرآں متاعِ لا زوالِ مصطفیٰؐ

صورت و سیرت میں ہیں زہراؑ کے دونوں لاڈلے　　　ہم جمالِ مصطفیٰؐ و ہم خیالِ مصطفیٰؐ

ترے اسلاف سے اخلاف سے آگے نہیں کوئی　　　جہاں تک نسلِ آدم کی شرافت ناز کرتی ہے

نجم آفندی نے حضرت تمنا سندیلوی مرحوم کی فارسی نعت پر تضمین کر کے ایک خوبصورت فارسی میں نعت کہی ہے جس کے ایک بند پر اس تحریر کو تمام کرتا ہوں۔

از روئے تو صبح یافت تنویر　　　وز زلفِ تو شب نمودہ تحریر

تو جانِ مصوری بہ تصویر　　　از شمع رُخِ تو دستِ تقدیر

بر کرد چراغ آفرینش

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منتخب نعتیہ اشعار

آنکھیں تو بچھا ہی رکھیں ہیں خاکسترِ دل کا فرش کرو
ہے عرش بھی جن کے زیرِ قدم وہ فرشِ زمیں پر آتے ہیں

---

جب مدحِ پیمبرؐ کرتا ہوں وہ زورِ سخن بڑھ جاتا ہے
اے نجمؔ سلامی دینے کو الفاظ کے لشکر آتے ہیں

---

قطرہ نے لیں جو تیری محبت میں کروٹیں
بطنِ صدف میں گوہرِ غلطاں بنا دیا

---

یہ نطق کا شرف یہ طہارت زبان کی
اک اک حدیثِ دوست کو قرآں بنا دیا

---

سلطانِ کج کلاہ مقابل نہ ہو سکے
جس کو بھی دولتِ عرفاں بنا دیا

---

صورت گرِ ازل نے ترے اعتبار پر
اک مشتِ خاک تھی جسے انساں بنا دیا

---

نجمؔ مداحِ پیمبرؐ کی بلندی کو نہ پوچھ
خاک پر بیٹھے تو سر عرش سے جا ملتا ہے

---

میں سمجھا آدمی کا احسنِ تقویم ہو جانا
یہی صورت ہے جس پر حق کی صنعت ناز کرتی ہے

---

میں اپنے شعر لے کر نجمؔ اس منزل میں کیا جاؤں
جہاں قرآن کی ایک ایک آیت ناز کرتی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

فضائے عرش میں اے نجم رہتا ہے دماغ اپنا　　فرازِ عرش سے اترے ہیں یہ اشعار کیا کہنا

---

چار پشتوں سے مجھے حاصل ہے یہ عزّ و شرف　　نجم فطرت ہے مری مدح و ثنائے مصطفیٰؐ

---

تشکیل ہوئی تنظیم ہوئی ترتیب ہوئی تکمیل ہوئی　　کیوں ختم نہ ہو پیغامبری سرکارِ دو عالم صلِ علیٰ

---

مئے حُبِ نبیؐ کو واسطہ ہے میری فطرت سے　　وہ کوئی اور ہوں گے جن کو مل جاتی ہے قسمت سے

نگاہِ اہلِ ظاہر میں وہ اُمّی تھا مگر ایسا　　کتابِ زیست میں اصلاح دی ہے دستِ قدرت سے

---

وہ اک نورِ مجسم تھا مگر اے ابنِ آدم سُن　　تری سیرت بنانے کو اٹھایا بارِ صورت کا

---

کیا کام کیا فکر نے مدحِ نبویؐ میں　　اور آگ لگا دی ہے مری تشنہ لبی میں

آزاد ہوں میں وسعتِ عشقِ نبویؐ میں　　الجھے ہوئے ہیں تنگ نظر بولہبی میں

اک فیصلہ کن شان سے بھیجا ہے خدا نے　　قرآن بھی تلوار بھی ہے دستِ قوی میں

تکوینی ہے علم اس کا جو کہلاتا ہے اُمّی　　یہ بات نہ آئے گی کبھی ذہنِ غبی میں

اے نجم میں ہوں شاعرِ دربارِ رسالتؐ　　کیا شک ہے کسی کو مری تصویر کشی میں

---

خدا بھی ایک ہے قرآں بھی قبلہ بھی پیمبرؐ بھی　　قیامت ہے کہ پھر ملّت کا شیرازہ پریشاں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھلا سکتے نہیں دل اُس کی تحریک اخوت کو　　چراغ انسان کے احساس کا بے شک فرواں ہے
ابھی انسان سمجھا ہی نہیں تجویز اُمن اُس کی　　ابھی دنیا کے ہر اک موڑ پر طاقت رجز خواں ہے
دیا تھا اس نے وہ درسِ مساواتِ رواداری　　کہ ہر اک قوم میں اب روح آزادی کی جولاں ہے

---

اُسے انسان کے اخلاق کی تکمیل کرنی تھی　　علیٔ آفاق میں پہلا ثمر تھا اس کی محنت کا

---

مکمل کر دیا انساں کا دستورِ حیات اُس نے　　رسولؐ آخری ہے حرفِ آخر لے کے آیا ہے

---

رحمتِ عالم خلافِ اُمن جا سکتا نہیں　　تھی دفاعی جنگ ہر جنگ و جدالِ مصطفیؐ

---

یہ نامِ محمدؐ یہ اندھیرے کا اجالا　　سرنامۂ آیات ہے آیاتِ جلی میں

---

ذبیح اللہ شامل تیرے اسلافِ مقدس میں　　شہید کربلا ہے تیرا ورثہ دار کیا کہنا

---

یہ نطق کا شرف یہ طہارت زبان کی　　اک اک حدیثِ دوست کو قرآں بنا دیا

---

جو عالم گیر پیغامِ اخوت لے کے آیا تھا　　اُسی کی قوم ہے محرومِ احساسِ اخوت سے

---

کیا تقویٰ کو شامل اس نے تہذیب و تمدن میں　　فعت گر نہیں تو منعم و مزدور یکساں ہے

---

خبر کیا تجھ کو تعلیم محمد مصطفیؐ کیا ہے　　یہ حُسن احتیاط ایک امتزاج دین و دنیا ہے

○

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فہرستِ نعت


| نمبر شمار | عنوانات | تعداد | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1- | انساں کے خاکی پیکر میں اب شافعِ محشر آتے ہیں | (7) اشعار | 752 |
| 2- | اے وہ کہ تیرے نور کو عنواں بنا دیا | (19) اشعار | 753 |
| 3- | دردِ دل کیا کہیں رستہ میں پڑا ملتا ہے | (11) اشعار | 755 |
| 4- | محمدؐ پر خدا کی شانِ وحدت ناز کرتی ہے | (18) اشعار | 757 |
| 5- | چمکا جو عرب دیس کی قسمت کا ستارا | (34) اشعار | 759 |
| 6- | گروہ انبیاؑ کے سیّد و سردار کیا کہنا | (13) اشعار | 762 |
| 7- | جان ہے تیری امانت دل برائے مصطفےٰ | (22) اشعار | 763 |
| 8- | کلمہ گو کیوں کر نہ ہوں شیدائے آلِ مصطفےٰ | (11) اشعار | 764 |
| 9- | محمدؐ کائناتِ دو جہاں میں کار فرما ہے | (15) اشعار | 765 |
| 10- | کیا نعت میں لے نغمے کی بڑھی سرکارِ دو عالم صلی علی | (12) اشعار | 767 |
| 11- | نمازِ دردِ دل پڑھنی ہے پیغمبرؐ کی مدحت سے | (16) اشعار | 769 |
| 12- | حرا کا غار ہے فانوس کس شمعِ حقیقت کا | (22) اشعار | 771 |
| 13- | محمدؐ کی حقیقت دونوں عالم کی رگِ جاں ہے | (38) اشعار | 773 |
| 14- | تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوش نما ستارے | (39) اشعار | 775 |
| 15- | اے نورِ چراغِ آفرینش اے روحِ نفاخِ آفرینش | (14) اشعار | 778 |
| 16- | کیا کام کیا فکر نے مدحِ نبویؐ میں | (13) اشعار | 779 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (1)

انسان کے خاکی پیکر میں اب شافعِ محشرؐ آتے ہیں
جو دونوں جہاں کے مالک ہیں وہ بھیس بدل کر آتے ہیں

آمد ہے اب ان کی عالم میں جن سے ہے وجودِ ارض و سما
اب ختم ہے سب کی راہبری کونین کے رہبر آتے ہیں

آنکھیں تو بچھا ہی رکھی ہیں خاکسترِ دل کا فرش کرو
ہے عرش بھی جن کے زیرِ قدم وہ فرشِ زمیں پر آتے ہیں

اصنام کے بندے کیا جانیں دراصل خدائی ان کی ہے
جو غارِ حرا سے گھر کی طرف اوڑھے ہوئے چادر آتے ہیں

دیدارِ نبیؐ ہوجائے تو پھر بوذرؓ سے کہیں سلمانؓ سے کہیں
ہم نے بھی وہ آنکھیں دیکھی ہیں ہم کو بھی وہ تیور آتے ہیں

کیا کوئی پیے گا میری طرح میکش ہوں میں ایسی محفل کا
جب سے مجھے پیتے دیکھا ہے کوثر کو بھی چکر آتے ہیں

جب مدحِ پیمبرؐ کرتا ہوں وہ زورِ سخن بڑھ جاتا ہے
اے نجم سلامی دینے کو الفاظ کے لشکر آتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

(2)

اے وہ کہ تیرے نور کو عنواں بنا دیا
پرچم کشائے سلطنتِ جاں بنا دیا
شق ہوگیا قلم کا جگر تیرے نام پر
صبحِ ازل کا چاک گریباں بنا دیا
پیدا ہوئی جبیں کی ضیا سے فضائے عرش
سجدہ کا نقش عالمِ امکاں بنا دیا
ہستی ترے ظہور تبسم سے چونک اٹھی
اس کیفیت کو صبحِ درخشاں بنا دیا
کھولا نشانِ مہر نگاہ جلال نے
چشمِ کرم اٹھی مہہ تاباں بنا دیا
بیداریوں کی نعمت پُر کیف شب کو دی
طاعت گزارِ زلفِ پریشاں بنا دیا
اک پرتوی جمال کا دریا اُبل پڑا
موج نسیم و جوشِ بہاراں بنا دیا
قطرہ نے لیں جو تیری محبت میں کروٹیں
بطنِ صدف میں گوہر غلطاں بنا دیا
غنچہ سے لے کے قلب بشر تک ہر ایک کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

شرمندۂ نوازش و احساں بنا دیا
اقرارِ دوستی پہ ملے ساغرِ حیات
تیری ولا کو میکدۂ جاں بنا دیا
صورت گرِ ازل نے ترے اعتبار پر
اِک مشتِ خاک تھی جسے انساں بنا دیا
قدرت نے اک نظامِ تن و جاں بنا دیا
انساں ترے نثار کہ انساں بنا دیا
یہ نطق کا شرف یہ طہارت زبان کی
اِک اک حدیثِ دوست کو قرآں بنا دیا
گم کشتگانِ راہ کو دے کر پیامِ ہوش
نبضِ آشنائے گردشِ دوراں بنا دیا
کہتی ہے ذہنیت یہ حجاز و عراق کی
تیرا ہی کام تھا کہ مسلماں بنا دیا
جھکوا لیے قدم پہ بڑے سرکشوں کے سر
پروانہ وار شعلوں کو رقصاں بنا دیا
سلطانِ کجکلاہ مقابل نہ ہو سکے
جس کو رئیسِ دولتِ عرفاں بنا دیا
نوعِ بشر کو نظمِ مساوات سونپ کر
ہر دردِ اختلاف کا درماں بنا دیا
اے صاحبِ شریعتِ سہلہ ترے نثار
کیا مرگ و زیست دونوں کو آساں بنا دیا

○

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (3)

دردِ دل کیا کہیں رستہ میں پڑا ملتا ہے<br>
حق کے محبوب سے نسبت ہو تو آملتا ہے

میں وہ سائل ہوں تجھے مانگ رہا ہوں تجھ سے<br>
دیکھنا ہے مرے مولاؐ مجھے کیا ملتا ہے

دل کا کیا حال ہو حاصل جو حضوری ہوجائے<br>
اُس کی فرقت میں تڑپنے سے مزا ملتا ہے

طور تک موسیٰؑ عمراں کی رسائی تھی فقط<br>
عرش سے اس کی بلندی کا پتا ملتا ہے

کچھ خبر بھی ہے تجھے نان و نمک کے سائل<br>
اُس کے کوچہ میں گدائی سے خدا ملتا ہے

اپنے امکان تصور کو دعا دیتا ہوں<br>
جب مرا سر قدمِ پاک سے جاملتا ہے

کس میں دم ہے جو کرے حسنِ عمل کی توصیف<br>
نام سے سلسلۂ صلِ علیٰ ملتا ہے

یہ جزا کم ہے کہ دیدارِ نبیؐ ہوگا نصیب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کس کو یہ فکر ہے کیا روز جزا ملتا ہے
ہٹ دھرم ہیں جو سمجھتے نہیں منزل اس کی
سب کو قرآن میں لو لاک لما ملتا ہے
اُس کے در سے ہمیں کیا کچھ نہ ملے گا اے دوست
غیر کو حوصلۂ صبر و رضا ملتا ہے
نجم مداحِ پیمبرؐ کی بلندی کو نہ پوچھ
خاک پر بیٹھے تو سرِ عرش سے جا ملتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (4)

محمدؐ پر خدا کی شانِ وحدت ناز کرتی ہے
خداوندی شریعت در شریعت ناز کرتی ہے
فرشتے کیا ہیں نبیوں کی ارادت ناز کرتی ہے
نبوت کیا ہے تکمیلِ نبوت ناز کرتی ہے
زہے بارِ امانت خود امانت ناز کرتی ہے
ملک ہیں محوِ حیرت آدمیت ناز کرتی ہے
میں سمجھا آدمی کا احسنِ تقویم ہو جانا
یہی صورت ہے جس پر حق کی صنعت ناز کرتی ہے
تری بے چیدیاں برحق مگر آگے بڑھوں کیوں کر
ابھی اے حرفِ آخر اولیت ناز کرتی ہے
شعورِ ترجمانی پر ہے یا مفہومِ قدرت پر
نہ پوچھو کس پہ قرآں کی فصاحت ناز کرتی ہے
جہادِ صبر کا موقف ہو یا ہو جنگ کا میداں
بہر صورت بہر پہلو شجاعت ناز کرتی ہے
حکومت اس نے کی پہلو بچا کر کبریائی کے
اسی نظمِ حکومت پر حکومت ناز کرتی ہے
وہ اک توحید کا ساغر وہ کثرت پینے والوں کی
دو عالم مست ہیں ساقی کی ہمت ناز کرتی ہے
خدا کے آخری پیغامبر اے حجتِ اوّل
تجھی پر ظاہر و باطن ہدایت ناز کرتی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

غرورِ آل ہاشم ہے تری شانِ یتیمی بھی
ابھی تک جس یتیمی پر جلالت ناز کرتی ہے
تجھے اک دشتِ غربت کا مسافر کردیا جس نے
ازل کی صبح سے وہ شامِ ہجرت ناز کرتی ہے
ترے اسلاف سے اخلاف سے آگے نہیں کوئی
جہاں تک نسلِ آدم کی شرافت ناز کرتی ہے
بھٹک کر رہ گئے رستہ میں سقراطی و بقراطی
تری چوکھٹ پہ سجدے کرکے حکمت ناز کرتی ہے
وہاں سے ابتدا ہے تیرے انوارِ نبوت کی
جہاں پیغمبروں کی قدر و قیمت ناز کرتی ہے
ترے اُسوہ نے کی اخلاق کی تکمیل دنیا میں
اسی معراج پر انساں کی عظمت ناز کرتی ہے
مکمل ہوگئی تنظیم قدرت تیرے آنے سے
جہاں میں تیرے آنے کی مہورت ناز کرتی ہے
میں اپنے شعر لے کر نجم اس منزل میں کیا جاؤں
جہاں قران کی ایک ایک آیت ناز کرتی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (5)

چمکا جو عرب دیش کی قسمت کا ستارا
کرتار نے آکاش سے اِک نور اُتارا

مکہ میں رسالت کی بچھائی گئی مسند
پیدا ہوئے ہاشم کے گھرانے میں محمدؐ

اس طرح دُلہن بھی کوئی دیکھی نہ سنورتی
مکھڑے کی پڑی چھوٹ تو جگمگ ہوئی دھرتی

کیا جانیے کس بھیس میں کس روپ میں آیا
سنتے ہیں کسی آنکھ نے دیکھا نہیں سایا

چھ سال میں ماں باپ جو پرلوک سدھارے
بچپن سے لڑکپن ہوا دادا کے سہارے

جب سر سے اُٹھا آپ کے دادا کا بھی سایا
اِک اور پریمی نے کلیجے سے لگایا

بچوں سے زیادہ یہ بھتیجے پہ فدا تھے
پالا ابو طالبؑ نے جو حضرت کے چچا تھے

چھوٹے ہی سے سِن میں تھیں سمجھ بوجھ کی باتیں
کٹتے تھے بڑے سوچ میں دن ہوں کہ ہوں راتیں

دایہ کی طرح سب کی نگاہوں میں بھلا تھا
یہ چار برس گھر میں حلیمہ کی پلا تھا

سُندر تھا جو ہر کام تو ہر بات تھی بالا
دایہ کو یہ اچرج تھا کہ بچہ ہے نرالا

بے وقت نہ کھایا کبھی، بے وقت نہ سویا
مچلا نہ کبھی دودھ کے کارن نہ وہ رویا

اس چاند میں آنکھوں نے کوئی کھوٹ نہ پائی
جو من کی صفائی تھی، وہی تن کی صفائی

بھولے سے کبھی اپنی بڑائی نہ جتائی
بیٹوں کو حلیمہ کے سمجھتا رہا بھائی

باتیں نہ گھمنڈی کبھی ہردے میں سمائیں
یوں ساتھ دیا اُن کا کہ بھیڑیں بھی چرائیں

بچوں کی طرح اُس نے کوئی کھیل نہ کھیلا
اُس کے لیے دنیا میں تماشہ تھا نہ میلا

گاہک تھا وہ ہر آن غریبوں کی خوشی کا
سنسار میں دُکھ دیکھ نہ سکتا تھا کسی کا

بیتا وہ لڑکپن کا سمے آئی جوانی
انسان کے جیون کی گھڑی سب سے سُہانی

زردوش تھی جو پھول کی چمن کی طرح سے
جو پاک رہی صبح کے دامن کی طرح سے

ستونت تھا ایسا جسے دُشمن نے بھی مانا
صادق اُسے بچپن سے ہی کہتا تھا زمانا

نیکی نے بچایا تھا جوانوں کے چھڑوں سے
وہ دور ہی رہتا تھا بُرائی سے بُروں سے

نربل کو بھی سکھ ہو، اِسی اُلجھن میں پڑا تھا
ودھوا سے کیا بیاہ کہ پُن اِس میں بڑا تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

سرپنچ بنا قوم کا جھگڑا بھی چکایا  دھرتی کو بڑی سخت لڑائی سے بچایا
ان جل کے لیے کرنا ہی پڑتا ہے یہ کتھا  بیوپار بزرگوں کی طرح اُس کا چلن تھا
اُبھری ہوئی تھی ہاتھ میں ایمان کی ریکھا  بیوپار میں ایسا کوئی دھرمی نہیں دیکھا
کچھ دن میں نئی پیار کی صورت نظر آئی  پیدا ہوا اِک سب سے بڑا اُس کا فِدائی
اِک تاروں بھری رات نے آنچل جو سمیٹا  چوتھا ابو طالبؑ کو ملا چاند سا بیٹا
کعبہ میں ہُوا جس کا جنم یہ وہ بلی ہے  اللہ کے گھر میں ہُوا پیدا کہ علیؑ ہے
گھر اُس کا چلن اُس کا وہی ذات وہی ہے  جو بات محمدؐ کی ہے ہر بات وہی ہے
جنتا کی بھلائی میں بہت رنج سہے ہیں  ہر کام میں اُن دونوں کے دل ایک رہے ہیں
جن باتوں میں تھی کھوٹ بہت اُن سے پرے تھے  بھولے سے نہ کی مورتی پوجا وہ کھرے تھے
دِل جس سے ملے ایسا نہ تھا میل کسی سے  لاکھوں میں محمدؐ کو محبت تھی علیؑ سے
جی لگتا تھا بستی سے الگ شہر سے باہر  استھان بنا رکھا تھا اِک غار کے اندر
جو قوم تھی وہ پاپ کے چکر میں پڑی تھی  انساں ہے گرتے پہ یہ فکر اس کو بڑی تھی
کیا کشٹھ کی بھرمار ہے اپرادھ کا ریلا  بیٹھا وہ یہی سوچتا رہتا تھا اکیلا
کرتا تھا ہر اِک اپنے قبیلے کی بڑائی  بے بات بھی ہوجاتی تھی آپس میں لڑائی
بدلہ کا لگا روگ تو کم ہی نہیں ہوتا  دادا کی جگہ لڑنے کو تیار ہے پوتا
آنند یہودی ہے جو بینہ سود کا برسے  عیسائی ہیں بھٹکے ہوئے عیسیٰ کی ڈگر سے
کچھ لوگ اسے اپنی سمجھتے ہیں جو بیٹی  دھرتی میں دبا دیتے ہیں پیدا ہو جو بیٹی
انسان نے انساں کا بنایا ہے یہ کیا حال  ہے جانوروں سے بھی غلاموں کا بُرا حال
کس اُور ہے سنسار کا بہتا ہوا دھارا  نیکی سے ہو سمبندھ تو مشکل ہے گزارا
کرتے ہی نہیں فرق بُرے اور بھلے میں  اوقات گزرتی ہے شراب اور جوئے میں
کب تک یہی انیائے کا بیوپار رہے گا  کب تک یہ اَدھا دُھند سا چار رہے گا
دن رات غریبی ہے امیری کا نوالا  آنکھیں ہیں مگر کوئی نہیں دیکھنے والا
اِک روز اسی دھیان میں اوڑھے ہوئے چادر  چُپ چاپ وہ لیٹا ہوا تھا غار کے اندر

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

دنیا کو بدلنے کا چلن سوچ رہا تھا
انسان کی مکتی کے جتن سوچ رہا تھا

جیسے کبھی گرمی میں بڑی پیاس لگی ہو
سامان نہ ہو کوئی، مگر آس لگی ہو

دُہرا ہی رہا تھا یہ کہانی ابھی مَن میں
پیدا ہوا اک بھاؤ نیا من کی لگن میں

جیسے کوئی جاگے ہوئے کو اور جگا دے
لو جیسے کوئی پیار کے دیپک کی بڑھا دے

اِس آن میں جبریلؑ فرشتے کی زبانی
دھرتی پہ سُنی اُس نے یہ آکاش کی بانی

اے کملی میں لپٹے ہوئے اُٹھ ذکرِ خدا کر
دُنیا کو جگا دین کا پیغام سُنا کر

سب اُس کے سنگھاسن ہیں وہ پربت ہو کہ رائی
بندوں کو بتا پالنے والے کی بڑائی

گھر اپنے چلا سُن وہ کے یہ کام کی آواز
ہر اُور سے پیدا ہوئی پرنام کی آواز

اِک ایک نے ترلوک دھنی کہہ کے پکار
جنگل نے پہاڑوں نے نبیؐ کہہ کے پکارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (6)

گروہِ انبیاؑ کے سیّد و سردار کیا کہنا
رئیسِ کاروانِ عالمِ انوار کیا کہنا

دو عالم پر ہے قبضہ احمدؐ مختار کیا کہنا
ترا قرآن کیا کہنا تری تلوار کیا کہنا

وہی ہے صحنِ مسجد اور وہی قصرِ حکومت ہے
خدائے پاک کے گھر میں ترا دربار کیا کہنا

شبِ اسریٰ کی محفل تھی نیاز و ناز کی محفل
وہ آدھی رات اور وہ عالمِ بیدار کیا کہنا

تجھے دیکھا جن آنکھوں نے محبت کی نگاہوں سے
وہ آنکھیں اے زہے قسمت ترا دیدار کیا کہنا

جہاں میں سب سے پہلے تو پیامِ امن لایا تھا
مساوات و محبت کے علم بردار کیا کہنا

تجھے دولت حکومت عیش سب دیتی رہی دنیا
مگر دنیا میں باقی ہے ترا انکار کیا کہنا

ترا ہر اک عمل صلِ علیٰ حسنِ عمل ٹھہرا
حدیثِ دوست کہلائی تری گفتار کیا کہنا

چراغِ عقل روشن تیری انگلی کے اشارے سے
ترے انفاس کی خوشبو سے ہے گلزار کیا کہنا

مصاحب تیرے پیغمبرؑ فرشتے لشکری تیرے
سپہ سالارِ اعظم حیدرِؑ کرار کیا کہنا

ذبیح اللہ شامل تیرے اسلافِ مقدس میں
شہیدِ کربلا ہے تیرا ورثہ دار کیا کہنا

مجھے بھی ان گرفتاروں میں لکھ لے کاتبِ قدرت
پیمبرؐ ہیں اسیرِ گیسوئے خم دار کیا کہنا

فضائے عرش میں اے نجم رہتا ہے دماغ اپنا
فرازِ عرش سے اترے ہیں یہ اشعار کیا کہنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

(7)

جان ہے تیری امانت، دل برائے مصطفیٰ
مجھ میں میرا کچھ نہیں ہے اے خدائے مصطفیٰ
فکرِ جنت چھوڑ اے نا آشنائے مصطفیٰ
جنتِ عارف ہے احساسِ ولائے مصطفیٰ
اتباعِ مصطفیٰ کر اے گدائے مصطفیٰ
بھیک مانگے سے نہیں ملتی رضائے مصطفیٰ
یہ زمیں کے ساکنوں کی پستیِ تخئیل ہے
عرش تک سمجھی ہے دنیا منتہائے مصطفیٰ
کون مرسل یوں ہوا راہِ خدا میں گام زن
ہر مصیبت کی روش پر مسکرائے مصطفیٰ
دونوں عالم کے خزانوں پر تصرف تھا مگر
تحفۂ دردِ محبت لے کے آئے مصطفیٰ
مرحبا اے ریگزارِ یثرب و بطحا تجھے
تیرے بوسے اور دامانِ قبائے مصطفیٰ
شرع کا ہر مسئلہ ہے علم و حکمت کو قبول
فطرتِ انسانیت ہے ہم نوائے مصطفیٰ
اے اسیرِ فکرِ تفسیرِ دو عالم ہم سے پوچھ
نقشِ سجدہ ایک ہے اک نقشِ پائے مصطفیٰ
صبح نے آ کر جو اُلٹا شامِ ہجرت کا نقاب
مرتضیٰ تھے سبز چادر میں بجائے مصطفیٰ
چار پشتوں سے مجھے حاصل ہے یہ عز و شرف
انجمؔ فطرت ہے مری مدح و ثنائے مصطفیٰ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (8)

کلمہ گو کیوں کر نہ ہوں شیدائے آلِ مصطفیٰ
کوئی بد قسمت ہی چاہے گا ملالِ مصطفیٰ

اللہ اللہ منزلِ بذل و نوالِ مصطفیٰ
خالِ رُخسارِ شریعت ہے بلالِ مصطفیٰ

کاتبِ قدرت مری جمعیتِ خاطر تو کر
لکھ دے میرے نام پر آشفتہ حالِ مصطفیٰ

اس کا ہر مخلص مسلماں سر سے پاتک ہے کمال
کس کا منہ ہے جو کرے ذکرِ کمالِ مصطفیٰ

بدر سے تا نہرواں چمکی ہے تیغِ حیدری
فتنہ گر دُنیا نے دیکھا ہے جلالِ مصطفیٰ

حشر تک فکر آفریں ہے ذہنِ انساں کے لیے
عترت و قرآں متاعِ لا زوالِ مصطفیٰ

عارفوں کے دیدہ و دل کو جو نسبت ہو تو ہو
سب کی قسمت میں کہاں خواب و خیالِ مصطفیٰ

رحمتِ عالم خلافِ امن جاسکتا نہیں
تھی دفاعی جنگ ہر جنگ و جدالِ مصطفیٰ

صورت وسیرت میں ہیں زہراؑ کے دونوں لاڈلے
ہم جمالِ مصطفیٰ و ہم خیالِ مصطفیٰ

خود اب قدرت نے فرمایا مشقت کم کرو
درجۂ محبوبیت پر تھا یہ حالِ مصطفیٰ

میرے آباء کا شرف ہے، میری فطرت کا خمیر
مجھ صدیوں سے ہے فخرِ مدحِ آلِ مصطفیٰ

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (۹)

محمدؐ کائناتِ دو جہاں میں کار فرما ہے
خدا کے دستِ قدرت میں ارادا ہی ارادہ ہے

ظہور اس کا نہ تھا جب تک اندھیرا ہی اندھیرا تھا
ظہور اس کا ہوا جب سے اُجالا ہی اُجالا ہے

مکمل کردیا انساں کا دستورِ حیات اس نے
رسولؐ آخری ہے حرف آخر لے کے آیا ہے

بتایا اُس نے دولت کے مقابل دردِ دل لاکر
غرورِ زندگی کیا ہے شعورِ زندگی کیا ہے

خدا میں اور محمدؐ میں ہے ربطِ معنوی ایسا
تشہد میں بھی بندہ اس کو کہتے دل لرزتا ہے

قدِ زیبا پہ خلعت حُسن کا کیا راست آیا ہے
قبا محبوبیت کی ہے رسالت کا سراپا ہے

خبر کیا تجھ کو تعلیمِ محمدؐ مصطفاؐ کیا ہے
یہ حسن احتیاط ایک امتزاجِ دین و دنیا ہے

اخوت کی بنا ڈالی اُسی نے بزمِ ہستی میں
کسے معلوم تھا انسانیت کا کیا تقاضا ہے

شبِ اسریٰ حجابِ قدس اور قوسین کی منزل
یہ تعبیرات میں ساری حقیقت کی خبر کیا ہے

وہ شمعِ طور کی تنویر کیا خاطر میں لائیں گے
جن آنکھوں نے قدِ آدم خدا کا نور دیکھا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نظر مصروفِ غور و فکر تیور انقلابی ہیں
نئے عنوان سے پیشِ نظر دنیا کا نقشا ہے
کوئی خامی نظر آئی نہیں دستور میں اس کے
بہت دیکھا حکومت نے بہت حکمت نے سمجھا ہے
کسی کو فکر امانت کی نہیں صبح و شبِ ہجرت
امانت دار ایسا دشمنوں کو بھی بھروسا ہے
خدا رکھے محبت اس کی یاد اُس کی خیال اُس کا
عبادت ہے یہی جس میں دلِ مومن دھڑکتا ہے
بشر ہونا ہے تیرا مشتبہ خیرالبشر ہے وہ
اسیرِ سہو و نسیان تو اُسے اپنا سا سمجھا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (10)

کیا نعت میں لے نغمے کی بڑھی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
قدرت کی زباں بھی بول اٹھی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
کیا قلب و زباں پر قدرت تھی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
بے وحیِ الٰہی بات نہ کی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
تشکیل ہوئی تنظیم ہوئی ترتیب ہوئی تکمیل ہوئی
کیوں ختم نہ ہو پیغامبری سرکار دو عالم صلِ علیٰ
محبوب نہ تھا بندوں میں کوئی اللہ کے گھر میں تھی یہ کمی
کیا عبدِ واحد کی بات بنی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
کچھ عرش ہی پر موقوف نہ تھا معراج تھی تجھ کو فرش پہ بھی
معراج کی تجھ سے شان بڑی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
جو دینِ خدا کی دشمن تھی ہر بات پہ جس سے جنگ ہوئی
اک دن وہی دنیا چیخ اٹھی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
دونوں پہ حکومت ہے تیری اجسام پہ بھی ارواح پہ بھی
بے اذن کسی نے سانس نہ لی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
اک عمر کے قیدی چھوٹ گئے سب کفر کے بندھن ٹوٹ گئے
تکبیر کی ایسی چوٹ پڑی سرکار دو عالم صلِ علیٰ
تلوار اٹھے یا دستِ دعا دونوں میں ہے شامل حق کی رضا
مسجد کی روش میدان میں بھی سرکار دو عالم صلِ علیٰ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایثار نے تجھ سے درس لیا قدموں پہ گرے تسلیم و رضا
یہ حسن عمل کی شان رہی سرکار دو عالم صل علیٰ
انسان کی صف میں شامل بھی ادراک سے بالا منزل بھی
یہ سرِ خفی یہ نصِ جلی سرکار دو عالم صل علیٰ
تا عرش یہ نغمے جائیں گے سکانِ فلک دہرائیں گے
کہنے دو مجھے اے نجم ابھی سرکار دو عالم صل علیٰ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (11)

نمازِ دردِ دل پڑھنی ہے پیغمبرؐ کی مدحت سے
وضو کر اے شعورِ فکر شبنم کی لطافت سے

مجھے حُبِ نبیؐ کو واسطہ ہے میری فطرت سے
وہ کوئی اور ہوں گے جن کو مل جاتی ہے قسمت سے

بنا کر حق نے سوئے مصطفیؐ دیکھا محبت سے
خوشا ذوقِ نظر صورت ملا دی اپنی صورت سے

مسلّم ہے خدا کی بے نیازی اس کو کیا کہیے
جسے پیدا کیا اپنے تعارف کی ضرورت ہے

یہ وہ انسانِ اعظم ہے شکست فاش دی جس نے
حکومت کی محبت کو محبت کی حکومت سے

نگاہِ اہلِ ظاہر میں وہ اُمی تھا مگر ایسا
کتابِ زیست میں اصلاح دی ہے دستِ قدرت سے

ملا تختِ نبوت جب یتیمِ آلِ ہاشم کو
خدائی ہوگئی محکم اس انسانی ریاست سے

کیا آدم کو پیدا جس خدا نے اس کا کیا کہنا
مگر مجھ کو محبت ہے خدائے آدمیت سے

نگارستانِ ہستی کی فضا جس نے بدل ڈالی
بساطِ کافری جس نے اُلٹ دی دستِ ہمت سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ازل کے دن سے جس کی انگلیاں ہیں نبضِ فطرت پر
مزاجِ زور و زر بدلا ہے جس نے علم و حکمت سے
بہت دولت لٹائی جس کے ہاتھوں نے غریبوں میں
مگر ہونے دیا دامن کو آلودہ نہ دولت سے
ضرورت ہی نہ رکھی پھر کسی مرسل کے آنے کی
سنایا اس نے خالق کا پیام ایسی فصاحت سے
حیاتِ جاوداں کی اس نے ہی تفسیر کی ورنہ
تعارف ہی کسے تھا دردِ دل کی قدر و قیمت سے
نہ تھا سجدہ کا موقف درجۂ محبوبیت پا کر
اُسے بھی ذوقِ سجدہ تھا مگر سجدہ کی قسمت سے
مسلمانو صلوٰۃ و صوم کا انجام کیا ہوگا
جو بیگانہ رہا دل مصرفِ مہر و محبت سے
جو عالم گیر پیغامِ اخوت لے کے آیا تھا
اُسی کی قوم ہے محرومِ احساسِ اُخوت سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

## (12)

حرا کا غار ہے فانوس کس شمعِ حقیقت کا
کہ ہر ذرّہ ہے سجدے میں نگارستانِ فطرت کا

فضا مخمور بھی ہے مست بھی ہے، منتظر بھی ہے
کہ پھر پہلو بدلنے کو ہے منظر اس کی قدرت کا

جواں یہ کون ہے شانوں پہ لٹکائے ہوئے گیسو
خلیل اللہ کی صورت ستارہ کنجِ عزلت کا

اُبلنے ہی کو ہیں ہر سانس سے چشمے ہدایت کے
سمندر دل میں موجیں مارتا ہے علم و حکمت کا

تعمق کہہ رہا ہے فکر ہے تعمیر قومی کی
نگاہیں کہہ رہی ہیں اہل ہے تنظیم ملت کا

تفکر تبصرہ کرتا ہے انسانی خصائل پر
زہے عہد جوانی شغل ہے یہ کنجِ خلوت کا

جبیں کا نور چھپ سکتا نہیں گردِ یتیمی سے
تجمل منہ سے بول اُٹھتا ہے شایانِ ریاست کا

سراپا جوہرِ قابل فقط اب دیر ہے اتنی
کہ دستِ غیب سر پر تاج پہنا دے رسالتؐ کا

ہوئی ہے خاتمے کی مہر اس کے نام نامی پر
یہی ہے وہ نگیں جو اہل تھا مہرِ نبوتؐ کا

نہ چھیڑو مبحث معراج روحانی و جسمانی
دکھاؤ آئینہ جویائے حق کو اس کی سیرت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ آیا تھا جہاں میں رحمتہ للعالمیںؐ بن کر
جسے تم جسم سمجھے ہو یہ پردہ تھا شریعت کا
ظہور اس کا نہ تھا تقسیم ملک و مال کی خاطر
اُسے دنیا میں جوہر بانٹنا تھا آدمیت کا
اُسے کرنا تھا رشتہ عبد کا معبود سے محکم
کہ اُس کو علم تھا انساں کی کمزوری فطرت کا
وہ اک نورِ مجسم تھا مگر اے ابن آدم سُن
تری سیرت بنانے کو اُٹھایا بار صورت کا
ہمیں اس فلسفے کے پیچ و خم سے تھا رِہا کرنا
دکھانا تھا ہمیں اک راستہ سیدھی شریعت کا
بساطِ فقر موزوں ہو نہ ہو اس کے لیے لیکن
جتانا تھا اسے معیار دنیا کی حقیقت کا
غریب قوم بن کر بن گیا ڈھارس غریبوں کی
امیر خلق ہو کر بھیس بدلا اس نے غربت کا
مجاہد کردیا خونخوار خوں آشام قوموں کو
خدا کی راہ میں مصرف کیا اس نے شجاعت کا
نظر کے سامنے ہر وقت قانون الٰہی ہو
فریضہ رکھ دیا مسلم پہ قرآں کی تلاوت کا
وفا پیشہ غلاموں کو جگہ دی اپنے پہلو میں
دکھایا اس نے زینہ دین کی خدمت سے عظمت کا
اُسے قانونِ فطرت پر لگانا تھا خیالوں کو
کہ دنیا دیکھ لے اسلام ہے قانون فطرت کا
اُسے انسان کے اخلاق کی تکمیل کرنی تھی
علیؑ آفاق میں پہلا ثمر تھا اس کی محنت کا

O

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

# نعت

## (13)

محمدؐ کی حقیقت دونوں عالم کی رگِ جاں ہے — وہی مقصودِ خلقت ہے وہی مفہومِ انساں ہے
وہیں تک فکر پہنچے گی جہاں تک عقلِ انساں ہے — محمدؐ کو محمدؐ تک سمجھ لے کس کا امکاں ہے
خطابِ رحمتہ للعالمینؐ اُس کو ہی شایاں ہے — رسالت اسکا منصب ہے محبت اسکا احساں ہے
میانِ آب و گِل تھا آدمی جب وہ پیمبر تھا — مشیت ہی میں تھا اسلام وہ جب سے مسلماں ہے
چراغِ طور روشن بھی ہوا گُل بھی ہوا لیکن — دلِ عارف میں ابتک اُس کے جلوہ سے چراغاں ہے
عبودیت کے پیکر میں وہ ہے روحِ خداوندی — فرشتے اب کہیں سمجھے ہیں کیا مفہومِ انساں ہے
خدا کے گھر میں اُس نے فقر کی مسند پہ شاہی کی — جہادِ زندگی میں کون ایسا مردِ میداں ہے
اُسی نے خاک کے پتلوں کو چونکایہ سمجھا کر — کہ پیکر میں خدا کی اک امانت روحِ انساں ہے
وہ لایا صورتِ قرآں میں قانونِ حیات ایسا — کہ حیرت میں ہے منطق فلسفہ سر در گریباں ہے
جلالت کوئی دیکھے اُس یتیمِ آلِ ہاشم کی — رئیسِ محفلِ قدسی امیرِ بزمِ امکاں ہے
اُسی کی حق پناہی سے ہوا ہے دسترس اتنا — کہ آج افلاس کا ہاتھ اور دولت کا گریباں ہے
خود اپنا نور، نورِ بندگی، نورِ خداوندی — شبِ معراج اسکی غیرتِ صبحِ درخشاں ہے
نہ آتا کس طرح وہ رحمتہ للعالمین بن کر — تبسم جس کا ہلکا سا بہارِ صد گلستاں ہے
محبت اُس کی دل میں داغِ دل اُسکی محبت میں — چراغاں در چراغاں ہے بہاراں در بہاراں ہے
پیامِ درد اسکا عام ہے اس بزمِ ہستی میں — جو سہہ جائے وہ پتھر ہے تڑپ جائے تو انساں ہے
کیا تقویٰ کو شامل اس نے تہذیب و تمدن میں — یہ نعمت گر نہیں تو منعم و مزدور یکساں ہے
لیا ہے درسِ مرگ و زیست جس نے اسکی ہمت سے — اُسے جینا بھی آساں ہے اُسے مرنا بھی آساں ہے
دلیل اور اس سے بڑھکر ہوگی کیا ختمِ نبوت کی — وہی قانونِ فطرت ہے وہی آئینِ قرآں ہے
دیا تھا اُس نے وہ درسِ مساواتِ رواداری — کہ ہر اک قوم میں اب روحِ آزادی کی جولاں ہے
خدا کا نام لے کر ساری دنیا کے خلاف اٹھا — وہ پہلا رزم گاہِ حریت کا مردِ میداں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُسی خوانِ کرم کی ریزہ خوار اقوام عالم ہیں
اُسی کا اک عطیہ اشتراکی درودِ درماں ہے

بنا لے وضع جو اس کی مسلماں ہے وہ صورت میں
جو اُسکی راہ پر چلتا ہے اُسکا دل مسلماں ہے

کبھی قوسین نے بوسے دیئے تھے جس کے گوشوں کو
جو اُس دامن سے ہے لپٹا ہوا جنت بداماں ہے

جگہ اسلام نے کر لی خزاں آباد عالم میں
لہو اُس کے جگر گوشوں کا مفہوم بہاراں ہے

خدا بھی ایک ہے، قرآں بھی، قبلہ بھی، پیمبر بھی
قیامت ہے کہ پھر ملت کا شیرازہ پریشاں ہے

قدم آگے نہیں بڑھتے مقامِ جاں نثاری میں
زبانیں کہہ تو دیتی ہیں مدینہ کوئے جاناں ہے

غلط مصرف کیا ہے اُسکے فیضِ علم و حکمت کا
دلوں میں ہے اندھیرا اور آنکھوں میں چراغاں ہے

طلب یکساں ہے لیکن فرق یہ ہے رند و زاہد میں
کوئی عشقِ نبیؐ میں نالہ کش کوئی غزلخواں ہے

ہم اُس کا ذکر سن کر دیکھتے ہیں زندگی اپنی
وہ اب تک گنبدِ خضرا سے ملت کا نگہباں ہے

ہمیں جذبات کی پستی پہ ہے اب سوچنا واجب
جو فاراں کی بلندی سے اٹھا تھا یہ وہ طوفاں ہے

خبر کیا متصل تھا کسقدر وہ ذات واجب سے
یہ سنتے ہیں کہ نام اُسکا سرِ فہرستِ امکاں ہے

بہت سے نفس بالا کر دیئے عیش دو عالم سے
یہ عالم اُس نے جب دیکھا بہت انساں ارزاں ہے

دیا جس پُر خطر صحرا میں درسِ معرفت اُس نے
وہی تہذیب کا اخلاق کا پہلا دبستاں ہے

بھلا سکتے نہیں دل اُس کی تحریکِ اخوت کو
چراغ انسان کے احساس کا بیشک فراواں ہے

بہت حیران تھی دنیا اس اندازِ حکومت پر
کوئی قصرِ حکومت ہے نہ حاجب ہے نہ درباں ہے

بتایا قوم کو اُس کے پیمبر سالارِ اعظم نے
بشر کی موت اسکی زندگی کی خود نگہباں ہے

ابھی انسان سمجھا ہی نہیں تجویز امن اُس کی
ابھی دنیا کے ہر اک موڑ پر طاقت رجز خواں ہے

اُسے یارب نہ ہو معلوم حالت تجم کے دل کے
غمِ اسلام کم ہے اور غمِ دنیا فراواں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

# نعت

## (14)

تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے
تھا ایک ہو کا عالم میں تھا نہ میری ہستی
بے رونقی نہ رونق ویرانہ تھا نہ بستی
گویائی، نے خموشی، ہشیاری تھی نہ مستی
تھا کفر اور نہ ایماں ناحق نہ حق پرستی
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

تاریک تھی سراپا جب تک فضائے عالم
تھی کائنات جب تک مصروفِ خوابِ محکم
تھی بحر و بر کی ہستی جب ایک لفظِ مبہم
ہابیل کا نہ غم تھا جب تک نصیبِ آدم
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

تھے حسن و عشق پنہاں آئینہ تھا نہ حیراں
ساکن تھی بزمِ امکاں شہرت کی اور نہ خواہاں
غم تھا نہ غم کے ساماں، شادی نہ اُس کا عنواں
دل تھا نہ دل کے ارماں، تھا درد اور نہ درماں
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

جب خاک کے پریشاں ذرے سمٹ رہے تھے
جب آب و گل کے خلعت روحوں کو بٹ رہے تھے
جب نقشبندِ قدرت کایا پلٹ رہے تھے
فطرت کی سادگی سے جب رنگ چھٹ رہے تھے
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب گل فروشیوں کی مٹی نکھر رہی تھی
سو شکل سے زمیں کی دولت اُبھر رہی تھی
ترکیب عنصری کی دنیا سُدھر رہی تھی
اک اک ورق میں قدرت سو رنگ بھر رہی تھی
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

تقسیمِ عام نے دی جب شمع کو خموشی
پروانہ کو بتائے آئینِ عشق کوشی
دی گل کو بے نیازی بلبل کو دل فروشی
تہذیب نے سکھائی جب ہم کو ستر پوشی
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

آدم کی آنکھ نے جب دیکھیں تری ادائیں
طوفانِ نوح میں تھیں جب مضطرب فضائیں
جب قوم عاد بگڑی اُلٹی چلیں ہوائیں
جب مصر کی زمیں پر نازل ہوئیں بلائیں
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

مچھلی کے پیٹ میں تھا یونس کا جب کہ مسکن
پہنچے جب آسماں پر ادریس اور سوزاں
بہرِ خلیل جس دم آتش بنی تھی گلشن
ابنِ خلیل کی تھی جب زیرِ تیغ گردن
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

داؤد کا تھا نغمہ جب دل ہلانے والا
موسیٰ کو غش جب آیا جب ہوش نے سنبھالا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

عیسیٰ کی قُم کا تھا جب دنیا میں بول بالا
فاراں کی چوٹیوں پر جس دم ہُوا اُجالا
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے
کعبہ کو جب بچانے آیا خدا کا لشکر
اصنام کی خدائی جب تھی حرم کے اندر
میدانِ بدر میں جب چمکی تھی تیغِ حیدرؑ
بطحا کے چاند سے تھے جب دو جہاں منور
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے
تکمیل ہو رہی تھی انسانیت کی جس دن
اِک سیل بہ رہی تھی نورانیت کی جس دن
نعمات بٹ رہی تھیں عرفانیت کی جس دن
بنیاد اُس نے رکھی وحدانیت کی جس دن
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے
ممنون صد تماشا ہے تیری زندگی بھی
کچھ رشک بھی ہے تجھ کو حیرت بھی بیخودی بھی
تیرے نصیب میں تھی رحمت کی یہ گھڑی بھی
اللہ تو نے دیکھا وہ نورِ ایزدی بھی
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے
اے کاش میں بھی پاتا وہ وقت وہ زمانہ
مٹ کر بھی جسم بنتا میں خاکِ آستانہ
مثلِ اویسؓ ہوتا زندہ مرا فسانہ
پھر دل سے کیوں نکلتا یہ دل شکن ترانہ
تو جب بھی جلوہ گر تھا اے خوشنما ستارے

○

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعتِ فارسی

## (تضمین بر اشعار حضرت تمنّا سندیلوی مرحوم)

## (15)

اے نورِ چراغِ آفرینش اے روحِ نفاخِ آفرینش
اے نازِ دماغِ آفرینش اے صدرِ اوتاغِ افرینش
اوّل گلِ باغِ آفرینش

منشائے محبت تو باشد مقصودِ حکایت تو باشد
موضوعِ نبوت تو باشد تبلیغِ رسالت تو باشد
مفہومِ بلاغِ آفرینش

از روئے تو صبح یافت تنویر و ز زلفِ تو شب نمودہ تحریر
تو جانِ مصوری بہ تصویر از شمعِ رُخِ تو دستِ تقدیر
بر کرد چراغِ آفرینش

یک صحبتِ مختصر نہ بودے ایں شام کجا سحر نہ بودے
ما ہیچ و زما خبر نہ بودے مقصود توئی دگر نہ بودے
گم گشتہ سراغِ آفرینش

نظمِ تو نظامِ اہلِ دانش آئینِ تو لائقِ پرستش
فکرِ تو پناہِ سعی و کوشش شرعِ تو فروغِ چشمِ بینش
دینِ تو فراغِ آفرینش

سرمستِ جمالِ حسنِ فطرت مخمورِ کمالِ صنع و حکمت
اے در نگہے یمِ محبت از صافیِ بادۂ ولایت
در نشہ دماغِ آفرینش

چارہ گرِ دردِ صورتِ تُست درمانِ مرضِ حکایتِ تُست
ایں امن و سکون بدولتِ تست قربانِ توام کہ رحمتِ تُست
مرہم بہ داغِ آفرینش

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# نعت

(16)

کیا کام کیا فکر نے مدحِ نبویؐ میں — اور آگ لگادی ہے مری تشنہ لبی میں
وصلِ ابدی میں ہے نہ سحرِ ازلی میں — احساس جو ہے عشقِ محمدؐ کی خودی میں
آزاد ہوں میں وسعتِ عشقِ نبویؐ میں — اُلجھے ہوئے ہیں تنگ نظر بولہبی میں
یہ نام محمدؐ یہ اندھیرے کا اُجالا — سرنامۂ آیات ہے آیاتِ جلی میں
صدقے صنم ہند و صنا دیدِ عجم ہیں — اللہ کی قدرت ہے لباسِ عربی میں
اک فیصلہ کن شان سے بھیجا ہے خدا نے — قرآن بھی تلوار بھی ہے دستِ قوی میں
مذموم تمدن کے صنم توڑے ہیں اس نے — اک اور اضافہ یہ کیا بت شکنی میں
تکوینی ہے علم اس کا جو کہلاتا ہے اُمّی — یہ بات نہ آئے گی کبھی ذہنِ غبی میں
اک نقطۂ توحید سے ہے ربطِ دو عالم — کونین سے آگے ہے وہ اس نکتہ رسی میں
کیا ہوتا ہے مافوقِ بشر سوچ رہا ہوں — شامل وہ نہیں سہو وخطائے بشری میں
تفریق پہ کس نے مجھے مامور کیا ہے — کیوں فرق کروں عشقِ خدا عشقِ نبیؐ میں
خالق کی مشیت پہ بھی کر ہی لیا قبضہ — کیا آگئی انسان خدا ساز کے جی میں

اے نجم میں ہوں شاعرِ دربارِ رسالتؐ
کیا شک ہے کسی کو مری تصویر کشی میں

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# باب ہشتم

# قصاید اور منقبتیں

| | | |
|---|---|---|
| -1 | نجم آفندی کی منقبت | ڈاکٹر سید تقی عابدی |
| -2 | منتخب اشعار | قصاید اور منقبتیں |
| -3 | فہرست کل قصاید اور منقبتیں | (81) عدد |
| -4 | کل اشعار | (2519)عدد |

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# فہرست قصاید اور منقبتیں


| شمارہ | عنوان | مطلع | تعدادِ شعر | مدح | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | امیرالمومنینؑ | نقاب رخ ہٹی ایمان کے عہد منوّر کی | (31) | حضرت علیؑ | 813 |
| 2 | سیّدہ کونین | اے کہ ہستی ہے تری نازِ رسولؐ بطحا | (33) | حضرت فاطمہؑ | 814 |
| 3 | شہزادۂ صلح | عالمِ خلق پہ چھائی ہوئی وہ کن کی صدا | (40) | حضرت امام حسنؑ | 816 |
| 4 | سید الشہدا | ذوقِ طاعت چاہتا ہے ایک سجدا اے حسینؑ | (30) | حضرت امام حسینؑ | 818 |
| 5 | شعاعِ لرزاں | چو بر شاخِ نازکِ گُلِ تر بلرزد | (14) | حضرت علیؑ | 819 |
| 6 | تجم و تجس | ایں جادۂ تسلیم کہ بنمود علیؑ بود | (12) | حضرت علیؑ | 820 |
| 7 | بانگِ درا | فطرت خدا کے رازِ اگر برملا کہے | (37) | حضرت علیؑ | 821 |
| 8 | پارۂ نور | اے وہ ہستی کہ ترا عکسِ نظر تھا سرِ طور | (17) | حضرت علیؑ | 823 |
| 9 | حسین علیہ سلام | اے کہ تیرے خیال میں نغمہ جامِ کوثر کی | (17) | حضرت امام حسنؑ | 824 |
| 10 | عریضہ | ایک ترا جمال ہے رونقِ بزمِ عنصری | (15) | حضرت امام مہدیؑ | 825 |
| 11 | جانِ بہار | نمودِ عالم ہوتھی فضائے تیرہ و تار | (98) | حضرت علیؑ | 826 |
| 12 | روحِ سخن | حُسنِ ازل تھا فقط غیرتِ صد انجمن | (116) | حضرت علیؑ | 830 |
| 13 | صبحِ لطیف | مسجودِ عقل و ہوش ہی فطرت کو وہ جوہر دیا | (112) | حضرت علیؑ | 836 |
| 14 | جلوۂ معصوم | قوتِ تخییل سے کچھ کام لے کر دیکھئے | (123) | حضرت علیؑ | 841 |
| 15 | ترتیبِ مناظر | کچھ ایسا مضطرب ہے ذرہ ذرہ دشتِ فاراں کا | (92) | حضرت علیؑ | 846 |
| 16 | شمعِ حقیقت | پچھلے سے تلاطم ہے دریا میں قیامت کا | (38) | حضرت علیؑ | 850 |
| 17 | نغمۂ کوہسار | اور بڑھیں گی زینتیں گلشنِ روزگار کی | (118) | حضرت علیؑ | 852 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمارہ | عنوان | مطلع | تعدادِ شعر | مدح | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 18 | نازِ آفرینش | زہے لوح و قلم ایسے بھی نقطے تھے مقدر میں | (77) | حضرت علیؑ | 858 |
| 19 | زمزمۂ روح | شب دراز میں نہاں جہانِ پُر بہار ہے | (77) | حضرت امام حسینؑ | 861 |
| 20 | شاہزادۂ نور | نہ ہوں مغرور نظریں وہم عرفانِ حقیقت سے | (62) | حضرت امام مہدئؑ | 865 |
| 21 | طرحِ نو | تولّا آج کیوں ہنگامہ زا ہنگامہ پرور ہے | (57) | حضرت امام مہدئؑ | 868 |
| 22 | ہمہمہ | زمانہ جنگ کا ہے مسئلہ زور آزمائی کا | (60) | حضرت علیؑ | 870 |
| 23 | خمِ غدیر | وہ ماہِ رجب مظہرِ اسرارِ الٰہی | (53) | حضرت علیؑ | 873 |
| 24 | مولائی | سنی مدحِ علیؑ ہم نے ستاروں کی زبانوں سے | (8) | حضرت علیؑ | 876 |
| 25 | منقبت | جلوہ گر عشقِ علیؑ مرتضیٰ آنکھوں میں ہے | (9) | حضرت علیؑ | 876 |
| 26 | قصیدہ | دماغ و فکر و قرطاس و قلم سے واسطا سمجھا | (20) | حضرت علیؑ | 877 |
| 27 | منقبت | خدا کا گھر ہو دولت ہے ورائے امامت کا | (35) | حضرت علیؑ | 878 |
| 28 | منقبت | اندھیرا تھا اجالا ہو گیا مرتضیٰ داور کا | (11) | حضرت علیؑ | 880 |
| 29 | عرفانِ ابوطالبؑ | کوئی مانے نہ مانے آج ایمان ابوطالبؑ | (11) | حضرت ابوطالبؑ | 881 |
| 30 | تیرھویں رجب کی رات | دیدنی تھی وقت کی صورت گزری کل رات کو | (22) | حضرت علیؑ | 881 |
| 31 | نغمۂ مستانہ | آج گھٹا کیا جھوم کے اٹھی | (26) | حضرت علیؑ | 883 |
| 32 | منقبت | اگر وہ خود نہ دلوں کے نگہباں ہوتے | (15) | آلِ محمدؐ | 884 |
| 33 | منقبت | تیری خاطر نذر لایا ہوں ولائے بوترابؑ | (11) | حضرت علیؑ | 885 |
| 34 | منقبت | جب سے درِ علیؑ پہ فخرِ گداگری ہے | (15) | حضرت علیؑ | 886 |
| 35 | منقبت | اس ذات کی مدحت میں رواں میرا علم ہے | (14) | حضرت علیؑ | 887 |
| 36 | منقبت | مسکراتے ہیں نبیؐ کعبہ کا حاصل دیکھ کر | (14) | حضرت علیؑ | 887 |
| 37 | منقبت | اے صلِ علیٰ جلوۂ جانانہ علیؑ کا | (7) | حضرت علیؑ | 888 |
| 38 | منقبت | فراریوں سے ہے غفلت نہ زخمیوں سے غرض | (8) | حضرت علیؑ | 889 |
| 39 | قصیدہ | حُسن کی ہے جلوہ گاہ عشق میں ہوں نعرہ زن | (27) | حضرت حسنؑ | 889 |


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

| شمارہ | عنوان | مطلع | تعدادِ شعر | ممدوح | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 40 | منقبت | پائی تھی نہ قرآں نے ابھی صورتِ فرماں | (41) | حضرت فاطمہؑ | 891 |
| 41 | منقبت | میرا مطلع ہے طلوعِ آفتابِ معرفت | (22) | حضرت امام حسنؑ | 893 |
| 42 | منقبت | اسلام کی تاریخ کا وہ عہدِ یگانہ | (24) | حضرت امام حسنؑ | 894 |
| 43 | منقبت | مرا دل فدائے امام حسنؑ ہے | (6) | حضرت امام حسنؑ | 895 |
| 44 | منقبت | صورت ہے ایک حُسن کہو یا حسنؑ کہو | (7) | حضرت امام حسنؑ | 896 |
| 45 | خالقِ نجات | پردہ تھا اک ازل کا زمیں تھی نہ آسماں | (70) | حضرت امام حسینؑ | 896 |
| 46 | قصیدہ | ساقی کی اک نظر سے اسرارِ حق ہیں روشن | (36) | حضرت امام حسینؑ | 900 |
| 47 | منقبت | صبر کی شمشیر والے درد و غم کے تاجدار | (12) | امام زین العابدینؑ | 901 |
| 48 | منقبت | صادقِ آلِ محمدؐ وارثِ خیرالانام | (11) | امام جعفرؑ صادق | 902 |
| 49 | فروغِ ملّتِ بیضا | شریعتوں کا خلاصہ ہیں جعفرؑ صادق | (12) | امام جعفرؑ صادق | 903 |
| 50 | منقبت | لسانِ قدرت یکتا امام جعفرؑ صادق | (7) | امام جعفرؑ صادق | 904 |
| 51 | منقبت | اے کہ تجھ کو مہد میں آیا امامت کا پیام | (6) | امام محمد تقیؑ | 905 |
| 52 | مصدرِ کمال | خرامِ ناز میں نہاں سکونِ روزگار ہے | (25) | امام حجتِ عصرؑ | 905 |
| 53 | عہدِ اضطراب | نقابِ رُخ الٹ دو حشر اٹھا رکھا ہے دنیا نے | (21) | امام حجتِ عصرؑ | 906 |
| 54 | معرکہ | غضب کا معرکہ تھا اور قیامت کی صف آئی | (57) | امام حسینؑ | 908 |
| 55 | درشن کا سویرا | شعبان وہ اسلام کا ممدوح مہینہ | (38) | امام مہدیؑ | 910 |
| 56 | منقبت | اللہ رے تیری وسعت اے جلوۂ جانانہ | (11) | امام مہدیؑ | 912 |
| 57 | امامِ منتظر | جب توجہ آنے والے کی ادھر ہو جائے گی | (23) | امام مہدیؑ | 913 |
| 58 | روح کی فریاد | بدلا ہوا ہے دہر کا عنواں ترے بغیر | (21) | امام مہدیؑ | 914 |
| 59 | منقبت | رسوا ہو عین چوک میں اسلام کا نشاں | (34) | حضرت عباسؑ | 916 |
| 60 | منقبت | اسلام اے شرف جوہرِ شمشیر زنی | (20) | حضرت عباسؑ | 917 |
| 61 | قصیدہ | یہ بارگہِ عرش نشاں منزلِ عظمت | (46) | حضرت عباسؑ | 919 |


jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas


| شمارہ | عنوان | مطلع | تعداد شعر | مدح | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 62 | منقبت | ثنائے ثانیِ زہراؑ میں کیا کروں تحریر | (14) | حضرت زینبؑ | 921 |
| 63 | منقبت | شرف کچھ کم نہیں عون و محمدؑ کی ولادت کا | (12) | حضرت عونؑ و محمدؑ | 922 |
| 64 | قوم کی ماں | اے علیؑ کی لاڈلی آغوشِ زہراؑ کی پلی | (11) | حضرت زینبؑ | 923 |
| 65 | منقبت | آ گیا ہوں مدحِ اصغرؑ تک بہ عنوانِ حُسینؑ | (17) | حضرت علی اصغرؑ | 924 |
| 66 | منقبت | دینِ فطرت جو کرے گا استوار آ ہی گیا | (5) | حضرت علی اصغرؑ | 925 |
| 67 | منقبت | مظہرِ معصومیت اے فاطمہؑ کی ورثہ دار | (6) | حضرت زینبؑ | 925 |
| 68 | منقبت | عباسؑ ہیں نظر میں ولا کا شباب ہے | (19) | حضرت عباسؑ | 926 |
| 69 | منقبت | آیا مری زباں پہ جب مدح کا ترانہ | (34) | حضرت علیؑ | 927 |
| 70 | منقبت | حُسنِ حسنؑ کی مدح میں گزرے اگر حیات | (34) | امام حسنؑ | 928 |
| 71 | منقبت | حمد کی ترکیب ہے جس میں وہ منظر دیکھیے | (16) | حضرت علی اکبرؑ | 930 |
| 72 | منقبت | داستاں اصغرؑ کی ہے تفسیرِ قرآنِ کریم | (12) | حضرت علی اصغرؑ | 931 |
| 73 | منقبت | کیا پوچھتے ہو شانِ علیؑ کے فقیر کی | (10) | حضرت علیؑ | 932 |
| 74 | قصیدہ | زبانِ کلک سے آوازِ بسم اللہ کی آئے | (39) | حضرت امام حسنؑ | 933 |
| 75 | منقبت | چار دن بھی نہ ملا آلِ نبیؐ کو آرام | (4) | حضرت امِ کلثومؑ | 935 |
| 76 | عروس الکلام | تم تو ہوتے ہی نہ تھے آنکھ سے میری اوجھل | (54) | حضرت علیؑ | 935 |
| 77 | چودھویں کا چاند | ہوئی مصروفِ راحت لیلیٔ شب لے کے انگڑائی | (27) | امام مہدیؑ | 938 |
| 78 | زمزمہ | پھر بہار آئی ہے ساقی لا چھلکتے جام دے | (19) | غدیرِ خم | 939 |
| 79 | منقبت | منصور ہوا تختِ خلافت پہ جو قابض | (18) | آلِ محمدؐ | 941 |
| 80 | منقبت | محوِ طاعت تھے حضرتِ صادقؑ | (18) | امام جعفر صادقؑ | 942 |
| 81 | شاعر | عجب یہ دور ہے شاعر کی زندگی کے لیے | (18) | حضرت علیؑ | 943 |


Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منتخب اشعار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منتخب اشعار

صحابہ میں یہ تیری منزلت ازروئے حکمت تھی
بقولِ بوعلیؔ محسوس میں معقول تھا گویا

---

خورشید پلٹ آیا دروازۂ مغرب سے
قانون بدلتا ہے ان کے لیے فطرت کا

---

نہ تھی تیری حکومت میں ہوا سرمایہ داری کی
چراغ عافیت روشن تھا ہر مزدور کے گھر میں

---

یہ مطلعِ نفیس ہے کہ زمزمہ ہے روح کا
یہ طرزِ نو کی مدح بھی جہاں میں یادگار ہے

---

دلوں میں بت لیے کرتے ہیں کعبہ کی نگہبانی
تمسخر کر رہے ہیں آذری پندارِ قدرت سے

---

علیؑ کعبہ میں ہیں دربار ہے مشکل کشائی کا
مسلمانوں چلو موقع ہے قسمت آزمائی کا

---

علیؑ کی منقبت سے فکر بیگانہ رہی جس کی
خدا جانے وہ حمد و نعت کا مفہوم کیا سمجھا

---

تعجب ہے جو اس کے مرتبہ کو دوست کم سمجھے
شبِ ہجرت جسے دشمن محمدؐ مصطفیٰ سمجھا

---

علیؑ کہنا زباں سے کس قدر آسان ہے لیکن
دلِ انساں تصور کر نہیں سکتا جلالت کا

---

جمع تھے قاآنیؔ و عرفیؔ ظہیرؔ وانوریؔ
حافظؔ و سعدیؔ نظامیؔ فرخیؔ کل رات کو

---

لگائے پھرتے ہیں قرآن کو جو سینوں سے
وہ کاش صرف مودّت کے نکتہ داں ہوتے

---

ادب نواز نہ ہوتا جو بابِ علمِ نبیؐ
یہ زور و شورِ زبان و بیاں کہاں ہوتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا سے ربط نہ ہوتا بغیر عترت کے
اگر ہزار بھی قرآن درمیاں ہوتے

---

صف شکن مشکل کشا اہلِ قلم معمارِ قوم
اللہ اللہ بازوئے زور آزمائے بوتراب

---

عام منبر سے جدا ہے میثمی منبر کی شان
دار پر ہوتی ہے تفسیر ولائے بوتراب

---

اب نزع کی ہے ساعت اور لب پہ یا علی ہے
جو کچھ میں کہہ رہا ہوں یہ حرفِ آخری ہے

---

مولا کو جانتے ہیں پہچانتے نہیں ہیں
آنکھوں کا دوش کیا ہے ذہنوں کی مفلسی ہے

---

اب خاک مل گئی ہے خاکِ درِ نجف میں
وہ بندگی تھی اور یہ مفہوم زندگی ہے

---

توحید کی ہے محفل بدنام فرقہ بندی
قرآں کی سورتوں میں اخلاص کی کمی ہے

---

میخانہ نجف سے جنت میں پہنچتے ہیں
کیا جرم ہے محبت جس کی سزا ملی ہے

---

بشر کو معرفت حاصل نہ ہوگی ذاتِ حیدرؑ کی
سمجھ لے آدمی کس طرح منزل آدمی گر کی

---

علیؑ کو چھوڑ کر قرآں سے ربط بے معنی
اٹھا لے وہ ضرورت ہو جسے بے روح پیکر کی

---

نمازیں وقت پر واجب ولا ہر وقت واجب ہے
عبادت ہے حقیقت میں ولا آلِ پیمبرؐ کی

---

اسی باعث تو پھر کوئی ہوا پیدا نہ کعبہ میں
کہ بیٹی ہی نہیں تھی دوسری کوئی پیمبرؐ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تری مرضی پہ ہوا رحمتِ باری کا نزول
اذن لے کر ترے کا شانہ میں قرآں اترا

---

ہے ترے دودھ کی تاثیر یہ قومی تعمیر
اللہ اللہ ترے خونیں کفن و سبز قبا

---

آئے جبریلِ امیں عرش سے نسبت لے کر
یہ وہ رشتہ ہے جہاں بیچ میں تھی وحیِ خدا

---

دست و پا چوم کے عصمت نے لگائی مہندی
چادر آیۂ تطہیر نے آنچل ڈالا

---

ہاشمی تیغوں کے سائے میں دلہن گھر سے چلی
لافتا کا جو علیؑ باندھ کے آئے سہرا

---

باپ کے گھر سے ملا بخششِ امت کا جہیز
دونوں عالم نے کیا حدِ ادب پر مجرا

---

جادۂ صلح کے رہبر حسنِ سبز قبا
تو نے تخلیق کیا ولولۂ کرب و بلا

---

ہر افق پر ہے تری حُسنِ عمل کی روشنی
تو ہی دنیا کے اندھیرے کا اُجالا اے حسینؑ

---

جرأت مظلوم ہو یا ہمت مزدور ہو
تو نے کھینچا تھا یہ مستقبل کا خاکا اے حسینؑ

---

ہمدم جہاں میں نور میں شامل نسب میں ایک
کس طرح کوئی تجھ کو نبیؐ سے جدا کہے

---

تعمیر قوم بت شکنی بخشش و عطا
کونین کیوں نہ پھر تجھے دستِ خدا کہے

---

ہر سانس میں ہو بوئے ولائے ابوتراب
ابھرے جو نبض ڈوب کے یا مرتضیٰ کہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تجھ سے ہے نامِ حریت تجھ سے نظامِ حریت
تو ہے امامِ حریت حُر ترا ایک لشکری

---

معصوم کی آغوش میں معصوم کو لاکر دیا
دولت خدا کے گھر کی تھی دامن نبیؐ کا بھر دیا

---

نورِ رسالت سے ہوا نورِ امامت متحد
اس اتحادِ حُسن نے قوموں کو یکجا کردیا

---

زاہد، سپاہی، فلسفی، حاکم، ولی، شاعر، ادیب
کن مختلف اوصاف کا حق نے تجھے پیکر دیا

---

اب تک ہیں تیرے نام کے آفاق میں نعرے بلند
قدرت نے جوشِ اسلام کا سب یا علیؑ میں بھر دیا

---

یداللہ و لسان اللہ و عین اللہ کو دیکھو
حروفِ اولیں سے صاف ہوتا ہے علیؑ پیدا

---

کہتی ہے جسے فکر و نظر نہج البلاغہ
رندوں کی زباں میں ہے وہ میخانہ علیؑ کا

---

کعبہ میں ولادت ہوئی مسجد میں شہادت
اللہ کا گھر بن گیا کاشانہ علیؑ کا

---

دیکھ کے انا عنا سست ہے نبضِ سخن
مصحفِ معبود پہ کوئی نہیں طعنہ زن

---

عافیتِ ہل اتا تیری غذائے لطیف
آیۂ تطہیر کی شان ترا پیرہن

---

خالی ہیں جام نشہ نہ گھٹ جائے میکشو
طاقِ ولا سے لاؤ صراحی اتار کے

---

بڑھ جائے گی کچھ اور بھی کعبہ کی آب و تاب
آئیں گے جب قبائے امامت سنوار کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اک دن یہ ہوں گے دوشِ پیمبرؐ پہ جلوہ گر
کیوں لائے کوئی عرش سے کرسی اتار کے

رستی ہے لہو بن کر تہذیب کی مے ساقی
دنیا کا تمدن ہے ٹوٹا ہوا پیمانہ

شبیرؑ کے ماتم میں صاحب کی محبت میں
روتا ہوا عاقل ہوں ہنستا ہوا دیوانہ

مدح میں ہے جن کی توحید و رسالت ہم زباں
شاعری موقوف ان کی مدح پر ہو جائے گی

میں ہوں خلاقِ معانی تری مدحت کے طفیل
دُرِ مضموں سے بھری رہتی ہے دل کی جھولی

میں جسے چاہوں بناؤں اُسے سلطانِ سخن
میری تحویل میں ہے ملکِ سخن کی شاہی

پینے کو یہاں ملتی ہے اُس ہاتھ سے واعظ
کونین کی طاعت سے گراں جس کی ہے ضربت

کبھی تو مدحِ اہلبیتؑ میں بھی صرف کر واعظ
جو طعن و طنز سے مل جائے تجھ کو وقت فرصت کا

تشدّد لاکھ ہو ہم پر تدارک کچھ نہیں ہوتا
نمونہ دیکھ لیجے آج اسلامی حکومت کا

جب ضرورت اک علیؑ کی پھر ہوئی میدان میں
چھ مہینے کا علیؑ مردانہ وار آ ہی گیا

مدحت نہ کی علیؑ کی گر آخری نفس تک
یہ مرگِ شاعری ہے اور خبطِ شاعرانہ

ہر شجرۂ تصوف اس تک پہنچ رہا ہے
لیکن کہی کسی نے یہ بات منصفانہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجرم ہوں میں غلو کا قصر اُن کو ہو مبارک     ہے دینِ شیخ صاحب اب درسِ ناصحانہ

---

جب حق کا مسئلہ ہو ڈرتا نہیں کسی سے     ورنہ میری روش ہے اکثر مصالحانہ

---

مدح کو سرمایہ داروں کا نہ شاہوں کا غلام     نجم بے زری سہی شاعر ہے تیرا اے حسینؑ

---

ہے ایک کیفیت میں رواں اپنا کارواں     کیوں نجم منقبت کو نہ بانگِ درا کہے

---

ننگ ہے اس کا درِ غیر پہ سجدہ کرنا     نجم اک آپ کی سرکار کا شاعر ہے حضور

---

نغمہ منقبت میں نجم ہیچ ہے میرے سامنے     حسنِ بیانِ فرخی زورِ کلامِ انوری

---

بکیف مدح ہوں غالبؔ کا ہمنوا اے نجم     کہ با علیؑ ولی مست و با خدا ہشیار

---

جوشِ ولا میں نجم میں چھوڑ گیا خود اپنا ساتھ     حد مجھے روکتی رہی قوتِ اختیار کی

---

رہا محروم دو دن بھی جو شغلِ مدح گوئی سے     اُسے اے نجم میں اپنے گناہوں کی سزا سمجھا

---

نمازِ مدحت پڑھتا ہوں مودّت کے مصلّے پر     دکھا دو نجم دنیا کو یہ رتبہ ہے سخن ور کا

---

جگہ فرزدقؔ و دعبلؔ کی نجم کو ملتی     قریب طائرِ سدرہ کچھ آشیاں ہوتے

---

وہ زباں دانِ محبت ہے خدا کے فضل سے     نجم کا ورثہ ہے اندازِ ثنائے بوترابؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حق یہ ہے کہ سرکارِ نبوت کے سوا نجم　　معیار فضیلت کوئی سمجھا نہ علی کا

---

فضلِ خالق سے مرے افکار میں اشعار میں　　فلسفہ ہے نجم غالبؔ کا زبانِ میرؔ ہے

---

مصائب سینکڑوں ہیں غم ہزاروں مشکلیں لاکھوں　　تمہارا نجم ہے تنہا امامِ جعفرِ صادق

---

کچھ دن سے تیری یاد کی محفل اُداس ہے　　اب چل بسے گا نجم غزل خواں ترے بغیر

---

ہو جو بیگانہ روی سے یہ زمانہ　　ہے خلاف سب ترے علم میں ہے نجم کی آشفتہ سری

---

میں نجم اپنا فریضہ جانتا ہوں یہ ثنا گوئی　　مرا مقصد نہیں اظہار اپنی قابلیت کا

---

پندرہ ماہ رجب کی نجم دعوت جب ملی　　اور کچھ دن زندگی کا اعتبار آ ہی گیا

---

ہم نجم چار روز کے مہمان ہیں مگر　　رہ جائیں گے یہ شعر و ادب کے تبرکات

---

رہے اے نجم کیوں خالی صدارت بزم مدحت کی　　ہمارے بعد کوئی اور قسمت کا دھنی آئے

---

پڑھتا ہوں میں نمازِ ولا جس پہ رات دن　　منزل ہے آسماں سے بلند اُس حصیر کی

---

ماہ ہے چاندنی کا پھول ترے گلشن میں　　مہر روشن ہے تری بزم کا ادنیٰ سا کنول

---

تری الفت میں جو ہوجائے بشر دیوانہ　　اُس پہ سو جان سے قربان ہو عقلِ اوّل

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

راہ بھولے تر ا زائر جو اندھیرے کے سبب　　ساتھ ہو مہرِ فلک شب کو جلا کر مشعل

---

سُن کے یہ مدحتِ مولاؑ کی ہوا چلنے لگی　　مطلع صاف ہیں مضمون کے اٹھے بادل

---

ہر ایک اپنے کو استادِ فن سمجھتا ہے　　یہاں جگہ ہے نہ عرفیؔ نہ انوریؔ کے لیے

---

جہاں ہو پیشِ نظر اپنے مرتبہ کا سوال　　وہاں خلوص کہاں مدح گستری کے لیے

---

خلوصِ دل بھی ضروری ہے فکرِ مدح کے ساتھ　　جلاؤ شمع اندھیرے میں روشنی کے لیے

---

نماز و روزہ بھی واجب ہیں ان کے ساتھ مگر　　چنا گیا ہے ہمیں مدحتِ علیؑ کے لیے

---

مجھے علیؑ کی محبت نے سرشناس کیا　　چراغ عرش سے لایا ہوں روشنی کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# امیرالمومنین

نقابِ رُخ ہٹی ایمان کے عہدِ منوّر کی
جدارِ کعبہ شق ہو کر اِدھر سَر کی اُدھر سَر کی

دو عالم جگمگا اٹھے ہیں تکرارِ تجلّی سے
علیؑ کا روئے روشن اور نظریں ہیں پیمبرؐ کی

انہیں نظروں نے سب سے پہلے وجہُ اللہ کو دیکھا
نظر آئی اس آئینہ میں صورت آئینہ گر کی

نصیری کی یہ نافہمی ہے شاید اُس کو بھا جائے
خبر کیا ہم سے بندوں کو مزاجِ بندہ پرور کی

وہ بچہ کیوں نہ موزوں ہو نبوت کی گواہی کو
جسے چونکا دیا خوشبو نے دامانِ پیمبرؐ کی

کسی کو حق نہیں ہے بحث کا دونوں کے رُتبے میں
خدا رکھے یہ دو فردیں ہیں لیکن ایک ہی گھر کی

قدم آگے کہاں بڑھتے درودیوارِ کعبہ سے
بلائیں لیلیٰ فطرت نے لی دیوار کی در کی

بھلا ایسی فضا میں آبِ زمزم کی حقیقت کیا
جہاں قدموں کو بوسے دے رہی ہو موج کوثر کی

کیے انکے لیے ساماں کیا کیا دستِ قدرت نے
نبیؐ کی گود گہوارہ ہوا جبریلؑ کے پر کی

بشر کو معرفت حاصل نہ ہو گی ذاتِ حیدرؑ کی
سمجھ لے آدمی کس طرح منزل آدمی گر کی

کھلے ہیں اُس پہ کچھ اسرار حفظِ آدمیت کے
گدائی کی ہے برسوں جس نے شہرِ علم کے در کی

علیؑ کو چھوڑ کر قرآن سے ہے ربط بے معنی
اٹھا لے وہ ضرورت ہو جسے بے روح پیکر کی

نمازیں وقت پر واجب ولا ہر وقت واجب ہے
عبادت ہے حقیقت میں ولا آلِ پیمبرؐ کی

علیؑ کا نام بھاری ہے متاعِ کن کے دفتر سے
جلالت دیکھنا اس لفظ آسان و سبک تر کی

جمال ایسا کہ اہلِ دل کی آنکھیں وجد کرتی ہیں
جلال ایسا کہ جھک جاتی ہیں نظریں ہر ستمگر کی

تعجب کیا مخالف سوتے سوتے چونک اٹھتے ہوں
عرب کے ذہن میں صدیوں رہی ہے جنگ خیبر کی

روش وہ تھی کہ جس پر دوستوں نے اپنی جانیں دیں
وہ جوہر تھی کہ دشمن کی زباں نے قدر جوہر کی

تعالی اللہ اُس کے صبر و ضبط و شکر کی منزل
وہ منزل ہے جہاں خندق کی ہستی ہے نہ خیبر کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامِ حریت ایسا کہ جس کے جانشینوں نے
اشاعت کی درِزنداں سے تعلیمِ پیمبرؐ کی

جب اسکی آل نے عمریں گزاریں قید خانوں میں
ہوئی تب قدر انسانوں کو آزادی کے جوہر کی

وہ اپنے عہد میں اپنے لیے چھوٹے بڑے ہونگے
ہمارے دیدہ و دل میں وہی عظمت ہے گھر بھر کی

علیؑ کے سامنے کیا زور چلتا مالِ دنیا کا
ابوذر سے مقابل ہو کے طاقت گھٹ گئی زر کی

نہ ہوسکتے جہاں میں نسل ورنگ قوم کے جھگڑے
اگر نفسِ پیمبرؐ کو جگہ ملتی پیمبرؐ کی

مصلّے کی فضا سے جنگ کے میداں میں لے آیا
بڑھادی اس نے ہیبت نعرۂ اللہ اکبر کی

علیؑ کی روشنی میں پیروی کرتی اگر ملت
ظہورِ حجتِ حق تک ضرورت تھی نہ رہبر کی

ہزاروں بن گئے سرمایۂ نہج البلاغہ سے
نظر نیچی رہے گی علم کے ہر اک تونگر کی

خدا ذہنِ بشر کی پرورش کرنے نہیں آتا
ضرورت تھی اُسے اک کارفرما بندہ پرور کی

نہوتی منعم و مزدور کی دنیا میں آویزش
جو ارضِ خم پہ دنیابات سن لیتی پیمبرؐ کی

کسی دل کو مزے کیا دینگے بوسے سنگِ اسود کے
تڑپ جب تک نہ ہو مولودِ بیت اللہ کے در کی

علیؑ کی مدح میں اسرار کھلتے ہیں دوعالم کے
نہیں یہ ذوق تو محدود ہے دنیا سخنور کی

اسی باعث تو پھر کوئی ہوا پیدا نہ کعبہ میں
کہ بیٹی ہی نہیں تھی دوسری کوئی پیمبرؐ کی

○

# سیدہؑ کونینؑ

اے کہ ہستی ہے تری نازِ رسولؐ بطحا
سیّدہ فاطمہؑ زہراؑ و بتولؑ عذراؑ

تو ہی آفاق میں ہے مادرِ ملّت بخدا
تیری آغوش میں اسلام نے کی نشو و نما

اے کہ تو پیچ و خمِ چادرِ تطہیر میں ہے
نام لینے سے لرزتا ہے دلِ اہلِ ولا

صنفِ نسواں میں نہ ہو تکملۂ عزو شرف
تو اگر عالمِ امکاں میں نہو جلوہ نما

تیرے پاسنگ نہیں دخترِ حوا کوئی
تیرا اسوہؑ ہے فضائے دو جہاں میں تنہا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کس کو دنیا میں تاسّی تری ہوتی حاصل
کہ ترے نقشِ قدم تک بھی نہ پہنچی دنیا

ہاشمی رعب و جلالت ترے چہرے کی نقاب
منزلِ سجدۂ عفت تیرا نقشِ کفِ پا

برکتیں وحیِ الٰہی کی ترے گھر کا حصار
دامنِ عصمتِ مریمؑ ترے در کا پردا

در وہ در جس پہ ملک آئے گدائی کے لیے
گھر وہ گھر جس سے بندھی خانۂ کعبہ کی ہوا

تیری مرضی پہ ہوا رحمتِ باری کا نزول
اذن لے کر ترے کاشانہ میں قرآں اُترا

ہے ترے دودھ کی تاثیر یہ قومی تعمیر
اللہ اللہ ترے خونیں کفن و سبز قبا

سر اٹھانے کی نہیں ملتِ بیضا کو مجال
کہ خمِ گردنِ اسلام ہے احسان ترا

بوالبشر اور ہے کچھ خیر بشر ہے کچھ اور
یہ شرف تیرے ہی در سے بشریت کو ملا

ترے پردے کو سمجھ سکتی ہے کیا عقلِ بشر
اہلِ محشر سے بھی محشر میں رہے گا پردا

تو ہے اے صلِ علی کارِ نبوت کی شریک
تیرے ہی گھر میں امامت کی ہوئی نشو و نما

پہلے تو بعدِ محمدؐ ہوئی شایانِ درود
کہ ترا آلِ محمدؐ میں ہے نمبر پہلا

خالقِ حُسنِ علیؑ کو جو نہ پیدا کرتا
کوئی واللہ دو عالم میں ترا کفو نہ تھا

آکے خاموش جو بیٹھے رہے شاہِ مرداں
مرکزِ وحی نے مفہومِ خموشی سمجھا

نعمتِ آیۂ قرآن ترے روزہ کی سند
غیرتِ میوۂ جنت تری فاقوں کا مزا

تری پیوندوں کی چادر غربا کی تسکین
سر سے ہٹ جائے تو خورشید نہو جلوہ نما

تری تہلیل سے جسمِ دو جہاں میں لرزش
تری تسبیح کہ جو عرش کا توڑے تارا

دہر میں اشجعِ عالم تری قسمت کا شریک
خلق کا مصلحِ اعظم تری گودی کا پلا

تری سطوت کی نشانی ترے گیارہ فرزند
ترے مہدیؑ سے ہے قائم رونقِ ارض و سما

فاتحِ بدر کی تلوار سہیلی تیری
اُس کی قسمت کہ اٹھایا تری پاؤں کا مزا

تیرے ایثار کی تفصیل حسینیؑ تنظیم
تیری محنت کا ثمر جلوہ گہہ کرب و بلا

بھول کر تو نے نہ کی دولتِ دنیا پہ نظر
جوشنِ صبر و رضا تھے زر و زیور تیرا

تذکرہ مصحفِ باری میں ہے عظمت کا تری
ذکر تاریخ میں ہے آسیا گردانی کا

آئے جبریلِ امیں عرش سے نسبت لے کر
یہ وہ رشتہ ہے جہاں بیچ میں تھی وحیِ خدا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دست و پا چوم کے عصمت نے لگائی مہندی    چادرِ آیۂ تطہیر نے آنچل ڈالا
ہاشمی تیغوں کے سائے میں دلہن گھر سے چلی    لافتا کا جو علی باندھ کے آئے سہرا
باپ کے گھر سے ملا بخششِ امت کا جہیز    دونو عالم نے کیا حدِ ادب پر مجرا
کیا توازن ہے میں قرباں نگہِ قدرت کے    خانہ زاد اپنا ہے اور بنتِ پیمبرؐ زہراؑ

شادیٔ رابطۂ آدمؑ و حوّا کی قسم
پھر دلہن ایسی ہوئی اور نہ دولہا ایسا

○

# شہزادۂ صلح

عالمِ خلق پہ چھائی ہوئی وہ کُن کی صدا    رُخِ ہستی سے وہ غیبت کا سرکتا پردا
نشر گاہِ عدم آباد سے اعلانِ وجود    کروٹیں لیتی ہوئی صبحِ ازل کی دنیا
صورت و معنی و روح و بدن و مرگ و حیات    خوبی و زشتی و سنگینی و تری و خلا
مسلک و مقصد و مفہوم و مراد و میثاق    نکہت و نزہت و نسرین و نواسنج و نوا
زر و زردار وزمین و زمن و زیر و زبر    قسمت و قدرت و قانون و قاضی و قضا
علم و عقل و عمل و عزم و عیار و عنوان    صبر و صلح و صفت وصاعقہ و صور و صدا
جوہر و جلوہ و جوش و جرس و جہد و جہاد    دیدۂ و دانش و دارین و دل و درد و دوا
سوز و ساز و سخن و سامعہ و سیر و سکوں    راحت و رحمت و رنگ و روش و راہ و رضا
حیرت و حوصلہ و حرف و حکایات وحدیث    بارش و باغ و بہار و بدل و بذل بہا
طائر و طرہ وطور و طرف و طرز و طریق    شعلہ و شاہد و شہکار و شہید و شیدا
اک ارادہ میں یہ تخلیق کا طوفانِ عظیم    اک اشارہ میں یہ تشریحِ رموزِ اسماء
سانس لیتے ہوئے پانی پہ زمیں کا بستر    وزنِ کہسار دبائے ہوئے گیتی کا گلا
وہ ابھرتا ہوا سورج وہ تجلی کا پہاڑ    روشنی کا وہ مرتب وہ منظم دھارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شام تک صبح سے کرنوں کا برستا ہوا مینہ　　رات بھر تیز سیاہی کا اُبلتا دریا
کفِ گردوں پہ ستارے طبقِ ارض میں گل　　شب کی چھاتی پہ دھرا چاند کا روشن مکھڑا
بارہنگامۂ تہلیل اٹھائے ہوئے عرش　　رنگِ تقدیس میں ڈوبی ہوئی معصوم فضا
عرش و کرسی کی بنا لوح و قلم کی تشکیل　　خود نمائی ہوئی جن آئینوں میں جلوہ نما
ہمت و حوصلہ انسان کا جبریل کی حد　　عزمِ انساں سے لرزتی ہوئی طوبٰی کی ہوا
آب و گِل کی عظمت اور ملکوتی ماحول　　زعمِ قدسی کا جمالِ بشری کو سجدہ
ایک ہلکی سی وہ لغزش وہ تقاضائے جلال　　انقلاب ایسا کہ پھر آنکھ نے دیکھا نہ سنا
ذہنِ آدم میں وہ خاموش فضائے جنت　　خیر و شر کی یہ گرجتی یہ برستی دنیا
دامنِ ارض پہ گرتے ہوئے پہلے آنسو　　آہ جاں سوز و جگر سوز کا پہلا شعلہ
منزلِ عشق و محبت میں وہ پہلی افتاد　　عرش سے فرش تک اک معرکہ درد و دعا
ہو چکا جمع یہ ساماں جو تصدق کے لیے　　گلشنِ دہر میں آئے حسنِ سبز قبا
یہ وہ رحمت کا خزانہ تھا سماتے نہ کہیں　　کون لیتا انہیں گودی میں پیمبرؐ کے سوا
دست بوسی کو بڑھے جذبۂ ذکر و تسبیح　　فکرِ شاعر نے بھی اک مطلعِ نو نذر کیا
جادۂ صلح کے رہبر حسنِ سبز قبا　　تو نے تخلیق کیا ولولۂ کرب و بلا
حق و باطل میں وہی فیصلہ کن بھی ٹھہری　　جس لڑائی کا ترے صبر سے آغاز ہوا
سرکشی حق سے نہ باطل کی بڑھی تھی جب تک　　حجتِ حق تھا جہاں میں ترا اُسوہ تنہا
کربلا میں تری تحریک ہوئی بار آور　　صبر بڑھ کر ترا شمشیر یداللہ بنا
نکلی ہے نیام سے اس وقت حسینی تلوار　　جبکہ خُلقِ حسنی بھول گئی خَلقِ خدا
فاطمی صبر کا مظہر ہے تو پہلا بخدا　　پھر یہ ورثہ ترا سجادؑ کو زینبؑ کو ملا
سبطِ اکبر ہے تو اللہ رے ترا عز و شرف　　ایسی منزل میں جہاں کوئی نہ چھوٹا نہ بڑا
تو نے اس تختِ حکومت کو لگا دی ٹھوکر　　خونِ انساں ہی صدا جس کی بلندی سے گرا
آج بھی تیری امانت پہ فدا ہیں لاکھوں　　سلطنت کا کوئی آفاق میں حامی نہ رہا
جانے کیا بَیر ہے دنیا کو گھرانے سے ترے　　معترض صلح پہ بھی جنگ پہ بھی ہے دنیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاہلوں کے لیے اب تک ہے یہی طرزِ جواب — کتنا محکم تھا وہ انداز خموشی تیرا
نقش اک اک دلِ عارف پہ تیرے نام کا ہے — تخت پر کوئی جو بد نام حکومت ہو تو کیا
قوم کے درد کا ہے تیری تاسّی میں علاج — جب یہ توفیق نہیں کوئی دوا ہے نہ دعا

تیرے پیرایۂ تبلیغ کے قابل ہی نہ تھی
یہ اُجالے کی مخالف یہ اندھیری دنیا

○

## سید الشہداء

ذوقِ طاعت چاہتا ہے ایک سجدا اے حسینؑ — میں کہاں ڈھونڈوں ترا نقشِ کفِ پا اے حسینؑ
تجھ کو ہے فرزندیٔ اسلام زیبا اے حسینؑ — تو کہ ہے ابناء نا میں جلوہ فرما اے حسینؑ
کچھ تجھے صدیاں گزر جانے پہ سمجھا اے حسینؑ — اب خراجِ معرفت دیتی ہے دنیا اے حسینؑ
پاؤں پھیلائے علیؑ و فاطمہؑ کی گود میں — تو رسولؐ اللہ کی زلفوں سے کھیلا اے حسینؑ
صحنِ مسجد تیری جولانگاہِ طفلی مرحبا — دوشِ فخرِ رسالت تیرا جھولا اے حسینؑ
تیری سیرت کا منادی ہے امامت کا نقیب — تجھ سے پہلے فرض تھا قرآں کا آنا اے حسینؑ
تیری ہستی ہے جہاں میں مرکزِ انسانیت — فاطمہؑ نے تجھ کو کس محنت سے پالا اے حسینؑ
بارہا تخیل میں دیکھا نبیؐ کے دوش پر — عرش سے بھی ہے تصور تیرا اونچا اے حسینؑ
حُسنِ یوسف ماند ہے عشقِ زلیخا مضمحل — اے مکمل حُسن اے عشقِ سراپا اے حسینؑ
ناز برداروں میں تیرے اک پیمبرؐ دو امام — تو عجب ماحول میں تھا ناز فرما اے حسینؑ
ہر افق پر ہے تری حُسنِ عمل کی روشنی — تو ہی دنیا کے اندھیرے کا اُجالا اے حسینؑ
تو زبانِ عصمتِ برحق پہ نفسِ مطمئن — تو نگاہِ عصمتِ مطلق میں یکتا اے حسینؑ
تیرے گیسو کی مہک جنت بہ جنت رہنما — تیری جلوہ کی جھلک دنیا بہ دنیا اے حسینؑ
گردشِ گردونِ گرداں ٹھوکروں میں ہے تری — دستِ قدرت میں ترے امروز و فردا اے حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بیکسی کہہ دوں اسے یا شانِ یکتائی کہوں  
تو نظر آیا ہے ہر منزل میں تنہا اے حسینؑ

اے زہے شانِ عمل تا حجتِ آخر کبھی  
پھر نہ آیا کوئی بیعت کا تقاضا اے حسینؑ

ہوئیا بالیں پہ شاہانِ جہاں قدموں میں ہیں  
تیری نظریں دیکھتی ہیں دین و دنیا اے حسینؑ

تیری قربانی سے پہلے وہ اذاں ہو یا نماز  
اب یہ تیرے نام کا بجتا ہے ڈنکا اے حسینؑ

آج سجدے ہو رہے ہیں تیری خاکِ پاک پر  
یاد جو دنیا کو تیرا ایک سجدا اے حسینؑ

کوئی حد ہے تیرے استقلال و صبر و ضبط کی  
تجھ سے تھا حق کی مشیت کا نہ پردا اے حسینؑ

وعدۂ طفلی کے دن سے لے کے سنہ اکسٹھ تلک  
کربلا سے روز تیرا سامنا تھا اے حسینؑ

ہوگیا دم بھر میں حُر قیدِ غلامی توڑ کر  
دل کی گہرائی سے جس نے بھی پکارا اے حسینؑ

آج ہیں جس راہِ آزادی پہ قومیں گامزن  
تیرے قدموں نے بنایا ہے وہ رستا اے حسینؑ

زندگی ناحق پرستوں کو مصیبت ہوگئی  
چار جانب سے ہے اب حق کا تقاضا اے حسینؑ

جرأت مظلوم ہو یا ہمتِ مزدور ہو  
تو نے کھینچا تھا یہ مستقبل کا خاکا اے حسینؑ

اس زمانے کے سپاہی نے ترے اخلاق سے  
بے تشدد جنگ کا انداز سیکھا اے حسینؑ

ہم کہاں ہیں اور تری ایثار کی منزل کہاں  
کربلا تک ہی ابھی دیکھا ہے رستا اے حسینؑ

کاش ہم تصویر بن جاتے ترے مفہوم کی  
کتنی جانیں دے کے تو نے ہم کو پایا اے حسینؑ

جی رہی ہے اک نگاہِ لطف کی امید پر  
تیری شعبان کی بزم تولا اے حسینؑ

مدح کو سرمایہ داروں کا نہ شاہوں کا غلام  
تجم بے زری کا شاعر ہے تیرا اے حسینؑ

○

# شعاع لرزاں

## (تضمین بر اشعار باقی مرحوم و مغفور)

چو بر شاخِ نازک گلِ تر بلرزد  
بہ رنگی موجِ کوثر بلرزد  
بہ اندازِ صد قلبِ مضطر بلرزد  
چو شمشیر در دستِ حیدرؑ بلرزد  
دل اندر درونِ غضنفر بلرزد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چو ایں را بہ لشکر فرازد بہ بالا　　چو آں را بہ خیبر فرازد بہ بالا
نشانِ نبیؐ گر فرازد بہ بالا　　سناں را چو بر سر فرازد بہ بالا
چو از بادِ صر صر صنوبر بلرزد

فلک خم ز اجلالِ محراب تیغش　　قمر چشمۂ مرتعش ز اب تیغش
تن کفر لرزاں بہ گردابِ تیغش　　دلاور شجاعے کہ از تابِ تیغش
درونِ شجاعانِ کشور بلرزد

بہ آں نقش پا جامِ جمشید باطل　　ز عدلش سرافگندہ کسرائے عادل
بیک نعل اسپش فدا ماہِ کامل　　ز دارائی تیغ او خصمِ را دل
چو وار از تیغ سکندر بلرزد

بہ منبر نظر کن شکوہ ولی را　　بہارِ علوم خفی و جلی را
بہ میداں بہ بیں کار زارِ علیؑ را　　چو در جنبش آرد رکاب یلی را
زمیں ہم چو صحرائے محشر بلرزد

منم آں کہ در بزمِ عشاق فردم　　ز سر تا بہ پا از غمِ ہجر دردم
ولے جرأتِ عشق مولاؑ نہ کردم　　من آں کمترینہ غلامم کہ ہردم
دلم در بر از عشق قنبر بہ لرزد

تو در علم جبریل را رہنمائی　　تو در حلم آئینۂ مصطفائیؐ
سوئے نجم بیکس نظر کن کجائی　　زجودِ تو ہیبت جوانمرد طائی
بہنگام بخشیدن زر بہ لرزد

○

# نجم و شمسؒ

## (تضمین بر اشعار شمس تبریزؒ)

ایں جادۂ تسلیم کہ بنمود علیؑ بود　　ایں ذوق بہر دل کہ بیفزود علیؑ بود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

هر آئینہ آئینۂ مقصود علیؑ بود　　شاہے کہ وصی بود ولی بود علیؑ بود
سلطان سخا و کرم و جود علیؑ بود

آں شاہ کہ از بدر و احد گشت مظفر　　دو کرد بیک ضرب تنِ حارث خود سر
آں شیر کہ بشکست سرِ مرحب و عنتر　　آں قلعہ کشائے کہ درِ قلعۂ خیبر
برکند بیک حملۂ و بکشود علیؑ بود

بد منفعتِ دین ضرر قلعۂ خیبر　　تا اوجِ فلک شد خبر قلعۂ خیبر
دیدند ملک خم کمر قلعۂ خیبر　　آں قلعہ کشائے کہ درِ قلعۂ خیبر
بر کند بیک حملۂ و بکشود علیؑ بود

در منزلِ خم آمدہ فرماں پئے سرورؐ　　دادند نبیؐ تاجِ خلافت بہ برادر
ایں رازِ عیاں گشت ز ارشادِ پیمبرؐ　　جبریلؑ کہ آمد زِبرِ خالقِ اکبر
در پیشِ محمدؐ بُد و مقصود علیؑ بود

از ماہی و تا ماہ سفر کردم و دیدم　　در بحر و بر و کوہ گذر کردم و دیدم
یک عمر بایں شوق بسر کردم و دیدم　　صد بار در آفاق نظر کردم و دیدم
از روئے یقیں درہمہ موجود علیؑ بود

از نورِ نبیؐ یافت ظہور آدم و عالم　　چوں نورِ نبیؐ نورِ علیؑ یک بُد و توام
استاد قوی دارم و بے دغدغہ گویم　　صد بار در آفاق نظر کردم و دیدم
از روئے یقیں درہمہ موجود علیؑ بود

○

# بانگِ درا

فطرت خدا کے راز اگر برملا کہے　　غنچہ کھلے چمن میں تو یامرتضیٰؑ کہے
دل میں خیال آئے تو صلِ علا کہے　　جلوہ نظر فروز کہیں ہو تو کیا کہے
آنکھیں کھلیں تو گود میں ختمِ رسلؐ کے تھے　　دل اس کو ابتدا کہے یا انتہا کہے
صورت وہ آنکھ نازشِ فطرت کہے جسے　　سیرت وہ قلب نازشِ ربِّ علا کہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سمجھیں فرشتہ کیا تجھے اے برتر از ملک
بالا تر از بشر تجھے انسان کیا کہے

گیسوئے منتشر ہیں کہ قرآں کی آیتیں
روحِ خلیل دیکھ کے صلِ علا کہے

تیری نگاہ لطف ہے اک موجِ سلسبیل
لب مضطرب ہے دل کہ تبسم کو کیا کہے

معصوم نفس اُس پہ طبیعت کی سادگی
چہرہ پہ وہ جلال نصیری خدا کہے

ہمدم جہاں میں نور میں شامل نسب میں ایک
کس طرح کوئی تجھ کو نبیؐ سے جُدا کہے

بچپن میں کھیل تھا تو نبیؐ کی محافظت
جب ہوں جواں تو کیوں نہ ملک لافتا کہے

وہ نقشِ پا ہیں مہرِ نبوتؐ سے بھی بلند
کیوں مہر ومہ کو کوئی ترے نقشِ پا کہے

اللہ رے تیرے قولِ سلونی کی منزلت
ہو حوصلہ اگر تو کوئی دوسرا کہے

حُسنِ عمل پہ تیرے کرے ناز کبریا
قرآن تیرا قصۂ عہدِ وفا کہے

تعمیر قوم بُت شکنی بخشش و عطا
کونین کیوں نہ پھر تجھے دستِ خدا کہے

تھا جوشِ انتقام عرب کے خمیر میں
سیکھا ہے کس سے مسلکِ عفو و عطا کہے

ہے آج تک جو رایتِ اسلام سر بلند
کاندھے پہ کس کے پائی ہے نشوونما کہے

سکہ ہے کس کی تیغ کا تاریخ دے جواب
نعروں سے کس کے گونج رہی تھی فضا کہے

ہیں تیرے نقشِ پا پہ یہ قومی عمارتیں
آثار کہتے ہیں نہ کہے کوئی یا کہے

قانون بن گئے ترے الفاظ دہر میں
دشمن بھی اس کے کیوں نہ درست اور بجا کہے

تیرا کلام دیکھ کے حیرت میں ہے جہاں
صدقت یا علیؑ نہ کہے دل تو کیا کہے

اک معجزہ ہے یہ ترے نفسِ عظیم کا
امت جو بے خبر ہو وہ مشکل کُشا کہے

تلوار نام لے کے اُٹھاتے ہیں حق پرست
ایسے بشر کو ناصرِ دینِ خدا کہے

شاہی اور اُس پہ فقر پسندی کے نصیب
یہ شان ہو تو کوئی شہِ دوسرا کہے

آسائشیں تھیں تیری عبادت کے اہتمام
وہ مشغلے کہ مصحفِ حق ہل اتیٰ کہے

بھولے نہ یہ کہ راکبِ دوشِ نبیؐ ہے تو
قصہ جو کوئی رفعتِ اسلام کا کہے

ہیں کھیل اُس کے واسطے خیبر کشائیاں
بازوئے مصطفیٰؐ جسے خلقِ خدا کہے

دشمن سے بھی سلوک تھا قاتل پہ بھی کرم
دنیا تری بلند نگاہی کو کیا کہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے اُس سے بڑھ کے کون خلافت کا مستحق — نفسِ رسولؐ پاک جسے کبریا کہے
جاری ہو جن سے نغمۂ توحید خلق میں — ایسے لبوں کو مصدرِ حمدِ خدا کہے
تاریخ ابتدا سے ہو غیروں کے ہاتھ میں — پھر بھی ترے صفات حُسن برملا کہے
دُنیا ہو چُپ تو ارض و سما بولنے لگیں — اک اک زبان گنگ ترا ماجرا کہے
تقلید تیری چاہئے تنظیم ہے یہی — مغرب پرست قوم سے پر کوئی کیا کہے
ہر سانس میں ہو بوئے ولائے ابوترابؑ — اُبھرے جو نبض ڈوب کے یا مرتضیٰؑ کہے
اس جلوہ گاہِ[1] ناز کے اللہ رے نصیب — جس کو زبانِ خلق نجف دوسرا کہے
کیا کیا نہ تیرے پاؤں نے طے کی ہیں منزلیں — سمجھے اگر کوئی تو ہر اک نقشِ پا کہے
آنکھیں ہزاروں فرش ہیں جلوہ نما ہو پھر — ایک ایک پائمال ترا مرحبا کہے

ہے ایک کیفیت میں رواں اپنا کارواں
کیوں نجم منقبت کو نہ بانگِ درا کہے

○

# پارۂ نور

اے وہ ہستی کہ ترا عکس نظر تھا سرِ طور — آج تک دہر میں ہے چشمِ تمنا مخمور
اے کہ حُسنِ پسِ پردہ کا تو آئینہ ہے — کچھ کچھ آتا ہے سمجھ میں ترا منشائے ظہور
تیرا مقدور محالات کو ممکن کرنا — تیرا مفہوم خیالات کو تفویضِ شعور
وہ بشر تو کہ عیاں جس سے صفاتِ باری — نورِ کونین میں اُس کا ہے تو ہے تیرا ظہور
تیرا گہوارہ شہنشاہِ رسلؐ کا دامن — لوریاں جلوہ گہِ غیب کے رازِ مستور
جگمگا دے گی زمانے کو ضیائے توحید — آج پھر ملتے ہیں بچھڑے ہوئے دو پارۂ نور
تو وہ ممکن ہے کہ ہے نازشِ ذاتِ واجب — تو وہ بے نفس کہ ہے ملتِ بیضا کا غرور
دردِ سرتا بہ قدم اور غریبوں کا سکون — ہمہ تن رنج و الم اور یتیموں کا سرور

---

[1] جوگی رم پورہ، ضلع بجنور، یوپی (انڈیا)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بے نیازی کو ترے عجز کے تیور محبوب　　خاکساری سے تری عرش کو پستی منظور
لذتِ روح تری نکہت گیسوئے رسولؐ　　قوتِ نفس تری یادِ الٰہی کا سرور
متصل تیری خلافت پہ نوائے قرآن　　متحد تیری ولایت پہ صدائے جمہور
حیرتِ عالم قدسی تری شب بیداری　　اور ترا خواب جوانی شبِ ہجرت کا ظہور
تیرے دس نور نظر تیری مثالِ ظاہر　　ترا اک جلوۂ غائب ترا شہزادۂ نور
ڈھل کے لہجے میں ترے وحی خدا کے الفاظ　　کر گئے خلق میں قرآں کی فصاحت مشہور
تیری تلوار کے صدقے میں مسلمانوں نے　　لے لیا تختِ کیانی و سریرِ فغفور
کھا کے سجادہ پہ تلوار بتایا تو نے　　جان دینے کا ہے راہِ خدا میں دستور

ننگ ہے اُس کا درِ غیر پہ سجدہ کرنا
نجمؔ اک آپ کی سرکار کا شاعر ہے حضور

○

## حسین علیہ السلام

اے کہ تیرے خیال میں نشہ جامِ کوثری　　آج ہے تیرے نام پر گردشِ نورِ ساغری
اے کہ تری نگاہ ہے معنیٔ بندہ پروری　　چاہے تو ہر غلام کو بخش دے تاجِ قنبری
نازشِ دودماں ہے تو ہاشمیوں کی جاں ہے تو　　یوسفِ کارواں ہے تو جان و دلِ پیمبری
وارثِ صبر فاطمہؑ خلق حسنؑ کا آئینہ　　حاملِ شانِ احمدیؐ صاحبِ وضع حیدریؑ
تیرا ظہور دلربا دعوتِ صد نگاہ و دل　　تیرا ورود کربلا ہے تری فتح دلبری
شام تری امید کی گیسوئے قاسمؑ حسیں　　صبحِ نشاط عید کی نورِ جمالِ اکبریؑ
دامنِ ناز کی کشش شانِ ارادتِ حبیب　　تیرے نیاز کی روش تیری نمازِ آخری
جوش ترے مقال کا خطبۂ عابدؑ حزیں　　قید میں تھا پہ ڈال دی جسمِ عدو میں تھرتھری
عالمِ بیخودی ترا عشقِ خدا کی منزلیں　　ہوش ترے خیال کا جذبۂ خلق پروری

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

طفلی میں عیشِ خواب کا سینہ سیدالبشرؐ — تکیہ ترے شباب کا قبضۂ تیغِ حیدریؑ
تجھ سے ہے نامِ حریت تجھ سے نظامِ حریت — تو ہے امامِ حریت حُر ترا ایک لشکری
پھیلے ہوں مدتوں جو پاؤں ختمِ رُسلؐ کی گود میں — اُن میں نہ ہو تو ہو کہاں زورِ کمالِ رہبری
زر سے کیا ہے یوں عذر بانٹے ہیں تو نے گنج زر — تیرا وہ فقر ہی نہیں نام ہے جس کا بے زری
ارضِ بقیعِ پاک میں تجھ کو خبر ہے کیا ہوا — دستِ دراز کفر کی آہ وہ کینہ پروری
چونک کے خوابِ ناز سے دیکھ ہمارا حالِ زار — جن کو کیا تھا متحد آج ہے اُن میں ابتری
ظلمتِ کفر چھا چکی نام و نشاں مٹا چکی — چاند کو اپنے اب تو دے رخصتِ جلوہ گستری

نغمۂ منقبت میں تجمؔ ہیچ ہے میرے سامنے
حسنِ بیانِ فرخیؔ زورِ کلامِ انوریؔ

○

# عریضہ

## (بہ حضور سرکار حجت العصر عجل اللہ ظہورک)

ایک ترا جمال ہے رونقِ بزمِ عنصری — تیری ضیا سے ضوفگن قصرِ دوازدہ دری
صانعِ خلق کی مثال خلق کی آنکھ سے نہاں — بوئے گلاب کی طرح قیدِ نگاہ سے بَری
عہدِ قدیم سرنگوں دورِ جدید منتظر — عالمِ حال مضطرب یہ تری شانِ دلبری
گیارہ امام کا خلف جس کا رسولؐ سا سلف — جانِ نقیؑ ذی شرف نورِ نگاہِ عسکریؑ
مثلِ تقیؑ حق نما رہروِ منزلِ رضاؑ — حاملِ علمِ موسئیؑ وارثِ صدقِ جعفریؑ
حلم میں ثانیِ حسنؑ مثلِ حسینؑ صف شکن — زینِ عبا کا جان و تن سروِ ریاضِ باقریؑ
تیرے کرم کی لہر میں جذبۂ خلقِ احمدیؐ — تیری نگاہ قہر میں جلوۂ تیغِ حیدریؑ
سلسلہ ہے خلیلؑ سے گیسوئے مشکبار کا — زلفِ معنبریں میں ہے بوئے خوشِ پیمبری
رفعتِ بوذری نثار تیرے مصاحبین پر — تیرے غلام مرحبا ختم ہے جن پہ قنبری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خم ہیں ہزار گردنیں یہ ترے نام کا اثر
ہیچ ہے تیرے سامنے دبدبۂ سکندری

حاکمِ خدا کا منتظر فصلِ خدا سے منتظر
شیرِ خدا کا شیرِ نر قاطعِ نسلِ کافری

دین کی دولتِ نہاں فضلِ خدا نگاہباں
حجت و صاحب الزماں پیکرِ نورِ داوری

پردۂ غیب سے نکل بندِ نقاب توڑ دے
آ کہ ہمیں مٹا چکی چرخ کی فتنہ پروری

اپنے ملازمین کا حالِ تباہ دیکھ لے
ارضِ بقیع پاک کو ایک نگاہ دیکھ لے

## جانِ بہار

نمودِ عالم ہُو تھی فضائے تیرہ و تار
نہاں تھے کتمِ عدم میں چراغ و شمع و شرار

میں جب بھی بھیج رہا تھا تسلّیاں پیہم
مری شعاعوں کا جب بھی زمیں پہ تھا انبار

تحیّرات تھے پنہاں تجلّیات خموش
نہ آئینہ تھا کوئی اور نہ آئینہ رخسار

میں جب بھی حیرتیِ فطرت پریشاں تھا
مری نگاہ تھی سو آئینوں کی آئینہ دار

فقط تھی جلوہ نما ایک قدرتِ عریاں
نہ پردہ ور تھا کوئی اور نہ کوئی پردہ دار

مری نگاہ میں روشن تھے سینکڑوں جلوے
میں سات پردوں میں نظارگی تھا لاکھوں بار

یہ کائنات تھی مصروفِ خوابِ محکم میں
میں جب بھی عالمِ افلاک میں تھا شب بیدار

جب ایک لفظ تھی مبہم یہ ہستی فانی
میں جب بھی معنی و انجم تھا یاں انوار

مجھے تھا عالمِ امکاں سے واسطہ جب بھی
جب آب و گل میں نہ تھے ربط و ضبط کے آثار

ابھی تھے جذب و کشش سے کہیں عناصر دور
مری بقا کا ہے جذب و کشش پہ جب سے مدار

ابھی ہوئی تھی نہ ذرّات عقد کی ترتیب
کہ تھا میں رکنِ طلسمِ ثوابت و سیار

نئے نئے تھے یہاں اہتمامِ فطرت کے
میں انتظامِ فلک کا تھا جب بھی حصہ دار

سمٹ رہے تھے پریشان خاک کے ذرّے
مجسمہ تھا مرا جب بھی مجمع الانوار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابھی سے زرد یلانِ عرب کے ہیں چہرے
نبیؐ کے ہاتھ میں گویا خدا کی ہے تلوار

بہت سی نسبتیں تھیں نام جب اسد پایا
خدا کا شیر نواسہ اسد کا شیر شکار

ازل کے سلسلۂ منتخب کی پہلی قسط
عرب کی کفر نشاں زندگی پہ پہلا وار

عجیب مطلع روشن کیا سپرو قلم
میں اپنی طبع خدا داد پر نہ کیوں ہوں نثار

ہوئی رسولؐ کی بعثت یہ جب ہوئے ہشیار
کہ مقتدا کو تھا ایسا ہی مقتدی درکار

جمالِ صورت زیبا سے نازشِ فطرت
کمال جلوۂ معنی سے مطلعِ الانوار

وقوف علم الٰہی سے بابِ شہر علوم
جلال وہیبت شاہی سے حیدرِ کرار

بناء مقصدِ اعلیٰ جہان کا مقصود
شریکِ قسمتِ زہراؑ رسولؐ کا دلدار

ظہور جلوۂ باقی طلسمِ فانی میں
ازل کے دن سے حیاتِ ابد ہے جس پہ نثار

ابو تراب، اسد، ایلیا، ابو سبطین
امین و صادق و ساقی و سید و سردار

علی و ہادی و مہدیؑ و کاسرالاصنام
شہید و شاہد و ساجد قسیم جنت ونار

مثیلِ عیسی و خیر البشر امیر النحل
مقیم و قاعد و راکع امام عرش وقار

وحید و طاہر و صدیق و ناصر و فاروق
صفی و حجت و قاضی و سید الابرار

وصی ولی و حبیب دو زیر و ذوالقرنین
امیر و عابد و شیخ المہاجر و انصار

ذکی، خاتم ونفس رسولؐ زوج بتولؑ
یداللہ و اسداللہ وقاتلِ کفار

اُسی کو تخت ہے زیبا اُسی پہ تاج نثار
رسولؐ کی جو سپر ہو خدا کی ہو تلوار

جہادِ نفس بھی تھا یہاں جہادِ سیف کے ساتھ
خطاب سیفِ خدا کے نہیں نہیں حقدار

سبق دیا وہ عرب کو کہ یاد ہے اب تک
خدا کا نام خدا کے ہر ایک کی تلوار

پڑھا دیے جسے دو حرف عقلِ کُل ٹھہرا
بڑھا دیا جسے سد رہ کا کردیا مختار

مٹا دیا جسے اُبھرا نہ وہ قیامت تک
بتوں نے خانۂ کعبہ میں پھر نہ پایا بار

ابھی ہے مدحت حاضر میں تر زباں ہونا
خدا کرے کہ وہ کرلیں پسند یہ اشعار

یہ دل کہ بسمل بیدست وپا ہے حاضر ہے
فقیرِ عشق ہوں میں کیا ہے قابلِ سرکار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صباح وشام میں ہے تیرے زلف ورُخ کی بہار — کہ تیرا نور ہی تھا نقش بند لیل و نہار
ترے قدوم سے آراستہ ہوئی دنیا — ترے ورود سے باغ جہاں میں آئی بہار
ترا ظہور تھا تکمیلِ نوع انسانی — ترا وجود تھا دنیا میں جنت الابرار
خدا نے بھیج کے تجھ کو بچا لیا صد شکر — وگرنہ نسل کا آدم کی جاچکا تھا وقار
جہاں میں تجھ سے حقیقی مسرتیں پھیلیں — زمانہ ہے ابدی راحتوں کا شکر گذار
سکونِ قلب ملا تیرے آستانے سے — ترے بغیر تھی تکمیلِ عافیت دشوار
فلک کی بزم میں پایا تجھی کو صدر نشیں — زمیں کے فرش پہ دیکھا تجھی کو عرش وقار
جہاں جہاں نظر آیا نئے لباس میں تھا — جہاں جہاں تجھے دیکھا الگ تھا سب سے شعار
شہانِ دہر سے ممتاز تختِ شاہی پر — بساطِ فقر پہ سرتاج اولیاء کبار
خمِ ہلال نما منزلِ عبادت میں — جہادِ راہ خدا میں کھنچی ہوئی تلوار
رسولؐ پاک کی تصویر اوجِ منبر پر — عرب کی بزمِ فصاحت میں منتخب فقار
مقامِ درس میں استاد عقل اول کا — علومِ عقلی و نقلی میں واقفِ اسرار
خدا کے فضل سے یکتا معلم تہذیب — نبیؐ کے فیض سے اخلاق کا علم بردار
شریعتِ نبویؐ کا محافظ و حافظ — حکومتِ ازلی کا معاون و سردار
الٰہیات میں کامل سیاسیات میں فرد — وہ فلسفی کہ ارسطو کا فلسفہ بے کار
تو علمِ نحو کا موجد عروض کا مصلح — کہ آج تک ہے عرب کی زبان شکرگذار
زمانہ تیرا مقلد ہے تو مجدد ہے — کہ آج نظم میں اخلاقیات کی ہے بہار
جہاں میں کی سنہ ہجری کی ابتدا تو نے — کہ جس پہ اپنی تواریخ کا ہے دار مدار
ترے مقولوں کے یورپ میں ترجمے پہنچے — یہ لوگ لے گئے چُن چُن کے کیا دُرِ شہوار
کہیں بھی ہے ترا مداح کارلائل بھی — ہے اہلِ غرب میں طرزِ عمل کی تیرے پکار
ترے کلام میں سائنس کے نکات بھی ہیں — ہے تیری نہجِ بلاغت خزینۂ اسرار
کہیں پہ جاذبہ عامہ کی ہے تشریح — کسی جگہ فنِ کیمسٹری کے ذکر اذکار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زمانہ آج وہ نیوٹن کا مسئلہ کہہ دے
تری زباں سے جو اسلام کرچکا اظہار

بتادیا ہمیں جو کچھ ہمارے قابل تھا
سکھا دیا ہمیں جو کچھ کہ تھا ہمیں درکار

عجیب طرز سے کی زندگی بسر تو نے
امیر تھا پہ غریبوں کی سی رہی رفتار

طعام گرم کی خواہش نہ آب سرد کا شوق
سدا رہا تجھے لذّات دہر سے انکار

فقیر سے تجھے رغبت یتیم سے اُلفت
خودی سے تھی تجھے نفرت خدا سے تھا سروکار

ترے ضمیر میں عالم کا درد تھا پنہاں
ترے خمیر میں شامل تھا جذبۂ ایثار

زمانہ جرأت اخلاق پر ہے حیرت میں
بشر کی فہم سے باہر ہے تیرا حسن شعار

عقیل کو کبھی تنبیہ کی حسن کو کبھی
کہ امرِ حق میں مروّت سے کچھ نہ تھا سروکار

رفاہِ خلق کی خاطر بنائے چاہ کہیں
کہیں غریبوں کی خاطر لگا دیے اشجار

دیا ہے تو ہی نے قاتل کو شیر کا کاسہ
دکھا تو دے کوئی ایسا ضمیر جوہردار

زمانہ دیکھے کہ حسنِ عمل ہے نام اس کا
بہت جہان میں تہذیب کی ہے آج پکار

ہے تیری ذات کمالات کا اک آئینہ
نگاہ غور سے دیکھا تو کھل گئے اسرار

تو اک ثبوت قوی ہے وجودِ باری کا
کمالِ حُسن سے حُسنِ ازل کا ہے اظہار

عجب ہی کیا ہے نصیری خدا جو کہہ اُٹھے
تو اہلِ ہند میں ہوتا تو مانتے اوتار

بکیف مدح ہوں غالبؔ کا ہمنوا اے نجمؔ
کہ یا علیؓ ولی مست و با خدا ہشیار

تمام مدح ہوئی پر ہوئی نہ مدح تمام
اب ایک رازِ دلی کا بھی میں کروں اظہار

مرے بزرگوں کا اصلی وطن ہے فیض آباد
مجھے بھی شوق تھا دیکھوں میں یہ در و دیوار

O

# روحِ سخن

حُسنِ ازل تھا فقط غیرتِ صد انجمن
آپ تماشائی تھا آپ ہی جلوہ فگن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ ہی نظارہ تھا آپ ہی نظارگی
آپ ہی پروانہ تھا آپ ہی شمع لگن

جلوہ گہہ ناز میں کوئی نہ تھا دلفروش
خود ہی خریدار خود یوسفِ گل پیرہن

آپ ہی اک راز تھا آپ ہی تھا راز دار
آپ ہُوا پردہ در واقفِ سرو علن

علم سے گذرا یہ امر اُس کی مشیت میں جب
کھینچ دیا کُن سے ایک دائرۂ انجمن

عالمِ اسرار سے عالم ذر بن گیا
تھا انہیں ذرات میں رازِ زمین و زمن

ربطِ عناصر نے دی قوتِ صانع کی داد
خاک کا پتلا بنا صاحبِ کام و دہن

اک نگۂ لطف نے کیا سے یہ کیا کردیا
ماحصلِ آب و گل اور جناں کا چمن

خلقتِ پست و بلند ہوگئی محفل طراز
ل کے نشیب و فراز بن گئی یہ انجمن

آب ہوا زیرِ خاک فرش بچھا فرش پر
سبزہ کو نیند آگئی پایا جو آرام تن

آب و ہوا کو اُدھر حکم تصادم ملا
تازہ بخارات اُٹھے بن گیا چرخ کہن

عالم ہُو تھا مگر اب یہ طلسم جہاں
منظرِ تاریک تھی شمع بغیر انجمن

جلوہ گہہ خاص سے بھیج دیا اک چراغ
رونقِ فرشِ زمیں زینتِ چرخِ کہن

دیدۂ عبرت سے قبل بھیج دیں نیرنگیاں
شام چلی سوگوار صبح چلی خندہ زن

زیبِ قبا کر دیے کچھ گہر شب چراغ
سر سے جو پا تک سیاہ رات کا تھا پیرہن

اُف رے فریبِ نظر کھا گئے دھوکا خلیل
صانع و مصنوع میں ہونے لگا ریب و ظن

کیں یدِ قدرت نے صَرف سیکڑوں صناعیاں
اک تن بے روح تھا پھر بھی جہانِ کہن

کرتا تھا جنگل کی شکل سارا جہاں سائیں سائیں
بولتی تصویریں تھیں قصرِ جناں میں مگن

عالم اسباب میں شستہ مذاقی نہ تھی
فطرتِ پُر ہول تھی دہر میں جلوہ فگن

موت کی سی خامشی ارض پہ تھی حکمراں
چرخ پہ تسبیح میں اہلِ فلک نعرہ زن

صبح کے چہرہ پہ یہ نور کا عالم نہ تھا
شب تھی کہ تیرہ لحد کھولے ہوئے تھی دہن

آگ نکلتی تھی کو جب بھی دل سنگ سے
پر دلِ پروانہ تک ہو نہ سکی شعلہ زن

تھے خس و خاشاک و خار لالۂ و گل کی جگہ
فصلِ بہاری سے تھا دور ابھی یہ چمن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُس کو تھیں منظور پر دہر کی آرائشیں
آدم و حوّا چلے چھوڑ کے اپنا وطن

نالۂ پُر درد سے ہل گیا سارا جہاں
گریۂ آدم سے نام پڑ گیا بیت الحزن

بوئے محبت اُڑی بس گئی دنیا تمام
تحفۂ جنت لیے آئے جو یہ مرد و زن

عالمِ طفلی میں تھی سایۂ بابا میں خلق
راہ ترقی میں تھے اہلِ جہاں گامزن

رشک نے قابیل کے ظلم کی ڈالی بِنا
دیکھتے ہی دیکھتے خلق کا بگڑا چلن

آفتیں آئیں ہزار رحلتِ آدم کے بعد
ساکنِ جنت کی نسل ہوگئی وقفِ محن

گھر کو ڈبونے اُٹھا نوح کا طوفاں کبھی
چادرِ آبی ہوئی اہلِ جہاں کا، کفن

باغِ جہاں میں چلی گاہ ہوا شعلہ ریز
آتشِ گل بڑھ گئی پھونک دیا سب چمن

نعرہ ہمرنگِ صورگاہ ہُوا بارِ گوش
مرگ قیامت نما پھیل گئی دفعتن

تخت کا کیا ذکر ہے تختے اُلٹتے رہے
حرفِ غلط کی طرح مٹ گئے توبہ شکن

قہرِ خدا کو یونہیں ہوتی رہیں جنبشیں
یعنی سزا کفر کی پاتے رہے مرد و زن

اُس کی عطا کا نہ تھا جب بھی حساب و شمار
روزِ ازل ہی سے تھا بحرِ کرم جوش زن

مستحقِ لطف تھی پر ابھی دنیا بہت
قابلِ اصلاح تھا اب بھی جہانِ کہن

بذل و عنایات کا اُس کی یہ تھا مقتضا
مومن و کافر کو امن ہو تہِ چرخِ کہن

فطرتِ مامور نے ویسے ہی ساماں کیے
اور ہی کچھ ہوگیا رنگِ زمین و زمن

ہوگئی پیدا تڑپ ذرۂ بے حس میں بھی
جلوہ گہہ قدس سے آئی جو سیدھی کرن

سارے حجاب اُٹھ گئے خیرہ ہوئی چشمِ شوق
اہلِ جہان چونک اُٹھے راز کھلا دفعتن

رحمتِ اللعالمین عالمِ اجسام میں
دیکھ کے حیرت یہ رنگ ہوگئی مہرِ دہن

ساز چھڑا نعت کا مست ہوئے وحش وطیر
نغمۂ لولاک سے گونج گیا ہر چمن

بزمِ فروز آخری شمعِ رسالت ہوئی
اپنی ہی حد میں مگر نور تھا جلوہ فگن

اپنی تجلی سے تھا آپ ابھی بہرہ ور
اپنی حقیقت پہ تھا آپ اُسے حُسنِ ظن

دل کا نگینہ کوئی نقش کے قابل نہ تھا
مُہرِ نبوت لیے تھا کوئی جلوہ فگن

رمزِ حقیقت کا تھا، تھا نہ حقیقت شناس
قحطِ سخن فہم سے تھا وہ سخن در دہن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

راہ نما تھا مگر تھا نہ کوئی راہ رو — راہ شریعت کی تھی تھا نہ کوئی گام زن
خلق کا غمخوار تھا، تھا نہ مگر غم شریک — ایک نہ تھا کلمہ گو لاکھ تھے اہلِ سخن
بانیِ اسلام تھا، تھا نہ معاون کوئی — نعرۂ تکبیر تھا، تھا نہ کوئی نعرہ زن
جب رہی دس سال کی منزلِ بعثت کی راہ — تیس برس قبل کا پھر تھاجہانِ کہن
فطرتِ محکوم کے پھر وہی انداز تھے — رحمتِ معبود کا پھر وہی اگلا چلن
ہر در و دیوار پہ وجد کی تھی کیفیت — نور کی ایک سیل سی خلق میں تھی موجزن
ہوگیا ہر دشت و در اُس کی جلالت سے پُر — ذرّے زبان بن گئے حمد کے نکلے سخن
عالمِ تکوین میں دوڑ گئی لہر سی — جسم خدا دوست میں خون ہُوا جوش زن
آئی زمیں پہ بہار جلوہ گہِ قدس کی — رشکِ جناں بن گیا ملکِ عرب کا چمن
شام سے پیدا ہوئے خلق میں آثارِ صبح — صبح میں پیدا ہوا نور خدائے زمن
در ہوا پیدا نیا کعبہ کی دیوار میں — کعبہ میں پیدا ہوئے حیدر خیبر شکن
قلب میں پیدا ہوا ولولۂ منقبت — مطلع تو بن گیا جوشِ بہارِ سخن
گود میں لے دوڑ کر کیوں نہ رسولؐ زمن — مسلم اول ہُوا خلق میں جلوہ فگن
مسلم اول کہوں یا کہوں اسلامِ کُل — غزوہ خندق کے دن تھا جو نبیؐ کا سخن
گود میں محبوب کے جو بھی ہو محبوب ہے — مصحفِ معبود ہو یا ہو امامِ زمن
آگئیں قرآں سے قبل نور کی دو صورتیں — ایک وصیِ رسولؐ ایک رسولؐ زمن
شانِ خدا دیکھ اے چشمِ حقیقت نگر — مسکن اصنام میں خلق ہُوا بُت شکن
کفر پہ اسلام کا وار یہ پہلا ہُوا — شہرۂ آفاق ہے قصۂ سیلی زدن
ایک طمانچہ سے منہ پھر گیا بوجہل کا — خوب مقابل ہوئے بت شکن و برہمن
جوشِ ولا میں عجب نعمتِ عظمیٰ ملی — مطلع تازہ ہُوا شاملِ سلکِ سخن
چاردہ معصوم میں نفسِ رسولؐ زمن — اول اثنا عشریا دومِ پنجتن
سرورق کائنات مفتخر شش جہات — عبد الٰہی صفات خاص خدائے زمن
نور نبیؐ کا شریک یکہ و تنہا شریک — معتمد لا شریک منتخب انجمن

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحبِ لطفِ عمیم ابنِ کریم و کریم
دینِ خدا کا حکیم نبض شناسِ سخن

مظہرِ آیاتِ حق موجبِ اثباتِ حق
آئینۂ ذاتِ حق مثلِ رسولؐ زمن

سالکِ راہِ رضا شاغلِ بذل و عطا
شکرِ الٰہی غذا نور خدا پیرہن

سر ہے کہ سجدہ میں خم دل میں خیالِ کرم
پاؤں سے ثابت قدم ہاتھ سے خیبر شکن

آپ کو سمجھا ہُوا غیر کو بھولا ہوا
درد میں ڈوبا ہوا عشقِ خدا میں مگن

سب سے بڑا فلسفی سب سے بڑا منطقی
سب سے بڑا آدمی بعد رسولؐ زمن

قدسی و قدسی اساس نوری و نوری لباس
جوہر و جوہر شناس جلوہ و جلوہ فگن

نازشِ ربِ ودود از عدم و تا شہود
تجھ پہ سلام و درود جانِ رسولؐ زمن

مجسم وہ اُٹھا حجاب کوئی ہُوا بے نقاب
دیکھ بہشتی شباب قدرتِ ربِّ زمن

مدحتِ حاضر میں پڑھ مطلعِ روشن کوئی
اہلِ نظر چونک اُٹھیں وجد کرے انجمن

کیوں ترے ہر لفظ پہ ہو نہ فدا علم و فن
سامعۂ باطنی جب ہو بنائے سخن

تزکیہ نفس ہی تھا ترا اک معجزہ
صاحبِ اعجاز تھا گرچہ تو بے ریب وظن

تابع فرماں تری قوتِ تحکیمِ نفس
تصفیۂ قلب سے واقف سرّ و علن

عالمِ اجسام پر غلبۂ روحانیت
مادیت پر دراز پنجۂ خیبر شکن

نقص کا امکاں نہ تھا اُف رے عروجِ کمال
ظاہر و باطن وہی قربِ خدائے زمن

مصلحِ عالم تھا تو مصلحِ اعظم کے بعد
تھا جو نبیؐ کا شعار تھا وہی تیرا چلن

تجھ سے ہُوا تکملہ مقصدِ اخلاق کا
باغِ جہاں میں کھِلا حُسنِ عمل کا چمن

پاک کیا تو نے ہی نفس و خیالات کو
دور کیا کفر کا سب نے لباسِ کہن

تھا عوض و انتقام اہلِ عرب کا شعار
تو نے سکھایا اُنہیں عفو و عطا کا چلن

کعبہ کے بت کچھ نہ تھے تو نے مٹایا اُنہیں
سب سے بڑے بُت جو تھے رسم و رواجِ کہن

مان لیا سب سے قبل کلمۂ توحید کو
تجھ سا نہ دنیا میں تھا نبض شناسِ سخن

تو تنِ اسلام میں روحِ رواں بن گیا
تجھ سے قوی ہو گئے، تھے جو ضعیف البدن

پیش کیا تو نے یوں خلق میں اسلام کو
حُسنِ عمل تھا ترا شاہدِ حسنِ سخن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حق پہ ہوئے مجتمع چار ہی فقروں میں سب
ہے ترے خطبہ کی داد طاعتِ اہل یمن

بزم ہو یا رزم ہو خواہ سفر یا حضر
محو تھے تعلیم میں تیرے زبان و دہن

تول دیا عقل پر شرع کے قانون کو
خوبیٔ اسلام پر دال ہوا ہر سخن

منظرِ فطرت پہ تھا گاہ تیرا تبصرہ
رفعتِ احساس پر تھا کبھی گرمِ سخن

قوتِ سائنس پر تو نے جو کھولی زباں
فلسفہ سقراط کا بھول گئے اہلِ فن

پاک تمدن ہوا تجھ سے عرب کو نصیب
بحرِ کرم سے ترے دُھل گئے عیب کہن

تو نے بتائی تھی جب وقت کی قیمت ہمیں
وقت پرستی ہے اب مغربیوں کا چلن

حرمتِ نسواں میں بھی تو نے ہی تقدیم کی
دعویٔ تہذیب میں اب ہے جہاں نعرہ زن

تحتِ کلامِ خدا فوق کلام بشر
تیرے سخن پر ہے یہ تبصرۂ اہلِ فن

اہلِ ریاست ہیں آج تیری سیاست پہ دنگ
بن گیا قانون وہ منہ سے جو نکلا سخن

تیری حکومت میں تھے جوہرِ جمہوریت
تیری طبیعت میں تھا جذبۂ حب وطن

خامہ و تاریخ تھے قبضۂ اغیار میں
محو نہ پر کرسکے تیرے صفاتِ حسن

مد نظر تھی تجھے منفعتِ عامہ
گرچہ ہوئے بہرہ ور خاص خدائے زمن

تیری طبیعت پہ تھا اُس کی طبیعت کا عکس
وحی خدا بن گیا جس کی زباں پر سخن

تو فقرا کا انیس تو غربا کا جلیس
عاجز و درماندہ تھے تیرے کرم سے مگن

دشمن و قاتل کے بھی درد کا احساس تھا
اپنی مصیبت پہ تھا شکر خدائے زمن

خوف الٰہی میں تورات کو گریاں ملا
صبح نے لب پر ترے حمد کے دیکھے سخن

اُن کی رعایت نہ کی تھے جو ترے جان و دل
جادۂ انصاف پر تو جو ہُوا گام زن

روزوں میں دن کٹ گئے فاقوں میں گذریں شبیں
پھر بھی بجز شکر کچھ منہ سے نہ نکلا سخن

اپنی شہادت کو جو فتح سے تشبیہہ دے
ایسا سپاہی کوئی ہے تہِ چرخِ کہن

لائیں تو اہلِ نظر سامنے ایسی مثال
ڈھونڈلیں دنیا نئی یا کہ زمانِ کہن

ہے ترا نفسِ عظیم فکر جہاں سے بلند
معترف عجز ہوں کیوں نہ زبان و دہن

جوشِ مسرت ادب ہیں تن و جاں پر محیط
کیفیت مدح خود ہوگئی مُہرِ دہن

دل ترے فیضان سے محشرِ انوار ہے
حشرِ تجلّی میں گم شاعرِ شیریں سخن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

# صبحِ لطیف

مسجودِ عقل و ہوش ہی فطرت کو وہ جوہر دیا
خلاقِ کیف ورنگ نے قطرہ میں طوفاں بھر دیا

اک پیکرِ موہوم کو دیں اس قدر رنگینیاں
دنیائے عیب وحسن کا اک جزو لازم کردیا

چاروں عناصر مل گئے قائم ہوا عنواں نیا
جذب وکشش کے دور نے جب حاکمِ صورت گر دیا

ایسی کرم کی وسعتیں بچھوا دیا فرشِ زمیں
یہ جوشِ فیضِ عام کا جس نے سمندر بھر دیا

ڈالی جہاں پست میں اونچے پہاڑوں کی بنا
حدِ نظر ہوتے مگر گردوں سے نیچا کردیا

جنگل کی مستانہ ہوا چشموں کے بہنے کی صدا
فطرت کی خاموشی میں بھی قدرت نے نغمہ بھر دیا

چاند آسماں پر رہ گیا پہنچی کہاں تک چاندنی
فرشِ زمیں میلا سا تھا اک دوسرا بستر دیا

افلاک نے تسبیح کی تارے نچھاور ہوگئے
دریا نے لب کھولے ہی تھے منہ موتیوں سے بھر دیا

حد سے بڑھا بحرِ کرم اور صبحِ صادق بن گیا
یعنی کہ دم بھر کے لیے دنیا کو جنت کردیا

راتیں بنادیں عیش کی پھر صبح ہونے کے لیے
تسبیح نکلی دل سے خود آرام یوں شب بھر دیا

ظالم کو خوابِ بد ہوا مظلوم کو آرام جاں
شب کی ہوائے سرد نے جھونکا جو خواب آور دیا

بھیجا نسیمِ صبح کو یہ چارہ سازی دیکھنا
بیمار کو بھی دو گھڑی آرام تکیہ پر دیا

جو لانگہِ گلزار میں قدرت کی یہ فیاضیاں
ایک ایک مشتِ خاک کو ایک ایک مٹھی زر دیا

مٹی نکھر کر گل بنی دنیا معطر ہوگئی
تھا عنصری پیکر مگر جان لطافت کردیا

شایانِ فصلِ گل نہ تھی عریانیٔ صحنِ چمن
بیگانہ تھا سبزہ مگر فرشِ مکلف کردیا

یہ قوتِ نشوونما اک عنصرِ بے آب میں
ذرّے بگولے بن گئے جب خاک کو چکر دیا

رگ رگ میں آب وگل ہی پر یہ ندرتِ جوشِ نمو
پھوٹی وہیں کونپل نئی جس شاخ میں نشتر دیا

ساری بہارِ زندگی گویا ہنسی میں لٹ گئی
غنچوں میں جتنا حُسن تھا صَرفِ تبسم کردیا

اُس منزلِ مافوق کی کیا جانے کیا ہوگی بہار
عالم جو اس قابل نہ تھا وہ نعمتوں سے بھر دیا

شاید ہو زیبِ تاجِ سراب انتہا کی کیا خبر
یہ ابتدائے لطف ہے قطرہ کو گوہر کردیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر شکل سے پیدا کیا اک زندگی کا زمزمہ
جاں پیکرِ آدم کو دی پانی میں نغمہ بھر دیا

وہ وقت بھی کیا وقت تھا جب عشق کی تخلیق کی
کچھ گِل میں خوشبو بن گیا کچھ جزوِ آدم کردیا

آنکھیں تو زیبِ جسم تھیں ادراک کا جوہر نہ تھا
کی شمع روشن عقل کی گھر میں اُجالا کردیا

یہ لینے والے کی سمجھ کردے اگر مائل بہ شر
یہ دینے والے کا کرم پہلو میں دل بے شر دیا

چھوڑا بشر کی فہم پر دیر و حرم کا فیصلہ
مفہومِ سجدہ خود بنا سجدہ کی خاطر سر دیا

مستور قوت ان میں ہے دل کھینچے والی کوئی
یہ تو میں کہہ سکتا نہیں آنکھوں میں جادو بھر دیا

ہے ابتدائے زندگی اک عالمِ معصومیت
انساں بنایا بعد ازاں پہلے فرشتہ کردیا

جنت کی رعنائی لیے آیا شبابِ مضطرب
تخییل کی دنیا ملی جذبات کا محشر دیا

اس بزمِ رنگا رنگ میں حیراں نہ رہ جائے بشر
یوں رفتہ رفتہ دی سمجھ یوں علمِ خشک و تر دیا

خود فطرتی رہبر ہوئی دنیائے اسباب و علل
ہر ذہن کو آمادۂ فکرِ مسبب کردیا

دنیا بسانے کے لیے راہِ تمدن کھول دی
انساں بنانے کے لیے اخلاق کا جوہر دیا

لطفِ بہارِ عیش کو اسبابِ غم پیدا کیے
وجہِ نشاطِ دائمی دو اک غموں کو کردیا

رکھی زبان و نطق میں ترکیبِ اعجازِ سخن
اک حرفِ مطلب کے لیے قبضہ میں اک دفتر دیا

اپنے غرورِ علم میں بھولے معلم کو بشر
دیں فلسفہ پر قوتیں منطق پہ حاوی کردیا

محبوب شکلیں مٹ گئیں الفت کے رشتے کٹ گئے
آنکھیں بشر کی کھل گئیں جب صبر کا جوہر دیا

ذرّے زمیں کے بن گئے ہر چند پتلے خاک کے
جولانیٔ تخییل میں تاروں سے اونچا کردیا

حیرت فرشتوں کو ہوئی انساں نوازی دیکھنا
پہلا ہی انسان تھا جسے اعزازِ پیغمبر دیا

اک نقشِ آب و رنگ ہے انسان کی ہستی ہی کیا
کارِ نبوت لے لیا اتنا توانا کردیا

کس کی نظر تھی نوحؑ پر جو آدمِ ثانی ہوئے
دنیا بساوی دوسری کشتی کو کیا لنگر دیا

پردے کے اکثر تھے گلے پردہ بھی اک دن اُٹھ گیا
آکر غشی نے بیچ میں اک اور پردہ کردیا

کس رنگ میں داؤدؑ سے خدمات لیں توحید کی
ایک ایک گوشِ ہوش میں سچا ترنم بھر دیا

بخشش کی حد ہے بخش دیں اپنی صفاتِ خاص بھی
عیسیٰؑ کی باتیں دیکھیے مُردوں کو زندہ کردیا

دنیا میں روح اللہ بھی آئے کلیم اللہ بھی
جو قوم جس کی اہل تھی ویسا اُسے رہبر دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کچھ نعمتیں مخصوص تھیں مخصوص لوگوں کو ملیں
اسلام سا مذہب ہمیں روشن سے روشن تر دیا

بندوں میں سب محسوب تھے سب پر کرم کی تھی نظر
مسلم مگر محبوب تھے محبوب پیغمبرؐ دیا

نکلی جبال و دشت سے اللہ اکبر کی صدا
اک اک زبانِ گنگ کو قدرت نے گویا کردیا

ہیجان سا پیدا ہوا دنیائے آب ورنگ میں
اک نور کی صورت نے جب پیغامِ صورت گر دیا

ذرّے بھی اُبھرے خاک کے پیغام کی تعظیم کو
سوئی ہوئی فطرت اُٹھی حس بے حسوں میں بھر دیا

اس عالمِ کہنہ سے اک عالم نیا پیدا ہوا
اخلاص نے کی رہبری ایماں نے دل میں گھر دیا

توحید کی آئی سحر تقدیس کی اُمڈیں گھٹیں
دنیا کے عرض وطول میں اک زمزمہ سا بھر دیا

معصوم کے حسن کی طرح بڑھتی رہی نورانیت
مکہ کی قسمت کھل گئی تنویر سے گھر بھر دیا

چمکی بیاضِ دہر پر آخر کو وہ صبحِ لطیف
ہر ذرۂ ناچیز کو حسنِ مہ انور دیا

آفاق میں روشن ہوئی قندیلِ خورشیدِ فلک
رخصت ہوئی شب شدتِ انوار نے دن کر دیا

روشن چراغ گل ہوا ہر کشورِ گلزار میں
بادِ صبا نے چھیڑ کر غنچہ کو شعلہ کر دیا

آباد وہ گھر بھی ہوا صدیوں سے جو تھا بے چراغ
قسمت صدف کی جاگ اُٹھی وہ بے بہا گوہر دیا

ہاشم کا گھر روشن ہوا ملت خلیل اللہ کی
مولا علیؑ کے نور نے کعبہ کو روشن کر دیا

مداح کے دل میں ہوا روشن چراغ معرفت
اک مطلع نو فکر نے روشن سے روشن تر دیا

معصوم کی آغوش میں معصوم کو لا کر دیا
دولت خدا کے گھر کی تھی دامن نبیؐ کا بھر دیا

نور رسالتؐ سے ہوا نور امامتؑ متحد
اس اتحادِ حسن نے قوموں کو یک جا کر دیا

اک شان رب العالمین اک رحمت اللعالمین
تنزید کا اُن کو انہیں تقدیس کا پیکر دیا

تحریک کا ان کو انہیں تائید کا منصب ملا
ان کو نبوت کا وصایت کا انہیں کشور دیا

یہ صورتیں ہیں دیدنی جن پر ہو قرآں کا نزول
سمجھی تھی دنیا حسن کو یوسف کا حصہ کر دیا

آدمؑ کی پیشانی میں تھا مفہومِ سجدہ ان کا نور
رتبہ قدم آدم انہیں آدمؑ سے بالا تر دیا

وہ روح ہے الفاظ میں خود بول اُٹھتا حرف حرف
ان کی فصاحت نے مگر قرآں کو صامت کر دیا

وہ مطلع روشن پڑھوں اے حسن معنی المدد
دل بول اُٹھیں حضار کے محفل کو روشن کر دیا

کھلتے ہی آنکھ آرام کو زانوئے پیغمبرؐ دیا
یا نقشبند حسن نے قرآں پہ قرآں دھر دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خالق کے گھر پیدا ہوئے اپنے نبیؐ کے گھر پلے — دنیا میں گھر اللہ نے دنیا سے بالا تر دیا
مطلوب کا مطلوب تھا حسنِ طلب کیا خوب تھا — محبوب کے محبوب کو جو کچھ دیا چن کر دیا
ہاتھوں کو دیدی مقدرت آنکھوں میں بھر دی معرفت — سجدہ نے پائی منزلت افسر کو ایسا سر دیا
لب مصدر حمد و ثنا دل مصرفِ صبر و رضا — بازو دیے خیبر کشا سینہ میں قرآں بھر دیا
سرِ خفی نصِ جلی پہلا ولی پہلا علیؑ — کیا نام رکھا یا نبیؐ اعلیٰ سے مشتق کردیا
یکتا امامِ اولیں مسند نشین و دل نشیں — وہ جانِ ایمان و یقیں ایماں دلوں میں بھر دیا
تعبیر حرفِ انما تفسیر رازِ ہل اتیٰ — وہ قبلہ و قبلہ نما سر نذرِ سجدہ کردیا
مفہوم کن مقصود کل سرمایۂ ختم رسلؐ — وہ جنت الاعلیٰ کا گُل خوشبو سے عالم بھر دیا
غمخوار و دمسازِ نبیؐ تنہا ہم آوازِ نبیؐ — رازِ خدا رازِ نبیؐ قدرت نے کیا رہبر دیا
ہے عقل کُل بھی مبتدی وہ انتہا کا منتہی — وہ فخرِ آدمؑ آدمی دنیا کو جنت کردیا
فخرِ سلف نامِ خدا نورِ نگاہِ مصطفےٰؐ — بنت اسد کا لاڈلا جس نے لقب حیدرؑ دیا
یوں امرِ حق جاری کیا اپنا لہو پانی کیا — سب صرفِ حق کوشی کیا حق نے جو زور و زر دیا
کارِ براہیمیؑ کیا کعبہ کو کعبہ ہی کیا — اصنام سے خالی کیا روحانیت سے بھر دیا
کہنے کی سو باتیں ہیں پر مسند کے قابل تھا وہی — ہجرت کی شب سرکار نے اپنا جسے بستر دیا
منظورِ اہلِ بزم ہے کچھ مدحتِ حاضر بھی ہو — پردہ وہ اٹھا مجسم وہ ساماں خدا نے کردیا
یہ اتحادِ جسم و جاں تیری ولا نے کردیا — اقرارِ اُلفت لے لیا جب روح کو پیکر دیا
تیری ہی ذاتِ پاک تھی تصدیق کی روشن دلیل — دنیا کو جب اسلام نے تمیزِ خیر و شر دیا
ہر رنگ میں ہر وضع میں ہر شان میں تبلیغ کی — ہر فعل کو وابستۂ تعمیرِ تقویٰ کر دیا
تختِ حکومت پر دیے حکام غافل کو سبق — آیا جو بزمِ فقر میں جوشِ قناعت بھر دیا
تلوار کی جنبش میں بھی دکھلا گیا شانِ کرم — دشمن کو موقع صلح کا پیش از وغا اکثر دیا
تعلیم سے تیری ہوئیں عقبیٰ کی امیدیں قوی — دنیا کو چشمِ ہوش میں خوابِ پریشاں کردیا
تیری نگاہِ لطف ہے دنیائے دل کی عافیت — تو نے نویدِ امن دی جس نے دلِ مضطر دیا
باہر ہوئے کعبہ سے بت نکلا دماغوں سے فتور — مسکن جہاں تھا کفر کا ایمان کا گھر کردیا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیری بدولت آج تک ہیں مالکِ سیف و قلم
قبضہ ترے احسان نے مسلم کو دونوں پہ دیا

اصلاح کی عادات کی تصحیح کی جذبات کی
آگاہ نیک و بد کیا احساسِ خیر و شر دیا

دختر کشی تھی جن کی خُو ان کو بنایا نفس کش
جو مردمی کی جان تھا مردوں کو وہ جوہر دیا

سولہ برس کی عمر میں یہ فیصلے کی قوتیں
توحید کے اقرار نے دنیا کو حیراں کردیا

ہے صفحۂ تاریخ پہ ہر لفظ نقشِ کالحجر
دنیا مٹا سکتی نہیں جو نقش تو نے بھر دیا

اقوال فطرت بن گئے احکامِ حکمت بن گئے
تو نے شریعت کا سبق یوں عین فطرت پہ دیا

ہو قوم بے پروا عرب پروانۂ شمعِ یقیں
اے جانِ ختم المرسلین کیا دل میں جذبہ بھر دیا

زاہد سپاہی فلسفی حاکم ولی شاعر ادیب
کن مختلف اوصاف کا حق نے تجھے پیکر دیا

اب تک ہیں تیرے نام کے آفاق میں نعرے بلند
قدرت نے جوشِ اسلام کا سب یاعلی میں بھر دیا

نفس اور علوِ نفس میں ہے کس قدر فرق عظیم
بعد نبیؐ چپ نے تری دنیا پہ ثابت کردیا

زور آگیا ایمان میں زر دے کے تیرے نام پر
سائل بھی خوش مسئول بھی دونوں کا دامن بھر دیا

دنیا میں کس عنوان سے تو نے گزاری زندگی
کیا فقر و فاقہ کو شرف اورنگِ شاہی پر دیا

آغوش تیری وا رہی ہر دم یتیموں کے لیے
تیرے یتیموں کو عوض دنیا نے پر کیونکر دیا

ناظر ہیں دن تسبیح کے شاہد شبیں تہلیل کی
ذوقِ عبادت نے ترے دن رات یکساں کردیا

صبر و رضا کی منزلیں یوں مسکراتے کاٹ دیں
جو زخمِ دل حاصل ہوا شکرِ خدا سے بھر دیا

یا تجھ کو ساری عمر میں خوفِ خدا رُلوا سکا
یا مرسلِ حق کو کفن تو نے بچشمِ تر دیا

اخلاق سکھلایا ہمیں قاتل کو دے کر جامِ شیر
یوں کسی نے جاں دے کر سبق اے مالکِ کوثر دیا

نکلا نہ تیری شان کا اولادِ آدم میں جواں
جب تو لڑکپن میں وصی اپنا نبیؐ نے کردیا

خیرُ البشر سمجھا تجھے یا مالکِ جن و بشر
فہمِ بشر سے مرتبہ خالق نے بالا تر دیا

اب مدح میں جوش آگیا آنکھیں کھلیں ہوش آگیا
جب تک رہا مدہوش میں پھولوں نے دامن بھر دیا

اب کیا مجال دم زدن ساکن قلم شاعر خموش
ترکیبِ عجز و شوق نے اک دوسرا پیکر دیا

حسن اور کمالِ حسن میں مخفی رہی طلعت تری
اتنا بھی تجھ سے آشنا تیری ولا نے کردیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

# جلوۂ معصوم

قوتِ تخئیل سے کچھ کام لے کر دیکھیے
خوابِ خوش خوابِ پریشاں کوئی منظر دیکھیے

حیاتِ ذہن کی بیداریاں خطرہ میں ہیں
کس قدر بے حس ہیں سوتوں کو جگا کر دیکھیے

اک مرقع ایک صورت ایک ہیولیٰ تو بنے
پھر ہو کب ربطِ دماغ و دل میسر دیکھیے

دور کس حد تک ہیں دنیائے تخئیل کی حدیں
وسعتِ ہمت سے کم ہیں یا برابر دیکھیے

اپنی یہ دنیا سما سکتی ہے اس میں یا نہیں
یہ فسانہ مختصر ہوتا ہے کیونکر دیکھیے

پردۂ موہوم پر کس طرح کھنچتے ہیں خطوط
کام کیا کرتا ہے وہی آئینہ گر دیکھیے

سطحِ بے بنیاد پر کیونکر اُبھرتے ہیں نقوش
نازکی کیوں کر اُٹھاتی ہے یہ لنگر دیکھیے

کس طرح مفہوم کرلیتا ہے پیکر اختیار
کس طرح مستور بن جاتا ہے مظہر دیکھیے

معنویت کی جگہ لیتی ہے صورت کس طرح
جسم سے کیونکر بدل جاتا ہے جوہر دیکھیے

کون پھیلاتا ہے احساسات میں اک روشنی
تیرگی کس طرح ہوتی ہے منوّر دیکھیے

کیسا حِس مستقل اور کس قدر بے اعتبار
ہے یہ فطرت کا عطیہ اس کے جوہر دیکھیے

ابتدا تخئیل میں مضمر ہے ہر تکمیل کی
نقشِ مانی دیکھیے یا صنعِ آذر دیکھیے

فکر کی نشوونما کا اس کو مرکز پایئے
ارتقا کی منزلوں میں اس کو رہبر دیکھیے

کیجئے گر اپنے علمی کارناموں پر نظر
فلسفہ کا مبتدا منطق کا مصدر دیکھیے

منتظمِ بزمِ تمدن میں سیاست میں شریک
نظم کی دنیا میں جانِ ہر سخنور دیکھیے

صنعتیں اس کی اُڑائے پھرتی ہیں انسان کو
آج دریا میں تو، کل موجِ ہوا پر دیکھیے

قوتیں سوتی ہیں سب شانِ تخئیل ہے وہی
خواب کے عالم میں اک دنیائے دیگر دیکھیے

خوابِ خوش میں اک تبسم وہ لبِ معصوم پر
دل یہ کہتا ہے یہ نظارہ مکرر دیکھیے

ہے تخئیل کی بدولت ہی تصور کی نمود
دیکھیے اس آئینہ میں اس کے جوہر دیکھیے

ایک کونے میں سما جاتے ہیں کوہِ پُرشکوہ
لہریں اک گوشہ میں لیتا ہے سمندر دیکھیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منزلِ مقصود یا محبوب کا عشرت کدہ — دور والوں کو قریں سے بھی قریں تر دیکھیے
پاسباں ہیں اور نہ درباں مانعِ دیدارِ دوست — زندگی بھر کی ہو فرصت زندگی بھر دیکھیے
کیجیے سیرِ تصور خوشگوار و ناگوار — ہے یہ فطرت کا تقاضا دیکھیے پر دیکھیے
شکلیں اعمالِ زبوں کی نیکیوں کی صورتیں — دیدنی نا دیدنی مسرور و مضطر دیکھیے
بچیے خود اپنے خیالی پیکروں سے کس طرح — آنکھ اُٹھا کر دیکھیے گردن جھکا کر دیکھیے
ربط کیجے نا امیدی کی ڈرانی شکل سے — اک رُخی تصویریں اُمیدوں کی اکثر دیکھیے
واہمہ خلّاق ہے پھر وہ نہ کیوں خلّاق ہو — اس حقیقت میں نہاں یہ سرِّ اکبر دیکھیے
آنکھ سے پنہاں قلمکارِ تصور کی طرح — صنعتوں کو اُس کی ظاہر اس کو مضمر دیکھیے
روح ہے جو اور نہ پیکر اُس کی عظمت سوچیے — مادّہ ہے جو نہ جوہر اُس کے جوہر دیکھیے
خالق تخئیل بھی خالقِ محسوسات بھی — خود ہے باہر ان حدوں قیدوں سے کیونکر دیکھیے
اُس کی ہر مخلوق ہے تکمیل میں اپنی مثال — چشم پوشی کس سے کیجیے کس کے جوہر دیکھیے
روز پھیلاتے ہیں مہر و ماہ اپنی روشنی — نور کم ہوتا نہیں یہ شانِ داور دیکھیے
سیر کب سے ہو رہے ہیں تشنہ کامانِ جہاں — آج تک بھر پور دامانِ سمندر دیکھیے
لُٹ رہا ہے اور خزانہ میں کمی ہوتی نہیں — خاک کے ذرّات سے پیدائشِ زر دیکھیے
اب گئے ہیں روند کر ملکِ عدم کے قافلے — جی اُٹھا پھر سبزۂ پامال مڑ کر دیکھیے
شمع سے ہے عشق پروانہ کا قائم آج تک — ہر پتنگے میں وہی اک آگ مضمر دیکھیے
گُل کھلانے میں وہی فطرت نسیمِ صبح کی — آبِ نیساں سے وہی تخلیق گوہر دیکھیے
بوئے گل ہو یا کہ گُل ہو جب پریشاں ہو گئے — مادّہ میں مادّہ جوہر میں جوہر دیکھیے
اُٹھتے جاتے ہیں بشر قائم ہے ترتیبِ اُمور — ہے وہی صورت نظامِ زندگی گر دیکھیے
کیسی با ترتیب محفل گنبدِ رقصاں میں ہے — حشر تک دنیا یونہی قائم زمیں پر دیکھیے
ایسے کامل اُس کے بندے جن سے قائم ہے زمیں — وہ کمال اور وہ جمال روح پرور دیکھیے
حُسنِ یوسفؑ زہدِ عیسیٰؑ شانِ موسیٰؑ علمِ نوحؑ — منضبط اوصاف سے دفتر کے دفتر دیکھیے
جلوے جن آنکھوں نے دیکھے تھے وہ آنکھیں اور تھیں — یہ مناظر چودھویں صدی میں کیونکر دیکھیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

بیٹھیے غرقِ تصور ہو کے دنیا سے الگ  کس لیے اک اک کا منہ حیران و ششدر دیکھیے
سیرِ جنت کیجیے گر ایمانِ بالایقان ہے  ہے تخیل پاک اگر پاکیزہ منظر دیکھیے
ہے اگر نعمت میسر رفعتِ احساس کی  کس جگہ ہے جنتِ ارضی زمیں پر دیکھیے
کون سے گوشہ میں ان کی جلوہ گاہِ ناز ہے  کس طرح ہوتی ہے رحمت کی نچھاور دیکھیے
وہ حرم والی زمیں وحدت سے متوالی زمیں  ہے جہاں پر احمدؐ و محمود کا گھر دیکھیے
سب سے پہلے یہ زمیں ہوگی رسالت کی گواہ  سنگریزے منہ سے بولیں گے یہیں پر دیکھیے
اس کی ندرت زا روش اس کی ولا پرور فضا  آج بھی کچھ کہہ رہی ہے بندہ پرور دیکھیے
گوشہ گوشہ سے اُبلتا ہے یہ اک سیلابِ نور  یا یہ اوڑھے آبِ کوثر کی ہے چادر دیکھیے
پھر خلیلی گلکدہ میں کوئی گُل کھلنے کو ہے  گلکدہ ہو یا دو عالم ہوں معطر دیکھیے
ان بنی ہاشم کے چہرہ ہیں دلوں کے آئینہ  دیکھیے صدق و صفا کے ان میں جوہر دیکھیے
ہیں ابو طالبؑ کے گھر میں کچھ مسرت کے نشاں  کچھ متانت زا تبسم ہے لبوں پر دیکھیے
ہے کسی کے عقدۂ دل میں کشائش کی نمود  برہمی مفقود ہے زلفِ معنبر دیکھیے
ہیں حرا کے غار میں سجدوں پہ سجدے شکر کے  خانۂ کعبہ میں ہے میلادِ حیدرؑ دیکھیے
ہے قلوبِ مستند میں جوشِ الفت کس قدر  نجمِ مطلع تو کوئی پُرکیف پڑھ کر دیکھیے
روئے حیدرؑ دیکھیے سوئے پیمبرؐ دیکھیے  دیکھیے ماہِ رجب قرآں مقرر دیکھیے
دس برس پہلے جہاں میں آ گیا اسلام کیا  کس کو لپٹائے ہیں سینہ سے پیمبرؐ دیکھیے
کیوں نہ ہوں جوہر شناس آخر نبی ہونے کو ہیں  پتھروں میں سے یہ چُن لاتے ہیں گوہر دیکھیے
معرفت کا اور اک نور آ رہا ہے نور پر  کہہ رہا ہے کچھ برادر سے برادر دیکھیے
دیکھنے قابل تو جب ہوگی پیمبرؐ کی خوشی  کب یہ بچہ ہو برابر کا برادر دیکھیے
ہے کسی ہرِ اہم میں استعانت کی اُمید  صاف تیور کہہ رہے ہیں روئے انور دیکھیے
ان کا بڑھنا کیا فقط حکمِ خدا کی دیر ہے  گود میں آج اور کل دوشِ نبیؐ پر دیکھیے
ختم تھا ختمِ رسلؐ پر منصبِ پیغمبری  کردیا حق نے انہیں نفسِ پیمبرؐ دیکھیے
جمع ہیں اب شرح و مصحف بیچ میں کون آ سکے  یاں مجال اتنی نہیں ہے آنکھ اُٹھا کر دیکھیے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بس انہیں دو صورتوں میں ختم ہے قرآں تمام
ہیں انہیں کے لعل لب قرآں کے مصدر دیکھیے

آتے ہی آغوش میں تھے بانیِ اسلام کی
زمزمۂ اصنام سے نکلے ہیں کیونکر دیکھیے

بُت ہیں بے بس بُت شکن جاتا ہے کعبہ ہے خموش
اب یہاں کس شان سے آئے پلٹ کر دیکھیے

مطلعِ نو ہے کہ قولِ راکبِ دوشِ نبیؐ
پہلے مجھ سے سُنیے اور پھر آپ پڑھ کر دیکھیے

آیئے کعبہ میں اور معراجِ حیدرؑ دیکھیے
عرش پر ہیں پاؤں یا دوشِ نبیؐ پر دیکھیے

ابتدا کی انتہا ہے انتہا کی ابتدا
جز نبیؐ اتنا کوئی حق سے قریں تر دیکھیے

مقتدا بعدِ نبیؐ پہلا نبیؐ کا مقتدی
ہر طرح یعنی وہی قربِ پیمبرؐ دیکھیے

امرِ حق کی خواہشیں حق کے کرم پر نازشیں
راہِ دیں میں کاہشیں جذباتِ انور دیکھیے

ہاتھ میں قرآں رہا یا ذوالفقارِ برق زا
راسخون و لا فتیٰ میں شانِ حیدرؑ دیکھیے

آمرِ امرِ احد بعدِ نبیؐ بے جذ و کد
سـابـقـون ہے سندِ فرمانِ داور دیکھیے

خامشی امرِ حسن گویائی محبوبِ زمن
معنیِ قرآں سخن اوجِ سخنور دیکھیے

میہمانِ کعبۂ حق میزبانِ مصطفیٰؐ
یہ نشانِ منزلت یہ شانِ حیدرؑ دیکھیے

سیدالمسلم امامِ الاولیا صاحب لواء
اہمیت ان منصبوں کی ان کا لشکر دیکھیے

زوجِ زہراؑ خویشِ احمدؐ بوالحسینؑ و بوالحسنؑ
کیسے بے ہمتا یگانے ہیں میسّر دیکھیے

الامین والصفی الساجد و المرتضےٰ
ہیں خطابِ پاک یا ہموزن گوہر دیکھیے

راجع الحق مرجع الحق ناصر الحق سیفِ حق
کیوں نہ سیفِ حق میں نا محدود جوہر دیکھیے

شرع و شارع شرح و شارح امر و آمر بالصوص
سربسر گنجینۂ اسرارِ داور دیکھیے

نور میں شامل نسب میں ایک قرآں میں شریک
کیوں نہ زیبا خلعتِ نفسِ پیمبرؐ دیکھیے

بزم میں ہمدم دغا میں ساتھ ہجرت میں معین
ان حدوں میں معنیِ نفسِ پیمبرؐ دیکھیے

متحد صبر و رضا میں فقر و فاقہ میں شریک
ہر کڑی منزل میں ہمراہِ پیمبرؐ دیکھیے

اُمتِ محبوبِ حق ہو یا سفینہ نوحؑ کا
فی سبیل اللہ ہر کشتی کا لنگر دیکھیے

مطلعِ نو سُن کے سُنیے مدحتِ طرزِ جدید
آیئے اس آئینہ میں اور جوہر دیکھیے

نسلِ آدم کی بنا کا سر اکبر دیکھیے
آدمی دیکھے ہیں لاکھوں آدمی گر دیکھیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقلی و نقلی عوالم کا مجاہد بے بدل　　منتہائے فارسِ میدانِ خیبر دیکھیے
یکہ و تنہا مسافر خالص و یکتا مقیم　　منزلِ تسلیم میں بعدِ پیمبرؐ دیکھیے
ہے جہاں دنیا گرفتار تردّد فی الکلام　　شکرِ انعامِ الٰہی ان لبوں پر دیکھیے
اُس کے لفظوں سے کیے دنیا نے مستنبط علوم　　منتہائے علم کس سے آنکھ لے کر دیکھیے
بیس جلدوں میں ہو جب تشریح خطبوں کی فقط　　صورت کُن کیوں نہ ہر نقطہ میں دفتر دیکھیے
شعبی و سلمی بن عباس ابوالاسود کمیل　　ریزہ خوار و خوشہ چینِ علم حیدرؑ دیکھیے
جس نے ان کی آڑ پکڑی دستگیرِ خلق ہے　　اک زمانہ کو تصوف کا مسخر دیکھیے
شبلی و معروف کرخی شمس تبریز و جنید　　ہیں یہ کس آئینۂ عرفاں کے جوہر دیکھیے
قادری چشتی رفاعی نقشبندی شاذلی　　سلسلہ کرتے ہیں اپنا ختم کس پر دیکھیے
آج ہے مغرب کو بیحد ناز تحقیق جدید　　علمِ ہیئت میں ذرا ارشاد حیدرؑ دیکھیے
ڈھا دیا کس ہاتھ نے تفسیر بطلیموس کو　　فلسفہ یونان کا ہے کب سے ابتر دیکھیے
نظم و اقوال و وصایا میں وہ تبلیغی نظام　　یہ جہادِ بالقلم اللہ اکبر دیکھیے
بدر کے غزوہ سے لے کر غزوۂ طائف تلک　　ان کے کاندھے پر نشانِ فوجِ داور دیکھیے
جوش اور پھر جوشِ ایمانی علیؑ سے شیر کا　　معجزہ کی آڑ میں کیوں فتحِ خیبر دیکھیے
جنگ میں ہے ہر لبِ مسلم کا نعرہ یا علیؑ　　حشر تک یہ نصرتِ دینِ پیمبرؐ دیکھیے
مختصر دورِ حکومت میں یہ توسیعِ جہاد　　سندھ کے میدان تک یلغارِ لشکر دیکھیے
غیر کے شوریٰ سے مستغنی نظامِ سلطنت　　یہ ریاست یہ سیاست بندہ پرور دیکھیے
آج کی جمہوریت اس کی حکومت پر نثار　　وہ مساوات اور وہ عدل روح پرور دیکھیے
ہیں ہر اک صیغہ پہ نظریں ہر نظر اصلاح کن　　چار سالہ سلطنت اور اُس کے جوہر دیکھیے
باخبر افعال سے واقف دلوں کے حال سے　　پرسشیں اعمال سے ہر ہر قدم پر دیکھیے
کیسے پتھریلے دلوں میں بو دیا تخمِ سلوک　　اس حجازی قوم میں تنظیم حیدرؑ دیکھیے
جن کا مذہب تھا نسب تلوار زر زن انتقام　　اُن کے لب پر نعرۂ اللہ اکبر دیکھیے
ابنِ حاتم کو انہیں سے دولتِ ایماں ملی　　ہے کوئی دنیا میں ان سے بھی سخی تر دیکھیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ مثالیں ہیں کہ جن پر ناز ہے اسلام کو — قصۂ مابوس میں ترجیح قنبر دیکھیے
جذبۂ خیر خلائق حسرتِ تعمیرِ قوم — زندگی وقفِ رفاہِ عام یکسر دیکھیے
ایک سو چشمے نکالے موضعِ ینبع میں — اہلِ حج پر یہ عطائے میرِ کوثر دیکھیے
عید کے دن بھی غذائے حیدرؑ اک نان خشک — فقر اُس کا جس کو سب کچھ ہو میسر دیکھیے
یا دعائے مستحب یا گریہ ہائے نیم شب — رات کی تنہا خموشی شغلِ سرور دیکھیے
قلب سے اظہارِ شوق آثارِ قدرت سے جواب — یہ نیاز و ناز کا معصوم منظر دیکھیے
لائیے کس کا کلیجا کس کی آنکھیں کس کا دل — ایسے روزہ دار کو فاقے سے شب بھر دیکھیے
جز ردائے فاطمہؑ اسباب دنیا کچھ نہیں — رہن ہوتی ہے تو معصومہؑ کی چادر دیکھیے
ہے یہ نفسِ پاک تخیل دو عالم سے بلند — کیوں نہ ہر ہر لفظ میں عجزِ ثنا گر دیکھیے
بارک اللہ جلوہ فرمائے تصور ہے کوئی — مہر برلب شوق در دل نظم در بر دیکھیے

سُرخ بشرہ نرم بھوری آنکھ والا سادہ پوش
با ادب اے نجمؔ یہ عظمت کا منظر دیکھیے

○

# ترتیبِ مناظر

کچھ ایسا مضطرب ہے ذرہ ذرہ دشتِ فاراں کا — کسی خاکسترِ دل سے بنا ہے جیسے یہ صحرا
یہ نقشہ ہے کہ اُمیدوں پہ جیسے پھر گیا پانی — یہ صورت ہے کہ ارمانوں کی جیسے لُٹ گئی دنیا
شعاعِ مہر فطرت کا تبسم بن کے آتی ہے — مذاقِ بے محل سے جل رہا ہے سینۂ صحرا
وہ عالم ہے جہاں ہو اجتماعِ جسم وجاں مشکل — فقط حدِ نظر پر ہیں زمین وآسماں یک جا
کوئی حائل نہیں فطرت کی ترتیبِ مناظر میں — اب اک اہلِ نظر ہو اور یہ عالم بے حجابی کا
حقیقت بستیوں کی ایسے ویرانوں میں کُھلتی ہے — ستارے ڈوبتے ہوں چین سے سویا کرے دنیا
امانت کی طرح مدت سے ہے آغوشِ ہستی میں — نہیں گویا اسے شرمندۂ نقشِ قدم ہونا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناسب تھا الگ ہوتا اگر صحنِ دو عالم سے
کہاں لے جا کے رکھ دیجے زمیں کے دل کا یہ ٹکڑا

جو طلجائے مقدر سے جگہ سجدہ کے قابل ہے
خدا ایسا کرے بن جائے مرکز اہلِ قبلہ کا

یہ کس نے برق پاشی کی کہ ذرے جگمگا اُٹھے
یہ کس نے سانس لی پھولوں کا خرمن بن گیا صحرا

یہ کس رُخ کی تجلی ہے یہ کس گیسو کی نکہت ہے
ہوا مخمور سرتا سر فضا معمور سر تا پا

عجب کیا گر دلوں کی بستیاں ویران ہو جائیں
ہوا ہے مائلِ صحرا نوازی حسن بے پروا

یہ ننھا سا مسافر کون ہے آغوش مادر میں
یہ کس نے کم سنی میں دشت غربت کا الم دیکھا

یہ تصویرِ خیالی ہے کہ کوئی آسماں والا
زمیں پر چاند کو آغوش میں لے کر اُتر آیا

پریشاں کس کا شیرازہ ہوا اے کاتبِ قدرت
یہ صورت نور کی آخر ورق ہے کس صحیفہ کا

جہاں کھچ کر چلا آئے ہمکنے میں کشش اتنی
زمیں کا بھی جگر ہو چاک رونے میں اثر اتنا

مذاق سجدہ پنہاں ہو جبیں کو برتری ایسی
بنائیں خانۂ معبود ہاتھوں کو شرف ایسا

یہ بچہ اور یہ جنگل یہ کس ماں کا کلیجہ تھا
یہی بندے سکھاتے ہیں خدا کی راہ پر چلنا

عطش کے زور سے وہ ہونٹ پپڑائے ہوئے دونوں
کہ جیسے ہو گیا ہو خشک چشمہ آبِ حیواں کا

وہ عالم بے بسی کا ماں کی وہ حسرت بھری نظریں
وہ نازوں کے پلے بچے کا مرجھایا ہوا چہرا

سنبھل اے دستِ گلچینِ اجل یہ کیا قیامت ہے
ارے اس پھول سے ہوگی بہار جاوداں پیدا

امید اللہ کیسی چیز ہے پُر آرزو ماں نے
لِٹا کر خاک پر معصوم کو چاروں طرف دیکھا

توکّل پر قدم اُٹھے تو فطرت نے کہا دل سے
ذرا مڑ مڑ کے صورت بھی پسر کی دیکھتی جانا

سبق ملتا ہے اک دنیا کو جب اولادی دولت
خدا پر چھوڑ دیتا ہے خدا کا ماننے والا

اِدھر ماں نے تلاشِ آب میں زخمی کیے تلوے
پہاڑوں کا جگر پتھر کا نکلا فیض کیا ہوتا

اِدھر بچے نے افراطِ تعب سے ایڑیاں رگڑیں
کلیجہ دشت کا شق ہو گیا پانی اُبل آیا

اُدھر آنکھوں میں آنسو ہیں اِدھر ساغر بکف قسمت
اُدھر ہیں پاؤں میں چھالے اِدھر زیرِ قدم دریا

میسر ہوتی ہے قسمت سے ایسے پاؤں کی ٹھوکر
تبرک بن گیا ایک ایک قطرہ آبِ زمزم کا

زمینِ شور کے دن پھر گئے دنیا اُمنڈ آئی
لبِ معصوم سے مس ہو کے پانی ہو گیا میٹھا

غزالانِ عرب گھر چھوڑ کر جنگل میں آ بیٹھے
زہے حُسنِ تصرف کوئے جاناں بن گیا صحرا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُسے منظور تھی خاطر امانت دارِ خالق تھا
سلف ساقیِ کوثر کا خلیل اللہ کا بیٹا

چلی معصومیت جب یوسفِ بے کارواں ہو کر
ہزاروں کر دیے حسنِ ازل نے مشتری پیدا

وطن سے بوئے یوسف کھینچ کر یعقوبؑ کو لائی
ہوئے قسمت سے ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ پھر یکجا

بہت جنگل ہوئے آباد اُن کے جاں نثاروں سے
انہیں ویرانیوں سے ہو گئیں آبادیاں پیدا

یہ کس کی جلوہ گاہِ ناز کی ہوتی ہے تیاری
حدیں کھنچی گئی ہیں چھٹ رہا ہے دامنِ صحرا

پڑی ہے ارتباطِ آب و گِل سے جان مٹی میں
گماں ہوتا ہے یہ اب ذرہ ذرہ منہ سے بول اُٹھا

نبوت کے مقدس ہاتھ کس کا گھر بناتے ہیں
اُسے تو ادعائے لامکانی ہے مکاں کیسا

یہی وہ راز ہیں سینہ بسینہ جو پہنچتے ہیں
یہی وہ مسئلے ہیں آدمی کچھ کہہ نہیں سکتا

سنبھلتا اُس کا سنگِ آستاں اغیار سے کیونکر
پسینہ میں ہیں دو معصوم پیکر غرق سرتاپا

نبیؐ کے ذوقِ طاعت کی طرح بڑھتی ہیں دیواریں
علیؑ کے عین کی تصویر ہے محراب کا نقشا

خموشی تا کجا ضبط و تحمل تا بہ کے آخر
جدارِ کعبہ جس دن مسکرائی اُٹھ گیا پردا

ہوا تیار صدیوں پہلے کعبہ خیر مقدم میں
رجب کی تیرھویں کو نائبِ ختم الرسلؐ آیا

ضیا پھیلی ستارے مسکرائے شمع لہرائی
اُڑایا غنچہ ہائے باغ نے جوہر تبسم کا

نہا کر چشمۂ کوثر میں تنویرِ سحر آئی
دلِ فطرت نے اطمینان کی اک سانس لی گویا

دو عالم رہ گئے ذوقِ نظر سے آرزو بن کر
حریمِ ناز نے کس کو کلیجہ سے لگا رکھا

اُداسی سی برستی ہے مجازی جلوہ گاہوں میں
اُٹھائیں دل کے حسن و عشق اب پردہ حقیقت کا

کسی کا مصحفِ رُخ ہے کہ تمہیدِ رسالت ہے
اُمیدوں میں کسی کی ہو گئی اک زندگی پیدا

بپے تسکینِ ختم الانبیاؐ قرآن سے پہلے
علیؑ کی صورتِ دلکش میں پیغامِ عمل آیا

یہ بچہ پرورش پائے گا دامانِ رسالت میں
دو عالم جن سے وابستہ ہیں اُن زلفوں سے کھیلے گا

بتانِ کعبہ سب صدقے اُتارے جائیں گے اس پر
وہ دن آتے ہیں جب انگڑائیاں لے گا شباب اس کا

بہارِ صفحۂ تاریخ ہوں گی اس کی تصویریں
جب اس کے عہدِ زریں کا زمانہ نے ورق اُلٹا

احد کے بدر کے خیبر کے لکھے جائیں گے تیور
نبیؐ کے دوش پر کعبہ میں کھینچا جائے گا نقشا

لپٹ جائے نہ ان قدموں سے کیوں ہمت شکن منزل
وہ سالک ہے خدا کے گھر میں رکھا ہے قدم پہلا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تعالیٰ اللہ ہے عنوان مدحت مطلعِ روشن
کہ لوحِ نور پر لکھا ہے بسم اللہ کا طغرا

ادا تھی اک لبِ معصوم کی معصوم ہی سمجھا
علیؑ کا مسکرانا رازِ اقرارِ رسالت تھا

یدِ قدرت کے اک نقطہ نے مملو کردیا دامن
مبارک بائے بسم اللہ قرآں ہوگیا پورا

امامت سے بہم ہوکر رسالت بڑھ گئی آگے
نبیؐ پر خاتمہ تھا ورنہ اجزائے شریعت کا

یہ آئینے ہیں عالم میں جمالِ ذاتِ باری کے
زہے حسنِ مراتب نور اُس کا ہے ظہور ان کا

عجب کیا گر جھکیں پیشانیاں اقوامِ عالم کی
جو مسجودِ ملائک تھا ہوا وہ نور پھر یک جا

ہر اک جانب سے نظریں ہٹ کے اب مرکز پہ ٹھہریں گی
نگاہیں بھی پریشاں تھیں کہ نظارہ پریشاں تھا

ملائی آنکھ زورِ طبع نے خورشیدِ محشر سے
بڑھا سرمایۂ مدحت میں اک مطلع قیامت کا

بنائے منزلِ ہستی نمودِ عالمِ بالا
ہے ممنونِ یدِ اللّٰہی اُدھر عقبیٰ اِدھر دنیا

ہزبرِ بیشۂ غالب علیؑ ابن ابی طالب
بدل یک جان و دو قالب نبیؐ سے متحد ایسا

شرف قرآن سے ظاہر سیادت آن سے ظاہر
ریاست شان سے ظاہر جلالت نام سے پیدا

جبین اونچی جھکے ابرو بھرے شانے بھرے بازو
خلیل اللہ کے گیسو رسولؐ اللہ کا نقشا

دل اک دردآشنا پیکر وفا کی روح سے مضطر
وصی اخلاص سرتا سر نبیؐ اشفاق سر تا پا

پیمبرؐ کا وہ کاشانہ وہ شمعِ دیں کا پروانہ
شبِ ہجرت کا افسانہ ہے جس کا خواب بے پروا

بہ اقوال و عمل صادق بہ حق واصل بحق ناطق
خدائے پاک کا عاشق رسولؐ اللہ کا شیدا

خموشی لذتِ ایماں تکلم شارحِ قرآن
تبسم رحمتِ یزداں فدا دنیا و مافیہا

قیامت کی رجز خوانی کہ قلبِ کفر ہے پانی
غضب کا جوشِ ایمانی کہ در شاہد ہے خیبر کا

جمالِ حق جمال اُس کا جلالِ حق جلال اُس کا
وہ معیارِ کمال اُس کا کہ کرامات لکم آیا

زمیں اُس کی زمن اس کا بہار اُس کی چمن اُس کا
دلِ مومن وطن اُس کا فدائیں عالم جانہا

علیؑ کی ذات سے قائم نظامِ دفترِ عالم
علیؑ کے نام میں پنہاں رموزِ علم الاسما

یداللہ و لسان اللہ و عین اللہ کو دیکھو
حروف اولیں سے صاف ہوتا ہے علیؑ پیدا

ہُوا وہ نورِ حق ظاہر پڑھو اب مدحتِ حاضر
بڑا دربار ہے ملتا ہے پھر موقع کہاں ایسا

ہُوا اسلام کی تنظیم کا فرمان جب انشا
نبیؐ نے تیرے سر پر تاج رکھا اوّلیت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحابہ میں یہ تیری منزلت از روئے حکمت تھی
بقولِ بو علیؔ محسوس میں معقول تھا گویا

ترا حسنِ عمل چونکا رہا تھا سونے والوں کو
صداقت دیکھتی تھی مذہب اسلام میں دنیا

شبِ ہجرت پہ شب بیداریاں بھی ہوگئیں صدقے
عبادت بن کے نیند آئی تو کیسا بے خبر سویا

مقام فخر تھا پر شکر کا پلّہ رہا بھاری
صدائے لافتا آئی تو اشک آنکھوں میں بھر لایا

تری جانبازیوں نے روزِ خندق آبرو رکھ لی
وگرنہ لگ چکا تھا دامنِ اسلام میں دھبّا

وغا میں نعرۂ تکبیر سے پہلو بہ پہلو ہے
جہاں میں آج تک بجتا ہے تیرے نام کا ڈنکا

تری تبلیغ نے روحانیت کی روح پیدا کی
پڑی تھی پیکرِ رہبانیت میں زندگی مردا

ترے فاقوں نے کیا کیا زندگی بخشی غریبوں کو
تسلی دے رہا ہے آج تک حُسنِ عمل تیرا

قناعت نے صدا دی دور سے الفقرِ فخری کی
تری سرکار سے اپنا سا منہ لے کر پھری دنیا

غلط انداز نظریں تھیں تو دنیا پر نظر ڈالے
خزانہ دار قدرت کو خزانوں کی ضرورت کیا

بَری ہے سجدہ ہائے ناروا سے تیری پیشانی
عبادت کیوں نہ ہوتا روئے روشن پر نظر کرنا

جہادِ نفس میں تیری عظیم الشان تنہائی
وہ تنہائی کہ مشکل ہے سمجھنا اور سمجھانا

مصفا نفس پر دھاریں بہادیں اُس نے رحمت کی
خدا کے سامنے جب تو نے رازِ دل کیا افشا

تصور ہے ترا ڈوبا ہوا آثارِ قدرت میں
کہاں سے لائے آنکھیں اُس کی قدرت دیکھنے والا

مبارک جلوہ حُسنِ ازل کی آئینہ داری
مبارک تجھ کو دنیا میں مثالی آدمی ہونا

○

# شمعِ حقیقت

پچھلے سے تلاطم ہے دریا میں قیامت کا
تفویض کیا تم نے کیا بارِ امانت کا

تائید کی خواہاں ہے ہر موج زباں بن کر
ہر قطرۂ بے مایہ طالب ہے اعانت کا

یہ چادرِ آبی پر گل کس نے کھلایا ہے
نقش اُبھرا ہے پانی پر انعام ہے فطرت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

یہ دوش پہ لہروں کے کشتی ہے کہ گہوارہ
یا راز ہے سربستہ کوئی یم قدرت کا

اسباب سے مستغنی منجدھار سے بے پروا
آخر یہ سفینہ ہے کس صاحب ہمت کا

کیا صاحبِ کشتی کی موجوں پہ حکومت ہے
گرداب کی گردن میں حلقہ ہے اطاعت کا

آنکھیں ہیں حبابوں کی مصروف نگہبانی
شورِ لبِ ساحل ہے اقرار حفاظت کا

خود موجِ ہوا اس کا رُخ دیکھ کے چلتی ہے
ہر جنبشِ موزوں ہے اظہار ارادت کا

وہ رازِ رواں پہنچا اک قصر کے دامن تک
بیدار ہوا جذبہ انسان کی حیرت کا

مانندِ دُرِ مقصد دریا سے کیا باہر
فطرت کا تقاضہ تھا منشا بشریت کا

انگشت لیے منہ میں اک طفل نظر آیا
جس وقت کھلا پردہ اسرارِ حقیقت کا

راضی برضا جیسے ہو مردِ خدا کوئی
جس طرح کوئی صابر تابع ہو مشیّت کا

اُس دور میں بچوں کے تھے طوق گلو خنجر
ادنیٰ یہ نمونہ ہے انساں کی شقاوت کا

ہر عہد میں لکھا ہے تاریخ نے افسانہ
اک قوم کی غربت کا اک قوم کی قوت کا

تقدیر کہاں لائی خنجر سے بچانے کو
کیا دامنِ قاتل سے پیماں ہے حفاظت کا

فرعونِ زمانہ ہے جس قصر کا ہر ذرہ
دعوے ہیں خدائی کے سامان بشریت کا

ہیں ایک ہی منزل میں مظلوم بھی ظالم بھی
اک کھیل ہے اب آگے اللہ کی قدرت کا

خاتون محل نے خود آغوش جووا کردی
اک [illegible] میں افسانہ تھا دور حکومت کا

یہ راز ہوا ظاہر اربابِ بصیرت پر
دل نرم بنایا تھا اس دن ہی کو عورت کا

سامان مٹانے ہیں اک جھوٹی خدائی کے
اس زور تصرف سے منشا ہے یہ قدرت کا

کعبہ کی طرف آؤ اک اور سماں دیکھو
پایہ ہے بہت اونچا جس قصر کی رفعت کا

ایسے ہی خداؤں کی ہستی کے مٹانے کو
اس گھر میں بھی جلوہ ہے اک نور کی صورت کا

یہ فرق نمایاں ہے تقسیم مدارج میں
گو ایک ہی مقصد ہے دونوں کی ولادت کا

موسیٰ سا پیمبر ہے فرعون کے دامن میں
آغوشِ نبوت میں ہے چاند امامت کا

اے جلوہ گرِ کعبہ اک مطلع لاثانی
دنیا کو ہو اندازہ تائید کی قوت کا

کعبہ کو میسر ہے فخر اُس کی ولادت کا
رستہ ہے مرے دل سے سیدھا درِ دولت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اک شمع حقیقت ہے فانوس میں ضوافگن — ہے روح امامت کی پیکر بشریت کا
یہ حاصلِ قرآں ہے کعبہ میں جو آیا ہے — قرآن میں آئے گا حکم اس کی محبت کا
بس شانِ خدا کہہ کر چُپ رہ گئے دل والے — اُٹھا نہ اُٹھائے سے پردہ تھا شریعت کا
حقدار چلا گھر سے اللہ کے حق لے کر — مطلع دامانِ پیمبرؐ میں ہے ابر رسالت کا
چمکا وہ ستارہ سا پیشانیٔ روشن پر — قرآں نے لیا بوسہ وہ چاند سی صورت کا
کچھ اس سے امیدیں ہیں سرکار کی وابستہ — فطرت کا تقاضا ہے کچھ جوشِ محبت کا
سر پیچ کے بھائی کی الفت کا عوض دیں گے — یہ بھی تو جواں ہوں گے وقت آئے تو بعثت کا
تا حجتِ آخر سب شیدائے نبیؐ ہوں گے — ہر فرد علیؑ ہوگا اس معدنِ رحمت کا
صورت گرِ معنی کے انعام پہ دل صدقے — محفوظ تھا یہ کب سے مطلع مری قسمت کا
دنیا میں ہے آوازہ قرآں کی فصاحت کا — معراج سنا دے گی لہجہ اب قدرت کا
لفظوں میں کہے کیونکر تصویر شبِ ہجرت — ہے شانِ نبوت کی منصب ہے امامت کا

خورشید پلٹ آیا دروازۂ مغرب سے
قانون بدلتا ہے ان کے لیے فطرت کا

## نغمۂ کوہسار

اور بڑھیں گی زینتیں گلشنِ روزگار کی — حُسنِ ازل کو فکر ہے تکملۂ بہار کی
جوشِ حیات نوعیاں عالمِ آب وگل سے ہے — دوڑ رہی ہیں بجلیاں قدس کے جلوہ زار کی
خاک جو تھی وہ پاک ہے آب میں آبِ کوثری — نور میں بجھ کے ضو بڑھی آتشِ بے قرار کی
تھی جو فضائے خلد میں شاہدِ گل سے ہم کنار — عنصرِ باد ہی نسیمِ جنت پُر بہار کی
آتش و آب و خاک و باد صرفِ نمودِ حسن ہیں — جب سے پڑی ہے داغ بیل گلشنِ روزگار کی
منزلِ ارتقا میں ہے نعرۂ یا صمد بلند — صورتِ گل ہیں کوششیں نشو و نمائے خار کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

نقش پہ ہو رہا ہے نقشِ منزلِ کیف و رنگ میں
اُف رے قلم کہ حد نہیں قوتِ اختیار کی

پیکرِ عنصری میں ہے نورِ ازل کی روشنی
صورتِ آدمی میں ہے شانِ جمالِ یار کی

زیرِ فلک سر زمیں دور پہ ہو رہے ہیں دور
بزمِ جہاں مثال ہے عرصۂ کارزار کی

سینچ چکے نہالِ غم آدمِ اولیں کے اشک
ڈال چکے وہ داغ بیل عشق کے رہگذار کی

طور پہ بات ہو چکی غش سے نجات ہو چکی
چشمِ کلیم دے چکی داد جمالِ یار کی

سوزنِ وقت سی چکا چاکِ قبائے یوسفی
شان و نمود بڑھ چکی دامنِ تار تار کی

نار سے نور اُبل چکا آگ سے پھول اُبھر چکے
سیرِ خلیل کر چکے گلشنِ نو بہار کی

وقت بنا بگڑ چکا کفر کا پاؤں گڑ چکا
پھر ہے زمین منتظر قدرتِ کردگار کی

پھر نظر آ رہے ہیں کچھ ڈھنگ تغیرات کے
شعلہ بدل ہی پھر ہوا گلشنِ روزگار کی

ڈوب رہی ہے پھر فضا رنگِ تحیّرات میں
پھر ہیں شعاعیں مضطرب حُسن کے جلوہ زار کی

اپنی زباں میں کہتی ہے تاروں کی روشنی کچھ اور
شامِ فراق اب نہیں وضع میں سوگوار کی

خندۂ زیرِ لب ہے یا چرخ پہ ہے طلوعِ صبح
فردِ عمل ڈھلی ہوئی یا کسی رستگار کی

زلفِ بدوش ہے کوئی دامنِ کوہسار میں
جیسے یہی ہے زندگی دامنِ کوہسار کی

گم ہے کسی کو خاک پر سربہ سجود دیکھ کر
آنکھ کھلی جو نیند سے ذرۂ بے قرار کی

رحمتِ حق دراز ہے کوہِ حرا کے غار میں
دیکھ رہا ہے ندرتیں منظرِ پُر بہار کی

رہبرِ خیال ہے عقل کی قوتِ صحیح
منزلیں ہو رہی ہیں طے وادیٔ اعتبار کی

تبصرۂ بسیط ہے فلسفۂ قدیم پر
پیشِ نظر ہے زندگی قومِ زبوں شعار کی

دل میں ہے کچھ امید پر نفسِ امید مُستتر
سب سے جُدا مثال ہے حالتِ انتظار کی

دامنِ کوہ سے ہوئی یک بیک اک صدا بلند
وقت کی خامشی نے لے نغمہ کی اختیار کی

لے کے سلامِ اولیں آیا پیامِ اولیں
شوق سے آ کے مل گئی شان اب اضطرار کی

کیفیت اک سما گئی ہر رگِ و موئے جسم میں
سیلِ محیط ہو گئی ہیبتِ کردگار کی

عالمِ نو میں آ گیا غارِ حرا کا گوشہ گیر
محو ہے حق نمائیاں دیکھ کے کوہسار کی

ایک صدا بلند ہے دشت و در و جبال سے
سب کو زبان مل گئی قدرتِ کردگار کی

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکمِ ادائے فرض نے دل کو کیا جو مضطرب
قوتیں اُس نے بھیج دیں ضبط کے اختیار کی

اوڑھ لپیٹ کر اُٹھا صاحبِ چادرِ حریر
آج کی شان شان ہے نائبِ کردگار کی

غار سے باہر آگیا وارثِ منصبِ خلیل
دل میں تڑپ لیے ہوئے فکر بنائے کار کی

قلب میں رازِ منجلی جسم میں لرزشِ خفی
ساتھ لیے تجلّیاں عالمِ نور بار کی

رنگِ جہان بدل دیا نعرۂ لا الٰہ نے
حلم نے ڈال دی بِنا مذہبِ استوار کی

دیکھ کے نرمیِ زباں رو دیے سنگ دل عرب
سادگیِ کلام تھی جانِ کشود کار کی

مصحفِ پاک کی بنا تھا یہ تخاطبِ عظیم
ایک کتاب بن گئی حکمتِ کردگار کی

ماہِ عرب کے عکس سے لہریں اُٹھیں فرات میں
گنگ و جمن سے جا ملیں نیل سے آنکھ چار کی

کعبہ میں رہ گیا فقط اس کا ہی سنگِ آستاں
پاک ہوئی زمین یوں خانۂ کردگار کی

شان میں اپنی کم نہ تھا مکہ کی فتح کا بھی دن
قدر کی شب نے منزلت اور بھی آشکار کی

گود میں کھیلنے لگے باغِ علیؑ کے نونہال
پشت ہوئی قوی کچھ اور نائبِ کردگار کی

گلشنِ اصطفےٰ میں گو پھول کھلے ہزار ہا
عید ہوئی غدیر پر تکملۂ بہار کی

قبلۂ دو جہان کا وہ کعبہ سے آخری وداع
حدِ نگاہ لطف تک بھیڑ رفیق و یار کی

جلوہ گہِ خلیل میں راز و نیازِ رخصتی
دستِ دعا پہ بارشیں رحمتِ کردگار کی

منتظرِ ورود اُدھر خم پہ نوید ناگہاں
دشت کی خامشی میں بھی شان اک انتظار کی

ذرّوں کی چشمِ آشنا دیر سے ہے کھلی ہوئی
دور سے دیکھ لیں جھلک جلد کہیں غبار کی

ذوقِ چمن نے کی کمی شوق کے پاؤں تھم گئے
راہ یہ کس نے روک لی قافلۂ بہار کی

حکمِ جہاد لے کے کیا حاملِ وحی آ گئے
دوڑ گئی ہے لہر سی دور تک انتشار کی

ناقے جمے فرس تھمے نیزے جھکے قدم رُکے
سیلِ رواں ٹھہر گئی قدرتِ کردگار کی

فرشِ زمیں پہ ڈٹ گئے ملکِ عرب کے سادہ دل
کیسی ہوس ہوا نہ تھی زینتِ مستعار کی

چند کجاوۂ شتر منبرِ نور بن گئے
سادگیِ اصول پر خلق نے جاں نثار کی

تھام کے بازوئے علیؑ صرفِ بیاں ہوئے نبیؐ
دور تلک صدا گئی مرسلِ کردگار کی

ان کا عروج دیکھتا کوئی نگاہِ بد سے کیا
قہرِ خدا تھیں تیوریاں حاملِ ذوالفقار کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے کہا خوشی میں وہ مطلع بے پناہ تجم  اہلِ حسد سے داد لی قوتِ اختیار کی
شانِ نزول دیکھنا حکمِ ابد قرار کی  ختم ہیں آج نعتیں خانۂ کردگار کی
دھوم تھی اہلِ رزم میں پہلے ہی کارزار کی  بزم بھی آج ہوگئی صاحبِ ذوالفقار کی
حد سے فزوں ہیں برکتیں حکمِ ابد قرار کی  وجہ نشاط بن گیا فرقۂ اشکبار کی
تکملۂ حیات ہے تکملۂ اصول میں  تکملۂ اصول ہے جانِ اصول کار کی
دین خدا کا تکملہ حکمِ خلافتِ علیؑ  حدِ کمال کی قسم حد نہیں اقتدار کی
جان حجاب قدس تھیں کل یہی صورتیں جو آج  امثلۂ عظیم ہیں قدرتِ آشکار کی
مصحف و شرح جمع ہیں بیچ میں کون آسکے  روزِ ازل سے ہے بنا رشتۂ استوار کی
نفسِ رسولؐ پاک کا جب سے یہ لے رہے ہیں عکس  پہلے پہل پڑی تھی جب ان پہ نگاہ پیار کی
بڑھ کے جواں ہوئے تو ہیں قوتِ بازوئے نبیؐ  (گریز)  زینتِ دوش تھے کبھی زیب کبھی کنار کی
نام علیؑ کا لے تو دو مجمع اہلِ ذوق میں  لہر سی دوڑ جائے گی جذبۂ بے قرار کی
صغرِ سنی میں کھیل تھا ان کا حفاظتِ نبیؐ  (مطلع)  ننھی کلائیوں میں بھی شان تھی ذوالفقار کی
قوم کی خصلتوں سے دور قوم کی صحبتوں سے دور  مصلحِ قوم نے جگہ ڈھونڈھ کے اختیار کی
دیر سے حسن فکر کی مطلع نو پہ ہے نظر  چین تو لے سبک روی خامۂ زرنگار کی
عالمِ قدس میں نمود قدس کے جلوہ زار کی  بزمِ شہود میں بہار گلشنِ روزگار کی
مقصد ماسوا نبیؐ آئینۂ نبیؐ وصی  شان یہ ماسوا میں تھی صاحبِ ذوالفقار کی
صبحِ ازل کی ابتدا شامِ ابد کی انتہا  بزمِ شہود میں بنا رحمتِ کردگار کی
نائبِ صدرِ انجمن شامِ سلکِ پنجتن  بنتِ رسول سی دلہن جس کی شہ ذی وقار کی
دوشِ نبیؐ کا بت شکن بدر و اُحد کا تیغ زن  نامِ خدا ابوالحسن دھاک ہے ذوالفقار کی
جامعِ مصحفِ کریم حاکمِ و احکمِ و حکیم  ذاتِ نمونۂ عظیم حکمتِ کردگار کی
ہاتھ معین انس و جن پایہ ثبات رات دن  قلب وہ قلب مطمئن جا نہیں انتشار کی
مسندِ فقر پر ولی اوجِ کمال پر علیؑ  کچھ ہے خفی تو کچھ جلی شان یہ اقتدار کی
صوم و صلوٰۃ میں نشاط سجدۂ حق میں انبساط  درد و دعا سے انبساط وضع یہ تھی شعار کی

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاتھ میں فتحِ خیبری پاؤں میں زور رہبری
چہرہ پہ نور داوری یاد میں کردگار کی

عالِمِ نفسیات تھا ماہرِ ذہنیات تھا
حاوی کائنات تھا دھوم تھی اختیار کی

خوش نظر و نظر بلند سجدہ گزار و سر بلند
پست ہے جس سے ہر بلند شان ہے وہ شعار کی

حسن بہ ندرتِ جمیل زلف بہ فطرتِ خلیل
سارے عرب میں بے عدیل بات ہر ایک پیار کی

صبح و مسا دواں بہ حق لب بدعا زباں بہ حق
رو برضا و جاں بہ حق راہ میں کردگار کی

حصنِ ستم میں دیں پناہ فرشِ زمیں پہ عرش جاہ
فاقہ کشی میں بادشاہ شان یہ اقتدار کی

عمِ رسولؐ باپ بھی ماں کا بھی سلسلہ وہی
دونوں طرف سے ہاشمی وجہ یہ افتخار کی

نجم سنبھال کہ وقت اب مدحتِ حاضرہ کا ہے
گھیر چکیں تجلّیاں جلوۂ نور بار کی

علم و یقیں سے یوں بنا دین کی استوار کی
شرح بہ حد شرح کی حکمتِ کردگار کی

روح کا بوجھ گھٹ گیا قلب کا بار ہٹ گیا
ہے ترے حرف حرف میں روح وہ اعتبار کی

سلسلہ ارتباط کا عبدِ واحد کے درمیاں
تیرا کلام شرح ہے مصحفِ کردگار کی

حکمتِ اولیہ و فلسفۂ الٰہیہ
دونوں کے بُعد کی جہت خلق پہ آشکار کی

معروفِ حق سے جا ملیں ترے بیاں کی وسعتیں
شرح سی شرح کر گیا حکمتِ کردگار کی

تو نے دیا عرب کو وہ درسِ تمدنِ صحیح
آج نگاہِ غیر میں وجہ ہے اقتدار کی

تو نے سکھا دیا اُنہیں علمِ سیاستِ مدن
جن کو تمیز تک نہ تھی فطرتِ مور و مار کی

حسن ہی حسن کر دیا ان کو نگاہِ لطف سے
جن کے دلوں میں حس نہ تھی عیب سے ننگ و عار کی

ترکِ جہاد ہے تو ہو جوش و خروش ہیں وہی
راہ بتا گیا ہے تو نفس سے کار زار کی

بندۂ زر جو تھے اُنہیں عبدِ خدا بنا گیا
حبِ وطن میں ڈوب کر قوم کی ناؤ پار کی

قوتِ نفس کا اثر تیرے حدودِ علم میں
راہبری خیال کی بات تھی اختیار کی

قال سے حال متحد قول سے فعل متصل
ہاں بخدا یہی ہے شان ہادیٔ روزگار کی

قہر ہے قلبِ کفر کو نعرۂ یا علیؑ کی چوٹ
اس میں نہاں ہیں قوتیں قومِ نحیف و زار کی

تیرے سلوکِ نرم سے کھل نہ سکیں جو گتھیاں
عقدہ کشائیاں ہوئیں نوک سے ذوالفقار کی

قوتِ باطنی لیے پنجۂ بت شکن بڑھا
مادّیت ہوئی فنا قومِ زبوں شعار کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ میں سرکشوں پہ وہ تیغ کے سخت وار
فتح کے بعد نرمیاں خلق کی انکسار کی

گرمیِ جنگ میں یہ پاس فوجِ عدو کی پیاس کا
خوش مزگی تھی نا گوار شربتِ خوشگوار کی

تھا شبِ ہجرتِ نبیؐ اُس سے بلند تر جہاد
دوش بدوش مصطفےٰؐ تو نے جو کارزار کی

ایک عطیہ خدا ایک عطیہ رسولؐ
تیغ و علم نشانیاں ہیں تیرے اعتبار کی

تیرے ہی باغ کا ہے پھول رونقِ گلشن جہاں
شمع بنا ہوا ہے آج عالم تنگ و تار کی

اپنے اصول پر رہا وضع رسولؐ پر رہا
لاکھ ہوا بدل گئی گلشنِ روزگار کی

وقت صلوٰۃ ہم نوا تیرے زمین وآسماں
غرق اثر کلی کلی گلشنِ روز گار کی

مرکزِ انتہا میں گم معرفت خدا میں غرق
ذات بھی اپنی غیر تھی یاد میں کردگار کی

تیری دعا کے درد کا کون ومکاں پہ تھا اثر
خوفِ خدا میں تھا مثال عالمِ احتضار کی

رات کی خامشی میں وہ تیری ریاضتِ خموش
دور نگاہِ غیر سے یاد میں کردگار کی

گریہ نرم شب میں تھا خندۂ شکر کا مزا
کیفیتیں تھیں مستقل عالمِ اضطرار کی

عہدِ مدینہ کا لباس کوفہ کا تختِ سلطنت
ایسی معاشرت تو ہو دین کے تاجدار کی

تیرے ہی ہاتھ سے ہوا دفنِ وکفن رسولؐ کا
دیکھ لیں ذمہ داریاں قوم نے ورثہ دار کی

بعد نبیؐ لیا نہ کام قوتِ اختیار سے
قوتیں دیدنی ہیں یہ ضبط کے اختیار کی

اُنس تھا اُس یتیم سے ربط تھا اُس اسیر سے
آس نہ تھی جہان میں جن کو کسی سے پیار کی

اور معینِ نفس تھیں شکر کے اہتمام میں
فاقوں میں شب گزاریاں صبح کے روزہ دار کی

غیر مریض پر کرم گھر پہ مریض منتظر
بات فقط تھی وقت کی اصل نہیں انار کی

نفس عظیم ہے ترا ذات احد سے متصل
تھاہ بشر کو کیا ملے قلزم بے کنار کی

میری زباں تری ثنا یہ بھی ہے تیرا معجزہ
تاب نہیں ہے خود مجھے اپنے سخن کے بار کی

جوش ولا میں جَمَّم میں چھوڑ گیا خود اپنا ساتھ
حد مجھے روکتی رہی قوتِ اختیار کی

○

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

# نازِ آفرینش

زہے لوح و قلم ایسے بھی نقطے تھے مقدر میں
مہ و خور کی طرح چمکے جو حرفِ کُن کے دفتر میں

خوشا قسمت کہ بسم اللہ نے ترتیب عنواں کی
زہے ساعت یہ بات آئی مزاجِ بندہ پرور میں

بنایا حشر ساماں جامۂ صورت عطا کر کے
لیے بیٹھا تھا فتنہ شاہدِ تنہا نشیں بر میں

سنوارے دونوں گیسو دوش پر سلمائے فطرت نے
بقا نے جان ڈالی لیلئِ دوراں کے پیکر میں

زلیخائے ہوس کنعانِ حُسن و مریمِ عصمت
کسے جائے سخن حُسنِ مذاقِ آئینہ گر میں

ثواب و عیب ہیں دست و گریباں جنگِ پیہم ہے
کہ اہلِ دل اور اصحابِ ستم ہیں ایک ہی گھر میں

حق و ناحق کی آویزش سے ہے ہنگامۂ ہستی
یہ غوغا ختم ہوگا جذب ہو کر شورِ محشر میں

دلیل اکثریتِ فیصلہ کُن ہو نہیں سکتی
کہ حق اکثر ہے کمتر میں مگر کمتر ہے اکثر میں

کنارِ خیر میں اک آب و گل کا جوہرِ قابل
اُدھر سو دامنِ گیتی کے دھبے دامنِ شر میں

اُدھر سو خار اُگتا ہے اگر ویرانۂ وحشت
اِدھر اک پھول کھلتا ہے کہیں خوبی کے پیکر میں

انہیں گلہائے معنی میں اضافہ کرنے آپہنچا
درِ بیت المقدس پر کوئی آغوشِ مادر میں

کرم اس کا مسلّم دیدنی ہے ہمتِ سائل
دُرِ مقصود پھر واپس ہوا جیبِ سمندر میں

ہوئے گرمِ طلب لیلائے بے محمل کے دیوانے
بساطِ قرعہ اندازی بچھی خاصانِ داور میں

علَم ہو کر قلم نے لی رضائے خامۂ قدرت
ستونِ امرِ خالق بن گیا پانی کی چادر میں

کنارِ مادرِ تجلی بنی گہوارۂ مریم
زہے طالع سعادت پر سعادت تھی مقدر میں

پرستاری صنعت کی پرستارانِ صانع نے
ہوا اک دانۂ تسبیح شاملِ سلکِ گوہر میں

اضافہ خادمانِ بیت میں اک صنفِ نازک کا
اشارہ تھا کہ ہے سب کی جگہ اللہ کے گھر میں

اگر ہے حسن پر اپنے تبختر ابنِ آدم کو
تو دیکھے خوبیاں کیا کیا ہیں اس حوا کی دختر میں

بشوقِ حمدِ حسن بڑھنے لگا مثلِ شبِ اسریٰ
شباب آیا نہفتہ عصمت و عفت کی چادر میں

قدِ موزوں اطاعت کا الف افراطِ طاعت سے
خمِ ابرو رکوع و سجدۂ خلاقِ اکبر میں

جبیں ایسی کہ جس کے نور سے سجدہ ہوئے روشن
وہ گیسو جو رہے جاروب کش اللہ کے گھر میں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پرستش ہے غلط کاروں میں تصویرِ خیالی کی
وہ عصمت آفریں نقشہ سا تا ذہنِ آذر میں

فدا اُس کنجِ تنہائی پہ صدہا حجلۂ یوسف
بنائے حجرۂ مریم پڑی اللہ کے گھر میں

نہ تھے گوشِ صبا بھی نغمۂ تسبیح سے محرم
اک آئینہ تھا جو تھا محو یادِ آئینہ گر میں

نمایاں مسندِ خاکی پہ سجادہ قناعت کا
کشادہ نفس مرگ آرا جنابِ بندہ پرور میں

جہاں سے منہ پھرائے مہمانِ رازقِ مطلق
توکّل کے ثمر جنت کے میوے کشتیِ زر میں

دُرِ بحرِ طہارت نے کیا سامانِ غسل اک دن
پئے حفظِ مراتب بیتِ خالق سے گئیں گھر میں

یم پاکیزگی سے ہو کے مس پانی ہوا طاہر
زباں کھولی ہر اک قطرہ نے حمدِ ربِّ اکبر میں

غسالہ تھا اس معصوم ہستی کے کفِ پا کا
بنا آبِ بقا جو چشمۂ خضر و سکندر میں

ادائے کار فرما نے نکالی یک طرحِ نو ڈالی
نزولِ جوہرِ اول ہوا انساں کے پیکر میں

دکھائیں غیرتِ ناموس نے مردانہ وار آنکھیں
نگاہِ غیر سے بل آگئے عفت کے تیور میں

ہوئے فریاد کے پہلو عیاں لحنِ تکلّم سے
کہ ہے نسوانیت اک فطرتِ کمزور کے بر میں

زبانِ عقلِ کُل سے نغمۂ وحیِ خدا نکلا
ترنم ریز یا موجیں اُٹھیں تسنیم و کوثر میں

پیامِ شادمانی یا کہ پیغامِ الم کہیے
عطائے خاص ہے یا امتحاں بخشش کے پیکر میں

گوارا ہیں مثالِ نوش نیشِ طعنۂ اعدا
عملِ حُسنِ عمل ہو سایۂ مرضیِ داور میں

ہُوا دوشیزگی کے عہد میں حکمِ خدا جاری
خدا کی شان روح اللہ آئے بطنِ مادر میں

بایں صورت جو کنعانِ عدم سے تا شہود آئے
جگہ پائے ولادت کی نہ بیتِ ربِ اکبر میں

تفوق دیکھنا بنتِ اسد کا بنتِ عمراں پر
نتیجہ دیکھنا تمہید کا اک مصرعۂ تر میں

پئے عیسیٰ زچہ خانہ نہ تھا اللہ کا گھر تھا
نصیری کا خدا پیدا ہوا اللہ کے گھر میں

چلا اک بے خطا ناوک کمانِ آفرینش سے
ترازو ہوگیا ایک ایک قلبِ عشق پرور میں

خبر کعبہ سے نکلی اور پہنچی قبلۂ دیں تک
لپٹ کر رہ گئی خوشبو سی دامانِ پیمبرؐ میں

نسیمِ جانفزا نے صبح جب اوراقِ گل کھولے
خدا کا نام ان کا ذکر تھا دفتر کے دفتر میں

بقدرِ ظرف عالم نے کیا کسبِ ضیا لیکن
مرقع رہ گئے دھندلے نگارستانِ آذر میں

شعاعِ مہر کی تقدیر قدموں کے لیے بوسے
اُبھر کر چشمۂ خاور سے ڈوبی حوضِ کوثر میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زہے لیلائی جلوہ کہ محمل منہ سے بول اُٹھا
لسان اللہ نے جان ڈال دی کعبہ کے پیکر میں

حرم آئینہ خانہ بن گیا فیضِ تجلّی سے
نظر کو فرق مشکل ہوگیا دیوار میں در میں

دیا طبع سہی بالا نے کیا مطلع قیامت کا
حریصِ شعراب ڈھونڈھا کریں دیوان محشر میں

زبان رحمت حق ہے دہانِ شیر داور میں
نبیؑ بھرتے ہیں حلم اپنا یداللّٰہی کے تیور میں

یہ ہیں مافوق آب وگل نبیؑ آدم کو نسبت کیا
کہ یہ تھے نور کے عالم میں آدمؑ عالم زر میں

انہیں دو صورتوں میں ختم آیات الٰہی ہیں
انہیں آیات کی تفسیر ہے قرآں کے دفتر میں

نہاں دستِ یمیں میں سرنوشتِ عالم باقی
ودیعت انتظامِ دارِ فانی دستِ دیگر میں

رسالت ختم تھی فخرِ رسالت پرتو قدرت نے
امامت کی بنا رکھ دی رسول اللہ کے گھر میں

نگارستانِ آذر پھر سے کعبہ بننے والا ہے
بہم ہیں مشورے نفس پیمبرؐ اور پیمبرؐ میں

نکالے جائیں گے بت طاقِ کعبہ سے دماغوں سے
دماغوں میں بسے ہیں بیٹھ کر اللہ کے گھر میں

ثبات پا کا ملتا ہے صلہ آج اک مجاہد کو
فرازِ عرش پر کوئی قدم رکھتا ہے دم بھر میں

قدم بھی وہ قدم جو دے چکے ہیں امتحاں کتنے
احد کے معرکہ میں بدر میں خندق میں خیبر میں

مدینہ کے سفر میں آبلوں کی جن پہ یورش تھی
رواں کانٹوں پہ تھے تعمیل ارشادِ پیمبرؐ میں

شبِ پُر خوف ہجرت دیکھنے والوں نے دیکھی ہیں
نبیؐ کے خاص بستر پر نبیؑ کی سبز چادر میں

تعجب کیا اگر مُہرِ نبوت پر جگہ پائی
وہی ہیں مدتوں چھلے ہیں آغوشِ پیمبرؐ میں

مرا عرشِ سخن میرے لیے تکیہ بنا سر کا
ہوا غرق تخیل میں جو فکرِ مدح دیگر میں

دل اور بے مدعا دل بندگیِ بندہ پرور میں
سند معصومیت کی اور لرزاں خوف داور میں

جمال ایسا کہ آسودہ نگاہیں بزمِ انور میں
جلال ایسا تکلم قید لب ہائے سخنور میں

وہ خاموشی جو قوت دار آوازوں پہ بھاری تھی
وہ گویائی کہ حکمت بولتی تھی جس کے پیکر میں

کرم ایسا کہ جس کے معترف تھے دشمنِ جانی
ابھی الفاظ ہیں محفوظ تاریخوں کے دفتر میں

نگاہِ غور دیکھے ذمہ داری ورثہ داری کی
وصی مصروف ہے تجہیز و تکفینِ پیمبرؐ میں

جو سچ پوچھو خلافت کی علیؑ سے ہوگئی زینت
خلافت آئی تھی کیا لے کے اس بے نفس کے گھر میں

علیؑ کے نام تک نے آفتوں میں دن گذارے ہیں
مگر پھر بھی نمایاں ہی رہا عالم کے منظر میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ اے تاجدارِ فاقہ کش اے جانِ پیغمبرؐ ۔۔۔ پئے تسکیں ضرورت تھی تری بزمِ پیمبرؐ میں
علیؑ اے زخمیِ روزِ اُحد اے حرزِ پیغمبرؐ ۔۔۔ خدا معلوم کیا ہوتا نہ ہوتا تو جو لشکر میں
ترے آثار سے اسلام کی تاریخ روشن ہے ۔۔۔ ترے ایثار کی تصدیق ہے قرآں کے دفتر میں
نہیں دل معترف تیرا تو پھر اسلام کا دعویٰ ۔۔۔ خدا کے گھر میں سرقہ ہے نگاہِ نکتہ پرور میں
تری تکبیر کی آواز میں تھی قوم کی قوت ۔۔۔ تجھے میں ڈھونڈھتا ہوں نعرۂ اللہ اکبر میں
ترے دم سے رہی اسلام میں روحانیت باقی ۔۔۔ نہیں گم ہو کے رہتی سلطنت میں مال و زر میں
کہاں دنیا میں اپنے نفس کے پہچاننے والے ۔۔۔ ترا نفس آئینہ ہوتا نہ کیوں عرفانِ داور میں
نہ تھی تیری حکومت میں ہوا سرمایہ داری کی ۔۔۔ چراغِ عافیت روشن تھا ہر مزدور کے گھر میں
غلاموں کو ہے مشکل پاؤں پر اپنے کھڑا ہونا ۔۔۔ قدم دوشِ ہوا پر تھے ترے میدانِ خیبر میں

ابھی تھیں تجھ سے وابستہ اُمیدیں قوم کی لاکھوں
لپٹ کر رہ گئیں قاتل کے زہر آلود خنجر میں

O

## زمزمۂ رُوح

شبِ دراز میں نہاں جہانِ پُر بہار ہے ۔۔۔ کسی کی زلفِ عنبریں نقابِ روزگار ہے
یہ عافیت کی روح ہے نمودِ خامشی نہیں ۔۔۔ یہ شب کی تیرگی نہیں سکون کا حصار ہے
نفس نفس معیّن ہے سکون کے فروغ میں ۔۔۔ ہوا کا مدو جزر بھی تنِ فضا پہ بار ہے
خیال بھی کنارہ کش کہ خواب میں خلل نہ ہو ۔۔۔ ہزار مسئلے ہیں پر سحر کا انتظار ہے
تمام قوتیں ہیں گم مبادیاتِ روح کی ۔۔۔ یہ رشتۂ شہود و غیب پھر بھی استوار ہے
تعلقات گھٹ گئے کہ اُس سے واسطہ بڑھے ۔۔۔ سکون جتنا چھا رہا ہے روح بیقرار ہے
ورودِ لطف کے لیے کنارِ شوق وا کیے ۔۔۔ برسمِ اشتیاق ہے بوضعِ انتظار ہے
تردّدِ ذات سے بری توہّمات سے جدا ۔۔۔ کشش ہے اور تجلّیات اور امیدوار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دراز زلف کون ہے یہ فرشِ خواب پر دراز — کہ جس کی نیند نیند کیا ہے راز کردگار ہے
سُلا چکی ہیں جسم کو ہَوا کی نرم تھپکیاں — اثر پذیر نفس ہے کہ محوِ انتظار ہے
وہ لہریں نور کی بڑھیں وہ لوحِ دل سے مس ہوئیں — اُبھر رہا ہے نقش یا کوئی پیامِ یار ہے
کمال جذب کررہا ہے اکتسابِ معرفت — کسی کے نازِ حسن سے نیاز ہمکنار ہے
تجلّیوں نے کون سی یہ شکل اختیار کی — جگر ہے اپنا اپنا ہاتھ اور چھری کی دھار ہے
خلیلؑ فرشِ خواب سے اُٹھے ہیں خواب دیکھ کر — نگاہیں کہتی ہیں کدھر ہمارا گلعذار ہے
محبتِ پدر کہاں چھری کہاں پسر کہاں — یہ امتحانِ سخت بھی جہاں میں یادگار ہے
اگر چہ فطرتِ بشر کا اور کچھ ہے مقتضا — نبیؑ کی شان کہہ رہی ہے خواب خوشگوار ہے
یہ رازِ حسن و عشق ہیں گمان و شک کو دخل کیا — وہ پھر کہیں یہ پھر سنیں اب اس کا انتظار ہے
کلیمِ حق سے پوچھیے مخاطبہ کی لذتیں — سوال بار بار ہے جواب باربار ہے
مطالبہ کی شان نے بڑھا دیا ہے ولولہ — جو پاؤں روبراہ ہیں تو دل بروئے کار ہے
اب اپنی شان ڈھونڈھتا ہے آفتاب ماہ میں — خلیلؑ ہیں ذبیحؑ ہیں پیامِ کردگار ہے
اس آئینہ کی چھوٹ ہے اُس آئینہ میں ضوفگن — نہ اس طرف غبار ہے نہ اُس طرف غبار ہے
خدا کی ایک راہ ہے خلیل دو ہیں سر بکف — رضا کی ایک شان ہے دو طرفہ آشکار ہے
اُدھر ہے ذوقِ مضطرب ادھر ہے چشمِ معترف — اُدھر نظر میں کیف ہے ادھر نظر میں پیار ہے
چمن اُجاڑنے کو خود اُٹھا ہے باغباں کہ جب — بہار کا شباب ہے شباب کی بہار ہے
پدر کے ساتھ میہمان جارہا ہے لختِ دل — مگر یہ فطرتِ بشر کہ ماں کو اضطرار ہے
کسی نے جیسے کہہ دیا ہے کچھ دبی زبان سے — فراق کیا فراق کا خیال ناگوار ہے
چھری سے ریسماں سے ہے میہماں کو کام کیا — جواب کچھ سہی مگر سوال وزن دار ہے
نہ ہوگی سیر بوئے خوش سے آج مہرِ مادری — سحر سے زلفِ عنبریں کسی گلے کا ہار ہے
یہ سرفروش مردوں کے ہیں چہرہ مطمئن جو ہیں — مرادوں والی ماں کا ہے وہ دل جو بیقرار ہے
چلے ہیں کس شکوہ سے مسافرِ رہِ رضا — چھری کمر کی زیب ہے رسن گلے کا ہار ہے
نگاہیں وہ جھکی ہوئی نقیبِ عزمِ مستقل — قدم ہیں وہ تلے ہوئے ثبات بھی نثار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

بنا رہے ہیں راستہ کہ اور قافلہ بڑھیں    بتا رہے ہیں نقشِ پایہ حق کی رہ گذار ہے
منیٰ کی منزل آگئی وہ ذرّے مسکرا دیے    کہ جیسے کوئی راز ہے اور ان پہ آشکار ہے
وہ حلقۂ رسن بڑھے کہ دست وپا کو چوم لیں    اسیر اُن کا ہوگیا بشر تو رستگار ہے
وہ بندشیں جو کھول دیں ہزار عقدۂ دلی    انہیں سے عبد اور احد کا رشتہ استوار ہے
پدر کے ہاتھ میں چھری پسر زمیں پہ قبلہ رو    فلک پہ کوئی منتظر بحکمِ کردگار ہے
وہ منظر عجیب ہے کہ حیرتی ہیں دو جہاں    ہے جاذب نگاہ بھی اگرچہ دلفگار ہے
منازلِ نفوس میں عوالمِ عقول میں    زمیں سے لے کے تا فلک قیامت آشکار ہے
چھُری کسی پہ چل گئی مگر یہ ماجرا ہے کیا    ذبیح سر بدوش ہیں زمین لالہ زار ہے
قبول سعی ہوگئی عوض میں دنبہ آگیا    اُسی نے خود بچالیا کہ اپنا جاں نثار ہے
زمانہ محو کر نہ دے کسی کی سرفروشیاں    بہ شکلِ عید آج تک جہاں میں یادگار ہے
یہ عید ہے مقدمہ اب اصل عید دیکھیے    ولادتِ حسینؑ سے زمانہ پُر بہار ہے
جدارِ کعبہ کس طرح کنارِ شوق وا کرے    کسی کے شوق میں خود آج شیرِ کردگار ہے
ملے نہ دیر میں خبر کھڑے ہیں خود قریبِ در    فدا اس انتظار کے نبیؐ کو انتظار ہے
یہ مطلعِ لطیف ہے کہ موتیوں کی ہے لڑی    گلے میں لیلیٰ سخن کے پاگلوں کا ہار ہے
یہ اشتیاقِ دید ہے یہ ان کا انتظار ہے    کہ نفسِ مطمئن کو بھی کچھ آج اضطرار ہے
اب رسولؐ متصل ہیں گوشِ حق نیوش سے    دلِ بلالؓ کی طرح اذاں بھی بے قرار ہے
وہ آگئے حسینؑ لو حسنؑ کے ساتھ کھیلنے    کہوں کہ صحنِ مسجدِ نبیؐ کو انتظار ہے
کہوں حُسنؑ یا حُسینؑ نام بھی حُسین ہے    رسولؐ کی شبیہ ہیں تو حسنؑ بھی نثار ہے
مرقعِ رسولؐ کا ہوا ہے آج تکملہ    ہے سال بھر کی جان ایک ایک شیر خوار ہے
حسنؑ تو سر سے تا کمر شبیہ ہیں رسولؐ کی    کمر سے لے کے پاؤں تک یہ نوگلِ بہار ہے
بتولؑ مانگتی ہیں کچھ نبیؐ سے ان کے واسطے    نگاہ میں ہے ماں کی سب جو اُن کا لاڈ پیار ہے
حسینؑ کے لیے طلب طلب بھی پھر بتولؑ کی    وہ چیز کی ہے مرحمت رسولؐ کردگار ہے
کرم کی شان کی عطا حسینؑ نام رکھ دیا    شجاعت اپنی بخش دی جو آج یادگار ہے

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ مقتضا ہے وقت کا وہ مطلعِ حسیں پڑھوں
کہ جس کا حرف حرف ایک نقشِ اعتبار ہے

بنائے طولِ سجدہ ہیں جو شانِ سرگذار ہے
نہاں یہ ان کے کھیل میں بھی رازِ کردگار ہے

یہ گوشہ ہائے عافیت نصیب انبیاء نہ تھے
حسینؑ کے لیے فقط یہہ فضلِ کردگار ہے

حسنؑ کا بازوئے قوی علیؑ کا ظلِ عاطفت
حبیبِ حق کا دوش ہے بتولؑ کی کنار ہے

خدا نے وہ بھی دن کیا کہ پھول سہرے کے کھلے
عرب سے لے کے تا عجم بہار ہی بہار ہے

حسینؑ پر نہ ٹھیرتی نگاہِ انتخاب کیوں
وہ بانوئے عجم تو یہ عرب کا شہر یار ہے

یہ مطلعِ نفیس ہے کہ زمزمہ ہے روح کا
یہ طرزِ نو کی مدح بھی جہاں میں یادگار ہے

کچھ ایسا جاذبِ نظر حسینؑ کا شعار ہے
جو ان کے دین میں نہیں دل اُن کا بھی نثار ہے

حسینؑ پہ نظیر و مثال ہو کوئی تو دو
کرم کی شان دیکھ لو جو دل پہ اختیار ہے

چھپا کے منہ کو دے عطا کہ دیکھنا نہیں روا
سوال کر رہا ہے جو غریب شرمسار ہے

کنیز نذر کر رہی ہے شاخِ گل حضور کو
وہ تحفہ جس کی آڑ میں دل امیدوار ہے

حسینؑ کے تاثرات دیکھنے کی چیز ہیں
کنیز آج تک تھی آج صاحبِ اختیار ہے

حسینؑ اے سُلالۂ رئیسِ منزلِ حرم
بنائے کعبہ آج تک تجھی سے استوار ہے

حسینؑ تیرے ذکر سے رگوں میں دوڑتا ہے خوں
حسینؑ تیری یاد میں زمانہ بے قرار ہے

تجھے سلا کے اے حسینؑ چونک اُٹھی ہیں مامتیں
اب آنکھیں کھل چلی ہیں کچھ کہ یہ تو اوتار ہے

اُٹھ اب تو خوابِ ناز سے یہ فتحِ حق کی داد لے
جہاں کا ذرہ ذرہ آج تجھ سے شرمسار ہے

ورق ورق پہ ہو رہی ہے مُہر تیرے نام کی
تیرا فسانہ زینتِ بیاضِ روزگار ہے

حُر اک غلام تھا ترا، کنیز تیری حریت
وہ حریت کہ جس کی آج خلق میں پکار ہے

قدم پہ تیرے لوٹتے ہیں آج تاجِ سلطنت
جو تیرا حق چھپا دیا تھا آج آشکار ہے

ترے سلام کو ہیں خم گدا بھی شہر یار بھی
ہیں جس کی مٹھیوں میں دل وہ سب کا تاجدار ہے

نہ سمجھیں اب تو قسمتیں بتا گیا ہے تو ہمیں
کہ مصرفِ حیات کیا ہے کیا اصولِ کار ہے

ہو اعترافِ بالعمل بھی محبتِ حسینؑ کا
یہ عینِ معرفت نہیں کہ قوم اشکبار ہے

جو ادعائے زیست ہے علم بدوش بڑھ چلو
فنا کی حد سے متصل بقا کی رہ گزار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# شاہزادۂ نور

نہ ہوں مغرور نظریں وہمِ عرفانِ حقیقت سے
بہت جلوہ ہیں پوشیدہ ابھی چشمِ بصیرت سے

ابھی ڈھونڈھے ہیں کتنے عقل نے گوشہ خیاباں کے
ابھی آنکھوں نے کیا پایا نگارستانِ فطرت سے

ابھی چمکی ہیں گہرائی میں دل کی بجلیاں کتنی
ابھی بدلے ہیں کتنے خواب تعبیرِ حقیقت سے

ابھی فکر و نظر نے کی ہے کتنی بادہ پیمائی
ابھی ہے ظرف کتنا آشنا ساقی کی ہمت سے

ٹٹولے ہیں ابھی تحقیق نے دل کتنے ذرّوں کے
اُتارے ہیں ابھی کتنے ستارے بامِ قدرت سے

کسی کے جلوۂ مستور پر بے اعتباری ہو
اُسے جو منزلوں پیچھے ہے خود اپنی حقیقت سے

کیا احساس نے کس دن مجسم نکہتِ گُل کو
تعارف جس کی سیرت سے ہے نامحرم ہیں صورت سے

درخشاں ہے وجودِ روح اک اک رگ سے پیکر میں
پر اب تک فلسفی محروم ہیں صاحب سلامت سے

بدل دیں جوہرِ قابل نے تشکیلیں نظامِ عالم کی
مگر باہر نہ آیا جوہرِ قابل طبیعت سے

بتائیں حسن کا نیرنگِ ظاہر دیکھنے والے
لطافت سے شناسائی ہے یا جانِ لطافت سے

شعاعِ نور عریاں کرنے والی ذرہ ذرہ کی
نقاب اپنی اُلٹ سکتی ہیں خود اپنی صورت سے

ہوا اتنی مجسم جو اُٹھالے بار طیارہ
لطیف ایسی کہ باہر ہے نگاہوں کی حکومت سے

وہ اک سیال دنیا موجِ طوفاں فتنۂ برقی
بڑھی ہیں گرمیِ بازارِ عالم جس کی قوت سے

وہ دل میں گدگدی کرتی ہوئیں لہریں مسرت کی
جو بن جاتی ہیں ہونٹوں پر تبسم اُس کی قدرت سے

غم و غصہ کا جذبہ درد کے اشک آفریں نشتر
ہلا دیتے ہیں قصرِ عنصری کو اپنی قوت سے

وہ ظالم کارواں جو چھوڑ جاتا ہے نشاں ایسے
کہ مٹتے ہیں مگر کب وصل ہو کر خاکِ تربت سے

سراپا جلوۂ حیرت ہے اِن کی کارفرمائی
ابھی تک دامن آلودہ نہیں داغِ بصارت سے

وجودِ اک صورتِ قہری ہے غیبت اصل ہے جس کی
جو ہیں بے معرفت نا آشنا ہیں لطفِ غیبت سے

ازل میں چشمِ صد نظارگی کو ہوش میں لا کر
کہیں اب کیا وہ خود پردہ میں ہیں پردہ کی قسمت سے

خبر آئی ہے پھر فاراں پہ تجدیدِ تجلّی کی
سبکدوشی نہیں اب تک نگاہوں کی امانت سے

حجابِ جلوہ گاہِ ناز کی اک آخری جنبش
تعجب کیا اگر سجدہ کرا لے چشمِ حیرت سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابھی ہے تشنۂ تکمیل ذوقِ مشرق و مغرب — برسنے ہی کو ہے پھر کوئی جھالا ابرِ رحمت سے
ازل کی صبح پھر آئے گی دور عاشقی بن کر — اٹھیں گے کروٹیں لے لے کے بسمل خاکِ تربت سے
ابھی پھر دیکھنا ہے لیلیِ دوراں کو آئینہ — ہیں وابستہ امیدیں ایک نقشِ پا کی رویت سے
فضا خاموش فطرت گوش بر آواز ہے یعنی — چھڑے گا اور اک نغمہ ابھی سازِ حقیقت سے
عبث بیٹھے ہیں شوقِ دید والے فکرِ محشر میں — کہ پورا ہوگا یہ وعدہ مگر پہلے قیامت سے
بہت جلوے نمایاں ہو چکے اور ہونے والے ہیں — کسی کی شامِ ہجرت سے کسی کی صبحِ غیبت سے
سنبھال اے ساقیِ روزِ ازل کیفِ دو عالم کو — کہ جھومیں گے ابھی رکن و مقام اک تازہ بیعت سے
نہیں موسیٰ تو کیا غش کھانے والے اب بھی جیتے ہیں — چراغِ طور ہوگا اب کے روشن اپنی قسمت سے
بہارِ عہدِ اوّل ہوئی کروٹ دورِ آخر کی — فضا اک بار پھر گونجے گی تصدیقِ رسالت سے
شریعت طے کرے گی پھر کسے گی منزلیں اپنی — محمدؐ کی امامت تک محمدؐ کی رسالت سے
کسی عارض پہ لہرائیں گے پھر گیسو پیمبرؐ کے — نبوت خود پکارے گی کہ رشتہ ہے امامت سے
نہ جانے تزکیہ کرنا ہے کتنا جذبۂ دل کا — بڑی مشکل سے آئے گا کوئی جلوت میں خلوت سے
ہوئی ذہنِ تولا پر ضیا پاشی تجلّی کی — ملا اک مطلعِ کیف آفریں سرکارِ حجت سے
کہ از عیسوی ظاہر ہے نازِ مہدویت سے — نبوت دو قدم رہ جائے گی پیچھے امامت سے
کمالِ مصطفائی ہے کمالِ حسنِ صورت سے — شبابِ لافتائی ہے جلال و رعب و ہیبت سے
وہی تیور کی پایانی وہی چتون کی شایانی — وہی فطرت کی یکتائی مساواتِ حقیقت سے
نبیؐ کی عمرِ بعثت ہے شبابِ جاوداں اس کا — مکیف اس قدر صلِ علیٰ کیفِ محبت سے
جھلک دیتی ہوئی رُخ پر صباحت روئے حیدرؑ کی — گلِ رخسار پر اک تل پیمبرؐ کی ملاحت سے
بہ تقریبِ وراثت دو قبائیں جسمِ انور میں — مرصع اک رسالت سے مکلّف اک امامت سے
تخاطب کی جسارت ہے تقاضہ دردِ ملت کا — یہ مطلع ہے کہ دل نے آہ کی ہے دردِ ملت سے
تجھے مشکل ہے کیا جلوت میں آنا کنجِ خلوت سے — علیؑ سے تیغ لے اور اذن سرکارِ رسالتؐ سے
وہ ہر اک وار پر او دستِ حیدرؑ چومنے والی — نکل آمیان سے باہر تڑپ کر دردِ ملت سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ آنکھیں تو نے دیکھی ہیں وہ نظریں تو نے پرکھی ہیں
ترے جوہر کو چمکاتی تھیں جو تابِ شجاعت سے

شریعت سے مذہب ہے طریقت سے مطلاّ ہے
رسالت سے مجلّی ہے منور ہے امامت سے

بتا اے چھپنے والے نزع میں ہے قوم کی ہستی
حیاتِ مختصر سے ہو گلہ یا طولِ غیبت سے

تری آمد کا آوازہ محمدؐ کے گھرانے میں
سکونِ ہر دل مضطر رہا ہے روزِ بعثت سے

لبِ اعجاز پیغمبرؐ پہ مفہومِ تبسم تھا
کبھی توضیح سیرت سے کبھی تفسیرِ صورت سے

شبِ ہجرت کا تکیہ منزلِ نازِ رسالت میں
امینِ وحی کا نغمہ لبِ اسرار قدرت سے

سکون افروز تارا شام کے تاریک زنداں کا
فضائے غم میں لو دیتا ہوا شامِ مصیبت سے

امینِ علمِ حق آ گتھیاں سُلجھا دماغوں کی
اُلجھ پڑتا ہے جہلِ علم پیغامِ شریعت سے

فضا تاریک مرکز دور گم گشتہ ہیں پروانے
بھٹکتے پھر رہے ہیں منزلِ شمعِ حقیقت سے

تلاطم خود بتاتا ہے ضرورت فردِ کامل کی
کہ دنیا اب سنبھل سکتی نہیں ناقص حکومت سے

تری شاہی کا سکہ ہے سکونِ قلبِ مومن کا
ملے گا تیرے ہاتھوں سے نہیں ملتا جو قسمت سے

امامت کو حکومت سے جدا سمجھا جدا رکھا
عوض لینا ہے تجھ کو اہلِ دنیا کی خیانت سے

نہیبِ جعفریؑ سے آ جلالِ حیدریؑ سے آ
بہت کچھ ہو چکیں ہیں دعوتیں خلق و مروت سے

تفوقِ نصرتِ دنیا سے ہے مغرب کو مشرق پر
شرفِ شرق کو ہو مغرب پہ حاصل تیری نصرت سے

جگا دے خلق کو خونِ شہیداں کا عوض لے کر
کہ اب ہر موت تعبیر کرتے ہیں شہادت سے

دلوں میں بُت لیے کرتے ہیں کعبہ کی نگہبانی
تمسخر کر رہے ہیں آذری پندارِ قدرت سے

قرینہ ہے کہ بک جائے حرم اغیار کے ہاتھوں
کہ اب تحریمِ کعبہ گھٹ گئی تکریمِ دولت سے

جگا دے داستانِ غم سنا کر خستہ حالوں کی
لپٹ جا آ کے فرطِ ناز میں نانا کی تربت سے

اُدھر مسمار ہیں قبریں ترے اسلافِ طاہر کی
اِدھر خالی ہیں نبضیں قوم کی دینی حرارت سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بجائے نغمہ پیرائی رجز پڑھنے لگا ساقی — خدا حافظ ہے اب کشتیِ مے کی ناخدائی کا
سنا ہوگا زبانِ دوست سے الفقر فخری بھی — مگر اس وقت نعرہ یاد ہے خیبر کشائی کا
جگر میں سنگِ خارہ کے وہ در آتا ہوا نیزہ — وہ تھرّانا جبل کا اور وہ کس بل کلائی کا
بنائی ہوگی ان ہاتھوں نے مسجد بھی مدینے کی — مٹانا پر نہ بھولے گا بتوں کی کبریائی کا
ارے تو یہ وہ میدانِ وغا کی خاک پر سجدے — مقابل ان سے کیا کیجیے حرم کی جبہ سائی کا
کسی کا بانکپن دیکھا ہے ساقی کی سفارت میں — وہ منظر وہ حیات افروز منظر کج ادائی کا
کہاں وہ عاصی خود رفتگی ساحل نشینی کی — کہاں وہ مالکی انداز طوفاں آزمائی کا
کہاں وہ زیست کی کاوش میں حسرت گوشہ گیری کی — کہاں وہ موت کی ہلچل میں جذبہ خود نمائی کا
کہاں وہ زیرِ دیوارِ حرم بچھا ہوا بستر — کہاں وہ قصدِ مہر و ماہ تک پرچم کشائی کا
کہاں اک جلوہ گاہ ناز میں لرزش نگاہوں کی — کہاں تلوار کے قبضہ پہ بوسہ خود ستائی کا
مسلّم ہستیِ دل ادعائے زندگی برحق — وہاں کیا کیجیے دشمن جہاں بھائی ہو بھائی کا
جہاں اپنے سروں پر اپنی تلواریں برہنہ ہوں — جہاں پر زخم ہو درشن جھروکہ جگ ہنسائی کا
جہاں اپنے ہی دل رکھے ہوئے ہوں اپنے نیزوں پر — تماشا ہو رہا ہو دست و بازو کی صفائی کا
جہاں الجھے ہوئے ہوں اپنے ہاتھ اپنے گریباں میں — جہاں اغیار سے ہو آسرا عقدہ کشائی کا
جہاں غرقِ عرق ہو ملّتِ بیضا کی پیشانی — مقابل ہو جہاں کافر کے در پر جبہ سائی کا
جہاں لڑتے ہوں آپس میں مسلماں قبلہ رو ہو کر — جہاں ہو شغل موضوع آپس کی لڑائی کا
جہاں جذبات اپنے اپنی فطرت کی مخالف ہوں — جہاں برپا ہو اک طوفان احساس ریائی کا
جہاں دل بن گئے ہوں گتھیاں ذہنی تکدر کی — جہاں ڈھونڈے نہ ملتا ہو کوئی پہلو صفائی کا
جہاں پہ دردِ سر ہو دردِ دل کا پوچھنا کیا ہے — کس و ناکس کے کاندھے پر ہے جھنڈا ناخدائی کا
یہ مشکل ہو جہاں مشکل میں جب ایسی نزاکت ہو — سہارا ڈھونڈیے کس رہنما کی رہنمائی کا
کوئی مشکل نہیں مشکل ازل سے سنتے آئے ہیں — علیؑ کی ذات پر ہے خاتمہ مشکل کشائی کا
علیؑ کعبہ میں ہیں دربار ہے مشکل کشائی کا — مسلمانو چلو موقع ہے قسمت آزمائی کا
مقدر نے دیا ہے بے تکلف وہ حسیں مطلع — مناسب ہے کہ تاج سر بنے مدحت سرائی کا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوا اب خاتمہ جھوٹے خداؤں کی خدائی کا ۔۔۔ یہ جلوہ ہے تبسم اس کی شانِ کبریائی کا
نگاہوں کی لطافت سے مرتب شیر کی ہیبت ۔۔۔ نمایاں فاتحانہ رو میں پہلو دلربائی کا
جبینِ سجدہ فرما پر جلالت کی درخشانی ۔۔۔ ہوائے درد میں روشن کنول فرماں روائی کا
بدورِ ہوشِ ہستی مطلقاً زیرِ قدم دنیا ۔۔۔ بشانِ حق پرستی فیصلہ بے اعتنائی کا
کوئی دیدار پر غش تھا تو کوئی خود پرستی پر ۔۔۔ بنایا اس کو آئینہ خدا نے خود نمائی کا
وہ بندہ ہے دکھا دو علم و دولت کے خداؤں کو ۔۔۔ خدا کہلا کے بھی دعویٰ نہیں کرتا خدائی کا
شعورِ بندگی میں ہے نمودِ صاحبی کتنی ۔۔۔ نمونہ بن کے دیکھیں اس کے دورِ ارتقائی کا
حکومت اس طرح اللہ کے بندوں پہ کرتے ہیں ۔۔۔ حکومت اس نے کی پہلو بچا کر کبریائی کا
افق پر بزم مدحت کے وہ مطلع لے کے آیا ہوں ۔۔۔ اجارہ مل گیا ملکِ سخن میں خود ستائی کا
فلک دینے لگا آنکھوں سے جذبہ ہم نوائی کا ۔۔۔ کہا کیا دردِ دل منہ دیکھ کر بھائی نے بھائی کا
ابھی چونکا ہے گہری نیند سے آغوشِ قدرت کی ۔۔۔ مچلتا ہے ابھی سے ولولہ قدرت نمائی کا
جلالت نے فضائے قدس میں کیا لوریاں دی ہیں ۔۔۔ ہمکنے کی ادائیں ڈھنگ ہے زور آزمائی کا
وہ نازِ آفرینش جب چلا بزمِ حقیقت سے ۔۔۔ یدِ قدرت نے سر پر تاج رکھا حق نمائی کا
نہیب و ہیبت و اجلال و سطوت نے سلامی دی ۔۔۔ یدُاللّٰہی نے پروانہ دیا خیبر کشائی کا
ادھر کون و مکاں صدقے اتارے حُسنِ فطرت نے ۔۔۔ اُدھر حیرت نے آئینہ دکھایا دل ربائی کا
فرازِ عرش سے بارش ہوئی رحمت کے پھولوں کی ۔۔۔ زمیں کے فرش سے نعرہ چلا اس کی دہائی کا
اسی بچہ نے حل کی پہلی مشکل ذوالعشیرہ میں ۔۔۔ جوانی آگئی سہرا بندھا مشکل کشائی کا
سجایا طرۂ خیر البشرؐ جس دن عمامہ پر ۔۔۔ دوبالا ہوگیا جلوہ مزاجِ خوش ادائی کا
بدن پر چست آئی کیا قبا من کنت مولا کی ۔۔۔ ہوا یوں تکملہ کونین کی فرماں روائی کا
زمیں پر اس نے اسلامی حکومت کی بنا رکھی ۔۔۔ رسول اللہؐ نے منصب دیا پرچم کشائی کا
ہوا یہ گُلِ ایماں بن کے گُلِ کفر پر غالب ۔۔۔ کسی کے فرق پر اب تاج رکھ دو خود نمائی کا
نجانے کتنی راہیں کھول دیں تسخیرِ عالم کی ۔۔۔ ہوس کوشوں نے ڈھرّہ لے لیا کشور کشائی کا
غریبوں کو مصیبت ہوگئی اسلام کی نعمت ۔۔۔ سکونِ قلب رخصت ہوگیا ساری خدائی کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بگاڑا ظلم نے آخر نظامِ کارفرمائی
عصائے آہ سے بدلا عصا فرمانروائی کا

وہ جذبے سوگئے عہدِ ستم بیدار تھا جن سے
وہ تیور بجھ گئے غرّہ تھا جن پر کج ادائی کا

اصول اسلام کے بدلے زمیں بدلی فلک بدلا
شہنشاہی لیے پھرتی ہے اب کاسہ گدائی کا

وہ دھوکا بھی نہیں اب جس کو سمجھے تھے حقیقت ہے
بہت دن خواب دیکھا خود پرستی خودنمائی کا

یہ جنسِ قوم نازش بھی نہیں اب کم نصیبوں میں
گیا وہ دورِ خوں آشام طاقت آزمائی کا

مسلماں تھے کبھی دھبہ ہیں اب ہستی کی دامن پر
نوازش کفر کی احسان اسلامِ ریائی کا

خدا پر طنز بھی کرنے لگا اب جوشِ بیتابی
کہ ساماں کفر سے کر دین کی عقدہ کشائی کا

کلیجوں سے دھواں اٹھنے لگے اے ساقیِ کوثر
خدارا شور سن ٹوٹے ہوئے دل کی دہائی کا

رہے گا تا کجا اب جلوہ گر خضرا کے معدن میں
وہ عالم تاب ہیرا تیرے تاجِ رہنمائی کا

○

## خمِ غدیر

وہ ماہِ رجب مظہرِ اسرارِ الٰہی
عالم پہ برستے ہوئے انوارِ الٰہی

وہ ایک کے بعد ایک مہِ نور کا آنا
اللہ کے احسان محمدؐ کا گھرانا

تیرہ وہ رجب کی وہ محبت کا سندیسا
خدمت میں رسالتؐ کی امامت کا سندیسا

آغوش میں بھائی کی وہ ہنستا ہوا بھائی
کاشانۂ اسلام کی وہ گود بھرائی

وہ باڑھ پہ آیا ہوا طفلی کا زمانا
اسلام کی خدمت کا وہ پروان چڑھانا

بڑھتی ہوئی چڑھتی ہوئی وہ جلوہ نمائی
آغوش سے وہ دوشِ پیمبرؐ پہ رسائی

وہ قوم کی تعمیر لڑکپن سے جوانی
ہوش آتے ہی آتے ہمہ گیری ہمہ دانی

وہ دین کی بڑھتی ہوئی رو کفر کا گھٹنا
حج کرکے وہ سلطانِ دو عالمؐ کا پلٹنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بے چتر و ہوا دار وہ شاہانہ سواری  صدقے دلِ مخلوق فدا رحمتِ باری
وہ گرمیِ رفتار سے گیتی کو تزلزل  ماہی نہ مراتب پہ قیامت کا تجمل
سیلاب کا طوفان کا انداز روانی  آئی ہوئی اسلام پہ بھرپور جوانی
ایمان سے معمور سفینے کے مسافر  آئے ہوئے مکّہ سے مدینے کے مسافر
اک ایک جواں مرد عرب رستمِ دستاں  تا حدِ نظر دشت میں نیزوں کا نیستاں
وہ درد بدل تیغ بکف رہبر و راہی  وہ لفظ مسلمان کا مفہوم سپاہی
گھر کے لیے بے چین درِ دوست کے زائر  جیسے گلہِ شوق کے اڑتے ہوئے طائر
سورج وہ چمکتا ہوا وہ ٹھیک دوپہری  تپتی ہوئی کرنوں سے وہ میدان سنہری
ذرّے وہ دہکتے ہوئے جلتی ہوئی ریتی  لہراتی ہوئی دھوپ میں اسلام کی کھیتی
پھیلا ہوا جنگل میں فرشتہ کا سر رشتہ  آیا ہوا سرکار کی پیشی میں فرشتہ
وہ خم کی گزرگاہ پہ دربارِ رسالت  وہ خیرِ عمل تکملہ کارِ رسالت
شرمایا ہوا عرش کے ایوانوں کا منبر  وہ فرش عباؤں کا وہ پالانوں کا منبر
فرمان کے اعلان کی وہ سخت ضرورت  اٹھارویں تاریخ کی وہ نیک مہورت
وہ خوان تولا کے نمک خواروں کی ٹولی  کہسار کو گھیرے ہوئے جراروں کی ٹولی
میدان کو میخانہ بنائے ہوئے میخوار  زانو سے وہ زانو کو بھڑائے ہوئے میخوار
آہنگ نیا رنگ نیا ڈھنگ نرالے  تلوار کے آئینہ میں منہ دیکھنے والے
سمجھے ہوئے ساقی کی نوازش کا طریقہ  آنکھوں سے ٹپکتا ہوا پینے کا سلیقہ
احساس کے مارے ہوئے ایثار کے روگی  دنیائے محبت کے ستائے ہوئے جوگی
جرأت کے پرستار محبت کے پجاری  جیسے کسی ساونت کی تلوار دو دھاری
وہ سازِ محبت کا تولا کا ترانا  احرام غمِ عشق کا قرآن کا بانا
دیکھے ہوئے عالم کی سیاہی و سفیدی  اخلاص کی زنجیر میں جکڑے ہوئے قیدی
جب پاؤں اٹھائے تو کٹھن دیکھ کے رستا  سودانہ کیا نفس کے ارشاد پہ سستا
سینوں میں غمِ عشق کی اک آگ بھڑکتی  جذبات کو روکے ہوئے ایمان کی شکتی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com  http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کس در کے بھکاری ہیں تو کس گھر کے پری ہی
بکھرے ہوئے اولادِ پیمبرؐ کے پری ہی

یہ شانِ وفا ہو جو ہو مطلوب علیؑ سا
دیوار میں جس طرح پلایا ہوا سیسا

میداں کے وہ جانباز وہ محفل کے شرابی
تلوار وہ پہلو میں بغل دہ وہ گلابی

اک رشتہ میں گوندھے ہوئے تسبیح کے دانے
ساقی کی پُر آشوب محبت کے دوانے

سینوں میں دلوں کے وہ چھلکتے ہوئے ساغر
اڑتی ہوئی مئے اور چھلکتے ہوئے ساغر

مخمور مئے عشق کے ویرانے کی مٹی
خوشبو سے مہکتی ہوئی میخانے کی مٹی

دولھا کی طرح بیچ میں ملّت کا دلارا
اسلام کی قسمت کا چمکتا ہوا تارا

ہمراہ عنایت نظری راہ نمائی
کونین کی فہرست لیے عقدہ کشائی

وہ علم کی شوکت سے ضیا چہرہ کی دونی
زیبا سر پر نور پہ وہ تاج سلونی

دل میں نہ تکدر نہ زباں پر کوئی دکھڑا
توفیق خداداد سے ہنستا ہوا مکھڑا

روداد نہ حسرت کی نہ ارمان کی باتیں
اعوان سے انصار سے قرآن کی باتیں

اس شان کے نخچیر ہوئے کس کو میسر
فتراک میں بدر و احد و خندق و خیبر

ایماں کے ابھرتے ہوئے جذبات کا مالک
اسلام کی مشہور فتوحات کا مالک

بھائی پہ وہ بھائی کی نگاہوں کا قرینہ
ماتھے پہ محبت کی حرارت کا پسینہ

بندش میں لبوں کی وہ مچلتا ہوا نغمہ
من کنت کی بنسی سے نکلتا ہوا نغمہ

تیور بھی نئے لحن کا انداز بھی خاصہ
دو لفظ میں قانون الٰہی کا خلاصہ

ہمت کا وہ بل ماتھے پہ ڈالے ہوئے لفظیں
لشکر کو دو عالم کے سنبھالے ہوئے لفظیں

اکملت لکم کا وہ سرِ عرش سے آنا
اسلام کی تکمیل کا فرمان سنانا

اک لفظ میں بیدار وہ سوئے ہوئے کونین
وہ معنیٔ مولا میں سموئے ہوئے کونین

ساقی کو ملی خلق کے رندوں کی امیری
لے ہوگئی قرآں کی حجازی سے غدیری

میخواروں کی اٹھی ہوئی نظریں وہ ادب سے
رکتی ہوئی سانسیں وہ مسرت کے سبب سے

وہ لطفِ نظر اس کا خدا خود جسے چاہے
قربان نگاہِ تو شوم باز نگاہے

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# مولائی

سنی مدحِ علیؑ ہم نے ستاروں کی زبانوں سے
خراجِ منقبت آیا زمیں پر آسمانوں سے

پڑھا ہے ہم نے سولی پر قصیدہ اپنے مولاؑ کا
کوئی پوچھے یہ عالم دردِ دل کے نکتہ دانوں سے

گلے کٹوا کے بھی اس منقبت سے ہم نہ باز آئے
علیؑ کے نام کی تبلیغ کی ہے قید خانوں سے

زبانیں کٹ گئیں جب مدح کے اقدامِ برحق پر
سنایا مطلعِ پُرنور آنکھوں کی زبانوں سے

جلایا اور دشمن کو قصیدہ پڑھ کے سولی پر
بہت گزرے ہیں ہنستے کھیلتے ان امتحانوں سے

نہ چھوڑی مدح کی صورت گری کیسا ہی وقت آیا
ولا کے راستہ میں ہاتھ دھو رکھے ہیں جانوں سے

ہماری قوم ہی اسلام کی سینہ سپر نکلی
کہیں جب تیر نکلے ظلم و ظلمت کی کمانوں سے

خدا رکھے درِ دولت نہ چھوڑا ہم نے مولاؑ کا
بڑے وزنی پیام آئے تھے دولت کے ٹھکانوں سے

○

# منقبت

جلوہ گر عشقِ علیؑ مرتضا آنکھوں میں ہے
میری پوری زندگی کا مدعا آنکھوں میں ہے

دونوں عالم نور میں ڈوبے نظر آتے ہیں آج
کون یہ میرِ عرب رنگیں قبا آنکھوں میں ہے

بے خودیٔ دل نے کس منزل میں پہنچایا مجھے
آج احساسِ شعورِ ارتقا آنکھوں میں ہے

جس کو قدرت نے چھپا رکھا ہزاروں سال تک
اے زہے قسمت وہ جلوہ برملا آنکھوں میں ہے

ساعتِ دیدار شاید آگئی بالکل قریب
اب خدا رکھے دلِ درد آشنا آنکھوں میں ہے

میں نے بھولے سے بھی دیکھا تھا نہ دنیا کی طرف
آج آنکھوں کی حفاظت کا صلا آنکھوں میں ہے

لکھ رہا ہوں مطلعِ تیلوہ شاہد کا جمال
مقطعِ حبل اُلمتیں صلِ علیٰ آنکھوں میں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیوں نہ برسے میری آنکھوں سے محبت کی شراب ساقیِ تسنیم و کوثر کی ولا آنکھوں میں ہے
ان کا گھر ہے وہ جدھر سے چاہیں گے آجائیں گے
کون جانے راستہ دل میں ہے یا آنکھوں میں ہے

○

# قصیدہ

دماغ و فکر و قرطاس و قلم سے واسطا سمجھا نہ سمجھا مدح کی ابجد بھی جب شاعر تو کیا سمجھا
وہ ہے قائل خدائے دوجہاں کی لامکانی کا جو عرشِ حق کو اہلبیتؑ کی دولت سرا سمجھا
نہ پہنچے مدح کی منزل تک اصحابِ پیمبرؐ بھی ابوذر ہوں کہ سلماں کون ان کا مرتبا سمجھا
بڑی قیمت ہے ان لفظوں کی جو ہوں صرف مدحت میں خوشا تقدیر شاعر شعر کا جو مقتضا سمجھا
کہی جس بوریے پر بیٹھ کر اک منقبت میں نے اُسے میں تختِ شاہی سے بھی رتبہ میں سوا سمجھا
علیؑ کی منقبت سے فکر بیگانہ رہی جس کی خدا جانے وہ حمد و نعت کا مفہوم کیا سمجھا
سخن سنجوں کی محفل میں وہ مطلع پیش کرتا ہوں جسے میں اپنے بزمِ مدح گوئی میں نیا سمجھا
علیؑ سے جس کو نسبت ہے وہ اپنا مرتبہ سمجھا سخنور اس کے در کا بادشہ کو بھی گدا سمجھا
تولّائے علیؑ سے میں نے دل کو دل بنایا ہے اسی منزل میں قدرِ جوہرِ صدق و صفا سمجھا
تعجب ہے جو اس کے مرتبہ کو دوست کم سمجھے شبِ ہجرت جسے دشمن محمد مصطفیٰؐ سمجھا
ہر اک میدان میں پہلو بہ پہلو جنگ کی جس نے جلالت شاہِ مرداں کی وہی مردِ خدا سمجھا
علیؑ سوئے ہیں بستر پر نبیؐ کے جب شبِ ہجرت ملک جبرئیل سا اس وقت معیارِ وفا سمجھا
یہ ایمانی ترقی اس کی ہی مرہونِ منت ہے کہ انساں ہر نفس کو شاہراہِ ارتقا سمجھا
نبیؐ سا رہنما پا کر علیؑ سا مقتدا پا کر میں اک اک زیست کے لمحہ کو انعامِ خدا سمجھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسالت کی ہوئی تکمیل تایید امامت سے — امامت کو رسالت سے کوئی کیونکر جدا سمجھا
سمجھنے میں علیؑ کے صرف کردی زندگی پوری — بڑی مشکل سے انساں زندگی کا مدعا سمجھا
مرے بالیں پہ لے آئی محبت ایک دن اس کو — جسے میں درد سمجھا تھا دمِ آخر دوا سمجھا
نقاب الٹا چراغ طور کا اس کی ولادت سے — کوئی سمجھا اسے جلوہ کوئی جلوہ نما سمجھا
علیؑ کے دشمنوں کی مدح سن کر صبر کیا معنی — غلط سمجھا اگر یہ مصرفِ صبر و رضا سمجھا

رہا محروم دو دن بھی جو شغلِ مدح گوئی سے
اُسے اے جمؔ میں اپنے گناہوں کی سزا سمجھا

○

# منقبت

خدا کا گھر درِ دولت ہے دارائے امامت کا — کہ لہراتا ہے اب پرچم یدِ اللّٰہی حکومت کا
پجاری لرزہ براندام ہیں اور بت ہیں سکتہ میں — بہت اترا ہوا چہرہ ہے ہر مٹی کی مورت کا
وہ صدیوں کی خدائی ہاتھ سے جاتی ہے کچھ دن میں — نظر آتا ہے سایا سا کسی کے دستِ قدرت کا
نہ ہوگا فاتحہ خواں جن پہ کوئی یہ وہ قبریں ہیں — یہ صورت ہے کہ ہر بت میں ہے عالم سنگِ تربت کا
صدا ہو ہر شکست بت میں شاید کوسِ رحلت کی — عرب کی سرزمیں سے آگیا وقت ان کی رحلت کا
سہارا دینے والے خود گناہ گاروں میں نکلیں گے — جنازہ اٹھنے والا ہو گناہوں کی شریعت کا
بنایا خیر مقدم کو نیا در اس نے کعبہ میں — شگافِ خامۂ کن ہے نمونہ جس کی قدرت کا
خبر اک بار دیوارِ حرم کو توڑ کر نکلی — کہ اندازہ ہو دنیا کو مشیت کی مسرّت کا
خدا و مصطفےٰ کا عہد پورا ہونے والا ہے — گواہی دینے والا آگیا عہدِ رسالت کا
خدا کو پھر خدا کے گھر پہ یہ قبضہ دلائے گا — کسے معلوم کیا ہوگا صلہ اس حُسنِ خدمت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ نعت مقصدِ اسلام ہے جانِ رسالت ہے
کہ ہے جس کے لیے پھیلا ہوا دامن رسالت کا

یہ مصحف آ گیا دنیا میں اس قرآن سے پہلے
کہ جس قرآن میں آئے گا حکم اس کی محبت کا

جسے سینہ سے لپٹائے ہوئے لاتے ہیں پیغمبرؐ
خلاصہ ہے یہی اللہ و پیغمبرؐ کی قوت کا

وہ بندہ ہے عوض لے گا بتوں سے بت پرستوں سے
حریمِ بندگیِ حق میں سرقہ کا خیانت کا

تعجب کیا خطاب آیا جو وجہ اللہ کا اس کو
کہ چہرہ خود پتہ دیتا ہے شایانِ ریاست کا

بگاڑے ہیں اسی کے ہاتھ نے اصنام کے چہرے
بنایا ہے اسی کے ذہن نے آئین فطرت کا

کہا ہوگا اسی کے منہ سے حرفِ کن مشیت نے
اشارے سے بدل دیتا ہے جو قانون قدرت کا

اسی کے ہاتھ نے تعمیر تہذیب و تمدن کی
وہی دنیا میں خالق ہے شعورِ آدمیت کا

زمانے کی سیاست سے نہ تولو اس کے اسوہ کو
سیاست اس کی آئینہ ہے قرآنی صداقت کا

مقامِ ضبط کو سمجھو جہادِ صبر کو دیکھو
درِ خیبر سے اندازہ نہ کرنا اس کی قوت کا

سزا دی سرکشوں کو بزدلوں کی بخش دیں جانیں
شجاعانِ جہاں دیکھیں یہ مصرف ہے شجاعت کا

زبانِ علم سے پوچھو جہانِ علم سے پوچھو
زمانہ کس قدر ممنون ہے نہج البلاغت کا

جنھیں تم علم و فن کہتے ہو خانہ زاد ہیں اُس کے
مگر وہ علم و فن جن سے علاقہ ہے شرافت کا

کوئی لمحہ نہ تھا اس کا رفاہِ خلق سے خالی
لیا ہے جائزہ تاریخ نے اک ایک ساعت کا

فرشتوں نے شبِ ہجرت کہا ہوگا یہ آپس میں
یقیناً آدمی تھا مستحق تاجِ خلافت کا

عبادت کی فضا میں جاگنے والے کو نیند آئی
نئے پہلو سے جاگا ہے مقدر شامِ ہجرت کا

علی کہنا زباں سے کس قدر آسان ہے لیکن
دلِ انساں تصور کر نہیں سکتا جلالت کا

علی کے نام سے رونق کہیں آتی ہے چہرے پر
کہیں یہ نام سن کر رنگ اڑ جاتا ہے صورت کا

اندھیرے سے نکل کر اب یہ دنیا بھول بیٹھی ہے
وہ دنیا میں چراغاں کر گیا ہے علم و حکمت کا

شریعت کے خداوندوں میں سرگرداں ہوں مدت سے
کوئی ہلکا سا اک پرتو دکھا دے اس کی سیرت کا

بہت اس بت شکن کی قوم میں ہیں آج بت خانے
غرورِ علم کا بت ہے کہیں پندار دولت کا

اسی دن کو ہوئی تھی خم میں کیا تکمیل نعمت کی
تسلط نعمتوں پر ہے خداوندانِ نعمت کا

اسی خاطر مثالیں اس نے مزدوری کی چھوڑی تھیں
کہ جذبہ پا لیے دل میں غریبوں سے کراہت کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اثر اچھا لیا ملت نے فرمانِ مودت سے — کہ آپس میں چلن ہی اٹھ گیا مہر و محبت کا

جناب نجم یہ اندازِ مدحت کیا پسند آئے
ابھی دنیا کو اندازہ نہیں لطفِ حقیقت کا

○

# منقبت

اندھیرا تھا اجالا ہو گیا مرضی داور کا — علیؑ کا نامہ سرنامہ بنا جب کُن کے دفتر کا

مجھے دل میں نظر آیا وہ جذبہ مدحِ حیدرؑ کا — کہ جادہ دے دیا ذوقِ سخن کو زندگی بھر کا

نقابِ رخ جو الٹا صبحِ عاشورہ کے منظر کا — مری پلکوں پہ روشن تھا ستارہ دیدۂ تر کا

اذاں ایسی جواں قامت نہ پھر سننے میں آئے گی — شبابِ اکبرؑ کا تھا گویا شبابِ اللہ اکبر کا

امامت خلقتاً محدود تھی بارہ اماموںؑ تک — کیا دنیا نے یوں تقسیم جیسے مال ہو گھر کا

خبر دیتا ہے قرآں اپنے لفظوں اپنے لہجے سے — یہ اندازِ تکلم ہے لسان اللہ کے گھر کا

جہاں میں وحدتِ عزم و عمل نے پھر نہیں دیکھا — نمونہ جو زمینِ کربلا پر تھا بہتّر کا

کہاں اپنی نظر اس جلوۂ معصوم کے قابل — دغا دے جائیں گی آنکھیں نقابِ رخ اگر سرکا

جلالت کی فضا سے اک عجب ماحول بنتا ہے — جہاں میں نام لے لیتا ہوں عباسؑ دلاور کا

مجھے جانا ہے ذکر و فکر سے آگے مرے مولاؑ — سہارا چاہتا ہوں اک نگاہِ بندہ پرور کا

نمازِ مدح پڑھتا ہوں مودّت کے مصلے پر
دکھا دو نجم دنیا کو یہ رتبہ ہے سخنور کا

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# عرفانِ ابو طالبؑ

کوئی مانے نہ مانے آج ایمانِ ابوطالبؑ
مگر اسلام ہے تاریخِ احسانِ ابو طالبؑ

اگر ہو جستجو میں رہبری اخلاص کی شامل
بہ فیضِ جستجو ہوتا ہے عرفانِ ابوطالبؑ

پیمبرؐ کی جگہ خطرے میں ڈالا اپنے بچوں کو
ذرا دیکھ اے مسلماں شانِ ایمانِ ابو طالبؑ

نبیؐ سے کوئی پوچھے کتنے جانبازوں کے حلقہ میں
رہے شعبِ ابوطالبؑ میں مہمانِ ابوطالبؑ

زباں پہ اپنی کلمہ چشمِ پیغمبرؐ میں کچھ آنسو
دمِ آخر بہت تھا سازو سامانِ ابوطالبؑ

کچھ اس انداز سے ختمِ رسالت کی حفاظت کی
خدا سے جیسے تھا کچھ عہد و پیمانِ ابوطالبؑ

علیؑ سوئے ہیں کتنی مرتبہ فرشِ پیمبرؐ پر
ہوئی قربان کتنی مرتبہ جانِ ابوطالبؑ

خدا کو ہے خبر شعبِ ابوطالبؑ کی نسبت سے
ریاضِ خلد میں کتنے ہیں ایوانِ ابوطالبؑ

نگاہِ حق شناس اور عقلِ صحت مند سے پوچھو
ملیں گے کم جہاں میں مرتبہ دانِ ابوطالبؑ

کسی کا شک جب آیا بحث میں جی پھوٹ جائیں گے
خدارا بحث میں لاؤ نہ ایمانِ ابوطالبؑ

عقیدت ہے مجھے اے نجم پورے خانوادے سے
خدا کا شکر ہے میں ہوں ثنا خوانِ ابو طالبؑ

○

## منقبت

### تیرھویں رجب کی رات

دیدنی تھی وقت کی صورت گری کل رات کو
جاوداں سی ہوگئی تھی زندگی کل رات کو

ہوگیا برہم سکونِ جلوہ زارِ حُسن بھی
عشق کی قسمت سے وہ محفل جمی کل رات کو

رند و زاہد متحد شیخ و برہمن متفق
اللہ اللہ زورِ صلح و آشتی کل رات کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آدمی تھے یا فرشتوں کے مقدس بھیس میں ۔۔۔ یا فرشتے بن گئے تھے آدمی کل رات کو

محتسب کی چیرہ دستی رہ گئی منہ دیکھ کر ۔۔۔ رند کوثر نوش نے آنکھوں سے پی کل رات کو

زاہدانِ خشک تھے ہاتھوں پہ دل رکھے ہوئے ۔۔۔ بن گئی تھی حور شیشہ کی پری کل رات کو

پتھروں کے سخت سینوں سے اگلوائے ہیں دل ۔۔۔ کیا مکمل تھا نظامِ دلبری کل رات کو

ہر پرستارِ محبت بندۂ آزاد تھا ۔۔۔ بندگی سے دور تھی بیچارگی کل رات کو

ہوش والے زندگی کی چاندنی سمجھیں گے کیا ۔۔۔ زندگی میں ہوگئی تھی چاندنی کل رات کو

اک تجلّی کی تمنا اک تمنا کا غرور ۔۔۔ کون جانے بیخودی تھی یا خودی کل رات کو

ہر تلفظ میں ترنم ہر سخن میں شعریت ۔۔۔ ہر دہن میں تھی زبانِ شاعری کل رات کو

جمع تھے قاآنی و عرفی ظہیر و انوری ۔۔۔ حافظ و سعدی نظامی فرخی کل رات کو

وہ مرا ہر شعر موجِ کوثر و کوثر نژاد ۔۔۔ میں نے خود بانٹے ہیں جامِ کوثری کل رات کو

سر پہ کج تھا تاجِ مدحت اور مرے قدموں میں تھی ۔۔۔ طالبِ عزت کلاہِ خسروی کل رات کو

مجھ کو تھا حکمِ طلب یا کان بجتے تھے مرے ۔۔۔ جیسے کعبہ نے مجھے آواز دی کل رات کو

اے تعالیٰ اللہ شانِ ابتلائے انتظار ۔۔۔ اک وصی کا منتظر تھا اک نبی کل رات کو

ایک ہنگامہ فضائے عالمِ اجسام میں ۔۔۔ عالمِ ارواح کی لشکر کشی کل رات کو

لڑکھڑاتے گر پڑے سجدے میں اصنامِ حرم ۔۔۔ کھینچ لی کس نے بساطِ کافری کل رات کو

طینت فاضل کی رگ رگ میں خلوصِ مالکی ۔۔۔ ذرہ ذرہ میں نیازِ قنبری کل رات کو

ہل اتی کی شان نے دیکھا سنور کر آئینہ ۔۔۔ لافتی کی روح نے انگڑائی لی کل رات کو

حکمِ بلغ عالمِ اسرار میں بے چین تھا ۔۔۔ بات پردہ ہی میں شاید رہ گئی کل رات کو

صبح دم وہ ناصرِ دینِ خدا آ ہی گیا
گونج اٹھی تھی صدائے یاعلیؑ کل رات کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

## نغمۂ مستانہ

آج گھٹا کیا جھوم کے اٹھی — کعبہ کا پردہ چوم کے اٹھی
مے جھومی پیمانہ جھوما — سارا ہی میخانہ جھوما
ہر میکش آفاقی جھوما — محفل جھومی ساقی جھوما
بربط جھومے مطرب جھومے — فرد گنہ کے کاتب جھومے
مست آنکھوں کے آہو جھومے — شانے جھومے گیسو جھومے
شب کے راگ سہانے جھومے — شعلوں میں پروانے جھومے
ساری بلندی پستی جھومی — ذرہ ذرہ ہستی جھومی
چرخِ بریں کے تارے جھومے — جنت کے شہ پارے جھومے
مذہب کے دیوانے جھومے — تسبیحوں میں دانے جھومے
درد کی منزل والے جھومے — دل جھومے دل والے جھومے
رحمتِ حق کا بادل جھوما — عرش پہ عقلِ اوّل جھوما
آج گھٹا کس شان سے اٹھی — کس دل کس ارمان سے اٹھی
اٹھی اور فضا میں پھیلی — خوب آغوشِ صبا میں پھیلی
دشت میں پہنچی کوہ میں پہنچی — خلوت میں انبوہ میں پہنچی
خندق کے میدان کو تاکا — خیبر کے سامان کو تاکا
بدر و احد کا نقشہ سمجھا — دم بھر دیکھا بھالا سمجھا
دل میں دل کی تمنا مچلی — منزلِ خم پر کیا کیا مچلی
غارِ حرا کا گوشہ دیکھا — نورِ خدا کو تنہا دیکھا
دنیا سے منہ موڑ کے ٹھہری — دستِ ادب کو جوڑ کے ٹھہری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لگائے پھرتے ہیں قرآں کو جو سینوں سے — وہ کاش صرفِ مودّت کے نکتہ داں ہوتے
ادب نواز نہ ہوتا جو بابِ علمِ نبیؐ — یہ زور و شورِ زبان و بیاں کہاں ہوتے
صحیح پڑھتا نہ قرآں کی آیتیں کوئی — جو علمِ نحو میں مولاؑ نہ دُرفشاں ہوتے
علیؑ کی مدح میں چپ رہ گیا پہنچ کے وہاں — جہاں مجھے مرے الفاظ بھی گراں ہوتے
خدا سے ربط نہ ہوتا بغیر عترت کے — اگر ہزار بھی قرآن درمیاں ہوتے
جگہ فرزدق و دعبلؔ کی نجم کو ملتی — قریبِ طائرِ سدرہ کچھ آشیاں ہوتے

○

## منقبت

تیری خاطر نذر لایا ہوں ولائے بوتراب — اے خدائے عشق برحق اے خدائے بوتراب
اے اسیرِ آب و گِل نا آشنائے بوتراب — خاک ہے اس زندگی پر بے ولائے بوتراب
سجدہ گاہِ حُسن روئے حق نمائے بوتراب — بوسہ گاہِ عشق دامانِ قبائے بوتراب
ذرۂ ناچیز ہوں ذرّوں میں گھل مل جاؤں گا — ہے کہیں میری جگہ اے خاکِ پائے بوتراب
صف شکن مشکل کشا اہلِ قلم معمارِ قوم — اللہ اللہ بازوئے زور آزمائے بوتراب
ان کا جلوہ کبریائی میری نظریں مضمحل — دیکھتا کیا نزع کی مشکل میں آئے بوتراب
عام منبر سے جدا ہے میثمی منبر کی شان — دار پر ہوتی ہے تفسیرِ ولائے بوتراب
راہ میں آہی گیا ورنہ حقیقت کچھ نہیں — کیا درِ خیبر پہ قوت آزمائے بوتراب
یہ شبابِ شعر و نغمہ یہ صدائے لافتیٰ — مرحبا اے عندلیبِ خوش نوائے بوتراب
اس کے دروازے کی چوکھٹ تک رسائی ہے تری — آ قدم لے لوں میں تیرے اے گدائے بوتراب

وہ زباں دانِ محبت ہے خدا کے فضل سے
نجم کا ورثہ ہے اندازِ ثنائے بوتراب

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

جب سے درِ علیؑ پر فخرِ گدا گری ہے  پیشی میں دست بستہ دنیا کھڑی ہوئی ہے
خلقِ محمدیؐ ہے شمشیرِ حیدریؑ ہے  آباد یہ گھرانا کس چیز کی کمی ہے
اب نزع کی ہے ساعت اور لب پہ یا علیؑ ہے  جو کچھ میں کہہ رہا ہوں یہ حرفِ آخری ہے
مولاؑ کو جانتے ہیں پہچانتے نہیں ہیں  آنکھوں کا دوش کیا ہے ذہنوں کی مفلسی ہے
اب خاک مل گئی ہے خاکِ درِ نجف میں  وہ بندگی تھی اور یہ مفہوم بندگی ہے
خاموش تھا میں اب تک اب چیخ اٹھوں گا یارب  سب کچھ میں کھو چکا ہوں نسبت بچی ہوئی ہے
توحید کی ہے محفل بدنام فرقہ بندی  قرآں کی سورتوں میں اخلاص کی کمی ہے
بادہ وہی غدیری نشہ وہی فقیری  ہم رند ہی نہ بدلے دنیا بدل رہی ہے
میخانۂ نجف سے جنت میں بھیجتے ہیں  کیوں اے مئے تولا میری جزا یہی ہے
دیوانہ ہوں علیؑ کا اب مجھ سے کچھ نہ پوچھو  اب عشق میں اضافہ اور عقل میں کمی ہے
دامن سے منسلک ہیں جذب و سلوک دونوں  تکیے سے خاک پر یا مسند بچھی ہوئی ہے
آئے فرشتے اس کے در پر سوال کرنے  انسانیت نے اس کے گھر میں پناہ لی ہے
سلجھے گی یہ کسی دن پوچھو لسانِ حق سے  اب تک صدائے کن کی گتھی پڑی ہوئی ہے
میں نے درِ نجف پر سر رکھ دیا ہے اپنا  دنیا گناہ سمجھے نیت ثواب کی ہے

میخانۂ نجف سے جنت میں پہنچتے ہیں
کیا جرم ہے محبت جس کی سزا ملی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

اس ذات کی مدحت میں رواں میرا قلم ہے — پہلا بھی اور آخر بھی جو مولودِ حرم ہے
دنیا میں وہ پیرایۂ تکمیلِ رسالت — رحمت کے تسلسل کی وہ تاریخ جلالت
انداز سرِ شام سے بدلا ہوا شب کا — سر سجدہ میں رکھے ہوئے وہ چاند رجب کا
صورت گرِ آئین خوش انجام کی آمد — اصنام کے نرغہ میں وہ اسلام کی آمد
کعبہ کی طرف دل کے تقاضوں کا اشارا — جذباتِ مودت کا وہ بڑھتا ہوا دھارا
توفیقِ خدا داد سے باندھے ہوئے رشتے — دربار یداللہ کا پہرے پہ فرشتے
ماحول کی تسکین کو فطرت کے دلاسے — کہسار لرزتے ہوئے آمد کی فضا سے
اُترا ہوا ہر اک بتِ طناز کا چہرہ — بگڑا ہوا مستقبلِ بت ساز کا چہرہ
تیرہ وہ رجب کی وہ محبت کا سندیسہ — خدمت میں رسالتؐ کی امامت کا سندیسہ
محفوظ رہا نام بھی وہ حق کا ولی ہے — اس سلسلہ نور کا پہلا یہ علیؑ ہے
کونین سمٹ آئیں نہ کیوں راہ گزر میں — پہلی ہی تقریب ہے اللہ کے گھر میں
احساس معطل ہے یہاں ہوش و خرد کا — اللہ کا چہ خانہ ہے یہ بت اسد کا
کس شان کا انسان ہے کس شان کی خاطر — بنوایا تھا گھر اپنا اس انسان کی خاطر
آئینہ در آئینہ ہے فطرت کا محافظ — انسان ہے انسان کی عظمت کا محافظ

○

# منقبت

مسکراتے ہیں نبیؐ کعبہ کا حاصل دیکھ کر — صورت و سیرت میں خود اپنا مقابل دیکھ کر
عشق نے سر رکھ دیا قدموں پہ منزل دیکھ کر — حسن نے دل دے دیا انسان کامل دیکھ کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دینِ حق نے سانس لی دنیا میں آزادی کے ساتھ — کافری نے کروٹیں لیں اپنا قاتل دیکھ کر
اک نبیؐ تھا اک ولی تھا حق کی قرباں گاہ پر — مسکرایا دیر تک بسمل کو بسمل دیکھ کر
کرگیا تطہیر کعبہ حُسنِ مولودِ حرم — ذرّہ ذرّہ کو خرابِ نقشِ باطل دیکھ کر
یا علیؑ تھے یا محمدؐ چودھویں معصوم تک — ہر خالق تھم گیا تحصیلِ حاصل دیکھ کر
قصر لرزے بت گرے سینوں میں دل تھرا گئے — ایک ٹھوکر ماردی دنیا کو غافل دیکھ کر
چل پڑا اس کے اشارے پر سفینہ شکر کا — درد کا بے تھاہ دریا غم کا ساحل دیکھ کر
ایک دل والے نے اپنا دل بھی شامل کردیا — ایک دل کو ساری دنیا کے مقابل دیکھ کر
مشتری ہے خود ازل سے خالقِ جن و بشر — ان کی چاہت دی بشر کو بھی مگر دل دیکھ کر
دستِ ہمت پر تصدق ہوگئیں آسانیاں — حلِ مشکل دیکھ کر حلالِ مشکل دیکھ کر
خم کا وہ منبر وہ چاند آگے وہ پیچھے آفتاب — محوِ حیرت ہوگئی محفل کی محفل دیکھ کر
سر جو چوکھٹ پر نجف کی رکھ دیا نیند آگئی — پاؤں پھیلائے تولاّ نے بھی منزل دیکھ کر
مشکلیں دنیا کی اور مشکل کشا سے التماس — چھانٹ لی ہر ایک مشکل اس کے قابل دیکھ کر

○

## منقبت

اے صلِ علیٰ جلوۂ جانانہ علیؑ کا — قرآن ہی قرآن ہے افسانہ علیؑ کا
دشمن ہوں کہ ہوں دوست دعا دیتا ہوں سب کو — اللہ بنا دے تمہیں دیوانہ علیؑ کا
جبرئیلؑ حضوری میں ہیں میں دور ہوں لیکن — میں بھی ہوں تڑپتا ہوا پروانہ علیؑ کا
ممنون ہے امداد کا ہر ایک پیمبرؑ — مذکور ہے افسانہ در افسانہ علیؑ کا
کہتی ہے جسے فکر و نظر نہج بلاغہ — رندوں کی زباں میں ہے وہ میخانہ علیؑ کا
کعبہ میں ولادت ہوئی مسجد میں شہادت — اللہ کا گھر بن گیا کاشانہ علیؑ کا
حق یہ ہے کہ سرکارِ نبوت کے سوا جمجم — معیارِ فضیلت کوئی سمجھا نہ علیؑ کا

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

# منقبت

فراریوں سے ہے غفلت نہ زخمیوں سے غرض　　کسی کو بھی کبھی دیکھا نہیں ونا کرتے
نہ ہوتا راہ نما گر علیؑ کا علم و عمل　　کبھی نہ ذہن تقاضائے ارتقا کرتے
خدا نے خود شبِ ہجرت علیؑ پہ ناز کیا　　ملک نہ حشر تک اندازۂ وفا کرتے
جو لوگ کرتے ہیں بلغ کی اور کچھ تفسیر　　وہ حق سمجھتے تو قرآں سے بھی گلا کرتے
مخالفوں کو یہ توفیق ہی ہوئی نہ کبھی　　زباں کو حرفِ مودت سے آشنا کرتے
زہے مراتب و اعزاز اہلِ بیتِ نبیؐ　　یہ جیسی چاہتے تشکیل ماسوا کرتے
مباہلہ سے وہ باز آ گئے یہ خیر سبھی　　محال تھا کہ نصارا مقابلا کرتے

کہاں وہ خاک کے پتلے کہاں یہ نورِ خدا
نہ بچتا ایک مسیحی جو بددعا کرتے

○

# قصیدہ

حسن کی ہے جلوہ گاہ عشق میں ہوں نعرہ زن　　ہیں مرے صوم و صلوٰۃ ذکرِ حسینؑ و حسنؑ
زاہدِ شب زندہ دار دیکھ مری زندگی　　ہے اسی تسبیح میں رازِ زمین وزمن
تجھ کو خبر بھی نہیں کب سے ہے بچھی ہوئی　　تیرے مصلّے کے پاس میری بساطِ سخن
زہد ریائی ہے اور نغمہ سرائی ہے اور　　وہ ہے تری خستگی یہ ہے مرا بانکپن
میرے تخیل میں ہے مدح کی وہ چاندنی　　بستر راحت کوئی جیسے کنارِ لبن
نازِ تولا کہاں زعمِ مصلّا کہاں　　میں ہوں سخن برزباں تو ہے سخن در دہن

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرش سے لانے کو ہوں فرش پہ کچھ آیتیں — سجدہ گہہ فکر میں ہے مرا ذوقِ سخن
نغمۂ جبرئیلؑ ہے مطلعِ تازہ میرا — شاملِ تسبیح کر حاصلِ مُلکِ سخن
منزلِ مقصد میں ہیں ایک حسینؑ و حسنؑ — ایک شہیدِ عراق ایک شہیدِ وطن
شرحِ جمیل و جمال معنئ حُسن و حسنؑ — بانئ اسلام کے یوسفِ گلپیرہن
پہلا مرقّع ہے تو مقصدِ کونین کا — شکل بھی تیری حَسیں نام بھی ترا حسنؑ
کس کی یہ طاقت کہ ہو تجھ پہ کوئی حرف زن — صلحِ حدیبیہ کا صلح میں تری چلن
وزن میں کچھ کم نہیں تیرا جہادِ خموش — دل میں رہی عمر بھر کرب و بلا موج زن
تختِ حکومت پہ ہونگِ حکومت کوئی — تختِ امامت پہ ہے تو ہی امامِ زمن
مصحفِ عصمت کی گود نازِ رسالتؐ کا دوش — طورِ تجلا نثار تو ہے وہ جلوہ فگن
عافیتِ ہل اتیٰ تیری غذائے لطیف — آیۂ تطہیر کی شان ترا پیرہن
تیری نگاہوں کا نور جلوۂ خلقِ عظیم — جذبۂ دل کا وفور ہمتِ خیبر شکن
صبر کی مظہر ہوئی فرض شناسی تری — آمرِ فکر و نظر عارفِ سرّ و علن
عیش فدا غم فدا ہستی آدم فدا — جانِ دو عالم فدا جانِ رسولِؐ زمن
خوانِ کرم کا ترے ہے وہ اک ادنیٰ فقیر — جس سے اسیرانِ دہر پست ہیں بے ریب وظن
دیکھ کے ابناءِ نا ست ہے نبضِ سخن — مصحفِ معبود پر کوئی نہیں طعنہ زن
کون ترے حلم کا اہل تھا اس دور میں — عہد شکن تھا کوئی کوئی تھا بیعت شکن
صلح پہ بھی معترض جنگ پہ بھی معترض — حیف وہ قلب و دماغ حیف وہ کام و دہن
تیری شجاعت میں شک جس کو ہو بزدل ہے خود — فاتحِ اعظم ہے تو اے دلِ خیبر شکن
دست و بغل ہے تو ہیں جادۂ شمشیر سے — صبر کی منزل کڑی ضبط کا رستہ کٹھن
سامنے ہے کربلا دیکھ لیں اہلِ نظر — معرکہ عاشور کا غزوۂ جانِ حسنؑ

معجزۂ نفس تھا تیرا قرار و قیام
شامِ غریباں بنی جب تیری صبحِ وطن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

پائی تھی نہ قرآں نے ابھی صورتِ فرماں
بے چین تھا ادھ بیچ میں تطہیر کا اعلاں

پردے میں تھا پر واقفِ اسرار تھا ہر لفظ
ہر لحہ پہ بول اٹھنے کو تیار تھا ہر لفظ

حرفوں کو مسرت کہ میں لفظوں سے مشرف
آیت کی صدا تھی کہ ہوں تاجِ سرِ مصحف

وقت آیا کہ جبرئیلؑ بھی پھولوں نہ سمائے
قرآن پہ تطہیر کی چادر لیے آئے

دو سطریں یہ آیت کی تھیں ایماں کا خلاصہ
قرآں تھا رحل اور یہ قرآں کا خلاصہ

جس کے لیے مخصوص تھا یہ فخر یہ اعزاز
تاریخ ہوئی اس کی ولادت سے سرفراز

وہ شکر بہ لبِ عالمِ اسلام کی تاریخ
اسلام پہ اللہ کے انعام کی تاریخ

تاجِ سرِ تقویم وہ تقدیس کی ساعت
شہزادیٔ کونین کا ہنگامِ ولادت

لرزاں وہ فضا میں سحرِ نور کا آنچل
پھیلا ہوا جنت کی کسی حور کا آنچل

وہ کیف کا عالم نہ اُجالا نہ اندھیرا
دنیا میں وہ اسلامِ حقیقی کا سویرا

وہ اک خمِ تعظیم دو عالم کی نظر میں
پھیلی وہ خوشی بانیٔ اسلام کے گھر میں

دنیا میں ظہورِ شرفِ مریمؑ وسارہؑ
تقدیرِ امامت کی نبوت کا سہارا

شاعر کی زباں منزلِ افسانۂ رحمت
محفل میں چھلکتا ہوا پیمانۂ رحمت

وہ گردشِ ساغر میں شریعت کی روانی
میخانے میں کوثر کا برستا ہوا پانی

فردوس بکفِ گلشنِ شاداب تولا
صلوٰۃ کا غُل نشۂ ارباب تولا

اک اک شجرِ رونقِ صد وادیٔ ایمن
خوشبو سے مہکتا ہوا پھولوں کا نشیمن

بلبل کی زباں پر وہ قصیدہ کا ترنم
جاگی ہوئی کلیوں کا متانت سے تبسم

ہر بات میں پاسِ ادب وحفظِ مراتب
مدحت کی تلاوت میں وہ آوازِ مناسب

انساں سے کیا اس کے مراتب کا بیاں ہو
اے صلِ علیٰ گیارہ اماموں کی جو ماں ہو

خدمت کے لیے آئے ہوئے روحِ امیں تک
بیٹھی ہوئی اک ڈاک فرشتوں کی زمیں تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیبت سے جگہ چھوڑ کے ہٹتا ہوا باطل  بڑھتا ہوا حق اور سمٹتا ہوا باطل
احسان ہے اس گوہرِ پاکیزہ صدف کا  پروردہ ہے اسلام اسی بیت شرف کا
آئینۂ کردار میں تنویرِ پیمبرؑ  ہرشان ہر عنوان سے تصویرِ پیمبرؑ
کیا طبقۂ نسواں کی ہدایت کا ہے ساماں  ہاتھ آسیا گرداں میں زباں قاریِ قرآں
کونین ہیں زہراؑ کے اس اعزاز پہ ششدر  حسنینؑ کی فردوس ہے اک گوشۂ چادر
موجود پیمبرؑ بھی ہیں اور اس پہ یہ رفعت  تطہیر کی محفل میں ملی اس کو صدارت
اسلام کی تنظیم ابھی تک تھی ادھوری  کاشانۂ زہراؑ میں یہ دولت ہوئی پوری
ہے اس کی ولا خُلد میں جانے کا ذریعہ  ہم کیا ہیں پیمبرؑ بھی تمام اس کے ہیں شیعہ
منصب نہ سہی کچھ بھی کیا کارِ نبوت  بچوں میں بھی اس گھر کے ہیں آثارِ نبوت
جاری ہیں ہر اک دور میں قدرت کے فرامین  سب اس کی کنیزی میں ہیں عالم کی خواتین
نسواں میں ہے تبلیغ کے دستور کی خالق  خود نور ہے اور سلسلۂ نور کی خالق
مالک ہے وہ کونین کی کچھ اس میں ہے شک بھی  ہمت ہے تو چھینے کوئی جنت کا فدک بھی
دربار خلافت کا تھا ہیچ اس کی نظر میں  حق اپنا جتایا بھی تو اللہ کے گھر میں
آواز بھی اس کی نہ گئی گوشِ جہاں میں  خطبہ دیا پیغمبرؑ آخر کی زباں میں
لہجے کی وہ تمکین وہ تقریر کے تیور  اُٹھی در و دیوار دماغوں کے ہلا کر
دامن پہ حکومت کے رہا داغ فدک کا  تا حشر ہے اب شعلہ بدل باغ فدک کا
اُمت ترے صدقے گُلِ ریحانِ پیمبرؑ  تو محسنِ اسلام ہے اے جانِ پیمبرؑ
فطرت ہمہ تن گوش ہے ہاں اور نہیں پر  تو چاہے تو فردوس اُتر آئے زمیں پر
تخلیق کے منشور کی اے آیتِ محکم  صدقے میں ترے خلق ہوئے ہیں یہ دو عالم
قرباں ترے شہزادوں پہ جنت کے چمن ہیں  تیرے گُلِ مقصود حسینؑ اور حسنؑ ہیں

عزّت میں پیمبرؑ کا الم ہوگیا تازہ
جس شب کو مدینہ میں اٹھا ترا جنازہ

O

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

میرا مطلع ہے طلوعِ آفتابِ معرفت — حُسن کی تنویر ہے اور عشق کی تفسیر ہے
کیا عجب ہے حُسن کی شہرت جو عالم گیر ہے — یہ خدائے حُسن کے محبوب کی تصویر ہے
شہریارِ صلح کا مسلک گریباں گیر ہے — آج کس کس ذہنیت میں امن کی تدبیر ہے
آیۂ تطہیر میں شامل ہے اس کا ذکر کیا — میرا شہزادہ سراپا آیۂ تطہیر ہے
بانیِ اسلام بوسے اس زباں کے کیوں نہ لے — جس زباں سے اعتبارِ نعرۂ تکبیر ہے
معتبر ہے اس کے جلوے سے کتابِ کائنات — ہر ورق پر حُسن کی اک منفرد تصویر ہے
کل علیؑ تھے آج ہیں دوشِ پیمبرؐ پر حسنؑ — اب حسینؑ آنے کو ہیں کچھ دن ہی کی تاخیر ہے
اے مسلماں منزلت اس خانوادہ کی نہ پوچھ — اللہ اللہ دوشِ فخرِ انبیاء جاگیر ہے
آج بھی اس کے گھرانے کی شجاعت کے طفیل — اس نئی دنیا میں ذکرِ جوہرِ شمشیر ہے
اس کے صدقے میں ملا ہے منصبِ انسانیت — اس کا احساں گردنِ انساں میں اک زنجیر ہے
روحِ آزادی فدا اس پائے در زنجیر پر — اس کی الفت جس کسی کے پاؤں کی زنجیر ہے
جس زباں کا روزمرہ بھی ہے قرآں کی مثال — اُس زباں کو ان لبوں سے نسبتِ تقریر ہے
دل جگر کے اس نے ٹکڑے رکھ دیئے بنیاد میں — کیا یونہیں کامل خدا کے دین کی تعمیر ہے
اس خوشی کے دور میں ذکرِ مصائب کیا کروں — منقبت ہے یا صدائے نالۂ شب گیر ہے
عظمت اس معصوم کی انساں سمجھ سکتا نہیں — کیا خبر انسانیت کو کیا حدِ تطہیر ہے
وہ اگر چاہے بدل سکتا ہے تقدیری نظام — اس کی انگلی رہنمائے خامۂ تقدیر ہے
اس خلافت کی حقیقت کیا ہے اس کے سامنے — جب امامت اور رسالت اس کی اک جاگیر ہے
اس کی صلح برمحل کا بھی ہے آوازہ وہاں — جس جگہ آوازۂ تہلیل ہے تکبیر ہے
اہلِ ایسی منزلت کا ہر کس و ناکس نہیں — عشق ہے محدود اس کا حسن عالم گیر ہے
اس کے نامِ پاک کی تاثیر کا کیا پوچھنا — جس کے مداحوں کے ایک اک لفظ میں تاثیر ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جینے والو ایسا موقع ہاتھ سے جانے نہ دو     کوئی اس پر جان دینے کی اگر تدبیر ہے
فضلِ خالق سے مرے افکار میں اشعار میں     فلسفہ ہے عجمِ غالبؔ کا زبانِ میرؔ ہے

○

# منقبت

اسلام کی تاریخ کا وہ عہد یگانہ     دنیا میں وہ قرآن اُترنے کا زمانہ
مرکز سے وہ الطاف و عنایات کی بارش     وہ بانیٔ اسلام پہ آیات کی بارش
مخمور عبادت سے فضا شام و سحر کی     دن تشنگیٔ صوم کا شب دیدۂ تر کا
ڈوبا ہوا نصفِ رمضاں نور کی رَو میں     خیرو برکت ماہِ دو ہفتہ کے جلو میں
لہروں پہ لیے چاند کو گردوں کا سمندر     پھولا ہوا جس طرح کنول تال کے اندر
آنکھیں کبھی کھولے کبھی موندے ہوئے تارے     سب وقت کی مایا نہ ہمارے نہ تمہارے
تسبیح میں تہلیل میں گم بوذر و سلماں     بھولے ہوئے اپنے کو ریاضت میں مسلماں
آیاتِ الٰہی سے بھری قلب کی جھولی     آوازِ پیمبرؐ کی اور اللہ کی بولی
الفاظ کے پیکر میں وہ معنی کی تجلّی     فرمان کا فرمان تسلّی کی تسلّی
تخئیل سے آگے کبھی انسان کی منزل     ہر گام پہ ہر سانس پہ قرآن کی منزل
ابجد کو شرف ناز لسانِ عربی کو     تسلیم سماعت کی زبانِ عربی کو
لہجہ میں مٹھاس اور زبانوں میں لطافت     رگ رگ میں سمائی ہوئی روزوں کی حرارت
پگھلی ہوئی شمعوں کی طرح قلب میں نرمی     روزوں کی حرارت میں عرب دیس کی گرمی
دنیا میں وہ اک طفلِ حق آگاہ کی آمد     وہ صلح کے شہزادۂ ذی جاہ کی آمد
عالم میں وہ تبلیغِ شریعت کا تسلسل     دس بیس گھرانوں پہ تولد کا توکل
وہ خلق کی تسکین مروت کا دلاسا     اللہ کے محبوب پیمبرؐ کا نواسا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

جس نے دلِ ملت میں محبت کا بھرا رنگ — وہ جس کی خدا داد حکومت کا ہرا رنگ
آغوشِ پیمبرؐ میں اثر حُسن کا دونا — اسلام کی قربانیٔ اعظم کا نمونا
اللہ نے قرآں کی طرح نام اُتارا — اللہ کے بندوں نے حسن کہہ کے پکارا
اللہ نے چاہا جسے اس نام کے صدقے — جس کام کو پیدا ہوئے اس کام کے صدقے
تصویر جواں مردیٔ تسلیم ورضا کی — پہلی وہ کڑی سلسلۂ کرب و بلا کی
آنگن میں جو مسجد کے نہ تھا کھیلنے والا — قدرت نے بنایا انہیں اس گھر کا اُجالا
ملت کی شبِ تار جوانی پہ جب آئی — اسلام کی تاریخ میں وہ شمع جلائی

تقلید محمدؐ تھی جو تائید علی تھی
جو دستِ رسالتؐ سے حدیبیہ میں جلی تھی

## منقبت

مرا دل فدائے امامِ حسن ہے — زباں ہے مری اور نامِ حسن ہے
جو والفجر چہرہ ہے واللیل گیسو — یہ صبحِ حسن ہے وہ شامِ حسن ہے
وہ دوشِ پیمبرؐ پہ جلوہ فگن ہیں — خبر کس کو تھی یہ مقامِ حسن ہے
حسین و حسن کی محبت میں گزرے — یہی زندگی کا نظامِ حسن ہے
مری جنگ یا صلح کچھ ہو کسی سے — بنامِ حسین اور بنامِ حسن ہے

بہت کچھ سنے گا بہت کچھ سہے گا
کہ نجمِ سخنور غلامِ حسن ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

صورت ہے ایک حُسن کہو یا حسنؑ کہو
کیوں جان ایسے نام پہ رکھ دوں نہ وار کے

خالی ہیں جام نشہ نہ گھٹ جائے میکشو
طاقِ ولا سے لاؤ صراحی اتار کے

آفاق میں علیؑ کا ولی عہد آ گیا
لو آج دن بھی پھر گئے لیل و نہار کے

رحمت کی ہے یہ شان کسی کو خبر نہ تھی
سب منتظر تھے رحمتِ پروردگار کے

اک دن یہ ہوں گے دوشِ پیمبرؐ پہ جلوہ گر
کیوں لائے کوئی عرش سے کرسی اتار کے

بڑھ جائے گی کچھ اور بھی کعبہ کی آب و تاب
آئیں گے جب قبائے امامت سنوار کے

کیا انتظار ہو گا نہ ماں باپ کو مگر
یادِ خدا میں کٹ گئے دن انتظار کے

○

# خالقِ نجات

پردہ تھا اک ازل کا زمیں تھی نہ آسماں
پردہ کا لفظ بھی رخِ معنیٰ پہ ہے گراں

جنبش نہ اضطراب نہ لرزش نہ احتجاج
جیسے ہو کوئی قاہر و جابر نگاہ باں

کیونکر کہوں کہ معنیٔ بے لفظ تھے محیط
اب آئے ہیں یہ لفظ و معانی کشاں کشاں

شاعر اگر غبار کی دنیا کہے اسے
عارف کے سوزِ قلب سے اٹھنے لگے دھواں

اس سے بلند جا نہ سکی فکر آب و گل
کچھ ہے ضرور جس سے یہ سب کچھ ہوا عیاں

کب قدرتِ نگاہ ہوئی خلق کیا کہیں
نادیدنی جو تھا وہی دیکھا نہیں سماں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ ذوق حسن کاری و تخلیق دیکھنا — واجب ہو جس کے ذہن میں ممکن نہ ہو جہاں
اک نور کی لکیر سے پیدا ہوئی حیات — ظلمت کو کیا شعور کہ یہ نور تھا کہاں
دو ہستیاں نگاہ میں آئیں بلند و پست — اک اضطراب میں سوئے پستی رواں دواں
جو افتتاح جادۂ پیغمبری کرے — اس ہستی بلند کی اللہ رے عزو شاں
خورشید آگے آگے دکھاتا ہوا چراغ — پیچھے قمر بھرے ہوئے تاروں سے جھولیاں
سجدوں کا جیب فخر میں رکھے ہوئے خراج — اونچی جبیں پہ تاج خلافت کا ضوفشاں
یہ شان اور دانۂ گندم کا دل پہ داغ — یہ روح کائنات یہ احساسِ جانستاں
سوئے زمیں چلے جو مسافر بہشت کے — آواز دی فلک نے مودت نگاہباں
منظر ہوا نگاہ میں تبدیل یک بیک — طوفاں تھا اک عذاب کا قرآن درمیاں
پستی میں عجز تھا نہ بلندی میں افتخار — ہمدوش ہوگئے تھے زمیں اور آسماں
دوزخ سوادِ آب کے چھینٹوں سے مضطرب — خورشید کی زبان پہ تسبیح الاماں
کیا دیدنی تھا ایک سفینہ کا حوصلہ — موجوں کی جس نے توڑ کے رکھ دیں کلائیاں
حیرت سے دیکھتے تھے ستارے جھکے ہوئے — لہروں کی حرب وضرب میں کشتی کا آشیاں
سرکش وہ اک حباب وہ اک ڈوبتا شباب — وہ میرِ کاروانِ بغاوت کہ الاماں
کشتی سے ناخدا کی وہ حسرت بھری نظر — وہ ہر نظر تعلق خاطر کی داستاں
وہ احتجاج بارگہِ بے نیاز میں — دو ٹوک وہ جواب وہ احساس امتحاں
طوفاں ہوا جو سرد تو اک طفلِ مہ جبیں — ذرات کے ہجوم میں تھا حمد بر زباں
چلتی ہوئی زبان پہ توحید کا سبق — باندھے ہوئے کھلونوں کی ٹانگوں میں رسیاں
آتش عقب میں پھول اگلتی ہوئی مگر — پھولوں پہ آب ورنگ تھا شعلے تھے نیم جاں
اک اک قدم جوانی و پیری کا انقلاب — ہر لمحہ آزمائش و ہر لحظہ امتحاں
اپنے گلے پہ آپ ہی رکھے ہوئے چھری — اپنی ہی جان آپ ہی قسمت سے جانستاں
وہ یک بیک نوازشِ ذبحِ عظیم سے — اک بے بساط خنجر و گردن کے درمیاں
اس حیرتِ نظر سے جو رخصت ہوئی نظر — زور آزما تھا راہ میں اک حسن بے اماں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مفہومِ حق روی سے جذباتِ راستی سے
بیگانہ ہو چلی تھی انساں کے دل کی دھڑکن

وہ لے گیا بچا کر اک پورے کارواں کو
ہر موڑ پر تھے کتنے فکر و نظر کے رہزن

کیا بیر ہے نہ جانے دنیا کو اس کے گھر سے
کچھ صلح کے مخالف کچھ جنگ سے ہیں بدظن

نظریں اٹھائیں کیونکر تاریک دور والے
اسوہ حسینؑ کا ہے مانند روزِ روشن

ہر عہد میں غم اس کا تائیدِ اہلِ حق ہے
باطل سے جنگ ہے یہ فریاد ہے نہ شیون

جو اس کا ہے مخالف محمود ہے نہ احمد
فطرت نہیں چھپاتا ناموں کا رنگ روغن

حق کے غلام بھی ہیں حق سے مخالفت بھی
رہبر کا بھیس بدلے ملتے ہیں کتنے رہزن

ایماں فروشیوں کی بھڑکی ہے آگ جب سے
ابنِ کثیر جیسے بنتے رہے ہیں ایندھن

ہو جاتی ہے یہ بدعت جب دل جلا ہوا ہو
مدح حبیب میں بھی آتا ہے ذکرِ دشمن

اس کی ولا کا صدقہ دو مشغلے ہیں میرے
یا مدح کا ترانا یا آنسوؤں کی سمرن

عشق حسینؑ میں ہے اے نجم اب یہ منزل
مدت سے آرزو ہے دل کی بوجہ احسن

روحی فداک کہہ کر پھر کچھ نہ کہہ سکوں میں
جب موت آ کے توڑے اس زندگی کے بندھن

سولی پہ بھی قصیدہ ساقی ہی کا سنایا
تیغِ زباں سے اپنی کٹ کٹ گئے ہیں دشمن

میخانۂ ولا کو ہونے دیا نہ ویراں
محفل میں روشنی کی دل کا جلا کے روغن

ساقی کے گھر ولادت ہے آیۂ مسرت
ممکن ہے غرقِ مے ہوں میخوار تا بہ گردن

ساقی بھی آج شاید کر جائے چشم پوشی
رندوں کے شور و غل پر منظور ہو نہ قدغن

○

# منقبت

صبر کی شمشیر والے درد و غم کے تاجدار
ہے تری تلوار میں بھی کاٹ مثلِ ذوالفقار

تیری ماں وہ ذی شرف ہے نواماموں کی ہے ماں
اے عرب کے شاہزادے اے عجم کے شہریار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قید خانے میں تجلی چہرہ پُرنور کی — حریت کی شان سے روشن جہانِ تنگ وتار
بعد تیرے سات اماموں نے کیا زنداں پسند — دین و دنیا میں میسر کس کو ایسے ورثہ دار
ایک ہی دن کے لیے تھی جنگِ عاشورہ مگر — آج تک جاری ہے تیری انقلابی کارزار
جھومتے جاتے ہیں جس پر آج آزاد و اسیر — اِک اشارہ تیرے نقش پا کا ہے وہ رہ گذار
وہ دعاؤں کا صحیفہ وہ زبورِ اہلِ دل — جس کے اک اک حرف پر صدقے بیاضِ روزگار
بے تشدد جنگ سیکھی تجھ سے اہلِ ہوش نے — آج تیرے صبر کے جوہر ہوئے ہیں آشکار
کل حقارت سے جسے دیکھا تھا اہلِ شام نے — وہ اسیری آج ہے سرمایۂ صد افتخار
ضبط سے تیرے نمایاں اضطرابِ کائنات — بے کسی میں تیری پنہاں انقلابِ روزگار
لاکھوں بوسے تیرے زخمی پاؤں کی زنجیر پر — جس کی ہر آواز تھی تجھ کو نوائے خوش گوار

نجم اس کی نذر ہے یہ زلزلہ انگیز نظم
جس کی حسرت ناک خاموشی تھی طوفاں درکنار

O

## منقبت

صادق آلِ محمدؐ وارثِ خیرالانام — حُسنِ مطلق کے پیمبر عشقِ برحق کے امام
لو لگا کر تجھ سے روشن ہے طریقت کا چراغ — درس لے کر تجھ سے قائم ہے شریعت کا نظام
ساری دنیا خوشہ چیں ہے اے خداوندِ علوم — کس کو ہے معلوم تیرے علم و حکمت کا مقام
یہ امامت کا تسلسل ہے رسالتؐ کا فروغ — اے امام ابن امام ابنِ امامؑ ابن امام
پانچ پشتوں سے ذخیرہ کر رہی تھی کائنات — پھر بھی تیری منزلت کی داستاں ہے نا تمام
جھک رہی ہیں گردنیں دانشورانِ خلق کی — کتنے ملکوں کتنی قوموں تک ترا پہنچا پیام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چاندنی سی کھل رہی ہے ترے ذکر و فکر کی
لے رہا ہے وقت تیرے دشمنوں سے انتقام

توحدِ فاصل ہے اک عبد واحد کے درمیاں
کلمۂ توحید سے پوچھے کوئی تیرا مقام

منحصر اس امر پر ہو اک نگاہِ لطف اگر
آج کردوں اپنی ساری خواہشوں کا قتلِ عام

اہلِ دل کو ایسی دولت سے بچائے کردگار
بے خبر ہیں منزلت سے تیری دولت کے غلام

فکر ہے مدحت میں عاجز دم بخود ہوش و خرد
منزلِ حق کے مہ کامل ستاروں کا سلام

○

# منقبت

## فروغِ ملّت بیضا

شریعتوں کا خلاصہ ہیں جعفرِ صادقؑ
امامِ اہلِ تولّا ہیں جعفرِ صادقؑ

رسالتوں کی ہوئی شرح جن کے لفظوں سے
وہ علم و فضل کا دریا ہیں جعفرِ صادقؑ

شرافتوں کے پیمبر نجابتوں کے امین
امینِ وحی کے مولا ہیں جعفرِ صادقؑ

ارادتوں میں ہے ان کی نگاہِ لطف سے جاں
عقیدتوں کی تمنّا ہیں جعفرِ صادقؑ

لطافتیں ہوئیں جن کے وجود سے قائم
حبیبِؐ حق کا سراپا ہیں جعفرِ صادقؑ

ریاضتوں کو ملا ہے انہیں کے در سے شرف
رئیسِ کشورِ تقویٰ ہیں جعفرِ صادقؑ

حقیقتوں کی مفسّر ہے جو دو عالم میں
وہی حقیقتِ کبریٰ ہیں جعفرِ صادقؑ

جلالتیں نہ ہوں کیوں ان کے در پہ سربسجود
جلالِ خالقِ یکتا ہیں جعفرِ صادقؑ

انہیں کے نقشِ قدم پر طریقتیں ہیں رواں
رہِ سلوک میں تنہا ہیں جعفرِ صادقؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بلندیاں انہیں جھک جھک کے کر رہی ہیں سلام　　فرازِ عرش کا تارا ہیں جعفرِؑ صادقؑ
صداقتوں کی تجلّی ہے ان کا حُسنِ سخن　　حجابِ قدس میں گویا ہیں جعفرِؑ صادقؑ
تمام روشنیاں ہیں انہیں کے نور سے تجسم
فروغِ ملت بیضا ہیں جعفرِؑ صادقؑ

○

# منقبت

لسانِ قدرت یکتا امامِ جعفرؑ صادق　　بحق ساکت بحق گویا امامِ جعفرؑ صادق
خدا چاہے اگر بن جائے میرا دل محبت میں　　تمہارے نام کا طغرا امامِ جعفرؑ صادق
محبت ہو تو بالاتر ہے نعماتِ دو عالم سے　　تمہارے در پہ اک سجدا امامِ جعفرؑ صادق
تمہاری اک جھلک پر اک نظر پر اک اشارے پر　　فدا دنیا و مافیہا امامِ جعفرؑ صادق
قبائے صدق بر میں تاج ہے سر پر ولایت کا　　امامت ہے تمہیں زیبا امامِ جعفرؑ صادق
مرا دل کب سے قدموں میں پڑا ہے پاک ہونے کو　　ذرا پامال کر دینا امامِ جعفرؑ صادق
مصایب سینکڑوں ہیں غم ہزاروں مشکلیں لاکھوں
تمہارا تجسم ہے تنہا امامِ جعفرؑ صادق

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

اے کہ تجھ کو مہد میں آیا امامت کا پیام
تجھ پہ عمرِ خضر صدقے اے مرے کمسن امام

تیری صورت پر درود اور تیری سیرت پر سلام
حُسنِ مطلق کے پیمبر عشقِ برحق کے امام

عہدِ طفلی پر ترے برنائی و پیری نثار
چھ برس کی عمر اس پرشش جہت کا انتظام

لے کے بیٹھی ہوگی خود روحِ نبیؐ آغوش میں
اے تعالی اللہ تری مسند نشینی کا نظام

کھیل کے دن سن فریضہ قوم کی تنظیم کا
وہ لڑکپن اور وہ سنجیدگی کے صبح و شام

آٹھ پشتوں سے ذخیرہ کر رہی تھی کائنات
پھر بھی تیری منزلت کی داستاں ہے نا تمام

○

# منقبت

## مصدرِ کمال

خرامِ ناز میں نہاں سکونِ روز گار ہے
ضرور کوئی آئے گا زمانہ بیقرار ہے

وہ آئے گا پھر آئے گا یہ قول ہے قرار ہے
کسی کے دل کو ہو نہ ہو ہمیں تو اعتبار ہے

بزرگ جن کے عمر بھر اٹھا گئے ہیں زحمتیں
رہیں ذرا وہ چین سے یہ کس کو ناگوار ہے

کہیں کچھ اور شان سے کہیں کچھ اور نام سے
تمام کائنات کو اسی کا انتظار ہے

فراق میں بھی اس کے ہیں عجب طرح کی لذتیں
خدا کی شان دیکھنا کہ درد خوشگوار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ازل میں اس کے سامنے وجودِ آب و گل ہوا — کھلی ہوئی نگاہ میں بیاضِ روزگار ہے

نگاہ روبرو ہیں سب زمین ہو کہ آسماں — شہود و غیب ہر جگہ نظر بروئے کار ہے

ہمیں نہیں ہیں سامنے نظر کا سامنا بھی ہے — ہماری ہی طرف سے کچھ یہ طولِ انتظار ہے

حجاب اُس طرف کہاں وہ نورِ کردگار ہے — اِدھر ہی چشمِ شوق پر یہ پردۂ غبار ہے

اسی کا ظلِ عاطفت بقائے نور و نار ہے — پیمبرِ حیات ہے حیات بھی نثار ہے

حیات اس کی پیروی ہے موت اس سے بے رخی — وہ زندگی کی جیت ہے یہ زندگی کی ہار ہے

ازل سے نفس پاک میں ہیں جوہرِ پیمبری — رسالت اس کی ہے نہاں امامت آشکار ہے

دماغ و دل میں متحد رسالتیں امامتیں — زبان پر خلاصۂ پیامِ روزگار ہے

شباب لافتی بھی ہے مزاجِ ہل اتیٰ بھی ہے — یہ شان کہہ رہی ہے خود نبیؐ کا ورثہ دار ہے

زہے شکوہِ خسروی کہ دستِ حق پرست میں — کتاب ہے رسولؐ کی علیؑ کی ذوالفقار ہے

حکومت اس کی دیدنی ہے کشورِ حجاب میں — جھلک بھی جبر کی نہیں یہ حُسنِ اختیار ہے

تباہ کار فلسفے نہ شعلہ بار حکمتیں — نظر نظر لطافتیں قدم قدم بہار ہے

مجال کیا ہے تھم سکے گھڑی بھر اس کے سامنے — جو منبروں پہ وزن ہے جو مسندوں پر بار ہے

نہ مصلحت نوازیاں نہ مسئلہ طرازیاں — دل اس کے عہد میں ہے جو زباں سے ہمکنار ہے

پیامِ امن لائے گا وہ خلق کے لیے مگر — یہ بات ہی کچھ اور ہے جو سر بدن پہ بار ہے

متاعِ حق کے سامنے جھکیں گے دولتوں کے سر — یہ کل کا ہے مقدمہ جو آج کارزار ہے

جگہ بنائی جائے گی غریب قوم کے لیے — وہ آنکھ خون روئے گی نظر سے جس کو عار ہے

گئی ہوئی تو ہے خبر یہ مصدرِ کمال تک — حکومتوں کے نقص کا زمانہ سوگوار ہے

بدل رہا ہے کروٹیں حسینؑ کا لہو ابھی — حسینؑ کی عزا کو بھی اسی کا انتظار ہے

سمجھ غمِ حسینؑ سے مسرتِ ظہور کو

خزاں کی جب یہ شان ہو بہار پھر بہار ہے

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# عہدِ اضطراب

نقابِ رخ الٹ دو حشر اٹھا رکھا ہے دنیا نے
زمانہ مضطرب بیٹھا ہے دیکھیں کون پہچانے

یہ دردِ عشق کی ہے کونسی منزل خدا جانے
تمہارے نام پر سجدا سا کر لیتے ہیں دیوانے

گھٹا صبر و تحمل بڑھ گئی وحشت کی آبادی
یہ دن آخر دکھایا وعدۂ امروزو فردا نے

ہمیں تسکین کیونکر ہو کہ بندے ہیں محبت کے
رموزِ پردہ داری آپ سمجھیں یا خدا جانے

یہ عہدِ زندگی ہے کوئی ہنگامہ نہ ہو جائے
ذرا سی بات پر تیور بدل جاتے ہیں دیوانے

نکلتے ہیں تو گھر سے سر بکف ہو کر نکلتے ہیں
کہ جیسے در پہ حاضر ہے کوئی زنجیر پہنانے

نہ جانے کون سے نقطے پہ ہے نشہ تولا کا
لگا رکھا ہے میخانہ اٹھا رکھے ہیں پیمانے

فقط صلوٰۃ کے نعرے نہیں اب ذکرِ خیبر پر
دل اب انگڑائیاں لیتے ہیں سن سن کر یہ افسانے

بہت صدیاں گزر جانے پہ اشکِ غم کی رت بدلی
دیا ہے پیرہن شعلوں کا دردِ کار فرما نے

خدا رکھے تمہیں نے ہدیۂ توفیق بھیجا ہے
منظم ہو چکے بکھرے ہوئے تسبیح کے دانے

ضیا پھیلے تو کھل جائے حقیقت خود پرستوں کی
کسے معلوم ہے آتش بجاں کتنے ہیں پروانے

الٹ جائیں گے سب پردے جو خضرا کا حجاب اٹھا
ہزاروں کعبۂ دل میں چھپا رکھے ہیں بت خانے

جسارت دیدنی ہے بے حقیقت مے فروشوں کی
مئے انگور کے چھینٹے لبِ کوثر کے افسانے

لپٹ جائیں گے ذرے طینتِ فاضل کے دامن سے
رہیں گے دور ہی قدموں سے بیگانے تو بیگانے

ازل سے معرفت حاصل ہے ہم کیوں ہچکچائیں گے
مزا بیعت کا جب ہے ہاتھ کو جب ہاتھ پہچانے

ودیعت کر دیا نظمِ دو عالم کار فرما نے
تمہیں آؤ تو آؤ گتھیاں ذہنوں کی سلجھانے

یہ دنیا بھی تمہاری ہے تم اس گھر کے بھی مالک ہو
ذرا دیکھو تو کیا صورت بنا رکھی ہے دنیا نے

نہ راس آیا کوئی طرزِ حکومت ملکِ ہستی کو
وہ عقلیں تھک گئیں جن کو چنا تھا اہلِ دنیا نے

زمانہ ڈھونڈتا ہے ایک مسلک امن و راحت کا
کہاں ہے فطرتِ اسلام کی نازش خدا جانے

خدارا اب سکونِ دل کی دولت لے کے آ جاؤ
مکمل ہو چکے سب اضطرابِ غم کے افسانے

ترقی لے گئی تھی خیر سے جتنی بلندی پر
اسی پستی میں پھینکا ہے وہیں سے نازیبا نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

غضب کا معرکہ تھا اور قیامت کی صف آرائی
ہوئی اسلام اور انسان میں جس دن شناسائی

معاذ اللہ پورا عالمِ قدسی مخالف تھا
فلک پر دیدنی تھی خاک کے پتلے کی تنہائی

اکیلا آدمی مافوقِ مخلوقات کا نرغہ
سکوں خوابِ عدم کا اور یہ ہنگامہ آرائی

نئی دنیا نئی محفل نئی آنکھیں نیا منظر
نظر کے ساتھ ہی آثار نے لو نیکی ٹھہرائی

مسافر اجنبی اور صحبتِ ناجنس ارے توبہ
ستارے ہنسنے والے مہر ومہ خالی تماشائی

اُدھر پھیلی ہوئی جنت اُدھر بھڑکا ہوا دوزخ
دوراہے پر یکایک روح اور پیکر میں یکجائی

مزاجِ نور برہم آب وگِل کی شمع روشن سے
روش بدلے ہوئے اپنی ہوائے محفل آرائی

عجب ماحول میں آنکھیں کھلیں مقصودِ قدرت کی
جہالت سرکشی کفرانِ نعمت ناشکیبائی

فضائے شکر میں اٹھتی ہوئی لہریں شکایت کی
زبانِ جملہ پر بدلا ہوا اندازِ گویائی

گناہِ رشک جولاں مرکزِ تقدیس وعصمت میں
خدا کے گھر میں نافرمانیِ پندار خودرائی

سماعت بہرہ ور آوازۂ صُورِ تکبر سے
بغاوت کی اداکاری سے لطف اندوز بینائی

نظامِ جلوہ گاہِ قدس کے بگڑے ہوئے تیور
مقامِ بحث میں وارد اصولِ ناصیہ سائی

فرشتوں کا وطن انسان اورنگِ صدارت پر
وہی مرکز نگاہوں کا وہیں ذہنوں کی یکجائی

سرپُر نور پر سجتا ہوا دیہیم حکمت کا
امانت دار کاندھوں پر قبائے علم و دانائی

مجسّت احسنِ تقویم کا ڈالے ہوئے آنچل
قدِ آدم شبابِ اصطفا کی جلوہ آرائی

چراغِ وادیٔ سینا کو لو دیتی ہوئی نظریں
جبیں کے طور سے روشن جلالِ کارفرمائی

متاعِ ہوش میں اسرارِ کرّمنا بنی آدم
سرورِ گوش اِنّی جاعِلٌ کی نغمہ پیرائی

لطافت ذہن کی سرمایہ دارِ علم الاسما
نفخت فیہ من روحی کی پیکر میں توانائی

ظہور اپنا خداوندی کے منصب کی بلندی سے
نشیبِ عبدیت میں ماسوا کی بزم آرائی

نیازِ حاملانِ عرش و کرسی اپنی خدمت میں
خدا کے سامنے بندے کی چوکھٹ پر جبیں سائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ یکسر گردنیں جھکتی ہوئی بیگانہ سازوں کی
نظر پہلے پہل جبری حکومت کی تماشائی

سزائے سرکشی کا وہ جلالت آزما منظر
نمودِ اختیارات جہانداری و دارائی

یہ مشتِ خاک اور سجدہ میں لا ہوتی و ناسوتی
کہاں تک دل نہ کرتا کبر و نخوت کی پزیرائی

جوانِ حالات و کیفیات میں سوتے سے چونکا ہو
تعجب ہے اگر اس کو نہ ہو پندارِ یکتائی

ہزار اسباب تھے ایسے نہ بدلا پر مسبب سے
محمدؐ کا سلف آلِ محمدؐ کا تولائی

یہی آلِ محمد ہیں شرافت نسلِ آدم کی
یہی گھر ہے جہاں انسانیت نے پرورش پائی

نظر والے مکمل جلوہ انسانیت دیکھیں
مبارک صبحِ میلادِ حسینؑ ابنِ علیؑ آئی

ولادت کی خبر پہنچا کے دربارِ رسالت میں
مدینہ کی ہوا پیغمبری پر اپنی اترائی

سفیرِ فکر بہرِ نذر لایا وہ نیا مطلع
اُبھر کر فطرتِ شاعر نے خود تعظیم فرمائی

حسینؑ آئے بقائے دینِ فطرت کی نوید آئی
نبیؐ نے فاطمہؑ کے سامنے پھر گود پھیلائی

ضیائے حُسن سے والفجر کی صورت پہ نور آیا
نگاہِ لطف سے واللیل کے پیکر میں رعنائی

صلائے عام دی والعصر بن کر جس کے اسوہ نے
زبانِ حق نے جس کے عصرِ روشن کی قسم کھائی

حبیبِ حق کو پھر ایسا کوئی تحفہ نہیں آیا
سلام آئے پیام آئے بہت وحیِ خدا آئی

دیا آغوشِ پیغمبرؐ میں کھیلے صحنِ مسجد میں
نبیؐ کے گھر کی دولت تھی خدا کے گھر کو ہاتھ آئی

نبیؐ کے دوش کو اجرِ رسالت بن کے زینت دی
تبسم نے کلام اللہ کی تفسیر فرمائی

نہائے چشمۂ تطہیر میں سنورے مودّت سے
تڑپ کر آئے ابناونا نے گود پھیلا آئی

متانت دی لڑکپن کو شریکِ ہل اتا ہو کر
اسی عنوان سے بڑھتا گیا ذوقِ خود آرائی

ملائیں ان سے نظریں یا حُسن نے آئینہ دیکھا
ظہور اپنا ہی پایا اپنی ہی صورت نظر آئی

زبانِ قدس ہر دم منتظر تھی ان کے اسوہ کی
ادھر میدان میں اترے ادھر آیت اتر آئی

زہے تقدیر جن آنکھوں نے دیکھا ہو یہ نظارہ
ہنسے ہوں گے بہت بھائی کی صورت دیکھ کر بھائی

بڑھا سن جس قدر ان کا بڑھی اسلام کی قوت
شبابِ دینِ حق بن کر جوانی کی بہار آئی

خدا کی راہ میں باندھے گئے عقدِ محبت بھی
چلی یاں حُسن والوں کی نہ سلمائی نہ لیلائی

پیمبرؐ بھی شہادت کے شرف میں ہوگئے شامل
نواسے کی ادا نانا کو کچھ ایسی پسند آئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی قائد کا نعرہ تھا اسی کی گونج ہے ابتک — یہ آزادی زمانہ آج ہے جس کا تمنائی
فضائے جنگ میں مانی ہوئی شانِ جہاد اس کی — مسلّم اُس کی قرباں گاہِ آزادی میں یکتائی
تلاطم آج تک ہے اس کی طوفاں آزمائی کا — لرزتا ہے حسینی مجلسوں سے چرخِ مینائی
دو عالم کے فدا کاروں کی قربانی پہ بھاری ہے — حصارِ ظلم میں اس کی عظیم الشان تنہائی
وہی نقشِ قدم ہیں رہنما ہمت کی راہوں میں — زمانہ کی سرآنکھوں پر ہے اس کی جادہ پیمائی
سبق لیتے ہیں در پردہ اسی کے کارناموں سے — ترقی خواہ قوموں میں قیادت کے تمنائی
حسین ابن علی اے نورِ وحدت روحِ یکتائی — مبارک تجھ کو تیرہ سو برس سے کار فرمائی
ترے دم سے غریبوں کی زباں پر حرفِ حق آیا — ترے تیور سے مظلوموں کے دعوے میں توانائی
عیاں تجھ سے ارادت کے سبب ہر آنکھ میں آنسو — نہاں تیری محبت کے لیے ہر دل میں گہرائی
نہ جانے ہند کی مٹی کو کتنا عشق ہے تجھ سے — مسلمانوں کا کیا ہے ذکر ہندو ہیں تو لائی
محبت میں یہ دل ہے بے خبر نفسِ محبت سے — سمجھتا ہی نہیں کمبخت سودائی تو سودائی
ابھی ہم کربلا سے تیری منزل تک کہاں پہنچے — ابھی ہے صرف ارضِ کربلا تک جادہ پیمائی
ابھی کیا ذکر ہے مرنے کا جینا بھی نہیں آیا — ابھی ہیں زندگی کے معرکوں میں ہم تماشائی

نگاہیں دیکھتی ہیں اب دماغ اب فکر کرتا ہے
ترے مقصد سے کچھ کچھ ہو چلی ہے اب شناسائی

○

## درشن کا سویرا

شعبان وہ اسلام کا ممدوح مہینا — تقویم کی خوش وضع انگوٹھی پہ نگینا
دنیا وہ اندھیرے میں اجالے میں دو عملی — مغرب سے شبِ ماہ کی اوڑھے ہوئے کملی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ شب کہ شب قدر کو بھی دید کا ارماں
وہ چودھویں تاریخ کے ماتھے پہ چندرماں

چاندی سے جبیں چاند کی سجدوں سے مطلا
تسبیح ستاروں کی تجلی کا مصلاّ

دل کو نگہ شوق کا ہر بار ٹھوکا
پٹ کھولے ہوئے نیمۂ شعباں کا جھروکا

وہ گوشۂ مغرب سے کوئی جھانکنے والا
پچھم میں وہ پورب کے تبسم کا اجالا

بھٹکے ہوئے بھولے ہوئے کھوئے ہوئے دونوں
وہ تیرگی وہ نور سموئے ہوئے دونوں

جیسے کوئی پگھلائے ہوئے نور کا ساگر
اس ڈھب کا اندھیرا کہ ہر اک چیز اُجاگر

شبنم کے گہر رحمتِ معبود کے جھالے
سورج کی اترتی ہوئی کرنوں کے حوالے

وہ صبح جسے خود ید قدرت نے سنوارا
انگڑائیاں لیتا ہوا وہ صبح کا تارا

وہ وقت کہ سجدے رخ گیتی کو نوازیں
اسلام کی دنیا میں نمازیں ہی نمازیں

توحید کے نغموں کی وہ تکرار سہانی
وہ زور اذاں کا وہ اقامت کی جوانی

اخلاص کی خوشبو سے وہ پھولوں کا مہکنا
تکبیر کی آواز پہ کلیوں کا چٹکنا

ترتیل وہ الحمد کی عنوان گزارش
وہ منزل آخر وہ تشہد کی سفارش

وہ دوش پہ لہروں کے تلاوت کی صدائیں
وہ بار اٹھائے ہوئے قرآں کا ہوائیں

رحمت کی گزر گاہ تولا کے اشارے
تقریب دعاؤں کی درودوں کے سہارے

انوار کی بارش کرمِ ایزد باری
تکمیلِ کرم مہدی ہادیؑ کی سواری

دلبندو دل آرام پیمبرؐ کی ولادت
ہمصورت وہمنام پیمبرؐ کی ولادت

ماحول کو معصوم بنائے ہوئے معصوم
معصوم کو سینہ سے لگائے ہوئے معصوم

وہ جلوۂ قائم وہ قیامت کا تبسم
آغوشِ امامت میں امامت کا تبسم

وہ حسن کہ تعیینِ سن و سال سے بالا
رخسار کے اک تل سے دو عالم میں اجالا

سیرت کی زمانے میں بہت روز سے سن گن
صورت کا وہ عنوان کہ اللہ جمیلٌ

بکھرائے ہوئے دوش پہ زلفیں وہ خلیلی
آنکھوں کی طرف دیکھ کے کونین نے پی لی

وہ ذہنِ خدا داد رسولؐ ازلی کا
دل فاطمہؑ کا درد حسینؑ ابن علیؑ کا

چتون کا اشارہ غمِ اسلام کی جانب
تیور وہ قیامت کے نظر شام کی جانب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بات نہ پائی کسی جرأت کے دھنی میں — غصہ وہ بجھایا ہوا خُلقِ حسنی میں
وہ دبدبۂ قیصری وسطوتِ شاہی — فطرت میں یداللہ کی اسلام پناہی
وہ روحِ عمل ولولۂ داد رسی میں — دنیا کو بدل دیں گے یہ ٹھانے ہوئی جی میں
تفریق کم و بیش مٹانے کا ارادہ — اقوام کو اک سطح پہ لانے کا ارادہ
ان قدموں سے لپٹے ہوئے جادہ پہ تصدق — دنیا مرے مولاؑ کے ارادہ پہ تصدق
کردار بہت قوم کا ابتر ہے اب آجا — غیبت میں تری راج لٹا جاتا ہے راجا
ہر شب کو یہ سمجھا کے سلاتا ہے اندھیرا — جیتے ہیں تو ہوگا ترے درشن کا سویرا
پل بھر کو نہ ہاتھوں سے عناں صبر کی چھوٹی — گیارہ سو برس بیت گئے آس نہ ٹوٹی
کمزور ہیں غیرت سے گڑے جاتے ہیں صاحب — دنیا سے بہر حال لڑے جاتے ہیں صاحب
مرتے ہوئے دمِ عشق کا بھرتے ہی رہی ہیں — خاکسترِ مقتل سے ابھرتے ہی رہے ہیں
کس کس نے ہوا ظلم کی بدعت کی نہ باندھی — کس روز چلے گی تری تلوار کی آندھی
دنیا تری منگتا تری مجرائی ہے داتا — ہر قوم میں آمد کی خبر آئی ہے داتا
سیدھی ہے رہِ مہر وفا پھیر نہیں ہے — دل کو ہے یقیں دیر ہے اندھیر نہیں ہے

○

## منقبت

اللہ رے تیری وسعت اے جلوۂ جانانہ — ہر مذہب و ملت میں آمد کا ہے افسانہ
کیا شمع سے نسبت دوں کیا طور کے شعلہ سے — جس نورِ مجسم کا جبریلؑ ہو پروانہ
جانے بھی تو کیا جانے سمجھے بھی تو کیا سمجھے — غافل کو خبر کیا ہے کس وخم سے ہے میخانہ
رِستی ہے لہو بن کر تہذیب کی مے ساقی — دنیا کا تمدن ہے ٹوٹا ہوا پیمانہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسان مکمل آ دنیا کو محبت دے  
غارت گرِ انساں ہے کا فعلِ حکیمانہ

پھر یاد دلا اپنی بھٹکی ہوئی ملت کو  
مومن کے فرائض کا بھولا ہوا افسانہ

مالک کی وہ شہ زوری اور فرش زمیں بستر  
سلماں کی وہ مزدوری اور منصب شاہانہ

اب آکے عوض لے لے سفاک حریفوں سے  
تیرہ سو برس دیکھے انداز کریمانہ

یہ بارھواں ساقی ہے کیا تیغ و سپر باندھے  
اے عشق وفا پیشہ اک نعرہ مستانہ

ساقی کو ذرا آکر میخانہ سجانے دو  
اس وقت بڑھادیں گے پیاسوں کا عزاخانہ

شبیرؑ کے ماتم میں صاحب کی محبت میں  
روتا ہوا عاقل ہوں ہنستا ہوا دیوانہ

## امام منتظرؑ

جب توجہ آنے والے کی اِدھر ہوجائے گی  
دل کو دل سے راہ ہوتی ہے خبر ہوجائے گی

آنے والے اب شریعت معتبر ہوجائے گی  
تیرہ معصوموں کی محنت بارور ہوجائے گی

یک بہ یک تطہیر احساسِ بشر ہوجائے گی  
ذہن میں اک چاندنی سی جلوہ گر ہوجائے گی

راستے میں اتنے سجادے بچھائے جائیں گے  
ہر نمازِ شوق حرفِ معتبر ہوجائے گی

آئنہ بندی کریں گے دہر کی شمس و قمر  
ظلمتِ شب صبح سے شیر و شکر ہوجائے گی

صبح کا منہ آبِ کوثر سے دُھلایا جائے گا  
رات شبنم کے وضو سے بہرہ ور ہوجائے گی

جوہر صدق وصفا کے ہوں گے پہرے ہرطرف  
امن کا گھر زندگی کی رہگزر ہوجائے گی

صبح کو ہوگا ظہور اس جلوۂ معصوم کا  
شام تک زیبا بہ اندازِ دگر ہوجائے گی

کلمۂ توحید بن جائے گی پوری کائنات  
محو سجدہ اک نظر میں ہرنظر ہوجائے گی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانس بھی لے گا نہ کوئی دینِ فطرت کے خلاف
اس قدر تطہیرِ افکارِ بشر ہو جائے گی

غرق ہو گا سامعہ کیفِ حدیثِ دوست میں
ہر نظر مفہومِ فردوسِ نظر ہو جائے گی

خیر و شر کا مسئلہ دم بھر میں حل ہو جائے گا
ساری دنیا اُمّتِ خیرالبشر ہو جائے گی

اپنی اپنی حد میں ہوں گے حکم کے سب منتظر
دم بخود تا بندگئ سیم و زر ہو جائے گی

آیتیں قرآن کی جیسے مجسم ہو گئیں
زندگی انسان کی یوں معتبر ہو جائے گی

بیٹھتے اُٹھتے زباں کا ورد ہو گا یا علیؑ
معرفت عترت کی معیارِ بشر ہو جائے گی

سورۂ الحمد کی تفسیر بن جائیں گے ہم
قومِ شیعہ پاک سے پاکیزہ تر ہو جائے گی

تین سو تیرہ سپاہی لے کے آئے گا فقط
پوری دنیا کفر کی زیر و زبر ہو جائے گی

اس جبیں پر ڈال دیں گے بل یہ آب و گِل اگر
روح بحر و بر خلافِ بحر و بر ہو جائے گی

قوم یوں بے چین ہو گی دیکھ کر شانِ جہاد
جیسے اس کے دست و بازو کو نظر ہو جائے گی

کارنامہ جن کا ہے یومِ عدوئے اہلِ بیت
ان کی یہ خدمت مکمل دار پر ہو جائے گی

ختم ہو جائیں گے سارے دشمنانِ خیرِ حق
قسطِ آخر جب رواں سوئے سقر ہو جائے گی

آخری اِک ہو گا ماتم فاطمہؑ کے چاند کا
کائناتِ دردِ دل زیر و زبر ہو جائے گی

مدح میں ہے جن کی توحید و رسالت ہم زباں
شاعری موقوف ان کی مدح پر ہو جائے گی

○

# روح کی فریاد

گیارہ سو سال سے ایک آنے والے کے انتظار میں……

بدلا ہوا ہے دہر کا عنواں ترے بغیر
امکانِ زیست ہے عُمِ امکاں ترے بغیر

تنظیمِ شش جہات میں آثارِ بے رخی
تقویمِ کائنات پریشاں ترے بغیر

بالاتفاق رقصِ مہ و مہر بے محل
بے اعتبار گردشِ دوراں ترے بغیر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پژمردہ نے میں شورشِ نغمات مضمحل
افسردہ مے میں جوشِ بہاراں ترے بغیر

برہم سی ہے زمین پہ ترتیبِ شمع و گل
دھندلا سا ہے فلک پہ چراغاں ترے بغیر

بے کیفِ وقت نظر و زحمتِ خیال
بے لطف ارتعاشِ رگِ جاں ترے بغیر

بے آب چشمِ شوق کی گوہر فشانیاں
بیقدر حُسنِ چاکِ گریباں ترے بغیر

بے حصر نازِ حسرت و ارمان و آرزو
بیجا نوازشِ سر و ساماں ترے بغیر

سر پھوڑنے کا زعم تڑپنے کی بیکلی
عہدِ جنوں گناہ بداماں ترے بغیر

بیجا توقعات کی تمکین بے خودی
باطل تصورات فروزاں ترے بغیر

ادراک بے ضرورت واحساس بے محل
بے ربط امتزاجِ تن وجاں ترے بغیر

اتری ہوئی نگاہ ہے ہر موجِ دردِ دل
ایک ایک آہِ تشنۂ طوفاں ترے بغیر

کھویا ہوا زبان پہ افسانۂ فراق
سہما ہوا ملال فراواں ترے بغیر

معیار سے گرے ہوئے تسکین واضطراب
درمان و درد دست وگریباں ترے بغیر

اٹھی ہوئی نگاہ کی جنبش ترے لیے
سمٹا ہوا سوال کا داماں ترے بغیر

ہر ہر قدم پہ عقل کی بدلی ہوئی روش
بگڑا ہوا مزاجِ نگہباں ترے بغیر

آزردۂ کشاکشِ عہدِ حیات ہوں
مشکل ترے بغیر نہ آساں ترے بغیر

امید یک نظر میں ہر آئینۂ جمال
ایک ایک میری جان کا خواہاں ترے بغیر

رخصت طلب ہے آج غمِ ہوش و ہوشِ غم
دو اک گھڑی کا اور ہوں مہماں ترے بغیر

ٹھہرا نہ ایک وضع پہ سو بار ہوچکا
کافر ترے بغیر مسلماں ترے بغیر

کچھ دن سے تیری یاد کی محفل اداس ہے
اب چل بسے گا انجمِ غزلخواں ترے بغیر

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

رسوا ہو عین چوک میں اسلام کا نشاں
گھر میں خدا کے کفر کی تبلیغ الاماں

منبر کا احترام نہ مسجد کی آبرو
باطل پہ جمع ہوگئے کعبہ کے پاسباں

تقریر کے لحاظ سے ہر بات بے محل
مصرف کے اعتبار سے ہر لفظ رائے گاں

مذموم طرزِ فکر سے سہما ہوا دماغ
بے ربطیٔ سخن سے لرزتی ہوئی زباں

تاریک راستوں میں ضلالت کی پیروی
بھٹکا ہوا منازلِ عصمت سے کارواں

نکلے ہوئے پناہِ رسالت پناہ سے
چھوڑے ہوئے خلافت برحق کا آستاں

اقدامِ ناروا پہ یگانوں کا احتجاج
اُٹھتی ہوئی خود اپنے ہی حلقہ سے انگلیاں

ماہِ رجب کے دور میں توہین لفظ یوم
یعنی بھری بہار میں افسانۂ خزاں

قرآن کی فضا میں ابو جہل کا مقام
تکبیر کے حصار میں ناقوس نغمہ خواں

ابلیس کی جبیں سے سوال شعاعِ نور
افلاسِ ذہن و فکر پہ اخلاص کا گماں

پیغمبرِ گناہ سے بخشش کا آسرا
دوزخ کی آگ سے طلبِ راحت جناں

فرعون کی مدد سے رسائی کلیم تک
یوسف کے بدلے اک حبشی روحِ کارواں

لکھنے کو اسمِ پاک محمدؐ سکونِ روح
فرمانِ کلاؐ کی اذیت سے نیم جاں

حدِ گناہ فکر ثنائے امیرِ شام
دور از ثواب مدحت مولائے دوجہاں

دشمن سے اہلبیت کے اقرارِ دوستی
یہ بات سنیوں کی شریعت میں ہے کہاں

ان کی نگاہ میں ہے یہ تحریک ناروا
اس کے خلاف سب علما دے چکے بیاں

چہروں پہ سنیت کا جو عرصے سے تھا نقاب
لو ہو گیا اُتر کے عقیدے کا ترجماں

کیونکر سکونِ قلب سے سنتے خدا پرست
وہ بات جو مزاجِ مشیت پہ ہو گراں

آخر نوائے حق نے کیا اس طرح نزول
جیسے گریں گناہ کے خرمن پہ بجلیاں

عباسؑ کے غلاموں نے کس بل دکھا دیئے
عباسؑ کے جلال کا کیا کیجئے بیاں

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نسبت مجھے بھی ہے بنی ہاشم کے چاند سے　　میں بھی ہوں اس جری کا اک ادنیٰ سا مدح خواں
دشمن کو اس کی تیغ سے یوں مل گئی اماں　　یہ شیر تھا حسینؑ کے مقصد کا راز داں
شبیرؑ کے کرم سے ہے توحید سربلند　　عباسؑ کے علم سے ہے اسلام کا نشاں
اس کا علم ہے رونق ہر منبر و ضریح　　وہ آج بھی ہے دینِ خدا کا نگاہباں
وہ سو رہا ہے کون جبیں جس کی چھو سکے　　عباسؑ ذی شرف کی جلالت کا آستاں
آیا بھی وہ نہ تھا ابھی بزمِ شہود میں　　ارشاد فاطمہؑ نے کیا میں ہوں اس کی ماں
پیغمبرِ وفا ہے وفا کا امام ہے　　کونین میں ہے اس کی امامت بھی جاوداں
عباسؑ کی مثال علیؑ کے سوا کہاں　　رستم سے کیوں مثال دوں قرآن درمیاں
لپٹی ہوئی علم سے ہے اسلام کی حیات　　پرچم کے زیر سایہ شریعت ہوئی جواں
اس کا خیال آتا ہے حرفِ وفا کے ساتھ　　ذہنوں میں علقمہ کی اُبھرتی ہے داستاں
اس منصبِ جلیل کے قابل تھا اور کون　　شبیرؑ کی نظر میں تھیں حیدرؑ کی انگلیاں
صورت وہ تھی کہ حسن تھا یوسف کا دم بخود　　قوت یہ تھی کہ شیر کی جیسے کلائیاں
اس کے تصرفات کو حاصل ہوا فروغ　　معصوم و حق طراز نگاہوں کے درمیاں

مشکل کشا کا لال بھی مشکل کشا بھی ہے
کیونکر نہ پھر ہو قبلۂ حاجات آستاں

O

## منقبت

السلام اے شرفِ جوہرِ شمشیر زنی　　اے علمدار و سپہدار حسینؑ ابن علیؑ
اے شجاعت کے جمالِ ابدی و ازلی　　آفرینش نے بھی خود بڑھ کے سلامی تجھے دی
سر اٹھایا تو بہت ظلم کی رو بڑھ نہ سکی　　کجکلاہی سے تری ہوگئی دنیا سیدھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں خداوندِ وفا کہہ کے بھی کچھ کہہ نہ سکا    تو نے تشکیلِ وفا اس نئے عنوان سے کی
بانکپن دیکھ کے گھبرا گئے افکار و عقول    شان ہوتی ہے خدا ساز مجاہد کی یہی
روزِ عاشور کے طوفانِ جلالت کی قسم    نہ ہوئی آج تک الفاظ میں تصویر کشی
جسے گہوارۂ اصغرؑ میں سلا آیا تھا    اب دریا بھی تو چونکی نہ تری تشنہ لبی
درِ شبیرؑ سے کیا آنکھ ملاتا کوئی    تیرے دم تک تری ہیبت کی نگہبانی تھی
کربلا کے لیے محفوظ تھا یہ عز و شرف    جنگ صفین و جمل کی ترے قابل ہی نہ تھی
مردِ میدانِ شجاعت شہِ مرداںؑ کے خلف    تجھ سے مردانِ خدا کرتے ہیں ہمت جلی
اللہ اللہ ترا زاویۂ فکر و نظر    روشِ اہلِ وفا نقشِ قدم تک نہ گئی
بازوؤں کی ترے تفسیر کوئی کیا کرتا    یہ شجاعت کے صحیفہ میں ہیں آیاتِ جلی
ڈبڈبائے ہوئے تھے اشکِ سکینہؑ شاید    علقمہ دیکھ رہی تھی تری آنکھوں میں تری
فضلِ خالق سے ابوالفضلؑ ملا تجھ کو خطاب    پھر ترے بعد کسی کو یہ بزرگی نہ ملی
پوچھتا کیا ہے زمانہ ترا اندازِ خرام    دھار تلوار کی جادہ ہے روشِ صف شکنی
آلِ ہاشم کے قمر چاندی صورت والے    دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
سجدے کرتا ہے ترے در پہ ہر اک مصرعِ نو    میرے جذبے ہیں نرالے مری توفیق نئی
میں ہوں خلاقِ معانی تری مدحت کے طفیل    دُرِ مضموں سے بھری رہتی ہے دل کی جھولی
میں جسے چاہوں بناؤں اسے سلطانِ سخن    میری تحویل میں ہے ملکِ سخن کی شاہی

ہو جو بیگانہ روی سے یہ زمانہ ہے خلاف
سب ترے علم میں ہے نجم کی آشفتہ سری

Contact : jabir.abbas@yahoo.com    http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قصیدہ

یہ بار گہہ عرش نشاں منزلِ عظمت
صدیوں سے ہے میخانۂ اربابِ مودّت

پینے کو یہاں ملتی ہے اُس ہاتھ سے واعظ
کونین کی طاعت سے گراں جس کی ہے ضربت

چمکا ہوا میخاروں کا ہے اخترِ اقبال
اس بزم سے ہے چاند ستاروں کو عقیدت

راضی ہیں جو مداحوں سے احمد بھی علی بھی
اس بزم کو بخشا ہے کمال ازرہِ شفقت

ملت پہ جو ہوگا کرمِ داورِ محشر
طبقہ یہ چلا جائے گا سیدھا سوئے جنت

بھائی ہے وہ سردار جوانانِ جناں کا
منسوب ہے جس سے یہ علم یہ درِ دولت

اس بزم پہ رکھتے ہیں نظر لطف و کرم کی
سرکارِ ابو القاسم و دارائے رسالت

یہ بزمِ ادب سلسلۂ نورِ ہدا ہے
اس بزم سے ملتی ہے زمانہ کو ہدایت

یہ ہے وہ مقامِ شرف و بابِ تقدس
زائر کو عبادات سے ملتی نہیں فرصت

حلقہ کسی ماتم کا کبھی دور فضائل
قرآن کی تفسیر قصیدہ کی تلاوت

میخانہ کا میخانہ ہے کعبہ کا ہے کعبہ
پڑھتی ہیں نمازیں یہاں رندوں کی جماعت

ساقی بھی سخی رند بھی پیرو ہیں اسی کے
پھیلاتے ہیں دنیا میں شبِ جمعہ کی برکت

کم حوصلہ و تنگ نظر کوئی نہیں ہے
پیاسے ہوں جو آجائیں یہاں عام ہے دعوت

ہوجاتا ہے ہم ایسے فقیروں کا بھی پھیرا
محسوس جو ہوتی ہے کبھی نشہ کی قلت

ساقی سے جو لیتے ہیں چھلکتا ہوا ساغر
وہ رند ہیں بڑھ جاتی ہے نبضوں کی حرارت

دو گھونٹ میں چہروں پہ بڑھیں نور کی لہریں
چھپتی ہی نہیں بادہ و ساغر کی شرافت

میخانے کبھی بند نہ ہونے دیے ہم نے
جاری رہی ہر دور میں ساقی کی شریعت

پیتے تھے ہم اس وقت بھی سر بیچ کے اپنا
پہرے پہ تھے جلّاد مخالف تھی حکومت

کج تھیں اسی تیور سے جبینوں پہ کلاہیں
چہروں پہ وہی میکدۂ خم کی جلالت

مقتل میں بھی تھا بادہ گساری کا قرینہ
زنداں میں بھی بچھی ہوئی تھی مسندِ عشرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاتھ اپنے کٹائے کبھی اک جام کی خاطر — جان اپنی لگا دی کبھی اک گھونٹ کی قیمت
کیا جوشِ تولّا میں سنائے ہیں ترانے — سولی پہ بڑھی اور بھی نشہ کی حرارت
ساقی کی ثنا کی ہے ہر اک خطرۂ خوں نے — جب موجِ زباں بھی نہ رہی منہ میں سلامت
پھر آج یہ بانگِ دہل اے دوست پئیں گے — واجب ہے ہر اک دور میں اعلانِ مودت
اسلام نے پھر ورد کیا نادِ علیؑ کا — اک اور علیؑ کی ہوئی دنیا میں ضرورت
صلواۃ کے نعروں کی ذرا لے تو بڑھا دو — مطلع وہ سناتا ہوں جو ہے نازشِ مدحت

مطلع

عباسؑ مزاج شرف و معنیٔ عظمت — اجلالِ مشیت ہے تری شانِ جلالت
تو ہے وہ جری جس نے حدیں توڑ کے رکھ دیں — سنتے تھے کہ محدود ہے انسان کی طاقت
اے نورِ ازل تو نے لباسِ بشری میں — کس درجہ بڑھایا ہے وقارِ بشریت
اے جانِ وفا تیری اجازت ہو تو کہہ دوں — زیبا ہے لقب تیرا علمدارِ محبت
قائم ہے ابھی تک ترے آثار سے دنیا — زندہ ہے ابھی تک ترے ایثار سے ملت
بے جان میں جان آگئی سقّہ جو بنا تو — کیا مشک کو اعزاز ملا تیری بدولت
سمجھی تھی یہ دنیا ترے اقدام سے پہلے — مفہومِ وفا اور نہ معیارِ شجاعت
اللہ رے بزرگی تری ماہِ بنی ہاشم — نو مہرِ امامت ہیں ترے قائلِ عظمت
اے مصحفِ اخلاصِ عمل حُسن کی صورت — رایت ہے ترے دوش پہ قرآن کی آیت
طوبٰی نے کیا جھک کے سرِ چرخ سے مجرا — دیکھا جو ترے حسنِ عمل کا قد و قامت
اس مرکزِ قوت کی ثنا کس سے ہے ممکن — ہو جس کی حفاظت میں پیمبر کی امانت
ورثہ میں علیؑ عقدہ کشائی بھی حلم بھی — تیرے لیے مخصوص تھی یہ شانِ وراثت
اللہ رے وفا ہاتھ نہ پانی کو لگایا — دریا کی ہر اک موج کو بوسہ کی تھی حسرت
کرّار کے دلبند تری شان ہے یہ بھی — قبضہ ہے علم پر ترا تا قربِ قیامت
یہ تجھ کو شہادت سے فضیلت ہوئی حاصل — یا تیری شہادت پہ شہادت کو فضیلت
ہنگامۂ ساحل میں وہ تلوار چلائی — اٹھ جائے کبھی جیسے بگڑ کر یدِ قدرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب اور کوئی حق کا علمدار نہ ہوگا        لیں گے ترے ہاتھوں سے علم حضرتِ حجت
اسلام کے دل کفر کے ماحول میں پہنچا        لہروں پہ ترے خون کی پیغامِ شریعت
روضہ پہ لرزتی ہوئی اُٹھتی ہیں نگاہیں        تیرہ سو برس بعد بھی ہے آج یہ ہیبت
غصہ نہ دلائے جو کوئی دشمنِ شبیرؑ
سر تا بقدم تو ہے محبت ہی محبت

○

# منقبت

ثنائے ثانیِ زہراؑ میں کیا کروں تحریر        کہ خامہ لکھتا ہے ہر پھر کے آیۂ تطہیر
مقامِ حلم میں ہے حلمِ فاطمہؑ کی نظیر        جلال اس کا ہے بالکل جلالِ خیبر گیر
قلم اٹھاتا ہوں تھم تھم کے یوں بہ پاسِ ادب        پڑی ہے جیسے مرے پائے فکر میں زنجیر
ظہور اس کا ہے اس طرح بزمِ ہستی میں        حجابِ نور میں جیسے پیمبری کا ضمیر
اسی کے دم سے ہوئی فتح جنگِ کرب و بلا        کہ اس کا صبر ہے تکمیلِ مقصدِ شبیرؑ
کلام موجبِ صبر و سکونِ اہلِ حرم        نگاہ باعثِ تسکینِ اصغرِ بے شیر
اسی کے ذہن اسی کے دماغ نے کی ہے        بنائے مجلس و ماتم سے قوم کی تعمیر
یہ اہتمام نہ کرتی جو اس کی فکر و نظر        تو بھول جاتا زمانہ شہادتِ شبیرؑ
مدینۂ نبویؐ ہو کہ شام کا دربار        کہیں بصورتِ قرآں ہے وہ کہیں تفسیر
وہ عالمہ نہ کسی سے لیا سبق جس نے        کہ اس کے ساتھ ہوئی خلق علم کی تنویر
لرز لرز گئے دیوار و در دماغوں کے        دیارِ شام میں اس دبدبہ سے کی تقریر
وہ ہے بزرگ دو عالم میں نو اماموں کی        پھر اس کے بعد کسی کو ملی نہ یہ توقیر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامِ وقت بھی تھے اس کی ہی حفاظت میں　　سپرد اس کے تھی ایک اک امانتِ شبیرؑ
اب اس کے بعد میں اے نجم کیا کہوں آخر
فضائے رعب و جلالت ہے میری دامن گیر

○

## منقبت

شرف کچھ کم نہیں عونؑ و محمدؑ کی ولادت کا　　مدینہ میں اضافہ ہوگیا نور اور نکہت کا
بنی ہاشم ہیں اس پر مرتبہ پایا شہادت کا　　نہ ہو کیوں غلغلہ پھر حُسنِ صورت حُسنِ سیرت کا
ابھی آتا ہے یہ تحفہ نگارستانِ معنی سے　　تر و تازہ ہے گلدستہ بہارستانِ مدحت کا
دوگانہ شکر کا پڑھنا ہے مدحت کے مصلّے پر　　خدا نے دن دکھایا شاہزادوں کی ولادت کا
کسی کو کیا خبر دو ناصرِ شبیرؑ آئے ہیں　　فقط زینبؑ کو اندازہ ہے چہروں کی جلالت کا
وفا پر دے کے جانیں عین ایامِ جوانی میں　　بہت معیار اونچا کردیا انساں کی عظمت کا
یہ بالاتر ہیں آدم سے یہ نازِ آدمیت ہیں　　غلاموں کو ملا ہے ان سے منصب آدمیت کا
کبھی تو مدحِ اہلِ بیت میں بھی صرف کر واعظ　　جو طعن و طنز سے مل جائے تجھ کو وقت فرصت کا
تشدد لاکھ ہو ہم پر تدارک کچھ نہیں ہوتا　　نمونہ دیکھ لیجیے آج اسلامی حکومت کا
گزرتی ہے جو ہم اہلِ ولا پر ہم ہی واقف ہیں　　ہمیں ہے فخر حاصل جذبۂ حق کی حفاظت کا
کڑکتی بجلیوں کا ان کی تلواروں میں عالم ہے　　ابھی کمسن ہیں لیکن وار کرتے ہیں قیامت کا
میں نجم اپنا فریضہ جانتا ہوں یہ ثنا گوئی
مرا مقصد نہیں اظہار اپنی قابلیت کا

○

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قوم کی ماں

اے علیؑ کی لاڈلی آغوشِ زہراؑ کی پلی
ہو بہو صورت میں زہراؑ اور تیور میں علیؑ

اپنے بھائی کی بہن روحِ بہارِ کربلا
پیکرِ ہمت شریکِ کارزارِ کربلا

کیا صفیں الٹی ہیں جرأت کے گواہوں نے ترے
دودھ کی طاقت دکھادی کجکلاہوں نے ترے

تیرے اک خطبہ سے کوفہ میں دہائی ہوگئی
لب کشائی کیا ہوئی خیبر کشائی ہوگئی

تیرے لہجے سے لسان اللہ کا لحن آشکار
اے غریبِ کربلا قرآں کی سرمایہ دار

تیرا اسوہ زندگی ہے حریت کے نام کی
قید میں مشکلکشا تھی ملتِ اسلام کی

نقص آسکتا ہے عزت کے خزانے میں کوئی
جیسے قرآں جاکے رکھ دے قید خانے میں کوئی

صنفِ نسواں کو ترے ہم صنف ہونے پر ہے ناز
اے حرم کی قافلہ سالار و عقلِ کارساز

علم تکوینی ہے تیرا اور عمل حُسنِ عمل
اللہ اللہ کربلا کی آخری مشکل کا حل

تیری ہستی آیۂ تطہیر کی تفسیر تھی
تیرے چہرہ کی جلالت چادرِ تطہیر تھی

تو نے مجلس کی بنا سے قوم کی تعمیر کی
قوم کی ماں اور بیٹی شاہِ خیبر گیر کی

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

آ گیا ہوں مدحِ اصغرؑ تک بعنوانِ حُسینؑ
شکر کے سجدے میں ہے اب میرے خامہ کی جبیں

اس کی صورت نے دکھایا جلوۂ حُسن آفریں
عشق صادق ہو تو بے دیکھے بھی آ تا ہے یقیں

اے سراپا حُسن اصغرؑ اے علیؑ چار میں
تیری ہی صورت میں نکھرا حُسن صورت آفریں

مدح کے عالم میں ہر مصرعہ پہ ہل جاتا ہے دل
میرے دل کی جنبشیں لکھ لیں کراماً کاتبیں

اللہ اللہ اک تبسم میں یہ طاقت یہ جلال
تھی امامت درمیاں ورنہ الٹ جاتی زمیں

داد دیں حُسنِ عمل کی اس کے پیغمبرؐ امام
میری کیا ہستی کہوں میں آفریں صد آفریں

منفرد ہے ذاتِ اصغرؑ ورنہ دو اس کا جواب
جانشیں ہے کون اس کا وہ ہے کس کا جانشیں

کون ہے شبیرؑ کے ہاتھوں پہ ساحل نے کہا
موج دریا نے صدا دی رحمتہ للعالمیں

بس نہ تھا کچھ ورنہ جب ہاتھوں پہ لائے تھے حسینؑ
جی کڑا کر کے اٹھا ہی لیتے جبریلؑ امیں

شاعرِ یورپ ثنا خواں ہے زہے شانِ عمل
ساری دنیا میں مثال ایسی نہیں ملتی کہیں

مطمئن بیٹھا ہوں میں اس کی محبت کے طفیل
دل کے احساسات میں اب کوئی گنجایش نہیں

جس زمین شعر میں کرتا ہوں مدحِ اہلِ بیتؑ
یوں بھلی لگتی ہے جیسے ہو وطن کی سرزمیں

شغلِ مدحت میں فرشتہ موت کا آیا اگر
میں کہوں گا اک ذرا ٹھہرو ابھی فرصت نہیں

تیرا محتاجِ کرم ہوں ورنہ اے عرشِ آستاں
میں تیرے در پہ کھڑے ہونے کے بھی قابل نہیں

ہند میں جیسے ہیں ایسے چاہنے والے کہاں
تو کہیں تیرے پرستاروں کی منزل ہے کہیں

اہلِ بیتِ مصطفےٰؐ میں کیا سوال امتیاز
اک علیؑ اولیں ہے اک علیؑ چار میں

منقبت کرتا ہوں اس مصرعہ پہ کاظمیؔ کے تمام
السلام اے سایہ ات خورشید رب العالمیں

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

دینِ فطرت جو کرے گا استوار آ ہی گیا — دردِ دل کے تکملہ کا ذمہ دار آ ہی گیا
ہم نہ کہتے تھے جسے آنا ہے آئے گا ضرور — جان صدقے دل فدا آنکھیں نثار آ ہی گیا
جب ضرورت اک علیؑ کی پھر ہوئی میدان میں — چھ مہینے کا علیؑ مردانہ وار آ ہی گیا
نعرۂ صلواۃ کی محفل میں بارش ہوگئی — ذکر اس کا صورتِ ابرِ بہار آ ہی گیا

پندرہ ماہ رجب کی مجھ کو دعوت جب ملی
اور کچھ دن زندگی کا اعتبار آ ہی گیا

○

# منقبت

مظہرِ معصومیت اے فاطمہؑ کی ورثہ دار — کون پا سکتا ہے تیری منزلِ صبر وقرار
راہِ حق میں ہر قدم ایثار کی تفصیل تھا — تیرا منصب مقصدِ شبیرؑ کی تکمیل تھا
تیرے لفظوں نے لسان اللہ کی تفسیر کی — اپنے بابا کی زباں سے کی جہاں تقریر کی
سوئے میداں اذنِ جنگِ کربلا لے کر گئے — تجھ سے اٹھارہ بنی ہاشم رضا لے کر گئے
تیری عزت پر درود اور تیری عظمت پر سلام — تیرے سایہ میں پلا کونین کا چوتھا امامؑ

ناصبانِ شام و کوفہ کی سماعت دنگ تھی
تیرے اک اک لفظ میں کیا بے تشدد جنگ تھی

○

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

عباسؑ ہیں نظر میں ولا کا شباب ہے
سوتا ہوں جاگتا ہوں تصور ہے خواب ہے

مدّاح جس کا ہوں وہ جلالت مآب ہے
دیکھوں تو کون کون مرا ہمرکاب ہے

حاصل ہے جس کو مدح کی منزل میں دستِ غیب
اس کے ثناگروں میں وہی کامیاب ہے

میں ہوں اس اجتہاد کی مسند پہ جلوہ گر
میرے مقلدوں میں ہر ایک انتخاب ہے

ہم بزم میگساروں سے الجھے نہ ہم کبھی
سلجھاتی ہے دماغ یہ ایسی شراب ہے

پہنچے کوئی ضرر بھی جو اپنوں کے ہاتھ سے
ہم وہ ہیں انتقام سے بھی اجتناب ہے

تابِ سخن بھی قوتِ بازو بھی ہے مگر
یہ صبر و ضبط بہرِ حصولِ ثواب ہے

غیروں کا مسئلہ ہو تو وہ اور بات ہے
لیکن مصالحت بھی شریکِ نصاب ہے

اے دوست اہلِ بیتؑ کے اسوہ پہ کر نظر
حاصل اگر تجھے شرفِ انتساب ہے

تقلیدِ اہلِ بیتؑ عمل میں نہ کی اگر
پھر مدح کا صلہ بھی خیال اور خواب ہے

عالم میں کربلا کے مجاہد ہیں انتخاب
عباسؑ ان مجاہدوں میں انتخاب ہے

آساں نہیں ہے اس کی جلالت پہ تبصرہ
دل کو مقامِ مدح میں بھی اضطراب ہے

نسبت سے اس کی فضل و شرف کو ملا وجود
قسمت ہے ان کی اس سے جسے انتساب ہے

اس کی نظر میں ساحل و میدان بے بساط
دریا بھی اس کے سامنے چشمِ پُرآب ہے

صورت کی شان یہ ہے کہ یوسفؑ ہیں دم بخود
سیرت کا حسن جان و دلِ بوترابؑ ہے

آنکھیں نبوت اور امامت کی ہیں نقیب
پیشانئ بلند خدا کی کتاب ہے

کیا اس کی معرفت کا ہے عالم نہ پوچھیے
سوچا تو صبحِ نور ہے دیکھا تو خواب ہے

تو فاتحِ فرات ہے عباسِ ذی شرف
کس کو ہوا نصیب جو تیرا خطاب ہے

اس کی ولا میں نجم عرض ہے کہ ہے خلوص
در پیش ابھی یہ مرحلہ احتساب ہے

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# طرحِ نو

تولاّ آج کیوں ہنگامہ زا ہنگامہ پرور ہے
یہ کس وحشی کی آمد سے درِ زنداں پہ محشر ہے

یہ کس نے بابِ زنداں کو بنایا بابِ آزادی
وہ زنداں کی تمنا میں ہے جو زنداں سے باہر ہے

یہ کس نے خستگیِ غم کا آئینِ کہن بدلا
نیا اقدام کس کا مسلکِ ہر قلبِ مضطر ہے

یہ کس نے اپنا فرمانِ اسیری خود کیا جاری
یہ کس کو عشق کے پندار کی دولت میسر ہے

یہ کس خوددار نے گھر سے نکل کر موت کو ٹوکا
یہ آساں زندگی بے مدعا دل کس کو دوبھر ہے

قفس یہ کس نے ڈھونڈا ہے اودھ کی راجدھانی میں
کوئی نغموں کا متوالا کوئی بانکا سخنور ہے

سپاہی وضع رند اور مردِ میدانِ عمل شاعر
یہ کون اس دورِ آخر میں فرزدقؔ کی جگہ پر ہے

قلم شعلے اگلتا ہے خدا محفوظ ہی رکھے
محبت نے لیا ہے امتحاں آپے سے باہر ہے

مہ و خورشید سے اونچی کلاہِ فخر ہے جس کی
وہ کیا جانے کہ خس کی زمیں پر یا فلک پر ہے

نظر کی زو سے موجوداتِ عالم ہٹ گئے ہوں گے
نظر کی مسکراہٹ میں کوئی دنیائے دیگر ہے

تخیل عالمِ ارض و سما سے بڑھ گیا ہوگا
کہ آخر شاعرِ فطرت ہے فطرت کا پیمبر ہے

وہ زنداں ہی سہی اپنی زمیں ہے اپنا بستر ہے
وطن کی خاک پر تکیہ وطن کی خاک پر سر ہے

زہے تقدیر پہنایا ہے زیور ہم صفیروں نے
نہ ہتکڑیوں میں کس ہے اور نہ زنجیروں میں لنگر ہے

عجب کیا بار ہو جاتی اسیری غیر ہاتھوں سے
بہت دلکش نمودِ اختیارِ بندہ پرور ہے

درِ دولت سے کتنا فاصلہ ہے بابِ زنداں کا
خدا آباد رکھے ایک ہی گھر ایک ہی در ہے

ہمیں وہ پیکرِ تصویر سمجھے یہ نہ سمجھے تھے
خموشی کے بھی کچھ معنی ہیں جب تک صدر کے اندر ہے

چمن میں ہیں تو کانٹوں پر بھی نیند آجائے گی شاید
بہر صورت بہر پہلو وطن آغوشِ مادر ہے

یہ مانا آج ہم قیدی ہیں وہ آزاد ہیں لیکن
دلوں کو وزن کرلیں ذوقِ آزادی برابر ہے

معاذ اللہ کیا کیا ناز تھے گھر کی حکومت پر
حکومت پا کے ہم سمجھے حکومت کا جدا گھر ہے

ہماری خاک پر سو بار بنیادِ چمن رکھ دیں
اُصولاً جل ہی جائے گا جو جل جائے مقدر ہے

مٹا کر ہم کو باقی کوئی رہ جائے تو ہم خوش ہیں
چلو ذروں سے پوچھ آئیں ہمالہ کس کے بل پر ہے

jabir.abbas@yahoo.com

ولادت اس کی برحق ہے ظہور اس کا مقرر ہے
کہ اس کی ذات سے دنیا کا مستقبل مقدر ہے

یہ شانِ ورثہ داری کس کو عالم میں میسر ہے
نظر کرّار کی زہراؑ کا دل ذہنِ پیمبرؐ ہے

براہ راست ہے ہر سلسلہ ذہنی لطافت کا
امامت اس کا منصب ہے رسالت اس کا جوہر ہے

ذرا آنے تو دو قبضہ تک اس کے دستِ قدرت کو
ابھی تو اس کا تکیہ ذوالفقارِ حیدریؑ پر ہے

مزاج اپنا بدل دے گا پلٹ کر اس کے قدموں سے
زمانہ وہ زمانہ جو بدل جانے کا خوگر ہے

بڑی زحمت اٹھائی ہے ترے اجداد نے مولاؑ
خدا رکھے ترا آرام لینا کس کو دوبھر ہے

کسی کا انتظار اس دورِ ہستی نے نہیں دیکھا
حکومت میں تری کس زندگی کا راز مضمر ہے

پسِ پردہ بھی سب ہیں متفق تیری سیادت پر
ہر اک ملت میں تیرا نام باعنوان دیگر ہے

دلِ خیبر شکن توفیق دے خیبر کشائی کی
کہ اب ہر اک قدم پر زندگی میدانِ خیبر ہے

اسی عزت کے لگ بھگ شان کے پہلو بہ پہلو ہو
خوشا قسمت اگر انجام وضعِ کربلا پر ہے

یہ دنیا آزمائش کر رہی ہے نوجوانوں کی
یہاں عاشور کے دن کا سبق بچوں کو ازبر ہے

بہت ہیں مرنے والے مر کے جینا چاہنے والے
ابھی غمخواری اکبرؑ پرستاری اصغرؑ ہے

اسی مٹی سے پھر انگڑائی لے کر قوم اٹھے گی
بگڑ جانا غلامِ خلق بن جانے سے بہتر ہے

O

## ہمہمہ

زمانہ جنگ کا ہے مسئلہ زور آزمائی کا
مئے لاسیف سے بھرتا ہوں ساغر لافتائی کا

کہاں تک شقشقہ یکسر لہو کا گھونٹ ہے واعظ
خدارا چھیڑ دے اک ہمہمہ کشور کشائی کا

تغزل زیرِ رخصت زمزمہ برخواست محفل سے
سبق ہے میکشوں میں زور بازو کا کلائی کا

ابلتی ہے شرابِ زندگی جذبے ابھرتے ہیں
تہوّر سے بدلتا ہوں تکلف خوشنوائی کا

نکل آیا جو میخانہ سے تقوا کی سپر لے کر
کسی کے وار کو موقع نہ دوں گا خودنمائی کا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

آیا مری زباں پہ جب مدح کا ترانہ
روحی فداک کہہ کر چپ رہ گیا زمانہ

میرے نصیب میں تھا مطلع یہ عارفانہ
مصرع ہیں مدح کے دو یا عید کا دوگانہ

میری زباں پہ اس کی مدحت کا ہے ترانہ
جس کو لسانِ قدرت کہتا ہے ہر زمانہ

گزرے مَلک بھی میرے باغِ سخن کی حد سے
ممکن ہے اک نظر بھی ڈالی ہو طائرانہ

جس کو خدا بہت سے انسان کہہ رہے ہوں
کیا اس کی مدح میں ہو گنجائشِ فسانہ

جو خارجی ہیں وہ ہیں خارج از آدمیت
اس کے محب ہیں ورنہ بیگانہ و یگانہ

عیدِ صیام کیا ہے کیا عید ماہ قرباں
اس عید پہ تصدق ہر عید ہر زمانہ

اس عید نے بنایا سرمایۂ حقیقت
یہ عید گر نہ ہوتی اسلام تھا فسانہ

وہ کون سو رہا تھا خیبر کو فتح کرتا
ہوتی یمن میں کس کی تقریر عالمانہ

بعدِ نبیؐ خلافت ہر رُخ سے ہے علیؑ کی
کس نے لگا دیا یہ غیروں کا ساخسانہ

دام و درم سے اپنے علم و عمل سے اپنے
مولا نے بھر دیا ہے اسلام کا خزانہ

دنیا میں بات رکھ لی اسلام کی علیؑ نے
گزرا ہے اے مسلماں ہر دور ظالمانہ

اک وار کی بھی حد تک اس نے پہل نہیں کی
جنگیں بہت لڑی ہیں لیکن مدافعانہ

جب بھی اسی کے سب سے بڑھ کر رہے فضائل
جب کھل گیا حدیثیں ڈھلنے کا کارخانہ

تسلیم کر رہے ہیں ہم اس کی حکمرانی
تا حشر جس کا پوتا ہے صاحبِ زمانہ

مدحت نہ کی علیؑ کی گر آخری نفس تک
یہ مرگِ شاعری ہے اور خبطِ شاعرانہ

یہ فتح یا بیاں تھیں سب اس کے دم قدم سے
رکھ دو کسی کے سر پر اب تاجِ فاتحانہ

چوتھا خلیفہ اس کو کہہ دوں خدا نہ کہہ دوں
اس سے کہیں ہے بہتر یہ مدحِ کافرانہ

ہر شجرۂ تصوف اس تک پہنچ رہا ہے
لیکن کہی کسی نے یہ بات منصفانہ

مجرم ہوں میں غلو کا قصراں کو ہو مبارک
ہے دینِ شیخ صاحب اب درسِ ناصحانہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدحت کو اس کے آگے میری زباں نہ کھلتی
قسمت سے کررہا ہوں توصیفِ غائبانہ

ہر اک صفت پہ اس کی دل بولتا ہے میرا
وہ اور ہوں گے جن کا مسلک ہے راویانہ

ہندی سہی مگر ہوں مولاؑ کے در کا شاعر
عرفی سے ہورہی ہے چشمکِ معاصرانہ

میں مدح کررہا ہوں بے فکر اجر و اجرت
کس کو نصیب ہے یہ اندازِ شاعرانہ

ہاں اے سفیرِ فطرت بن جائے نظم میری
ایمان کا وظیفہ اسلام کا ترانہ

کہنے کی بات کہہ دوں بگڑے کوئی تو بگڑے
مجھ کو نہیں گوارا توصیف تاجرانہ

جب حق کا مسئلہ ہو ڈرتا نہیں کسی سے
ورنہ میری روش ہے اکثر مصالحانہ

جو درد کا ہے مالک اس کی پناہ میں ہوں
مجھ کو ستائے گی کیا بے دردیِ زمانہ

جنت کی نکہتوں نے جادے بنادیے ہیں
ہے اس کے مدح گو کا پھولوں میں آشیانہ

اونچا کر اور اونچا یہ منقبت کا پرچم
مائل بہ سرکشی ہے کچھ روز سے زمانہ

اعدا کی سرزنش کو دے وہ قلم میں قوت
جو موسوی عصا کا زندہ کرے فسانہ

میری خصوصیت ہے تخلیق وضعِ نو کی
اوروں کو ہو مبارک انداز عامیانہ

یوں ہے رواں ولا میں میرا قلم خراماں
جیسے کسی حسیں کی رفتارِ والہانہ

ہوتی ہے بار اگر تری بات سامعہ پر
کہہ دیجیے قصیدہ ہے یہ مناظرانہ

O

# منقبت

حُسنِ حسنؑ کی مدح میں گزرے اگر حیات
ہر روز روزِ عید ہو ہر شب شبِ برات

پیغامِ صلح پر جو کیا اس نے التفات
کتنی بلند ہوگئی انسانیت کی بات

Presented by: Rana Jabir Abbas

تا حشر احترام کریں گے خدا پرست — بخشا ہے اس نے سلح کو وہ خلعتِ حیات
پاکیزگیِ روح بعید از تصورات — پیکر کے اعتبار سے روحِ جمالیات
حق ناشناس کے لیے اک زہر ہے یہ بات — اس گھر کے اعتبار سے قائم ہے کائنات
عشرہ کے دن بھی صبر کیا یہ ہے اور بات — ورنہ ہے کہ ان کے ہاتھ میں تقدیرِ کائنات
جھوٹی روایتوں کا ہے یوں سامعہ پہ بات — کانوں سے ان کے دور ہی رہتی ہے حق کی بات
اس بزمِ عطر بیز میں کیا ان کے نام لوں — بُو دیتے ہیں فساد کی جن کے تصورات
تیرہ سو سال سے ہے سوا فاصلہ مگر — اژدر کی طرح رینگ کے پہنچی ہے ان کی بات
ملتے ہیں ایسے آج بھی ملائے کم سواد — جن کے خلافِ آلِ پیمبرؐ ہیں درسیات
جن کی بغل میں ایسی کتابیں ہیں شرم سار — ہے علم پہ عذابِ خدا جن کا التفات
خامہ لرزتا ہے کوئی آیت لکھیں اگر — قرآن کانپتا ہے لگاتے ہیں جب یہ بات
مولا کے دشمنوں کی صفائی کے ہیں گواہ — ان کی زباں سے تنگ ہے الفاظ کی حیات
روزہ نے بھول کر بھی لگایا نہ ان کو منہ — فاقے کے بھی ہوئے نہ میسّر توجہات
ان کی نماز رسم ہے ان کی دعا ہوس — ہوں دشمنِ حسینؑ سے جن کو توقعات
الفت معاویہ سے عقیدت یزید سے — جیسے یہی تھے دینِ خدا کے مطالبات
آبِ وضو کو ان سے تنفر ہے اس قدر — بے زار جیسے لشکرِ اشرار سے فرات
دشمن کا اہلبیتؑ کے آتا ہے جب خیال — جی چاہتا ہے چھوڑ دوں لفظی تکلفات
خود روک دیتی ہے مجھے تہذیبِ اہلبیتؑ — رہ جاتا ہے تڑپ کے ہجومِ تاثرات
اسلام کو مٹائے گا بوجہل وقت کیا — مدحِ حسنؑ ہے ملت اسلام کی حیات
بھرتا ہے دم حسینؑ کا زورِ یداللّٰہی — خلقِ پیمبریؐ کو حسنؑ سے ملا ثبات
ایسے حسیں کا نام نہ کیوں کر حسینؑ ہو — جو کائناتِ حُسن ہے جو حُسنِ کائنات
ماحولِ ظلم و جور میں تکمیلِ صبر سے — پورے کئے ہیں دینِ خدا کے توقعات
اس قوم نے دیا ہے ہمیں کربلا کا غم — تیرے کرم سے جس کو دوبارہ ملی حیات
میں سوچتا ہوں عرض ہی کر دوں حضورؐ میں — دل سے تڑپ کے آ ہی گئی جب لبوں پہ بات

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولا ترے کرم کا یہ مصرف نہ ہو کہیں
مل جائے نار سے نہ عدو کو ترے نجات

مردانِ حق پسند میں کیا اس کا تذکرہ
اوڑھے ڈوپٹہ پھرتا ہے جو مردِ بدصفات

اپنے خیال خام میں اسلام کی سپر
اسلام کی نظر میں اسیرِ توہمات

جس سے اویسؑ و بوذر و سلمانؑ تھے جرعہ کش
اب بھی کھلا ہوا ہے وہ میخانۂ صفات

اسلام جب دورا ہے پہ تھا صلح و جنگ کے
ٹھہری تھی اس کے فیصلہ پہ امرِ حق کی بات

دونوں نواسے پشت پہ سجدے میں تھے رسولؐ
کیا یہ بھی ہیں عبادتِ حق کے لوازمات

ہر اک بشر کو اس کی محبت نہیں نصیب
اہلِ ولا کے ساتھ ہے اہلِ ولا کی بات

فردوسِ اہلِ دل ہے مودّت کی زندگی
اس زندگی میں دن ہے نہ اس زندگی میں رات

ہم تجمّل چار روز کے مہمان ہیں مگر
رہ جائیں گے یہ شعر و ادب کے تبرکات

○

# قصیدہ

حمد کی تحریک ہے جس میں وہ منظر دیکھیے
حُسنِ اکبرؑ مصرفِ اللہ اکبر دیکھیے

نورِ خالق ہے تصور میں وہ آسکتا نہیں
ہو تصور پہ جو قابو زندگی بھر دیکھیے

شبرؑ و شبیرؑ مل کر ہیں پیمبرؐ کی شبیہ
یہ مگر تنہا ہیں تصویرِ پیمبرؐ دیکھیے

بیچ میں معراج کی شب کا سا پردہ بھی نہیں
کس قدر اللہ سے ہے قربِ اکبر دیکھیے

ملتی جلتی ہے ذرا تشبیہ کامل تو نہیں
زلف و رُخ میں صبحِ خلد و شامِ کوثر دیکھیے

صوتِ اکبرؑ لحنِ پیمبرؐ کا ارکانِ اذاں
مجملاً بھی ذکر ہے کیا روح پرور دیکھیے

تا قیامت ایک حل ہے حسرتِ دیدار کا
مدح کے لفظوں میں جذباتِ ثنا گر دیکھیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ سے کتنا اہم تھا اذنِ میداں کا سوال
کرلیا اُس شیر نے یہ معرکہ سر دیکھئے

رائے صائب ہے یہی وصف دیانت ہو اگر
سارے مداحوں کو اس منزل میں یکسر دیکھئے

سب برابر ہیں یہاں چھوٹا بڑا کوئی نہیں
اتباعِ سیرتِ آلِ پیمبرؑ دیکھئے

مدحتِ آلِ نبیؐ ہی ہے نمودِ شاعری
غور سے معیارِ افکارِ سخن ور دیکھئے

کربلا کا واقعہ ہے درد افزائے غزل
درد ہے اردو ادب کا خاص جوہر دیکھئے

نازشِ آئینِ فطرت کیوں نہ ہو ان کا وجود
کس قدر احسان ہیں انسانیت پر دیکھئے

اک مسلسل مسئلہ ہے اس کی مدحت کی شراب
خلقتِ اوّل سے اب تک دورِ ساغر دیکھئے

کوئی موقع جاں نثاری کا جو آجائے کبھی
یہ بڑی خوش قسمتی ہے جان دے کر دیکھئے

سر بہ سجدہ خامہ دل بے تاب لرزش ہاتھ میں
مدح کے میدان میں عجزِ سخنور دیکھئے

○

## منقبت

داستاں اصغرؑ کی ہے تفسیرِ قرآنِ کریم
اس کی انگلی کا اشارہ ہے صراطِ مستقیم

باپ کے ہاتھوں پہ اس کی سربلندی تھی عظیم
اب مزا دیتا نہیں افسانۂ طور و کلیم

سب سے کم سِن تھا یہی مردِ صراطِ مستقیم
کیا عجب اصغرؑ اگر ہو معنیٔ ذبحِ عظیم

جذبۂ درد محبت پہ ہے احسانِ عظیم
دل کسی کا ہو اگر اس کی محبت میں دونیم

چھ مہینہ میں علی اصغرؑ کی قدرت دیکھنا
بن گئی گہوارے سے میداں تک اک مردِ عظیم

کیا ہاتھوں ہاتھ پہنچا جنگ کے میدان میں
پاؤں سے لپٹی ہوئی تھی اس کے راہِ مستقیم

مجھ کو حاصل ہے یہ اصغرؑ کی ثنا میں امتیاز
مری اک اک سانس ہے فردوس کی موجِ نسیم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روکنے کا قصد ماں نے اور نہ بہنوں نے کیا
اللہ اللہ کس قدر اصغرؑ کا تھا عزمِ صمیم

درد کی دنیا ابد تک لا نہیں سکتی مثال
اک تبسم کر گیا ہے اس کا وہ کارِ عظیم

ہمتیں اس نے بڑھا دیں صاحبانِ عزم کی
اس کے صدقے میں ہوئے ہیں سینکڑوں کارِ عظیم

جان دے کر ذہنِ انسانی کو روشن کر دیا
اے شہید ابن شہید اور اے کریم ابن کریم

تجھ میں قائل نہیں ہوں انکسار و عجز کا
میں ہوں سلطانِ سخن اور فکرِ برحق ہے ندیم

○

## منقبت

کیا پوچھتے ہو شان علیؑ کے فقیر کی
میرے لیے کھلی ہوئی مے ہے غدیر کی

دل پر مرے نظر ہے صغیر و کبیر کی
اس خُم میں بھی شراب بھری ہے غدیر کی

زاہد کے لب پہ جنت و کوثر کا ہے سبق
میں اس سے بات پوچھ رہا ہوں غدیر کی

آئے فرشتے عرش سے تسبیح چھوڑ کر
کیا بات سیدہؑ تری نانِ شعیر کی

ہے کون دستگیر یداللہ کے سوا
دستِ خدا ہے شان مرے دستگیر کی

چاہو جسے امیر بنالو برائے نام
آئی نہیں ہے بات جنابِ امیرؑ کی

اہلِ عزا سے آنکھ پھرائیں گے کیوں علیؑ
جاؤں گا نذر لے کے دلِ پذیر کی

کیا ذکر خلد کا یہ نہ سونگھیں گے بوئے خلد
کہہ دو منافقوں سے دعا ہے فقیر کی

یاں کون سی کمی ہے نصیری کو کیا کہیں
واعظ کے خبر ہے کسی کے ضمیر کی

پڑھتا ہوں میں نمازِ ولا جس پہ رات دن
منزل ہے آسماں سے بلند اس حصیر کی

○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# قصیدہ

زبانِ کلک سے آواز بسم اللہ کی آئے
سخن کے شہپروں سے جب صدائے یا علیؑ آئے

بہ فیضِ مدحِ حُسن و عشق کی صورت گری آئے
شعورِ فکر کے چہرے پہ نورِ آگہی آئے

ضعیفی کا زمانہ ہے شبابِ شاعری آئے
مری ہر بیت میں یارب جمالِ یوسفی آئے

کرم سے اس کے ہوں سرمایہ دار اس کی تولاّ کا
جگہ اتنی کہاں جو میرے گھر میں مفلسی آئے

ادب سے ہو نشستِ الفاظ کی قرطاسِ مدحت پر
مضامیں لے کے دامن میں مری شائستگی آئے

ہر اک تشدید بیگانہ مفہومِ تشدد سے
حسنؑ کی مدح میں بھی رنگ صلح و آشتی آئے

علَم بردار ہوں توحید کے جتنے الف آئیں
رسالتؐ کا تصدق ذوقِ معنی پروری آئے

رہے نظروں کا مرکز بائے بسم اللہ کا نقطہ
امامت کے قدم چھوکر قلم کی رہبری آئے

میں شعری آیتوں میں روح بھرتا ہوں مودت کی
وہ کیا جانیں جنہیں الفاظ کی صورت گری آئے

مقامِ نازِ ابراہیم جس کا خوانِ نعمت ہو
سخاوت نے دعا کی تھی کوئی ایسا سخی آئے

زہے قسمت جو دم بھر کو مرا سر ہو قدم ان کے
وہ سر ہے دردِ سر جس پر کلاہِ خسروی آئے

کہوں وہ فاطمہؑ کے لاڈلے کی مدح میں مطلع
کہ بنتا کھیلتا مجھ تک غرورِ شاعری آئے

مشیت تھی خدا کی روشنی پر روشنی آئے
نبیؐ تو آچکے دنیا میں تصویرِ نبیؐ آئے

عجب کیا ہے محبت میں اگر دیوانہ ہو جاؤں
تعجب کیا قدم لینے اگر فرزانگی آئے

دمِ آخر مرے لب پر یہ حرفِ آخری آئے
حسنؑ کا نام لوں پھر موت آئے زندگی آئے

ذرا کردار کا بھی آئینہ ہمراہ لانا ہے
مقابل میں جو کوئی دیدنی نادیدنی آئے

صلوٰۃ وصوم سے جو کم سمجھتا ہو ولا ان کی
خدارا سامنے کوئی نہ ایسا اجنبی آئے

دو پارہ کل ہوا تھا آج سو ٹکڑے نہ ہو جائیں
جو ہمت ہو مقابل چودھویں کا چاند بھی آئے

وہ محرابِ حرم ابرو جلالت خیز پیشانی
نظر پڑتے ہی ہر اک دل میں ذوقِ بندگی آئے

وہ بالا تر ہے سب سے آدمی ہو یا فرشتہ ہو
فرشتہ جس کی خدمت کو بشکلِ آدمی آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نبیؐ مرکب بنے ہوں جن کی خاطر صحنِ مسجد میں
کسے اس ماہِ کامل سے خیالِ ہمسری آئے

چراغِ طور ہو مدحت کی اک اک بیت میں روشن
وہ چاہے تو دلِ شاعر میں ایسی روشنی آئے

محبت ان کی مانگی جائے جب اجرِ رسالتؐ میں
تو دامن اپنا پھیلا کر نہ کیوں پیغمبری آئے

کوئی رتبہ سمجھ سکتا ہے کیا اس کی امامت کا
گلے جس کو لگانے کے لیے پیغمبری آئے

قرینہ سے پیمبرؐ کو بھی اس کی آرزو ہوگی
امامت کے فلک پر چاند نکلے چاندنی آئے

حسنؑ نے صلح کر کے آبروِ اسلام کی رکھ لی
جب آیا جنگ کا موقع حسینؑ ابنِ علیؑ آئے

حسنؑ کے دشمنوں کو یہ سزا ملنا ضروری ہے
بھرا ہو گھر میں سیم و زر تو ذہنی مفلسی آئے

مجھے تو مدح کے جادہ کی منزل تک پہنچنا ہے
خودی آئے مری تقدیم کو یا بے خودی آئے

بہارِ جاوداں ہر لفظ ہے اس مدحِ عظمیٰ کا
یہ ایسے گل نہیں جن پر پژمردگی آئے

مسلمانوں میں تھے اہلِ نظر بھی دیکھنے والے
کوئی بولا نبیؐ آئے کوئی بولا علیؑ آئے

ثناخواں ہوں گے بے گنتی جلوسِ حشر میں اس کے
خدایا اس سواری میں ہماری یاد بھی آئے

ہزاروں پھول کھل جائیں چمن زارِ عقیدت میں
نئی جنت بنے جب اس کے ہونٹوں پر ہنسی آئے

مخالف کج روی کے پھیر میں گم ہو گئے آخر
حسنؑ کی سمت جو آئے براہِ روشنی آئے

حسنؑ تو آ چکے اب حکمِ حق آنے ہی والا ہے
علیؑ کے گھر میں تصویرِ پیمبرؐ دوسری آئے

زیارت ہو مرے مولاؑ کی مجھ کو موت سے پہلے
خدا ایسا کرے اک دن غرورِ زندگی آئے

اُسے تھا انتظار ایسے مقدس گھر میں آنے کا
جہاں جبریلؑ حاضر ہوں جہاں قرآن بھی آئے

زبانیں روک لیں اپنی لسان اللہ کے دشمن
مزاجِ دوست میں ایسا نہ ہو پھر برہمی آئے

اسی اک سلسلہ کے واسطے پر نظمِ قدرت ہے
امامت ظاہری آئے رسالت معنوی آئے

رہے اے نجم کیوں خالی صدارت بزمِ مدحت کی
ہمارے بعد کوئی اور قسمت کا دھنی آئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# منقبت

چار دن بھی نہ ملا آلِ نبیؐ کو آرام ۔۔۔ سال بھر ہم کو رُلاتی ہے حدیثِ اسلام
غم ہی ہر دور میں ساتھی ہے علیؑ والوں کا ۔۔۔ کبھی آجاتا ہے قسمت سے خوشی کا بھی پیام
اُمِ کلثومؑ کی تاریخ ولادت ہے آج ۔۔۔ آج کا دن ہے محبوں پہ خدا کا انعام
دوسری ثانیِ زہراؑ ہے یہ اوصاف تمام
اُمِ کلثومؑ پہ واجب ہے درود اور سلام

○

# عروس الکلام

تم تو ہوتے ہی نہ تھے آنکھ سے میری اوجھل ۔۔۔ پھر مجھے دردِ جدائی سے کیا کیوں بیکل
تم کبھی تھے میرے کاشانۂ دل کی زینت ۔۔۔ تم سے آباد جو تھا اب ہے وہ اُجڑا سا محل
قصرِ کسریٰ تمہیں عاشق کا سیہ خانہ تھا ۔۔۔ بوریے کو میرے سمجھا کئے فرشِ مخمل
بزمِ جم سے بھی سوا تھی میری محفل کی بہار ۔۔۔ تم تھے پہلو میں تو جنگل میں تھا مجھ کو منگل
مجھ کو یاد آتی ہیں رہ رہ کے پیاری باتیں ۔۔۔ شوخیاں تھیں جو قیامت تو غضب کی چھل بل
بے حجابانہ دکھایا کبھی روئے روشن ۔۔۔ اور شرما کے کبھی لے لیا منہ پر آنچل
میری سوتی ہوئی تقدیر جگانے کے لئے ۔۔۔ کبھی خلوت میں چلے آئے پہن کر چھاگل
اللہ اللہ کہ پہلے تھی وہ شورا شوری ۔۔۔ اب یہ ہے بےمُکی زیست میں جس سے ہے خلل
آج بھولے سے بتاؤ تو کدھر آ نکلے ۔۔۔ وہ بہانے گئے کس سمت کدھر لیت و لعل

Presented by: Rana Jabir Abbas

آج کیا اپنے تغافل سے پشیمان ہوئے — آج کیوں آئے ہو ڈالے ہوئے منہ پر آنچل
کس ادا سے یہ کہا اُس نے چڑھا کر تیوری — ہم کو بھاتی نہیں اک آنکھ یہ باتیں مہمل
جب سنے تجھ سے تو شکوہ کے شکایت کے کلام — نہ قصیدہ نہ رباعی نہ مخمس نہ غزل
بات سن غور سے اب چھوڑ بس ان قصّوں کو — لازم انسان کو ہے دنیا میں کرے نیک عمل
عہدِ طفلی سے فنِ شعر کا ہے شوق تجھے — اور سمجھتا ہے کہ میں ہوں شعرا میں اکمل
تیری غفلت کی قسم کھایئے سچ ہے یہ اگر — ہے کہاں ہوش بھی ہے کچھ تجھے گمنامِ ازل
عرش سے فرش تک اس جشنِ مبارک کی ہے دھوم — آج کعبہ میں ہے میلادِ امامِ اول
سن کے یہ مدحتِ مولیٰ کی ہوا چلنے لگی — مطلعِ صاف میں مضمون کے اُمڈے بادل
مدح ہے شیرِ خدا کی مجھے لکھنی منظور — اے قلم ہوش میں آ، ہوش میں آ ہاتھ سنبھل
کعبۃ اللہ میں اصنام گرے منہ کے بھل — بُت شکن آیا پڑی لات و ہبل میں ہلچل
منبرِ عرش عُلا تختِ امامِ اوّل — باغِ فردوسِ بریں چرخِ نہم شیشِ محل
خدمتِ نخلِ امامت سے یہ حاصل ہوا پھل — شاخِ طوبیٰ پہ بنا طائرِ سدرہ کا محل
اصل جس نخل کی ہے خاص خدا کے گھر میں — بارِ امامت کا اٹھائے ہوئے کوپل کوپل
وہ سلیمانؑ ہیں ہے یہ ابر بنا جن کی بساط — خیمہ ہے، چرخِ بریں آپ کا دَل بادل
وہ بہادر یہ دلاور ہے کہ جس کے آگے — جراتِ رستم و بہمن کے فسانے ہیں ژٹل
ہے اس کے لیے اتممت علیکم آیا — دین اُسی کی تو نیابت سے ہوا ہے اکمل
ایسا عالم کہ پڑھا علم نے جس کا کلمہ — ایسا استاد کہ شاگرد ہے عقلِ اوّل
جس سے بیعت کی امامت نے بھی خود ایسا امام — جس کی امداد کا محتاج رہا ہر مرسل
قاتلِ مرحب و غارت گرِ کفر و الحاد — اشجعِ ملکِ عرب فاتحِ صفین و جمل
ایسے دشمن ہوئے حضرت کے سب کہ روزِ غدیر — دیکھ کر نورِ بغل ہوگئے منہ زیرِ بغل
کون اس رتبہ کا ہے بعدِ رسولؐ الثقلین — جس کا ایک وار عبادت سے جہاں کی افضل
ہے اسی طرح ثلاثہ پہ علیؑ کی تفضیل — جس طرح تینوں کتابوں سے ہے قرآں افضل
اب کوئی مدحتِ حاضر میں رقم کر مطلع — کان میں آکے یہ فرما گئے عقلِ اوّل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساقیا آج پلانے میں نہ کر لیت و لعل
کعبہ سے اُٹھ کے وہ میخانہ پہ جھومے بادل

آج میخوار کو میخانہ کی کنجی مل جائے
آج دیدے مرے قبضہ میں صراحی بوتل

ترے الطاف کا اے ابرِ کرم ہوں پیاسا
موج ایسی کبھی آجائے کہ بھردے جل تھل

ہے یہ منظور فلک تک ترا شہرہ پہنچے
آج بھر جائے ثریا کی بھی خالی بوتل

آج زاہد کی بھی کچھ بدلی ہوئی ہے نیت
آج بچ کر نہ نکل جائے یہ ناکام ازل

ہو نہ ہو جام میں پابند تکلف ہی نہیں
ہو اگر حکم ترا منہ سے لگالوں بوتل

نشہ ہوجائے تو اس شان کا مطلع لکھوں
ہو گماں سب کو کہ ہے نادِ علی کی ہیکل

اے نصیری کے خدا عبدِ خداوندِ اجل
مظہر آیتِ حق نفسِ نبیؐ مرسل

دیکھ لیں تیرے فقیروں کو اگر اہلِ دول
بیچ دیں فقر کے بدلے میں امارت کے محل

تو ہی مختار ہے دوزخ کا تو ہی جنت کا
تیری عقبیٰ میں حکومت ترا دنیا میں عمل

آنکھ کھولی تو محمدؐ سے ہوئیں چار آنکھیں
نورِ خالق کا بنا آنکھ کا تیری کاجل

ماہ ہے چاندنی کا پھول ترے گلشن میں
مہر روشن ہے تری بزم کا ادنیٰ سا کنول

بہرہ ور ہوتی نہ اخلاق و ادب سے دنیا
جلوہ افروز نہ ہوتا جو ترا حُسنِ عمل

ہے یہ فیضِ قدمِ پاک سے زوروں پہ بہار
طعنہ زن خلد پہ ہوتا ہے نجف کا جنگل

تیرے انصاف کی دنیا میں نہ چلتی جو ہوا
قصہ باز و کبوتر بھی نہ ہوتا فیصل

راہ بھولے ترا زائر جو اندھیرے کے سبب
ساتھ ہو مہرِ فلک شب کو جلا کر مشعل

تیری اُلفت میں جو ہوجائے بشر دیوانہ
اُس پہ سو جان سے قربان ہو عقلِ اوّل

تیری زلفوں کی سیاہی شبِ معراجِ رسولؐ
تیرے چہرے کی ضیا نورِ خداوندِ اجل

نجم ہے اک ترا ادنیٰ سا گدا یا مولاؑ
ہے غنی دولتِ ایماں سے ہے یہ عید اقل

اہلِ دنیا کو نہ لایا کبھی میں خاطر میں
کبھی بھولے سے نہ کی مدحتِ اربابِ دول

فیض آباد میں لے آیا ہے شوقِ مدحت
نظرِ لطف رہے بہرِ خداوندِ اجل

شرم خادم کی سخن فہموں کے آگے رہ جائے
چار پشتوں سے ہے مدّاح یہ گمنامِ ازل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

# چودھویں کا چاند

ہوئی مصروفِ راحت لیلیِٰ شب لے کے انگڑائی  
خدیو ماہ ہارا شاہِ مشرق نے ظفر پائی

دکھائی صبحِ صادق نے جو اپنی شکل نورانی  
صبا کچھ سامرہ سے آج اتراتی ہوئی آئی

نہیں ہیں بے سبب بے وجہ یہ اٹکھیلیاں اس کی  
غدیرِ خم کے رندوں کے لیے مژدہ کوئی لائی

عجب مژدہ ہے گوشِ ہوش سے اے سننے والے سن  
حقیقت کی نظر سے دیکھ او چشمِ تماشائی

جنابِ مہدیٔ دیں کا زمانہ میں قدم آیا  
اُٹھیں تعظیم کی خاطر جو ہیں حضرت کے شیدائی

یہ وقتِ عیش ہے اے جمِ پڑھ وہ دھوم کا مطلع  
کہ جس کو سن کے بھولیں لن ترانی اپنی سوسائی

زمانہ میں جو نورِ حق کے آنے کی خبر پائی  
کلیم اللہ نے جلوہ سے پہلے آنکھ جھپکائی

وہ آئے جن کا آنا تھا مناسب باغِ عالم میں  
وہ آئے جن کے آنے سے زمانہ میں بہار آئی

نہیں آسان صورت دیکھ لینا چھپنے والوں کی  
کسی کا جذبِ الفت ہے کسی کی جلوہ آرائی

مرے اُستاد زادے آئے یہ روح الامیں بولے  
ہمارے مقتدا آئے یہ عیسیٰ کی صدا آئی

شجاعت نے کہا فخرِ شجاعانِ جہاں آیا  
سخاوت نے کہا اب چیز کیا ہے حاتمِ طائی

صدا یہ علم نے دی عالمِ علمِ نبیؐ آیا  
صدا یہ حلم نے دی میں نے ان سے منزلت پائی

کہا یہ خضر نے خضرِ طریقت ہے یہی میرا  
زمانہ کو تو میں نے اس نے مجھ کو راہ دکھلائی

کہا اعجاز نے اک اس کی ٹھوکر سنو اتمِ عیسیٰ  
برابر ہو نہیں سکتے جو دکھلائے مسیحائی

کہا فتح و ظفر نے فتح کر لے گا یہ عالم کو  
قیامت آئے گی اس شیر نے جب کی صف آرائی

کہا وحدت نے ہمسر کون ہے اس کا زمانہ میں  
اسی بندہ سے ظاہر ہے خدا کی شانِ یکتائی

کہا انصاف نے نوشیرواں کو کیا لیاقت تھی  
اسی کے فیض سے میں نے جہاں میں آبرو پائی

کہا یوسف نے سرتاجِ حسینانِ جہاں یہ ہے  
تصدق ہے اسی کا میری رعنائی و زیبائی

جب ان کا عہد آیا پاؤں پھر کیا کفر کے جمتے  
ہٹا تھرا کے پیچھے رعب نے جب آنکھ دکھلائی

قدم جب آ کے چومے فتح و نصرت نے بہادر کے  
تو خود اقبال نے اقبال کی اس کے قسم کھائی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فلک پر خوف سے خورشید تھراتا ہوا نکلا — جلالت دیکھ کر چکر میں آیا چرخِ مینائی
مشابہ دستِ حق سے ہاتھ دیکھا جب کہ حضرت کا — تڑپ کر تیغِ حیدرؑ میان سے باہر نکل آئی
فلک سے بھی اُدھر آوازۂ صلِ علیٰ پہنچے — تولا کچھ حقیقت میں اگر ہے او تولائی
خوشی سے نجم شیعوں کو مبارکباد دیتا ہے — حضورِ شاہ میں پھر عرض کرتا ہے یہ شیدائی
اُڑیں گی اب کہاں تک دھجیاں جیب و گریباں کی — کہاں تک مشغلے ڈھونڈھا کریں گے روز سودائی
کہاں تک ضبط اب صبر و تحمل ہو نہیں سکتا — تمنا ہی تمنا میں رہیں گے کیا تمنائی

کہیں ایسا نہ ہو مشتاق آنکھیں بند ہو جائیں
اُٹھا دے اب حجابِ نور او محوِ خود آرائی

○

## زمزمہ

پھر بہار آئی ہے ساقی لا چھلکتے جام دے — کب سے کہتا ہے طلب یہ رندِ آشام دے
آج مجھ کو کچھ نہیں اندیشۂ انجام دے — ہاں نہ کر اب پیش و پس لیکر خدا کا نام دے

کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

آج ہر مومن کے چہرہ سے مسرت ہے عیاں — آج آپس میں گلے ملتے ہیں سب پیر و جواں
آسماں پر آج ہیں سارے فرشتے شادماں — آج دنیا میں نظر آتا ہے جنت کا سماں

کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آج بھائی کو کیا اپنا نبیؐ نے جانشیں     ہوگئے حکمِ خدا سے حاکمِ دنیا و دیں
دوست ہیں سب شاد و خرم جل رہے ہیں اہلِ کیں     پھر گئی ان کی دوہائی آسماں سے تا زمیں
کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

آج اپنا جوش دکھلادے مری طبعِ رواں     کھینچ دے تصویرِ محفل تاکہ سب ہوں شادماں
سب کو آجائیں نظر منبر پہ شاہِ انس و جاں     لوگ بول اُٹھیں کہ کہتے ہیں اسے جادو بیاں
کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

ہوگئے منبر پہ لو فخرِ دو عالم جلوہ گر     وہ اُٹھایا آپ نے بھائی کا بازو تھام کر
وقتِ خاموشی نہیں اے عاشقانِ پُر جگر     گونج جائے نعرۂ صلوٰۃ سے ہر دشت و در
کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

لو وہ حضرت کی سپیدیِ بغل ظاہر ہوئی     آگئی آواز کانوں میں رسولؐ اللہ کی
لو نبیؐ نے کردیا حیدرؑ کو آج اپنا وصی     لو وہ نوبت من کنت مولیٰ بج گئی
کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

لو صدائیں وہ مبارکباد کی آنے لگیں     لو وہ آوازیں فلک سے جا کے ٹکرانے لگیں
نذر کو جنت سے حوریں کشتیاں لانے لگیں     بلبلیں بھی یہ ترانہ باغ میں گانے لگیں
کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

آسماں نے اپنے سب اختر نچھاور کردیے     پیشِ حضرت ہدیۂ دریا نے موتی دھر دیے
شاعروں نے جب قصیدے نذر سرتا سر دیے     شہؑ نے ایک ایک بیت پر جنت میں سو گھر دیے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

جز ائمہ یہ نہیں کرتا کسی کی بھی ثنا — جھوم کر اپنا قصیدہ پڑھ رہا ہے برملا
تجم بھی لے گا مقرر اپنے آقا سے صلا — تم بھی ہاں اے اہلِ محفل جوش میں کہدو ذرا

کیوں نہ مصروفِ طرب ہوں عاشقانِ حیدریؑ
آج اُمت کی ملی شیرِ خدا کو افسری

O

# منقبت

منصور ہوا تختِ خلافت پہ جو قابض — کچھ اور بھی مضبوط ہوئی ظلم کی بنیاد
غیروں کی حکومت تھی مدینہ پہ نبیؐ کے — اک گوشہ میں اولادِ پیمبرؐ بھی تھی آباد
اس شان سے سادات کا اک قافلہ نکلا — تاریخ کے صفحات پہ لکھی گئی روداد
اونٹوں پہ مقید حسنِ پاک کے فرزند — زنجیروں میں جکڑی ہوئی معصوم کی اولاد
زلفوں میں وہ نکہت کہ مدینہ کو نہ بھولی — شکلوں کی یہ صورت کہ حسینوں کو رہیں یاد
سجدوں کی موالات سے پیشانیاں روشن — روزوں کی مدارات سے لاغر تن ناشاد
قرآں کی تلاوت سے ہر اک لفظ میں تاثیر — حق گوئی کی قوت سے اسیری میں بھی آزاد
کرار کے انداز کی چہروں پہ جلالت — فطرت میں پیمبرؐ کی طرح حلمِ خدا داد
اخلاق کی تکمیل سے انسان مکمل — اجداد کے اوصاف سے سرمایۂ اجداد
دینے انہیں تسکین چلے حضرتِ صادقؑ — بے چین ہوئے سن کے جو معصوم یہ روداد
فرماتے تھے انصار نے پورا نہ کیا عہد — کیا قول پیمبرؐ کو دیا تھا نہ رہا یاد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ حال مدینہ میں ہو اولادِ نبیؐ کا — اور شہر میں موجود ہو انصار کی اولاد
مجبور قضا و قدر انسان ہے ورنہ — واللہ مرے دل میں بھی تھی حسرتِ امداد
یہ کہہ کے بڑھے عمِ مکرم کی طرف آپ — چاہا کوئی تسکین کا کلمہ کریں ارشاد
اک فوج کے سرہنگ نے معصوم کو روکا — سختی سے ہوا صرفِ سخن بانیِ بیداد
خاموش پھرا گھر کی طرف حجتِ خالق — ناشاد کو ظالم نے کیا اور بھی ناشاد
جنبش ہوئی اک بار اُدھر قہرِ خدا کو — کچھ دور گیا تھا نہ ابھی فوج کا جلاد

اک لحظہ میں بے جان ہوا اونٹ سے گر کر
با آلِ نبیؐ ہر کہ در افتاد بر افتاد

○

## منقبت

محوِ طاعت تھے حضرتِ صادقؑ — ہو رہے تھے خدا سے راز و نیاز
تھی ضیا بار مسجدِ نبویؐ — حجتِ عصر پڑھ رہے تھے نماز
اک مسافر تھا خوابِ غفلت میں — صحنِ مسجد میں ایک سمت دراز
نیند سے یک بیک جو آنکھ کھلی — وہم تھا فہم میں خلل انداز
شک ہوا یہ کہ میرا زادِ سفر — چل دیا لے کے کوئی دست دراز
دیکھ کر محوِ طاعتِ خالق — آیا نزدیک افتخارِ حجاز
بولا حضرتؑ سے میرا کیسۂ زر — آپ ہی نے لیا ہے بندہ نواز
شرفِ معرفت نہ تھا حاصل — چھان ڈالے تھے گو عراق و حجاز
ناشناسِ مدارجِ سرکار — جب کہ سمجھانے سے نہ آیا باز
لایا بیت الشرف میں ساتھ اُسے — دودمانِ نبیؐ کا مایۂ ناز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دے دیا ایک کیسۂ پُر زر — کہ سخاوت میں تھا یہ گھر ممتاز
اپنی جائے قیام پر آیا — جب وہ کیسہ لیے بہ فخر و ناز
دیکھا رکھا ہے اپنا کیسۂ زر — شرم سے رنگِ رُخ نے کی پرواز
اُلٹے قدموں پھرا لیے کیسہ — تا کہ واپس کرے بہ عجز و نیاز
سُن کے سب حال اُس مسافر سے — یوں ہوا دُرفشاں وہ فخرِ حجاز
اہلِ بیتِ رسولؐ ہیں ہم لوگ — ہم میں سب ہیں رسولؐ کے انداز
دے چکے جو وہ پھر نہیں لیتے — جانتے ہیں اسے عراق و حجاز

ہم ہیں ابرِ کرم زمانے میں
قطرہ از ما بما نہ گردد باز

○

# شاعر

عجب یہ دور ہے شاعر کی زندگی کے لیے — بنے ہوئے ہیں اکھاڑے سخن وری کے لیے
رکھا تھا دوش پہ قدرت نے سراہی کے لیے — تلاش ہوتے ہیں موضوع سرکشی کے لیے
غزل کی حد میں بھی جائز یہ جوڑ توڑ نہیں — شعورِ مدح اور آپس میں دشمنی کے لیے
ہر ایک اپنے کو استادِ فن سمجھتا ہے — یہاں جگہ ہے نہ عرفی نہ انوری کے لیے
جہاں ہو پیشِ نظر اپنے مرتبہ کا سوال — وہاں خلوص کہاں مدحِ گستری کے لیے
یہ ایک فرض ہے شاعر ہو یا مقرر ہو — دلیل نازش و سازش نہیں کسی کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بنائے مدح پہ جنگ وجدل ہو اپنوں میں — مقام شرم ہے ایسی سخن وری کے لیے
ستم یہ ہے کہ جو فکرِ سخن سے ہیں محروم — وہ رعب اپنا جماتے ہیں برتری کے لیے
کسے خبر تھی کہ آئے گا اپنے ہی ہاتھوں — یہ وقت ملتِ مظلوم جعفری کے لیے
خلوصِ دل بھی ضروری ہے فکرِ مدح کے ساتھ — جلاؤ شمع اندھیرے میں روشنی کے لیے
نماز و روزہ بھی واجب ہیں ان کے ساتھ مگر — چنا گیا ہے ہمیں مدحتِ علیؑ کے لیے
کیا وہ مطلعِ نو فکر نے سپردِ قلم — جو اک ثبوت ہے ایمان و آگہی کے لیے
کھلی ہے راہِ مودت کی ہر کسی کے لیے — اگر ہے دل شہِ مرداں کی پیروی کے لیے
مجھے علیؑ کی محبت نے سر شناس کیا — چراغ عرش سے لایا ہوں روشنی کے لیے
وہ زمزمے کی ہو محفل کہ ہیجے کی فضا — ملا ہے نطق زباں کو علیؑ علیؑ کے لیے
مقام مدح میں سوداؔ ہوں یا وہ انشاؔ ہوں — ہر ایک وقف رہا مدح گستری کے لیے
فصیحؔ و میرؔ و منیرؔ اور آتشؔ و ناسخؔ — شرف ملا انہیں مدحت کی زندگی کے لیے

ذرا اندھیرا سا دیکھا جو بزمِ مدحت میں
انیسؔ اور دبیرؔ آئے روشنی کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas